اکثر سلاسل صوفیہ کے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے طرف منسوب ہونے کی وجہ۔	
حضرات شیخین کے ان کمالات کا بیان جو کمالات نبوت کے مشابہ ہیں۔	
حضرت علی رضی اللہ عنہ کا اسم مبارک دروازہ جنت پر ثبت ہے۔	
جنت میں داخلہ حضرات شیخین کی رائے اور تجویز سے ہوگا۔	
حضرت مہدی موعود بھی نسبت نقشبندیہ پر ہوں گے۔ اور اس نسبت کی تکمیل کریں گے۔ مقام اقطاب،	

Marfat.com

مضمون	صفحہ
ابدال اور اولاد کی تربیت حضرت علی رضی اللہ عنہ کی امداد کے سپرد کی گئی ہے۔	
قطب الاقطاب کا سر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قدم مبارک کے نیچے ہے۔	
صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی بزرگی اور شان کا بیان۔	
حضرت علی رضی اللہ عنہ سے لڑنے والے خطا پر تھے۔	
کسی بھی صحابی کو گالی دینے والے کا حکم لفظ جور کی تاویل جو بعض فقہا سے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے متعلق واقع ہوا ہے۔	
حضرت امیر معاویہ اور ان کے ساتھیوں کے بارے میں کیا اعتقاد رکھنا چاہیے۔	
مکتوب نمبر ۲۵۲	۱۰۴
استفسارات کے جواب میں	
مکتوب نمبر ۲۵۳	۱۰۵
سوالات کے جواب اور اس راہ کی بے نہایتی کے بیان میں	
شیخ ادریس کے اس قول کے جواب کہ میں اگر جانب زمین کی طرف دیکھتا ہوں تو زمین مجھے نظر نہیں آتی۔ اور اسی طرح آسمان، عرش اور کرسی الخ ہوا کو بھی نہیں پاتا۔ اور اسلام، رضا اور اطمینان کے مقام کا بیان، نیز ایک سالک کے قول کے بیان کہ میں تیس سال روح کی پرستش کرتا رہا	
مکتوب نمبر ۲۵۴	۱۰۷
رسالہ مبدء و معاد کی عبارت کے متعلق بعض سوالات کا جواب	
مکتوب نمبر ۲۵۵	۱۰۹
روشن سنت کے زندہ کرنے کے بیان میں	
حضرت امام مہدی مدینہ کے ایک عالم کے قتل کا حکم صادر فرمائیں گے۔ جو آپ کے بارے میں زبان طعن دراز کرے گا۔	
مکتوب نمبر ۲۵۶	۱۱۰
قطب، قطب الاقطاب، غوث اور خلیفہ کے معنی کا بیان، اور اس حدیث کی تحقیق۔ لو اتزن ایمان ابی بکر مع ایمان امتی لرجح	
صاحب فتوحات مکیہ فرماتے ہیں۔ ما من قریة سومنة او کافرة الا وفیها قطب	
عارف کا معاملہ اس مقام کو پہنچ جاتا ہے کہ آنکھ جھپکنے میں تمام گذشتہ کمالات حاصل کر لیتا ہے اور فقیر کے نزدیک ایک لحہ میں سابقہ کمالات سے زیادہ کمالات حاصل کر لیتا ہے۔	
فرعون مردود کے ہاتھ سے قتل ہونیوالے تمام بچوں کی استعداد حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف منتقل کر دی گئی اور اس کے راز کا بیان۔	
مرید بھی پیروں کے کمالات کا ذریعہ بنتے ہیں	
وفات کے بعد ولایت کے سلب ہو جانے کا بیان جیسا کہ نفحات میں مذکور ہے مگر چار اشخاص سے	
مستورات کی بیعت کا حکم اور نحوست ایام کا بیان۔ اور الایام ایام الله کی تحقیق	
مکتوب نمبر ۲۵۷	۱۱۷

Marfat.com

مضمون	صفحہ
طریقے کا بطریقہ اجمال بیان۔	
مکتوب نمبر ۲۵۸	۱۱۹
حق تعالیٰ کی اقربیت کے بیان میں۔	
مکتوب نمبر ۲۵۹	۱۲۰
ارسائل رسُل کرام اور پہاڑ کی چوٹی پر رہنے والے کے خصوصی حکم اور زمانہ فترت کے مشرکین اور دارالحرب میں اطفالِ مشرکین کا بیان اور سرزمین ہندوستان میں بعثت انبیاء اور دیگر تحقیقات کا بیان۔	
پہاڑ کی چوٹی میں عمر گزارنے والے اس شخص کے بارے میں جس کو دعوت انبیاء نہ پہنچی ہو۔ ماتریدیہ اور اشاعرہ اور صاحب فتوحات اور خاص حضرت امام ربانی قدس سرہٗ کے مذہب کا بیان	
مکتوب نمبر ۲۶۰	۱۲۸
حضرت امام ربانی قدس سرہ کے طریقہ کے بیان میں جس کے ساتھ آپ ممتاز ہیں اور ولایت صغریٰ اور ولایت کبریٰ اور ولایت علیا کے بیان میں اور نبوت کی ولایت پر افضلیت اور لطائف عشرہ انسانی اور عالم خلق کے عالم امر پر افضلیت کے بیان میں۔ اور عنصر خاک کے کمالات اور ہر مقام کے مناسب علوم غریبہ کے بیان میں	
فھو سبحانہ وراء الوراء ثم وراء الوراء۔	
اس مقام میں ایک سالک نے کہا ہے کہ میں تیس سال روح کو خدا تصور کر کے اس کی پرستش کرتا رہا۔	
تو اس قول کا کچھ معنی نہیں کہ اولیاء کی ابتداء انبیاء کی نہایت ہے۔	

مضمون	صفحہ
خام صوفی اور بے مقصد عالم فرائض تو ضائع کرتے ہیں اور نوافل کو رواج دینے میں کوشش کرتے ہیں۔ نہیں جانتے کہ ایک فرض کا ادا کرنا ہزاروں چلّوں سے بہتر ہے۔	
اگرچہ تمام فرائض قرب اصلی عطا کرتے ہیں۔ لیکن ان سب میں افضل نماز ہے۔	
فضائلِ نماز اور عالم خلق کی عالم امر کی فضیلت کا بیان۔ جس عارف کو بھی عالم امر سے مناسبت زیادہ ہوگی اس کا قدم کمالات ولایت میں زیادہ آگے بڑھا ہوگا۔ اور جسے عالم خلق سے مناسبت زیادہ ہوگی۔ اس کا قدم کمالات نبوت میں آگے ہوگا۔	
شرح صدر حاصل ہونے کے بعد نفس مطمئنہ کے کمالات کا بیان	
نبوت کے کمالات طبقہ صحابہ میں زیادہ پائے جاتے تھے۔ اور تابعین اور تبع تابعین میں قلیل مقدار میں۔ ان کے بعد کمالات نبوت روپوش ہو گئے، اور ایک ہزار سال گزرنے کے بعد یہ دولت از سرِ نو تازہ ہوئی۔	
ان علوم کا بیان جو کمالات نبوت سے مناسبت رکھتے ہیں اور ان علوم کا بیان جو کمالات ولایت کے مناسب ہیں۔	
اس بلند طریقہ نقشبندیہ کا بیج بخارا شریف اور سمرقند سے لایا گیا۔ اور سرزمین ہندوستان میں یثرب وبطحا کی خاک سے لا کر بویا گیا۔	
اس راہ میں چلنا اِن اِن صفات والے شیخ	

Marfat.com

مضمون	صفحہ
مقتدا کی محبت وعقیدت کے ساتھ مربوط ہے۔	
اس طریقہ نقشبندیہ میں زندے مردے بچے، بوڑھے، جوان اور ادھیڑ عمر والے سب برابر ہیں۔	
اس سلسلے کا نور ہدایت اس کے مریدین میں بے واسطہ اور بالواسطہ اور کئی واسطوں سے اس وقت تک جاری رہے گا۔ جب تک اس مخصوص طریقہ میں کوئی تبدیلی واقع نہ ہو۔	
احکام اجتہادیہ امور محدثہ نہیں ہیں۔ بلکہ دین کے اصول میں سے ہیں۔	
وہ قطب ارشاد جو کمالات فردیت کا بھی جامع ہو نہایت ہی نادر الوجود ہے۔ زمانہائے دراز گزرنے کے بعد ایسا موتی ظہور فرماتا ہے اور ایمان اور رشد ومعرفت اس کے راستہ سے آتی ہے۔	
اس بات کی تفصیل کہ کون اس سے فیض یاب ہوتا ہے۔ اور کون اس کے فیض سے محروم رہتا ہے۔	
مکتوب نمبر ۲۶۱	۱۶۴
فضائل نماز اور اس کے ضمن میں اس کے کمالات مخصوصہ کے بیان میں۔	
یہ وہ کمال ہے جو ہزار برس کے بعد ضمن وجود میں تشریف لایا ہے۔ اور وہ آخیر ہے۔ جو اولیت کے رنگ میں برآمد ہوا ہے۔	
طریقت اور حقیقت شریعت کی خادم ہیں اور نبوت ولایت سے بہرحال افضل ہے اگرچہ اس نبی کی ولایت ہی ہو۔	
مکتوب نمبر ۲۶۲	۱۷۰
اس بیان میں کہ ہمارا ارتباط حُبّی ہے اور ہماری نسبت انعکاسی، اس میں قرب وبعد سے کچھ فرق نہیں پڑتا۔	
مکتوب نمبر ۲۶۳	۱۷۱
نماز کے فضائل اور ان معارف کے بیان میں جو کعبہ ربانی سے تعلق رکھتے ہیں۔	
حقائق الٰہی سے مراد اس کی عظمت وکبریائی کے پردے ہیں، اور حقائق الٰہی کا کچھ حصہ آخرت کے حصے سے کچھ نصیب ہوتا ہے۔	
مکتوب نمبر ۲۶۴	۱۷۵
اس بیان میں کہ اپنے معاملے کو حیرت اور جہالت تک لے جانا چاہیے۔ اور بعض مشائخ سے ایک واقع کا بیان اور اس کی تعبیر۔	
مکتوب نمبر ۲۶۵	۱۷۷
اس بیان میں کہ عزلت اور خلوت نشینی کی صورت میں مسلمانوں کے حقوق پامال نہیں ہونے چاہییں۔ اور حقوق کا بیان۔	
دعا کی قبولیت کی شرائط۔	
خلوت اغیار سے چاہیے نہ کہ دوستوں سے۔	
خلوت نشینی کے لئے نیت درست ہونی چاہیے اور جمعیت باطن کو اپنا مقصود قرار دینا چاہیے۔	
مکتوب نمبر ۲۶۶	۱۸۱
آرائے سے اہل سنت کے موافق بعض عقائد اور رو فلاسفہ اور طریقہ نقشبندیہ کے کمالات کے بیان میں۔	

Marfat.com

مضمون	صفحہ
اس فقیر نے اس طریقہ میں الف و با اور اس راہ کے حروف تہجی کا سبق اور نہایت کے بدایت میں درج ہونے کی دولت اور سفر در وطن حضرت خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ سے سیکھا اور حاصل کیا۔ آپ نے تھوڑے عرصہ میں اس نا قابل کو نسبت نقشبندیہ تک پہنچا دیا۔	
عقلمندوں پر فرض اولیں عقائد کی درستی ہے	
عقیدہ (۱) اللہ تعالیٰ اپنی ذات مقدس کے ساتھ موجود ہے۔ اور تمام اشیاء اس کی ایجاد سے وجود میں آئی	
صفۃ العلم کا بیان۔	
صفۃ الکلام اور صفۃ التکوین کا بیان	
عقیدہ (۲) وہ ذات تعالیٰ کسی شے میں حلول نہیں کر سکتی اور نہ کوئی شے اس میں حلول کر سکتی ہے۔	
عقیدہ (۳) احاطہ اور قرب اور معیت حق تعالیٰ کا بیان	
۔احاطہ اور قرب علمی کا قائل ہونا متشابہات کی تاویل میں داخل ہے اور ہم ان کی تاویل کے قائل نہیں۔	
اذا تم الفقر فهو الله کا معنی	
قول انا الحق سے کیا مراد ہے	
عقیدہ (۴) اس کی ذات اور صفات میں تغیر و تبدل کی کچھ گنجائش نہیں۔	
عقیدہ (۵) وہ ذات غنی مطلق ہے ذات میں بھی اور صفات میں بھی اور افعال میں بھی۔	
عقیدہ (۶) وہ ذات تعالیٰ تمام صفات نقص اور حدوث کے نشانات سے منزہ ہے۔	
صفات کی عینیت اور غیریت کا بیان اور اس مسئلہ میں تفصیل مذاہب۔	

مضمون	صفحہ
عقیدہ (۷) اللہ تعالیٰ قدیم اور ازلی ہے اور اس کے غیر کو قدم اور ازلیت حاصل نہیں اور شیخ ابن العربی ارواح کاملین کے قدم کا قائل ہے۔	
عقیدہ (۸) اللہ تعالیٰ قادر مختار ہے۔ شائبہ ایجاب و بے بسی سے منزہ ہے۔ اور فلاسفہ کے مذہب کا رد۔	
حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بعثت کے وقت افلاطون کا قول۔	
شیخ محی الدین ابن العربی کی عبارات ایجاب کو ظاہر کرتی ہیں۔	
شیخ محی الدین ابن عربی کے متعلق حضرت امام ربانی قدس سرہٗ کا عقیدہ	
عقیدہ (۹) تمام ممکنات، جواہر ہوں یا اعراض عقول ہوں یا نفوس، افلاک ہوں یا عناصر سب قادر مختار ذات کی ایجاد سے عدم سے وجود میں آئے ہیں۔ اور اپنے وجود اور بقاء میں اس ذات سبحانہٗ کے محتاج ہیں۔	
انبیاء علیہم الصلوٰت والتسلیمات اسباب کی رعایت فرماتے ہیں اور ہر کام کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتے ہیں	
اسباب کا اختیار کرنا توکل کے منافی نہیں جس طرح کہ ناقص لوگوں کا گمان ہے۔	
عقیدہ (۱۰) اللہ تعالیٰ خیر و شر دونوں کا ارادہ فرماتا ہے۔ اور دونوں کا خالق ہے۔	
لیکن خیر سے راضی اور شر سے راضی نہیں۔ اور معتزلہ کے مذہب کا بیان اور کسب اور خلق کے درمیان فرق	
ایک معین وقت تک کے اعمال پر ہمیشہ کی جزا بالکل موافق و مطابق جزا ہے۔ اور اسکی وجہ کا بیان۔	

Marfat.com

مضمون	صفحہ
بہشت میں داخل ہونا ایمان پر موقوف ہے۔ اور ایمان اس کا فضل ہے اور دوزخ میں جانا کفر کی وجہ سے ہوگا۔ اور کفر خواہش نفسانی سے پیدا ہوتا ہے۔	
عقیدہ (۱۱) آخرت میں مومنوں کو اللہ تعالیٰ کی رویت بے جہت اور بے کیف حاصل ہوگی مسئلہ رویت، میں شیخ محی الدین ابن العربی کا مذہب۔	
عقیدہ (۱۲) بعثت انبیاء اہل جہاں کے لئے رحمت ہے۔	
اس مسئلہ سے متعلق سوال وجواب اور بعثت انبیاء کے فوائد کا بیان۔	
عقول انسانی احکام شرعیہ کی شناخت اور اشیاء کے حسن وقبح کے دریافت کرنے میں تصفیہ اور تزکیہ کے باوجود کافی نہیں ہیں۔	
ملحد اور بے دین لوگوں کا رد جو تکلیفات شرعیہ کے منکر ہیں۔ ان پر معترض ہیں۔	
انبیاء علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات کے لئے اجتہاد کو جائز قرار دینا اور اس میں خطا اجتہادی پر قائم رہے۔ اور بغیر خطا اجتہادی کو جائز رکھنا۔	
عقیدہ (۱۳۔۱۴) کافروں اور کچھ نافرمان مؤمنوں کے لئے عذاب قبر حق ہے اور قبر میں منکر ونکیر کا سوال کرنا بھی برحق ہے۔	
عقیدہ (۱۵) قیامت کا اپنی تمام تفصیلات کے ساتھ آنا برحق ہے۔	
عقیدہ (۱۶) حساب، میزان اور پل صراط حق ہے۔	
عقیدہ (۱۷) بہشت اور دوزخ اس وقت موجود ہیں۔	
قیامت کے روز محاسبہ کے بعد ایک گروہ کو بہشت میں اور ایک کو دوزخ میں لے جائیں گے۔	
صاحب فصوص کہتا ہے۔ انجام کار سب کو اللہ کی رحمت شامل ہو جائے گی اور اس کے قول کا ردّ۔	
عقیدہ (۱۸) ملائکہ خدا تعالیٰ کے بندے ہیں اور گناہوں سے معصوم۔	
عقیدہ (۱۹) دین اس چیز سے متعلق تصدیق قلبی سے عبادت ہے جو ہدایت اور تواتر کے ساتھ پہنچی ہے۔	
اس تصدیق کی علامت کفر اور کافری اور کفر کے خصائص ولوازمات سے اظہار بیزاری ہے۔	
اس اظہار بیزاری کا ادنیٰ اور اعلیٰ درجہ فرقہ شیعہ کا اس تبری کے معنی میں غلطی کھا جانا کوئی عقلمند اس بات کو جائز تسلیم نہیں کرسکتا کہ حضور کے صحابہ کرام حضور کے اہلبیت کے دشمن ہوں۔	
حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰہ والسلام نے جو بزرگی اور شان پائی اس کا سبب یہی تھا کہ آپ نے اللہ تعالیٰ کے دشمنوں سے بیزاری کا اعلان فرمایا۔ اور ان سے کنارہ کشی اختیار کی۔	
اس فقیر کی نظر میں رضائے کے حصول کے لئے اس بیزاری کے برابر کوئی کام نہیں۔	
حق تعالیٰ کو کفر وکافری سے ذاتی عداوت ہے۔ لہذا آخرت میں کافروں کو رحمت سے کچھ حصہ نصیب نہیں ہوگا۔	
حدیث سبقت رحمتی غضبی کا معنی اس مسئلہ سے متعلق سوال وجواب	
ایک شخص کے حال کا بیان جو قریب المرگ تھا اور	

Marfat.com

مضمون	صفحہ
حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کی اس کے حال پر توجہ۔	
ان مسلمانوں کی نماز جنازہ کا جواز جو ایمان کے باوجود اہل کفر کی رسوم کے مرتکب ہوتے ہیں۔	
فقیر کے نزدیک دوزخ کا عذاب چاہے، کچھ وقت کے لئے ہو چاہے ہمیشہ کے لیے کفر اور صفات کفر اور اہل کبائر کے ساتھ مخصوص ہے۔	
اس مسئلہ سے متعلق سوال و جواب اور مسلمان کو عمداً قتل کرنے والے کا حکم	
ایمان کے زیادہ اور کم ہونے کی تحقیق، اور مسلمان عمدا قتل کرنے والے کا حکم۔	
ایمان کے زیادہ اور کم ہونے کی تحقیق اور اس مسئلہ میں مذاہب علماء کی تفصیل اور اس مسئلہ میں امام اعظم کوفی رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب پر جو اعتراضات کیے گئے ہیں ان کا رد۔	
امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں انا مومن حقا اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ انا مومن ان شاء اللہ تعالیٰ فی الحقیقت ان دونوں بزرگوں میں نزاع لفظی ہے۔	
عقیدہ (۲۰) اولیاء اللہ کی کرامات حق ہیں معجزہ اور کرامت کے درمیان فرق	
عقیدہ (۲۱) خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم میں افضلیت کی ترتیب ان کی خلافت کی ترتیب سے ہے۔	
شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی افضلیت صحابہ اور تابعین کے اجماع سے ثابت ہو چکی ہے۔ لیکن حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی حضرت علی کرم اللہ وجہہ پر فضیلت تو اکثر علمائے اہلسنت اس پر ہیں کہ شیخین کے بعد فضیلت میں	

مضمون	صفحہ
پہلے حضرت عثمان ہیں۔ پھر حضرت علی رضی اللہ عنہما۔	
حضرت امام اعظم رضی اللہ عنہ کے قول	
من علامات السنة تفضيل الشيخين محبة الختنتين کی مراد کا بیان	
اس مذکورہ ترتیب سے افضلیت کے منکر کا حکم۔	
حضور نبی کریم ﷺ کو جو تکلیف خلفائے راشدین کی بے ادبی کے ذریعہ پہنچتی ہے وہ اسی طرح کی ہے جو آپ کو حضرت امام حسن و امام حسین کی بے ادبی کے ذریعہ پہنچتی ہے۔ یہاں افضلیت سے مراد خدا تعالیٰ کے ہاں کثرت ثواب کے اعتبار سے ہے۔ نہ کہ فضائل و مناقب کے ظہور کی کثرت کے معنی سے۔	
امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے فضائل کے متعلق روایات جس قدر حضرت علی کے متعلق آئی ہیں، کسی صحابی کے متعلق نہیں آئیں۔	
وہ شخص احمق ہے جو تمام خلفائے راشدین کو مرتبے میں برابر جانے۔	
صاحب فتوحات مکیہ کے اس قول کی مراد کا بیان کہ خلفائے راشدین کی ترتیب خلافت کا سبب ان کی عمریں تھیں۔	
علامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ صحابہ کرام میں جو جھگڑے واقع ہوئے وہ خلافت میں نزاع کے باعث نہیں تھے بلکہ خطا اجتہادی کی بنا پر تھے۔	
ہماری حضرت علی رضی اللہ عنہ سے جنگ کرنے والوں سے کوئی آشنائی نہیں بلکہ یہ وہ مقام ہے جہاں ہم کو رنج محسوس ہوتا ہے لیکن چونکہ جنگ کرنے والے بھی	

Marfat.com

مضمون	صفحہ
حضور کے صحابہ ہیں الخ	
حضرت علی رضی اللہ عنہ حق پر تھے اور ان کے مخالف خطا پر اس سے زیادہ کچھ کہنا نامناسب ہے۔	
درستی عقائد کے بعد احکام فقہیہ کے سیکھنے سے بھی چارہ نہیں نیز اس علم کے مطابق عمل کرنا بھی ضروری ہے۔	
فضائل نماز سب سے اوّل وضو نہایت درستی اور کامل طریقہ پر کرنا چاہیے۔	
کسی بھی مستحب امر کو معمولی خیال نہ کریں۔	
اگر تمام دنیا کے مقابلہ میں ایسا فعل معلوم ہو جو خدا تعالیٰ کو پسند ہے اور اسکے مطابق عمل نصیب ہو جائے تو یہ غنیمت ہے۔	
اس کا اہتمام ہونا چاہیے کہ کوئی بھی فرض نماز بے جماعت ادا نہ ہو بلکہ امام کے ساتھ تکبیر اوّل بھی فوت نہیں ہونی چاہیے۔ رکوع اور سجدہ میں اطمینان کو ملحوظ رکھنا یا فرض ہے یا واجب، اور قومہ میں سیدھا کھڑا ہونے کی شکل میں طمانیت کی ادائیگی جو فرض یا واجب یا سنت ہے۔ اور اسی طرح جلسہ میں۔	
نماز میں بندہ نظر کہاں رکھے اور اس کے فوائد کا بیان	
ان دو اعتقادی اور عملی پَرُوں کو حاصل کرنے کے بعد طریقہ صوفیہ میں سلوک اختیار کرے۔ کسی زائد چیز کو حاصل کرنے کے لئے نہیں، بلکہ اس یقین کو حاصل کرنے کے لئے جو تشکیک مشکک سے زائل نہ ہو۔	
طریقہ صوفیہ میں سلوک سے مقصود یہ نہیں کہ غیبی صورتوں اور شکلوں کا مشاہدہ کیا جائے۔ کیونکہ لہو ولعب میں داخل ہے حسی صورتوں اور انوار کے مشاہدہ میں کیا نقصان ہے کہ کوئی الخ	
صوفیہ کے طریقوں میں سے طریقہ نقشبندیہ کو اختیار کرنا بہت اچھا اور بہتر ہے اور اس بہتری کی وجہ	
حضرت خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ کا شیخ کمال کو ڈانٹنا جس نے کھانا شروع کرتے وقت بلند آواز سے بسم اللہ کہی تھی۔	
حضرت خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ علماء بخارا کو جمع کر کے امیر کلال رحمۃ اللہ علیہ کی خانقاہ میں لے گئے تاکہ انہیں ذکر جہر سے منع کریں۔	
وہ احوال ومواجید جو خلاف شرع کاموں پر مرتب ہوں فقیر کے نزدیک استدراج میں داخل ہیں۔ اہل استدراج کو احوال ومواجید میسر آتے ہیں۔ یونان کے حکماء اور ہندوستان برہمن اور جوگی بھی اس معنی میں شریک ہیں۔	
صدق احوال کی علامت یہ ہے کہ ایک تو وہ علوم شرعیہ کے موافق ہوں۔ دوسرے صاحب احوال امور محرمہ کے ارتکاب سے بچتا ہو۔	
اس بات کو جان لیں کہ سماع اور رقص فی الحقیقت لہو ولعب میں داخل ہیں۔	
اس امر کا بیان کہ خدا تعالیٰ کے ارشاد ومن الناس من یشتری لہو الحدیث سے مراد صحابہ کرام تابعین عظام اور فقہائے ذوالاحترام کی نقل کے مطابق گانا بجانا ہے۔	
حل وحرمت کے بارہ میں صوفیہ کا عمل حجت نہیں۔ اس مقام پر امام ابوحنیفہ امام ابو یوسف اور امام محمد کا قول	

Marfat.com

مضمون	صفحہ
درکار ہے۔نہ کہ ابوبکر شبلی اور ابوالحسن نوری کا عمل۔ اس وقت کے خام صوفیوں نے اپنے پیروں کے عمل کو بہانہ بنا کر رقص وسرود کو دین وملّت کو قرار دے لیا ہے۔	
مکتوب نمبر ۲۶۷	۲۵۲
اس بیان میں کہ اللہ تعالیٰ نے جن اسرار و دقائق کے ساتھ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ کو نوازا ہے اس کا تھوڑا سا حصہ بھی ظاہر نہیں کیا جا سکتا، بلکہ رمز واشارہ سے بھی اس بارے میں کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ اور یہ اسرار و معارف سینہ نبوت سے اخذ کیے گئے ہیں۔اور بلند شان والے ملائکہ بھی اس دولت میں شریک ہیں۔	
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے رسول خدا ﷺ سے دو قسم کے علم حاصل کیے الخ	
طریقت کی برکات اس وقت تک فائض ہوتی رہتی ہیں۔جب تک اس میں کوئی بدعت پیدا نہ ہو۔	
مکتوب نمبر ۲۶۸	۲۵۴
اس بیان میں کہ وہ علم جو وراثت انبیاء ہے کون سا ہے۔اور حدیث علماء امتی کا انبیاء بنی اسرائیل میں علما سے کون سے علماء مراد ہیں۔اور اس بیان میں کہ علم اسرار جو وراثت کے طور پر ابھی باقی ہے وہ ان اسرار کے علاوہ جن کو اولیاء امت نے بیان کیا ہے۔	
عالم وارث وہ ہے جسے دونوں قسم کے علوم سے حصہ ملا ہو۔نہ کہ وہ عالم جس کو ایک نوع سے تو حصہ ملا ہو مگر دوسری نوع سے نہ ملا ہو۔	
ایک جماعت نے کمالات نبوت تک نارسائی	

مضمون	صفحہ
کے باعث کہا ہے۔الولایۃ افضل من النبوۃ اور ایک دوسری جماعت نے اس کی توجیہہ یوں کی ہے کہ نبی کی ولایت اس کی نبوت سے افضل ہے ان دونوں گروہوں نے حقیقت نبوت سے ناواقفیت کی بنا پر غائب پر حکم لگایا ہے۔	
صحو کو سکر پر ترجیح بخلاف بعض مشائخ کے کفر اور جہل مقام ولایت کے مناسب ہے اور اسلام و معرفت مرتبہ نبوت سے مناسبت رکھتا ہے۔	
منصور ملاج کا قول کفرت بدین اللہ والکفر واجب الخ	
سوال وجواب	
انبیاء کرام نے یہ تمام بزرگی اور بلندی شان جو پائی ہے راہ نبوت سے پائی ہے نہ راہ ولایت سے ۔تمّت بالخیر۔	
وصلى الله تعالىٰ على خير خلقه و نور عرشه سيدنا ومولانا محمد وآله و اصحابه اجمعين برحمتك يا ارحم الراحمين۔	

Marfat.com

دوسو اکیسواں مکتوب ﴿۲۲۱﴾

سید حسین مانک پوری کی طرف صادر فرمایا............طریقہ عالیہ نقشبندیہ کے خصائص وکمالات کے بیان میں یعنی اس طریقہ کی افضلیت اور دوسروں کی انتہا اس کی ابتدا میں درج ہونے اور اس طریق کی انتہا کے بیان میں، اور سفر در وطن، خلوت در انجمن اور سلوک پر جذبہ کے مقدم ہونے اور عالمِ امر سے سیر کی ابتدا ہونے کے بیان میں، اور یہ کہ یہ طریقہ موصل (وصول الی اللہ) کے طریقوں میں سب سے قریب ترین ہے اور اس طریقہ کی ابتدا میں حلاوت و وجدان ہے اور انتہا میں بے مزگی اور فقدان ہے جو نا امیدی کے لوازمات سے ہے۔ اور ایسے ہی طریقہ کی ابتدا میں قرب وشہود ہے۔ اور انتہا میں بُعد وحرمان (نیز) اس طریقہ عالیہ کے اکابرین نے احوال ومواجید کو احکامِ شرعیہ کے تابع کیا ہے اور اذواق ومعارف کو علوم دینیہ کا خادم قرار دیا ہے۔ اور اس طریقہ میں پیری ومریدی طریقت کی تعلیم وتعلم (سیکھنے سکھانے) سے ہے نہ کہ کلاہ وشجرہ سے، اور اس طریق میں نفس امارہ کے ساتھ ریاضات اور مجاہدات احکام شرعیہ کو بجالانا اور سنتِ سنیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیہ کی متابعت کو لازم کرنا ہے۔ اور اس طریق میں طالب کا سلوک شیخ مقتدا کے تصرف پر منحصر ہے۔ اور اس سلسلہ کے بزرگ جس طرح نسبت عطا کرنے میں کامل طاقت رکھتے ہیں اسی طرح اس نسبت کو سلب کرنے میں بھی پوری قدرت رکھتے ہیں۔ اور اس طریق میں زیادہ فائدہ اور استفادہ سکوت میں ہے اور سکوت اس طریق کے لوازم میں سے ہے، اور اس کے مناسب بیان میں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ وَعَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ ☆ (سب تعریف اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہے جو تمام جہانوں کا رب ہے اور صلوٰۃ وسلام ہو حضرت سید المرسلین اور آپ کی تمام پاک اولاد پر)........ میرے عزیز بھائی سیادت پناہ میر سید حسین نے دور پڑے ہوؤں کو فراموش نہ کیا ہوگا، اور اس طریقہ عالیہ کے آداب کی رعایت کو جو مشائخ کرام کے تمام طریقوں سے بعض وجوہ کی بنا پر ممتاز ہے ہاتھ سے نہ چھوڑا ہوگا (اور اس پر کاربند ہوں گے) کیونکہ آپ کو ملاقات کی فرصت بہت کم حاصل ہوتی ہے، اس حقیقت کا لحاظ رکھتے ہوئے (یہ فقیر) اس طریقہ عالیہ کے بعض کمالات وخصوصیات کو علوم بلند اور معارف ارجمند کے ضمن میں تحریر کرتا ہے۔ اگرچہ (یہ درویش) جانتا ہے کہ اس قسم کے علوم ومعارف کا سمجھنا بالفعل سننے والوں کے اذہان سے بعید ہے لیکن ایسے معارف کا اظہار دو وجہ سے (ضروری) ہے.............. ایک یہ کہ سننے والا (یعنی سید حسین مانکپوری) ان علوم کی استعداد رکھتا ہے، اگرچہ بالفعل (فوری طور پر) وہ دور از کار معلوم ہوتے ہیں.......... دوم یہ کہ اگرچہ ظاہری طور پر مخاطب معیّن (مخصوص) ہے، لیکن حقیقت میں ہر وہ شخص مخاطب ہے جو اس معاملہ کا راز دار ہے "اَلسَّيْفُ لِلضَّارِبِ" (تلوار صاحبِ استعمال کے لئے زیبا ہے) مثل مشہور ہے۔

اے بھائی! اس روشن طریقے کے حلقہ کے سردار حضرت صدیق اکبر ﷛ ہیں کہ انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کے بعد بالتحقیق تمام بنی آدم سے افضل ہیں اور اسی اعتبار سے یہ طریقہ اکابر کی عبارتوں میں آیا ہے کہ ہماری نسبت دوسری تمام نسبتوں سے بڑھ کر ہے، کیونکہ ان کی نسبت جس سے مراد خاص حضور وآگاہی ہے بعینہ

Marfat.com

حضرت صدیق اکبرؓ کی نسبت اور حضور ہے جو تمام آ گاہیوں پر برتری رکھتی ہے اور اس طریق میں (دوسروں کی) نہایت اس کی ابتدا میں مندرج ہے۔ (جیسا کہ) حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہٗ فرماتے ہیں: ''ما نہایت را در بدایت درج می کنیم'' (ہم انتہا کو ابتدا میں درج کرتے ہیں) مصرع

؎ قیاس کن زگلستانِ من بہار مرا
مری بہار کا اندازہ گلستان سے کر

اگر کوئی پوچھے کہ جب دوسروں کی انتہا ان کی ابتدا میں مندرج ہے تو ان کی انتہا کیا ہوگی، اور اسی طرح جب دوسروں کی انتہا یقیناً حق سبحانہٗ وتعالیٰ کا وصول ہے تو پھر ان کو حق سے آگے کہاں کی سیر میسر ہوگی۔ لَیْسَ وَرَاءَ الْعَبَّادَانِ قَرْیَۃٌ (جزیرہ عبادان کے بعد کوئی آبادی نہیں ہے) مثل مشہور ہے......... ہم اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ اس طریقہ عالیہ کی نہایت اگر میسر ہو جائے تو وہ وصلِ عریاں (واضح مشاہدہ) ہے کہ اس کے حاصل ہونے کی علامت مطلوب کے حصول کی یاس کا حاصل ہونا ہے۔ فَافْهَمْ فَاِنَّ کَلَامَنَا اِشَارَۃٌ لَا یُدْرِکُهَا اِلَّا الْاَقَلُّ مِنَ الْخَوَاصِ بَلْ مِنْ اَخَصِّ الْخَوَاصِ (لہذا اس سے سمجھ لیں کہ ہمارے کلام میں وہ اشارے ہیں جن کو خواص بلکہ اخص الخواص میں سے بھی بہت کم سمجھنے والے ہیں)......... اس دولت عظمیٰ کے حاصل ہونے کی علامت کا ذکر اس لئے کیا ہے کہ اس گروہ میں سے ایک جماعت نے وصلِ عریاں کا دعویٰ کیا ہے اور دوسری جماعت مطلوب کے حصول کی ناامیدی کی قائل ہوگئی ہے۔ لیکن اگر ان دونوں دولتوں کو ان پر پیش کر دیا جائے۔ تو نزدیک ہے کہ اجتماعِ ضدین خیال کریں اور ان کو محالات (ناممکنات) کی قسم سے جانیں......... ایک گروہ جو وصل کا دعویدار ہے اور یاس (ناامیدی) کو حرمان (محرومی) جانتا ہے، اور وہ جماعت جو یاس کی مدعی ہے وہ وصل کو عین فصل (جدائی) خیال کرتی ہے، یہ سب کچھ اس بلند منزل تک نارسائی کی علامت ہے۔......... خلاصہ یہ کہ اس عالی مقام کا ایک پرتو ان کے باطن پر چمکا ہے۔ جس کو ایک گروہ نے وصل خیال کر لیا ہے اور دوسرا گروہ اس کو یاس سمجھتا ہے اور یہ فرق ایک دوسرے کی استعداد کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔ ایک گروہ کی استعداد کے مناسب وصل ہے اور دوسرے کی استعداد کے موافق یاس ہے......... اس حقیر کے نزدیک وصل کی استعداد سے یاس کی استعداد زیادہ بہتر ہے۔ اگرچہ اس مقام پر وصل اور یاس ایک دوسرے کے لئے لازم وملزوم ہیں......... اس جواب سے دوسرے اعتراض کا جواب بھی روشن ہو گیا کہ وصلِ مطلق اور چیز ہے اور وصلِ عریاں اور شَتَّانَ مَا بَیْنَهُمَا (ان دونوں میں بڑا فرق ہے)......... وصل عریاں سے ہماری مراد یہ ہے کہ تمام حجابات اٹھ جائیں اور تمام رکاوٹیں دور ہو جائیں۔ اور چونکہ مختلف قسم کی تجلیات اور طرح طرح کے ظہورات بہت بڑے اور قوی حجابات ہیں اس لئے ان سب تجلیات اور ظہورات سے گذر جانا اور آگے بڑھنا ضروری ہے۔ خواہ یہ تجلی وظہور امکانی آئینوں میں ہوں یا مظاہر وجوبیہ میں کیونکہ یہ دونوں نفس حجابات حاصل ہونے میں برابر ہیں اور اگر کچھ فرق ہے تو صرف شرافت ورتبہ کا ہے اور وہ طالب کی نظر سے خارج ہے۔

Marfat.com

اگر پوچھیں کہ اس بیان سے یہ بات لازم آتی ہے کہ تجلیات کی نہایت ہے۔حالانکہ مشائخ طریقت نے تصریح کی ہے کہ تجلیات کی کوئی انتہا نہیں ہے۔تو اس کا جواب یہ ہے کہ تجلیات کا بے نہایت ہونا اس لحاظ سے ہے کہ اسماء وصفات میں تفصیل سے سیر واقع ہو (لیکن) اس تقدیر پر حضرت ذات تعالیٰ وتقدس کا وصول میسر نہیں ہے اور نہ ہی وصلِ عریاں حاصل ہے، بلکہ حضرت ذات تعالیٰ وتقدس کا وصول، اجمال کے طریقے پر اسماء وصفات کے طے کرنے پر منحصر ہے، اس وجہ سے تجلیات کی نہایت ہوگی۔

اور اگر کہا جائے کہ تجلیات ذات کو بھی بے نہایت کہا گیا ہے جیسا کہ حضرت مولوی جامی قدس سرہ نے شرح لمعات میں اس کی تصریح کی ہے تو تجلیات کو محدود کرنا کس وجہ سے درست ہے؟ تو جواب میں ہم کہتے ہیں کہ وہ تجلیاتِ ذاتیہ بھی شیون واعتبارات کے ملاحظہ کے بغیر ممکن نہیں ہیں۔اور ہم جو کچھ بیان کر رہے ہیں۔وہ ایک ایسا امر ہے جو تجلیات صفاتی سے ماوراء ہے خواہ وہ تجلیات ذاتی ہوں یا صفاتی۔کیونکہ اس مقام میں تجلی کا اطلاق جائز نہیں ہوگا۔خواہ کوئی تجلی ہو، اس لئے کہ تجلی سے شے کا ظہور مراد ہے جو دوسرے یا تیسرے یا چوتھے مرتبہ میں ہو جہاں تک اللہ تعالیٰ چاہے (مشاہدہ کرائے) اور یہاں پر تمام مراتب ساقط ہوگئے اور تمام مسافت طے ہو چکی۔

اگر یہ پوچھا جائے کہ ان تجلیات کو تجلیاتِ ذاتی کس اعتبار سے کہا جاتا ہے تو ہم کہتے ہیں کہ اگر وہ تجلیات (اصولِ ذات میں) معانی زائدہ (تجلیات ذاتی کے علاوہ) کے ملاحظہ سے ہیں تو وہ تجلیاتِ صفات ہیں اور اگر غیر زائدہ معانی کے ملاحظہ سے ہیں تو وہ تجلیاتِ ذات ہیں، لہذا وحدت کا ظہور جو تعیّن اوّل ہے اور حق تعالیٰ کی ذات پر زائد نہیں ہے اس لئے بزرگوں نے اس کو تجلی ذات کہا ہے اور ہمارا مطلب حضرت ذات تعالیٰ وتقدس ہے جہاں معانی کے ملاحظہ کی ہرگز گنجائش نہیں ہے۔خواہ وہ معانی زائد ہوں یا غیر زائد۔کیونکہ تمام معانی بطریق اجمال طے ہوکر حضرت ذات تعالیٰ وتقدس تک وصول میسر ہوا ہے۔اور جاننا چاہیے کہ وصل اس مقام پر مطلب کے رنگ میں بے چون و بے چگون ہے، اور وہ اتصال جس کو عقل وفہم سمجھ سکے بحث سے خارج ہے اور اس جنابِ قدس کے شایاں نہیں ہے کیونکہ چون کو بے چون کی طرف کوئی راہ نہیں ہے۔لَا یَحْمِلُ عَطَایَا الْمَلِكِ اِلَّا مَطَایَاهُ (بادشاہ کے عطیات کو اس کی سواریاں ہی اٹھا سکتی ہیں)

؎ اتصالِ بے تکیف بے قیاس　　　ہست رب الناس را باجانِ ناس
(اتصال بے کیف و بے قیاس　　　ہے رب الناس کا باجانِ ناس)

اس طریقہ عالیہ کے مشائخ میں سے کسی نے بھی اپنے طریقے کی انتہا کی خبر نہیں دی بلکہ اپنے طریقے کے ابتدا کی نسبت کہا ہے کہ نہایت کا بھی اسی میں اندراج ہے۔جب ان کی ابتدا میں دوسروں کی انتہا ملی ہوئی ہے تو ان کی انتہا کے لئے بھی ضروری ہے کہ اس کی ابتدا کے مناسب ہو۔اور یہ وہی چیز ہے جس کا اظہار کر کے اس فقیر نے (حق تعالیٰ کی عنایت سے) امتیاز حاصل کیا ہے۔

؎ اگر بادشہ بر درِ پیر زن　　　تو اے خواجہ سَبلت مکن

Marfat.com

(اگر بادشہ آئے بڑھیا کے گھر تو اے خواجہ ہرگز تعجب نہ کر)

لِلّٰہِ سُبْحَانَہٗ اَلْحَمْدُ وَالْمِنَّۃُ عَلٰی ذٰلِکَ (اس بات پر اللہ تعالیٰ کی حمد اور اس کا احسان ہے) اے بھائی! اس نہایت (انتہا) کے واصل حضرات اس طریقے میں اور دوسرے طریقوں میں بہت ہی کم ہیں۔ اگر ایسے حضرات کی تعداد کو شمار کیا جائے تو ممکن ہے کہ جو نزدیک ہیں وہ دوری اختیار کر لیں اور جو دور ہیں ان کے انکار سے تو کوئی تعجب ہی نہیں۔ یہ سب کچھ اس کے حبیب علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات اتمہا واکملہا کے صدقہ میں نہایت النہایت تک کمال کے وصول کی وجہ سے ہے............ اور اس طریقہ عالیہ کی خصوصیتوں میں سے ایک خصوصیت ''سفر در وطن'' ہے کہ جس سے مراد سیرِ انفسی ہے۔ اگرچہ سیر انفسی تمام مشائخ کے طریقوں سے ثابت ہے، لیکن وہ سیر، سیر آفاقی کے طے کرنے کے بعد (مقامِ) نہایت میں حاصل ہوتی ہے، اور اس طریق (نقشبندیہ) میں ابتداہی اس سیر سے ہوتی ہے اور سیر آفاقی اس سیر کے ضمن میں خود بخود طے ہو جاتی ہے۔ لہذا اس سیر کا مقصد جو ابتدا میں حاصل ہوتا ہے وہ ''اندراج النہایت فی البدایت'' ہے یعنی ابتدا میں انتہا کا مندرج ہونا ہے............ اور دوسری خصوصیت ''خلوت در انجمن'' ہے جو ''سفر در وطن'' پر متفرع ومترتب ہے۔ جب ''سفر در وطن'' میسر ہو جائے تو ''خلوت در انجمن'' بھی اس کے ضمن میں میسر ہو جائے گی۔ لہذا سالک انجمن کے تفرقہ میں رہتے ہوئے بھی وطن (دل) کے خلوت خانہ میں سفر کرتا ہے۔ اور آفاق کا تفرقہ نفس کے حجرے میں راہ نہیں پاتا۔ یہ خلوت اگرچہ دوسرے طریقوں کے منتہیوں کو بھی حاصل ہے لیکن اس طریقے میں چونکہ ابتداہی میں یہ بات میسر ہو جاتی ہے اس لئے یہ اس طریقے کی خصوصیت ہوگئی۔

جاننا چاہیے کہ ''خلوت در انجمن'' ایسے انداز ے پر ہے کہ وطن کے خلوت خانے کے دروازوں کو بند کر دیا گیا ہو اور اس کے سوراخوں کو بھی مسدود کر دیا ہو۔ یعنی انجمن کے تفرقہ میں کسی ایک چیز کی طرف بھی التفات نہ کرے اور (باطن میں) متکلم ومخاطب نہ ہو۔ نہ آنکھوں کو ڈھانپے اور نہ حواس کو جان بوجھ کر معطل کرے کیونکہ یہ (باتیں) اس طریقے کے خلاف ہیں۔

اے بھائی! یہ سب حیلہ وتکلف ابتدا اور وسط کے درجوں میں ہے اور انتہا میں اس قسم کے حیلوں کا کچھ کام نہیں (لہذا منتہی) عین تفرقہ میں بھی (دل کی) جمعیت سے ہے اور نفسِ غفلت (کی انجمن) میں بھی حاضر ہے............ اس جگہ کوئی شخص یہ گمان نہ کرے کہ مطلقاً منتہی کے حق میں تفرقہ اور عدم تفرقہ بہمہ وجوہ مساوی ہے۔ ایسا نہیں ہے بلکہ مراد یہ ہے کہ تفرقہ وعدم تفرقہ اس کے باطن کے نفسِ جمعیت میں برابر ہیں۔ اسی طرح اگر ظاہر کو باطن کے ساتھ جمع کر لیں اور ظاہر سے بھی تفرقہ کو دفع کر دیں تو بہت ہی بہتر اور مناسب ہے............ حق سبحانہٗ وتعالیٰ اپنے حبیب علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام سے فرماتا ہے۔ وَاذْکُرِ اسْمَ رَبِّکَ وَتَبَتَّلْ اِلَیْہِ تَبْتِیْلًا (سورہ مزمل ۷۳ آیت ۸) (اپنے رب کے نام کو یاد کر اور سب سے قطع تعلق کر کے اس کی طرف متوجہ ہو جا)

جاننا چاہیے کہ بعض اوقات ظاہری تفرقہ سے چارہ نہیں ہوتا تا کہ مخلوق کے حقوق ادا ہو سکیں لہذا یہ ظاہری

Marfat.com

تفرقہ بھی بعض اوقات قابلِ ستائش اور مستحسن ہے، لیکن باطن کا تفرقہ اوقات میں سے کسی وقت بھی جائز نہیں کہ وہ خالص حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے لئے ہے .... لہٰذا بندوں کے (اوقات میں) تین حصے حق تعالیٰ کے لئے مقرر ہوئے یعنی باطن سب کا سب اور ظاہر کا ایک نصف بھی اور ظاہر کا بقیہ نصف مخلوق کے حقوق کی ادائیگی کے لئے باقی رہا چونکہ ان حقوق کے ادا کرنے میں ہر وقت حق سبحانہٗ کے اوامر کی بجا آوری ہے اس لئے وہ نصف بھی حق سبحانہ وتعالیٰ کی طرف راجع ہوگیا۔ وَإِلَيْهِ يُرْجَعُ الْأَمْرُ كُلُّهُ فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ (ہود ۱۱، آیت ۱۲۳) (اور تمام کاموں کا اسی کی طرف رجوع ہے پس آپ اسی کی عبادت کیجئے اور اسی پر بھروسہ رکھئے اور آپ کا رب ان سب باتوں سے بے خبر نہیں جو کچھ تم کر رہے ہو)۔

اور اس طریقہ میں جذبہ سلوک پر مقدم ہے اور سیر کی ابتدا عالمِ امر سے ہے نہ کہ عالمِ خلق سے، برخلاف اکثر دوسرے طریقوں کے (کہ ان کے سیر کی ابتدا عالمِ خلق سے ہے) .... اور اس طریق میں سلوک کی منازل جذبہ کے مراتب طے ہونے کے ضمن میں قطع ہو جاتی ہیں اور عالمِ خلق کی سیر عالمِ امر کی سیر کے تحت میسر ہو جاتی ہے، لہٰذا اگر اس اعتبار سے بھی کہیں کہ اس طریق میں انتہا ابتدا میں درج ہے تو کہنے کی گنجائش رکھتا ہے، لہٰذا معلوم ہوا کہ اس طریقہ کی ابتدا ہی میں انتہا کی سیر درج ہے نہ یہ کہ انتہا سے ابتدا کی سیر کے لئے نیچے آجائیں، اور نہایت کی سیر تمام کرنے کے بعد بدایت کی سیر اختیار کریں .... اس (مضمون) سے اس شخص کا زعم باطل ہوگیا جو کہتا ہے کہ "اس (نقشبندیہ) طریقہ کی انتہا دوسرے تمام مشائخ کے طریقوں کی ابتدا ہے" .... اگر کوئی شخص یہ کہے کہ اس طریقے کے بعض مشائخ کی عبارتوں میں واقع ہے کہ ان کو اسماء وصفات کی سیر ان کی نسبت کے تمام ہونے کے بعد واقع ہوئی ہے تو یہ درست ہے کہ ان کی نہایت دوسرے طریقوں کے مشائخ کی بدایت ہوگئی کیونکہ اسماء وصفات کی سیر تجلیاتِ ذاتیہ کی سیر کی نسبت ابتدا میں ہے۔ تو ہم جواب میں کہتے ہیں کہ ان (مشائخ نقشبندیہ) کی سیر اسماء وصفات میں تجلیاتِ ذاتیہ کی سیر کے بعد نہیں ہے بلکہ اسی سیر کے ضمن میں وہ سیر بھی واقع ہو جاتی ہے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ جب اسماء وصفات کی سیر بعض عوارض کے سبب سے ظہور میں آتی ہے اور تجلیاتِ ذاتیہ کی سیر پوشیدہ ہو جاتی ہے تو یہ خیال پیدا ہو جاتا ہے کہ وہ سیر (تجلیات ذاتیہ) کو تمام کر کے تجلیات اسمائی وصفاتی میں داخل ہوگیا ہے، حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ ہاں ولایت کے تمام مدارج میں سیر کی تکمیل کے بعد مخلوق کو حق جل وعلا کی طرف دعوت دینے کے لئے عالم کی طرف رجوع واقع ہوتا ہے، اگر اس رجوع کو ان کی انتہا سمجھ کر اس کو اپنی ابتدا تصور کی ہو تو کچھ بعید نہیں .... لیکن (فقیر) کیا کہے جبکہ اس کے مشائخ ہی اسی نہایت میں رجوع رکھتے ہیں اور اسی طرح نہایت وبدایت سے مراد ولایت کی بدایت ونہایت ہے اور رجوع کی یہ سیر ولایت سے تعلق نہیں رکھتی بلکہ دعوت وتبلیغ کے مرتبہ کا ایک حصہ ہے۔ .... اور یہ طریقہ (نقشبندیہ) سب طریقوں سے قریب ترین ہے اور بے شک موصل (مقصود تک پہنچانے والا) ہے۔

حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہٗ فرماتے ہیں "طریق ما اقربِ طرق است" (ہمارا طریقہ (وصول الی اللہ

Marfat.com

میں) تمام طریقوں سے قریب ترین ہے) اور یہ بھی فرمایا کہ ''میں نے حق سبحانہٗ وتعالیٰ سے ایسے طریقے کے لئے دعا کی جو یقیناً موصل ہو'' اور آپ کی یہ دعا قبول ہوگئی .... چنانچہ رشحات میں حضرت خواجہ احرار قدس سرہ سے منقول ہے کہ یہ طریقہ مقبول اور موصل کیوں نہ ہو جبکہ انتہا اس کی ابتدا میں مندرج ہے۔ بہت ہی بدقسمت ہے وہ شخص جو اس طریقہ میں داخل ہوا اور استقامت اختیار نہ کرے اور بے نصیب رہے۔ مصرع

؎ خورشید نہ مجرم ار کسے بینا نیست

(اندھا نہ دیکھ پائے تو سورج کا کیا قصور

ہاں اگر کوئی طالب کسی ناقص (شیخ) کے ہاتھ پڑ جائے تو اس میں طریقہ کا کیا قصور ہے۔ اور طالب کا بھی کہاں قصور کیونکہ فی الحقیقت اس طریق کا رہبر موصل ہے نہ کہ نفس طریق .... اور اس طریق کے ابتدا میں حلاوت و وجدان ہے اور انتہا میں بے مزگی اور فقدان (گم ہونا) جو کہ مطلوب کے حصول کی ناامیدی کے لوازمات میں سے ہے، بخلاف دوسرے طریقوں کے کہ جن کی ابتدا میں بے مزگی اور فقدان ہے اور انتہا میں حلاوت و وجدان ہے .... اور اسی طرح اس طریق کی ابتدا میں قرب و شہود ہے۔ اور انتہا میں بعد و حرمان بخلاف دوسرے تمام طریقوں والے مشائخِ کرام کے اس (مضمون) سے طریقوں کے فرق کو قیاس کرنا چاہیے .... اور اس طریقہ عالیہ کی بزرگی اور برتری دریافت کرنی چاہیے، کیونکہ قرب و شہود، حلاوت و وجدان، دوری و مہجوری کی خبر دیتے ہیں۔ اور بعد و حرمان، بے حلاوتی اور فقدان، نہایت قرب کی خبر دیتے ہیں، لہٰذا سمجھ والے ہی سمجھ سکتے ہیں۔

اس راز کی وضاحت یا شرح میں اتنا بیان کیا جاتا ہے کہ کسی شخص کے لئے اپنے نفس سے زیادہ قریب ترین کوئی چیز نہیں ہے اور نسبتِ قرب، شہود و حلاوت اور وجدان اس کے اپنے حق کے نفس میں مفقود ہے اور اپنے سے غیر کی نسبت جس سے بیگانگی رکھتا ہے اس میں یہ تمام نسبتیں موجود ہیں: فَالْعَاقِلُ تَكْفِيْهِ الْاِشَارَةُ (پس عقلمند کے لئے ایک ہی اشارہ کافی ہے)

اور اس طریقہ عالیہ کے اکابر نے احوال و مواجید کو احکام شرعیہ کے تابع کر کے اذواق و معارف کو علوم دینیہ کا خادم بنایا ہے اور احکام شرعیہ کے قیمتی جواہرات کو بچوں کی طرح وجد و حال کے اخروٹ و منقّی کے عوض نہیں پسند کرتے، اور صوفیہ کے کلماتِ مسکریہ پر مغرور و مفتوں نہیں ہوتے۔ وہ احوال جو شرعی ممنوعات اور روشن سنتوں کے خلاف اختیار کرنے سے حاصل ہوتے ہیں قبول نہیں کرتے۔ اور نہ ہی اس کو پسند کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ سماع و رقص کو جائز نہیں رکھتے اور ذکرِ جہر کو بھی قبول نہیں کرتے۔ ان کا حال دوام پر ہے اور ان کا وقت استمراری ہے، وہ تجلی ذاتی جو دوسروں کے لئے برق کی مانند ہے، ان کے لئے دائمی ہے، اور وہ حضوری جس کے پیچھے غیبت ہو، ان بزرگوں کے نزدیک اعتبار سے ساقط ہے بلکہ ان کا معاملہ حضور و تجلی سے بھی بلند تر ہے۔ جیسا کہ پہلے اشارہ کیا جاچکا ہے۔

حضرت خواجہ احرار قدس سرہٗ نے فرمایا ہے کہ اس سلسلہ نقشبندیہ کے خواجگان قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم ہر

Marfat.com

رزّاق ورقاص (مکر کرنے والے اور ناچنے والے) کے ساتھ نسبت نہیں رکھتے ، ان کا کام اس سے بہت بلند ہے .... اور اس طریق میں پیری و مریدی ، طریقے کی تعلیم و تعلم پر موقوف ہے ۔ کلاہ و شجرہ پر موقوف نہیں جو کہ اکثر مشائخ کے سلسلوں میں رسم بن گئی ہے ، یہانتک کہ ان کے متاخرین نے پیری مریدی کو صرف کلاہ و شجرہ پر منحصر کر دیا ہے ، یہی وجہ ہے کہ پیر کہلوانا پسند نہیں کرتے اور طریقت کے معلم کو مرشد کہتے ہیں ، پیر نہیں جانتے ، اور پیری کے آداب کی رعایت اس کے حق میں بجا نہیں لاتے ، یہ بات ان کی کمال جہالت و نادانی کی وجہ سے ہے .... وہ نہیں جانتے کہ ان کے مشائخ نے پیر تعلیم و پیر صحبت کو بھی پیر ہی کہا ہے ، اور پیر کہلوانا جائز قرار دیا ہے ، بلکہ پیر اول کی حین حیات ہی میں اگر طالب اپنی ہدایت کسی دوسری جگہ دیکھے تو اس کے لئے جائز ہے کہ پیر اول کے انکار کے بغیر دوسرا پیر اختیار کر لے ۔ حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہ' نے اس بات کے جائز ہونے کے بارے میں علمائے بخارا کے فتوے کو درست قرار دیا ہے .... ہاں اگر کسی پیر سے خرقہ ارادت حاصل ہو گیا ہے تو دوسرے پیر سے خرقہ ارادت حاصل نہ لے اور اگر لے تو اس کو خرقہ تبرک تصور کرے ۔ اس سے یہ بات لازم نہیں آتی کہ دوسرا پیر ہرگز اختیار نہ کرے بلکہ روا ہے کہ خرقہ ارادت ایک سے حاصل کرے اور طریقت کی تعلیم دوسرے سے اور صحبت تیسرے سے رکھے اور اگر یہ تینوں نعمتیں کسی ایک ہی (پیر) سے حاصل ہو جائیں تو زہے قسمت اور جائز ہے کہ متعدد مشائخ کی تعلیم اور صحبت سے استفادہ کرے ۔

جاننا چاہیے کہ پیر وہ ہے جو مرید کو حق سبحانہ' وتعالیٰ کی طرف رہنمائی کرے ۔ اور یہ معنی تعلیم طریقت میں زیادہ ملحوظ اور واضح ہیں ، کیونکہ پیر تعلیم شریعت کا بھی استاد ہے اور طریقت کا بھی رہنما ہے ۔ بخلاف پیر خرقہ کے ۔ لہذا پیر تعلیم کے آداب کی رعایت کو بہت زیادہ ملحوظ خاطر رکھنا چاہیے ۔ اور پیر بننے اور کہلانے کا زیادہ مستحق یہی ہے .... اور اس طریق میں نفسِ امارہ کے ساتھ ریاضات و مجاہدات کرنا احکام شرعیہ کی بجا آوری اور سنتِ سنیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کی پیروی کا التزام کرنے میں ہے ۔ کیونکہ رسولوں کے بھیجنے اور کتابوں کے نازل کرنے سے مقصود نفس امارہ کی خواہشات کو ختم کرنا ہے جو اپنے مولا جل سلطانہ' کی دشمنی پر قائم ہے ۔ لہذا نفسانی خواہشوں کا دور کرنا احکامِ شرعیہ کی بجا آوری پر وابستہ ہوا ، جو شخص جس قدر شریعت میں راسخ اور ثابت قدم ہو گا اسی قدر خواہشاتِ نفسانی سے دور ہو گا لہذا نفسِ امارہ پر شریعت کے اوامر و نواہی کی بجا آوری سے زیادہ گراں کوئی چیز نہیں ، اور صاحبِ شریعت کی تقلید کے علاوہ کسی چیز میں اس (نفس امارہ) کی خرابی متصور نہیں ہے ۔

(جو لوگ) وہ ریاضات و مجاہدات جو سنت کی تقلید کے علاوہ اختیار کریں وہ قابل اعتبار نہیں ہیں جیسا کہ ہندوستان کے جوگی اور برہمن اور یونان کے فلسفی اس معاملے میں شریک ہیں ، اور وہ تمام ریاضتیں ان کے حق میں گمراہی کے اضافہ کے علاوہ اور کچھ نہیں ہیں ۔ اور سوائے خسارے کے کچھ رہنمائی نہیں کرتیں .... اور اس طریق میں طالب کا سلوک اپنے شیخ پیشوا کے تصرف پر منحصر ہے ۔ اس کے تصرف کے بغیر کچھ کام نہیں چلتا ، کیونکہ ابتدا میں نہایت کا درج ہونا اسی کی شریف توجہ کا اثر ہے ۔ اور بے چونی و بے چگونی کا حصول اسی کے کمال تصرف کا

Marfat.com

نتیجہ ہے۔اور بیخودی کی وہ کیفیت جس کو انہوں نے مخفی (پوشیدہ) راہ سے تعبیر کیا ہے اس کا حاصل ہونا مبتدی کے اختیار میں نہیں ہے۔اور وہ توجہ جو شش جہت سے مُعرا (خالی) ہے اس کا وجود طالب کے حوصلہ کے لائق نہیں ہے۔

نقشبندیہ عجب قافلہ سالارانند — کہ برند از رہ پنہاں بجرم قافلہ را

(نقشبندی عجب قافلہ سالار ہیں — لے کے پوشیدہ راہ قافلہ وہ حرم جائیں)

یہ بزرگوار جس طرح نسبت کے عطا کرنے میں کامل قدرت رکھتے ہیں کہ طالبِ صادق کو بہت کم وقت میں حضور و آگاہی عطا فرمادیتے ہیں اسی طرح اس کی نسبت کے سلب کرنے میں بھی پوری قدرت رکھتے ہیں۔اور ذرا سی بے توجہی سے صاحب نسبت کو محروم کر دیتے ہیں۔ہاں سچ ہے، جو دیتے ہیں وہ لے بھی لیتے ہیں: اَعَاذَنَا اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ مِنْ غَضَبِهٖ وَغَضَبِ اَوْلِيَاءِهِ الْكِرَامِ (اللہ سبحانہٗ اپنے غضب سے اور اپنے اولیائے کرام کے غصہ سے بچائے)

اس طریقہ عالیہ میں افادہ اور استفادہ اکثر خاموشی میں ہے، اور یہ (بزرگوار) فرماتے ہیں کہ جس کو ہمارے سکوت (خاموشی) سے نفع حاصل نہیں ہوا وہ ہمارے کلام سے کیا فائدہ اٹھائے گا۔اور اس سکوت کو انہوں نے تکلف کے طور پر اختیار نہیں کیا ہے بلکہ ان کے طریق (سلسلہ) کے لوازمات میں سے ہے، کیونکہ شروع ہی سے ان بزرگوں کی توجہ احدیتِ مجردہ کی طرف ہے۔اسم اور صفت سے سوائے ذات کے اور کچھ نہیں چاہتے۔اور جانتے کہ اس توجہ کے مناسب اور اس مقام کے شایان سکوت اور گونگا پن ہے۔مَنْ عَرَفَ اللّٰهَ كَلَّ لِسَانُهٗ (جس نے اللہ تعالیٰ کو پہچان لیا اس کی زبان گنگ ہوگئی) اس بات کی مصداق ہے۔

وَاَخْتِمُ هٰذِهِ الْمَقَالَةَ بِحَمْدِ اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ وَبِصَلٰوةِ حَبِيْبِهٖ - اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ وَعَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ - وَالسَّلَامُ (اب ہم اس مقالہ کو اللہ سبحانہٗ کی حمد اور اس کے حبیب کی صلوٰۃ پر ختم کرتے ہیں۔تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ رب العالمین کے لئے ہیں اور سید المرسلین اور آپ ﷺ کی پاک اولاد پر صلوٰۃ وسلام ہو) والسلام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۳﴾ ۱؎ الف کے زبر سے اصل میں اس کا معنی صاحب قیمت ہے اور مجازی طور پر صاحب مرتبہ، گرامی قدر اور پیارا کے معنی میں آتا ہے ۱۲

۲؎ عن ابن عمر رضی اللہ عنہما، قال: کنا فی زمن النبی ﷺ لا نعدل بابی بکر احدا، رواہ البخاری ۱۲

فی شرح العقائد: وافضل البشر بعد الانبیاء ابو بکر الصدیق رضی اللہ عنہ ۱۲

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ ہم نبی ﷺ کے زمانہ میں ابو بکر کے برابر کسی کو شمار نہیں کرتے تھے ۱۲

شرح عقائد میں ہے: تمام نبیوں کے بعد ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سب انسانوں سے افضل ہیں ۱۲

۳؎ اس طریقہ نقشبندیہ عالیہ کی خصوصیات میں سے ایک یہ ہے کہ نہایت اس کی ابتدا میں مندرج ہے ۱۲

۴؎ یعنی جزیرہ عبادان کے بعد کوئی آبادی نہیں ہے ۱۲

Marfat.com

۵ قولہ العبادان: عین پر زبر ہے اور ایک نقطہ والی با پر شد ہے یہ ایک جزیرہ ہے جو دجلہ کی دوشاخوں سے گھرا ہوا ہے۔ اور وہ بحر فارس میں گرتی ہیں۔ دوشاخوں اور اس کے آگے جزیرہ آباد ان نہیں ہے۔

۶ یعنی وصل عریان اور مطلوب کے حصول سے مایوسی ۱۲ المصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

ے ملاقات کی مدت کا کم ہونا ۱۲

﴿صہ۴﴾ ا دوسرے کے حاصل ہونے سے پہلے کا حصول لازم نہیں آتا کیونکہ ان دونوں کے درمیان عموم مطلق اور اعم کی نسبت ہے اس لئے اخص کا حاصل ہونا لازم نہیں آتا، اچھی طرح سمجھ لو ۱۲

۲ یعنی وصل مطلق اور وصل عریان میں عظیم فرق ثابت ہے ۱۲

۳ وصل عریان سے ہماری مراد یہ ہے کہ تمام حجابات اٹھ جائیں مراد و مقصود کے چہرے سے، اور چونکہ مختلف قسم کی تجلیات اور طرح طرح کے ظہورات بہت بڑے اور قوی حجابات ہیں اس لئے ان سب تجلیات اور ظہورات سے گذر جانا اور آگے بڑھنا ضروری ہے خواہ یہ تجلی اور ظہور امکانی آئینوں میں ہوں یا مظاہر وجوبیہ میں کیونکہ یہ دونوں نفس حجابات حاصل ہونے میں برابر ہیں اور اگر ان میں کچھ فرق ہے تو صرف شرافت و رتبہ کا فرق ثابت ہے اور وہ طالبوں کے ملاحظہ سے خارج اور ساقط ہے ۱۲

۴ اس سوال کا منشا (سبب) حضرت مجدد قدس سرہ کا سابقہ قول ہے یعنی منوط بطی اسماوصفات بر سبیل اجمال (ذات باری تعالیٰ کا وصول اجمال کے طریقے پر اسماوصفات کے طے کرنے پر منحصر ہے) ۱۲

۵ پس تجلیات ذاتیہ کا بے نہایت ہونا اس تقدیر پر ہے کہ سیر تفصیلی واقع ہو شیون و اعتبارات کے ملاحظہ کے ساتھ، لیکن اجمالی سیر میں تجلیات ذاتیہ کی بھی نہایت ہوتی ہے۔ اسکو سمجھو ۱۲

ے ای من قولہ قدس سرہ: لا بدان تنقضی و تتم تلک التجلیات ۱۲ (یعنی شیخ مجدد قدس سرہٗ کے قول: ان سب تجلیات اور ظہورات سے گذر جانا اور آگے بڑھنا ضروری ہے) ۱۲

﴿صہ۵﴾ ا یعنی بادشاہ کے عطیات کو اس کی سواریاں ہی اٹھا سکتی ہیں ۱۲

۲ یعنی بقول خود حضرت مجدد قدس سرہ گوئیم کہ نہایت این طریقہ علیہ اگر میسر شود وصل عریان است کہ علامت حصول آن .... (ہم اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ اس طریقہ عالیہ کی نہایت اگر میسر ہو جائے تو وہ وصل عریان (واضح مشاہدہ) ہے کہ اس کے حاصل ہونے کی علامت) (یہ عبارت اسی مکتوب میں گذر چکی ہے)

۳ قولہ کل ذلک ......یعنی طریقہ عالیہ (نقشبندیہ) کی نہایت کا ظاہر کرنا اور واصلین کے متعلق خبر دینا بقول شیخ مجدد: اے برادر! واصلان این نہایت ......الکمال وصولے الی آخرہ ۱۲ (یہ عبارت ساتھ ہی پہلے موجود ہے)

۴ یعنی سالکان راہ طریقت ۱۲

۵ قولہ این خلوت ہر چند الخ یہ سوال مقدر کا جواب ہے اور دونوں کا بیان بالکل ظاہر ہے ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

ے یعنی ومنشأ حصول ھذا السیر فی الابتداء ھواندراج النھایۃ فی البدایۃ ۱۲ (یعنی ابتدا میں اس سیر کے حصول کا منشا وہ ابتدا میں نہایت کا درج ہونا ہے) ۱۲

﴿صہ۶﴾ ا یعنی اپنے رب کے نام کو یاد کرو اور سب سے قطع تعلق کر کے اس کی طرف متوجہ ہو جاؤ یعنی تمام طرفوں سے کٹ کر اسی کی طرف توجہ کر لے ۱۲ (سورۃ مزمل آیت ۸)

۲ قولہ والیہ یرجع الامر ......یعنی اور تمام کاموں کا اسی کی طرف رجوع ہے پس آپ اسی کی عبادت کیجئے اور اسی پر بھروسہ رکھیئے اور آپ کا رب ان سب باتوں سے بے خبر نہیں جو کچھ تم کر رہے ہو ۱۲ (سورہ ہود آیت ۱۲۳)

۳ قولہ سیر ابتداء درین طریق الخ ای السیر الذی یقع فی الابتداء فی سائر الطرق وھو سیر عالم

Marfat.com

الخلق مندرج فی سائر الانتهاء فی تلک الطرق وھو سیر عالم الامر فلا یلزم المحذور المذکور ۱۲ (یعنی وہ سیر جو ابتدا میں واقع ہوتی ہے تمام طریقوں میں وہ عالم خلق کی سیر ہے وہ انتہا کی سیر میں مندرج ہوتی ہے ان تمام طریقوں میں، اور وہ عالم امر کی سیر ہے پس کوئی مذکورہ محذور لازم نہیں آتا)

ے اس باطل گمان کا سبب کم فہمی ہے قول: اندراجِ نہایت در بدایت کے معنی سمجھنے میں، جیسا کہ شیخ قدس سرہ نے اپنے ارشاد ''نہ آنکہ از انتہا برائے الخ'' میں بیان کیا ہے ۱۲

﴿صہ ۷﴾ لے پس وہ عبارت (گذشتہ) بعض مشائخ کی اپنے ظاہر سے پھیری ہوئی ہے اور تاویل پر محمول ہے یعنی بعدیت سیر در اسماوصفات سے مراد اس کے ظہور کی بُعدیت ہے نہ کہ اس کے حدوث و وجود اور ذات سے بعدیت ان سے خطا ہوئی ہے، اور انہوں نے خیال کیا ہے کہ اس سیر کو تمام کر کے وہ تجلیات اسمائی وصفاتی میں وہ داخل ہو گئے ہیں حالانکہ ایسے نہیں ہے بلکہ ان کے نزدیک ظہور حدوث کے ساتھ مشتبہ ہو گیا ہے اور انہوں نے ظہور اور حدوث میں فرق نہیں کیا، خوب سمجھ لو ۱۲

ے اس طریقہ (نقشبندیہ) کے تمام خصائص میں سے ایک یہ ہے کہ یہ طریقہ تمام طریقوں سے زیادہ قریب ہے ۱۲

ے پس چاہیے کہ اپنے مشائخ کی نہایت کو ان کی بدایت کہے۔ اور وہ ایسے معرب ہے جیسے دیکھا ہے ۱۲

ے یعنی اس طریقہ عالیہ کے خصائص میں سے ایک یہ ہے کہ اس طریقہ کی ابتدا میں...... الخ ۱۲

ے کہ وہاں انتہا میں قرب وشہود ہے اور ابتدا میں بُعد وحرمان ۱۲

۵ قولہ بجوز یعنی گردگان جس کو اردو میں اخروٹ کہتے ہیں۔ قولہ مویز، میم پر زبر اور یا معروف ہے بڑے انگور کی قسم ہے جسکو خشک کر کے محفوظ رکھتے ہیں لوگ اسکو منقی کہتے ہیں اور ہندی میں اسکو داکھ کہتے ہیں۔ قولہ ترہات پہلے حرف پر پیش ہے اور را بغیر نقطہ پر شد ہے لہو ولعب سے ملی ہوئی باطل باتیں ترہت بمعنی باطل کی جمع ہے ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالی

ے قولہ ذرّاقے۔ پہلے حرف پر زبر اور دوسرے پر شد اور یائے مجہول صاحب نفاق اور رَقّاصے پہلے حرف پر زبر اور دوسرے پر شد اور یائے مجہول رقص کرنے والا ۱۲

﴿صہ ۸﴾ لے یعنی اس طریقہ عالیہ کے بہت سے خصائص میں سے یہ ہے کہ اس طریقہ میں...... ۱۲

لے اس طریقہ عالیہ کے بہت خصائص میں سے ایک یہ ہے کہ ریاضات الخ...... ۱۲

ے مجاہدہ کی جمع ہے یعنی رنج ومشقت اور کوشش اور کافروں سے جنگ کرنا ۱۲

ے ان اعمال کا بجالانا جن کا انسان شریعت کی طرف سے مکلف ہے ۱۲

﴿صہ ۹﴾ ے بہت سے خصائص میں سے یہ ہے کہ اس طریقہ میں الخ ۱۲

ے یعنی نیچے اوپر، آگے پیچھے اور دائیں بائیں ۱۲

ے بہت سے خصائص میں سے یہ ہے کہ اس طریقہ میں الخ ۱۲

لے قولہ خُرس پہلے دونوں حرفوں پر زبر ہے اس کا معنی ہے گونگا ہونا اور گونگا، خُرس خا کے پیش سے اَخرس بمعنی گونگا کی جمع ہے ۱۲

ے قولہ مَنْ عَرَفَ اللّٰهَ كَلَّ لِسَانُهٗ یعنی جس شخص نے اللہ تعالیٰ کو دل سے پہچان لیا اسکی زبان زیادہ بیان سے رک گئی۔ یہ قول سید الطائفہ حضرت جُنید قدس سرہٗ کے اقوال میں سے ہے، آپ فرماتے ہیں: عبارات سراسر دعاوی ہیں، اثبات معانی میں دعوے کی کوئی حیثیت نہیں ہوتی۔ حضرت شبلی رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں بیان کیا جاتا ہے کہ ایک دفعہ آپ حضرت جنید کی مجلس میں موجود تھے اچانک اٹھ کھڑے ہوئے اور بلند آواز سے فرمایا: اے میرے مقصود! اللہ تعالیٰ کی طرف اشارہ کیا حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اگر مقصود اللہ تعالیٰ ہے تو یہ اشارہ کیا ہے، وہ اشارے سے پاک ہے اور اگر مراد وہ نہیں ہے تو تم نے خلاف کیوں کیا؟ جبکہ حق تعالیٰ تمہاری بات سے باخبر ہے، حضرت شیخ شبلی

Marfat.com

نے اپنی بات سے توبہ کی ۱۲ ملخص الکشف المحجوب ۱۲

اور میں ختم کرتا ہوں اس گفتگو کو اللہ سبحانہ کی حمد کے ساتھ اور اس کے حبیب ﷺ پر درود کے ساتھ ۱۲

....

☆ متن ...... بین السطور...... معانی

﴿صہ ۲﴾ ☆ البتہ ...... یقیناً ۱۲ ☆ یاس ...... ناامیدی ۱۲

﴿صہ ۳﴾ ☆ ہر چند ...... اگرچہ ۱۲ ☆ اَلسَّیفُ لِلضَّارِبِ ...... یعنی شمشیر مرزنندہ راست ۱۲...... تلوار صاحب استعمال کے لئے زیبا ہے ۱۲ ☆ سَنِیَّہ ...... روشن و بلند ۱۲ ☆ ایشان ...... این اکابر ۱۲ ...... یہ بڑے بزرگ ۱۲ ☆ یاس ...... ناامیدی ۱۲

☆ وصل عریان ...... برہنہ از صفات وشیون واعتبارات ۱۲...... صفات وشیون اور اعتبارات سے خالی ۱۲

﴿صہ ۴﴾ ☆ تجلیات ...... بے ملاحظہ شیون اعتبارات نیست ۱۲...... وہ تجلیات شیون واعتبارات کے بغیر نہیں ہیں ۱۲ اگر بملاحظہ ...... باوجود ملاحظہ شیون واعتبارات ۱۲ شیون واعتبارات کے ملاحظہ کے باوجود ۱۲

☆ زائدہ ...... زائدہ است ۱۲...... زائدہ ہے ۱۲ ☆ ذات ...... ذات است ۱۲...... ذات ہے ۱۲

﴿صہ ۵﴾ ☆ دران اندراج ...... ابتدا ۱۲ ☆ آن ...... یعنی نہایت طریق ۱۲...... یعنی طریقہ کی نہایت ۱۲ ☆ افراد ...... جمع فرد ۱۲ ...... فرد کی جمع ہے ۱۲ ☆ آن سیر ...... یعنی سیر انفسی در طرق دیگران ۱۲...... یعنی دوسرے طریقوں میں سیر انفسی ۱۲

☆ ازین سیر ...... انفسی ۱۲...... سیر انفسی ۱۲ ☆ این سیر ...... انفسی ۱۲ ...... یہ سیر انفسی ۱۲ ☆ درانجمن تفرقہ ...... یعنی تفرقہ جلوت وآفاق ۱۲ ...... یعنی جلوت وآفاق کا تفرقہ ۱۲ ☆ نیز در خلوت ...... چنانچہ درانجمن جمعیت ۱۲...... جیسا کہ انجمن کی جمعیت میں ۱۲ ☆ روز نہارا ...... روشندانہا ۱۲...... روشندانوں کو ۱۲ ☆ مسدود ...... بند ۱۲...... بند

﴿صہ ۶﴾ ☆ متکلم ...... باحدے ۱۲...... کسی ایک کے ساتھ ۱۲ ☆ مخاطب ...... بکسے ۱۲...... کسی کے ساتھ ۱۲ ☆ تحمُّل ...... حیلہ ۱۲

☆ مطلقاً ...... از ہمہ وجوہ ۱۲...... تمام وجوہ سے ۱۲ ☆ لا بلکہ ...... یعنی نہ چنین است ۱۲...... یعنی ایسے نہیں ہے ۱۲

☆ واذکر تبتیلا ...... در سورہ مزمل و پارہ تبارک ۱۲...... سورہ مزمل پارہ ۲۹ میں ۱۲ ☆ سیر ابتداء ...... یعنی سیر آفاقی وقطع منازل سلوک ۱۲...... یعنی سیر آفاقی اور سلوک کی منازل طے کرنا ۱۲ ☆ سیر انتہا ...... یعنی سیر انفسی وطے معارج جذبہ ۱۲...... یعنی سیر انفسی اور جذبہ کے معارج طے کرنا ۱۲ ☆ سیر ابتداء فرود ...... چنانچہ اندراج النہایۃ فی البدایۃ گفتہ اند ۱۲...... جیسا کہ کہتے ہیں ابتدا میں نہایت کا مندرج ہونا ۱۲ ☆ ایشان ...... مشائخ این طریقہ ۱۲...... اس طریقہ نقشبندیہ کے مشائخ ۱۲ ☆ ایشان را ...... مشائخ این طریقہ علیہ ۱۲...... اس طریقہ عالیہ کے مشائخ کو ۱۲ ☆ بدایت دیگران ...... مشائخ طرق دیگر ۱۲...... دوسرے طریقوں کے مشائخ کی بدایت ۱۲ ☆ درابتداء است ...... وایشاں رابعد از تمامی نسبت ۱۲...... ان کو نسبت کے کامل ہونے کے بعد ۱۲ ☆ تجلیات ذاتیہ ...... تا لازم آید کہ نہایت ایشان بدایت دیگران است ۱۲...... تا کہ لازم آئے کہ ان کی نہایت دوسروں کی بدایت ہے ۱۲ ☆ ہمیں سیر ...... یعنی سیر در تجلیات ذاتیہ ۱۲...... یعنی تجلیات ذاتیہ میں سیر ۱۲ ☆ آن سیر ...... یعنی سیر در اسماوصفات ۱۲...... یعنی اسماوصفات میں سیر ۱۲

﴿صہ ۷﴾ ☆ آن سیر ...... سیر در تجلیات ذاتیہ ۱۲...... تجلیات ذاتیہ میں سیر ۱۲ ☆ ایشان ...... مشائخ نقشبندیہ ۱۲ ☆ کردہ باشند ......

Marfat.com

زعم کنندگان مذکورین ۱۲...... گمان کرنے والے مذکورین ۱۲ ☆ رجوع ...... بعالم از برائے دعوت ۱۲...... جہان کے ساتھ تعلق دعوت کے لئے ۱۲ ☆ کہ...... ہر کہ ۱۲...... ہر کوئی، جو کوئی ۱۲ ☆ ہمچنیں ...... یعنی از جملہ خصائص ۱۲...... یعنی تمام خصوصیات میں سے ۱۲ ☆ یاس ...... ناامیدی از وصول بمطلوب ۱۲...... مطلوب و مقصود تک پہنچنے سے ناامیدی ۱۲ ☆ اکابر ...... واز جملہ خصائص این طریقہ علیہ آنست کہ اکابر انح ۱۲...... اس طریقہ عالیہ کی تمام خصوصیات میں سے یہ ہے کہ اکابر ...۱۲ ☆ تُرّہات ...... کلمات سکریہ ۱۲...... سکر یہ کلام ۱۲

﴿ص ۸﴾ ☆ مخطورات ...... ممنوعات ۱۲...... منع کی ہوئیں ۱۲ ☆ کالبرق ...... درخش ۱۲...... بجلی، روشنی ۱۲ ☆ حیز ...... محل ۱۲...... مقام ۱۲ ☆ قضائے ...... پس ۱۲...... پیچھے ۱۲ ☆ احرار ...... عبیداللہ ۱۲...... عبیداللہ احرار ۱۲ ☆ این سلسلہ ...... نقشبندیہ ۱۲...... سلسلہ نقشبندیہ ۱۲ ☆ شجرہ ...... اسمائے مترتبہ پیران طریقت ۱۲...... پیران سلسلہ کے نام اشعار میں مرتب شدہ ۱۲ ☆ رسم ...... رواج ۱۲ ☆ منحصر ...... بند ۱۲ ☆ معلم ...... استاد ۱۲ ☆ جہالت ...... نادانی و بے علمی ۱۲ ☆ بے انکار پیر اول ...... یعنی انکار از پیر اول نماید و در حقوق او تقصیرے روا ندارد ۱۲...... یعنی پہلے پیر کا انکار نہ کرے اور اس کے حقوق میں کوتاہی جائز نہ رکھے ☆ ریاضات ...... جمع ریاضۃ بکسر اول رنج کشیدن و نفس کشی ۱۲...... ریاضت کی جمع ہے پہلا حرف زیر سے ہے رنج اٹھانا اور نفس کو مارنا ۱۲ ☆ اَحق ...... شایان تر ۱۲...... زیادہ لائق، سب سے زیادہ حقدار ۱۲ ☆ نفس امارہ ...... بمبالغہ امر کنندہ بہ بدی ۱۲...... مبالغہ کے ساتھ برائی کا حکم کرنے والا ۱۲ ☆ ارسال ...... فرستادن پیغمبران و فرود آوردن کتابہائے از جانب حق تعالیٰ ۱۲...... پیغمبروں کو بھیجنا اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے کتابوں کا نازل ہونا ۱۲ ☆ رفع ...... دور کردن ۱۲...... دور کرنا ۱۲ ☆ بمعاودت ...... دشمنی ۱۲ ☆ مولائے ...... حق تعالیٰ ۱۲...... اللہ تعالیٰ ۱۲

﴿ص ۹﴾ ☆ منصب ...... قائم ۱۲ ☆ مربوط ...... وابستہ ۱۲ ☆ راسخ ...... استوار ۱۲...... مضبوط ۱۲ ☆ بعید ...... دور ۱۲ ☆ شاق ...... دشوار ۱۲...... مشکل ۱۲ ☆ امتثال ...... فرماں برداری ۱۲ ☆ ضلالت ...... گمراہی ۱۲ ☆ خسارت ...... زیان ۱۲...... نقصان ۱۲ ☆ مقتدا ...... پیشوا ۱۲...... راہنما ۱۲ ☆ تسلیک ...... براہ روان کردن ۱۲...... ایک راہ پر چلانا ☆ مُعَرّا ...... خالی ۱۲ ☆ درخور ...... سزاوار ۱۲...... لائق ۱۲ ☆ اِعطاء ...... بخشیدن ۱۲...... عطا کرنا ۱۲ ☆ سلب ...... ربودن ۱۲...... چھین لینا ۱۲...... واپس لے لینا ۱۲ ☆ منتفع ...... نفع گیرندہ ۱۲...... فائدہ اٹھانے والا ۱۲ ☆ ریاضات ...... کہ کردہ اند ۱۲...... جو ریاضتیں انہوں نے کی ہیں ۱۲

....

دوسو بائیسواں مکتوب ﴿۲۲۲﴾

خواجہ محمد اشرف کابلی کی طرف صادر فرمایا ...... احوال کی خرابی کے بیان میں اور دید قصور (اپنے قصور کو دیکھنا) اور اپنی حسنات کو متہم سمجھنا ولایت کے کمالات کے ساتھ اس دید قصور کا جمع ہونا ہے بلکہ یہ مشاہدہ ان کمالات ہی کا اثر ہے اور اس کے مناسب بیان میں۔

اَللّٰھُمَّ وَفِّقْنَا لِمَرْضَاتِكَ وَثَبِّتْنَا عَلٰی طَاعَتِكَ بِحُرْمَتِ سَیِّدِ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ

Marfat.com

عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہِ الصَّلَوٰاتُ وَالتَّسْلِیْمَاتُ (بارالہا تو ہم کو اپنی مرضیات کی توفیق عطا فرما اور حضرت سید المرسلین و الآخرین علیہ وعلی آلہ الصلوات والتسلیمات کے طفیل اپنی طاعت پر ثابت قدم رکھ (آمین) .... ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ مرید صادق وہ ہے کہ بیس سال کی مدت میں بھی اس کا کاتب شمال (بائیں جانب کا نامۂ اعمال لکھنے والا فرشتہ) کچھ بھی نہ لکھنے پائے .... (لیکن) یہ فقیر بر تقصیر اپنے ذوق ووجدان سے اپنے حق میں یہ بات پاتا ہے کہ کاتبِ یمین (دائیں جانب کا نیک اعمال لکھنے والا فرشتہ) معلوم نہیں ہوتا کہ بیس سال کی مدت میں کوئی نیکی میرے اعمال میں درج کر سکا ہو .... خداوند جل سلطانہٗ جانتا ہے کہ میں نے یہ بات تصنع وتکلف کے ساتھ نہیں کہی بلکہ ذوق کے طور پر پاتا ہے کہ ''کافر فرنگ'' اس سے کئی درجہ بہتر ہے۔ اور اگر اس کی وجہ دریافت کریں تو (بندہ) جواب سے عاجز نہیں ہے۔ اور نیز بطریق ذوق اپنے آپ کو خطاؤں سے گھرا ہوا جانتا ہے اور گناہوں سے بھرا ہوا سمجھتا ہے اور وہ نیکیاں جو وجود میں آجاتی ہیں تو کاتب شمال کو ان کے لکھنے کا زیادہ سزاوار دیکھتا ہے اور جانتا ہے کہ اس کا کاتب شمال ہمیشہ اپنے کام میں مصروف ہے اور کاتب یمین معطل و بیکار ہے .... اور دائیں طرف کے اعمال نامے کے اوراق کو خالی اور سفید دیکھتا ہے اور بائیں طرف کے نامہ اعمال کے اوراق کو سیاہی سے بھرا ہوا دیکھتا ہے۔

اس کی رحمت کے علاوہ کوئی امید نہیں اور سوائے مغفرت کے اور کوئی وسیلہ نہیں: اَللّٰھُمَّ مَغْفِرَتُكَ اَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِیْ وَرَحْمَتُكَ اَرْجٰی عِنْدِیْ مِنْ عَمَلِیْ (یا اللہ! تیری بخشش میرے گناہوں سے زیادہ وسیع ہے اور مجھے اپنے عمل کی نسبت تیری رحمت سے زیادہ امید ہے) یہ دعا اس (عاجز) کے حال کے موافق ہے۔

عجب معاملہ ہے کہ فیوض وواردات الٰہی جل سلطانہٗ جو متواتر کمال وتکمیل کے درجات میں وارد ہیں وہ بھی اس دید قصور (اپنے حسنات کو قصور وار دیکھنے) کی تائید کرتے ہیں اور اس عیب بینی کو تقویت دیتے ہیں، اور بجائے عُجب (خود بینی) کے منقصت (نُقص وکمی) کو زیادہ کرتے ہیں، اور رفعت وتکبّر کی بجائے تواضع وفروتنی کی راہ کھولتے ہیں اور آنِ واحد میں کمالاتِ ولایت سے بھی مشرف اور دیدِ قصور سے بھی متصف ہے، (یہ فقیر) جس قدر بلند جاتا ہے اسی قدر زیادہ نیچے اپنے آپ کو دیکھتا ہے بلکہ بلندی پر جانا (عروج حاصل کرنا) اپنے آپ کو کمتر دیکھنے کا سبب ہوا ہے۔ عقلمند لوگ اس بات کو یقین کریں یا نہ کریں۔ اگر اس بات کا راز معلوم کرلیں تو شاید یقین آجائے۔

سوال: ان دونوں متنافی (متضاد) چیزوں کے جمع ہونے کا کیا راز ہے؟ اور ایک متنافی کا وجود دوسرے متنافی کے وجود کا کیسے سبب ہوسکتا ہے؟

جواب: دونوں متنافیوں کا جمع ہونا اس شرط پر محال ہے جبکہ دونوں کا محل ایک ہو اور جس بارے میں ہم گفتگو کر رہے ہیں یہ کہتے ہیں کہ اس کے محل متعدد ہیں۔ انسانِ کامل سے اوپر جانے والے اس کے عالمِ امر کے لطائف ہیں اور نیچے آنے والے عالمِ خلق کے لطائف۔ عالمِ امر کے لطائف جس قدر بلند وبالا جاتے ہیں اسی قدر عالمِ خلق

Marfat.com

سے مناسبت ختم ہو جاتی ہے۔ اور یہی بے مناسبتی عالمِ خلق کے نیچے ہونے کا سبب ہے، اور عالمِ خلق جس قدر زیادہ نیچے آتا ہے اسی قدر سالک کو بے حلاوت (بے مزہ) کر دیتا ہے اور اس کے عیوب و نقائص کی دید زیادہ معلوم ہونے لگتی ہے .... یہی وجہ ہے کہ منتہی مرجوع اس لذت و حلاوت کی آرزو کرتے ہیں جو کہ ان کو ابتدا میں میسر ہوئی تھی۔ اور انتہا میں ہاتھ سے جاتی رہی اور اس کی جگہ بے مزگی پیدا ہو گئی۔ اور یہی وجہ ہے کہ عارف اپنے آپ سے کافر فرنگ کو بہتر جانتا ہے۔ کیونکہ کافر میں اس کے عالمِ امر اور عالمِ خلق کے اختلاط کی وجہ سے ایک نورانیت ہے، اور عارف میں یہ امتزاجی کیفیت ختم ہو گئی ہے عالمِ خلق تنہا جس کے باعث عارف سے ''انا'' سرزد ہوتی ہے وہ جدا ہو گئی ہے جو سراسر ظلمت و کدورت سے بھری ہوئی ہے۔ اور عالم امر کے لطائف خواہ کتنے ہی نیچے آ جائیں عالمِ خلق سے کوئی اختلاط نہیں رکھتے اور کچھ بھی امتزاج حاصل نہیں کرتے جیسا کہ ابتدا میں رکھتے تھے۔

وہ مکتوب جو برادرم خواجہ محمد طاہر کے بدست آپ نے ارسال کیا تھا موصول ہوا۔ رابطہ (تصور شیخ) کا حاصل ہونا جو پوری مناسبت پر مبنی ہے، غیبت (غیر حاضری) کے زمانے میں عظیم نعمتوں میں سے خیال کریں اور جب تک موانعات دور نہ ہو جائیں دلوں کے قرب پر اکتفا کریں اور اس قرب کے باوجود ''قرب ابدان'' (جسمانی قرب) کی خواہش کو ہاتھ سے نہ دیں، کیونکہ تمام نعمت اسی قرب سے وابستہ ہے .... حضرت اویس قرنی رحمۃ اللہ علیہ باوجود قرب قلبی کے جسمانی قرب نہیں رکھتے تھے۔ لہذا اس گروہ کے کمترین قرب والوں کے درجے کو نہ پہنچے، چنانچہ سونے کا پہاڑ خرچ کرنا ان کے ایک سیر جَو کے برابر نہیں ہو سکتا پس صحبت کے برابر کوئی چیز نہیں ہے۔ والسلام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص ۱۰﴾ ۱؎ ایک بزرگ نے فرمایا ہے۔ مرید وہ ہے جس کی آتشِ طلب کو اس کے باطن سے جلا دے اور درد محبت میں بے قرار اور سحری کے وقت حسرت کی آنکھ سے آنسو بہائے، عاجزی اور خاکساری اس کا شعار ہو گذشتہ گناہوں پر شرمسار ہو اور آئندہ سے ترساں و لرزاں رہے، اوقات کی تقسیم اعمال خیر پر اور قضا و قدر میں صبر و درگزر کو اختیار کرے، اللہ تعالی کی مشیت پر نظر رکھنے کو لازم پکڑے اور اپنی تقصیر کا معترف ہو، لوگوں کو معذور جانے اور ہر سانس پر حق سبحانہ کے ذکر سے آگاہ رہے، خدا نہ کرے کہ یہ سانس آخری ہو اور غفلت میں باہر آ جائے (مر جائے) آپس میں گفتگو کرتے وقت لڑائی جھگڑے اور الزام تراشی سے پرہیز کرے خدا نہ کرے کہ کسی کے دل کو دکھ پہنچے الخ ۱۲

۲؎ جاء رجل الی النبی ﷺ فقال: وَاذُنُوبَاهُ وَاذُنُوبَاهُ، فَقَالَ ﷺ قُلْ: اَللّٰهُمَّ مَغْفِرَتُكَ اَوْسَعُ مِنْ ذُنُوبِي، وَرَحْمَتُكَ اَرْجٰى عِنْدِي مِنْ عَمَلِي، فَقَالَهَا ثم قال عد تعاد فقال کم، فقد غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ۔ رواه الحاکم عن جابر بن عبد اللّٰه الانصاری

یعنی ایک آدمی نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس نے کہا: افسوس و رنج ہے گناہوں سے، افسوس اور رنج ہے گناہوں سے، حضور ﷺ نے فرمایا: اے مرد اس دعا کو پڑھو! یعنی یا اللہ! تیری بخشش میرے گناہوں سے زیادہ وسیع ہے اور مجھے اپنے عمل کی نسبت تیری رحمت سے زیادہ امید ہے، پس اس آدمی نے یہ کلمات کہے، حضور ﷺ نے فرمایا پھر کہو! اس نے پھر یہ کلمات کہے، آپ نے فرمایا: اٹھو! بے شک اللہ تعالیٰ نے تجھے بخش دیا۔

Marfat.com

اس کو امام حاکم نے حضرت جابر بن عبداللہ انصاری سے روایت کیا

قولہ نیابد: یعنی وہ شخص اتنی مدت دراز میں گناہ کا ارتکاب نہ کرے کہ وہ (فرشتہ) اس کو پائے اور اس میں لکھ دے ۱۲

ے اسکی دلیل اور علت مکتوب ۲۳۴ جلد اول میں بیان فرمائی ہے ۱۲

ے پھل سے بھری ہوئی شاخ زمین کی طرف جھکتی ہے ۱۲

ے باوجود اس کے کہ عقل والے اس کے جمع ہونے کے محال ہونے کے قائل ہیں ۱۲

ے یعنی محال ہے کہ دو متضاد چیزیں ایک جگہ میں جمع ہوں اور ایک چیز پر دونوں صادق آئیں۔

﴿صہ ۱۱﴾ ۱ے قولہ وہر چند لطائف ...... الخ سوال مقدر کا جواب ہے یعنی عارف میں عالم امر کا اختلاط نہ ہونا عالم خلق سے، عارف نزول سے قبل مسلم ہے، لیکن نزول کے بعد اس کے نیچے اتر آنے کی وجہ سے دونوں کے مابین امتزاج واختلاط کا خواہش مند ہوتا ہے، جواب کی تقریر ظاہر ہے ۱۲

ے اویس قرنی خیر التابعین ہے جیسا کہ کئی بار بیان ہوا ۱۲

۲ے قال ﷺ: لَا تَسُبُّوا أَصْحَابِيْ فَلَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ أَنْفَقَ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا مَا بَلَغَ مُدَّ أَحَدِهِمْ وَلَا نَصِيفَهُ - متفق عليه (مشكوة باب مناقب صحابه)

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے صحابہ کو گالی نہ دو، اگر تم میں سے ایک شخص اُحد پہاڑ کے برابر سونا خرچ کرے تو ان میں سے کسی کے ایک سیر اور آدھے سیر جو کو نہیں پہنچے گا۔ (بخاری ومسلم)

۳ے قولہ فلا تعدل ...... پس صحبت کے برابر کسی چیز کو نہ جانو خواہ کوئی چیز ہو، یعنی پیغمبر خدا ﷺ کی صحبت کے کمال کے برابر کوئی کمال نہیں ہے، جو کمال بھی ہو، پس صحبت کا شرف ہر کمال سے بالاتر ہے ۱۲

....

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۱۰﴾ ☆ کاتب ...... فرشتہ ۱۲ ☆ شمال ...... جانب شمال ۱۲ ...... بائیں طرف ۱۲ ☆ چیزے ...... از گناہاں ۱۲ ...... گناہوں سے ۱۲ ☆ وِجدان ...... بالکسر دانستن ۱۲ ...... واؤ کے زیر سے جاننا ۱۲ ☆ کاتب یمین ...... فرشتہ جانب راست ۱۲ ...... دائیں طرف کا فرشتہ ۱۲ ☆ حسنہ ...... نیکی ۱۲ ☆ صحیفہء اعمال ...... نامہ اعمال ۱۲ ☆ لِمّ ...... دلیل وعلت ۱۲ ...... دلیل اور علت وسبب ۱۲ ☆ بوجود ...... نیات ۱۲ ...... نیت کی جمع ۱۲ ☆ بکتابت ...... بنوشتن ۱۲ ...... لکھنے سے ۱۲ ☆ اَحق ...... سزاوار تر ۱۲ ...... سب سے زیادہ حقدار ۱۲ ☆ می بیند ...... بجہت متہم داشتن نیات ۱۲ ...... نیتوں کو متہم رکھنے کی طرف سے ۱۲ ☆ درکاراست ...... درنوشتن بدیہا ۱۲ ...... برائیوں کے لکھنے میں ۱۲ ☆ مُعطّل ...... بے کار ۱۲ ☆ صُحُف ...... نامہائے ۱۲ ...... اعمال نامے ۱۲ ☆ آویزی ...... بیائے مجہول ۱۲ ...... یائے مجہول کے ساتھ ۱۲ ☆ دعاءِ ...... مبتداء ...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ موافق ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے ۱۲ ☆ اوست ...... فقیر ۱۲ ☆ فیوض ...... مبتدا ۱۲ ...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ فائض ...... ریزندہ ۱۲ ...... فیض دینے والا ۱۲ ☆ تائید ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے ۱۲ ☆ عُجب ...... خود بینی ۱۲ ...... غرور وتکبر ۱۲ ☆ تَرَفُّع ...... بلند جستن ۱۲ ...... بلندی، برتری، چاہنا ☆ ظرفا ...... زیرکان ودانایان ۱۲ ...... ذہین اور دانا لوگ ۱۲ ☆ باور ...... یقین ۱۲ ...... اعتماد ☆ سِرّ ...... راز ۱۲ ...... بھید ۱۲ ☆ سبب وجودِ متنافی ...... چنانکہ فرمود بلکہ ہمان بالا رفتن پایان تردیدن شدہ ۱۲ ...... یعنی جیسا کہ فرمایا: بلکہ اس کا اوپر جانا سب سے نیچے کو دیکھنے کا سبب ہوتا ہے ۱۲ ☆ لطائف ...... یعنی قلب، روح، سِرّ، خفی اور اخفیٰ ۱۲ ☆ آئندہا ......

Marfat.com

لطائف ١٢ ☆ بے حلاوت ...... بے شیرینی ١٢ ...... بے مٹھاس ١٢

﴿صہ ١١﴾ ☆ مرجوع ...... از برائے دعوت خلق حق جل وعلا ١٢ ...... مخلوق کو اللہ کی طرف دعوت دینے کیلئے ١٢ ☆ حلاوت ...... شیرینی ١٢ ...... مٹھاس ١٢ ☆ امتزاج ...... اختلاط ١٢ ...... ملاوٹ ١٢ ☆ أنَا ...... ضمیر متکلم یعنی من ١٢ ...... متکلم کی ضمیر ہے یعنی میں ١٢ ☆ رابطہ ...... حفظ صورت پیر ١٢ ...... پیر کی صورت وشکل کی حفاظت ١٢ ☆ تامہ ...... باشیخ خود ١٢ ...... اپنے مرشد کے ساتھ ١٢ ☆ غیبت ...... جسمی ١٢ ...... جسمانی دوری ١٢ ☆ موانع ...... از قرب جسدی ١٢ ...... جسمانی قرب سے ١٢ ☆ مربوط ...... وابستہ ١٢ ...... باندھا ہوا ١٢ ☆ قربِ قلوب ...... باپیغمبر ١٢ ...... پیغمبر کے ساتھ ١٢ ☆ بادنائے ...... باکمترین ١٢ ...... کمترین کے ساتھ ١٢ ☆ ذَہَب ...... زر ١٢ ...... سونا ١٢ ☆ مُدِّ شعیر ...... سیر جو ١٢ ...... ایک سیر جو ١٢ ☆ ایشان ...... صحابہ ١٢ ☆ فلا تعدل ...... یعنی اصحاب کرام علیہم الرضوان ١٢

....

دوسوتیئسواں مکتوب ﴿٢٢٣﴾

خواجہ جمال الدین حسین کولابی کی طرف صادر فرمایا ...... احوال وواقعات کو اپنے شیخ بزرگوار کی خدمت میں اظہار کی ترغیب کے بیان میں۔

برادرم خواجہ جمال الدین حسین نے ایک مدت سے اپنے احوال کی کیفیات سے مطلع نہیں کیا۔ کیا آپ نے نہیں سنا کہ مشائخ کبرویہ اس مرید کو جو تین دن تک اپنے احوال وواقعات شیخ کی خدمت میں پیش نہ کرے کفِ پائے (پاؤں کا تلوا، یا چپل) کہتے ہیں۔ خیر جو کچھ ہوا سو ہوا، آئندہ ایسا نہ کریں اور جو کچھ ظاہر ہوتا رہے اس کو لکھتے رہا کریں ...... مکرمی ومحترمی بھائی کے مبارک قدموں کو غنیمت سمجھ کر ان کی خدمت ودلجوئی کی کوشش کریں اور ان کی قیمتی صحبت کو بہت عزیز سمجھیں۔ ع۔ والسلام

دادیم ترا ز گنجِ مقصود نشان

(دے دیا پتہ تجھے گنجِ مقصود کا)

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ١١﴾ ☆ تحریض ...... برانگیختن ١٢ ...... ابھارنا، رغبت دلانا ١٢ ☆ مَضٰی مَا مَضٰی ...... گذشت آنچہ گذشت ١٢ ...... گذر گیا جو گذر گیا ١٢

....

دوسوچوبیسواں مکتوب ﴿٢٢٤﴾

Marfat.com

میر محمد نعمان بدخشی کی طرف صادر فرمایا......... آداب کی رعایت کے بیان میں اور آزار کے گمان کو دور کرنے میں کہ جس کا وہم ظاہر کیا تھا اور احتیاط کا امر کرنے میں اور تعلیم طریقت کی تاکید کے بارے میں اور فقر و تنگدستی کی سختی و نامرادی کو برداشت کرنے میں اور بعض نصائح و تنبیہات کے بیان میں جو ملا یار محمد قدیم کے مکتوب کی پشت پر لکھی تھیں۔

میرے سعادت مند بھائی! سیادت پناہ میر محمد نعمان کا مکتوب شریف موصول ہوا...... ان مقدمات کا مضمون جو آپ نے ترتیب دیا تھا اور ان شکوک کا مطلب جو آپ نے لکھا تھا واضح ہوا۔ بعض لوگ آپ کو ''اعقل زماں'' (زمانے کا عقلمند) کہتے ہیں۔ اس قسم کی باتوں کو درمیان میں لانا، اس شخص کے ساتھ جس سے مفر نہ ہو، کیا مناسب ہے۔ جبکہ اس سے قطع تعلق نہیں کر سکتے اور نہ جدائی اختیار کر سکتے ہیں۔ باوجود اس کے آپ یہ خیال نہ کریں کہ اس قسم کی باتوں سے فقیر کے دل میں کسی قسم کا غبار آیا ہو جس کا نتیجہ آزار ہو سکے چہ جائے کہ ناراضگی کی نوبت پہنچے .... آپ کی خوبیاں (ہماری) نظر میں ہیں اور آپ کی لغزشیں اعتبار سے ساقط ہیں۔ کسی طرح بھی اپنے دل کو پریشان نہ کریں۔ اور کسی وجہ سے بھی ہماری طرف سے ناراضگی کا تصور نہ کریں کیونکہ کسی وجہ سے بھی آزار واقع نہیں ہے۔ (یعنی ہم قطعاً ناراض نہیں ہیں) اور ناراضگی کیوں تصور کی جائے جبکہ ناراضگی کی کوئی وجہ ہی نہیں ہے۔ اور وہ امور جو بشریت کے تقاضے کی بنا پر سہو و نسیان کی وجہ سے واقع ہو جائیں وہ قابل مواخذہ نہیں ہیں .... آزار (ناراضگی) کا وہم دل سے دور کر کے طریقہ کی تعلیم اور طلبا کے افادہ میں سرگرم رہیں .... اور استخارہ کا حکم اس امر کی تاکید کے لئے ہے نہ کہ اس امر کی نفی کے لئے، کیونکہ جب شیطان لعین اور نفسِ بدترین اس مسکین کی گھات میں لگے ہوئے ہیں تو احتیاط اور تاکید کے علاوہ کوئی چارہ نہیں ہے کہیں مکر و حیلہ سے سیدھی راہ سے ہٹا دیں اور اپنی فریب کاریوں اور ڈھکوسلوں سے بری باتوں کو حسنات کی صورت میں ظاہر کریں۔

اور بزرگوں نے فرمایا ہے کہ دشمن لعین (شیطان) جب طاعت و نصیحت کے راستہ سے (انسان میں) داخل ہوتا ہے تو اس کا دفع کرنا بہت دشوار ہو جاتا ہے، لہذا ہمیشہ التجا و زاری کرتے رہنا چاہیے، اور حق سبحانہٗ و تعالیٰ سے شکستگی و زاری کے ساتھ طلب کرنی چاہیے، تاکہ اس راہ (طاعت و نصیحت) سے اس کو خرابی نہ پہنچے اور اس کا استدراج مطلوب نہ ہو۔ استقامت کا راستہ یہی ہے۔ جو سعادتِ ابدی کی طرف رہنمائی کرے۔

دوسری (نصیحت) یہ ہے کہ اس گروہ کا جمال فقر و نامرادی میں ہے اور اس میں حضرت سید کونین علیہ و علیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کی پیروی ہے۔ حضرت حق سبحانہٗ و تعالیٰ اپنے کمالِ کرم سے اپنے بندوں کے رزق کا خود کفیل (ذمہ دار) ہے اور ہم کو اور آپ کو اس فکر و تردد سے فارغ کر دیا ہے۔ جس قدر اشخاص زیادہ ہوں گے اسی قدر رزق بھی زیادہ ہوگا۔ آپ اپنی ہمت کو جمع کر کے حق تعالیٰ و تقدس کی مرضیات حاصل کرنے میں متوجہ رہیں اور اپنے متعلقین کے غم کو حق سبحانہ کے کرم کے حوالہ کر دیں۔ وَالْبَاقِیْ عِنْدَ التَّلَاقِیْ (باقی بوقتِ ملاقات)

بعض دوست جو اس طرف سے آئے ہیں انہوں نے اظہار کیا ہے کہ میر صاحب کے دل میں ابھی تک آزار کا وہم بیٹھا ہوا ہے اس وجہ سے تاکید اور مبالغہ کے ساتھ تحریر کیا جاتا ہے کہ ''آزار کا وہم دور کر دیں''۔

Marfat.com

دوسری بات یہ کہ جو مکتوب ملا یار محمد قدیم کو تحریر کیا گیا تھا اور اس میں نصائح و مواعظ درج تھے بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس مکتوب کے مضمون کو ان کی طبیعت نے قبول نہیں کیا کیونکہ انہوں نے اس کا جواب نہیں دیا، اور دعا سلام سے بھی اپنے آپ کو معاف رکھا، ان کی طبیعت نے اس کو قبول نہیں کیا، نہ کرے.......... وہ لوگ جو اس حقیر کے ساتھ نسبت رکھتے ہیں اگر ان کے غلط گمان اور خطاؤں کے مواد کو ان پر ظاہر نہ کروں اور حق کو باطل سے جدا نہ کروں تو اپنے فرائضِ منصبی سے کس طرح عہدہ برآ ہوسکتا ہوں۔ اور آخرت میں کیا منہ دکھاؤں گا۔ آپ ان سے یہ بات کہہ دیں ۔

من آنچہ شرطِ بلاغ است باتو می گویم — تو خواہ از سخنم پند گیر و خواہ ملال

(جو حق کہنے کا ہے کہتا ہوں تم سے — نصیحت اس سے پکڑو یا نہ پکڑو)

(ملا یار محمد) کو جاننا چاہیے کہ شیخ بننے اور حق جل وعلا کی طرف مخلوق کو دعوت دینے کا مقام بہت ہی عالی ہے۔ اَلشَّیْخُ فِیْ قَوْمِہٖ کَالنَّبِیِّ فِیْ اُمَّتِہٖ شیخ (کی حیثیت) اپنی قوم میں ایسی ہے جیسی نبی کی اپنی امت میں) آپ نے سنا ہوگا۔ ہر بے سروسامان کو اس عالی مقام سے کیا نسبت ہوسکتی ہے۔

ہر گدائے مردِ میداں کے شود — پشہ آخر سلیماں گے شود

(ہر گدا کب مردِ میداں بن سکے؟ — کب کوئی مچھر سلیماں بن سکے؟)

احوال و مقامات کا مفصل علم حاصل ہونا اور مشاہدات وتجلیات کی حقیقت کی معرفت اور کشفوں و الہامات کا حاصل ہونا اور واقعات کی تعبیرات کا ظاہر ہونا اس عالی مقام کے لوازمات میں سے ہے۔ وَبِدُوْنِھَا خَرْطُ الْقَتَادِ (اس کے علاوہ کانٹوں میں ہاتھ ڈالنا ہے)

خلاصہ کلام یہ ہے کہ اکابرِ طریقت قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم اپنے بعض مریدوں کو مقامِ شیخی تک پہنچنے سے پہلے کسی مصلحت کے پیش نظر ایک طرح کی اجازت دیدیتے ہیں اور ایک لحاظ سے تجویز فرماتے ہیں کہ وہ طالبوں کو طریقت کی تعلیم دیں اور ان کے احوال و واقعات سے مطلع رہیں۔.......... اس طرح کی تجویز میں شیخ مقتدا پر لازم ہے کہ ان ''مریدان مجاز'' (اجازت یافتہ مریدوں) کو اس کام میں بڑی احتیاط سے کام کرنے کا حکم کریں اور تاکید کے ساتھ غلط مقامات کی نشاندہی کریں اور بار بار ان کے نقص کی اطلاع دیتے رہیں اور مبالغہ کے ساتھ ان کے ناقص ہونے کو ظاہر کریں.......... اس صورت میں اگر شیخ اظہارِ حق میں سستی کرے گا تو یہ خیانت ہوگی اور اگر مرید کو یہ بات پسند نہ آئے تو وہ بدنصیب ہے، کیونکہ وہ نہیں جانتا کہ حق جل وعلا کی رضامندی شیخ کی رضامندی سے وابستہ ہے اور حق تعالیٰ کا غضب شیخ کے غضب پر موقوف ہے۔ اس پر کیا مصیبت ہے کہ وہ نہیں سمجھتا کہ ہم سے قطع تعلق کرنا اس کو کہاں تک پہنچا دے گا۔ اگر ہم سے قطع کرے گا تو اس کو کون ملا دے گا۔ حق سبحانہٗ تعالیٰ کی پناہ! اگر اس قسم کے خیالات اس کے دل میں آئیں تو فوراً توبہ کرے اور استغفار کرے اور حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی درگاہ میں التجا وزاری کرے کہ وہ اس بڑی مصیبت (شیخ سے اعراض) میں اس کو مبتلا نہ کرے اور اس خطرناک بلا و آزمائش

Marfat.com

میں اس کو گرفتار نہ کرے۔

اللہ تعالیٰ کی حمد اور اس کا احسان ہے کہ دوستوں کی اس لاپروائی اور اضطراب سے کسی قسم کا غبار اور آزار اس (فقیر) کے دل میں داخل نہیں ہوا۔ اس وجہ سے امیدوار ہے کہ تمام کاموں کا انجام بخیر ہوگا۔............اور باقی احوال واوضاع سعادتمند بھائی مولانا محمد صالح تفصیل کے ساتھ بیان کریں گے۔اور بعض شبہات کے مقامات کو ان سے دریافت کرلیں............اور سلام ہو اس شخص پر جس نے ہدایت کا راستہ اختیار کیا اور حضرت محمد مصطفٰے علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات اتمہا واکملہا کی متابعت کو لازم جانا۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۱۲﴾ ۱ آپ کو قدیم اس لئے کہتے ہیں کہ آپ کے بعد ایک اور یار محمد جو دفتر اول کے مکتوبات کے جامع ہیں، حضرت مجدد کے آستانے میں پہنچے، دوسرے کو جدید کہتے ہیں۔ آپ اپنے لقب کے مطابق حضرت مجدد قدس سرہ کے قدیم اصحاب میں سے ہیں شب بیدار اور روزے دار تھے الخ ۱۲

۲ فَحْوٰی وفحواء: فا پر زبر ہے اور آخر میں الف مقصورہ اور ممدودہ دونوں آئے ہیں، معنی مضمون اور معانی ۱۲

۳ قولہ کمین: بروزن نگین کمینگاہ یعنی دشمن یا شکار کو پکڑنے کے لئے چھپ کر بیٹھنا ۱۲

۴ تسویل: کام کا آراستہ کرنا، نیز شیطان کا گناہوں کو آراستہ کرنا لوگوں کے نفسوں میں اور سخن آرائی اور سوال کرنا اور چاہنا ۱۲

۵ تمویہ: بروزن تفویض بمعنی سونے کا ملمع کرنا، ارایش کرنا، اور مکر وفریب اور چاپلوسی کے معنی میں بھی آتا ہے ۱۲

۶ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا (اور نہیں کوئی جاندار زمین میں مگر اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے اس کا رزق) اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُوالْقُوَّةِ الْمَتِيْنِ (بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہی (سب کو) روزی دینے والا قوت والا (اور) زور والا ہے) وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ (اور آسمان میں ہے تمہارا رزق) ۱۲ لمصححہ رحمہ اللہ تعالیٰ

﴿صہ۱۳﴾ ۱ قولہ عہدہ...... کیونکہ شیخ پر مرید کا حق لازم وواجب ہے ۱۲

ب التعریب، شعر کا عربی شعر میں ترجمہ

وَمَا هُوَ شَرْطُ الْبَلَاغِ اَقُوْلُهٗ ۔۔۔ فَخُذْ مِنْهُ نُصْحًا خَالِصًا اَوْ مَلَالَةً

اور وہ جو پہنچانے کی شرط ہے میں وہ کہتا ہوں ۔۔۔ پس آپ اس سے خالص نصیحت حاصل کرو یا ملال ۱۲

۱ قال السیوطی فی الدرر المُنتثِرة: اسنده الدیلمی من حدیث ابی رافع و ذکوه ایضا فی الجامع الصغیر بلفظ اَلشَّيْخُ فِيْ اَهْلِهٖ كَالنَّبِيِّ فِيْ اُمَّتِهٖ و عزاه الی الخلیلی وابن النجار عن ابی رافع بلفظ الشَّيْخُ فِيْ بَيْتِهٖ كَالنَّبِيِّ فِيْ قَوْمِهٖ وعزاه الی ابن حبان فی الضعفاء والشیرازی فی القاب عن ابن عمر، رمزه السیوطی الی ضعفه لکن یؤیده (اَلْعُلَمَاءُ وَرَثَةُ الْاَنْبِيَاءِ) (عُلَمَاءُ اُمَّتِيْ كَاَنْبِيَاءِ بَنِيْ اِسْرَائِيْل) فقد اسرف من عده فی الموضوعات ۱۲

ترجمہ: امام سیوطی نے الدرر المنتثرہ میں فرمایا: دیلمی نے اسکو سند کے ساتھ ابو رافع سے روایت کیا ہے، نیز اسکو جامع صغیر میں ذکر کیا ہے ان لفظوں سے اَلشَّيْخُ فِيْ اَهْلِهٖ كَالنَّبِيِّ فِيْ اُمَّتِهٖ (شیخ اپنے اہل میں ایسے ہے جیسے نبی

Marfat.com

اپنی امت میں۔اورانہوں نے بیان کیا ہے کہ اس کو ابن خلیلی اور ابن نجار نے ابو رافع سے ان لفظوں سے روایت کیا ہے اَلشَّيْخُ فِیْ بَيْتِهٖ كَالنَّبِیِّ فِیْ قَوْمِهٖ (شیخ اپنے گھر میں ایسے ہوتا جیسے نبی اپنی قوم میں) اورانہوں نے بیان کیا ہے کہ اسکو ابن حبان نے ضعفاء میں اور شیرازی نے القاب میں ابن عمر سے روایت کیا ہے، امام سیوطی نے اس کے ضعف کا اشارہ کیا ہے، لیکن اسکی تائید کرتی ہیں یہ حدیثیں: اَلْعُلَمَاءُ وَرَثَةُ الْاَنْبِيَاءِ (علماء انبیاء کے وارث ہیں) عُلَمَاءُ اُمَّتِیْ كَاَنْبِيَاءِ بَنِیْ اِسْرَائِيْل (میری امت کے علماء بنی اسرائیل کے نبیوں کی طرح ہیں) پس جس نے اس کو موضوعات میں شمار کیا زیادتی کی ہے ١٢

٢ یعنی مذکورہ امور حاصل کرنے کے بغیر مقام شیخی کا دعویٰ کرنا درخت کی کانٹوں والی شاخ پر ہاتھ مارنے کی طرح ہے ١٢

ے قولہ سَخَط پہلے دونوں حرفوں پر زبر ہے اور خا نقطہ والی ہے، غصہ اور غضب، س کے پیش سے بھی آیا ہے ١٢

ے قولہ مُنْجَر، اسم فاعل از اِنْجِرَار بمعنی کھینچنے والا ١٢

....

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ١٢﴾ ☆مَظِنَّہ......بفتح وکسر ظائے معجمہ وتشدید نون، موضع گمان یعنی جائے گمان بردن ١٢ اغ......میم پر زبر اور ظا نقطہ والے کی زیر سے اور نون پر شد، ظن کی جگہ یعنی گمان لے جانے کی جگہ ١٢ اغ ☆ باکسیکہ......پیر خود ١٢......اپنے پیر ١٢ ☆قطع......از پیر ١٢......پیر سے ١٢ ☆ زَلّات......لغزشہائے ١٢......لغزشیں ١٢ ☆مشوّش......پریشان ١٢ ☆ آزار......ناخوشی ١٢......ناراضگی ١٢ ☆ موجب......سبب ١٢ ☆ منتفی......نیست شوندہ ١٢......نیست ہونیوالا ١٢ ☆ مواخذہ......گرفت ١٢......پکڑ ١٢ ☆لعین......ملعون ١٢......لعنتی ١٢ ☆ دشمن لعین......شیطان ١٢ ☆این مسکین......انسان ١٢......آدمی ١٢ ☆ ببرند......شیطان ونفس ١٢......شیطان اور نفس ١٢ ☆ سیئات......بدیہا ١٢......برائیاں ١٢ ☆ حسنات......نیکیاں ١٢......نیکیاں ١٢ ☆ وانمایند......ظاہر کنند ١٢......ظاہر کرتے ہیں ١٢ ☆ فرمودہ اند......اکابر طریقت ١٢......بڑے بزرگ ١٢ ☆ متعسر......دشوار ١٢......مشکل ١٢ ☆ ملتجی: پناہ آرندہ......پناہ لینے والا ١٢ ☆ مُتَضَرِّع......زاری کنندہ ١٢......عاجزی کرنیوالا ١٢ ☆ بشکستگی......دل ١٢......دل کی شکستگی ١٢ ☆ دیگر......نصیحت ١٢......دوسری نصیحت ١٢ ☆ این طائفہ......فقراء ١٢......بزرگان ١٢ ☆ مرضیات......خوشنودیہا ١٢......رضامندیاں ١٢ ☆ متعلقان......زن وفرزند ١٢......بیوی بچے ١٢

﴿صہ ١٣﴾ ☆ کتابتے مکتوبے ١٢......ایک مکتوب ١٢ ☆ کتابت......مکتوب ١٢ ☆ طبیعتش......یار محمد ١٢......یار محمد کی طبیعت ١٢ ☆ کہ......زیرا کہ ١٢......کیونکہ ١٢؟ ١٢ ☆ مَظَانّ: مواضع ظنِّ غلط ١٢......غلط گمانی کے مقامات ١٢......☆ اعلام بایشان......ان کو ١٢ ☆ چہ رونماید......حق را عزوجل ١٢......اللہ تعالیٰ کو ١٢ ☆ بدانکہ......ملا یار محمد ١٢......مولانا یار محمد ١٢ ☆ مقام شیخی......مبتدا ١٢......یہ مبتدا ہے ١٢ دعوت خلق: خواندہ ١٢ مخلوق کو اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دینا ١٢ ابس مقام: خبر ١٢ یہ خبر ہے ١٢ علم......مبتدا ١٢ یہ مبتدا ہے ١٢ ☆ ازلوازم......خبر ١٢......یہ خبر ہے ١٢ ☆ اکابر طریقت......بزرگان طریقت ١٢ ☆ پیش......قبل ١٢......پہلے ١٢ ☆ مواد......مواضع ١٢......مقامات ١٢ ☆ وانماید......ظاہر کند ١٢......ظاہر کرتا ہے ١٢ ☆ خائن......خیانت کنندہ ١٢......خیانت کرنے والا ١٢ ☆ بدآید......ناپسند ١٢ ☆ ولت......مرید ١٢......مرید کا دل ١٢ ☆ مگر......مرید ١٢......مگر مرید ١٢ ☆ نمیداند......ملا یار محمد ١٢......ملا یار محمد نہیں جانتے کہ ١٢ ☆ منوط......مُعَلَّق ١٢......لٹکا

Marfat.com

ہوا ۱۲ ☆ شیخ ......

پیر ۱۲...... مرشد ۱۲ ☆ مساہلہ ...... سستی ۱۲ ☆ مربوط ...... وابستہ ۱۲ ...... تعلق رکھنے والا ۱۲ ☆ بکہ ...... کدام کس ۱۲ ...... کون شخص ۱۲ ☆ ملتجی ...... پناہ گیرندہ ۱۲ ...... پناہ لینے والا ۱۲ ☆ متضرع ...... زاری کنندہ ۱۲ ...... عاجزی کرنیوالا ۱۲ ☆ باین ابتلائے ...... اعراض از شیخ خود ۱۲ ...... اپنے شیخ سے منہ موڑنا ۱۲ ☆ عواقب ...... انجام کارہا ۱۲ ...... کاموں کے انجام ۱۲

....

دوسو پچیسواں مکتوب (۲۲۵)

ملا طاہر لاہوری کی طرف صادر فرمایا ...... اس بیان میں کہ اس طریقہ عالیہ کی ابتدا میں وہ احوال میسر ہو جاتے ہیں جو دوسرے (طریقے والوں) کو نہایت (آخر) میں حاصل ہوتے ہیں لیکن ''اندراجِ نہایت و بدایت'' کے طریق پر جو کہ اس طریقہ عالی کے لوازمات میں سے ہے۔ ابتدا میں ایسے احوال ظاہر ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ اس صاحب احوال کو کامل اور مکمل قرار دیدیا جائے اور طریقہ سکھانے کی تعلیم کی اجازت دیدی جائے اور اس کے مناسب بیان میں۔

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی نَبِیِّہٖ وَنُسَلِّمُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہِ الۡکِرَامِ (ہم اللہ تعالیٰ کی حمد کرتے ہیں اور اس کے نبی پر درود بھیجتے ہیں اور آپ پر اور آپ کی بزرگ اولاد پر سلام بھیجتے ہیں) ...... آپ کے پے در پے بھیجے ہوئے گرامی نامے موصول ہوئے اور طالبوں کی گرما گرمی اور ان کا ذوق وشوق اور جمعیت کا حال معلوم ہو کر خوشی پر خوشی حاصل ہوئی ...... حاصل کلام یہ ہے کہ چونکہ اس طریقے کی ابتدا ہی میں اس کی انتہا درج ہے لہذا اس طریقہ عالیہ کے مبتدیوں کو شروع میں اس قسم کے احوال ظاہر ہوتے ہیں جن پر منتہی حضرات کے احوال کا شبہ ہوتا ہے۔ اس حیثیت سے دونوں قسم کے احوال کے درمیان سوائے اس عارف کے جس کی نظرِ بصیرت تیز ہو کوئی فرق محسوس نہیں کر سکتا ...... پس محض اعتماد کرتے ہوئے ان احوال پر جو احوال انہوں نے حاصل کر لئے ہیں ان کو طریقہ سکھانے کی اجازت نہیں دینی چاہیے کیونکہ ایسی صورت میں اس صاحبِ احوال کا نقصان اس کے طالبوں کے نقصان سے زیادہ ہے (اور اس بات کا) احتمال ہے کہ اس کا اپنے خیال کے مطابق کامل ہونا اس کی ترقی کو روک دیگا اور بہت ممکن ہے کہ جاہ و مرتبہ جو ''مقام ارشاد'' کے لوازمات سے ہے اس کو کسی مصیبت میں گرفتار کر دے کیونکہ اس کا نفسِ امارہ ابھی تک اپنے کفر پر قائم ہے اور اس کا تزکیہ نہیں ہوا ہے۔ خیر جو کچھ ہوا سو ہوا، جس جماعت کو آپ نے اجازت دی ہے اس کو نرمی اور محبت سے سمجھائیں کہ اس طرح کی اجازت کمال پر منحصر نہیں ہے ابھی بہت کام کرنا باقی ہے، اس قسم کے احوال جو شروع میں ظاہر ہوتے ہیں ''اندراج نہایت در بدایت'' (ابتدا میں انتہا درج ہونے) کی قسم سے ہیں۔ اور مناسب نصیحتیں جو ان کے مناسب حال ہوں اختیار کریں۔ اور ان کے نقائص سے ان کو مطلع کرتے رہیں ...... اب چونکہ آپ نے ان کو اجازت دیدی ہے اس لئے طریقہ کی تعلیم سے ان کو منع

Marfat.com

نہ کریں۔ ممکن ہے کہ آپ کی توجہ کی برکت سے ''مقامِ ارشاد'' کی حقیقت تک پہنچ جائیں .... دوسرے یہ کہ جب آپ نے اس عظیم القدر کام کو شروع کر دیا ہے تو مبارک ہو، اس کام میں بڑی سعی و کوشش کریں اور سرگرم رہیں تا کہ طالبوں کی زیادہ سے زیادہ ترقی کا باعث ہو۔ والسلام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۱۴﴾ قولہ ہنگامہ: لوگوں کا مجمع اور یہاں یہی مراد ہے، وقت اور ہنگام کے معنی میں بھی آتا ہے ۱۲

....

☆متن ...... بین السطور...... معانی

﴿صہ ۱۳﴾ ☆ طریقہ علیہ ...... یعنی طریقہ حضرات نقشبندیہ ۱۲ ...... یعنی سلسلہ نقشبندیہ ۱۲ ☆ دونوں احوال ...... احوال مبتدیان و احوال منتہیان ۱۲ ...... ابتدائی سالکوں کے حالات اور منتہی سالکوں کے حالات ۱۲ ☆ حِدّت ...... تیزی ۱۲ ☆ درین صورت ...... اجازت فرمودن مرآن صاحب احوال را ۱۲ ...... خاص طور پر ایسے احوال والے کو اجازت بیعت دینا ۱۲ ☆مُستر شِدان ...... طالبان براہ حق و مریدان ۱۲ ...... اللہ تعالیٰ کی راہ کے طالب اور مرید لوگ ۱۲ ☆ تخیُّل کمال نسبت بخود ۱۲ ...... اپنے بارے میں اپنی نسبت کمال کا خیال کرنا ۱۲ ☆ اورا ...... صاحب احوال ۱۲ ...... ایسے احوال والا ۱۲ ☆ اَمّارہ ...... نفس ۱۲ ...... نفس امارہ ۱۲ ☆ مَضٰی مَا مَضٰی ...... گذشت آنچہ گذشت ۱۲ ...... گذر گیا جو گذر گیا ۱۲ ☆ بملائمت ...... بنرمی ۱۲ ...... نرمی کے ساتھ ۱۲ ☆ وانند ...... حال شان ۱۲ ...... ان کا حال ۱۲ ☆ کاردازند ...... بعمل آزند ۱۲ ...... عمل میں لائیں ۱۲

....

دوسو چھبیسواں مکتوب ﴿۲۲۶﴾

اپنے برادر حقیقی میاں شیخ محمد مودود کی طرف تحریر فرمایا .... اس بیان میں کہ زندگی کی فرصت (مہلت) بہت کم ہے اور ہمیشہ کا عذاب اس پر مترتب ہے اور اس کے مناسب بیان میں۔

میرے محترم بھائی کا گرامی نامہ موصول ہو کر خوشی کا باعث ہوا۔ اے بھائی! وَفَّقَنَا اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَاِیَّاکَ (اللہ سبحانہٗ ہم کو اور تم کو (نیک اعمال کی) توفیق عطا فرمائے) زندگی کی فرصت بہت کم ہے (اگر زندگی خلافِ شریعت کاموں میں گذاری تو) اس پر ہمیشہ کا عذاب مترتب ہوگا بڑے افسوس کی بات ہے کہ کوئی شخص (زندگی کی) اس فرصت کو بے فائدہ کاموں کے حصول میں خرچ کر ڈالے اور دائمی تکالیف کو اپنے اوپر لازم کر لے .... اے بھائی! لوگ اطراف و جوانب سے اسباب دنیوی کو چھوڑ چھاڑ کر مور و ملخ (چیونٹی اور ٹڈی) کی طرح یہاں (سرہند) آ رہے ہیں اور تم ہو کہ گھر کی دولت کی قدر نہ جان کر اس کمینی دنیا کی طلب میں بڑے مزے کے ساتھ بھاگے پھر رہے ہو اور بڑے شوق کے ساتھ اس کے حصول میں لگے ہوئے ہو: اَلْحَیَاءُ شُعْبَةٌ مِّنَ

Marfat.com

اَلْاِیْـمَانِ (حیا ایمان کی شاخ ہے) یہ حدیث نبوی علیہ من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا ہے.........اے بھائی! اہل اللہ کا اس طریقہ پر اجتماع اور اس طرح لِلّٰہ فی اللہ کی (خالص اللہ کے لئے) جمعیت جو کہ آج کل سر ہند میں میسر ہے اگر تمام جہان کے چاروں طرف چکر لگاؤ تو بھی معلوم نہیں کہ اس دولت کا عشر عشیر (سواں حصہ) کہیں پا سکو، اور ذرا سا بھی اس ماجرے کا حال معلوم کر سکو، اور تم نے اس دولت کو مفت میں اپنے ہاتھ سے کھو دیا ہے، اور عمدہ قسم کے جواہرات کو چھوڑ کر بچوں کی طرح اخروٹ و منقّی پر کفایت کی ہے۔ مصرعہ

شرمت بادا ہزار شرمت بادا (شرم آئے تجھے ہزار بار آئے)

اے برادر! شاید (قضا و قدر اس کے بعد پھر کبھی فرصت نہ دیں، اگر دیں بھی تو اس قسم کا اجتماع قائم نہ رہے، اس وقت کیا علاج ہوگا اور کس طرح تدارک ہوگا اور کس چیز سے اس کی تلافی کر سکو گے تم نے خطا کی ہے اور غلط سمجھا ہے۔ مرغن اور شیریں لقموں پر فریفتہ نہ ہو جاؤ نفیس اور مزین لباسوں پر دھوکہ نہ کھاؤ کہ ان کے نتائج دنیا و آخرت میں حسرت و ندامت کے علاوہ کچھ نہیں، اپنے اہل و عیال کی رضا مندی حاصل کرنے کے لئے اپنے آپ کو مصیبت میں ڈالنا اور آخرت کا دائمی عذاب مول لینا عقل دور اندیش سے بہت دور ہے۔ حق سبحانہ وتعالیٰ تم کو عقل دے اور غفلت سے متنبہ کرے.........اے بھائی! دنیا بے وفائی میں ضرب المثل ہے اور دنیا دار کمینگی اور بخیلی میں مشہور ہیں۔ بڑے افسوس کی بات ہے کہ اپنی قیمتی عمر کو اس بے وفا اور کمینی دنیا کے پیچھے صرف کرے۔ مَا عَلَی الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلَاغُ (قاصد کا کام پیغام پہنچا دینا ہے) وَالسَّلَامُ

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۱۵﴾ لے یعنی حیا ایمان کی بڑی شاخ ہے، اس حدیث کو بخاری اور مسلم نے ابو ہریرہ ؓ سے روایت کیا ہے، اس سے مراد حیا ایمانی ہے جو آدمی کو برے فعل سے روکتا ہے شرعی ممانعت کے طور پر، نہ کہ نفسانی ممانعت جو بندے کو ملامت اور بدنام ہونے کے خوف سے ڈراتی ہے اس حیا کا ذکر خاص طور سے اس لئے کیا گیا ہے کہ وہ برائی سے بچنے کی طرف دعوت دیتی ہے، بے شک حیادار آدمی آخرت کی ذلت و رسوائی سے ڈرتا ہے تو وہ منع کی ہوئی چیزوں سے رکتا ہے اور کھیل تماشے سے باز رہتا ہے، اسی لئے کہا گیا ہے کہ حیا کی حقیقت یہ ہے کہ تیرا مولا تجھے ایسی جگہ نہ دیکھے جس سے تجھے اس نے منع کیا ہے ۱۲

ے جوز، جیم کے زیر سے فارسی گوز سے عربی میں جوز بنا ہے، گوز گاف پر زبر ہے بمعنی گردگان جس کو اردو میں اخروٹ کہتے ہیں، اور موز کا معنی منقّی ہے ۱۲

سے تدارک، را پر پیش ہے، کسی چیز کا دریافت کرنا جو ضائع ہو چکی ہو ۱۲

....

☆ متن.........بین السطور.........معانی

﴿صہ ۱۵﴾ ☆ متفرع.........مترتب ۱۲.........ترتیب دیا ہوا ۱۲ ☆ وَفَّقَنَا اللّٰہ.........یعنی خدائے پاک ما یان را توفیق مرضیات خود دہا ر ۱۲ یعنی اللہ سبحانہ ہم کو اور آپ کو نیک اعمال کی توفیق عطا فرمائے ۱۲ ☆ حیٰوۃ.........زندگانی ۱۲.........زندگی ۱۲ ☆ حیف.........ستم و جور ۱۲.........ظلم وستم ۱۲ ☆ لا طائل.........بے فائدہ ۱۲ ☆ آلام مخلّد ۱۲.........دردہائے دائمی ۱۲.........ہمیشہ کے درد ۱۲ ☆ دَنِیّہ

Marfat.com

کمینہ ۱۲ ☆ عُشرِ عشیر ......صدم حصہ ۱۲......سوواں حصہ ۱۲ ☆ شمہ ......اندک ۱۲......تھوڑا، کم ۱۲ ☆ ند ہند ......قضا وقدر ۱۲

تقدیر ۱۲ ☆ تلافی ......دریافتن وبدست آوردن ۱۲......دریافت کرنا اور ہاتھ میں لانا ۱۲ ☆ مزیّب ......مزین ۱۲

آراستہ کیا ہوا ۱۲ ☆ مَثَل بفتحتین داستان ۱۲......پہلے دوزبر، داستان، کہانی ۱۲ ☆ دناءت ......کمینگی ۱۲......گھٹیا پن ۱۲

☆ حیف ......ستم ۱۲......ظلم ۱۲

....

دوسوستائیسواں مکتوب ﴿۲۲۷﴾

ملا طاہر لاہوری کی طرف صادر فرمایا......بعض پند ونصائح کے بیان میں جو کہ شیخی اور تکمیل کے مقام سے تعلق رکھتے ہیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِهِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی (تمام تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے اور اس کے برگزیدہ بندوں پر سلام ہو)......مکتوب شریف موصول ہو کر خوشی کا باعث ہوا۔ دوستوں کی لذت و حلاوت کے بارے میں جو کچھ آپ نے تحریر کیا تھا بہت زیادہ خوشی کا باعث ہوا......

اے بھائی! حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے آپ کو یہ منصب عطا فرمایا ہے لہٰذا اس نعمتِ عظمیٰ کا شکر پوری طرح بجا لائیں اور اس بات کی احتیاط رکھیں کہ کوئی ایسا امر صادر نہ ہو جو مخلوقات کی نفرت کا باعث بنے اور وبالِ عظیم ہو (کیونکہ) مخلوق کی نفرت ملامتیہ جماعت کے حال کے مناسب ہے کہ وہ شیخی اور دعوت سے کوئی تعلق نہیں رکھتے، بلکہ ملامت کا مقام شیخی کے مقام کے خلاف ہے ایسا نہ ہو کہ ان دونوں مقاموں کو (آپس میں) خلط ملط کر دیں۔ اور عین شیخی میں ملامت کی آرزو کرنا بہت بڑے ظلم کی بات ہے......اور مریدوں کی نظروں میں اپنے آپ کو "متجمل" (آراستہ وپیراستہ) رکھیں اور مریدوں کے ساتھ بہت زیادہ شیر وشکر اور بے تکلف نہ ہوں کیونکہ یہ سبکی اور حقارت کا باعث ہے جو کہ "افادہ واستفادہ" (فائدہ پہنچانا اور فائدہ حاصل کرنا) دونوں کے منافی ہے اور حدود شرعیہ کی محافظت میں بہت زیادہ احتیاط رکھیں۔ جہاںتک ممکن ہو سکے رخصت پر عمل نہ کریں کہ یہ بھی طریقہ عالیہ کے منافی ہے اور روشن سنت کی متابعت کے دعوے کے مخالف ہے۔

ایک بزرگ نے فرمایا: رِیَاءُ الْعَارِفِیْنَ خَیْرٌ مِّنْ اِخْلَاصِ الْمُرِیْدِیْنَ (عارفوں کی ریا مریدوں کے اخلاص سے بہتر ہے)......کیونکہ عارفوں کی ریا (دکھاوا) طالبوں کے دلوں کو حق جل سلطانہٗ کی جناب میں کھینچنے کے لئے ہوتا ہے لہٰذا لازما (عارفوں کی ریا) مریدوں کے اخلاص سے بہتر ہوئی۔ اور اسی طرح عارفوں کے اعمال خاص طالبوں کے لئے اعمال کی بجا آوری میں تقلید کا باعث ہیں۔ اگر عارف خود عمل نہیں کریں گے۔ تو طالبین بھی محروم رہیں گے۔ لہٰذا عارف اس لئے (ریا) کرتے ہیں تا کہ طالبین ان کی اقتدا کریں۔ یہ ریا عین اخلاص ہے بلکہ اخلاص سے بھی بہتر ہے جو اپنے نفع کے لئے ہو......اس بات سے کوئی شخص یہ گمان نہ کر

Marfat.com

لے کہ عارفوں کا عمل صرف طالبوں کی تقلید کے لئے ہے اور عارفوں کو عمل کی ضرورت نہیں ہے۔ عِیَاذًا بِاللّٰہِ سُبْحَانَہٗ (اللہ سبحانہٗ کی پناہ) یہ بات خود عین الحاد و زندقہ ہے، بلکہ عارف اعمال کی بجا آوری میں تمام طالبوں کے ساتھ برابر ہیں، اور اعمال کی بجا آوری میں کوئی شخص بھی مستغنی نہیں ہے .... خلاصہ کلام یہ ہے بسا اوقات عارف کے اعمال میں طالبوں کا نفع بھی مدنظر ہوتا ہے جو ان کی تقلید پر مربوط ہے، اس اعتبار سے وہ اس کو ریا کا نام دیتے ہیں۔

غرض کہ اپنے قول و فعل میں بہت زیادہ محتاط رہیں کیونکہ اس زمانے میں اکثر لوگ فساد و ہنگامے کے درپے ہیں کوئی کام بھی ایسا سرزد نہ ہو جو اس مقام کے منافی ہو، اور جاہل لوگوں کو بزرگوں پر طعن کرنے کا موقع ہاتھ آئے، اور حضرت حق سبحانہٗ و تعالیٰ سے استقامت طلب کرتے رہیں .... دوسرے یہ کہ مشائخ کی نسبتوں کے حاصل کرنے کے بارے میں آپ نے لکھا تھا، اس کی وجہ کئی مرتبہ آپ سے بالمشافہ بیان ہو چکی ہے، اس کے علاوہ اور کچھ نہ سمجھیں کہ اس میں خیریت نہیں ہے زیادہ کیا تحریر کیا جائے۔ والسلام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۱۶﴾ لے جاننا چاہیے کہ ملامتیہ ایک ایسی جماعت ہوتی ہے جو اخلاص کے معنی کی رعایت کرنے میں بڑی سعی کرتے ہیں اور عبادات کو پوشیدہ رکھنے اور نیکیوں کو چھپانے میں مبالغہ کرنا واجب سمجھتے ہیں، یہاں تک کہ ایک منٹ بھی نیک اعمال سے خالی نہیں گزارتے، اور فضائل و نوافل کو جمع کرنے کو ضروری شمار کرتے ہیں، بعضے لوگ کہتے ہیں:

''ملامتی وہ ہے جو نیکی کو ظاہر نہ کرے اور برائی کو نہ چھپائے''

پس ملامتی مُخلِص ہیں لام کی زیر سے اور صوفیہ مُخلَص ہیں لام کی زبر سے۔ یہ خلاصہ ہے اس کا جو نفحات الانس میں ہے ۱۲

ے قولہ مَنصب، میم پر زبر ہے اور صاد بے نقطہ کے نیچے زیر ہے۔ اس کا معنی قائم ہونے کی جگہ ہے اور مجازی طور پر یہ رتبہ اور جلیل القدر عہدہ کے معنی میں آتا ہے۔ صاد کے زبر سے پڑھنا غلط ہے ۱۲

ے قولہ دو مقام: یعنی مقام ملامت اور مقام پیری اور ارشاد ۱۲

ے قولہ متجمل دارند: یعنی نبی ﷺ کی سیرت سے آراستہ، التجمل للاصحاب والوفود (صحابہ رضوان اللہ علیہم اور باہر سے آنے والے وفدوں کے لئے اچھا لباس زیب تن کرنا) ۱۲

ے قولہ اِفادہ: یعنی فائدہ دینا اور فائدہ پہنچانا شیخ و مرشد کا مریدوں اور طالبان حق تعالیٰ کو، اور قولہ استفادہ یعنی فائدہ حاصل کرنا مریدوں کا اپنے شیخ و مرشد سے ۱۲

ے شرح عقائد میں علامہ سعد الدین تفتازانی نے فرمایا: اور بندہ جب عاقل بالغ ہے ایسے مقام تک نہیں پہنچتا کہ اس سے امر اور نہی ساقط ہو جائیں ان خطابات کے عام ہونے کی وجہ سے جو تکالیف شرعیہ کے سلسلے میں وارد ہیں اور اسی پر مجتہدین کا اجماع ہے، اور بعض مباحین اس طرف گئے ہیں کہ بندہ جب غایت محبت کو پہنچ جاتا ہے اور اپنے دل کی صفائی تک پہنچ جاتا ہے اور بغیر نفاق کے ایمان کو کفر کے مقابلہ میں اختیار کر لیتا ہے تو اس سے امر و نہی ساقط ہو جاتے ہیں اور کبائر کے ارتکاب کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس کو جہنم میں داخل نہیں کرے گا اور ان میں سے بعض اس طرف گئے ہیں کہ اس سے عبادات ظاہرہ ساقط ہو جاتی ہیں اور اس کی عبادت تفکر ہوتا ہے اور یہ کفر اور ضلال (گمراہی) ہے، اس لئے کہ لوگوں میں سب سے زیادہ کامل محبت اور ایمان میں انبیاء ہیں خصوصاً حبیب اللہ ﷺ باوجودیکہ تکالیف شرعیہ

Marfat.com

انبیاء کے حق میں اتم واکمل ہیں اور بہرحال فرمان نبی علیہ السلام إِذَا أَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا لَمْ يَضُرُّهُ ذَنْبٌ (جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو اس کو کوئی گناہ مضر نہیں ہوتا) اس کے معنی یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ اسکی گناہوں سے حفاظت کرتا ہے تو اسکو گناہوں کا ضرر لاحق نہیں ہو پاتا شرح عقائد نسفی، مذکورہ حدیث ان لفظوں سے نہیں ملی ۱۲

﴿صہ ۱۷﴾ قولہ اَوان: الف پر زبر اور زیر دونوں طرح ہے اس کے معنی وقت اور ہنگام ہیں ۱۲

قولہ کارے، باید کہ کارے از شا بوقوع، چاہیے کہ کوئی کام بھی ایسا سرزد نہ ہو ۱۲

....

☆ متن ...... بین السطور...... معانی

﴿صہ ۱۶﴾ ☆ حلاوت ...... شیرینی ۱۲ ...... مٹھاس ۱۲ ☆ نفرت خلائق ...... از شا ۱۲ ...... آپ سے ۱۲ ☆ وبال ...... سختی وگرانی و عذاب ۱۲ ☆ مَلامتیہ ...... جماعۃ ۱۲ ...... ایک جماعت ہے ۱۲ ☆ شیخی ...... از شا ۱۲ ...... آپ سے ۱۲ ☆ دعوت ...... خلق بحق جل وعلا ۱۲ ...... اللہ تعالیٰ کی طرف مخلوق کو دعوت دینا ۱۲ ☆ نقیض ...... خلاف ۱۲ ...... اُلٹ ۱۲ ☆ خلط ...... آمیختن ۱۲ ...... ملنا ملانا ۱۲ ☆ ظلم عظیم است ...... برخود و بر مسترشدان ۱۲ ...... اپنے اوپر اور مریدین پر ۱۲ ☆ متجمل ...... یعنی خود را آراستہ نمایندہ ۱۲ ...... اپنے آپ کو سنوارنے والا اور آراستہ کرنے والا ۱۲ ☆ مسترشدان ...... طلب کنندگان راہ خدا ۱۲ ...... اللہ تعالیٰ کا راستہ طلب کرنے والے ۱۲ ☆ اِفراط ...... بالکسر از حدود گذشتن ۱۲ ...... الف کی زیر سے، حدوں سے تجاوز کرنا ۱۲ ☆ استخفاف ...... سبکی وحقارت ۱۲ ...... گھٹیا پن اور حقارت اختیار کرنا ۱۲ ☆ استخفاف ...... مرشار ۱۲ ...... خاص طور پر آپ کو ۱۲ ☆ رخصت ...... مقابل عزیمت ۱۲ ...... عزیمت کے مقابلے میں ۱۲ ☆ عزیزے ...... بزرگ ۱۲ ...... ایک بزرگ ۱۲ ...... ☆ رِيَاءُ الْعَارِفِيْنَ ...... ریاءِ عارفان بہتر است از اخلاصِ مریدان آ ...... عارفوں کی ریا مریدوں کے اخلاص سے بہتر ہے ۱۲ ☆ انجذاب ...... کشیدہ شدن ۱۲ ...... کھینچ جانا ۱۲ ☆ طُلَّاب ...... طالبان ۱۲ ...... خدا کے طالب ۱۲ ☆ اقتدا نمایند ۱۲ وبحق سبحانہ برسند ۱۲ ...... اللہ تعالیٰ تک پہنچیں ۱۲ ☆ اِلحاد ...... بالکسر، از دین برگشتن ۱۲ ...... الف کے نیچے زیر ہے، دین سے پھر جانا ۱۲ ☆ زندقہ ...... بے دین ومُلحد شدن واز راہ شرع سرپیچیدن ۱۲ ...... بے دین اور گمراہ ہونا اور شریعت کی راہ سے سر پھیرنا ۱۲ ☆ ہنگامہ طلب اند ...... طالانِ فتنہ وفساد ۱۲ ...... فتنہ وفساد برپا کرنے والے ۱۲ ☆ بالمشافہ ...... روبرو ۱۲ ...... سامنے ۱۲ ☆ ماورائے ...... سوائے ۱۲

....

دوسواٹھائیسواں مکتوب ﴿۲۲۸﴾

میر محمد نعمان کی طرف صادر فرمایا ...... بعض نصیحتوں کے بیان میں جو کہ مقام تکمیل اور تعلیم طریقت سے متعلق ہیں اور اس کے مناسب بیان میں۔

سیادت پناہ بھائی کا گرامی نامہ موصول ہو کر فرحت کا باعث ہوا ...... اے بھائی! آپ سے کئی دفعہ کہا گیا ہے کہ اس طریق کا دارومدار دو اصلوں پر ہے ...... ایک یہ کہ شریعت پر اس حد تک استقامت اختیار

Marfat.com

کرنا کہ اس چھوٹے سے چھوٹے آداب کے ترک پر بھی راضی نہ ہوں .... دوسرے یہ کہ شیخ طریقت کی محبت واخلاص اس طرح راسخ وثابت ہو جائے کہ اس (کے حکم) پر کسی قسم کے اعتراض کی ہرگز گنجائش نہ رہے، بلکہ اس (شیخ) کے تمام حرکات وسکنات مرید کی نظر میں پسندیدہ ومحبوب دکھائی دیں .... ان دواصلوں کے متعلق جوامور ہیں ان میں سے کسی امر میں بھی خلل واقع ہونے سے اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے۔ اور اگر اللہ سبحانہٗ کی عنایت سے یہ دونوں اصل درست ہوگئیں تو دنیا وآخرت کی سعادت ''نقد وقت'' ہے .... اور دوسری نصیحتیں اور وصیتیں بھی آپ کے گوش گذار کی جا چکی ہیں۔ ان کی بجا آوری میں احتیاط رکھیں اور بڑی عاجزی وزاری سے اپنی کوتاہیوں کی تلافی کرتے رہیں اور اس ذی الحجہ کے عشرہ میں ''ماہِ رمضان کے قضا اعتکاف'' کی نیت سے اعتکاف میں بیٹھیں جو رمضان میں آپ سے قضا ہو گیا تھا تاکہ اس نیت سے سنّت پر عمل کرنے کی سعادت حاصل ہو۔ اور اس عشرہ اعتکاف میں گریہ وزاری ''التجاو نیاز سے اپنی کوتاہیوں کی معافی طلب کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ فقیر بھی اس عشرہ میں (توجہ سے) تمہاری مدد کریگا۔

اجازت نامہ کی تحریر میں جو اسقدر مبالغہ اور اہتمام رکھتے ہیں۔ اس سے آپ کا کیا مقصد ہے آپ کو طریقہ کے تعلیم دینے کی جو اجازت دی گئی ہے اگر وہ کافی نہیں ہے تو اجازت نامہ کیا کام دے گا۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ جو کچھ دل میں خیال آجائے۔ اس کے لئے ضرور کوشش کی جائے۔ بہت سی ایسی باتیں دل میں گذرتی ہیں جن کا ترک کرنا انسب واولیٰ ہوتا ہے۔ نفس بڑا ضدی ہے جس کام کو بھی چاہتا ہے اس کو پورا کرنے کے درپے ہو جاتا ہے اور اس کے حق و باطل کا لحاظ نہیں کرتا .... یہ چند کلمات آپ کی خاطر لکھ دیئے گئے ہیں حضرت حق سبحانہٗ آپ کو نفع دے اپنے کام کی فکر خود کرنی چاہیے تاکہ (دنیا سے) ایمان سلامت لے جائیں ...... اجازت نامہ اور مرید کام نہیں آئیں گے۔ ہاں اپنے کام کے ضمن میں اگر کوئی شخص سچی طلب کے ساتھ آئے تو اس کو طریقت کی تعلیم دیدی جائے نہ یہ کہ تعلیم طریقت کو اپنا اصل کام (پیشہ) سمجھ لیں اور اپنا معاملہ اس کے تابع کر دیں کہ یہ سراسر ضرر اور خسارہ ہے۔

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ چوتھا حصّہ

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۱۷﴾ لے پس نبی ﷺ نے ایک سال اعتکاف نہ کیا تو آئندہ سال آپ نے اسکی قضا کی، یہ بات اس بنا پر ہے کہ اسکو ابوداود، ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے ۱۲

....

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۱۷﴾ ☆ ثبات ...... بفتحتین استواری وپابرجابودن ۱۲ ...... مضبوطی اور ایک جگہ پر پاؤں ہونا ۱۲ ☆ رسوخ ...... بفتح بمعنی قرار و قیام ۱۲ ...... سکون اور کھڑا ہونا ۱۲ ☆ اصل ...... قاعدہ وقانون ۱۲ ...... قاعدہ اور قانون ۱۲ ☆ آداب ...... مستحبات ۱۲ ☆ اصلاً ...... ہرگز ۱۲ ☆ مجال ...... جائے ۱۲ ...... جگہ، مقام ۱۲ ☆ تلافی ...... دریافتن وبدست آوردن ۱۲ ...... پانا اور ہاتھ میں لانا ۱۲ ☆ تقصیرات ...... خود ۱۲ ...... اپنی تقصیرات ۱۲ ☆ اِبرام ...... بالکسر، استوار کردن وبستوہ آوردن وملول کردن

Marfat.com

۱۲......مضبوط کرنا، تھکا دینا اور ملول کرنا ۱۲ ☆ لجوج......بفتح و بدو جیم، ستیزہ کنندہ ۱۲......لڑائی جھگڑا کرنے والا ۱۲

☆ بحقیقت...... ہمارے پاس موجودہ نسخہ میں ایسے ہی ہے، ظاہر یہ ہے کہ ایسے ہے (بحقیت) ☆ بانصرام...... بالکسر، بریدہ شدن و منقطع شدن و آخر شدن ۱۲......یعنی کاٹا ہوا ہونا، اور کٹا ہونا، اور آخر ہونا ۱۲ ☆ چند کلمہ......یعنی اجازت نامہ بجہت اصرار شما ۱۲......یعنی اجازت نامہ تمہارے اصرار کی وجہ سے ۱۲ ☆ خسران...... زیان ۱۲......نقصان ۱۲

....

دوسوانتیسواں مکتوب (۲۲۹)

میرزا حسام الدین احمد کی طرف صادر فرمایا......اس بیان میں کہ ہمارا طریقہ بالکل وہی ہے جو حضرت ایشاں (خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ) کا ہے اور ہماری نسبت بھی بالکل وہی ہے لیکن صناعت کا کامل ہونا اور نسبت کا تمام ہونا مختلف افکار کی آمیزش اور آراء کے پے در پے آنے پر موقوف ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلَامٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى (تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں اور اس کے برگزیدہ بندوں پر سلام ہو)......آپ کے گرامی نامے جو آپ نے اپنے مخلص مشتاق کے نام تحریر کئے تھے پے در پے موصول ہو کر فرحت کی زیادتی اور محبت کی کثرت کا باعث ہوئے، جَزَاكُمُ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ عَنَّا خَيْرَ الْجَزَاءِ (اللہ سبحانہٗ آپ کو ہماری طرف سے بہترین جزا عطا فرمائے)......مختصر یہ کہ بعض شبہات اور تردّدات جو آپ نے لکھے تھے ان کا جواب یہ ہے کہ ہمارا طریقہ بعینہٖ اُن حضرت (خواجہ باقی باللہ قدس اللہ تعالیٰ سرہ الاقدس) کا ہے اور نسبت بھی انہی کی نسبت شریفہ ہے۔ اس عالی طریق سے بڑھ کر اور کونسا طریقہ ہو سکتا ہے۔ اور اس نسبت عالی سے بڑھ کر اور کونسی نسبت اولیٰ و انسب ہے جس کو کوئی اختیار کرے......حاصل کلام یہ ہے کہ ہر صناعت (کاریگری) کی تکمیل اور ہر نسبت کی تتمیم (مکمل ہونا) مختلف افکار کی آمیزش اور انوار و آراء کے پے در پے وارد ہونے پر منحصر ہے۔ مثلاً علم نحو جو سیبویہ (امام علم صرف و نحو) کے زمانے میں تھا اب متاخرین کے افکار کے ملنے کی وجہ سے دو سو گنا زیادہ ہو گیا اور بہت کامل و واضح ہو گیا، اس کے باوجود وہی سیبویہ کی نحو ہے جس میں متاخرین کے افکار نے اس کی آراستگی و پیراستگی کے علاوہ کوئی مزید اضافہ نہیں کیا۔

شیخ علاؤ الدولہ قدس سرہ کا مقولہ آپ کے مبارک کانوں تک پہنچا ہو گا کہ "جسقدر ذرائع زیادہ ہوں گے اسی قدر راستہ نزدیک تر اور روشن تر ہو گا"......اس نسبتِ عالیہ پر اس قسم کی زیادتی نے جو اس کی آراستگی و پیراستگی کی وجہ سے پیدا ہو گئی ہے بہت لوگوں کو (بدگمانیوں میں ڈال دیا ہے (ورنہ) حقیقت معاملہ صرف اتنا ہی ہے جو بے تکلف و بے تصنع ظاہر کر دیا گیا ہے......آپ اس فقیر کے رسائل و مکتوبات کو ملاحظہ فرمائیں کہ جن میں اس طریق کو اصحاب کرام علیہم الرضوان کا طریقہ ثابت کیا ہے اور تمام نسبتوں پر اس نسبت کی فوقیت کو مدلل بیان کیا ہے۔ اور اس طریق عالی اور اس کے اکابرین کی تعریف اور مدح ایسے طریقے پر کی ہے کہ اس بزرگ خانوادہ

Marfat.com

کے خلفاء میں سے کسی کو بھی اس کا عشر عشیر (سواں حصہ) بیان کرنے کی توفیق نہیں ہوئی .... اور نیز یہ فقیر اپنے روزمرہ کی نشست و برخاست میں اس طریقہ کے آداب ولوازمات کی رعایت پوری طرح کرتا ہے اور سرِ مو بھی اس کی مخالفت یا انحراف کو پسند نہیں کرتا .... تعجب ہے کہ یہ تمام خوبیاں آپ کی نظر سے پوشیدہ رہیں۔ اور اگر بالفرض پریشانی کے دنوں میں بعض دوستوں سے کلمہ وکلام میں غیر مناسب باتیں واقع ہوگئی ہوں اور آپ کی نظر میں آئی ہوں تو اس سے زیادہ تعجب یہ ہے کہ آپ ایسی باتوں کا یقین کر لیتے ہیں اور صرف سننے پر آپے سے باہر ہو جاتے ہیں۔ اگر حسنِ ظن ہے تو کیا اسی جماعت کے ساتھ مخصوص ہے شاید ہم حُسنِ ظن کے قابل نہیں ہیں .... مختصر یہ کہ اگر صرف کہنے سننے پر ہی دارومدار ہے تو پھر چغلخور نکتہ چینوں سے کبھی نجات متصور نہیں کی جا سکتی۔ اور ان سے اخلاص کی بھی توقع نہیں (بہتر یہ ہے کہ آپ) گفت وشنید کو ترک کر کے گذری ہوئی باتوں کو بھول جائیں تاکہ اخلاص پیدا ہو اور پرانی کلفت رفع ہو جائے۔

اور آپ نے لکھا تھا کہ حضرات پیرزادگان کی تربیت کا وقت آ گیا ہے اور گزر رہا ہے لہٰذا حضرت ایشاں (خواجہ باقی باللہ) قدس سرہٗ کی وصیت یاد دلائی جاتی ہے .... میرے مخدوم ومکرم اس میں خادموں کے لئے سعادت ہے کہ مخدوم زادوں کی خدمت کو اپنے اوپر فائز کر لیں۔ لیکن اس مدت میں موانع معلومہ (جو رکاوٹیں معلوم ہیں) کی وجہ سے اس ظاہری خدمت سے معذور رہا اور وصیّت عالیہ کے ظہور کے وقت کا انتظار کرتا رہا۔ اب اگر آپ سمجھتے ہیں کہ کوئی موانع (رکاوٹ) نہیں ہے اور گفت وشنید کی راہ بند ہوگئی ہے تو حکم فرمائیں کہ (فقیر) چند روز کے لیے حاضر ہو کر اس خدمت میں مشغول ہو جائے۔ اگرچہ غور سے ملاحظہ فرمائیں تو فقیر سمجھتا ہے کہ اس کام کی بجا آوری میں صرف وصیت کے بجا لانے کا حکم ہے ورنہ آپ کی ظاہری وباطنی تربیت ان کے لئے کافی ہے کسی دوسرے کی حاجت نہیں۔

دوسرے یہ کہ برادرم مولانا عبداللطیف فرماتے تھے کہ میاں محمد قلیج نے بڑے مخدوم زادے کی ظاہری تعلیم و تربیت اپنے ذمہ لے لی ہے اور آپ نے بھی اس تجویز کو پسند فرمایا ہے .... یہ بات سن کر بہت تعجب ہوا۔ اگر وہ اپنی نارسائی کی وجہ سے کوئی خیال کریں تو اور بات ہے لیکن آپ اس تجویز کو (کس طرح) پسند کرتے ہیں۔ مجھے اس بات کا ڈر ہے کہ کہیں محمد قلیج خان کا یہ آزار دوسری جگہ (مخدوم زادے میں) سرایت نہ کر جائے۔ والسلام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۱۸﴾ ا آن جناب حضرت خواجہ باقی باللہ کے خاص اصحاب اور جلیل القدر احباب میں سے ہیں آپ کے والد ماجد بزرگوار قاضی نظام الدین بدخشانی تھے مرزا حسام الدین کچھ عرصے تک امارت وجاہ کے تقید میں پھنسے رہے یہاں تک کہ جب آپ حضرت باقی باللہ قدس سرہ کی صحبت شریف سے مشرف ہوئے اور ان پر جذبہ الٰہی کا غلبہ ہوا تو انہوں نے جاہ وحشمت چھوڑ کر ابراہیم ادھم کی طرح ٹاٹ پلاس پہنا اور مال ومنال اور جاہ وجلال سب کو خیرباد کہا اور فقر کا خزانہ اختیار کیا اور رازِ کار و مراقبات کی تعلیم حاصل کی، حضرت خواجہ باقی باللہ کی مرض موت میں خواجہ کے خاص فیض یافتگان میں سے سوائے مرزا حسام الدین کے کوئی دوسرا حاضر نہیں تھا، تیمارداری کی خدمات خوب انجام دیں تجہیز وتکفین اور

Marfat.com

تدفین کی خدمات بھی آپ ہی نے انجام دیں اور پیر بزرگوار کے بعد وہاں خانقاہ کا انتظام اور اپنے پیرزادوں اور پیر بھائیوں کی خدمت میں بھی بہت مصروف رہا کرتے تھے، حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ نے ایک مکتوب میں اس خدمت کا شکریہ ادا کیا ۱۲ از بدۃ المقامات

۲ قولہ تلاحق یعنی اہل فن وصناعت کے افکار کا ایک دوسرے سے ملنا وقولہ تعاقب یعنی لوگوں کے انوار وآراء کا ایک دوسرے کے پیچھے آنا ۱۲

۳ شیخ علاء الدولہ قدس سرہ کے مختصر حالات مکتوب نمبر ایک دفتر اول کے حاشیہ میں تحریر کئے گئے ہیں وہاں سے مطالعہ کرنا چاہیے ۱۲

۴ مشاطگی وتزئین: دونوں کے معنی زینت وزیبائش دینا اور آراستہ کرنا ہیں ۱۲ المصحح رحمۃ اللہ

﴿صہ ۱۹﴾ ۱ قولہ کلفت: پہلے دونوں حرفوں پر پیش ہے اور فا پر جزم اسکے بعد تا دو نقطہ والی اس کے معنی گندہ، سخت، کھردرا، ناہموار اور کاف پر پیش اور فا پر زبر ہو تو اس کے معنی کدورت اور رنج واندوہ ہیں، یہ معنی عربی میں ہیں اور یہاں یہی دوسرے معنی مراد ہیں ۱۲

ب پیرزادگان: یعنی فرزندانِ گرامی قدر حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ ۱۲

....

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۱۹﴾ ☆ افراط ...... ازدیاد ۱۲ ...... زیادہ ہونا بڑھنا ۱۲ ☆ حضرت ایشاں ...... خواجہ باقی باللہ قدس سرہ ۱۲ ☆ آں را ...... غیر ایں طریق عالی را ۱۲ ...... یعنی اس طریقہ عالیہ نقشبندیہ کے علاوہ ۱۲ ☆ نحوے ...... علم نحو ۱۲ ☆ سیبویہ ...... امام علم صرف ونحو ۱۲ ☆ صناعت ...... بکسر اول پیشہ وکار ۱۲ ...... صاد کے زیر سے، پیشہ اور کام ۱۲ ☆ تزئین ...... تفسیر ۱۲ ...... یہ پہلے حرف کی تفسیر ہے ۱۲ ☆ وسائط ...... ذرائع ۱۲ ...... ذریعے ۱۲ ☆ تخیلات ...... فاسدہ ۱۲ ...... برے خیالات ۱۲ ☆ عُشرِ عشیر ...... صدم حصہ ۱۲ ...... سوواں حصہ ۱۲ ☆ مُوَفَّق ...... توفیق دادہ شدہ ۱۲ ...... جس کو توفیق دی گئی ہو ۱۲ ☆ مستور ...... پوشیدہ ۱۲ ☆ واگر شرط ۱۲ ...... یہ شرط ہے ۱۲ ☆ عجب ...... جزا ۱۲ ...... یہ جزا ہے ۱۲ ☆ باور ...... یقین ۱۲ ☆ بہ مجرد شنیدن ...... یعنی پے بردن حقیقت کار ۱۲ ...... کام کی اصل کو بار بار لانا ☆ حضرتِ ایشان ...... خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ ۱۲ ...... کہ این فقیر نمودہ بودند ۱۲ ...... کہ اس فقیر (مجدد) کو کی تھی ۱۲ ☆ چون ...... چگونہ ۱۲ ...... کیونکہ، کس طرح ۱۲ ☆ مسدود ...... بند ۱۲ ...... بند ☆ کا نیست ...... این فقیر ۱۲ ...... اس فقیر کو ۱۲ ☆ والا ...... ورنہ ☆ ایشان ...... شما ۱۲ ...... آپ ۱۲ ☆ این امر را ...... اس امر کو ۱۲

....

﴿دوسوتیسواں مکتوب ۲۳۰﴾

شیخ یوسف برکی کی طرف صادر فرمایا ...... بلند ہمتی کے بارے میں اور جو کچھ حاصل ہو جائے اس پر اکتفا نہ کرنا بلکہ جو کچھ مشہود ومعلوم ہو جائے اس کی نفی کرنا اور اس معبود بے چون وبے چگون کا اثبات کرنا ہے جو دید ودانش

Marfat.com

سے ماوراہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی (تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں اور اس کے برگزیدہ بندوں پر سلام ہو......... آپ کے احوالِ گرامی کا تھوڑا سا تذکرہ آپ کی اجازت کے مطابق میاں بابو نے بیان کیا اور اس کی حقیقت دریافت کی۔ اس لئے یہ چند فقرے تحریر کئے جاتے ہیں۔

میرے مخدوم! اس قسم کے احوال ابتدائی مراتب میں اس راہِ سلوک کے مبتدیوں کو بہت پیش آتے ہیں ان میں سے کسی کا اعتبار نہ کریں۔ بلکہ نفی کرتے رہیں، وصل کہاں اور نہایت کدھر، شعر

کَیْفَ الْوُصُوْلُ اِلٰی سُعَادَ وَدُوْنَهَا　　قُلَلُ الْجِبَالِ وَدُوْنَهُنَّ خُیُوْفُ

(کس طرح جاؤں درِ محبوب تک　　درمیاں ہیں پُرخطر کوہ اور غار)

اللہ تعالیٰ کی ذات بے چون و بے چگون (بے مثل و بے کیف) ہے، اور جو کچھ دید و دانش اور شہود و مکاشفہ میں آتا ہے وہ اس کا غیر ہے، وہ سبحانہٗ وتعالیٰ وراء الوراء ہے......... اس راہ میں نادان بچوں کے مانند جوز و مویز (اخروٹ و منقیٰ) پر ہرگز فریفتہ نہ ہو جائیں اور نہایت کے وصول پر مغرور نہ ہوں۔ اور اپنے واقعات و احوال کو ناقص مشائخ کے سامنے ظاہر نہ کریں کیونکہ وہ اپنے (علم و وجدان) کے حصول کے مطابق کم کو زیادہ سمجھتے ہیں اور ابتدا کو انتہا شمار کر لیتے ہیں جس کی وجہ سے باہمت طالب اپنے کمال کے زعم میں گرفتار (پھنس) ہو جاتا ہے اور اس کی طلب کی راہ میں فتور آ جاتا ہے......... شیخ کامل کی تلاش کرنی چاہیے اور اپنے باطنی امراض کا علاج اس سے کرانا چاہیے۔ اور جب تک شیخ کامل تک رسائی نہ ہو اپنے احوال کو کلمہ ''لا'' کے تحت لا کر نفی کرنی چاہیے اور معبود برحق کا جو کہ بے چون و بے چگون ہے اثبات کرنا چاہیے......... حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہ نے فرمایا ہے کہ ''جو کچھ دیکھا سنا اور جانا گیا وہ سب اس کا غیر ہے اور لا (لا الہ) کے کلمہ کی حقیقت سے اس کی نفی کرنی چاہیے''......... اس کے علاوہ آئندہ جو کچھ بھی ظاہر ہو اس کی بھی نفی کریں کہ وہ حق تعالیٰ وراء الوراء ہے۔ اور اثبات کی جانب میں ایک کلمہ مستثنیٰ (یعنی اللہ) کے تکلم کے سوا کچھ ہاتھ میں نہ ہو۔ اس طریقت کے اکابرین کا یہی طریقہ ہے۔ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی وَالْتَزَمَ مُتَابَعَةَ الْمُصْطَفٰی عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهِ الصَّلَوٰاتُ وَالتَّسْلِیْمَاتُ اَتَمُّهَا وَاَکْمَلُهَا (سلام ہو اس شخص پر جس نے ہدایت کی پیروی کی اور حضرت محمد مصطفٰی علیہ وعلی الہ الصلوات والتسلیمات اتمہا واکملہا کی پیروی کو اپنے اوپر لازم کیا)

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۱۹﴾ پہلے آپ ایک بزرگ سے متعلق ہوئے اور ان کی صحبت میں رہے تھے اور ان سے توحید صوری حاصل کی پھر آپ کو وقائع میں اس آستانے (سرہند شریف) کی طرف رہبری حاصل ہوئی، آپ نے پہلے ایک عریضے میں ایک صاحب کے ذریعے اپنے احوال پیش کئے، حضرت مجدد قدس سرہ نے جواب میں تحریر فرمایا کہ ایسے احوال شروع شروع میں مبتدیوں کو بہت پیش آتے ہیں ان کا اعتبار نہ کریں۔

آپ نے بلند ہمت اور اعلیٰ احوال کے لئے ترغیب دلائی (چنانچہ) آپ پوری نیاز مندی اور شوق کی پیاس اور ولولہ

Marfat.com

محبت کے ساتھ اور جو کچھ کہ پہلے حاصل ہوا تھا اس سے خالی ہو کر حضرت مجدد قدس سرہٗ کی خدمت عالیہ میں حاضر ہوئے اور کچھ وقت گذارا اور پھر صحیح نصیحتیں حاصل کر کے اجازت (تعلیم طریقت) کی پائی اور جالندر میں اقامت پذیر ہوئے، تھوڑے تھوڑے وقفے میں آپ آستانہ عالیہ میں حاضر ہوتے رہتے تھے ۱۲ از بدۃ المقامات مُصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

﴿صہ ۲۰﴾ لے اوائل اقدام...... اس راہ کی ابتداء میں چلنا ۱۲

لے قولہ کیف الوصول...... جاننا چاہیے کہ اس شعر کی شرح بقدر ضرورت مکتوب نمبر ۱۰ جلد اول میں تحریر ہوئی ہے وہاں سے ملاحظہ کرنا چاہیے ۱۲

....

☆ متن...... بین السطور...... معانی

﴿صہ ۲۰﴾ ☆ شمہ...... اندک ۱۲...... تھوڑا ۱۲ ☆ کو...... کجا ۱۲...... کہاں ۱۲ ☆ زنہار...... ہرگز ۱۲ ☆ بجوز...... اخروٹ ۱۲ ☆ مویز...... منقی ۱۲ ☆ رنگ...... مانند ۱۲...... مثل ۱۲ ☆ طفلان گول...... نادان واحمق ۱۲ ☆ یافت...... علم ووجدان ۱۲ ☆ زعم...... خیال ۱۲ ☆ فتور...... سستی ۱۲ ☆ کمال می افتد...... یعنی خودرا کامل می شمرد ۱۲...... یعنی اپنے آپ کو کامل شمار کیا ۱۲

☆ نرسید...... بصیغہ خطاب ۱۲...... مخاطب کے صیغہ سے ۱۲ ☆ لا...... کلمہ ۱۲...... کلمہ لا ۱۲...... یعنی لَا اِلٰہ ۱۲ ☆ تکلم...... تلفظ ۱۲...... زبان سے بولنا ۱۲ ☆ مستغنٰی...... اللہ ۱۲

....

دوسو اکتیسواں مکتوب ﴿۲۳۱﴾

میر محمد نعمان کی طرف صادر فرمایا...... ان سوالات کے جواب میں جو آپ سے کئے گئے تھے، اور دریافت کیا تھا کہ حصول اور وصول کے درمیان کیا فرق ہے اور وہ اسماء جو انبیا علیہم الصلوٰت والتسلیمات کے تعینات کے مبادی ہیں وہ اولیاء کے تعینات کے مبادی ہیں یا نہیں، اور اگر ہیں تو ان میں کیا فرق ہے۔ اور یہ بھی دریافت کیا تھا کہ (مشائخ نقشبندیہ) ذکر جہر سے منع کرتے ہیں کہ یہ بدعت ہے، حالانکہ اس سے ذوق وشوق پیدا ہوتا ہے اور دوسری چیزیں جو آنحضرت علیہ علیٰ الصلوٰۃ والسلام کے زمانے میں نہ تھیں مثلاً لباس فرجی، شال اور شلوار وغیرہ سے کیوں نہیں منع کرتے۔

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی نَبِیِّهٖ وَنُسَلِّمُ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهِ الْکِرَامِ (ہم اللہ تعالیٰ کی حمد کرتے ہیں اور اس کے نبی پر درود بھیجتے ہیں اور آپ ﷺ پر اور آپ کی بزرگ اولاد پر سلام بھیجتے ہیں...... آپ کے دو مکتوب شریف پے در پے موصول ہوئے۔ پہلا مکتوب شورش و اضطراب کی خبر دیتا تھا۔ لیکن دوسرا مکتوب نرم وہموار اور شوق وسرگرمی کی خبر دیتا تھا...... اے محبت کے نشان والے! میر سعد الدین نے روانگی کے وقت (آپ کے خط کا) جواب طلب کیا، (فقیر کا) دماغ اس وقت غیر حاضر اور مقبوض (بند) تھا کہ اپنے ہاتھ سے خط بھی نہ لکھ سکتا تھا (چنانچہ) مولانا یار محمد جدید سے لکھنے کے لئے کہا ہے۔ دماغی غیر حاضری کے وقت میں اگر کوئی نامناسب کلمہ لکھا گیا ہو تو معذور سمجھیں...... آپ کو چاہیے کہ معمولی بات پر نہ بگڑ جائیں اور معاملہ کو درہم

Marfat.com

برہم نہ کردیں۔ حق سبحانہٗ وتعالیٰ ایسا نہ کرے کہ کوئی دل شکنی کا سبب پیدا ہو، یا رنجش اور روگردانی کے باعث کچھ لکھا جائے۔ ہاں اگر نصیحت کے طور پر کوئی بات لکھی جائے تو اس سے خوش ہونا چاہیے۔

آپ کے دوسرے مکتوب سے بہت زیادہ خوشی حاصل ہوئی۔ چستی و تیزی ہر کام میں درکار ہے۔ سستی اور افسردگی دشمنوں کو نصیب ہو۔ آپ نے لکھا تھا کہ ''حصول اور وصول کے درمیان جو فرق ہے اس کو سمجھ نہیں سکا''......... اے بھائی! ''حصول''، باوجود دوری کے متصور ہے اور ''وصول''، مشکل و دشوار ہے جیسا کہ عنقا کو ایک مخصوص صورت کے ساتھ تصور کیا جا سکتا ہے تو کہہ سکتے ہیں کہ عنقا ہماری قوتِ مدرکہ میں حاصل ہے لیکن عنقا تک پہنچنا ثابت نہیں ہے۔ کیونکہ ظلّیت جو کہ کسی چیز کے مرتبہ ثانی میں ظہور سے مراد ہے اس چیز کے حصول کے منافی نہیں ہے۔ لیکن اس چیز کا وصول ظلیت کی تاب نہیں لا سکتا، لہٰذا ان دونوں کے درمیان فرق معلوم ہو گیا۔

اور آپ نے یہ بھی دریافت کیا تھا کہ وہ اسماء جو انبیا علیہم الصلوات والتسلیمات کے تعینات کے مبادی ہیں وہی اسماء اولیاء کے تعینات کے بھی مبادی ہیں، یا ایسا نہیں ہے، اور اگر ہیں تو کیا فرق ہے؟......... اے عزیز! انبیا علیہم الصلوات والتسلیمات کے مبادی ان اسماء کے کلیات ہیں، اور اولیاء کے تعینات کے مبادی ان اسماء کی جزئیات ہیں جو ان کی کلیات کے تحت درج ہیں۔ اور ان اسماء کی جزئیات سے مراد وہی اسماء ہیں جو ان کی قیود میں سے کسی قید کے ساتھ ماخوذ ہیں۔ جیسے کہ کسی شے کے ساتھ ارادہ بے قید اور ارادہ مقید ہوتا ہے، اور چونکہ اولیاء کو انبیا علیہم الصلوات والتسلیمات کی پیروی کی وجہ سے ترقی ہوتی ہے اس لئے وہ اس قید کو دور کر کے مطلق کے ساتھ ملحق ہو جاتے ہیں۔ اس فقیر نے اس فرق کو بعض مکاتیب میں تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے وہاں ملاحظہ کر لیں۔

نیز آپ نے دریافت کیا تھا کہ (اکابر نقشبندیہ) ذکر جہر سے منع کرتے ہیں کہ یہ بدعت ہے حالانکہ اس سے ذوق و شوق پیدا ہوتا ہے، اور دوسری چیزوں سے جو کہ آنحضرت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کے زمانے میں نہیں تھیں۔ مثلاً لباسِ فرجی، شال اور شلوار سے منع نہیں کرتے .... میرے مخدوم! آنحضرت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کا عمل دو قسم کا ہے: ایک عبادت کے طریقہ پر ہے اور دوسرا عرف و عادت کے طور پر، وہ عمل جو عبادت کے طریقے پر ہے اس کے خلاف کرنا بدعتِ منکرہ جانتا ہوں اور اس کے منع کرنے میں مبالغہ کرتا ہوں کہ یہ دین میں نئی نئی باتیں پیدا کرنا ہے اور وہ مردود ہے......... وہ عمل جو عرف و عادت کے طور پر ہے اس کے خلاف کرنا بدعت منکرہ نہیں جانتا اور اس کے منع کرنے سے مبالغہ نہیں کرتا کیونکہ اس کا تعلق دین سے نہیں اور اس کا ہونا نہ ہونا عرف و عادت پر موقوف ہے نہ کہ دین وملت پر۔ جس طرح کہ بعض شہروں کا عرف دوسرے شہروں کے عرف کے خلاف ہے اسی طرح ایک شہر میں زمانے کے تفاوت کے اعتبار کی وجہ سے عرف میں تفاوت ظاہر ہے۔ البتہ عادی سنت کی رعایت بھی بہت سے فائدوں اور سعادتوں کا باعث ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو حضرت سید المرسلین علیہ وعلیہم وعلیٰ تابعی کل من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا کی متابعت پر ثابت قدم رکھے۔

Marfat.com

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۲۱﴾ لے قولہ فرق چیست: انبیاء واولیاء کے مبادی تعینات میں کیا فرق ہے؟

۲ فرجی: فا پر زبر ہے اور جیم عربی ہے، بے بند قبا کی ایک قسم ہے جو سامنے سے کھلی ہوتی ہے، بعضے لوگ گریبان بند کرنے والی گھنڈی (یا بٹن) لگاتے ہیں اور بہت سے لوگ لباس کے اوپر پہنتے ہیں ۱۲

۳ قولہ شال: یہ چادر کی ایک قسم ہے جو کشمیر میں دنبے کی اون سے بناتے ہیں جب دو شالوں کو جمع کرتے ہیں تو اس کو دو شالہ کہتے ہیں ۱۲

۴ سراویل: سین کی زبر سے، شلوار و پاجامہ، یہ لفظ بعضوں کے نزدیک عربی ہے ایک جماعت کے پیش نظر عجمی ہے، ایک گروہ اس کو واحد کہتا ہے اور ایک جماعت جمع کہتی ہے ۱۲

۵ قولہ عَنقا: عین کی زبر سے، ایک پرندہ ہے لمبی گردن والا، بعض کے نزدیک اس کا وجود فرضی ہے کسی نے اس کو دیکھا نہیں ہے، فارسی لوگ اس کو سیمرغ کہتے ہیں ۱۲

۶ قولہ کالارادۃ...... یعنی جیسا کہ مطلق ارادہ یعنی کسی قید کے بغیر ارادہ، اور کسی چیز کے ساتھ مقید ارادہ، مثلاً آسمان یا زمین کا پیدا کرنا ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

ے قولہ مُنبی ء: انباء سے اسم فاعل ہے، الف کی زیر سے، خبر دینے کے معنی میں ۱۲

ے قولہ برنتابد: یعنی وصول اور پہنچنا کسی چیز کی ظلیت کے تحمل کی تاب نہیں لاسکتا ۱۲

﴿صہ ۲۲﴾ لے قولہ فرجی: ایک قسم کی قبا ہے بے بند، سامنے سے کھلی ۱۲

لے قولہ مردود، قبول کے لائق نہیں ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مَنْ اَحْدَثَ فِیْ اَمْرِنَا ھٰذَا مَا لَیْسَ مِنْہُ فَھُوَرَدٌّ۔ (جس شخص نے ہمارے اس دین میں نئی چیز پیدا کی وہ مردود ہے) ۱۲ مشکوٰۃ باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ

....

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۲۰﴾ ☆ اَسْوِلہ ...... جمع سوال ۱۲ ...... سوال کی جمع ہے ۱۲

﴿صہ ۲۱﴾ ☆ میکنند ...... یعنی اکابر نقشبند یہ ۱۲ ...... نقشبندی سلسلہ کے بزرگ ۱۲ ☆ بتعاقب ...... پے در پے ۱۲ ...... مسلسل ۱۲ ☆ وقت ...... این فقیر ۱۲ ...... یعنی مجدد الف ثانی ۱۲ ☆ یار محمد ...... جامع جلد اول از مکاتیب ۱۲ ...... مکتوبات کی جلد اول کو جمع کرنے والے ۱۲ ☆ حرارت ...... چستی و چابکی ۱۲ ☆ امر ...... دینی ۱۲ ...... دینی امر ۱۲ ☆ اعداء ...... دشمنان ۱۲ ...... دشمن لوگ ۱۲ ☆ مُتعذِر ...... دشوار بلکہ ممتنع ۱۲ ...... مشکل بلکہ ناممکن ۱۲ ☆ بُعد ...... دوری ۱۲ ☆ وصول ...... باوجود دوری ۱۲ ...... باوجود دوری کے وصال ۱۲ ☆ مُدرِکہ ...... قوت دراکہ انسانی ۱۲ ...... ادراک کرنے والی انسانی قوت ۱۲ ☆ حاصل است ...... یعنی بوجود ذہنی خود ۱۲ ...... یعنی اپنے ذہن میں موجود ہونے سے ۱۲ ☆ فافتَرقا ...... یعنی جدا گشتند آن ہر دو یعنی حصول و وصول ۱۲ ...... یعنی وہ دونوں جدا ہو جاتے ہیں یعنی حصول و وصول ۱۲

﴿صہ ۲۲﴾ ☆ در بعضے مکاتیب ...... این فقیر ۱۲ ...... یعنی حضرت مجدد کے بعض مکتوب میں ۱۲ ☆ باآنکہ ...... باوجود آنکہ ۱۲ ...... باوجود اس کے ۱۲ ☆ سراویل ...... شلوار ۱۲ ☆ احداث ...... بالکسر نو پیدا کردن ۱۲ ...... الف کی زیر سے نیا پیدا کرنا نیا کام کرنا ۱۲ ☆ منکر ...... مذموم ۱۲ ...... قابل مذمت ۱۲

Marfat.com

دوسو بتیسواں مکتوب ﴿۲۳۲﴾

(عبدالرحیم) خان خاناں کی طرف صادر فرمایا .... کمینی دنیا کی حقیقت اور اس کی ردّی زیبائش کی برائی میں اور اس کمینی دنیا کی محبت کے دور کرنے کے علاج میں اور اس کے مناسب بیان میں۔

حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ حضرت سید المرسلین علیہ وعلیہم وعلیٰ آلہ من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا کے طفیل ناپسندیدہ کمینی دنیا کی حقیقت اور اس کی گھٹیا زیب وزینت اور آرائش کی برائی کو آپ کی نظر بصیرت میں آشکارا اور منکشف کر کے آخرت کے حُسن وکمال کو جنّت کے باغات اور نہروں کی تروتازگی اور ان میں پروردگار جل سلطانہٗ کے دیدار کی زیادتی جلوہ گر فرمائے تا کہ اس جلد زوال پذیر کمینی دنیا سے بے رغبتی حاصل ہو کر عالم بقا کی طرف جو مولائے جل سلطانہ کی رضا کا مقام ہے توجہ میسر آئے .... جب تک اس کمینی دنیا کی برائی واضح نہ ہوگی۔ اس کی گرفتاری سے خلاصی پانا محال ہے اور جب تک اس (دنیا کی) گرفتاری سے خلاصی میسر نہ ہو جائے فلاح ونجات اخروی کا حاصل ہونا دشوار ہے: حُبُّ الدُّنْیَا رأْسُ کُلِّ خَطِیْئَۃٍ (دنیا کی محبت تمام خطاؤں کی جڑ ہے) طے شدہ فیصلہ ہے .... اور چونکہ علاج بالضد ہوتا ہے، اس لئے کمینی دنیا کی محبت دور کرنے کا علاج آخرت کی نعمتوں کی رغبت دلانے پر اور روشن شریعت کے احکام کے موافق اعمال صالحہ بجالانے پر وابستہ ہے .... حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے دنیا کی زندگی کو پانچ بلکہ چار چیزوں پر منحصر فرمایا ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے: اَنَّمَا الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَا لَعِبٌ وَّلَھْوٌ وَّزِیْنَۃٌ وَّتَفَاخُرٌ بَیْنَکُمْ وَتَکَاثُرٌ فِی الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ (سورہ حدید ۵۷، آیت ۲۰) (دنیا کی زندگی محض کھیل تماشا اور زینت اور ایک دوسرے پر فخر کرنا اور اموال واولاد میں زیادتی کرنا ہے) لہٰذا لازمی طور پر جب اعمالِ صالحہ میں مشغول ہوں گے تو اس کا جزو اعظم جو لہو ولعب (کھیل اور تماشا) ہے کم ہوتا جائے گا اور ریشمی لباس اور سونے چاندی کے استعمال سے جن پر عمدہ اور اعلیٰ درجہ کی زینت کا مدار ہے پرہیز کرنے لگتا ہے اور اس کا دوسرا جزو جو زینت ہے زوال پذیر ہو جاتا ہے .... اور جب یقین ہو جائے کہ خدائے عزوجل کے نزدیک فضیلت وکرامت پرہیزگاری اور تقویٰ پر موقوف ہے نہ کہ حسب ونسب پر تو وہ فخر سے باز رہتا ہے۔ اور جب وہ جانتا ہے کہ اموال واولاد (کی بیجا محبت) حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے ذکر سے مانع ہیں اور اس کی پاک وبلند بارگاہ سے روکنے والے ہیں تو مجبوراً ان کے حصول کی زیادتی میں کمی کر دیتا ہے بلکہ ان کی زیادتی کو معیوب شمار کرتا ہے: غرض مَا اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَھٰکُمْ عَنْہُ فَانْتَھُوْا (حشر ۵۹، آیت ۷) جو کچھ رسول تمہیں عطا فرمائیں اس کو پکڑ لو اور جس سے منع کرے رک جاؤ) کَیْلَا یَضُرُّکُمْ شَیْءٌ (تا کہ کوئی چیز تم کو ضرر نہ پہنچائے) بیت

دادیم ترا ز گنج مقصود نشاں   گر ما نہ رسیدیم تو شاید برسی

باقی مقصود یہ ہے کہ میاں شیخ عبدالمومن بزرگ زادہ ہیں، تحصیل علوم کی تکمیل کے بعد صوفیہ کے

Marfat.com

سلوک میں مشغول ہیں اور راہِ سلوک میں عجیب احوال کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ بشری ضرورت جو اہل وعیال کی وجہ سے پیدا ہوگئی ہے ان کو بے اختیار مضطرب کررہی ہے۔ یہ فقیر اس بے چینی اور پریشانی کو دور کرنے کے لئے آپ کی جناب میں ان کی رہنمائی کرتا ہے۔ مَنْ دَقَّ بَابَ الْكَرِيْمِ يُفْتَحُ (جس نے کریم کا دروزہ کھٹکھٹایا وہ دروازہ کھول دیتا ہے۔ والسّلام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۲۲﴾ ۲ قولہ مزخرفات: پہلے حرف پر پیش اور دوسرے پر زبر اور خاء نقطہ والی پر جزم اور را بے نقطہ پر زبر ہے، اس کے معنی جھوٹی باتیں جو سچی باتوں کی طرح آراستہ کی گئیں ہوں۱۲

۳ قولہ مُموّہات: تموِیہ سے اسم مفعول جو تفویض کے وزن پر ہے بمعنی ملمع کیا ہوا، آرائش کیا ہوا اور مکروفریب کے معنی میں ہے۱۲ (وہ جھوٹ جسکو سچ کی طرح بنالیا ہو)

﴿صہ۲۳﴾ ۱ جان لو کہ دنیا کی زندگی محض کھیل تماشا اور سامان آرائش ہے اور آپس میں (حسب ونسب پر) اترانا اور ایک دوسرے سے زیادہ مال اور اولاد حاصل کرنا ہے یہ آیت کریمہ سورہ حدید پارہ ستائیس میں واقع ہے۱۲

۲ اور رسول جو تمہیں عطا فرمائیں وہ لے لو اور جس سے تمہیں روکیں تو اس سے رک جاؤ۔ یہ بہترین اقتباس ہے، آیت کریمہ کا فانتھوا تک سورہ حشر میں پارہ ۲۸ سے ہے۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

۳ یعنی دنیا کی محبت تمام خطاؤں کی جڑ ہے۔ اس کو رزین اور بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۱۲ مشکوٰۃ

....

☆متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ۲۲﴾ ☆ طراوت ...... تازگی۱۲ ☆ دَنیہ ...... کمینہ۱۲ ...... گھٹیا۱۲ ☆ متعسر دشوار۱۲

﴿صہ۲۳﴾ ☆ گردانید ...... چہ لعب ولہو فی الحقیقت یکے است۱۲ ...... کیونکہ لہو ولعب حقیقت میں ایک ہیں۱۲ ☆ حریر ...... ابریشم۱۲ ...... ریشم۱۲ ☆ لُبس ...... پوشیدن۱۲ ...... پہننا۱۲ ☆ ذہب ...... زر۱۲ ...... سونا۱۲ ☆ فضہ ...... نقرہ۱۲ ...... چاندی۱۲

☆ وَرع ...... پرہیزگاری۱۲ ☆ ضرورت ...... مبتدا۱۲ ...... یہ مبتدا ہے۱۲ ☆ بے اختیار ...... خبر۱۲ ...... یہ خبر ہے۱۲

....

دوسوتینتیسواں مکتوب ﴿۲۳۳﴾

عالی جناب شیخ فرید کی طرف بعض عمدہ نصیحتوں کے بارے میں تحریر فرمایا۔

ثَبَّتَنَا اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَاِيَّاكُمْ عَلٰى جَادَّةِ جَدِّكُمُ الْاَمْجَدِ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ مِنَ الصَّلَوَاتِ اَفْضَلُهَا وَمِنَ التَّسْلِيْمَاتِ اَكْمَلُهَا (اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو آپ کے جدّ بزرگوار علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا کے لائے ہوئے طریقہ پر ثابت قدم رکھے) ...... حضرت خواجہ جیو (باقی باللہ) قدس سرہ کے عرس کے زمانے میں دہلی پہنچ کر یہ خیال تھا کہ آپ کی عالی خدمت میں بھی حاضر ہوں کہ اسی اثنا میں روانگی کی خبر پھیل گئی۔ مجبوراً توقف کر کے چند نامربوط کلموں سے آپ کو

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ چوتھا حصہ

Marfat.com

تکلیف دے رہا ہوں .... (فقیر) خواہ حضور (روبرو) میں ہو یا غیبت (غائبانہ حالت) میں ہو آپ کی سلامتی کے لئے پوری توجہ کے ساتھ دعا گو ہے کہ (اللہ تعالیٰ) آپ کو ہر نا مناسب اور ناشائستہ امور سے سلامت رکھے۔ اور بعض مرتبہ آپ کی خیر اندیشی کا غلبہ اس بات پر مجبور کرتا ہے کہ (فقیر بھی) آپ جیسی جسارت اختیار کر کے آپ کو تاکید اور مبالغہ کے ساتھ ان باتوں سے منع کرے جو آپ کے شایانِ شان نہ ہوں، اور نا اہلوں کو بھی (آپ کی) مجلس شریف میں نہ رہنے دے۔ لیکن (فقیر) یہ بھی جانتا ہے کہ ان تمام آرزوؤں کا میسر ہونا ممکن نہیں ہے، مجبوراً آپ کے لئے غائبانہ دعا سے اپنی زبان کو تر کرتا ہوں شاید کہ یہ دعا قبول ہو جائے۔

حضرت خواجہ احرار قدس سرہٗ اپنی بزرگی اور بڑائی کی نسبت فرمایا کرتے تھے کہ اگر چہ یہ بات کفر ہے کہ کوئی شخص اتنا بڑا ہو جائے کہ اگر وہ برہم ہو جائے تو تمام عالم برہم ہو جائے لیکن کیا کیا جائے کہ (اللہ تعالیٰ نے) ہم کو ہمارے چاہنے کے بغیر بڑا بنا دیا ہے .... آج اس قسم کی بزرگی اور بڑائی ممکن ہے کہ آپ کی جناب کے بارے میں صادق آئے کیونکہ آپ کی خوشحالی مخلوق کی خوشحالی ہے اور اس کے برعکس بھی یہی وجہ ہے کہ لوگوں کی طرف سے آپ کے لئے دعائے خیر بارش کی طرح برس رہی ہے اور عام خلائق کے لئے مفید ہے، لہٰذا (اس شخص پر) افسوس ہے جو اس بزرگی اور بڑائی کے باوجود (آپ پر) دانہ خشخاش کے برابر انگشت نمائی کرے، اور یہ خشخاش کا دانہ دوستوں اور خیر خواہوں کے دلوں پر بارِ عظیم (بہت بڑا بوجھ) ہے، مہربانی فرما کر ان کے دلوں کو اس بوجھ سے ہلکا کر دیں .... کافی عرصہ سے اس خیر اندیش نے اس بارے میں کوئی ایک لفظ بھی تحریر نہیں کیا کہ کہیں تکرار و مبالغہ آپ کی طبیعت پر گرانی کا سبب نہ بن جائے

یار نازک بدن از بادِ ہوا می رنجد ہمچو گل برگ ز آسیب صبا می رنجد
(نازک بدن کو بوجھ ہوا کا بھی ہے گراں ہر پنکھڑی کو بوجھ صبا کا بھی ہے گراں)

لیکن دوستی (کے حق) سے یہ بات بعید معلوم ہوتی ہے کہ آپ کی گرانی خاطر کا لحاظ کر کے خاموشی اختیار کر لی جائے۔

حافظ وظیفہء تو دعا گفتن است و بس در بندِ آں مباش کہ نہ شنید یا شنید
(حافظ ہمیشہ لوگوں کو دعا دیا کرو پروا نہیں کہ کوئی وہ سنتا ہے یا نہیں)

کچھ مدت سے حرمین شریفین حَرَسَہُمَا اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ عَنِ الْآفَاتِ (اللہ تعالیٰ ان دونوں کو آفات سے محفوظ رکھے) کی زیارت کا ارادہ پیدا ہو گیا ہے اور اس سفر (یعنی دہلی آنے) کا باعث بھی یہی شوق ہے۔ اور چونکہ یہ ارادہ آپ کے صلاح و مشورے اور رضا مندی پر وابستہ تھا۔ لیکن (قافلہ کی) روانگی کی خبر نے اس ارادہ کو التوا میں ڈال دیا۔ اَلْخَیْرُ فِیْمَا صَنَعَ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ (بہتری اسی میں ہے جو اللہ سبحانہ کرے) والسّلام

﴿حاشیہ متن﴾

ل وہ تصنع اور تکلف سے دور ہے اور قبولیت کے قریب ہے، جیسے نبی ﷺ دبارک سے وارد ہے ۱۲

Marfat.com

۲ قولہ رفاہیت را پر زبر اور یا پر شد نہیں، اس کے معنی تن آسانی اور فراخ زندگی ہونا ۱۲

۳ قولہ بالعکس یعنی مخلوق کی خوشحالی آپ کی خوشحالی ہے، ہوسکتا ہے کہ بالعکس کے معنی اس طرح ہوں کہ تمہارا دکھ مخلوق کا دکھ ہے ۱۲

۴ یعنی دوستوں اور خیر خواہوں سے اس بوجھ کو اتار دیں یعنی اپنی شریف مجلس سے نا اہلوں کو نکال دیجئے مطلب یہ کہ اپنی مجلس کو ان سے پاک کردیں ۱۲

۵ اللہ تعالیٰ ان دونوں (مکہ اور مدینہ) کو ہر قسم کی آفات سے محفوظ رکھے ۱۲

۶ یعنی بہتری اسی میں ہے اللہ تعالیٰ کرے ۱۲

ے جاننا چاہیے کہ لفظ باد صدمہ کے معنی میں بھی آیا ہے جیسا کہ بادشنام، اور بادِ تیز و باد سیلی وغیرہ یہاں یہی معنی مراد ہے

ے مثنوی

خدمتے میکن برائے کردگار
باقبول درو خلقانت چہ کار

ترجمہ: (اے بندے) اللہ تعالیٰ کے لئے خدمت کرتا رہ، اسکی قبولیت میں تیرے پھٹے پرانے کپڑوں کا کیا کام ۱۲ (یعنی اللہ تعالیٰ کی قبولیت میں اے انسان! تیرے بے کار دنیاوی مشاغل بے مقصد ہیں)

....

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

☆ توَقُّف ...... از رسیدن در ملازمت علیہ ۱۲ ...... آپ کی خدمت عالیہ میں پہنچنے سے ۱۲

﴿صہ ۲۴﴾ ☆ للکئی ...... لفظ ترکی است بمعنی جسارت و دلیری ۱۲ ...... یہ ترکی زبان کا لفظ ہے، جرأت اور دلیری کے معنی میں ۱۲ ☆ ظہر الغیب ...... پس پشت ۱۲ ...... پشت کے پیچھے ۱۲ ☆ رَطْبُ اللسان ...... تر و تازہ زبان ۱۲ ...... زبان کی تازگی ۱۲ ☆ قبول افتد ...... حق تعالیٰ ۱۲ ...... اللہ تعالیٰ قبول فرمائے ۱۲ ☆ خواجہ احرار ...... عبید اللہ احرار ۱۲ ☆ بے ما کان ...... یعنی بے خواست و بے صنع ما ۱۲ ...... ہمارے چاہنے اور کرنے کے بغیر ۱۲ ☆ مَطَر ...... باران ۱۲ ...... بارش ۱۲ ☆ حَیف ...... ستم ۱۲ ...... ظلم ۱۲ ☆ صبا ...... بفتح وقصر و بادیکہ از طرف مشرق وزد ۱۲ ...... صاد کی زبر اور بغیر مد کے، وہ ہوا جو مشرق سے چلے ۱۲ ☆ حرمین ...... مکہ معظمہ و مدینہ مطہرہ ۱۲ ☆ استمزاج ...... مزاج دانی کردن ۱۲ ...... مزاج پرسی کرنا ۱۲ ☆ استرضاء ...... خوشنودی دانستن وطلب کردن ۱۲ ...... رضامندی جاننا اور طلب کرنا ۱۲ ☆ تسویف ...... تاخیر ۱۲ ...... دیر کرنا، کام کو آئندہ پر ڈالنا ۱۲

....

دوسو چونتیسواں مکتوب ﴿۲۳۴﴾

حقائق آگاہ معارف دستگاہ عالم ربانی عارف سبحانی مخدوم زادہ کلاں اعنی شیخ محمد صادق سَلَّمَهُ اللّٰهُ سُبْحَانَهُ وَأَبْقَاهُ وَأَوْصَلَهُ إِلٰى غَايَةِ مَا يَتَمَنَّاهُ (اللہ تعالیٰ سبحانہ ان کو سلامت رکھے اور ان کی عمر دراز فرمائے اور اس انتہائی درجے تک پہنچائے جس کے وہ خواہشمند ہیں) کی طرف صادر فرمایا ...... اس بیان میں کہ واجب الوجود تعالیٰ کی حقیقت ''وجود محض'' ہے، جو ہر خیر و کمال کا منشا ہے اور ممکنات کے حقائق عدمات ہیں جو ہر

Marfat.com

شروفساد کے مبادی ہیں، اور مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ کے معنی اور تجلی ذاتی کے بیان میں جو تمام نسبتوں اور اعتبارات سے بڑھ چڑھ کر ہے اور آیہ کریمہ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کے تاویلی معنوں اور اس کے مناسب بیان میں مع سوالات و جوابات کے جو اس مقام کی توضیح سے متعلق ہیں اور مع تنبیہات کے جو اس کی تلخیص کے لائق ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط خدائے بیچون (بے مثال) کی حمد اور رہنما پیغمبر پر درود وسلام کے بعد میرے عزیز فرزند کو معلوم ہو کہ حق سبحانہ کی حقیقت وجود صرف (وجود محض) ہے کہ کوئی دوسرا امر اس کے ساتھ انضمام (ملا ہوا) نہیں ہے اور وہ وجود تعالیٰ ہر خیر و کمال کا منشا (پیدا ہونے کی جگہ) اور ہر حُسن و جمال کا مبدا (ابتدا ہونے کی جگہ) ہے اور وہ (وجودِ) جزو حقیقی اور ایسا بسیط ہے کہ اس کی ترکیب (ساخت کو ذہنی اور خارجی طور پر ہرگز راہ نہیں ہے اور حقیقت کے اعتبار سے اس کا تصور دائرہ امکان سے باہر ہے۔ (یعنی تصور میں آنا محال ہے) اور وجود تعالیٰ ذات تعالیٰ پر ازروئے مواطات (یعنی محمول کا حمل موضوع پر بلا واسطہ ہے، دونوں میں اتحادِ محض کی بنا پر) محمول ہے، نہ کہ اشتقاق کے اعتبار سے (کیونکہ تغایر نہیں ہے اور حمل اشتقاق میں تغایر کا ہونا ضروری ہے) اگرچہ حمل کی نسبت کو بھی حقیقتاً اس مقام میں کوئی گنجائش نہیں ہے کیونکہ اس جگہ تمام نسبتیں اعتبار سے ساقط ہیں...........اور وہ وجود جو عام اور مشترک ہے وہ اس وجود خاص تعالیٰ و تقدس کے ظلال میں سے ایک ظل ہے اور یہ ظل ذات تعالیٰ و تقدس پر محمول ہے۔ اور وہ اشیاء پر تشکیک (واسطے کے طور پر) ازروئے اشتقاق نہ کہ ازروئے مواطات ....اور اس ظل سے مراد حضرت وجود تعالیٰ کا تنزلات کے مرتبوں میں ظہور ہے۔ اور اس ظل کے افراد میں سے اولیٰ اقدم اور اشرف وہ فرد ہے جو ذات تعالیٰ و تقدس پر اشتقاقاً محمول ہو۔ لہٰذا اصالت کے مرتبہ میں ''اللہ تعالیٰ وُجود'' (حمل مواطات کے طور پر) تو کہہ سکتے ہیں ''اَللّٰهُ تَعَالٰى مَوْجُوْدٌ'' (حمل اشتقاق کے طور پر) نہیں کہہ سکتے۔ اور اس ظل کے مرتبہ میں ''اللہ تعالیٰ موجود'' کہنا صحیح ہے نہ کہ ''اللہ تعالیٰ وجود'' ....اور چونکہ حکما اور صوفیہ کا ایک گروہ وجود کی عینیت کے قائل ہو گئے ہیں، اور اس فرق کی حقیقت پر مطلع نہیں ہوئے اور ظل کو اصل سے جدا نہ کرتے ہوئے انہوں نے حمل اشتقاق اور حمل مواطات دونوں کا ایک ہی مرتبہ میں اثبات کیا ہے، اور حمل اشتقاق کے درست کرنے میں بیجا تکلف اور حیلے کے محتاج ہوئے ہیں۔ اور حق وہی ہے جو میں نے اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ کے الہام سے تحقیق کیا ہے۔

اور یہ اصالت وظلیت تمام صفاتِ حقیقیہ کی اصالت وظلیت کے مانند ہے کیونکہ مرتبہ اصالت میں جو اجمال اور غیب الغیب کا مقام ہے ان صفات کا حمل کرنا جو مواطات کے طریقے پر ہے نہ کہ اشتقاق کے طریقے پر کہہ سکتے ہیں ''اللہ تعالیٰ عِلْم'' ہے اور یہ نہیں کہہ سکتے کہ ''اللہ تعالیٰ عالِم'' ہے، کیونکہ حملِ اشتقاق میں مغائرت کے بغیر چارہ نہیں ہے اگرچہ وہ مغائرت اعتباری ہو (نہ کہ حقیقی)۔ اور وہ مغائرت اس مرتبہ میں بالکل مفقود ہے کیونکہ مغائرت ظلیت کے مرتبوں میں ہوتی ہے اور اس جگہ کوئی ظلیت نہیں ہے، چونکہ وہ تعینِ اول سے کئی درجے بالاتر ہے اس وجہ سے کہ نسبتیں اور تعین میں اجمال کے طریقے پر ملحوظ ہیں، اور اس مقام میں اشیاء میں سے کسی شے کا کسی طرح

Marfat.com

کا بھی ملاحظہ نہیں ہے۔ اور ظل کے مرتبہ میں کہ جو اس اجمال کی تفصیل ہے حملِ اشتقاق صادق ہے نہ کہ حملِ مواطات لیکن ان صفات کی عینیت اس مرتبہ میں وجود (تعالیٰ) کی عینیت کی فرع (شاخ) ہے جو ہر خیر و کمال کا مبدا ہے اور ہر حُسن و جمال کا منشا (نشو و نما کی جگہ) ہے۔

اس فقیر نے اپنی کتب و رسائل میں جس وجود کی عینیت کی نفی کی ہے اس سے مراد وجودِ ظلی سمجھنا چاہیے۔ جو حملِ اشتقاق کا درست کرنے والا ہے اور یہ وجودِ ظلی بھی آثارِ خارجیہ کا مبدا ہے، پس وہ ماہیتیں جو اس ظل سے متصف ہو گئیں وہ ہر مرتبہ میں موجوداتِ خارجیہ کے مراتب میں ہوں گی۔ پس تو سمجھ لے کیونکہ یہ تجھے بہت سے مواقع پر نفع دیگا .... پس صفاتِ حقیقیہ بھی موجوداتِ خارجیہ ہوں گی اور ممکنات بھی خارج میں موجود ہوں گی .... اس کو یاد رکھ۔

اے فرزند! ایک مخفی راز سنو! کمالاتِ ذاتیہ حضرتِ ذات تعالیٰ و تقدس کے مرتبہ میں حضرت ذات کا عین ہیں۔ مثلاً صفتِ علم اس مقام میں حضرتِ ذات تعالیٰ کا عین ہے، اور قدرت و ارادت اور باقی صفات کا بھی یہی حال ہے، اور نیز اس مقام میں حضرتِ ذات بتمامہ علم ہے اور اسی طرح بتمامہ قدرت ہے، نہ یہ کہ حضرتِ ذات کا بعض علم ہے اور بعض قدرت کیونکہ وہاں بعض ہونا اور جزو بننا محال ہے۔ اور ان کمالات نے جو گویا حضرت ذات تعالیٰ سے منتزع (علیحدہ) ہیں۔ حضرت علم کے مرتبہ میں تفصیل پائی ہے اور تمیز پیدا کر لی ہے۔ اور حضرت ذات تعالیٰ و تقدس اپنی وحدانیت کی اسی اجمالی صرافت پر باقی ہے۔ اس کے بعد کوئی چیز اس میں باقی نہیں رہی جو اس تفصیل میں داخل نہ ہوئی ہو اور متمیز نہ کی گئی ہو، بلکہ وہ تمام کمالات جو حضرت ذات تعالیٰ کے عین ہیں مرتبہ علم میں آ گئے ہیں۔ اور ان تفصیلی کمالات نے دوسرے مرتبہ میں وجودِ ظلی پیدا کر کے صفات کا نام حاصل کر لیا ہے اور حضرتِ ذات کے ساتھ جو ان تمام کی اصل ہے قیام پیدا کر لیا ہے .... اور اعیانِ ثابتہ سے صاحبِ فصوص علیہ الرحمۃ کی مراد یہی کمالاتِ مفصلہ ہیں جنہوں نے علم کے خانے میں وجودِ علمی حاصل کیا ہے۔ اور فقیر کے نزدیک ممکنات کے حقائق عدمات ہیں جو کہ ہر شر و نقص کا مبدأ و محل ہیں ان کمالات کے ساتھ ان میں منعکس ہو گئے ہیں .... یہ بات تفصیل طلب ہے گوشِ ہوش سے سننا چاہیے۔

جان لے! اللہ تعالیٰ تجھ کو ہدایت دے کہ عدم وجود کے مقابل ہے اور اس کی نقیض (ضد) ہے۔ پس عدم بالذات ہر شر و نقص کے پیدا ہونے کی جگہ ہے بلکہ وہ ہر شر و فساد کا عین ہے۔ جس طرح کہ وجود اجمال کے مرتبہ میں ہر خیر و کمال کا عین ہے۔ اور جس طرح حضرتِ وجود اصل الاصل کے مقام میں ذات تعالیٰ پر اشتقاق کے طریق پر محمول نہیں ہے اسی طرح عدم بھی جو اس وجود کے مقابل ہے ماہیت عدمیہ پر اشتقاق کے طریق پر محمول نہیں ہے۔ اس مرتبہ میں اس ماہیت کو معدوم نہیں کہہ سکتے بلکہ وہ عدمِ محض ہے، اور تفصیل علمی کے مرتبوں میں کہ جو اس ماہیتِ عدمیہ سے تعلق قائم کئے ہوئے ہیں اس ماہیت کی جزئیات عدم کے ساتھ متصف ہو گئی ہیں اور حمل اشتقاق وہاں درست ہوتا ہے۔ اور عدم کا مفہوم جو کہ گویا اس اجمالِ عدمیہ کی ماہیت سے منتزع (علیحدہ) ہے اور اس کے ظل کی

Marfat.com

مانند ہے۔اس ماہیتِ عدمیہ کے تمام مفصلہ افراد پر اشتقاق کے طریقے پر جزئیات میں محمول ہوتا ہے،جیسا کہ آگے بیان ہوگا ....اور چونکہ وہ عدم جو اجمال کے مرتبہ میں ہر شر و فساد کا عین تھا اور اللہ تعالیٰ سبحانہٗ کے علم میں ہر شر دوسرے شر سے جدا ہو گیا تھا۔اور ہر فساد دوسرے فساد سے ممتاز ہو گیا،اور جس طرح وجود کی جانب اجمال کے مرتبہ میں حضرت وجود ہر خیر وکمال کا عین تھا اور تفصیلِ علمی کے مرتبہ میں ہر کمال دوسرے کمال سے ممتاز ہو کر ہر خیر دوسرے خیر سے جدا ہو گیا۔اسی طرح کمالاتِ وجودیہ میں سے ہر کمال اور نقائص عدمیہ میں سے ہر نقص جو اس کے مقابل ہے علم کے خانے میں منعکس ہو گیا ہے اور ایک دوسرے کی علمی صورتیں بن کر مل جل گئی ہیں ....اور وہ عدمات جن سے مراد شرور و نقائص ہیں وہ ان کمالات منعکسہ کے ساتھ جنہوں نے حضرتِ علم کے مرتبہ میں تفصیلِ علمی پائی ہے ممکنات کی ماہیتیں ہیں۔خلاصہ کلام یہ ہے کہ وہ عدمات ان ماہیتوں کے اصول اور مواد کی طرح ہیں اور وہ کمالات ان میں حلول کی ہوئی صورتوں کے مانند ہیں ....پس اعیانِ ثابتہ سے اس حقیر کے نزدیک یہی عدمات اور کمالات مراد ہیں۔جو ایک دوسرے سے باہم مل جل گئے ہیں،اور یہ ....ان ماہیاتِ عدمیہ مع ان تمام لوازمات اور ظلالِ وجودیہ کے کمالات کے جو حضرتِ علم میں منعکس ہو گئے ہیں اور ممکنات ماہیہ کا نام پالیا ہے،قادرِ مختار جل سلطانہٗ نے جب چاہا ان کو وجودِ ظلی کے رنگ میں رنگین کر کے موجوداتِ خارجیہ بنا دیا اور آثارِ خارجیہ کا مبدا کر دیا۔

جاننا چاہیے کہ صور علمیہ جس سے مراد ممکنات کے اعیانِ ثابتہ اور ان کی ماہیت ہیں،ان کو رنگین کرنا اس معنی میں نہیں ہے کہ صور علمیہ نے خانہ علم سے نکل کر وجود خارجی پیدا کر لیا ہے۔کیونکہ یہ محال ہے اور جہل کو مستلزم ہے۔تَعَالَى اللّٰهُ عَنْ ذٰلِكَ عُلُوًّا كَبِيْرًا (اللہ تعالیٰ اس سے بہت زیادہ بلند ہے) ....بلکہ اس معنی میں ہے کہ ممکنات نے خارج میں صورِ علمیہ کے مطابق ایک وجود پیدا کر لیا ہے اور وجودِ علمی کے علاوہ اس وجودِ علمی کے موافق وجودِ خارجی حاصل کر لیا ہے،جیسے نجار (بڑھی) تخت کی صورت کو ذہن میں تصور کر کے خارج میں اس کا اختراع کرتا ہے،اس صورت میں تخت کی وہ ذہنی تصویر جو حقیقت میں اس تخت کی ماہیت ہے اس نجار کے خانہ علم سے باہر نہیں نکلی ہے بلکہ خارج میں اس تخت نے اس صورتِ ذہنیہ کے مطابق وجود پیدا کر لیا ہے۔پس سمجھ لو۔جاننا چاہیے کہ ہر عدم جو کمالاتِ وجودیہ کے ظلال میں سے ایک ظل ہے جو اس کے مقابل ہے اور جس نے منعکس کے ساتھ رنگین ہو کر خارج میں ایک زینت پیدا کر لی ہے۔بخلاف عدم صرف کے کہ وہ ان ظلال سے متاثر نہیں ہوا اور نہ ان کے رنگ میں رنگا گیا،وہ کس طرح یہ رنگ پکڑ سکتا ہے جبکہ وہ ان ظلال کے مقابل میں ہے ہی نہیں،اگر وہ مقابلہ (حضوری) رکھتا ہے تو حضرتِ وجودِ صرف تعالیٰ و تقدس کے ساتھ رکھتا ہے............پس عارف تام المعرفت (کامل معرفت والا) جب حضرتِ وجود کی حضوری میں ترقی کر کے عدمِ صرف کے مقام میں نزول کرتا ہے تو اس کے توسل سے یہ عدم بھی اس حضرت (وجود صرف) کے ساتھ ایک طرح کا رنگ پیدا کر کے مزین اور مستحسن ہو جاتا ہے۔اس وقت وہ عارف جو فی الحقیقت مراتبِ ذاتیہ کا جامع ہے اور اس وقت میں تمام اعدام کے

Marfat.com

مراتب کا جمع کرنیوالا بھی اس نے تفصیلی اور اجمالی حسن وخیریت پیدا کرلی ہے۔اور اس کو کمال و جمال حاصل ہو گیا ہے.........اور یہ خیریت جو تمام ذات کے مراتب میں سرایت کئے ہوئے ہے۔اسی قسم کے عارف کے ساتھ مخصوص ہے۔اگر غیر عارف میں بھی یہ خیریت سرایت کئے ہوئے ہے یا اس میں قصور ہے تو اس کے اعدامِ ذاتیہ کے بعض تفصیلی مراتب میں یا اس کے تمام تفصیلی مراتب میں درجات کے تفاوت سے جاری ہے۔اور یہ آخری قسم بھی نادرالوجود ہے۔لیکن عدم کے اجمال کے مرتبہ میں جو ہر شر و نقص کا عین ہے اس عارف کے علاوہ کسی نے بھی اس کی خیریت کی خوشبو نہیں پائی، اور نہ ہی حسن کا رنگ پیدا کیا.........لہذا ایسا عارف جو خیر تام سے متصف ہو چکا ہے اس کا شیطان بھی حسنِ اسلام پیدا کر لیتا ہے اور اس کا نفسِ امارہ بھی مطمئنہ ہو کر اپنے مولیٰ سے راضی ہو جاتا ہے.........یہی وہ مقام ہے جبکہ سید المرسلین علیہ وعلیہم الصلوٰات والتسلیمات نے فرمایا اَسْلَمَ شَیْطَانِیْ (میرا شیطان مسلمان ہوگیا ہے) لہذا کوئی غازی جنگ میں اس پر سبقت نہیں کرتا اور شیطان جیسے کو بھی خیر کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔

سبحان اللہ! وہ معارف جو اس فقیر سے بے ارادہ ظہور میں آئے ہیں اگر اکثر لوگ جمع ہو کر اُن جیسے پیش کرنے کی کوشش کریں تو معلوم نہیں کہ میسر ہو سکے، بتحقیق کہ ان معارف کا بہت سا حصہ حضرت مہدی موعود علیہ الرضوان کو حاصل ہوگا۔

اگر بادشہ بر درِ پیر زن ‌‌‌‌ بیاید تو اے خواجہ سبلت مکن

(اگر بادشہ آئے بڑھیا کے گھر ‌‌ تو اے خواجہ ہرگز تعجب نہ کر)

فَتَبٰرَکَ اللّٰہُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ (پس کیا ہی بابرکت ہے وہ اللہ تعالیٰ جو بہتر پیدا کرنے والا ہے اور اللہ تعالیٰ کی حمد ہے جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے).........لہذا ممکنات کے ذوات عدمات ہیں جن میں وجودی کمالات کے ظلال نے منعکس ہو کر ان کو مزین کر دیا ہے۔پس لازمی طور پر ممکنات بالذات ہر شر و فساد کے محل ہیں اور ہر برائی و نقص کی جائے پناہ، اور ہر خیر و کمال جو ان میں تعبیر اور پوشیدہ ہے وہ حضرتِ وجود سے عاریت (مستعار) ہے کہ وہ خیرِ محض ہے جو حضرتِ وجود کی وجہ سے فائض ہوا ہے۔آیہ کریمہ مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَّفْسِكَ (نساء۴، آیت ۷۹) (جو بھی بھلائی تجھے پہنچتی ہے وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتی ہے اور جو بھی برائی تجھے پہنچتی ہے وہ تیرے نفس کی طرف سے ہے) اس مضمون کی خبر دیتی ہے۔

اور جب اللہ جل سلطانہٗ کے فضل سے یہ ''دید عاریت'' (مشاہدہ مستعار) غلبہ پالیتی ہے اور اپنے کمالات کو یہ تمام و کمال اس (حق تعالیٰ) کی طرف سے دیکھتا ہے تو خود کو ''شرِ محض'' پاتا ہے اور ''نقصِ خالص'' جانتا ہے اور کوئی کمال اپنے اندر مشاہدہ نہیں کرتا اگرچہ وہ انعکاس کے طور پر ہی کیوں نہ ہو۔اس شخص کے مانند ہے جو ننگا ہو لیکن اس نے عاریت کا (مانگا ہوا) لباس پہنا ہوا ہو۔اور یہ ''دید عاریت'' اس پر اس طرح غلبہ حاصل کرلے کہ وہ

پہلا دفتر ‌ مکتوباتِ امامِ ربانیؒ ‌ چوتھا حصہ

Marfat.com

اپنے خیال میں اپنا سارا لباس اس مالک کا سمجھے تو یقیناً وہ شخص اپنے آپ کو پورے ذوق کے ساتھ ننگا سمجھے گا، اگرچہ اس نے ''جامہ عاریت'' پہنا ہوا ہے۔ اس مشاہدہ والا شخص ''مقامِ عبدیت'' سے مشرف ہو جاتا ہے جو کہ ولایت کے تمام کمالات سے بڑھ کر ہے۔

تنبیہ:۔ یہ تمام شر و خیر اور نقص و کمال جو حقیقت میں وجود و عدم کا اجتماع ہے ''جمع نقیضین'' کی قسم سے نہیں ہے کہ تم اس کو محال سمجھو کیونکہ ''وجودِ صرف'' کا نقیض ''عدمِ صرف'' ہے اور یہ ''مراتبِ ظلیہ'' جس طرح کہ وجودِ کی جانب اصل کی بلندی سے تنزلات کی گہرائیوں میں نزول فرمایا ہے، اسی طرح عدم کی جانب بھی ''صرافتِ عدم'' کی گہرائیوں سے مراتب ظلّیہ میں ظاہر ہو کر عروج کیا ہے، اور ان کا اجتماع ''عناصرِ متضادہ'' کے اجتماع کے رنگ میں سے ہر ایک کے ضد یہ غلبہ اور تیزی کو توڑ کر ان کو جمع کر دیا ہے۔ فَسُبْحَانَ مَنْ جَمَعَ بَیْنَ الظُّلْمَةِ وَالنُّوْرِ (پس پاک ہے وہ ذات جس نے اندھیرے اور روشنی کو جمع کر دیا)

اگر یہ کہا جائے کہ تو نے (یعنی حضرت مجدد نے) مندرجہ بالا عبارت میں ''عدمِ صرف'' کو بھی ''وجودِ صرف'' کے ساتھ رنگ دے کر جو اس کی ضد ہے ''اجتماعِ نقیضین'' کا حکم پیدا کر دیا ہے............تو میں جواب میں کہتا ہوں کہ اجتماعِ نقیضین ایک مقام پر محال ہے لیکن ایک نقیض کا دوسرے نقیض کے ساتھ قیام کرنا اور ایک ''اتصاف'' (وصف) کا دوسرے وصف کے ساتھ (جمع) ہونا محال نہیں ہے، جیسا کہ اربابِ معقول (فلاسفہ) نے کہا ہے کہ وجود معدوم ہے اور وجود کا عدم کے ساتھ متصف ہونا محال نہیں ہے، لہٰذا اگر عدم موجود ہو کر وجود میں رنگین ہو جائے تو اس میں کیا قباحت ہے۔

اور اگر کہا جائے کہ عدم معقولاتِ ثانویہ سے ہے جو وجود خارجی کا منافی ہے تو وہ وجود خارجی سے کس طرح متصف ہوگا............تو میں اس کے جواب میں کہتا ہوں کہ عدم کے مفہوم کو معقولاتِ ثانویہ میں سے بیان کیا گیا ہے لیکن اگر عدم کے افراد میں سے کوئی فرد وجود سے متصف ہو جائے تو اس میں کیا پریشانی ہے۔ جس طرح اربابِ معقول نے وجود کے بارے میں اشکال کے طریقے پر کہا ہے کہ وجود کو چاہیے کہ واجب الوجود تعالیٰ وتقدس کی ذات کا عین نہ ہو، کیونکہ وجود معقولاتِ ثانیہ سے ہے جو خارجی وجود نہیں رکھتا، اور ذات واجب الوجود تعالیٰ وتقدس خارج میں موجود ہے لہٰذا وہ عین نہیں ہے............اور انہوں نے اس اشکال کے جواب میں کہا ہے کہ وجود کا مفہوم معقولاتِ ثانویہ سے ہے نہ کہ اس کی جزئیات سے۔ لہٰذا اس کی جزئیات سے میں سے کوئی جزئی وجود خارجی کے منافی نہیں ہے اور ہو سکتا ہے کہ خارج میں موجود ہو۔

سوال: سابقہ تحقیق سے معلوم ہوا کہ حقیقی صفات کا وجود ظلال کے مرتبہ میں ہے اور اصل کے مرتبہ میں ان کا کوئی وجود حاصل نہیں ہے، یہ بات اہلِ حق شکر اللہ تعالیٰ سعیہم کی رائے کے خلاف ہے، کیونکہ وہ صفات کو کسی وقت بھی ذات تعالیٰ وتقدس سے جدا نہیں سمجھتے اور ممتنع الانفکاک (یعنی ان کا ذات تعالیٰ سے جدا ہونا محال) تصور کرتے ہیں۔

Marfat.com

جواب: یہ ہے کہ اس بیان سے انفکاک کا جواز لازم نہیں آتا کیونکہ یہ ظل اس اصل کے لئے لازم ہے۔ پس انفکاک نہ رہا............خلاصہ کلام یہ ہے کہ وہ عارف جس کی توجہ کا قبلہ احدیت ذات تعالیٰ وتقدس ہے اور اس کے سامنے اسماء وصفات میں سے کچھ بھی نہیں ہے وہ اس مقام میں ذات تعالیٰ ہی کو پاتا ہے اور صفات میں سے اس کو کچھ بھی ملحوظ نہیں رہتا (یہ بات نہیں ہے) کہ اس وقت صفات موجود نہیں (بلکہ اس کے ملاحظہ میں نہیں ہوتیں) لہذا صفات کا حضرت ذات تعالیٰ وتقدس سے منقطع ہونا اس عارف کے مشاہدہ کے اعتبار سے ثابت ہوا نہ کہ حقیقت الامر کے اعتبار سے تاکہ اہل سنت کے مخالف ہو۔ پس سمجھ لو۔

اس بیان سے مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ (جس نے اپنے نفس کو پہچانا اس نے اپنے رب کو پہچان لیا) کے معنی واضح ہوگئے۔ کیونکہ جس شخص نے اپنی حقیقت کو شرارت ونقص کے ساتھ پہچان لیا اور سمجھ لیا کہ ہر خیر وکمال جو اس میں پوشیدہ کیا گیا ہے وہ حضرت واجب الوجود تعالیٰ وتقدس کی طرف سے مستعار ہے، لہذا لازماً حق سبحانہٗ وتعالیٰ کو خیر وکمال اور حسن وجمال کے ذریعے پہچان لے گا............اس تحقیق سے آیہء کریمہ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (نور، ۲۴، آیت ۳۵) (اللہ تعالیٰ نور ہے آسمانوں اور زمین کا) کے تاویلی معنی بھی واضح ہوگئے، کیونکہ جب ظاہر ہوگیا کہ ممکنات سب کے سب عدمات ہیں جو سراسر ظلمت وشرارت ہیں، اور ان میں خیر وکمال اور حسن وجمال حضرتِ وجود کی طرف سے ہے جو نفس ذات تعالیٰ وتقدس ہے اور ہر خیر وکمال اور حسن وجمال کا عین ہے لہذا لازمی طور پر آسمانوں اور زمین کا نور حضرت وجود ہی ہے جو واجب تعالیٰ تقدس کی حقیقت ہے............اور چونکہ یہ نور آسمانوں اور زمین میں ظلال کے توسط سے ہے اس لئے ان وہم کرنے والوں کے وہم کو دُور کرنے کے لئے جو بے توسط سمجھتے ہیں اس نور کے لئے ایک مثال بیان کی گئی جیسا کہ حق تعالیٰ نے فرمایا: مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ اَلْمِصْبَاحُ فِىْ الزُّجَاجَةِ اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ الْكَرِيْمَةِ (نور ۲۴، آیت ۳۵) (اور اس کے نور کی مثال جیسے ایک طاق ہو جس میں ایک چراغ ہو وہ چراغ شیشہ میں رکھا ہو) تاکہ واسطوں کا ثبوت فراہم ہوجائے............اور اس آیہء کریمہ کے تاویلی معنی تفصیل کے ساتھ انشاء اللہ تعالیٰ کسی دوسری جگہ تحریر کئے جائیں گے۔ کیونکہ اس میں بات کی بہت گنجائش ہے۔ اور اس مکتوب میں اس کی تفصیل کی گنجائش نہیں ہے۔

اور یہ جو ہم نے کہا ہے کہ آیہ کریمہ کے تاویلی معنی ہیں، کیونکہ تفسیری معنی نقل وسماع کے ساتھ مشروط ہیں مَنْ فَسَّرَ الْقُرْاٰنَ بِرَأْيِهٖ فَقَدْ كَفَرَ (جس نے اپنی رائے سے قرآن کریم کی تفسیر کی تحقیق وہ کافر ہوگیا) آپ نے سنا ہوگا۔ اور تاویل میں صرف احتمال کافی ہے۔ بشرطیکہ وہ کتاب وسنت کے مخالف نہ ہو۔ لہذا ثابت ہوگیا کہ ممکنات کے ذوات واصول، عدمات ہیں اور ان کے نقائص ورذائل کے صفات ان عدمات کے مقتضیات ہیں جو قادر مختار جل سلطانہٗ کی صنعت وایجاد سے وجود میں آئے ہیں اور ان میں صفاتِ کاملہ حضرت وجود تعالیٰ وتقدس کے کمالات کے ظلال سے مستعار ہیں جو انعکاس کے طریق پر ظہور پاکر قادر مختار جل سلطانہ کی ایجاد سے موجود ہوئے

Marfat.com

ہیں .... اور اشیا کے حسن وقبح کا مصداق یہ ہے کہ وہ چیز جو آخرت سے تعلق رکھتی ہے اور آخرت کے لئے ذریعہ ووسیلہ ہے وہ حسن (اچھی) ہے اگر چہ بظاہر اچھی معلوم نہ ہو، اور جو چیز دنیا سے تعلق رکھتی ہے اور دنیا کے حصول کا ذریعہ ووسیلہ ہے وہ قبیح (بُری) ہے اگر چہ بظاہر اچھی معلوم ہو اور حلاوت وطراوت کے ساتھ ظاہر ہو جیسا کہ دنیوی مزخرفات (جھوٹی زیب وزینت) کا یہی حال ہے .... یہی وجہ ہے کہ شریعتِ مصطفویہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ میں بے ریش لڑکوں اور اجنبی عورتوں کے حُسن اور کمینی دنیا کی زیب وزینت کی طرف رغبت و خواہش سے نظر کرنا منع فرمادیا گیا ہے کیونکہ یہ حسن وطراوت عدم کے مقتضیات سے ہے جو ہر شر وفساد کی جگہ ہے۔ اگر اس حسن وجمال کا منشا کمالاتِ وجودیہ ہوتے تو اس سے منع نہ فرماتے۔ اس لئے کہ اصل کے موجود ہوتے ظل کی طرف توجہ کرنا برا اور مکروہ ہے۔ اور یہ منع کرنا استحسان کے طور پر ہے نہ کہ واجب، برخلاف پہلے منع کرنے کے (جو کہ وجوبی ہے) لہذا وہ حُسن جو دنیاوی مظاہر جمیلہ میں ظاہر ہوتا ہے وہ اس ذات تعالیٰ وتقدس کے حُسن کے ظلال سے نہیں ہے بلکہ عدم کے لوازمات سے ہے جس نے حَسَن کی مجاورت (معیّت) کی وجہ سے ظاہر میں حُسن پیدا کر لیا ہے، اور حقیقت میں قبیح وناقص ہے جیسے کہ زہر کو شکر کے غلاف میں ڈھانپ دیا جائے یا نجاست پر سونے کا غلاف چڑھادیں .... اور یہ جو خوبصورت عورتوں اور لونڈیوں سے نکاح کرنے کا حکم فرمایا گیا ہے وہ اولاد حاصل کرنے اور بقائے نسل کے لئے ہے جو نظام عالم کو باقی رکھنے کے لئے ضروری ہے۔

لہذا بعض صوفیہ جو مظاہرِ جمیلہ اور دلکش نغمات میں اس خیال سے گرفتار ہیں کہ یہ حسن وجمال حضرت واجب الوجود تعالیٰ وتقدس کے کمالات سے مستعار ہے جو ان مظاہر میں ظاہر ہوا ہے اور اس گرفتاری کو نیک اور مستحسن خیال کرتے ہیں بلکہ وصول الی اللہ کا ذریعہ تصور کرتے ہیں .... اس فقیر کے نزدیک اس کے خلاف ثابت ہوا ہے چنانچہ اس قسم کا تھوڑا سا مضمون اوپر بیان ہو چکا ہے۔

عجب معاملہ ہے کہ بعض صوفیہ اپنی مطلب براری کے لئے اس قول کو سند کے طور پر پیش کرتے ہیں جس میں کہا گیا ہے: اِیَّاکُمْ وَالْمُرْدَ فَاِنَّ فِیْھِمْ لَوْنًا کَلَوْنِ اللّٰہِ (تم ان بے ریشوں سے بچو کیونکہ ان میں اللہ تعالیٰ کے رنگ کی طرح کا رنگ ہے) کلمہ کَلَوْنَ اللّٰہِ (اللہ تعالیٰ کے رنگ کی مانند) ان کو شبہ میں ڈال دیتا ہے، اور نہیں جانتے کہ یہ قول ان کے مطلب کے منافی ہے اور اس درویش کی معرفت کی تائید میں ہے کیونکہ کلمہ تحذیر (بچنے کی تاکید) لاکر ان کی طرف توجہ کرنے سے منع کیا گیا ہے اور ان کی غلط منشا کو بیان کیا گیا ہے کہ ان کا حسن حق تعالیٰ سبحانہٗ کے حسن وجمال کی مانند ہے نہ کہ بعینہٖ اس کا حُسن۔ تا کہ غلطی میں نہ پڑ جائیں۔

آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: مَا الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃُ اِلَّا ضَرَّتَانِ اِنْ رَضِیَتْ اِحْدٰھُمَا سَخِطَتِ الْاُخْرٰی (یعنی دنیا اور آخرت دوسوکنوں کی طرح ہیں اگر ایک راضی ہوگی تو دوسری ناراض ہو جائے گی اس حدیث میں بھی اس بات کی تصریح ہے کہ دنیاوی حسن وجمال اور اخروی حسن وجمال دونوں ایک دوسرے کے نقیض اور ضد ہیں اور مقرر ہے (یعنی نصوص آیات واحادیث سے ثابت ہے) کہ حسن دنیاوی ناپسندیدہ

Marfat.com

ہے اور حسن اُخروی (اللہ تعالیٰ کی) مرضیات سے ہے۔ لہذا شر حسن دنیوی کے لئے لازم ہوگا اور خیر حسن اُخروی کے لئے لازم۔ پس لازماً اول کا منشا عدم ہوگا اور دوسرے کا منشا وجود.......... ہاں بعض چیزیں ایسی ہیں کہ ایک وجہ کی بنا پر دنیا سے تعلق رکھتی ہیں اور دوسری وجہ سے آخرت سے متعلق ہیں۔ یہ اشیا (چیزیں) پہلی وجہ کے لحاظ سے قبیح (بُری) ہیں اور دوسری وجہ کے اعتبار سے حسن (اچھی) ہیں۔ اور ان دونوں کے درمیان، اور ان میں سے حسن و قبح کے درمیان تمیز کرنا علمِ شریعت پر موقوف ہے.......... اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ مَـا اٰتٰـكُمُ الـرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا (سورہ حشر ۵۹، آیت ۷) رسول ﷺ جو کچھ تم عطا فرمائے وہ لے لو اور جس سے منع فرمائے اس سے باز رہو)..........

حدیث شریف میں وارد ہے کہ جب سے اللہ تعالیٰ نے دنیا کو پیدا کیا ہے اس کی طرف نظر نہیں کی اور وہ حق تعالیٰ کی مبغوضہ ہے۔.......... اور یہ سب کچھ اس کی بُرائی، شرارت اور فساد کی وجہ سے ہے جو عدم کے تقاضوں میں سے ہے جو کہ ہر شر و فساد کا محل ہے، اور دنیاوی، حسن و جمال اور اس کی شیرینی اور تازگی راستہ کے کوڑے کرکٹ کی مانند ہیں جو منظورِ نظر نہیں ہیں، وہ تو آخرت کا جمال ہی ہے جو شایانِ نظر اور حق سبحانہٗ و تعالیٰ کی مرضی کا مقام ہے۔ اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ دنیاداروں کا حال بیان کرتے ہوئے ارشاد فرماتا ہے۔ تُـرِيْـدُوْنَ عَـرَضَ الـدُّنْـيَـا وَالـلّٰـهُ يُـرِيْـدُ الْاٰخِـرَةَ (انفال ۸، آیت ۶۷) (تم دنیا کا مال و اسباب چاہتے ہو اور اللہ تعالیٰ (تمہارے لئے) آخرت چاہتا ہے۔..........

اَللّٰهُمَّ صَغِّرِ الدُّنْيَا بِاَعْيُنِنَا وَكَبِّرِ الْاٰخِرَةَ فِيْ قُلُوْبِنَا بِحُرْمَةِ مَنِ افْتَخَرَ بِالْفَقْرِ وَتَجَنَّبَ عَنِ الْغِنَا عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهِ الصَّلَوٰاتُ وَالتَّسْلِيْمَاتُ اَتَمُّهَا وَاَكْمَلُهَا (یا اللہ! تو دنیا کو ہماری آنکھوں میں حقیر کر دے اور آخرت کی بزرگی اور بڑائی ہمارے دلوں میں ڈال دے بحرمۃ رسول اکرم علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات اتمہا واکملہا (جنہوں نے فقر پر فخر کیا اور دولت مندی سے اجتناب کیا)۔

اور چونکہ شیخ اجل شیخ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کی نظر ان کے فساد اور نقص و شرارت کی حقیقت پر نہیں پڑی اس لئے انہوں نے حقائق ممکنات کو حق جل وعلا کی صورتِ علمیہ سمجھ لیا ہے کیونکہ ان صورتوں نے حضرتِ ذات تعالیٰ و تقدس کے آئینے میں جو خارج میں اس کے جُز کے سوا کچھ بھی موجود نہیں ہیں (انہوں نے) انعکاس پیدا کر کے خارج میں ظہور پیدا کر لیا ہے اور وہ ان صورِ علمیہ کو صورِ شیون اور صفاتِ واجبی جل سلطانہٗ کے علاوہ نہیں جانتے ہیں۔ لہذا لازمی طور پر انہوں نے وحدت الوجود کا حکم کیا ہے اور ممکنات کے وجود کو واجب تعالیٰ و تقدس کا عین کہا ہے اور شر و نقص کو اضافی و نسبتی قرار دے کر شرارتِ مطلق اور نقصِ محض کی نفی کی ہے یہی وجہ ہے کہ کسی چیز کو بالذات بری نہیں جانتے، یہاں تک کہ کفر و ضلالت کو ایمان و ہدایت کی نسبت برا جانتے ہیں، ان کی اپنی ذاتی نسبت کو برا نہیں جانتے کیونکہ وہ ان کو عین خیر و اصلاح سمجھتے ہیں۔ اور ان تمام چیزوں کے لئے اپنے ارباب کو ان کی نسبت استقامت کا حکم کرتے ہیں۔ اور آیہ کریمہ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى

Marfat.com

صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (سورہ ہود،۱۱،آیت ۵۶) (جتنے روئے زمین پر چلنے والے ہیں سب کی چوٹی اس (اللہ تعالیٰ) نے پکڑ رکھی ہے۔ یقیناً میرا رب صراط مستقیم پر ہے) کو اس معنی پر شاہد لاتے ہیں .... ہاں جو کوئی وحدت الوجود کا حکم کرتا ہے وہ اس قسم کی باتوں سے کس طرح کنارہ کر سکتا ہے .... اور جو کچھ اس حقیر کے اوپر منکشف کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ ''ماہیات'' ممکنات کے عدمات ہیں جو کمالاتِ وجود یہ کے ساتھ ان میں منعکس ہو گئے ہیں اور مل جُل گئے ہیں۔ جیسا کہ مفصل گذر چکا ہے۔ وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ يُحِقُّ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ (اللہ سبحانہٗ ہی حق بات کو ثابت کرتا ہے اور وہی سیدھے راستے کی ہدایت دیتا ہے)

اے فرزند! یہ علوم و معارف (کہ جن کی نسبت) اہل اللہ میں سے کسی نے بھی صراحت کے ساتھ گفتگو نہیں کی اور نہ ہی اشارہ کیا، یہ ''اشرفِ معارف'' (نہایت اعلیٰ درجے کے) معارف میں اور ''اکمل علوم'' میں سے ہیں جو ہزار سال کے بعد ''منصہ شہود'' پر آئے ہیں اور واجب تعالیٰ و تقدس کی حقیقت اور ممکنات کے حقایق کو جسقدر کہ ممکن اور اس کے لائق ہے بیان کیا گیا ہے۔ یہ معارف کتاب و سنت کی مخالفت نہیں کرتے اور نہ ہی اہلِ حق کے اقوال کے مخالف ہیں .... معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کی اس دعا سے یہی مراد ہے جو آپ نے امت کو تعلیم فرمائی ہے: اَللّٰهُمَّ اَرِنَا حَقَائِقَ الْاَشْيَاءِ كَمَا هِيَ (یا اللہ تو ہم کو اشیاء کی حقیقت دکھا جیسی کہ وہ ہیں) .... یہ وہ حقائق ہیں جو ان علوم کے ضمن میں بیان ہو گئے ہیں اور جو عبودیت کے مقام کے مناسب ہیں اور جو نقص و ذلت اور انکسار پر و بندگی کے حال کے مناسب ہے دلالت کرتے ہیں۔ وہ بندہ عاجز جو اپنے آپ کو مولائے قادر کا عین جانے کمال درجہ بے ادبی ہے اور اس میں کوئی خیر نہیں۔

اے فرزند! یہ وہ وقت ہے جبکہ سابقہ امتوں میں ایسے ظلمت و تاریک بھرے وقت میں اولو العزم پیغمبر مبعوث ہوتے تھے اور احیاء شریعت کرتے تھے۔ اور اس امت میں جو کہ خیر الامم ہے اور اس کے پیغمبر خاتم الرسل علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات ہیں (آپ نے اس امت کے) علماء کو انبیاء بنی اسرائیل کا مرتبہ دیا ہے اور علماء کے وجود کو انبیاء کے وجود سے کفایت فرمایا ہے، اسی لئے ہر صدی کے سرے پر (ختم یا شروع میں) اس امت کے علماء میں سے ایک مجدّد کا تعین کرتے ہیں تاکہ احیائے شریعت فرمائے۔ بالخصوص ایک ہزار سال گذر جانے کے بعد جو کہ امم سابقہ میں اولو العزم پیغمبر کی بعثت کا وقت قرار دیا گیا ہے ایسے وقت میں ہر پیغمبر کو کافی نہیں سمجھا گیا (بلکہ اولو العزم پیغمبر مبعوث کیا گیا) اب بھی اسی طرح کے وقت میں ایک تام المعرفت عالم و عارف کی ضرورت ہے جو امم سابقہ کی طرح اولو العزم (پیغمبر کے قائم مقام) ہو۔ شعر

فیض روح القدس ار باز مدد فرماید دیگراں ہم بکنند آنچہ مسیحا می کرد
(وحی کا فیض اگر پھر سے میسّر ہو جائے دوسرے بھی وہ کریں جو کہ مسیحا نے کیا)

اے فرزند! وجود صرف عدم صرف کے مقابل ہے اور جیسا کہ اوپر گذر چکا ہے کہ وجودِ صرف واجب الوجود تعالیٰ و تقدس کی حقیقت ہے جو ہر خیر و کمال کا عین ہے، اگرچہ اس عینیت کا ملاحظہ بھی نہایت اختصار سے ہوتا

Marfat.com

ہے کیونکہ اس مقام پر گنجائش نہیں ہے کہ وہاں ظلیت کی آمیزش رکھتی ہے۔ اور عدمِ صرف جو اس وجود کے مقابل ہے وہ وہ عدم ہے جس کی طرف کسی نسبت و اضافت نے راہ نہیں پائی اور وہ ہر شر و نقص کا عین ہے، اگرچہ یہ عینیت بھی وہاں (عدم) گنجائش نہیں رکھتی۔ کیونکہ وہ اضافت کی بو رکھتی ہے.................اور یہ بات معلوم ہے کہ کسی چیز کا ظہور پورے طور پر اس چیز کے حقیقی مقابلے میں صورت اختیار کر لیتا ہے۔ اور بِـضِـدِّ هَـا تَتَبَيَّنُ الْاَشْيَاءُ (اشیاء اپنی ضد سے پہچانی جاتی ہیں) لہٰذا لازمی طور پر "وجود صرف" کا ظہور پورے طور پر عدمِ صرف کے آئینے میں حاصل ہوتا ہے.................اور یہ بات طے شدہ ہے کہ نزول عروج کے اندازے کے مطابق ہوتا ہے لہٰذا اگر کسی کا عروج اللہ سبحانہٗ کی عنایت سے وجودِ صرف کے سامنے تحقیق ہو جائے تو لازمی طور پر اس کا نزول بھی عدم صرف میں ہوگا جو اس کے مقابل ہے۔ لیکن عروج کے وقت وہاں عارف کا استہلاک ہے جس میں جہل لازم ہے، اور نزول کے وقت صحو متحقق ہے جو مقامِ علم و معرفت ہے اس مقام صحو میں اس کو اس تجلیِ ذاتی سے جو ظلیت کی آمیزش سے مبرا اور شیون و اعتبارات ذاتیہ کے ملاحظہ سے منزہ ہے مشرف کر دیتے ہیں اور اس کو آگاہ کر دیتے ہیں کہ اس سے پہلے جو تجلی حاصل ہوئی تھی وہ اسماء و صفات اور شیون و اعتبارات کے ظلال میں سے کسی ظل کے پردے میں تھی، اگرچہ عارف اس تجلی کو اسماء و صفات اور شیون کے ملاحظہ کے بغیر جانتا ہے۔ اور اس کو حضرت "وجودِ صرف" کی تجلی خیال کرتا ہے۔

سبحان اللہ! یہ عدم جو ہر شر و نقص کی جگہ ہے جس نے حضرت وجود تعالیٰ کے ظہور تام کے واسطے سے حسن کے معنی پیدا کر لئے ہیں اور وہ کچھ پایا ہے جو کسی نے نہیں پایا (نیز) جو فی نفسہٖ اپنی ذات میں قبیح تھا وہ حُسنِ عارضی کے واسطے سے مستحسن ہو گیا۔ اور انسان کا نفس امارہ جو بالذات شرارت کی طرف مائل ہے اس عدم کے ساتھ سب سے زیادہ کامل مناسبت رکھتا ہے۔ تجلیِ خاص میں سب سے فائق ہو گیا اور سب پر ترقی کر گیا۔ ع

کہ مستحقِ کرامت گنہگار انند
(کرم کے مستحق بس عاصیاں ہیں)

جاننا چاہیے کہ "عارف تام المعرفت" عروج کے مقامات اور نزول کے مراتب کو تفصیل کے ساتھ طے کرنے کے بعد جب عدمِ صرف میں نزول کرتا ہے اور حضرتِ وجود کی آئینہ داری کرتا ہے تو اس وقت اس میں تمام اسمائی و صفاتی کمالات ظہور کرتے ہیں اور تفصیل کے ساتھ وہ تمام لطائف کو ظاہر پاتا ہے کہ جن کا متضمن مقامِ اجمال ہے.................اور یہ دولت اس کے علاوہ دوسرے کو میسر نہیں ہے۔ اور یہ آئینہ داری ایک قابلِ فخر عمدہ لباس ہے جو اس کے قد پر سلا ہوا ہے۔ اگرچہ اس تفصیل نے حضرتِ علم کے خزینہ میں صورت حاصل کر لی ہے لیکن وہ آئینہ داری مرتبہ علم میں ہے اور اس عارف کی آئینہ داری مرتبہ خارج میں ہے جس نے خارج میں تمام کمالات کو ظاہر کیا ہے۔

سوال: "مرآتیت عدم" کے کیا معنی ہیں؟ اور عدم جو کہ محض لاشے ہے اس کو کس اعتبار سے وجود کا آئینہ کہا

Marfat.com

ہے؟

جواب: عدم خارج کے اعتبار سے محض لاشے ہے لیکن اس نے علم میں ایک امتیاز پیدا کرلیا ہے بلکہ وجودِ ذہنی ثابت کرنے والوں کے نزدیک اس کو وجودِ علمی بھی حاصل ہوگیا ہے۔ اور اس کو وجود کا آئینہ اس اعتبار سے کہا ہے کہ عدم کے مرتبہ میں جو کچھ نقص وشرارت ثابت ہوگا وہ وجود سے جو اس کا نقیض ہے لازمی طور پر مسلوب ہوگا۔ اور ہر کمال جو عدم کے مرتبہ میں مسلوب ہوگا وہ حضرتِ وجود میں مثبت ہوگا۔ لہٰذا لازمی طور پر عدم کمالاتِ وجودی کے ظاہر کرنے کا سبب بن گیا۔ اور آئینہ ہونے کے یہی معنی ہیں اس کے علاوہ اور کوئی معنی نہیں۔ فَافْهَمْ فَاِنَّهٗ یَنْفَعُكَ وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ الْمُلْهِمُ (پس سمجھ لو کیونکہ یہ تمہارے لئے نفع بخش ہے اور اللہ سبحانہٗ الہام کرنے والا ہے)

اے فرزند! یہ معارف جو تحریر میں آئے ہیں امید ہے کہ الہاماتِ رحمانی سے ہوں گے جن میں ہرگز وساوسِ شیطانی کا شائبہ تک نہیں ہوا۔ اور اس معنی کی دلیل یہ ہے کہ جب یہ علوم تحریر کئے جارہے تھے تو یہ فقیر خداوند جل سلطانہ کے حضور میں ملتجی ہوا اور دیکھا کہ گویا ملائکہ کرام علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام اس مقام کے اطراف سے شیطان کو دفع کرتے ہیں اور اس مکان کے گرد نہیں آنے دیتے۔ وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ اَعْلَمُ بِحَقِيْقَةِ الْحَالِ (اور اللہ سبحانہٗ ہی حقیقۃ الحال کو خوب جانتا ہے) .... اور چونکہ اللہ تعالیٰ کی بزرگ ترین نعمتوں کے ظاہر کرنے میں بڑی اعلیٰ درجے کی شکر گذاری ہے اس لئے اس نعمتِ عظمیٰ کے اظہار کی جرأت کی ہے۔ امید ہے کہ یہ بات عُجب کے گمان سے پاک ہوگی۔ اس میں عُجب کی گنجائش کس طرح ہوسکتی ہے جبکہ اللہ تعالیٰ سبحانہٗ کی عنایت سے اپنا ذاتی نقص اور شرارت ہمہ وقت اپنی آنکھوں کے سامنے ہے، اور سب کمالات اللہ تعالیٰ ہی کی طرف منسوب ہیں .... اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَوَّلًا وَّ اٰخِرًا وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ دَائِمًا وَّ سَرْمَدًا وَّعَلٰی اٰلِهِ الْكِرَامِ وَاَصْحَابِهِ الْعِظَامِ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَائِرِ مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی وَالْتَزَمَ مُتَابَعَةَ الْمُصْطَفٰی عَلَيْهِ وَعَلٰی اٰلِهِ الصَّلَوَاتُ وَالتَّسْلِيْمَاتُ اَتَمُّهَا وَاَكْمَلُهَا (اول و آخر تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لئے ہیں اور اس کے رسول اور ان کی بزرگ اولاد اور اصحاب عظام پر ہمیشہ صلوٰۃ وسلام ہو، اور ان سب پر بھی جو ہدایت کے راستے پر چلے اور حضرت محمد مصطفیٰ علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کی متابعت کو لازم پکڑے)۔

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ چوتھا حصہ

﴿حاشیہ متین﴾

﴿ص۲۵﴾ لے اعلم ان الحمل هو اتحاد المتغايرين فى نحو من التعقل بحسب نحو آخر من الوجود اتحادًا بالذات كما فى حمل ذاتيات او بالعرض كم فى حمل العرضيات وقد ينقسم بان نسبته المحمول الى الموضوع، اما بواسطة فى ذو اوله وغيره، فهو الحمل بالاشتقا او بلا واسطة فهو الحمل بالمواطاة ۱۲

ترجمہ: اس بات سے آگاہ رہو کہ حمل دو متغائر جزوں کا متحد ہونا ہے، خواہ یہ اتحاد تعقل یعنی سمجھنے کے اعتبار سے ہو یا کسی

Marfat.com

چیز کے پائے جانے کے اعتبار سے ہو، یہ اتحاد بالذات ہو جیسے ذاتیات کا محمول کرنا، محمول کی جو کیفیت موضوع کی طرف ہوتی ہے اس اعتبار سے اس (حمل) کی دو قسمیں ہیں یا توفی، ذو یالام وغیرہ کے واسطہ سے حمل ہوگا تو یہ حمل استقاق ہے یا بلا واسطہ حمل ہوگا تو یہ حمل بالمواطاۃ ہے ۱۲

۲ یعنی صدق بلا سویۃ بل بالاختلاف بالاولویۃ و الاولیۃ مثلاً ۱۲ یعنی سچائی بغیر برابری اور اعتدال کے بلکہ اختلاف کے ساتھ اولویت کے سبب سے اور اولویت مثال کے طور پر ۱۲

۳ اگر چہ وہ مغائرت اعتباری ہو نہ کہ حقیقی اور وہ مغائرت اس مرتبہ میں بالکل مفقود ہے کیونکہ مغائرت ظلیت کے مرتبوں میں ہوتی ہے اور اس جگہ کوئی ظلیت نہیں ہے۔ چونکہ وہ تعین اول سے کئی درجے بالاتر ہے اس وجہ سے کہ نسبتیں اس تعین میں اجمال کے طریقے پر ملحوظ ہیں، اور اس مقام میں اشیاء میں سے کسی شے کا کسی طرح کا بھی ملاحظہ نہیں ہے ۱۲ لمصحح رحمہ اللہ تعالیٰ ۲۱

ے یعنی اس کے وجود کا تصور حقیقت کے ساتھ اور اس کی حقیقت دائرہ امکان سے باہر ہے۔

﴿صہ ۲۶﴾ ۱ یعنی ہر جگہ جہاں بھی اپنی کتابوں اور رسائل میں عینیت واتحاد وجود کی نفی خاص طور پر ذات کی اس فقیر نے کی ہے اس وجود سے مراد ظلی وجود رکھنا چاہیے نہ کہ اصالت واجمال کے مرتبہ میں جو عین ذات ہے پس وہاں عینیت کی نفی کیسے درست بیٹھے گی ۱۲

ے یعنی حضرت ذات عالی واقدس کا مرتبہ اجمال ۱۲

ے قولہ ازان .... یعنی اس نے وجود سے عینیت کی نفی کی ہے ۱۲

۲ یعنی جیسا کہ وجود مرتبہ اصالت میں آثار خارجیہ کا مبدأ ہے ۱۲

۳ حیات، علم، قدرت، ارادت، سمع، بصر اور تکوین سے ۱۲

۴ حضرت ذات عالی واقدس کی مانند ہے ۱۲

۵ پس اس مقام میں صفات کا حمل ایک دوسرے پر بھی درست ہوتا ہے یعنی کہہ سکتے ہیں کہ علم حیات ہے اور اس کے برعکس (حیات علم ہے) اور ارادہ قدرت ہے، اور اس کے برعکس (قدرت ارادہ ہے) اسی پر قیاس کر لو ۱۲

﴿صہ ۲۷﴾ ۱ یعنی مرتبہ اصالت واجمال میں ماہیت معدوم نہیں کہہ سکتے، اور ماہیت عدم کہہ سکتے ہیں، اور مرتبہ تفصیل میں ماہیت عدم نہیں کہہ سکتے، اور ماہیت معدومہ کہہ سکتے ہیں، خوب سمجھ لو ۱۲

۲ مادۃ الشئی جس کے ساتھ بالقوہ شے حاصل ہو جیسے لکڑی چارپائی کیلئے اور صورۃ الشئی شے کی صورت وہ ہے جو شے بالفعل حاصل ہو جائے ۱۲

۳ یعنی اللہ تعالیٰ نے جب چاہا اور ارادہ فرمایا ان ماہیات عدمیہ کو اس وجود ظلی کے رنگ میں رنگین کر کے موجودات خارجیہ الخ ۱۲

﴿صہ ۲۸﴾ ۱ ظلے جار مجرور حضرت مجدد قدس سرہٗ کے قول منصبغ گشتہ کے متعلق ہے جو حال ہے، اور ہر عدمے مبتدا ہے اور ''در خارج زینتے پیدا کردہ است'' یہ خبر ہے ۱۲

۲ یعنی تام المعرفۃ جو حضرت وجود کے ساتھ ترقی کر کے عدم محض کے مقام میں نزول کیا ہے ۱۲

۳ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مَا مِنكُم مِّنْ أَحَدٍ إِلَّا وَقَدْ وُكِّلَ بِهِ قَرِينُهُ مِنَ الْجِنِّ وَقَرِينُهُ مِنَ الْمَلَائِكَةِ قَالُوْا: وَإِيَّاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَإِيَّايَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ أَعَانَنِي عَلَيْهِ فَأَسْلَمَ فَلَا يَأْمُرُنِي إِلَّا بِخَيْرٍ۔ رواہ مسلم ۱۲ مشکوۃ

ترجمہ: تم میں سے کوئی ایک بھی نہیں مگر اس پر اس کا ایک ساتھی جنات میں سے اور ایک ساتھی فرشتوں میں سے مسلط کیا

Marfat.com

گیا ہے،لوگوں نے کہا: یارسول اللہ! اور آپ کا بھی ایسا ہی معاملہ ہے؟ آپ نے فرمایا: میرا حال بھی ایسا ہی ہے، لیکن اللہ نے اس کے خلاف میری مدد فرمائی ہے، تو وہ مجھے نیکی کا حکم ہی دیتا ہے۔ (اسکوامام مسلم نے روایت کیا ہے ۔مشکوٰۃ کتاب الایمان، باب الوسوسہ)

۴ قولہ مانا بمعنی شاید اور تحقیق کے معنی میں دونوں آتے ہیں، اس جگہ دونوں کا احتمال ہے۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

﴿صہ ۲۹﴾ لے قولہ سَبَلَتْ پہلے دوسرے اور تیسرے حرف پر زبر کے ساتھ بروت یعنی مونچھ کے بال، اور دوسرے حرف با پر جزم کے ساتھ درندہ پن کے ایک قسم ہے، اور پہلے حرف سین کی زیر اور دوسرے کو ساکن بھی لکھا جاتا ہے اور پیش سے جیسے مشہور ہے غلط ہے۱۲ غ

۲ قولہ تغبیہ آراستہ کرنے کے معنی میں اور کسی چیز کو چھپانے اور پوشیدہ کرنے کے معنی میں اور کسی چیز کو اس طرح بنانا کہ وہ عجیب وغریب لگے۱۲

۳ یعنی جو بھی بھلائی تجھے پہنچتی ہے وہ اللہ کی طرف سے ہوتی ہے اور جو بھی برائی تجھے پہنچتی ہے وہ تیرے نفس کی طرف سے ہے، یہ آیت کریمہ سورۃ نساء (آیت ۷۹) پارہ ۵ دوسرے پاؤ میں ہے۱۲

۴ یعنی قولہ ذُروہ: پہلے حرف پر پیش اور زیر سے پہاڑ کی بلند اور چوٹی کے معنی میں ہے۱۲ غ

۵ قولہ حضیض: امیر کے وزن پر ہے، پستی اور نشیب کے معنی میں۱۲

ے یعنی دونوں نقیضوں کا ایک چیز پر سچا ہونا محال ہے مثلاً سچا ہونا انسان کا اور لا انسان زید پر۱۲

۶ نیز کہتے ہیں کہ لا حجر فی المتصور فنتعلق بکل شئی حتی بنفسہ و نقیضہ (متصور میں کوئی حجر نہیں پس وہ متعلق ہوتا ہے ہر چیز سے حتی کہ اپنے نفس سے اور اپنی نقیض سے اور جیسا کہ مفہوم اور لا مفہوم کیونکہ لا مفہوم بھی مفہوم کا درک ہے مفاہیم سے پس سمجھ لو۱۲

ے انہوں نے کہا ہے: معقول ثانی عبارت ہے اس کے متعلق جو کسی چیز کے لئے ذہن میں پیش آئے اور خارج میں پیش نہ آئے اور معقول اول وہ ہے جو ذہن میں حاصل ہو اس کے پیش آنے کے اعتبار کے بغیر کس چیز کے لئے، اور معقول ثالث وہ ہے جو تیسرے درجے میں واقع ہو، اور اسی پر قیاس کرلو چوتھے اور پانچویں کو اسی طرح۱۲

﴿صہ ۳۰﴾ لے یعنی جس نے اپنے نفس کو پہچانا پس بے شک اس نے اپنے رب کو پہچان لیا، معرب (ملا محمد مرادکی) نے کہا: امام السیوطی نے کہا امام نووی نے کہا ہے، یہ حدیث کی حیثیت سے ثابت نہیں اور ابن سمعانی نے کہا: یہ یحییٰ بن معاذ رازی کے کلام سے ہے، اور ابن حجر ہیثمی نے کہا: یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے کلام سے ہے اور مناوی نے کنوز الحقائق میں دیلمی کی طرف منسوب کیا ہے اور ماوردی نے اس کو ادب الدنیا والدین میں مرفوعاً حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ذکر کیا ہے کہ انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ! انسان کب اپنے رب کی معرفت حاصل کرتا ہے؟ آپ نے فرمایا: جب وہ اپنے نفس کو پہچان لیتا ہے، انتھی ۱۲

۲ یہ آیت ۳۵ سورہ نور پارہ اٹھارہ میں واقع ہے یعنی اللہ نور ہے آسمانوں اور زمین کا اس کے نور کی مثال ایسی ہے جیسے ایک طاق ہو اس میں چراغ ہو وہ چراغ شیشہ کے (ایک فانوس) میں ہو، وہ فانوس گویا ایک ستارہ ہے جو موتی کی طرح چمک رہا ہے۱۲

﴿صہ ۳۱﴾ لے قولہ من فسر الخ یعنی جس شخص نے اپنی رائے سے قرآن کریم کی تفسیر کی تحقیق وہ کافر ہوگیا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مَنْ قَالَ فِي الْقُرْاٰنِ بِرَأْيِهٖ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ (جس شخص نے قرآن میں اپنی رائے سے کچھ کہا پس چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ دوزخ میں بنالے) اور دو روایتوں میں اس طرح ہے کہ قَالَ فِي الْقُرْاٰنِ بِغَيْرِ عِلْمٍ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ رواہ الترمذی (جس نے

Marfat.com

قرآن میں بغیر علم کے کچھ کہا پس چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ دوزخ میں بنالے۔اس کو ترمذی نے روایت کیا)

حضرت جندب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مَنْ قَالَ فِی الْقُرْاٰنِ بِرَأْیِهٖ فَأَصَابَ فَقَدْ أَخْطَأَ رواه الترمذی وابو داود (جس نے قرآن میں اپنی رائے سے کچھ کہا تو اس نے صحیح کہا، بے شک اس نے خطا کی۔اس کو ترمذی اور ابوداؤد نے روایت کیا)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اَلْمِرَاءُ فِی الْقُرْاٰنِ کُفْرٌ رواه احمد وابوداؤد (قرآن میں اپنی رائے سے کچھ کہنا کفر ہے، اس کو احمد اور ابوداؤد نے روایت کیا) یہ سب مشکوٰۃ سے لیا گیا ہے۔

عربی ترجمہ کرنے والے (ملا مراد مکی) نے کہا: مسند الفردوس میں ضعیف سندوں سے روایت ہے ومَن فَسَّرَ الْقُرْاٰنَ بِرَأْیِهٖ فَقَدِ اتَّهَمَنِیْ (جس شخص نے قرآن کی تفسیر اپنی رائے سے کی یقیناً اس نے مجھ پر بہتان لگایا) اور ایک روایت میں ہے وَهُوَ عَلٰی وُضُوْءٍ فَلْیُعِدْ وُضُوْءَهٗ (اور وہ باوضو ہو تو اسے چاہیے کہ وضو دوبارہ کرے) اور ایک روایت میں ہے: فَأَصَابَ كُتِبَتْ عَلَيْهِ خَطِيْئَةٌ لَوْ قُسِمَتْ بَيْنَ الْعِبَادِ لَوَسِعَتْهُمْ (پس اس نے درست کہا (اپنی رائے سے قرآن میں) اس پر گناہ لکھا جاتا ہے، اگر وہ بندوں پر تقسیم کی جائے تو ان پر چھا جائے) ملا مراد مکی نے کہا: امام ربانی قدس سرہ کے الفاظ مجھے نہیں ملے ۱۲

مترجم کہتا ہے: حدیث کی روایت بالمعنی جائز ہے، مذکورہ احادیث سے امام ربانی قدس سرہ کا بیان کردہ معنی واضح ہے تو پھر کوئی اعتراض کی بات نہیں ۱۲

ے قولہ مقتضیات: ضاد پر زبر ہے، اسم مفعول کا صیغہ ہے یعنی تقاضا کیا ہو، یعنی عدمات مقتضی ہیں (ضاد کی زیر سے) اور صفات مقتضی ہیں (ضاد کی زبر سے ۱۲

لا قولہ کَالْمُزَخْرَفَاتِ۔ صیغہ اسم مفعول یعنی میم پر پیش اور دوسرے حرف پر زبر اور خا پر جزم اور را پر زبر، مُزخرف کی جمع ہے بمعنی جھوٹی بات جو سچی بات کی طرح بنائی اور آراستہ ہوئی ہو ۱۲

ے قال الله تعالى: قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ الخ وقال عز من قائل: وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى الخ پہلی آیت ۳۰، سورہ نور اور دوسری آیت ۱۳۱ سورہ طٰہٰ میں واقع ہے (آپ حکم دیجئے مومنوں کو کہ وہ نیچی رکھیں اپنی نگاہیں اور حفاظت کریں اپنی شرمگاہوں کی یہ (طریقہ) بہت پاکیزہ ہے ان کے لئے) اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اور آپ مشتاق نگاہوں سے نہ دیکھیں ان چیزوں کی طرف جن سے ہم نے لطف اندوز کیا ہے کافروں کے چند گروہوں کو، یہ محض زیب و زینت ہیں دنیوی زندگی کی (اور انہیں اس لئے دی ہیں) تا کہ ہم آزمائیں انہیں ان سے، اور آپ کے رب کی عطا بہتر اور ہمیشہ رہنے والی ہے)

فتاوٰی عالمگیری میں کہا ہے: والغلام اذا بلغ مبلغ الرجال ولم يكن صبيحا فحكمه حكم الرجال وان كان صبيحا فحكمه حكم النساء وهو عورة من قرنه الى قلمه لا يحل النظر اليه عن شهوة، فاما الخلوة والنظر اليه لا عن شهوة فلا بأس به ولذالم يؤ مر بالنقاب ۱۲ رد المختار، ترجمہ لڑکا اگر مردوں کی حد کو پہنچ گیا تو اس کا حکم مردوں کی مثل ہے اور اگر بے ریش خوبصورت ہو اسکا حکم مثل عورتوں کے ہے، وہ سر سے قدم تک عورت ہے، شہوت سے اسکی طرف دیکھنا حلال نہیں ہے اور بغیر شہوت کے دیکھنا اور اسکے ساتھ علیحدگی میں بیٹھنا جائز ہے، اسی وجہ سے اسکو نقاب ڈالنے کا حکم نہیں دیا جاتا ۱۲

ے کیونکہ (عدم) صفات نقائص ورذائل میں سے ہے صفات کمال میں سے نہیں ۱۲

ـ قولہ مستہجن : استہجان سے اسم مفعول ہے مکروہ زشت اور براو عیدار ۱۲

ـ قولہ اماء : لونڈیاں نیکو کار اور خوبصورت ۱۲

﴿صہ۳۲﴾ ۱ـ یعنی پرہیز کرنا چاہیے اور اپنے آپ کو بے ریشوں سے بچانا چاہیے کیونکہ بے شک ان میں اللہ تعالیٰ کے رنگ کی طرح کا رنگ ہے یعنی ان کا حسن و جمال اللہ تعالیٰ کے حسن و جمال کے مشابہ ہے، سبحانہ وتعالیٰ وتقدس ۱۲

۲ـ یعنی دنیا اور آخرت دو سوکنوں کی طرح ہیں اگر ایک راضی ہوگی تو دوسری ناراض ہو جائے گی۔ ضَرَّ پہلے حرف پر زبر ہے اور را پر شد ہے، وہ عورت جو پہلی عورت پر نکاح میں آئے اور اس کو فارسی میں انباغ الف پر زبر اور آخر میں غین دوسی زبر سے ہے اور اردو میں سوت اور سوتن کہتے ہیں ۱۲ غیاث

۳ـ یعنی رسول جو کچھ تم کو دے وہ لے لو اور جس سے منع کرے اس سے باز رہو، یہ آیت ۷، سورہ حشر، پارہ ۲۸ میں ہے ۱۲

۴ـ یہ آیت ۶۷ سورۃ انفال پارہ دس میں ہے یعنی تم دنیا کا مال و اسباب چاہتے ہو۔ اور اللہ تمہارے لئے آخرت چاہتا ہے ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

ـ یا اللہ! تو دنیا کو ہماری آنکھوں میں حقیر کر دے اور آخرت کی بزرگی اور بڑائی ہمارے دلوں میں ڈال دے ان کی حرمت کے وسیلہ سے جنہوں نے فقر پر فخر کیا اور دولت مندی سے اجتناب کیا۔ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهِ الصَّلَوٰتُ وَالتَّسْلِيمَاتُ أَتَمُّهَا وَأَكْمَلُهَا ۱۲

ـ قولہ اشتہا مقرر کیا ہوا اور تصور کیا ہوا ۱۲

﴿صہ۳۳﴾ ۱ـ یعنی امر اضافی حقیقی نہیں مثلاً ٹھنڈک پھلوں کو خراب کرنے والی ہے، پھلوں کے ساتھ اسکی نسبت شر ہے، لیکن اس جہت سے نہیں کہ یہ کیفیات میں سے ایک کیفیت ہے، کیونکہ وہ اس جہت سے ایک کمال ہے کمالات میں سے، ایسے ہی قتل جو شر ہے، لیکن اس جہت سے نہیں کہ قاتل کی طاقت ہے قتل پر یا مقتول کے عضو کو کاٹنے کی قابلیت، بلکہ زندگی کے زوال کی جہت سے، اسی پر قیاس کر لو ۱۲

۲ـ یہ آیت ۵۶ سورہ ہود پارہ بارہ میں ہے یعنی جتنے روئے زمین پر چلنے والے ہیں سب کی چوٹی اس (اللہ تعالیٰ) نے پکڑ رکھی ہے یقیناً میرا رب صراط مستقیم پر ہے ۱۲

۳ـ قولہ مَنَصَّہ: میم اور نون پر زبر ہے اور صاد پر شد اور زبر ہے، کسی چیز کے ظاہر ہونے کی جگہ لہذا اسی معنی کے لحاظ سے اس تخت یا سریر کے معنی میں جس پر دلہن کو بٹھا کر نمائش کرتے ہیں اور اس کو داماد پر اور دوسرے ناظرین پر ظاہر کرتے ہیں، یہ مستعمل ہے اور یہ لفظ میم کی زیر سے بھی آیا ہے، میم کی پیش اور نون پر شد غلط ہے ۱۲ غ

۴ـ قولہ اَللّٰھُمَّ اَرِنَا الخ کہا گیا ہے کہ اسکی کوئی اصل نہیں پائی گئی بلکہ یہ کسی عارف کا کلام ہے اور کہا گیا ہے کہ بلکہ اسکو غزالی نے العلق المضنون میں ذکر کیا ہے اور دہلوی نے مدارج النبوت میں۔ پس کسی عارف کی طرف اسکی نسبت غلط ہے۔ میں کہتا ہوں کاش اسکا مخرج اور راوی ذکر کیا جاتا یہاں تک غلط کی تحقیق کی جاتی ۱۲ معرب

اس قول کا مطلب ہے: ہماری بصیرت کی آنکھ سے غفلت کا پردہ کھول دے اور ہر چیز جیسی ہے ویسی ہی دکھا دے ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

۵ـ اسکی طرف اشارہ ہے جو مشہور ہے۔ ان علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل ابن حجر، ذہبی اور زرکشی نے کہا کہ اسکی کوئی اصل نہیں ہے، دمیری نے کہا ہے: اس حدیث کا تخریج کرنے والا معلوم نہیں، لیکن بخاری میں ہے: اَلْعُلَمَاءُ وَرَثَةُ الْاَنْبِيَاءِ (علماء انبیا کے وارث ہیں) اس کو ابوداود، ترمذی، ابن ماجہ اور حاکم نے اپنی صحیح میں روایت کیا ہے، لیکن اس کا معنی صحیح ہے جیسا کہ غور کرنیوالے پر مخفی نہیں اور (شیخ ابن عربی) نے فتوحات کے باب (۴۱) میں ان لفظوں میں ذکر کیا ہے، وقد ورد فی الخبر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان

Marfat.com

علماء ھذہ الامۃ کانبیاء بنی اسرائیل ۱۲ معرب (مولانا محمد مراد مکی رحمہ اللہ تعالیٰ)

ب قولہ برسر ہر مائۃ: عن ابی ھریرۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال: ان اللہ عزوجل یبعث لھذہ الامۃ علی رأس کل مائۃ سنۃ من یجدد لھا دینھا، رواہ ابو داؤد ۱۲ مشکوۃ (حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل بھیجے گا اس امت کے لئے ہر صدی کے سرے پر اس کو جو اس امت کے دین کی تجدید کرے گا، اسکو ابو داؤد نے روایت کیا ہے۔ مشکوٰۃ

﴿صہ ۳۴﴾ ب یعنی چیزیں اپنی ضد اور مقابل کیساتھ ظہور پاتی ہیں، ضد کے ساتھ ضد واضح ہوتی ہے ۱۲

ا التعریب: اَحَقُّ الْخَلْقِ بِالْكِرَامِ الْعُصَاةُ (کرم کے مستحق عاصی ہوتے ہیں)

ب قولہ لطائفیکہ: یعنی طائف موجودہ مقام اجمال کو بھی کشادہ کرنا چاہتے ہیں ۱۲

ب قولہ قد او: یعنی اس طرح کی آئینہ داری اس کے ساتھ خاص ہے، دوسرے میں نہیں پائی جاتی ۱۲

﴿صہ ۳۵﴾ ا یعنی آئینہ ہونے سے اور کوئی مراد نہیں مگر یہ جو ہم نے ذکر کی ہے اور بیان کی ہے پس سمجھ لو اس مضمون کو کیونکہ یہ تمہارے لئے نفع بخش ہے اور خدائے پاک اپنے بندوں کو الہام کرنے والا ہے ۱۲

۲ اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو سورۃ جن میں ہے یعنی فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ يَسْلُكُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا (سورہ جن ۲۶، ۲۷) ترجمہ: پس وہ آگاہ نہیں کرتا اپنے غیب خاص پر کسی کو سوائے اس رسول کے جس کو اس نے پسند فرمالیا ہو (غیب کی تعلیم کے لئے) تو مقرر کر دیتا ہے اس رسول کے آگے اور اس کے پیچھے محافظ فرشتوں میں سے ...... یہ اشارہ مبنی ہے اس پر کہ کامل تابعان رسول کو وافر حصہ حاصل ہوتا ہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کمالات سے ۱۲

۳ قولہ حوالی: پہلے حرف پر زبر ہے اور لام کے نیچے زیر ہے اور یا معروف ہے بمعنی ارد گرد لام کی زیر اور یائے معروف فارسی لوگوں کے تصرف سے ہے، ورنہ حقیقت میں لام پر زبر اور آخر میں الف مکسورہ یا کی صورت میں ہے، اور عربی میں اس کا استعمال ہمیشہ ضمیروں میں سے ایک ضمیر کے ساتھ ہوتا ہے اور اس حالت میں اس کے آخر الف یا سے تبدیل ہو جاتا ہے، حدیث میں ہے اللھم حوالینا و مصرعہ بوستان ہے حوالیہ من کل فج عمیق ۱۲

ب مَظِنّہ ظا پر زبر اور زیر اور نون پر شد گمان لے جانے کی جگہ ۱۲

....

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۲۵﴾ ☆ انضمام ...... پیوستگی و آمیختگی ۱۲ ...... ملنا ملانا ۱۲ ☆ ترکیب ...... تفسیر ما قبل ۱۲ ...... جو پہلے ذکر ہوا اسکی تفسیر ہے ۱۲ ☆ لَا ذِهْنًا وَّ لَا خَارِجًا ...... نہ در ذہن و نہ در خارج ۱۲ ...... نہ ذہن میں اور نہ خارج میں ۱۲ ☆ محمول ...... من حیث الظاہر ۱۲ ...... ظاہری طور پر ۱۲ ☆ مُوَاطَاۃً ...... اتحاد والصرف ۱۲ ...... اتحاد اور صرف (خالص) کے لئے ۱۲

☆ لا اشتقاقًا ...... لعدم التغایر ولا بد منہ فی حمل الاشتقاق ۱۲ ...... مغائرت کے نہ ہونے کی وجہ سے اور اس کا ضروری ہونا اشتقاق کے محمول ہونے میں ۱۲ ☆ در انجا ساقط ...... از اعتبار ۱۲ ...... اس جگہ اعتبار سے ساقط ہے ۱۲ ☆ مشترک ...... ما بین واجب و ممکن ۱۲ ...... واجب اور ممکن کے درمیان ۱۲ ☆ تشکیک اشتقاقًا ...... یعنی بواسطہ ۱۲ ...... یعنی کسی واسطہ سے ۱۲

☆ مواطاۃ ...... یعنی بلا واسطہ ۱۲ ...... یعنی بغیر واسطہ کے ۱۲ ☆ بر ذات ...... یعنی بر ذات حق سبحانہ وتعالیٰ ۱۲ ...... یعنی اللہ تعالیٰ

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ چوتھا حصہ

Marfat.com

کی ذات پر ۱۲ ☆ وجود ...... یعنی بالمواطاۃ ۱۲ ...... یعنی مواطاۃ کے ساتھ ۱۲ ☆ موجود ...... یعنی بالاشتقاق ۱۲ ...... یعنی اشتقاق کے ساتھ ۱۲ ☆ صادق ...... یعنی بالاشتقاق ۱۲ ...... یعنی اشتقاق کے ساتھ ۱۲ ☆ این فرق ...... کہ بیان نمودہ ایم ۱۲ ...... جو ہم نے بیان کیا ہے ۱۲ ☆ وجود ...... یعنی بالاشتقاق ۱۲ ...... یعنی اشتقاق کے ساتھ ۱۲ ☆ چون ...... شرط ۱۲ ...... یہ شرط ہے ۱۲ ☆ وظل ...... تفسیر ۱۲ ...... یہ تفسیر ہے ۱۲ ☆ حمل ...... جزا ۱۲ ...... یہ جزا ہے ۱۲ ☆ درتصحیح ...... درست نمودن ۱۲ ...... درست کرنا ۱۲ ☆ تمحّل وتکلّف ...... یعنی بحیلہ وتاویل وصرف از ظاہر ۱۲ ...... یعنی حیلہ وتاویلی کے ساتھ ظاہر سے پھرنا ۱۲ ☆ صفات حقیقہ ...... از حیٰوۃ وعلم وقدرت وارادہ وسمع وبصر وتکوین ۱۲ ...... صفات حقیقہ ...... یعنی حیات، علم، قدرت، ارادہ، سننا، دیکھنا اور تکوین ۱۲ ...... یعنی پیدا کرنا، وجود بخشنا ۱۲ ☆ بالہام ...... صوفیہ ...... کہ ہٰکذا فی کثیر من النسخ الموجودۃ عندنا وہو خلاف الظاہر فافہم ۱۲ ...... اسی طرح ہے بہت سے موجودہ نسخوں میں جو ہمارے پاس ہیں اور یہ ظاہر کے خلاف ہے ۱۲

﴿صہ ۲۶﴾ ☆ بآن ...... یعنی ظل ۱۲ ...... یعنی سایہ ۱۲ ☆ متصف ...... درست کنندہ ۱۲ ...... درست کرنیوالا ۱۲ ☆ فافہم ...... پس در باب نگہدار کہ تحقیق این نافع آید ترا در بسیارے از جاہا ۱۲ ...... پس اس بارے میں تو سمجھ لے کیونکہ یہ تجھے بہت سے مواقع پر نفع دے گا ۱۲ ☆ ھذا ...... احفظہ ۱۲ ...... اس کو یاد رکھو ۱۲ ☆ سر غامض ...... راز مخفی ۱۲ ...... پوشیدہ راز ۱۲ ☆ سائر صفات ...... باقی صفات ۱۲ ...... باقی ۱۲ ☆ این کمالات ...... مبتدا ۱۲ ...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ در مرتبہ ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے ۱۲ ☆ ف ...... ممکنات کے حقائق کی تحقیق اور اعیان ثابتہ کے بیان فصوص الحکم کے مصنف کے نزدیک اور ان مکتوبات کے تحریر کرنے والے امام ربانی کے نزدیک اور دونوں کے قول کے درمیان فرق ۱۲

﴿صہ ۲۷﴾ ☆ اشتقاق نیست ...... کہ آن جا اللہ تعالیٰ موجود نمیتوان گفت ۱۲ ...... کہ وہاں اللہ تعالیٰ موجود نہیں کہے سکتے ۱۲ ☆ مفہوم ...... مبتدا ۱۲ ...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ حمل میاید ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے ۱۲ ☆ چون ...... شرط ۱۲ ...... یہ شرط ہے ۱۲ ☆ پس ہر ...... جزا ۱۲ ...... یہ جزا ہے ۱۲ ☆ آن عدمات ...... مبتدا ۱۲ ...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ ماہیات ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے ☆ حالّہ ...... حلول کنندہ در مادہ ۱۲ ...... مادہ میں حلول کرنے والا ۱۲ ☆ قادر مختار ...... اللہ تعالیٰ ۱۲ ...... اللہ تعالیٰ قادر مختار ہے ۱۲ ☆ ہرگاہ خواست ...... کہ پیدا کند ودر خارج بوجود آرد ۱۲ ...... پیدا کرنے اور خارج میں وجود کے ساتھ لے آئے ۱۲ ☆ منصبغ ...... رنگین ۱۲ ...... رنگین ۱۲ ☆ منصبغ ...... رنگین ۱۲ ...... رنگین ۱۲ ☆ پیدا ...... حاصل ۱۲ ☆ میکنند ا ...... چنانکہ وہم واہمان بآن میرود ۱۲ ...... جیسا کہ وہم کرنے والوں کا وہم ادھر جاتا ہے ۱۲

﴿صہ ۲۸﴾ ☆ جہل ...... نسبت بحق جل جلالہ وعلا ۱۲ ...... اللہ تعالیٰ کی طرف نسبت جہل ۱۲ ☆ طبق ...... پہلے دونوں حرفوں پر زبر ہے، موافق اور برابر ۱۲ ☆ ومستلزم ...... تفسیر ۱۲ ...... یہ پہلے کی تفسیر ہے ۱۲ ☆ پیدا کردہ اند ...... حاصل نمودہ ۱۲ ...... حاصل کیا ہے ۱۲ ☆ ورائے ...... تفسیر ۱۲ ...... یہ تفسیر ہے ۱۲ ☆ وائے ...... علاوہ ۱۲ ☆ نجار ...... بفتح نون وتشدید جیم درود گر ۱۲ ...... نون پر زبر اور جیم پر شد، بڑھئی ۱۲ ☆ سریر ...... تخت ۱۲ ...... تخت، چارپائی ۱۲ ☆ اختراع ...... بوجود آرد ۱۲ ...... وجود میں لائے ۱۲ ☆ فافہم ...... پس دریاب ۱۲ ...... پس سمجھ لو ۱۲ ☆ منصبغ ...... رنگین ۱۲ ☆ او ...... عارف ۱۲ ☆ حضرت ...... وجود صرف ۱۲ ...... محض وجود ۱۲ ☆ انصباغ ...... رنگنے ۱۲ ...... ایک رنگ ۱۲ ☆ کہ ...... صفت ۱۲ ☆ اجمالے ...... تفصیل مراتب ذاتیہ عارف است ۱۲ ...... عارف کے ذاتی مراتب کی تفصیل ہے ۱۲ ☆ جمیع مراتب اعدام ...... مبتدا موصوف ۱۲ ...... مبتدا موصوف

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ چوتھا حصہ

Marfat.com

۱۲ ☆ حسن وخیریت ...... خبر۱۲ ...... یہ خبر ہے ۱۲ ☆ نادر الوجود ...... قلیل ۱۲ ...... تھوڑا کم ۱۲ ☆ بخیریت ...... صفت عارف ۱۲ ...... عارف کی صفت ۱۲ ☆ غازی ...... مجاہد ۱۲ ☆ غزا ...... بفتح، بادشمن دین جنگ کردن ۱۲ ...... دشمن دین سے جنگ کرنا ۱۲

☆ مثل شیطان ...... یعنی این چنین عارف مثل شیطان راالخ ۱۲ ...... یعنی ایسا عارف شیطان جیسے کو بھی خیر کی راہنمائی کرتا ہے

☆ حظ وافر ...... بہرہ تام ...... کامل حصہ ۱۲

﴿صہ ۲۹﴾ ☆ ملاذ ...... جائے ۱۲ ...... جگہ ۱۲ ☆ ماوائے ...... محل ۱۲ ...... مقام، ٹھکانہ ۱۲ ☆ عاریتے ...... بتشدید یائے تحتانی وتخفیف آن نیز آنچہ بدہند وبگیرند ۱۲ ...... وہ بھی جو کچھ بے دیتے ہیں اور پکڑتے ہیں ۱۲ ☆ کریمہ ...... مبتدا ۱۲ ...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ شاہد این ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے ۱۲ ☆ استلا ...... غلبہ ۱۲ ☆ درست ...... بالتمام والکمال ۱۲ ...... پورا اور کامل ۱۲

☆ رنگ ...... مانند ۱۲ ☆ درست ...... تمام ۱۲ ☆ عناصر متضادہ ...... یعنی آب وخاک وباد وآتش کہ درصفات خود بر خلاف یک دیگر اند ودر جواہر سفلی مجتمع ۱۲ ...... یعنی پانی وخاک، ہوا اور آگ اپنی صفات میں ایک دوسرے کے خلاف ہیں اور سفل جواہر میں جمع ہیں ۱۲ ☆ سورت ...... بسین مہملہ تیزی وحدت وتندی ۱۲ ...... بغیر نقطہ سین کے ساتھ تیزی، حدت اور تندی ۱۲

☆ منکسر ...... شکستہ ۱۲ ...... عاجزی اور انکساری والا ۱۲ ☆ اجتماع نقیضین ...... یعنی صدق ہر دو نقیض بر یک چیز محال است مثلاً صدق انسان ولا انسان برزید ۱۲ ...... یعنی دو متضاد کا ایک چیز پر سچا ہونا محال ہے مثلاً زید کو انسان کہنا اور انسان نہیں ہے کہنا ۱۲

☆ ارباب معقول ...... فلاسفہ ۱۲ ...... فلسفی لوگ ۱۲ ☆ منصبغ ...... رنگین ۱۲ ☆ معقولات ثانویہ ...... کہ شرط عروض او حصول اوست درذہن ۱۲ ...... جس کے عروض کا ذہن میں حاصل ہونا شرط ہو ۱۲

﴿صہ ۳۰﴾ ☆ اشکال ...... برعینیت وجود درذات حق راتعالیٰ وتقدس کہ ارباب معقول بآن قائل اند ۱۲ ...... اللہ تعالیٰ وتقدس کی ذات میں وجود کی عینیت پر جس کے معقولی لوگ قائل ہیں ۱۲ ☆ معقولات ثانویہ است ...... کما ہو المقرر عندہم ۱۲ ...... جیسا کہ ان کے نزدیک ثابت ہے ۱۲ ☆ موجود است ...... بالبداہت ۱۲ ...... بدیہی طور پر ۱۲ ☆ پس عین نباشد ...... واین خلاف مقرر است ۱۲ ...... اور یہ مقررہ اصول کے خلاف ہے ۱۲ ☆ ممتنع الانفکاک ...... یعنی خلو ذات ان صفات غیر ممکن مے انگارند ۱۲ ...... یعنی ذات کا صفات سے خالی ہونا ناممکن معلوم کرتے ہیں ۱۲ ☆ فلا انفکاک ...... ما بین الذات والصفات فلا مخالفة ۱۲ ...... جو کچھ ذات اور صفات کے درمیان ہے، کوئی مخالفت نہیں ۱۲ ☆ عارفیکہ ...... مبتدا ۱۲ ...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ ہر آئینہ ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے ۱۲ ☆ حاصل ...... موجود ۱۲ ☆ ثابت شد ...... واندرین ہیچ محظور نیست ۱۲ ...... اور اس میں کوئی محظور نہیں ہے ۱۲ ☆ تعبیہ ...... پنہان ۱۲ ...... پوشیدہ ۱۲ ☆ مستعار ...... بعاریت گرفتہ شدہ ۱۲ ...... عاریتاً لیا ہوا ۱۲

☆ باسرہا ...... بتمامہا ۱۲ ...... پورے کا پورا ۱۲

﴿صہ ۳۱﴾ ☆ کریمہ است ...... ونہ گفتیم کہ معنی تفسیری کریمہ است ۱۲ ...... اور ہم نہیں کہتے کہ آیت کریمہ کے تفسیری معنی ہیں ۱۲

☆ عدمات ...... موصوف ۱۲ ☆ کہ بایجاد ...... صفت ۱۲ ☆ صفات ...... موصوف ۱۲ ☆ بطریق انعکاس ...... صفت ۱۲

☆ نیز موجود شدہ اند ...... چنانکہ آن عدمات بوجود آمدہ اند ۱۲ ...... جیسا کہ وہ عدمات وجود میں آئے ہیں ۱۲ ☆ مصداق ...... سبب ومدار ۱۲ ...... سبب اور دار و مدار ۱۲ ☆ حسن ...... خوبی ۱۲ ...... خوبصورتی ۱۲ ☆ زشتی ...... زشتی ۱۲ ...... بدصورتی ۱۲

☆ حلاوت ...... شیرینی ۱۲ ...... مٹھاس ۱۲ ☆ طراوت ...... تازگی ۱۲ ...... تروتازہ ہونا ۱۲ ☆ امارد ...... بفتح اول وکسر رائے

Marfat.com

مہملہ جمع امرد بمعنی بے ریش ۱۲...... پہلے حرف پر زبراور را بے نقطہ کے نیچے زیر ہے، یہ امرد کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں وہ لڑکا جس کو داڑھی نہ ہو ۱۲ ☆ نساء اجنبیہ ...... زنان نامحرم وغیر منکوحہ وغیر مملوکہ ۱۲...... نامحرم عورتیں، کنواریاں اور آزاد عورتیں جو لونڈیاں نہ ہوں ۱۲ ☆ دنیہ کمینہ...... گھٹیا ۱۲ ☆ مقتضیات ...... بفتح ضاد ۱۲...... ضاد پر زبر ہے ۱۲ ☆ مقتضیات ...... تقاضا کردہ شدہ ۱۲...... تقاضا کیا ہوا، جس کا تقاضا کیا جائے ۱۲ ☆ عدم ...... موصوف ۱۲ ☆ کہ ...... صفت ۱۲ ☆ ماوائے ...... محل ۱۲ ☆ تمتعات ...... جمع تمتع بمعنی برخورداری یافتن ومنفعت گرفتن ۱۲...... خوش بختی پانا اور نفع حاصل کرنا ۱۲ ☆ نساء جمیلہ نکاحیہ ...... زنان خوب روبنکاح آوردہ شدہ ۱۲...... خوبصورت عورتیں جنہیں نکاح میں لایا گیا ہو ۱۲ ☆ فرمودہ ...... شریعت غرا ۱۲ ...... روشن شریعت ۱۲ ☆ بواسطہ ...... از برائے ۱۲...... واسطے ۱۲ ☆ تحصیل اولاد ...... قال اللہ تعالیٰ ...... وَابْتَغُوْا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تلاش کرو اور چاہو وہ جو اللہ تعالیٰ نے لکھ دیا ہے تمہارے لئے (یعنی اولاد) ۱۲ ☆ نظام عالم ...... بالکسر رشتہ جواہر ورشتہ کہ در وچیز ہا پیوند کنند یعنی باقی بودن سلسلہ عالم دنیا الی اجل مسمی ۱۲...... نون کی زیر سے، دھاگے میں پروئے ہوئے موتی ۱۲ اور جس میں چیزیں پروتے ہیں یعنی دنیا کے جہان کا سلسلہ باقی رہنا ایک مقررہ مدت تک ۱۲ ☆ نغمات مستحسنہ ...... آواز ہائے خوش ودلکش ۱۲...... خوش آوازیں اور دلکش آوازیں ۱۲ ☆ ثابت شدہ ...... یعنی خلاف تخیل وگرفتاری بعضے از صوفیہ ۱۲...... یعنی بعض صوفیہ کے تخیل اور گرفتاری کے خلاف ۱۲

﴿صہ ۳۲﴾ ☆ از ینہا ...... صوفیہ ۱۲...... بعض صوفیہ ۱۲ ☆ گفتہ ...... بعضے از اکابر ۱۲...... بزرگان، اکابرین میں سے بعض ۱۲ ☆ کلمہ تحذیر ...... یعنی ایاکم والمرد ۱۲...... یعنی بے ریش لڑکوں سے بچو ۱۲ ☆ مخالفت ...... نامرضی ۱۲...... ناپسند ۱۲ ☆ مقرر است ...... درنصوص از آیات واحادیث ۱۲...... قرآن وحدیث کی نصوص میں ثابت ہے ۱۲ ☆ مفوّض ...... سپرد کردہ شدہ ۱۲...... سپرد کیا ہوا ۱۲...... حلاوت شیرینی ۱۲...... مٹھاس ۱۲ ☆ طراوت ...... تازگی ۱۲...... تروتازہ ہونا ۱۲ ☆ کالمطروح ...... مانند چیز یکہ درراہ انداختہ شدہ باشد ۱۲...... اس چیز کی طرح جو راستے میں پھینکی ہوئی ہو ۱۲ ☆ مرآت ...... آئینہ ۱۲...... شیشہ ۱۲ ☆ نمود خارجی ...... یعنی ظہور در خارج ۱۲...... یعنی خارج میں ظاہر ہونا ۱۲ ☆ داشتہ است ...... مقرر نمودہ وتصور کردہ ۱۲ ...... مقرر کیا ہوا اور تصور کیا ہوا ۱۲

﴿صہ ۳۳﴾ ☆ آرے ...... بیان منشاقول حضرت شیخ اجل است ۱۲...... حضرت شیخ اکبر کے قول کی مراد کا بیان ہے ۱۲ ☆ تحاشی ...... پروائے ۱۲...... بچاؤ، کنارہ کرنا ۱۲ ☆ واللہ سبحانہ ...... خدائے پاک احقاق حق واظہار آن کند وہدایت براہ راست نماید ۱۲ ...... خدائے پاک ہی حق بات کو ثابت کرتا ہے اور وہی سیدھے راستے کی ہدایت دیتا ہے ۱۲ ☆ مانا ...... شاید ۱۲ ☆ لطافت دارد ...... یعنی اندرین دانستن ہیچ لطافتے وکمالے وخیرے نیست بلکہ سوءادب است ۱۲ یعنی اس کے جاننے میں کوئی لطافت کمال اور خیر نہیں بلکہ بے ادبی ہے ۱۲ ☆ ظلمت ...... تاریکی ۱۲...... اندھیرا ۱۲ ☆ ختم الرسل ...... است ۱۲...... آخری رسول ہیں ۱۲ ☆ مائتہ ...... صد ۱۲...... سو ۱۲ ☆ مضیِّ الف ...... گذشتن ہزار سال ۱۲...... ہزار سال گذرنا ۱۲ ☆ اکتفا نمودہ اند ...... یعنی بلکہ پیغمبر اولوالعزم مبعوث کردہ اند ۱۲...... یعنی بلکہ اولوالعزم پیغمبر مبعوث کئے ہیں ۱۲

﴿صہ ۳۴﴾ ☆ شائبہ ...... آمیزش ۱۲...... ملاوٹ ۱۲ ☆ پیش ...... قبل ۱۲...... پہلے ۱۲ ☆ ماوائے ...... محل ۱۲...... مقام ۱۲ ☆ غیر اورا ...... عارف مذکور ۱۲...... وہ عارف جسکا ذکر ہوا ۱۲ ☆ او ...... آن عارف ۱۲...... وہ عارف ۱۲

Marfat.com

﴿صہ ۳۵﴾ ☆ مرآتیت ...... آئینہ داری و آئینہ بودن ۱۲ ...... شیشہ بنا اور شیشہ ہونا ۱۲ ☆ خارج ...... از ذہن ۱۲ ...... ذہن سے باہر ۱۲ ☆ نزد مثبتان ...... یعنی حکما و رفلاسفہ بخلاف اکثر متکلمین کہ نفی کنندگان وجود فرضی اند ۱۲ ...... یعنی حکما اور فلسفی اکثر متکلمین کے خلاف جو فرضی وجود کی نفی کرتے ہیں ۱۲ ☆ مرآت ...... آئینہ ۱۲ ...... شیشہ ۱۲ ☆ مسودہ ...... تحریر ۱۲ ☆ چون ...... فقیر ۱۲ ...... جب فقیر ۱۲ ☆ صدد ...... درپے ۱۲ ...... پیچھے پڑنا ۱۲ ☆ صدد ...... درپے ...... پیچھے پڑنا ۱۲ ☆ نعم جلیلہ ...... نعمہائے بزرگ ۱۲ ...... بڑی عظیم نعمتیں ۱۲ ☆ چون ...... شرط ۱۲ ...... یہ شرط ہے ۱۲ ☆ جرأت ...... جزا ۱۲ ...... یہ جزا ہے ۱۲ ☆ عُجب ...... بضم اول وسکون ثانی خود بینی ۱۲ ...... اپنے آپ کو بہتر و افضل جاننا ۱۲ ☆ اعاظم محامد ...... بزرگ ترین ستائشہائے خداونداست جل ذکرہ وعز اسمہ ۱۲ ...... سب سے بڑی تعریفیں اور خوبیاں خدا تعالیٰ کی ہیں اس کا ذکر جلیل ہے اور اس کا نام معزز ہے ۱۲ ☆ مُبرّا ...... بضم میم وفتح موحدہ وتشدید رائے مہملہ، پاک کردہ شدہ و بیزار شدہ ۱۲ ...... پاک کیا ہوا اور بیزار ہوا ۱۲

....

دوسو پینتیسواں مکتوب ﴿۲۳۵﴾

ملا عبد الغفور سمرقندی و حاجی بیگ فرکتی و خواجہ محمد اشرف کابلی کی طرف صادر فرمایا ...... اس بیان میں کہ اس گروہ (اہل اللہ) کی محبت دنیا و آخرت کی سعادتوں کا سرمایہ ہے اور احکامِ شرعیہ کے بجا لانے اور باطنی جمعیت (اطمینان) حاصل کرنے کی توفیق اس محبت کے ثمرات ہیں، اور اس کے مناسب بیان میں۔

حمد وصلوٰۃ اور تبلیغ دعوات کے بعد حقیقی دوستوں اور تحقیق شدہ مشتاقوں کو معلوم ہو کہ آپ کے مکتوبات شریفہ جو فرطِ محبت اور اشتیاق سے لبریز تھے موصول ہو کر خوشی اور مسرت کا باعث ہوئے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس محبت پر ثابت قدم رکھے۔ اس محبت کو دنیوی و اُخروی سعادتوں کو سرمایا جان کر حضرتِ حق سبحانہٗ وتعالیٰ (کے حضور میں) استقامت اور مداومت کی دعا کرنی چاہیے ...... احکامِ شرعیہ کی بجا آوری کی توفیق اسی محبت کا نتیجہ ہے۔ اور باطنی جمعیت (اطمینان) حاصل کرنے کا ثمرہ بھی یہی محبت ہے اگر تمام دنیا اور اس کی ظلمتیں اور کدورتیں باطن میں ڈال دیں اور اس محبت کو قائم رکھیں تو کوئی غم نہیں بلکہ امیدوار رہنا چاہیے اور اگر تمام پہاڑوں کے برابر انوار و احوال کو باطن میں ڈال دیں اور اس محبت میں سے بال برابر لے لیں تو سوائے خرابی کے کچھ نہیں جاننا چاہیے۔ اور اس کو استدراج شمار کرنا چاہیے ...... اس تعلق کو مضبوط کر کے اپنے کام میں مشغول رہیں اور بے فائدہ کاموں میں عمرِ عزیز کو ضائع نہ کریں۔

ہمہ انداز من بتو این است   کہ تو طفلی و خانہ رنگین است

(اک نصیحت ہے گو کہ سنگین ہے   تو ہے بچہ، مکان رنگین ہے)

وَالسَّلامُ عَلَيْكُمْ وَعَلٰى سَائِرِ مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى وَالْتَزَمَ مُتَابَعَةَ الْمُصْطَفٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ مِنَ الصَّلَوَاتِ اَفْضَلُهَا وَمِنَ التَّسْلِيمَاتِ اَكْمَلُهَا (اور سلام ہو آپ پر اور ان سب پر

Marfat.com

جو ہدایت کی پیروی کریں اور حضرت محمد مصطفٰے علیہ وعلیٰ آلہ من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا کی متابعت کو اپنے اوپر لازم جانیں)

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۳۶﴾ قولہ اندر: پہلے اور تیسرے حرف پر زبر ہے، اس کے معنی نصیحت، پند اور وصیت ہیں ۱۲

....

☆متن......بین السطور......معانی

☆این طائفہ......اہل اللہ ۱۲......اللہ والے ۱۲ ☆ منُبی ......اسم فاعل از اِنباء بمعنی خبر دادن ۱۲......انبا سے اسم فاعل ہے، اس کے معنی خبر دینا ہے ۱۲ ☆ فرط ...... بالفتح بمعنی زیادتی ۱۲......فا پر زبر ہے اس کے معنی زیادتی کے ہیں ۱۲ ☆ مسألت ......سوال ۱۲ ☆ ظلمات ......تاریکیہا ۱۲......اندھیرے ۱۲ ☆ عالم ......یعنی بسیار ۱۲......یعنی زیادہ ۱۲ ☆ کدورات ......تیرگیہا ۱۲......دھندلا پن ۱۲ ☆ لاطائل ...... بے اصل ۱۲ ☆ تلف ...... بفتحتین بمعنی ہلاک شدن وضائع وتباہ گردیدن ۱۲ ......پہلے دونوں حرفوں پر زبر ہے، بمعنی ہلاک ہونا، ضائع اور تباہ ہونا ۱۲

....

دوسوچھتیسواں مکتوب ﴿۲۳۶﴾

مخدوم زادہ میاں شیخ محمد صادق سلمہ اللہ تعالیٰ کی طرف بعض اسرار کے بیان میں صادر فرمایا۔

حمد وصلوۃ کے بعد میرے فرزند ارشد کو معلوم ہو کہ تمہارے خط سے جو تم نے اپنے احوال کی تفصیل میں لکھا تھا (اس سے) ایسا مفہوم ہوتا ہے کہ تم کو ولایتِ خاصہ محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیہ کے ساتھ مناسبت پیدا ہو گئی ہے، اس بات سے خداوند جل سلطانہ کا شکر بجالایا، کیونکہ مدت سے آرزو تھی کہ یہ حاصل شدہ دولت تم کو مل جائے۔ اور (خاص طور پر) اس زمانے میں امیدوار ہو کر اس کے لئے متوجہ ہوا کہ تمہارے اندر یہ دولت جذب ہو جائے۔ اتفاقاً اسی جستجو میں تم کو ولایتِ موسوی علیٰ نبینا وعلیہ الصلوات والتسلیمات میں داخل پایا پھر اس جگہ سے کھینچ کر ولایتِ خاصہ کے دائرہ میں داخل کر دیا۔ لِلّٰہِ سُبۡحَانَہٗ الۡحَمۡدُ وَالۡمِنَّۃُ عَلٰی ذٰلِکَ (اس پر اللہ سبحانہٗ کی حمد اور احسان ہے)......اور چونکہ تم کو اس ولایت میں زبردستی لایا گیا ہے اس لئے بیس روز سے زیادہ عرصہ ہو گیا کہ میں تم کو اپنے پہلو میں نگاہ رکھ کر پرورش کرتا ہوں۔ شاید اس نسبت کے متعلق تھوڑا بہت تم کو معلوم ہو گیا ہو۔ اب چونکہ یہ نسبت قوی ہو گئی ہے اس لئے امید ہے کہ تم کو بھی معلوم ہو گیا ہوگا۔......اور حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے جو انعامات اس عاصی پر تواتر کے ساتھ مسلسل پہنچ رہے ہیں ان کی نسبت کیا لکھے۔

من آں خاکم کہ ابرِ نو بہاری   کند از لطف برمن قطرہ باری
اگر بر روید ازتن صد زبانم   چو سوسن شکر لطفش کے توانم

Marfat.com

دوسرے یہ کہ فرزند عزیز محمد سعید نے اپنے مکتوب میں جو احوال ظاہر کئے تھے بہت زیادہ صحیح ہیں۔ اس خصوصیت کے ساتھ دوستوں میں سے بہت کم لوگوں کو حاصل ہوئے ہیں۔ (فقیر) امیدوار ہے کہ حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ اس کو بھی ولایتِ خاصہ سے مشرف فرمائے گا............اور میرے فرزند محمد معصوم خود خداوند جل سلطانہٗ کے فضل سے ذاتی طور پر اس دولت کے قابل ہے حضرت حق سبحانہٗ تعالیٰ اپنے حبیب پاک علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کے طفیل قوت سے فعل میں لائے۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۲۳۷﴾ لے قولہ سوسن: ایک قسم کا پھول ہے آسمانی رنگ کا، اور یہ لفظ سین کے پیش سے واؤ مجہول ہے، قاموس میں زبر کے ساتھ لکھا ہے، ظاہر یہ ہے کہ عربی میں زبر کے ساتھ ہے اور فارسی میں پیش کے ساتھ ۱۲

....

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ۲۳۶﴾ ☆اسرار......رازہا ۱۲......بہت سے راز ۱۲ ☆قسر......بالفتح بزور بدکارے داشتن ۱۲......قاف پر زبر ہے، کسی کام پر زبردستی لگانا ۱۲ ☆آوردہ اند......وامر قسر در محل تذبذب وتر ددوزوال بود ۱۲......زبردستی کا امر شک وتر دداور زوال کے مقام میں تھا ۱۲ ☆کہ در کنار......شمار ۱۲......آپ کو ۱۲ ☆میںماید......کہ ثبات وقرار ودوام پیدا آید ۱۲......تاکہ ثابت قدمی اور قرار ودوام پیدا ہوجائے ۱۲ ☆چون......این نسبت ۱۲......یہ نسبت ۱۲ ☆علی التواتر......پے در پے ۱۲ مسلسل ۱۲ ☆فائض......ریزندہ ۱۲......فیض دینے والا ۱۲ ☆امیدوار......فقیر ۱۲......یعنی حضرت مجدد ۱۲ ☆نیز......مانند شما ۱۲......آپ کی طرح ۱۲ ☆خود......البتہ ۱۲ ☆بالذات......یعنی بدون احتیاج بقسر قاسر ۱۲......یعنی کسی جبر کرنے والے کی ضرورت کے بغیر ۱۲ ☆قابل......یعنی مستعد باستعداد تام ۱۲......یعنی پوری قوت کے ساتھ تیار ۱۲ ☆از قوۃ بفعل آرد......یعنی استعداد امکان بوجود آرد یعنی ولایت خاصہ محمدیہ را بران فائض گرداند و بآن متصف سازد ۱۲......یعنی استعداد و امکان وجود میں آئے مطلب یہ کہ ولایت خاصہ محمدیہ ان کو عنایت فرمائیں اور اس سے متصف کریں ۱۲

....

دوسوسینتیسواں مکتوب ﴿۲۳۷﴾

ملا محمد طالب بیانکی کی طرف سنتِ سنیہ علی صاحبہا الصلوۃ والسلام والتحیۃ کی متابعت کی ترغیب میں اور طریقہ عالیہ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کی تعریف میں صادر فرمایا۔

ثَبَّتَنَا اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَاِیَّاکُمْ عَلٰی جَادَّۃِ الشَّرِیْعَۃِ الْحَقَّۃِ الْمُصْطَفَوِیَّۃِ عَلٰی صَاحِبِھَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ وَالتَّحِیَّۃُ وَعَلٰی اٰلِہٖ الْکِرَامِ وَاَصْحَابِہٖ الْعِظَامِ (اللہ سبحانہٗ ہم کو اور آپ کو حضرت محمد مصطفےٰ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ اور آپ کی اولاد کرام واصحاب عظام کے سیدھے راستے پر ثابت قدم رکھے۔

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی چوتھا حصہ

Marfat.com

میرے سعادتمند بھائی! طریقہ عالیہ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے بزرگوں نے روشن سنت کی پیروی کو لازم و ضروری قرار دیا ہے۔ اور عمل کو عزیمت پر اختیار فرمایا ہے۔ اگر اس التزام و اختیار کے ساتھ ان کو احوال و مواجید سے بھی مشرف کر دیں تو نعمتِ عظیم جانتے ہیں۔ اور اگر احوال و مواجید ان کو بخش دیں اور اس التزام و اختیار (سنتِ سنیہ) میں کوئی فتور واقع ہو تو وہ ان احوال کو پسند نہیں کرتے اور ان مواجید کو نہیں چاہتے اور اس فتور میں اپنی خرابی کے علاوہ کچھ نہیں جانتے .... کیونکہ ہندوستان کے برہموں، جوگیوں اور یونان کے فلاسفہ اور حکماء تجلیاتِ صوری اور مکاشفات مثالی اور علوم توحیدی بہت رکھتے ہیں۔ لیکن ان کو ان علوم سے سوائے خرابی اور رسوائی کے کچھ نتیجہ حاصل نہیں ہوتا، اور ان کے وقت کی دولت سوائے بُعد و حرمان کے کچھ نہیں۔

اے بھائی! جب آپ نے فضلِ الٰہی جل سلطانہٗ سے اپنے آپ کو ان اکابر کی ارادت سے رشتہ میں داخل کر لیا ہے تو ضروری ہے کہ ان کی پیروی کو اپنے اوپر لازم کریں اور سرِ مو بھی ان کی مخالفت نہ کریں تا کہ ان کے کمالات سے بہرہ مند ہو کر فیضیاب ہوں .... سب سے پہلے اپنے عقائد کی تصحیح اہلِ سنت و جماعت کثّر ہم اللہ سبحانہ کے اعتقادات کے مطابق کریں .... دوسرے فرض، واجب، سنت، مندوب، حلال و حرام اور مشتبہ کا علم و علمِ فقہ میں مذکور ہے حاصل کریں اور اس علم کے تقاضوں کے مطابق عمل کریں .... تیسرے درجے میں علوم صوفیہ کی طرف نوبت پہنچتی ہے۔ کیونکہ جب تک وہ دونوں بازو صحیح نہ ہوں گے عالمِ قدس کی طرف پرواز محال ہے۔ اگر ان دو بازوؤں کے بغیر احوال و مواجید میسر ہوں تو ان میں اپنی خرابی جاننی چاہیے اور ان احوال و مواجید سے پناہ مانگنی چاہیے۔ ع

کار اینست غیر ایں ہمہ ہیچ
(کام بس یہ ہے باقی سب کچھ ہیچ ہے)

مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلَاغُ (قاصد کا کام صرف پہنچا دینا ہے)

میرے بھائی محترم میاں شیخ داؤد وہاں آئے ہوئے ہیں ان کی صحبت کو غنیمت جانیں، اور وہ جو کچھ نصیحت و دلالت (رہنمائی) کریں اس کو اختیار کریں کیونکہ انہوں نے ان اکابر کے مریدوں کی صحبت میں بہت عرصہ گذارا ہے اور ان کی راہ و روش کو معلوم کیا ہے۔ جو دوست وہاں پر (رہتے) ہیں اور وہ جو اس طریقہ عالیہ میں میر نعمان کی خدمت کے توسل سے داخل ہو گئے ہیں وہ بھی شیخ داؤد کی صحبت کو غنیمت جانیں اور ایک ہی جگہ حلقہ میں بیٹھیں اور ایک دوسرے میں مل جائیں تا کہ جمعیت حاصل ہو کر معاملہ ترقی پذیر ہو .... اور مکتوبات کا مطالعہ اپنے اوپر لازم جانیں کیونکہ یہ فائدہ مند ہے۔ ع

دادیم ترا ز گنجِ مقصود نشاں
(دے دیا تجھے پتہ گنج مقصود کا)

وَالسَّلَامُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى وَالْتَزَمَ مُتَابَعَةَ الْمُصْطَفٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ

Marfat.com

الصَّلَوٰاتُ وَالتَّسْلِیْمَاتُ اَتَمُّهَا وَاَکْمَلُهَا (اور سلام ہو اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی اور حضرت محمد مصطفٰے علیہ وعلیٰ آلہ الصلوۃ والسلام کی پیروی کو اپنے اوپر لازم جانا)

﴿حاشیہ متن﴾

ے قولہ برہمنان وجوگیان: دوگروہ ہیں ہندوستان کے مشرکوں کے پیشواؤں سے جو ریاضت ومجاہدہ میں مشہور ومعروف ہیں ۱۲

﴿صہ ۳۸﴾ لے قولہ جناح: جیم پر زبر ہے، بال وبازو، دوبازو سے مراد عقائید اور فقہ کا علم اور اس پر عمل کرنا ہے ۱۲

ے رسولوں کے ذمے صرف پہنچانا ہے اور بس ۱۲

....

☆متن ...... بین السطور...... معانی

﴿صہ ۳۷﴾ ☆ فتورے ...... سستی ۱۲ ☆ فلاسفہ ...... حکماء ۱۲ ...... یونان کے حکیم ۱۲ ☆ سلک ...... رشتہ ۱۲ ...... دھاگہ، ناتا ۱۲

﴿صہ ۳۸﴾ ☆ اولاً ...... بیان طریق متابعت این اکابر ۱۲ ...... ان نقشبندی بزرگوں کے طریقہ کی متابعت کا بیان ۱۲ ☆ ثالثؒ ...... نہ در اول وہلہ ۱۲ ...... پہلے درجے میں نہیں ۱۲ ☆ طیران ...... پریدن ۱۲ ...... اُڑنا، پرواز کرنا ۱۲ ...... شیخ مشاءالیہ ۱۲ ...... یعنی شیخ داود

....

دوسو اٹھتیسواں مکتوب ﴿۲۳۸﴾

میر محمد نعمان کی طرف صادر فرمایا ...... اس بیان میں کہ (دینی) بھائیوں کے اضافہ ہونے میں بہت سی امیدیں وابستہ ہیں اور اس امر کی تنبیہ میں کہ ایسا نہ ہو مریدوں کے احوال ومعارف پیروں کے توقف اور عُجب کا باعث بن جائیں۔ اور اس بیان میں کہ مریدوں کے احوال کو (پیروں کے لئے) شرم کا باعث ہونا چاہیے۔ تاکہ وہ (مریدوں کو) ترقیات پر ترغیب دیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ وَعَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ (تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لئے ہیں اور حضرت سید المرسلین اور آپ کی پاک ومطہر اولاد واصحاب سب پر صلوٰۃ وسلام ہو) ...... جو مکتوب شریف آپ نے خواجہ رحمی کے ذریعہ ارسال کیا تھا موصول ہو کر بہت زیادہ خوشی کا باعث ہوا۔ اور چونکہ اس میں آپ سے ہدایت حاصل کرنے والوں اور آپ کے مریدوں کے احوال تفصیل کے ساتھ درج تھے اس لئے مزید خوشی حاصل ہوئی۔ کیونکہ (دینی) بھائیوں کی کثرت بموجب اَکْثِرُوْا اِخْوَانَکُمْ فِی الدِّیْنِ (دینی بھائیوں کی تعداد میں (تبلیغ کے ذریعے) کثرت کرو کے بہت سی امیدیں وابستہ ہیں۔ اور آیت کریمہ: سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِیْكَ (۲۸، قصص، آیت، ۳۵) (ہم تیرے بازو کو تیرے بھائی سے مضبوط کردیں گے) اس بات کی تائید میں ہے ...... لیکن چاہیے کہ اپنے احوال واعمال پر نظر رہے اور اپنی حرکت وسکون ملاحظہ میں رہے، کہیں ایسا نہ ہو کہ

Marfat.com

یا نہ ہوں کچھ پرواہ نہیں۔

(۲) آپ نے لکھا تھا کہ '' آپ نے بالمشافہ ایسا فرمایا تھا کہ ہم نے تمہارے حق میں بہت زیادہ تخم ریزی کی ہے الخ.......... میرے مخدوم! فی الواقعہ ، اسی طرح ہے، لیکن اس کے ثمرات کا حاصل ہونا زندگی میں یا موت کے بعد (جیسا اللہ تعالیٰ کو منظور ہو) بے شمار زمانوں کے گذرنے پر موقوف ہے۔ اَبْشِرُ وَلَا تَعْجَلْ بِهٖ (خوش ہو جاؤ اور جلدی نہ کرو)

(۳) آپ نے مولانا محمد صالح کے مقولے کے بارے میں تحریر کیا تھا، چونکہ مولانا مذکور موجود نہیں ہیں کہ ان کے مقولے کا مفہوم دریافت کیا جائے۔ (لیکن) ان کے مقولے پر اعتراض نہ کرنا چاہیے اسی میں خیر ہے اور دل میں اس کا کچھ خیال نہ کریں۔

(۴) اور سوءِ ادب کی بابت جو آپ نے تحریر کیا تھا۔ لہذا مخلص دوستوں کی لغزشیں سب معاف ہیں اس کا بھی کچھ خیال نہ کریں۔

(۵) آپ نے اپنے حال کے متعلق استفسار کیا تھا، (جواباً یہ ہے) کہ اللہ سبحانہٗ کی حمد اور اس کا احسان ہے کہ آپ مقبولین میں سے ہیں۔ قُبِلَ مَنْ قُبِلَ بِلَا عِلَّةٍ (جو قبول کیا گیا وہ بلا کسی وجہ کے قبول کیا گیا)

(۶) آپ نے لکھا تھا کہ دو شیخ زادے آئے تھے کہ ذکر کی تلقین حاصل کریں الخ.......... میرے مخدوم! استخارہ ہر امر میں مسنون و مبارک ہے۔ لیکن یہ ضروری نہیں ہے کہ استخارہ کے بعد خواب یا واقعہ یا بیداری میں ایسی بات ظاہر ہو جو اس کام کے کرنے یا نہ کرنے پر دلالت کرتی ہو، بلکہ استخارہ کے بعد قلب کی طرف رجوع ہونا چاہیے۔ اگر دل میں اس کام کے کرنے کی رغبت یا میلان پہلے سے زیادہ ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ کام کرنا چاہیے اور اگر قلبی رغبت اسی قدر ہے جیسی کہ (استخارہ سے) پہلے تھی اور اس میں کوئی کمی نہیں ہوئی تب بھی منع نہیں ہے ایسی صورت میں استخاروں کی تکرار کرنی چاہیے تا کہ رغبت و میلان کی زیادتی معلوم ہو جائے .... استخاروں کے تکرار کی انتہا سات مرتبہ ہے، اگر پہلی مرتبہ میں استخارہ ادا کرنے کے بعد توجہ میں کمی معلوم ہو تو یہ بات منع پر دلالت کرتی ہے۔ ایسی صورت میں بھی استخاروں کو چند بار کریں تو گنجائش ہے، بلکہ ہر صورت میں استخارہ مکرر کرنا اولیٰ وانسب ہے۔ اور اس کام کے کرنے یا نہ کرنے میں احتیاط ضروری ہے۔

(۷) رسالہ '' مبدا و معاد '' کی اس عبارت کے معنی جو اس جسد کے بیان میں لکھی گئی ہے جو روح کا مکتسب ہے (یعنی روح جس جسد سے افعالِ جسمانی کا اکتساب کرتی ہے) آپ نے دریافت کئے ہیں .... میرے مخدوم! روح کا ایسے افعال اختیار کرنا جو اجسام کے افعال کے مناسب ہیں وہ اسی جسدِ مکتسب کی قسم سے ہیں اور اکابر قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کی روحانی امداد بھی اسی قسم کے جسمانی افعال کی مناسبت سے ہے کہ مختلف وجوہات کی بنا پر مختلف طریقوں سے انہوں نے دشمنوں کو ہلاک کیا اور دوستوں کی امداد فرمائی وغیرہ

(۸) آپ نے ظالموں کے فتنے سے محفوظ رہنے کے لئے (دعا کی) درخواست کی تھی۔ (دعا کی گئی امید

Marfat.com

ہے کہ) حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے آپ کو اور آپ کے اہلِ خاندان کو بلکہ آپ کے علاقہ کو ظالموں کے شر سے محفوظ کر دیا ہے لہذا آپ خاطر جمع ہو کر حق تعالیٰ و تقدس کی بارگاہ میں پوری طرح متوجہ اور مشغول رہیں۔ اور امید ہے کہ اس حفاظت کو کسی خاص وقت تک کے لئے معین نہیں کریں گے (بلکہ دائمی ہو گی) اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ (والنجم، ۵۳، آیت، ۳۲) (بے شک تمہارے رب کی مغفرت بہت وسیع ہے)......لیکن اس جگہ کے رہنے والوں کو نصیحت فرمادیں کہ مسلمانوں کی بھلائی اور ان کی خیر خواہی کی وضع میں تبدیلی نہ کریں کیونکہ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کا فرمان ہے: اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ (رعد، ۱۳، آیت، ۱۱) (بے شک اللہ تعالیٰ کسی قوم کی حالت اس وقت تک نہیں بدلتا جبتک کہ وہ خود اپنی حالت کو نہ بدلیں)۔ والسلام

﴿حاشیہ متن﴾

ـــ اور ابھی تک اس بیج ڈالنے کا نتیجہ ظاہر نہیں ہوا اسکی کیا وجہ ہے ۱۲

لـ یعنی حقیقت میں اسی طرح ہے یعنی ہم نے بیج بہت ڈالا ہے لیکن اس بیج کے ثمرات و فوائد معلق اور وابستہ ہیں طویل اوقات اور دور دراز زمانوں کے گذرنے پر، یعنی ضروری ہے کہ وہ تخم ریزی (بیج ڈالنے) کے نتائج ظاہر ہوں گے ۔ ہماری زندگی میں یا وفات کے بعد، اس کے خلاف ہونا امکان سے خارج ہے، دیر آید درست آید پس خوش ہو جاؤ جلدی نہ کرو ۱۲

۲ـ یعنی مولانا کی مراد اس قول سے کیا ہے، مراد کو سمجھے بغیر قائل کو گرفت نہیں کرنی چاہیے اور کسی حکم کے ساتھ محکوم ٹھہرانا شایان شان نہیں لہذا اس سے تعرض نہیں کرنا چاہیے اور اس پر لب نہیں کھولنا چاہیے اسی میں خیر ہے ۱۲

۳ـ قولہ قُبِلَ مَن الخ یعنی حق تعالیٰ و تقدس کی جناب میں جو قبول کیا گیا وہ بغیر علت و سبب کے قبول کیا گیا بلکہ محض فضل خداوندی سے قبول ہوا، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لن يدخل الجنة احد الا بفضل الله تعالى، وقال تعالى: ذلك فضل الله يؤتيه من يشاء ۱۲ ترجمہ: ہرگز جنت میں کوئی داخل نہیں ہو گا مگر اللہ تعالیٰ کے فضل سے، اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یہ اللہ کا فضل ہے جس کو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے ۱۲

ـــ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مِن سَعَادةِ ابنِ اٰدمَ اِستِخارتُهُ اللّٰهَ ومِن شِقْوَتِهِ تَرْكُهُ اسْتِخارةَ اللّٰهِ ۱۲ ترجمہ: انسان کی سعادت اللہ سے استخارہ کرنے میں ہے اور اسکی بدبختی اللہ سے استخارے کو ترک کرنے میں ہے ۱۲

﴿ص ۱۱۷﴾

۴ـ قال رحمه الله تعالى فى المبدأ والمعاد: ومما ينبغى ان يعلم ان الجسد كما استفاد من الروح كمالات لا تحصى فالروح ايضًا اكتسب من الجسد فوائد عُظمٰى حيث صاد سَمِيعًا بَصِيرًا متكلما متجسد بجسد مكتبا مباشرا لافعال نا سبت بعالم الاجساد (منہا ۱۲) یعنی مناسب یہ ہے کہ جانا جائے کہ جسم جس طرح استفادہ کرتا ہے روح کے کمالات سے بے شمار، پس روح ہی اکتساب کرتی ہے جسم سے عظیم فوائد کا اس حیثیت سے کہ ہو گئی سننے والی، دیکھنے والی، کلام کرنے والی اور مجسم ہو گئی جسد کے ساتھ اکتساب کرنے والی بذاتِ خود سنبھالنے والی ہے افعال کو جو مناسبت رکھتے ہیں عالم اجسام کے ساتھ ۱۲

ـــ یعنی اس بیان میں کہ روح جس جسد سے افعال جسمانی کا اکتساب کرتی ہے ۱۲

ـــ یعنی جس طرح دشمنوں کو ہلاک کرنا اور دوستوں کی مدد کرنا کئی طریقوں سے اور مختلف قسموں سے ۱۲

....

Marfat.com

☆متن...... بین السطور...... معانی

﴿صہ ۳۹﴾ ☆ کتابت...... خط۱۲ ☆ نوشتہ...... استفسار اول۱۲...... پہلا سوال ۱۲ ☆ عرض...... پیش کردن۱۲...... پیش کرنا ۱۲

﴿صہ ۴۰﴾ ☆ مخدوما...... جواب۱۲...... جواب کی ابتداء ہے ۱۲ ☆ مُحَوِّل...... حق جل وعلا۱۲...... یعنی اللہ تعالیٰ ۱۲ ☆ نوشتہ...... استفسار دوم۱۲...... دوسرا سوال ۱۲ ☆ در حضور...... رُوبروئے حضرت مجدد قدس سرہٗ ۱۲ ☆ در حق شما...... حکایت کلام حضرت مجدد است ۱۲...... حضرت مجدد کے کلام کا بیان ہے ۱۲ ☆ مقولہ مولانا محمد صالح...... استفسار سوم ۱۲...... تیسرا سوال ۱۲ ☆ چون...... جواب ۱۲...... جواب کی ابتدا ہے ۱۲ ☆ از سوئے ادب...... استفسار چہارم ۱۲...... چوتھا سوال ۱۲ ☆ از مُخلصان...... جواب ۱۲...... جواب کی ابتدا ۱۲ ☆ زلّات...... لغزشہا ۱۲...... لغزشیں، کوتاہیاں ۱۲ ☆ مَعفو...... عفو ۱۲...... معاف ۱۲ ☆ از اَحوال...... استفسار پنجم ۱۲...... پانچواں سوال ۱۲ ☆ لِلّٰہ سبحانہ...... جواب ۱۲...... جواب کی ابتدا ہے ۱۲ ☆ مقبولان ساختہ اند...... بلا علت ۱۲...... بغیر سبب کے ۱۲ ☆ نوشتہ بودند...... استفسار ششم ۱۲...... چھٹا سوال ۱۲ ☆ مخدوما...... جواب ۱۲...... جواب کی ابتدا ہے ۱۲ ☆ اگر اقبال...... مَیلان ورغبت ۱۲ ☆ اَمر...... مطلوب ۱۲...... مطلوب امر ۱۲ ☆ ہم منع نیست...... کردن آن کار ۱۲...... وہ کام کرنا منع نہیں ہے ۱۲ ☆ درین صورت...... یعنی درصورت نقصان دراقبال بعد از استخارہ ۱۲...... یعنی استخارے کے بعد توجہ میں کمی کی صورت میں ۱۲

﴿صہ ۴۰﴾ ☆ امر...... مطلوب ۱۲...... مطلوب امر ۱۲ ☆ عبارت رسالہ...... استفسار ہفتم ۱۲...... ساتواں سوال ۱۲ ☆ مخدوما...... جواب...... جواب کی ابتداء ہے ۱۲ ☆ طلب امان...... امر ہشتم ۱۲...... آٹھواں امر ۱۲ ☆ ظَلَمہ بفتحتین جمع ظالم ۱۲...... ظا اور لام پر زبر ہے، یہ ظالم کی جمع ہے ۱۲ ☆ حضرت حق...... جواب ۱۲...... جواب کی ابتدا ہے ۱۲ ☆ بُقعہ...... بالضم زمین ممدود وممتاز از زمین دیگر یعنی دہ ۱۲...... با پر پیش ہے، وسیع وممتاز زمین سے یعنی بستی سے ۱۲ ☆ اِنَّ رَبَّکَ...... یہ آیت سورہ نجم پارہ ستائیس میں واقعہ ہے، یعنی بے شک تمہارے رب کی مغفرت بہت وسیع ہے ۱۲

﴿صہ ۴۱﴾ ☆ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُغَیِّرُ...... یہ آیت کریمہ سورہ رعد پارہ تیرہ میں واقعہ ہے یعنی بے شک اللہ تعالیٰ کسی قوم کی حالت اس وقت تک نہیں بدلتا جب تک کہ وہ خود اپنی حالت کو نہ بدلیں ۱۲

....

دوسو چالیسواں مکتوب ﴿۲۴۰﴾

شیخ یوسف برکی کی طرف صادر فرمایا...... اس راہِ (سلوک) کی بے نہایتی اور کلمہ طیبہ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ کے بعض فوائد کے بیان میں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی (تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں اور اس کے برگزیدہ بندوں پر سلام ہو) وہ مکتوب جو آپ کی خیریت کے انجام والے احوال پر مشتمل تھا موصول ہوا، اور اس کا مطالعہ خوشی کا باعث ہوا۔ ع

Marfat.com

در عشق چنیں بوالعجبہا باشد
(عشق میں باتیں ہیں ایسی ہی عجیب)

لیکن چاہیے کہ ان احوال سے گذر کر احوال کے بدلنے والے (یعنی حق تعالیٰ) تک پہنچنا چاہیے کہ وہاں سب جہالت و نادانی ہے اس کے بعد اگر معرفت سے مشرف فرمائیں تو کیا ہی نعمت و سعادت ہے۔ مختصر یہ کہ جو کچھ دید و دانش (دیکھنے اور سمجھنے) میں آئے قابل نفی ہے۔ اگرچہ وہ کثرت میں وحدت کا شہود ہی ہو۔ کیونکہ اس وحدت کی کثرت میں ہرگز گنجائش نہیں ہے جو کچھ دیکھنے میں آتا ہے اس وحدت کی مثال اور صورت ہے نہ کہ وہ خود...... لہذا آپ کے حال کے مناسب اس وقت کلمہ طیبہ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ کا ذکر ہے۔ اور اس کلمہ کی اسقدر تکرار کریں کہ آپ کی دید و دانش میں کوئی اور چیز باقی نہ رہے اور سامان کو حیرت و نادانی میں ڈال دے اور معاملہ کو فنا کی طرف لے جائے۔ جب تک (سالک) حیرت وجہل کی طرف نہ چلا جائے فنا نصیب نہیں ہوتی اور جس کو آپ نے فنا سمجھا ہے۔ اس کا فنا سے کوئی تعلق نہیں۔ اس کی تعبیر عدم سے ہے نہ کہ فنا سے۔ اور جب جہل تک پہنچنے کے بعد فنا حاصل ہو جائے تو وہ اس راہ (سلوک) کا پہلا قدم ہوگا۔ وصل کہاں اور اتصال کس کو۔

كَيْفَ الْوُصُوْلُ اِلٰى سَعَادَ وَدُوْنَهَا قُلَلُ الْجِبَالِ وَدُوْنَهُنَّ حُيُوْفُ
(کس طرح جاؤں درِ محبوب تک درمیاں ہیں پُر خطر کوہ اور غار)

آپ کے احوال درست ہیں لیکن ان سے گذرنا ضروری ہے۔ وَالسَّلَامُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى وَالْتَزَمَ مُتَابَعَةَ الْمُصْطَفٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ مِنَ الصَّلَوَاتِ وَالتَّسْلِيْمَاتِ اَتَمُّهَا وَاَكْمَلُهَا (اور سلام ہو اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی اور حضرت محمد مصطفٰے علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات اتمہا واکملہا کی متابعت کو اپنے اوپر لازم جانا)

دوسری نصیحت شریعت پر استقامت ہے اور اپنے احوال کو شرعی اصول کے مطابق درست کرنا ہے۔ عِيَاذًا بِاللّٰهِ سُبْحَانَهٗ (اللہ سبحانہٗ کی پناہ) اگر قول و فعل میں شریعت کے خلاف کوئی بات ظاہر ہو تو اس میں اپنی خرابی جاننا چاہیے۔ استقامت والے حضرات کا یہی طریقہ ہے۔ والسلام

﴿حاشیہ متن﴾

۱ یعنی احوال سے گذر جانا چاہیے اور ترقی کر کے اللہ تعالیٰ تک پہنچنا چاہیے ۱۲

۲ قولہ شخ شین اور با پر زبر ہے، بدن، سواد شخص جو اس سے نظر آئے، با کے جزم سے بھی بولا جاتا ہے اور قاموس میں ہے کہ الشخ کے معنی شخص ہیں با کے جزم سے بھی آتا ہے ۱۲

۳ اگرچہ وہ تنزیہ محض اور بے کیف محض ہی ہو۔ ان سب کو "لا" (یعنی نفی) کے تحت میں داخل کیا جائے۔ اور اثبات کی جانب میں کلمۂ مستثنیٰ (اللہ) کو قلب کی موافقت کے ساتھ زبان سے بولنے کے سوا اور کسی چیز کا اس میں حصہ نہ ہو۔

۴ قولہ کیف الوصول الی سعاد الخ سین کے پیش سے، عشقیہ لفظ اور محبوبہ کا نام (عام طور پر عرب شعراء اپنی محبوبہ کا ذکر اس نام سے کرتے ہیں جیسا کہ قصیدہ بانت سعاد میں ہے) سعاد غیر منصرف ہے، علمیت اور تانیث معنوی کے سبب سے،

Marfat.com

قُلَل قاف پر پیش اور پہلے لام پر زبر ہے، جمع ہے قُلّة کی (قاف پر پیش اور پہلے لام پر زبر و شد ہے) بمعنی پہاڑ کی چوٹی الجبال جمع ہے جَبَل کی جیم اور با پر زبر سے، اس کے معنی پہاڑ کے ہیں، خَیُوف (پہلے دونوں حرفوں پر پیش ہے) خَیف (خا پر زبر) کی جمع ہے، پہاڑ کا دامن جو پانی کی گذرگاہ سے بلند اور پہاڑ سے نیچا ہوتا ہے، پہاڑ کے ایک طرف ہر بلندی اور پستی کو بھی کہتے ہیں، مطلب یہ کہ سعادت تک پہنچنا کیسے متصور ہوسکتا ہے، حال یہ ہے کہ اس سے پہلے پہاڑوں کی چوٹیاں ہیں اور اس سے پہلے بہت سی بلندیاں اور پستیاں (گہرائیاں) ہیں، غرضیکہ جب تک ان سب دشوار گذار راستوں کو طے نہ کیا جائے سعادت تک پہنچنا محال ہے، ایسے ہی سلوک کی منزلیں طے کئے بغیر اور شریعت کی بلندیوں پر چڑھے بغیر محبوب حقیقی کا وصال بہت مشکل اور دشوار ہے ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

....

☆متن ...... بین السطور...... معانی

﴿صہ ۴۱﴾ ☆ قابل نفی ......شایان دور کردن ۱۲......دور کرنے کے لائق ہے ۱۲ ☆ وحدت ...... حقیقیہ ۱۲ ☆ می نماید ......ظاہر می شود ۱۲......ظاہر ہوتا ہے ۱۲ ☆ بحیرت ......حیرانی ۱۲......حیرانی ☆ جہالت ......نادانی ۱۲......نادانی ☆ تا ......سالک ۱۲ ......تاکہ سالک ۱۲ ☆ از فنا ......اورا ۱۲ ......اس کو فنا سے ۱۲ ☆ تطبیق ......موافق و مطابق گردانیدن ۱۲ ......موافق و مطابق کرنا ۱۲ ☆ باصول ......قواعد ۱۲......قاعدے ضابطے ۱۲

....

دوسو اکتالیسواں مکتوب ﴿۲۴۱﴾

مولانا محمد صالح کی طرف بعض دوستوں کی ترقی کے بیان میں صادر فرمایا۔

حمد و صلوٰۃ کے بعد میرے سعادت مند بھائی کو معلوم ہو کہ اس جگہ کے حالات حمد کے لائق ہیں، اور یہاں کے سب دوست خوش و خرم ہیں، بالخصوص مولانا محمد صدیق ان دنوں اللہ سبحانہٗ کی عنایت سے ولایتِ خاصہ سے مشرف ہوگئے ہیں اور اسمِ جزئی سے اسمِ کلّی کے ساتھ ملحق ہوگئے ہیں۔ اس کے باوجود نظر فوق کی جانب رکھتے ہیں۔ وہاں (فوق) سے نصیب وافر (بہت بڑا حصہ) حاصل کر کے شاید رجوع کی طرف رجحان کریں۔ وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ (بقرہ ۲، آیت ۱۰۵) (اور اللہ جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ مخصوص کر لیتا ہے) ......کبھی کبھی اپنے اور ان دوستوں کے احوال جو طریقہ میں داخل ہوگئے ہیں اور ہوتے رہتے ہیں لکھدیا کریں اور چند روز وہیں قیام پذیر رہیں۔ والسلام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۴۲﴾ ۱۔ یعنی اور اللہ جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ مخصوص کر لیتا ہے، یہ آیت کریمہ پارہ اول کے تیسرے ربع میں (آیت ۱۰۵) واقع ہے ۱۲

....

☆متن ...... بین السطور...... معانی

دوسو بیالیسواں مکتوب ﴿۲۴۲﴾

ملا بدیع الدین کی جانب ان کے بعض سوالات کے جواب میں صادر فرمایا۔

حمد وصلوۃ اور تبلیغ دعوات کے بعد میرے عزیز بھائی کو معلوم ہو کہ درویش کمال نے آپ کا مکتوب شریف پہنچایا بہت خوشی کا باعث ہوا.................آپ نے اپنے اعمال اور نیتوں کو'' دید قصور، کی وجہ سے متہم سمجھنے کے بارے میں تحریر کیا تھا، اس کی وضاحت ہوئی، حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ اس ''دیدِ قصور'' کے مشاہدے میں زیادتی فرمائے اور اس اتہام کی تکمیل فرمائے کیونکہ اس راہِ سلوک میں یہ دونوں (یعنی دیدِ قصور اور اتہام نیات واعمال) بڑی دولتیں ہیں۔

آپ نے لکھا تھا اور دریافت کیا تھا کہ اسم ذات تعالیٰ وتقدس کا شغل کس حد تک کرنا چاہیے اور اس اسمِ مبارک کی کس مقدار کی مداومت سے حجابات دور ہو جاتے ہیں، اور نفی واثبات کی نہایتِ حد کہاں تک ہے، اور اس کلمہ متبر کہ سے کیا کیا کشائشیں (وسعتیں) پیش آتی ہیں اور کس مقدار میں حجابات اٹھ جاتے ہیں؟.................جاننا چاہیے کہ ذکر سے مراد غفلت کا دور کرنا ہے اور چونکہ ظاہر کو غفلت سے چارہ نہیں ہے خواہ ابتدا میں ہو یا انتہا میں، لہذا ظاہر ہے کہ ہمہ وقت ذکر کا محتاج ہے۔ خلاصہ کلام یہ ہے کہ بعض اوقات اسمِ ذات عزوجل کا ذکر زیادہ نفع بخش ہے اور بعض دوسرے اوقات میں ذکر نفی واثبات انسب ہے.................باقی رہا باطن کا معاملہ تو وہاں بھی جبتک غفلت بالکل دور نہ ہو جائے ذکر کے بغیر چارہ نہیں ہے البتہ اس قدر ہے کہ ابتدا میں یہ دو ذکر متعین (ضروری) ہیں اور وسط وانتہا میں یہ دونوں ذکر متعین نہیں ہیں۔ اگر تلاوتِ قرآن مجید اور نماز کی ادائیگی سے غفلت دور ہو جائے تو گنجائش ہے، لیکن قرآن مجید کی تلاوت متوسط حال والوں کے مناسب ہے اور نماز نوافل کی ادائیگی منتہی حال والوں کے مناسب ہے۔

جاننا چاہیے کہ حضرت ذات تعالیٰ وتقدس کا وہ حضور جو اسماء وصفات کے ملاحظہ سے ہو اگرچہ دائمی ہو لیکن احدیتِ مجردہ کی طرف متوجہ ہونے والوں کے نزدیک غفلت میں داخل ہے۔ اس غفلت کو بھی دور کرنا چاہیے اور وراء الوراء کی طرف جانا چاہیے۔

فراقِ دوست اگر اندک است اندک نیست　　　درونِ دیدہ اگر نیم موست بسیار است

(فراق یار اگر کم ہے کم نہیں سمجھو　　　اگر ہے آنکھ میں کچھ بال کم نہیں جانو)

آپ نے وہ واقعات جو پیش آتے رہتے ہیں تحریر کیے تھے ان کا جواب پہلے بھی لکھا جا چکا ہے کہ یہ سب مبشرات (خوشخبری دینے والے) ہیں، ابھی ان کے ظہور کا وقت نہیں آیا، منتظر رہیں اور کام میں مشغول رہیں۔

Marfat.com

كَيْفَ الْوُصُوْلُ اِلٰى سُعَادَ وَدُوْنَهَا قُلَلُ الْجِبَالِ وَدُوْنَهُنَّ حُيُوْفٌ
(کس طرح جاؤں درِ محبوب تک درمیاں ہیں پر خطر کوہ اور غار) والسلام

☆متن......بین السطور......معانی

☆درویش کمال......نام۱۲......کمال نام ہے۱۲☆صحیفہ......مکتوب۱۲......خط۱۲☆مزید......زیادت۱۲......زیادہ ہونا ۱۲☆اسم ذات......یعنی لفظ مبارک اللہ۱۲☆درین راہ......یعنی راہِ سلوک بحق جل وعلا۱۲......اللہ کی طرف جانے کا راستہ سلوک۱۲☆این ہردو دولت......یعنی دید قصور واتہام نیات واعمال۱۲......یعنی اپنے قصور کو دیکھنا اور اپنی نیتوں اور اعمال کو صحیح نہ ہونے کی تہمت لگانا۱۲☆نفی واثبات......یعنی کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ۱۲☆ملاک......بالکسر اصل چیزے ومدار آن۱۲......میم کی زیر سے، کسی چیز کی اصل اور جس پر اسکا دارومدار ہو۱۲☆حُجب......پردہا۱۲......پردے۱۲☆این اسم مبارک......یعنی لفظ مبارک اللہ۱۲......یعنی لفظ اللہ برکت والا۱۲☆بدانند......جواب استفسار۱۲......سوال کا جواب۱۲ ☆طرد......دفع۱۲......دفع کرنا، دور کرنا۱۲☆پس ظاہر......زبان ودیگر جوارح۱۲......زبان اور دیگر اعضائے جسم۱۲ ☆معاملہ باطن......قلب واخوانش۱۲......دل اور اس کے ساتھی اعضاء۱۲☆طرد......دفع۱۲......دفع کرنا، دور کرنا۱۲ ﴿صہ۴۳﴾☆غفلت......واطلاق غفلت براین حضور مذکور باعتبار اضافت است بمرتبہ فوقانی، ورنہ اُو فی حد ذاتہ ذکر است وحضور ۱۲......ترجمہ: اس مذکورہ حضور پر غفلت کا لفظ بولنا اضافت کے اعتبار سے ہے بلند مرتبے کی وجہ سے ورنہ وہ اپنی ذات کی حد تک ذکر اور حضور ہے۱۲☆طرد......دفع۱۲......دفع کرنا اور دور کرنا۱۲☆اندک است......بظاہر۱۲......ظاہری طور پر کم۱۲ ☆نیست......درحقیقت۱۲......حقیقت میں۱۲☆درون......زیراکہ۱۲......کیونکہ☆مُبشِّر......بشارت دہندہ۱۲ ......خوشخبری دینے والا۱۲☆کیف الوصول......اس شعر کے معنی قریب ہی حاشیہ مکتوب نمبر ۲۴۰

....

دوسو تینتالیسواں مکتوب ﴿۲۴۳﴾

ملا ایوب محتسب کی طرف طریقہ عالیہ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کی ترغیب میں صادر فرمایا۔

حمد وصلوٰۃ اور تبلیغ دعوات کے بعد میرے عزیز بھائی کو معلوم ہو کہ چند بار آپ نے اپنے خطوط نصیحتوں کی طلب میں تحریر کئے، لیکن یہ حقیر اپنی خرابیوں پر نظر کر کے آپ کے سوالات کے جوابات میں پیشقدمی نہیں کرتا تھا۔ اب جبکہ آپ کی طرف سے بار بار طلب ہوئی تو چند بے ربطہ و نامربوط فقرے تحریر میں آگئے ......غور سے سنیں اور جان لیں کہ ہر شخص کے لئے جو چیز ضروری ہے اور وہ اس کا مکلّف ہے وہ اوامر کی بجا آوری اور نواہی سے پرہیز کرنا ہے۔ آیہ کریمہ مَآ اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰکُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا (حشر ۵۹ آیت ۷) (رسول جو کچھ تم کو عطا فرمائے وہ لے لو اور جس سے وہ منع فرمائے اس سے باز رہو) اس معنی کی شاہد ہے۔ اور چونکہ (طالب کو) اخلاص کا حکم ہے: اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ (زمر ۳۹، آیت ۳) (آگاہ رہو کہ

Marfat.com

خالص دین اللہ ہی کے لئے ہے) اور وہ بغیر فنا کے حاصل نہیں ہوتا اور محبتِ ذاتیہ کے بغیر متصور نہیں ہوتا ......لہذا طریق صوفیہ کا سلوک جس میں فنا اور محبت ذاتیہ کا حصول ہے ضروری ہوا۔ تاکہ اخلاص کی حقیقت شکل پذیر ہو۔ اور چونکہ صوفیہ کے طریقے کمال اور تکمیل کے مرتبوں میں متفاوت ہیں اس لئے ایسے طریقے کو جو روشن سنت کی پیروی کو لازم جانے اور احکامِ شرعیہ کی بجا آوری کے (بالکل) مطابق ہو اختیار کرنا اولیٰ اور بہت بہتر ہے، اور وہ طریقہ اکابر نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم العلیا کا طریق ہے۔ کیونکہ اس طریق کے بزرگوں نے سنت کو لازم قرار دیا ہے اور بدعت سے پرہیز فرمایا ہے۔ جہاں تک ہو سکے رخصت پر عمل کرنا پسند نہیں کرتے اگرچہ بظاہر اس کو باطن میں نافع پائیں اور عزیمت پر عمل کرنا نہیں چھوڑتے اگرچہ بظاہر اس کو باطن میں مضر جانیں۔ انہوں نے احوال و مواجید کو احکامِ شرعیہ کے تابع کیا ہے اور اذواق و معارف (کیفیات و کشفیات) کو علوم دینیہ کا خادم جانتے ہیں، اور احکامِ شرعیہ کے نفیس جواہرات کو بچوں کی طرح جوز و مویز (اخروٹ و منقیٰ) اور وجد و حال کے بدلے نہیں دیتے، اور صوفیہ کی (حالتِ سکر والی) بیکار باتوں پر مغرور و مفتوں نہیں ہوتے، اور نص (قرآن) کو چھوڑ کر فص (فصوص الحکم) کی طرف مائل نہیں ہوتے، اور فتوحاتِ مدنیہ (احادیث و نصوصِ شرعیہ) کو چھوڑ کر فتوحاتِ مکیہ (شیخ اکبر کی تصنیف) کی طرف التفات نہیں کرتے، یہی وجہ ہے کہ ان کا حال دائمی ہے اور ان کا وقت استمراری (مستقل) ہے...............اور ان کے باطن سے ماسوی کے نقوش اس طرح محو و زائل ہو جاتے ہیں کہ اگر وہ (ماسوی اللہ کو دل میں) حاضر کرنے کے لئے ہزار سال تک کوشش کریں تب بھی میسر نہ ہو۔ اور وہ تجلی ذاتی جو دوسروں کے لئے برق کی مانند ہے ان بزرگوں کے لئے دائمی ہے۔ اور وہ حضور جس کے پیچھے غیبت ہو ان عزیزوں کے نزدیک دائرۂ اعتبار سے ساقط ہے (آیت کریمہ) رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ (سورہ نور، ۲۴، آیت ۳۷) (وہ ایسے لوگ ہیں جنہیں تجارت اور خرید و فروخت اللہ کے ذکر سے غافل نہیں کرتی) ان کے حال کی نشاندہی کرتی ہے.................اور اسی طرح ان کا طریق سب طریقوں سے زیادہ قریب اور یقیناً موصل ہے اور دوسروں کی نہایت ان بزرگوں کی بدایت میں مندرج ہے، اور ان کی نسبت جو کہ حضرتِ صدیق رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب ہے مشائخ کی تمام نسبتوں سے بڑھ کر ہے لیکن ہر شخص کی سمجھ ان اکابر کے مذاق کو نہیں پہنچ سکتی۔ ممکن ہے کہ اس طریقہ عالیہ کے قاصر (کم ہمت و کوتاہ نظر) ان کے بعض کمالات سے انکار کر دیں۔ ؎

قاصرے گر کند ایں طائفہ را طعن قصور	حاش للہ کہ بر آرم بزباں ایں گلہ را
(گر کوئی طعن ان پہ کرتا ہے	توبہ توبہ، نہ کروں اس کا گِلہ)

شاعر عرب (فرزدق) فرماتا ہے۔ ؎

أُولٰٓئِكَ اٰبَائِيْ فَجِئْنِيْ بِمِثْلِهِمْ	إِذَا جَمَعَتْنَا يَا جَرِيْرُ الْمَجَامِعُ
(ایسے ایسے باپ دادا تھے جریر	ذکر ان کا کیوں نہ ہو جب تھے کبیر)

حضرت خواجہ احرار قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ اس سلسلہ عالیہ کے خواجگان قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم ہر زرّاق

Marfat.com

اور رقاص (مکار اور رقص کرنے والے) کے ساتھ نسبت نہیں رکھتے، ان کا کارخانہ بلند ہے۔

حیف باشد شرح او اندر جہاں　　ہمچو رازِ عشق باید در نہاں
لیک گفتم وصفِ اوتا رہ برند　　پیش ازاں کز فوتِ آں حسرت خورند
(شرح ان کی خوبیوں کی کیا کروں　　مثلِ رازِ عشق انہیں پنہاں رکھوں
لیکن ان کا وصف کم کم ہے بیاں　　ہو نہ محرومی پہ حسرت بے گماں)

اگر ان برگزیدہ حضرات کے خصائص و کمالات کے بیان میں دفتروں کے دفتر لکھے جائیں تب بھی وہ دریائے بیکراں کے مقابلے میں قطرہ کے مانند ہیں۔ ع

دادیم ترازِ گنجِ مقصود نشاں
(دے دیا تجھے پتہ گنجِ مقصود کا)

وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی وَالْتَزَمَ مُتَابَعَةَ الْمُصْطَفٰی عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ مِنَ الصَّلَوَاتِ اَفْضَلُهَا وَمِنَ التَّسْلِیْمَاتِ اَکْمَلُهَا (اور سلام ہو اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی اور حضرت محمد مصطفٰی علیہ وعلٰی آلہ من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا کی متابعت کو اپنے اوپر لازم کیا)

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۴۳﴾ ۱؎ یہ آیت کریمہ سورہ حشر (آیت ۷) پارہ اٹھائیس ۲۸ میں واقعہ ہے، یعنی رسول جو کچھ تم کو دے وہ لے لو اور جس سے وہ منع کرے اس سے باز رہو۱۲

۲؎ یہ آیت کریمہ سورہ زمر (آیت ۳) پارہ تیئیس ۲۳ میں واقعہ ہے، آگاہ رہو کہ خالص دین (عبادت) اللہ ہی کے لئے ہے۱۲

۳؎ قولہ بظاہر اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ رخصت پر عمل کرنا درحقیقت عزیمت پر عمل کرنے کی نسبت نافع نہیں ہے۱۲

۴؎ قولہ ترّہات: تا پر پیش اور را پر شد اور زبر ہے، اس کے معنی باطل چیزیں اور بیہودہ باتیں ہیں جو ترہۃ کی جمع ہے اسکے معنی ہیں باطل۔ فقیر کہتا ہے شاید اس جگہ وہ کلمات مراد ہیں جو سالکوں سے اثناءِ راہ سکر و مستی کی حالت میں صادر ہوتے ہیں اور وہ بظاہر شریعت کے مخالف ہوتے ہیں واللہ اعلم بمراد عبادہ وھو یھدی السبیل۱۲ (اللہ ہی جانتا ہے اپنے بندوں کی مراد کو اور وہی سیدھے راستے کی ہدایت دیتا ہے)

۵؎ قولہ از نص الخ یعنی وہ چیز جو شارع علیہ الصلوۃ والسلام سے دلیل سے ثابت ہو، اور قولہ بفص یہ اشارہ ہے شیخ اکبر محی الدین ابن عربی قدس سرہ کی ایک عظیم تصنیف فصوص الحکم کی طرف۔ اور اس سے مراد وہ کلمات ہیں جو بعض صوفیہ کرام سے حال و مقام کے تقاضے سے حالتِ سکر میں صادر ہوئے اور بظاہر شریعت کے ساتھ جنگ کی صورت ہے، اسی پر حضرت مجدد قدس سرہ کے قول از فتوحات مدنیہ الخ کو قیاس کرنا چاہیے۱۲

﴿صہ ۴۴﴾ ۱؎ یعنی یہ تھے میرے آباء و اجداد صفاتِ کمال سے متصف اور ممتاز، پس اے جریر اپنے باپ دادا میں ان جیسے میرے سامنے لاؤ جبکہ انہوں نے عرب کی مجلسیں قائم کیں مفاخرت و مباہات کے لئے، یعنی ان جیسے باکمال لوگ تو اپنے آباء و اجداد میں ہرگز نہ پائے گا پس تیرا برابری کا دعوٰی بالکل غلط اور خالص جھوٹ ہے۱۲

۲؎ قولہ زرّاق پہلے حرف پر زبر ہے اور دوسرے پر شد اور زبر، منافق اور ریاکار یعنی مکار اور دنیا کا طالب۔ اور قولہ

Marfat.com

رَقّاص کے پہلے حرف پر بھی زبر اور دوسرے پر شد ہے یعنی رقص کرنے والا ریاکار ۱۲

یعنی وہ ایسے لوگ ہیں جنہیں تجارت اللہ کے ذکر سے غافل نہیں کرتی۔ یہ آیت ۳۷ سورہ نور پارہ ۱۸ میں واقع ہے ۱۲

یعنی لاشے، معدوم اور فنا و زائل ۱۲

خدا تعالیٰ پاک اور دور ہے اس کام سے یعنی اس کام سے اللہ تعالیٰ کی پناہ ۱۲

....

☆ متن ...... بین السطور...... معانی

﴿صہ ۴۳﴾ ☆ اقدامے...... پیش رفتن درکارے ۱۲...... کسی کام میں آگے بڑھنا ۱۲ ☆ نامربوط ...... بے ربط ۱۲...... بے رابطہ ۱۲ ☆ کس ...... انسان ۱۲ ☆ امتثال ...... فرمانبرداری ۱۲ ☆ اوامر ...... جمع امر ۱۲...... امر کی جمع ہے ۱۲ ☆ انتہا ...... باز ماندن ۱۲...... باز رہنا ۱۲ ☆ مَا اٰتٰکُم ...... مبتدا ۱۲...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ شاہد این ...... خبر ۱۲...... یہ خبر ہے ۱۲ ☆ وچون شرط ۱۲...... یہ شرط ہے ۱۲ ☆ لا جرم ...... جزا ۱۲...... یہ جزا ہے ۱۲ ☆ آن طریق ...... یعنی ملتزم واوفق ۱۲...... یعنی لازم اور زیادہ موافق ۱۲ ☆ بصورت ...... بظاہر ۱۲...... ظاہری طور پر ☆ درسیرت ...... باطن ۱۲...... باطن میں ۱۲ ☆ مُتَضَرِّر ...... ضرر رسانندہ ۱۲...... تکلیف و نقصان پہنچانے والا ۱۲ ☆ معارف ...... علوم کشفیہ ۱۲...... کشف سے معلوم ہونے والے علوم ۱۲ ☆ در رنگ ...... مانند ۱۲...... مثل ۱۲ ☆ عوض ...... بدل ۱۲...... بدل ☆ مغرور ...... فریفتہ ۱۲...... فریب خوردہ ۱۲ ☆ مفتون ...... شیفتہ ۱۲...... عاشق، مدہوش ۱۲ ☆ فتوحات مدینہ ...... اشارت است بنصوص شرعیہ ۱۲...... شریعت کے دلائل کی طرف اشارہ ہے ۱۲ ☆ فتوحات مکیہ ...... کتابے است عظیم از تصانیف حضرت شیخ محی الدین ابن عربی قدس سرہٗ ۱۲...... یہ ایک عظیم کتاب ہے شیخ محی الدین ابن عربی قدس سرہٗ کی تصانیف میں سے ۱۲

﴿صہ ۴۴﴾ ☆ ماسوائے ...... غیر حق تعالیٰ ...... اللہ تعالیٰ کا غیر ۱۲ ☆ احضار ...... حاضر کردن ۱۲...... حاضر کرنا ۱۲ ☆ قفائے ...... پس ۱۲...... پیچھے ۱۲ ☆ رجال ...... این مجموعہ خود مبتدا است ۱۲...... یہ مجموعہ خود مبتدا ہے ۱۲ ☆ بیان حال خبر ۱۲...... یہ خبر ہے ۱۲ ☆ البتہ ...... یقیناً ۱۲...... یقینی طور پر ☆ قاصران ...... یعنی ناقصان و ناکسان و کوتاہ نظران ۱۲...... یعنی ناقص و نالائق اور کم عقل لوگ ۱۲ ☆ نماینِد ...... ولیکن ۱۲ ☆ شاعر عرب ...... یعنی فرزدق ۱۲ ☆ حیف ...... ستم و جور ۱۲...... ظلم و ستم ۱۲ ☆ ثبت ...... تحریر ۱۲...... لکھا ہوا

....

دوسو چوتالیسواں مکتوب ﴿۲۴۴﴾

ملا محمد صالح کولابی کی طرف صادر فرمایا ...... ان کے خط کے جواب میں جس میں انہوں نے اپنے احوال کی خرابی بیان کی تھی۔

میرے سعادتمند بھائی خواجہ محمد صالح کا گرامی نامہ موصول ہوا جس میں انہوں نے اپنی خرابی احوال کے بارے میں لکھا تھا، امید ہے کہ اس سے بھی زیادہ خراب ہوں گے۔ اور اس خرابی کی نہایت اس مکتوب میں جو انہی

Marfat.com

ایام میں (فقیر نے اپنے) فرزند ارشد کے نام لکھا ہے درج ہو چکی ہے وہاں سے معلوم کرلیں ....اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کا وہاں چند روز قیام کرنا دوستوں کی جمعیت (اطمینان) کا باعث ہے تو بہتر ہے کہ وہاں چند روز اور قیام کریں، یہ فقیر بھی دہلی کے سفر کا ارادہ رکھتا ہے، اکثر استخارے اور توجہات اس سفر کا باعث ہیں ....اور اس مقام کو میرے (کارکنانِ قضا وقدر نے) فرزند ارشد (خواجہ محمد صادق) کو عنایت فرمایا دیا ہے اور ان کی ولایت میں داخل کر دیا گیا ہے۔ فقیر اس جگہ مسافروں کی طرح ان کی ولایت میں بیٹھا ہوا ہے............اور جو دوست طریقہ عالیہ میں داخل ہو گئے ہیں بالخصوص میر سید مرتضٰے، مولانا شکر اللہ اور میر سید نظام بہت دعاؤں کے ساتھ مخصوص ہیں۔ فرزندی خواجہ محمد صادق اور سب بھائی آپ کو اور سب دوستوں کو سلام و دعا کہتے ہیں۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۴۴﴾ یعنی اعمال کی کمزوری کو دیکھنا اور نیت کو خالص نہ گمان کرنا ۱۲

﴿صہ ۴۵﴾ قولہ مثلث: پہلے حرف پر زبر اور کاف پر جزم اور ثا تین نقطہ والی، دیر کرنا اور انتظار کرنا، پہلے حرف کے پیش اور زیر سے دیر کرنے کے معنی میں ۱۲

ے فرمودہ اند: کارکنان قضا وقدر ۱۲......تقدیر کو نافذ کرنیوالے ۱۲

....

☆ متن......بین السطور......معانی

☆ برادران......یعنی برادرانش ۱۲......یعنی اس کے بھائی ۱۲

....

دوسو پینتالیسواں مکتوب ﴿۲۴۵﴾

سیّد انبیا کی طرف ان کے سوالات کے جواب میں تحریر فرمایا۔

حمد وصلوٰۃ اور تبلیغ دعوات کے بعد واضح ہو کہ مکتوب شریف جو قاصد کے ہمراہ ارسال کیا تھا موصول ہو کر خوشی کا باعث ہوا............آپ نے لکھا تھا کہ ذکرِ نفی و اثبات اکیس عدد تک پہنچایا ہے لیکن اس پر مداومت نہیں رہتی، اور کبھی کبھی غیبت (ناغہ)☆ بھی ہو جاتی ہے............اے محبت کے نشان والے! ذکر کرنے میں ظاہر اشرائط میں سے کوئی نہ کوئی شرط مفقود ہے جس کی وجہ سے اس عدد پر کوئی نتیجہ مرتب نہیں ہوا۔ اِنشاءاللہ تعالیٰ بالمشافہ معلوم کرلیں گے۔

دوسرے آپ نے اس قول کے معنی دریافت کئے تھے اور لکھا تھا کہ حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنے کام کو تکمیل کر کے فرمایا، ذِکْرُ اللِّسَانِ لَقْلَقَةٌ وَذِکْرُ الْقَلْبِ وَسْوَسَةٌ وَذِکْرُ الرُّوْحِ شِرْکٌ وَذِکْرُ السِّرِّ کُفْرٌ (زبان کا ذکر بکواس ہے اور قلب کا ذکر وسوسہ، روح کا ذکر شرک اور سر کا ذکر کفر ہے)؟

Marfat.com

.........(جواب) آپ سمجھ لیں، کہ جب ذکر ذاکر و مذکور کی خبر دینے والا ہے، خواہ کوئی ذکر ہو اور اس کا اصل مقصود ذاکر اور ذکر کا مذکور میں فنا ہونا ہے اس لئے نتیجہ کے طور پر ذکر کو لقلقہ وسوسہ، شرک اور کفر فرمایا ہے۔ ے

بہر چہ از دوست وامانی چہ کفر آں حرف وچہ ایماں ‌ ‌ بہر چہ از راہ دور افتی چہ زشت آں حرف وچہ زیبا

(جدا جو حق سے کر دے ایسا ایمان کفر بن جائے ‌ ‌ تجھے گمراہ جو کر دے وہ خوبی عیب کہلائے)

لیکن فنا و بقا کے حاصل ہونے سے پہلے ذکر کے لئے ان ناموں کے عارض ہونے کو جاننا ضروری ہے کیونکہ بقا کے حاصل ہونے کے بعد ذاکر کا وجود اور ذکر کا ثبوت اس سے مذموم نہیں ہے۔ اور اگر اس کے معنی سمجھنے میں کچھ اخفارہ گیا ہو تو بالمشافہ دریافت کرنے پر معلوم ہو جائے گا کیونکہ تحریر کا حوصلہ (گنجائش) کم ہے۔ لہذا اس قول کو حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کی طرف نسبت دینا خصوصاً کام پورا ہونے کے بعد مستحسن نہیں ہے۔

دوسرا سوال یہ تھا کہ کہ آپ نے لکھا تھا کہ "شیخ ابو سعید ابو الخیرؒ نے ابو علی سینا سے مقصود (ابو علی) حق جل وعلا پر دلیل طلب کی تھی اور اس نے جواب میں لکھا تھا کہ "کفرِ حقیقی میں آجا اور اسلام مجازی سے نکل جا" اور شیخ ابو سعید نے عین القضاۃ کو لکھا کہ "اگر ایک لاکھ سال تک عبادت کرتا تو مجھے وہ فائدہ حاصل نہ ہوتا جو ابو علی سینا کے اس کلمہ سے حاصل ہوا" عین القضاۃ نے جواب میں لکھا کہ "اگر آپ سمجھ لیتے تو اس بیچارے کی طرح مطعون اور ملامت زدہ ہو جاتے"

(جواب) جاننا چاہیے کہ کفرِ حقیقی سے مراد دوئی کا دور کرنا ہے اور کثرت کا کلی طور پر چھپ جانا ہے جو کہ فنا کا مقام ہے اور اس کُفرِ حقیقی کے اوپر اسلامِ حقیقی کا مقام ہے جو بقا کا محل ہے کفرِ حقیقی کو اسلامِ حقیقی سے نسبت دینا سراسر نقص وعیب ہے، یہ ابنِ سینا کی کوتاہ نظری ہے کہ اس نے اسلامِ حقیقی کی طرف رہنمائی نہیں کی اور حقیقت میں اس کو کفرِ حقیقی سے بھی کچھ نصیب نہیں ہوا۔ لہذا اس نے صرف علم وتقلید کی وجہ سے کہہ دیا اور لکھ دیا بلکہ اس کو تو اسلامِ مجازی سے بھی پورا حصہ حاصل نہیں ہوا اور وہ فلسفہ کی موشگافیوں میں اُلجھ کر رہ گیا ....امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ اس کی تکفیر کرتے ہیں اور حق یہ ہے کہ اس کے فلسفی اصول اسلام کے اصول کے مخالف ہیں ....دوسرے یہ کہ شیخ ابو سعید، عین القضاۃ کے زمانے سے بہت پہلے ہوئے ہیں وہ ان کو کیسے لکھتے ....اگر کوئی شبہ باقی رہ گیا ہو تو بوقتِ ملاقات دریافت فرمالیں۔ والسلام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۴۵﴾ ۱ے یعنی حق جل وعلا کو زبان سے یاد کرنا بے معنی آواز ہے اور آواز کے رنگ میں لکلک ہے جو ایک پرندے کا نام ہے، اور حق سبحانہ وتعالیٰ کو دل سے یاد کرنا وسوسہ کے مشابہ ہے وسواس میں سے، اور اللہ تعالیٰ کو روح سے یاد کرنا شرک کے مشابہ ہے، اور اللہ جل شانہ کو لطیفہ سے یاد کرنا بمنزلہ کفر کے ہے۔ جاننا چاہیے کہ لَقلَقہ دونوں لاموں کے زبر سے، مرغ کا لقلق کی آواز کرنا جس کو فارسی میں لکلک کہتے ہیں ۱۲

۲ے جاننا چاہیے کہ ایمان اور اچھی بات اس انداز سے ہو جو محبوب حقیقی سے باز رکھے مثلاً عُجب، خود پسندی اور تکبر کا سبب ہو پس ایسے ایمان سے بچنا ہی چاہیے، ایمان خالص اور صحیح حاصل کرنا چاہیے ۱۲

Marfat.com

۳ جب تو جان لے کہ ان ناموں کا پیش کرنا فنا و بقا سے پہلے ہے پس تو جان لے کہ الخ ۱۲

ب معلوم کرنا چاہیے کہ کونسی شرط مفقود ہے اور اس امر کی رعایت رکھنا چاہیے ۱۲

﴿صہ ۴۶﴾ ا ان کا نام فضل اللہ بن ابوالخیر ہے آپ اپنے وقت کے سلطان اہل طریقت کے جمال اور مشرف القلوب تھے، آپ کے زمانہ میں تمام مشائخ وقت آپ کے مُسَخَّر تھے۔ آپ کے مرشد شیخ ابوالفضل بن حسن السرخسی ہیں۔ شیخ ابوالخیر نے فرمایا

بیت اے جان جہان تو راہ اسلام گزین با مار سیہ نشین و با خود منشین

ترجمہ: اسلام کی روش پر جانِ جہاں قدم رکھ ڈس لے جو سانپ تجھ کو بہتر ہے اس خودی سے

حضرت شیخ نے جمعہ کی رات میں عشاء کے وقت بتاریخ ۴ شعبان ۴۴۰ھ انتقال فرمایا، آپ کی عمر ہزار ماہ (تراسی ۸۳ سال چار ماہ) تھی ۱۲ از نفحات

۲ یعنی شیخ الرئیس ابوعلی حسین بن عبداللہ المعروف ابن سیناء، ان کی وفات ۴۲۸ھ میں ہوئی ۱۲۔ کشف الظنون، ابوعلی سیناء کے باپ بلخ کے معززین اور حکام میں سے تھے، آپ نوح بن منصور کے دور میں بخارا شہر میں آئے، بوعلی سینا وہیں پیدا ہوئے ۳۷۰ھ ہجری میں، ۱۲ سال کی عمر میں اکثر علوم سے بہرہ ور ہو گئے، اس کے بعد ان پر بعض مکشوف ہوئے اور شمس الدولہ کے وزیر ہوئے، مختلف علوم میں اٹھارہ کتابیں تصنیف کیں۔ اشارات، نجات، شفا، حاصل محصول اور قانون ان کی تصانیف سے ہیں ۱۲

۳ عین القضاۃ ہمدانی قدس سرہ کی کنیت ابوالفضائل اور نام عبداللہ محمد بن میاں جی ہے، عین القضاۃ ان کا لقب ہے، شیخ محمد بن حمویہ اور شیخ احمد غزالی کی صحبت اختیار کی، ان کے فضائل و کمالات ان کی تصانیف سے ظاہر ہیں، عربی اور فارسی زبانوں میں جس قدر حقائق کا کشف اور دقائق کی شرح آپ نے کی ہے کسی اور نے کم کی ہوگی، آپ سے بہت سی کرامتیں ظاہر ہوئیں مثلاً زندہ کرنا اور مارنا وغیرہ، الی آخر ما فی النفحات ۱۲

۴ وہ محمد بن محمد بن احمد امام جلیل ابو حامد طوسی غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ حجۃ الاسلام اور محجۃ الدین بہت سے علوم معقول و منقول کے جامع تھے، آپ پیر کے روز ۱۴ جمادی الآخرۃ ۵۰۵ھ طوس میں فوت ہوئے ۱۲

....

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۴۵﴾ ☆ می نماید ...... یعنی اظہار می نماید ۱۲ ...... یعنی ظاہر ہے ☆ بمصحوب ...... بدست ۱۲ ...... ہاتھ میں ۱۲ ☆ نوشتہ بودند ...... مکتوب الیہ ۱۲ ...... جس کو خط لکھا گیا ہے ۱۲ ☆ یک عدو ...... دریکدم ۱۲ ...... جلدی، فوراً ۱۲ ☆ مدامت ...... ہیشگی ...... ہمیشہ ۱۲ ☆ از شرائط ...... ذکر ۱۲ ...... ایک شرط ذکر ہے ۱۲ ☆ مفقود ...... بسبب فقدان آن ۱۲ ...... اس کے مفقود ہونے کی وجہ سے ۱۲ ☆ بالمشافہ ...... روبرو ۱۲ ...... آمنے سامنے ۱۲ ☆ انشاء اللہ تعالیٰ ...... از شما این فقیر ۱۲ ...... یہ فقیر تم سے ۱۲ ☆ استفسار نمودہ ...... مکتوب الیہ ۱۲ ...... جس کو مکتوب لکھا گیا ہے ۱۲ ☆ کارِ خود را ...... کہ بسلوک تعلق داشت ۱۲ ...... جو سلوک سے تعلق رکھتا ہے ۱۲ ☆ بدانند کہ ...... جواب استفسار ۱۲ ...... سوال کا جواب ۱۲ ☆ چون ذکر ...... شرط ۱۲ ...... یہ شرط ہے ۱۲

☆ لازم ...... جزا ۱۲ ...... یہ جزا ہے ۱۲ ☆ مُنبی ...... اسم فاعل از انباء یعنی خبر دہندہ ۱۲ ...... خبر دینے والا ۱۲ ☆ مقصود ...... معطوف است بر شرط یا حال است ۱۲ ...... شرط پر معطوف ہے یا حال ہے ۱۲ ☆ چہ زشت ...... یعنی ہر دو برابراند تفاوت ندارد ۱۲ ...... یعنی دونوں برابر ہیں کوئی فرق نہیں رکھتے ۱۲ ☆ اما ذکر ...... دفع توہم است ۱۲ ...... وہم کا دور کرنا ۱۲

Marfat.com

☆ عروض ......لحوق ۱۲...... لاحق ہونا، ملنا ۱۲ ☆ اسامی ...... نامہا ۱۲ ...... ان کے نام ۱۲ ☆ پیش ...... قبل ۱۲ ...... پہلے ۱۲

☆ خفائے ...... پوشیدگی ۱۲ ...... پوشیدہ ہونا ۱۲ ☆ حضور ...... روبرو ۱۲ ...... آمنے سامنے ۱۲ ☆ تمامی کار ...... سلوک و بعد از حصول بقا ۱۲ ...... سلوک اور بقا کے حصول کے بعد ۱۲ ☆ کتابت ...... تحریر ۱۲ ...... لکھا ہوا ☆ نوشہ بودند ...... مکتوب الیہ ۱۲ ...... جسکو خط تحریر ہوا ہے ۱۲ ☆ بمقصود ...... مطلوب حقیقی حق جل وعلا ۱۲ ☆ درائی ...... یعنی داخل شوی ۱۲ ...... یعنی تو داخل ہو ۱۲

☆ برائی ...... یعنی بیرون شوی ۱۲ ...... یعنی تو باہر آ ۱۲ ☆ حاصل شد ...... عبادت لکھ سال ۱۲ ☆ می فہمید ...... شما ۱۲ ...... آپ ۱۲

☆ باید دانست ...... جواب استفسار دوئم ۱۲ ...... دوسرے سوال کا جواب ہے ۱۲ ☆ رفع اثنینیۃ ...... دور کردن دوئی ۱۲ ...... دوئی کو دور کرنا ۱۲ ☆ استتار ...... پوشید شدن ۱۲ ...... پوشیدہ ہونا ۱۲ ☆ منقصت ...... نقصان ۱۲ ☆ از ...... بلکہ ۱۲ ...... بلکہ ۱۲ ☆ اصول ...... قواعد ۱۲ ...... قاعدے، ضابطے ۱۲ ☆ خرخشہائے ...... مجاذلہائے بے موقع وبیکار ۱۲ ...... بے موقع اور بیکار جھگڑا ۱۲ ☆ مقدم ...... بزمان ۱۲ ...... زمانے کے لحاظ سے مقدم ۱۲ ☆ شائبہ ...... آمیزش وآلودگی ۱۲ ...... ملاوٹ اور آلودگی ۱۲

☆ اشتباہ ...... اندرین باب ۱۲ ...... اس بارے میں شبہ ۱۲ ☆ حضور ...... روبرو ۱۲ ...... سامنے ۱۲ ☆ استفسار ...... از ما ۱۲ ...... ہم سے سوال ۱۲

....

دوسو چھیالیسواں مکتوب (۲۴۶)

میر محمد نعمان کی طرف صادر فرمایا ...... اس مقام کے حاصل ہونے کے بارے میں جو کمال وتکمیل کے مراتب میں متوقع اور مترصد (امیدوار) ہے، اور اس بے توفیقی کی وجہ کے بیان میں جو بعض اوقات طاری ہو جاتی ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهِ الطَّاهِرِيْنَ وَعَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ (شروع اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے، اور تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لئے ہیں۔ اور حضرت سید المرسلین اور آپ کی پاک اولاد اور اصحاب پر صلوۃ وسلام ہو) ...... آپ کے مکتوبات گرامی پے در پے صادر ہوئے، اور بہت زیادہ خوشی حاصل ہوئی۔ کوئی قاصد ان اطراف کی طرف جانے والا نہ ملا اس لئے ہر ایک کا جواب نہ لکھ سکا امید ہے کہ معذور سمجھیں گے ...... آپ نے میر داد کے ہمراہ جو مکتوب ارسال کیا تھا اس کے پہنچنے کے بعد ایک روز صبح کی نماز کے بعد دوستوں کے حلقہ میں بیٹھا ہوا تھا کہ ارادۃً یا بے ارادہ آپ کی جانب توجہ پیدا ہوگئی اور بقایا آثار جو آپ میں نظر آتے تھے ان کو دور کرنے کے درپے ہوا، اور وہ ظلمتیں اور کدورتیں جو محسوس ہو رہی تھیں ان کے دفع کرنے میں کوشش کرنے لگا یہانتک کہ آپ کے کمال کا ہلال بدر کامل بن گیا اور جو کچھ آفتاب ہدایت میں امانت رکھا تھا وہ سب کا سب اس بدر میں منعکس ہوا، یہانتک کہ کمال کی جانب میں کچھ باقی نہ رہا کہ جس کی توقع یا انتظار کیا جائے۔ اِلَّا اَنْ يَّتَّسِعَ الظَّرْفُ بَعْدَ ذٰلِكَ وَيَاْخُذَ بِقَدْرِ وُسْعَتِهٖ شَيْئًا فَشَيْئًا (سوائے اس کے کہ

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ چوتھا حصہ

Marfat.com

ظرف وسیع ہو جائے اور اس کے بعد اپنی وسعت کے موافق تھوڑا تھوڑا کر کے حاصل کر لے) ....اور بہت دیر تک اس معنیٰ کی مثالی صورت نظر میں رہی یہانتک کہ وہ یقین جو صدق کا مصداق ہے حاصل ہوا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ سُبْحَانَہٗ عَلٰی ذٰلِکَ (اس پر اللہ سبحانہٗ کا شکر ہے)

اس دولت کا حصول اس واقعہ کی تاویل ہے جو آپ نے دیکھا تھا اور جس کے حاصل ہونے کے لئے آپ بڑے مبالغہ اور تاکید کے ساتھ سوال کرتے تھے۔لِلّٰہِ الْحَمْدُ سُبْحَانَہٗ وَالْمِنَّۃُ (اللہ سبحانہٗ کی حمد اور احسان ہے) کہ آپ کا قرض پورا پورا ادا ہو گیا۔وعدہ وفا اور ایفائے عہد ہوا۔امید ہے کہ اس کمال کے اندازے کے مطابق تکمیل حاصل ہوگی،اور اس علاقہ کے دشت وصحرا آپ کے وجود شریف سے منور ہوں گے۔

آپ نے اپنی بے توفیقی کے متعلق تحریر کیا تھا اس کا ظاہری سبب قبض کی زیادتی ہے۔اور چونکہ آپ کا قبض عرصہ تک رہتا ہے لہذا اس کا اثر اور نتیجہ بھی اس کی طوالت کی وجہ سے زیادہ ہوتا ہے (لہذا اس کا خیال نہ کریں) اور اپنے آپ کو تکلف کے ساتھ اعمال و عبادت کے ادا کرنے میں مشغول رکھیں اور اسی طرح عمل پیرا رہیں .... دوسرے اس سال بہت علوم بلند اور معارف ارجمند ظہور میں آئے ہیں،ان میں سے دو مسودے اخوند مولانا محمد امین اپنے ہمراہ لے گئے ہیں ان میں ایک کا مسودہ ہمارے حضرت خواجہ (باقی باللہ) قدس سرہٗ کی بعض رباعیات کی شرح کے حل میں ہے جو فیروز آباد کے دوستوں کی قراءت کے وقت تحریر ہوئی تھیں،اس رسالہ میں توحید آمیز علوم ان رباعیات کی تقریب کے سلسلہ میں درج ہوئے ہیں،اور علماء اور ان صوفیہ کے درمیان جو کہ وحدت الوجود کے قائل ہیں مطابقت پیدا کی ہے،اور وہ اس طرز پر تحریر ہوئے ہیں کہ فریقین کا نزاع لفظی رہ جاتا ہے۔

........اور دوسرا مسودہ وہ مکتوب ہے جو فرزندی وارشدی کے نام بہت بسط وتفصیل کے ساتھ تحریر کیا گیا ہے اس کے مطالعہ کے وقت آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ یہ علوم کس درجہ بلند ہیں۔اگر ان میں کوئی بات شبہ والی ہو تو دریافت کر لیں۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۴۷﴾ ۱ یعنی مگر جس وقت ظرف وسیع ہو جائے اور اس کے بعد اپنی وسعت کے مطابق تھوڑا تھوڑا کر کے حاصل کر لے ۱۲

ب اور اس تطبیق کو مکتوب نمبر ۴۴ جلد ثانی میں بھی بیان فرمایا ہے وہاں رجوع کیا جائے ۱۲

....

☆متن ...... بین السطور ......معانی

﴿صہ ۴۶﴾ ☆صحائف ......مکاتیب ۱۲......مکتوبات ۱۲ ☆بتواتر ......پے درپے ۱۲ ......مسلسل ۱۲ ☆بامداد ......فجر ۱۲......نماز فجر ۱۲

☆بے خواست ......بے قصد ۱۲......بے ارادہ ۱۲ ☆صدد ......درپے ۱۲......متوجہ ۱۲ ☆رفع ......دور کردن ۱۲......دور کرنا

☆بخواست ......بقصد ۱۲......ارادے سے ۱۲ ☆بنظر ......درشما ۱۲......تمہاری نظر میں ۱۲ ☆کہ محسوس ......درشما ۱۲

Marfat.com

.......تمہارے اندر محسوس ہوا۱۲ ☆ ہلال ...... پہلے حرف کے نیچے زیر ہے، نیا چاند تیسری رات تک ہلال کہلاتا ہے، یہ ھلل سے ماخوذ ہے جس کے معنی کمی اور کمزوری کے ہوتے ہیں ۱۲ غ ☆ بدر ...... با پر زبر اور دال پر جزم ہے، پورا چاند کیونکہ سورج غروب ہونے کے بعد خود جلدی طلوع ہو جاتا ہے خلاف اور شکلوں کے (یعنی چاند پورا نہیں ہوتا تو وہ دیر سے طلوع ہوتا ہے) ۱۲ ﴿ص ۴۷﴾ ☆ متوقع ...... امید کردہ شدہ ۱۲ ...... امید کیا ہوا ۱۲ (جس کی امید رکھی جائے) ☆ منتظر ے ...... انتظار کردہ شدہ ۱۲ ...... جس کا انتظار کیا جائے ۱۲ ☆ مصداق ...... دلیل ۱۲ ☆ صدق ...... راستی ۱۲ ...... سچائی، درستی ۱۲ ☆ مسأ لہ ...... سوال ۱۲ ☆ وام ...... قرض ۱۲ ☆ مُنجَّر ...... وفا کردہ شدہ ۱۲ ...... وفا کیا ہوا ۱۲ ☆ مُفرِط ...... از حد گزرندہ ۲ ...... حد سے گذرا ہوا ۱۲ ☆ طویل ...... دراز ۱۲ ...... لمبا ۱۲ ☆ مُسبَّب ...... اثر و نتیجہ ۱۲ ☆ اَرجمند ...... بروزن نقشبند بمعنی گرامی قدر و عزیز ۱۲ ...... نقشبند کے وزن پر ہے گرامی قدر اور پیارے کے معنی میں ۱۲ ☆ علماء ...... کہ وحدت وجود قائل نیند ۱۲ ...... جو وحدت وجود کے قائل نہیں ہیں ۱۲ ☆ صوفیہ ...... صفتِ صوفیہ ۱۲ ...... صوفیہ کا نظریہ ۱۲ ☆ نزاع ...... باہم کشاکش کردن ۱۲ ...... ایک دوسرے سے جھگڑا کرنا ۱۲ ☆ راجع گشتہ ...... و در معنی ہیچ نزاع نماندہ ۱۲ ...... جس معنی میں کوئی جھگڑا نہ ہوا ۱۲

....

دوسوسینتالیسواں مکتوب ﴿۲۴۷﴾

عرفان پناہ میرزا حسام الدین احمد کی طرف صادر فرمایا ...... اس بیان میں کہ حق تعالیٰ و تقدس کے وجود مقدس پر اس کا اپنا وجود حق جل سلطانہٗ ہی دلیل ہے نہ کہ اس کے علاوہ اور اس کے مناسب بیان میں۔

عَرَفْتُ رَبِّی بِفَسْخِ الْعَزَائِمِ لَا بَلْ عَرَفْتُ فَسْخَ الْعَزَائِمِ بِرَبِّی (میں نے اپنے پروردگار کو اپنے مستحکم ارادوں کے ٹوٹنے سے پہچانا، نہیں بلکہ ارادوں کے ٹوٹنے کو اپنے پروردگار جل وعلا کے ساتھ پہچان لیا ہے) کیونکہ وہ سبحانہٗ و تعالیٰ اپنے ماسویٰ پر دلیل ہے نہ کہ غیر اللہ اس سبحانہٗ پر دلیل ہے اس لئے کہ دلیل اپنے مدلول سے اظہر ہوتی ہے اور اس سبحانہٗ و تعالیٰ سے زیادہ اور کونسی چیز اظہر ہے۔ کیونکہ تمام اشیاء اس کے ساتھ اور اسی سے ظاہر ہوئی ہیں لہذا وہ سبحانہٗ و تعالیٰ اپنی ذات پر اور اپنے ماسویٰ پر دلیل ہے۔ پس لازماً عَرَفْتُ رَبِّی بِرَبِّی وَعَرَفْتُ الْاَشْیَآءَ بِهٖ تَعَالٰی (میں نے اپنے رب کو اپنے رب ہی کے ذریعہ پہچانا اور اشیاء کو اس سبحانہٗ و تعالیٰ کے ساتھ پہچانا) ...... لہذا برہان اس جگہ ''لمی'' ہے (معلوم پر علت کے اثر کے ساتھ) اور اکثر کے گمان میں ''اِنّی'' ہے اور تفاوت نظر کے تفاوت سے ہے اور اختلاف بلحاظ منظر کے اختلاف کے ہے، بلکہ وہاں استدلال و برہان کی مجال نہیں ہے۔ کیونکہ اس سبحانہٗ و تعالیٰ کے وجود میں کوئی پوشیدگی نہیں ہے اور اس کے ظہور میں کوئی شک و تردد نہیں ہے اور تمام بدیہیات (جانی بوجھی پیش نظر چیزوں) سے زیادہ ظاہر اور روشن ہے۔ اور یہ بات سوائے اس شخص کے کسی پر پوشیدہ نہیں جس کے دل میں مرض اور آنکھوں پر پردہ ہو۔ حالانکہ تمام اشیاء ظاہری حواس سے محسوس ہیں اور وضاحت کے ساتھ معلوم ہیں کہ ان سب کا وجود حق تعالیٰ و تقدس کی طرف

Marfat.com

سے ہے لیکن بعض لوگوں کو اس کا علم حاصل نہ ہونا کسی بیماری کے عارض ہونے کی وجہ سے ہے جو اصل مطلوب میں مضر نہیں ہے۔ وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَعَلٰى سَائِرِ مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى وَالْتَزَمَ مُتَابَعَةَ الْمُصْطَفٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهِ الصَّلَوَاتُ وَالتَّسْلِيمَاتُ اَتَمُّهَا وَاَكْمَلُهَا (اور سلام ہو آپ پر اور تمام لوگوں پر جنہوں نے ہدایت کی پیروی کی اور حضرت محمد مصطفٰی علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات اتمہا واکملہا کی متابعت کو اپنے اوپر لازم جانا)

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۴۸﴾ ۱ کیونکہ اللہ تعالیٰ ہی مطلق علت وسبب ہے ۱۲

ب ترجمہ از مصحح ۱۲ ترجمہ مصحح کی طرف سے ہے ۱۲

۲ کیونکہ وہی ہر چیز کی ابتدا کرنے والا ہے ۱۲

۳ یعنی بعض اعتبار سے جیسے صفات اور شیونات ۱۲

۴ یعنی اسکی ذات مجرد، بحت اور خاص اطلاق اور اجمال کے درجہ میں ۱۲

ب مثنوی

آفتاب آمد دلیل آفتاب! گر دلیلت باید از وے رو متاب

از وے ار سایہ نشانے میدہد شمس ہر دم نور جانے میدہد

ترجمہ: آفتاب کی دلیل (خود) آفتاب ہی ہے اگر تجھ کو دلیل چاہیے تو اس کی طرف سے رخ نہ پھیر

اس (فلکی سورج) سے اگر سایہ نشان دیتا ہے تو آفتابِ حق ہر وقت جان کا نور بخشتا ہے ۱۲

ب برہان، یہ ترتیب شدہ قیاس ہوتا ہے ان چھ معروف یقینیات میں سے کسی ایک سے، یہ ارباب عقول کے نزدیک ہے ۱۲

....

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

☆ عرفان ...... معرفت ۱۲ ☆ بوے ...... یعنی بایجاد و اظہار او عز وجل ۱۲ ...... یعنی اللہ تعالیٰ کی ایجاد اور ظاہر کرنے سے ۱۲

☆ لا جرم ...... صدق ہذا المقول ۱۲ ...... یہ مقولہ حق ہے ۱۲ ☆ لِمِّی ...... ہو ما كان الاوسط فيه مع عليته للنتيجة فى الذهن علة لها فى نفس الامر ۱۲ ...... برہان لمی یہ ہے کہ علت سے معلول کی طرف دلیل پکڑیں ۱۲

☆ اِنّی ...... ہو عالم يكن الاوسط فيه علة للنسبة فى نفس الامر ۱۲ ...... برہان انی یہ ہے کہ معلول سے علت کی طرف دلیل پکڑیں ۱۲

﴿صہ ۴۸﴾ ☆ باختلاف ...... اہل معرفت ۱۲ ...... اہل معرفت کے اختلاف سے ۱۲ ☆ محل نظر وفکر ...... در معرفت ۱۲ ...... معرفت میں ۱۲

☆ خفائے ...... پوشیدگی ۱۲ ...... پوشیدہ ہونا ۱۲ ☆ علت قلبی ...... بیماری دل ۱۲ ...... دل کی بیماری ۱۲ ☆ غشاوہ ...... پردہ چشم ۱۲ ...... آنکھ کا پردہ ۱۲ ☆ عدم ...... مبتدا ۱۲ ...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ مرض ...... بدیہی است ۱۲ ...... ظاہر ہے ۱۲ ☆ مخل ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے ۱۲

Marfat.com

دوسو اڑتالیسواں مکتوب ﴿۲۴۸﴾

یہ مکتوب بھی عالی جناب میرزا حسام الدین احمد کی طرف صادر فرمایا......... اس بیان میں کہ انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کی مکمل تابعداری کرنے والوں کو ان کے تمام کمالات سے بطریق تابعداری کچھ نہ کچھ حصہ ملتا ہے۔ اوراس بیان میں کہ کوئی ولی کسی نبی کے مرتبہ پر نہیں پہنچ سکتا۔ اوراس بات کی تحقیق میں کہ آں سرور علیہ الصلوۃ والسلام کے لئے جو تجلی (ذاتی مخصوص ہے اس کے کیا معنی ہیں اوراس کے مناسب بیان میں)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدٰنَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِیَ لَوْلَاۤ اَنْ هَدٰنَا اللّٰهُ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ (اعراف ۷، آیت ۴۳) (اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے ہم کو اس طرف ہدایت کی اگر وہ ہم کو ہدایت نہ کرتا تو ہم ہرگز ہدایت نہ پاتے بے شک ہمارے رب کے رسول حق بات لے کر آئے ہیں) صَلَوَاتُ اللّٰهِ تَعَالٰی وَتَسْلِیْمَاتُهٗ سُبْحَانَهٗ عَلَیْهِمْ وَعَلٰی اَتْبَاعِهِمْ وَاَنْصَارِهِمْ وَاَعْوَانِهِمْ وَخَزَنَةِ اَسْرَارِهِمْ (ان پر اوران کے تابعداروں پر اوران کے انصار اوران کے مددگاروں اوران کے اسرار کے محافظوں پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے صلوٰۃ وسلام ہو)........... انبیا علیہم الصلوات والتسلیمات کے کامل متبعین کمال متابعت وفرطِ محبت کے باعث بلکہ محض (اللہ تعالیٰ کی) عنایت وبخشش کی وجہ سے اپنے متبوعہ (اتباع کردہ) انبیا کے تمام کمالات کو جذب کر لیتے ہیں بلکہ ان کے رنگ میں پورے طور پر رنگے جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ متبوعان (جن انبیا کی پیروی کی گئی) اور متابعان (اتباع کرنے والے اولیا) کے درمیان اصالت وتبعیت اور اولیت وآخریت کے علاوہ کچھ فرق نہیں رہتا۔ باوجود اس امر کے کوئی تابع (اتباع کرنے والا) خواہ وہ افضل الرسل (ﷺ) کے تابعداروں ہی میں سے ہو کسی نبی کے مرتبہ کو نہیں پہنچتا اگر چہ وہ نبیوں میں سب سے کم درجہ نبی ہو.......... یہی وجہ ہے کہ حضرت صدیق رضی اللہ عنہ جو کہ انبیاؑ کے بعد تمام انسانوں میں سب سے افضل ہیں ان کا سر ہمیشہ اس پیغمبر کے زیر قدم ہوگا جو تمام پیغمبروں سے کم درجہ ہے.......... اس کا سبب یہ ہے کہ تمام انبیاء اوران کے ارباب کے تعینات کے مبادی مقامِ اصل سے ہیں اور تمام اعلیٰ واسفل امتوں اور ان کے ارباب کے مبادی تعینات اس اصل کے ظلال کے مقامات سے اپنے اپنے درجے کے موافق ہیں۔ پس اصل اور ظل کے درمیان مساوات کس طرح ہو سکتی ہے.......... اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے: وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِیْنَ ☆ اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ ☆ وَاِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ☆ (صافات ۳۷، آیت ۱۷۱ تا ۱۷۳) (اور بے شک ہمارے مرسلین بندوں کے لئے ہمارا قول پہلے ہی سے طے شدہ ہے کہ یقیناً وہی غالب رہیں گے اور یقیناً ہمارا لشکر ہی غالب رہے گا)

اور یہ جو کہتے ہیں کہ تجلیٔ ذات تعالیٰ وتقدس انبیا کے درمیان حضرت خاتم الرسل علیہ وعلیہم الصلوات والتحیات کے لئے مخصوص ہے اور آں سرور ﷺ کے کامل تابعداروں کو بھی اس تجلی سے حصہ حاصل ہے۔ اس کے

Marfat.com

معنی یہ نہیں ہیں کہ دوسرے انبیا کو تجلی ذات کا حصہ حاصل نہیں ہے اور تابعداری کی وجہ سے ان کے کاملوں کو نصیب ہے، حاشا وکلا (ہرگز ایسا نہیں ہے) کہ کوئی اس سے یہ مطلب تصور کرے کیونکہ اس میں اولیاء کی انبیاءؑ پر فوقیت ہوتی ہے.......... بلکہ آں سرور علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات پر اس تجلی کے مخصوص ہونے کے یہ معنی ہیں کہ دوسروں کو اس تجلی کا حاصل ہونا آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے طفیل اور تبعیت (اتباع) کی وجہ سے ہے، اور انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام کو بھی اس تجلی کا حصول آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے طفیل سے ہے۔ اور اس امت کے کامل اولیا کو بھی آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پیروی کی وجہ سے حاصل ہے۔ انبیا اس نعمت عظمیٰ کے دسترخوان پر آپ علیہ الصلوات والتحیات کے طفیلی وہمنشین ہیں اور اولیا (آنحضرت ﷺ کے) خادم، پس خوردہ کھانے والے اور ہمنشین وطفیلی اور خادم پس خوردہ کھانے والے کے درمیان بہت فرق ہے۔ اس مقام میں قدم کو لغزش ہو جاتی ہے۔

اس تحقیق میں اور اس شبہ کے دور کرنے کے سلسلہ میں اس فقیر نے اپنے مکتوبات و رسائل میں متعدد توجیہات کا ذکر کیا ہے اور حق وہی ہے جو میں نے اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کے فضل وکرم سے ان مسودوں (مکتوبات) میں تحقیق کی ہے۔

آپ کو معلوم ہو گیا ہوگا کہ اگرچہ تمام انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کو آں سرور علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کے طفیل اس تجلی سے حصہ وافر نصیب ہے، لیکن معلوم ہوتا ہے کہ ولایت خاصہ نے ان کی امتوں کے اولیا میں سرایت نہیں کی اور نہ اس تجلی سے ان کو کوئی حصہ ملا۔ کیونکہ جب ان کے اصول میں یہ دولت طفیلی اور عکسی طور پر ہو تو فروع میں عکس کے عکس کو کیا حاصل ہو سکتی ہے چنانچہ اس معنی کا مصداق کشفِ صریح ہے، استدلال عقلی پر مبنی نہیں.......... اور جو کچھ اس سے پیشتر ذکر کیا گیا کہ کامل پیروی کرنے والے کمال متابعت کے سبب اپنے متبوعوں کے پورے پورے کمالات جذب کر لیتے ہیں۔ ان کمالات سے مراد متبوعوں کے اصلی کمالات ہیں نہ کہ مطلقاً، تاکہ تعارض پیدا نہ ہو۔ بلکہ یہ لوگ اپنے انبیاء میں سے ہر ایک نبی کی ولایت مخصوصہ سے بہرہ ور ہوئے ہیں، اور چونکہ سب امتوں کے درمیان یہی امت پیروی کے باعث اس تجلی (ذاتی) سے مخصوص ہے۔ اور اس دولتِ عظمیٰ سے مشرف ہے لہٰذا (یہ امت) خیر الامم ہو گئی، اور اس امت کے علماء بنی اسرائیل کے انبیا کے رنگ میں ہو گئے.......... ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ط (جمعہ ۱۲، آیت ۴) (یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جس کو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے)

(یہ فقیر) چاہتا تھا کہ اس ولایتِ خاصہ کی خصوصیات اور فضائل میں سے کچھ تحریر کرے لیکن وقت کی تنگی نے موافقت نہ کی اور کاغذ بھی کوتاہ ہو گیا.......... اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کی عنایت سے علوم و معارف "بارانِ نیساں" کی طرح برس رہے ہیں اور عجیب وغریب اسرار پر اطلاع بخش رہے ہیں۔ اس راز کے محرم اپنی اپنی استعداد کے موافق میرے فرزندانِ گرامی ہیں، کیونکہ دوسرے دوست چند روز حضور میں ہیں اور چند روز غیبت میں۔ اسی وجہ سے کہا گیا ہے کہ ہر چند ولی، ولی کامل ہو لیکن صحابی کے مرتبہ کو نہیں پہنچتا.......... آپ کی خدمت میں حاضر ہونے

Marfat.com

کا شوق حد سے بڑھ گیا ہے ، جو صحیفہ گرامی اس فقیر کے نام تحریر فرمایا تھا اس کے پہنچنے سے مشرف ہوا.......... دید قصور (اعمال کی کوتاہی کو نظر میں رکھنا) بہت بڑی نعمت ہے۔ لیکن تمام احوال میں میانہ روی بہت بہتر ہے۔ افراط، تفریط کی طرح حدِ اعتدال سے باہر ہے............ وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَعَلٰی سَائِرِ مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى وَالْتَزَمَ مُتَابَعَةَ الْمُصْطَفٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهِ الصَّلَوَاتُ وَالتَّسْلِيمَاتُ (اور سلام ہو آپ پر اور ان سب پر جو ہدایت کی پیروی کریں اور حضرت محمد مصطفٰی علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کی متابعت اپنے اوپر لازم کرلے)

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۴۹﴾ ۱ یعنی تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جس نے ہم کو اس طرف ہدایت دی، اگر وہ ہم کو ہدایت نہ دیتا تو ہم ہرگز ہدایت نہ پاتے، بے شک ہمارے رب کے رسول حق بات لے کر آئے ہیں۔ ان پر اور ان کے تابعداروں پر اور ان کے انصار اور ان کے مددگاروں اور ان کے اسرار کے محافظوں پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے صلاتیں اور بہت سلام ہو۔ جاننا چاہیے کہ شیخ مجدد کا قول اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ سے بِالْحَقِّ تک ایک آیت سے اقتباس ہے جو سورہ اعراف (آیت ۴۳) پارہ آٹھ میں واقع ہے۱۲

۲ یعنی متبوعان (جن انبیاء کی پیروی کی گئی) ان کمالات کے ساتھ اصلی طور پر اور اولیت کے طور پر متصف ہوئے اور تابعان (اتباع کرنے والے اولیاء) تبعی اور ثانوی طور بہرہ ور ہوئے۱۲

۳ یعنی اور بے شک ہمارے مرسلین بندوں کے لئے ہمارا قول پہلے ہی سے طے شدہ ہے کہ یقیناً وہی غالب رہیں گے اور یقیناً ہمارا لشکر ہی غالب رہے گا۔ یہ آیات سورہ والصافات (آیت نمبر ۱۷۱ تا ۱۷۳) پارہ ۲۳ میں واقع ہیں۱۲

۔ یعنی پس اصل اور فرع کے درمیان فرق حدِ امکان سے خارج ہے۱۲

۔ میم پر زبر اور ہا کے نیچے زیر ہے اور با پر زبر ہے، یعنی بخشش۱۲

﴿صہ ۵۰﴾ ۱ قولہ وآنکہ گفتہ اند، سوال مقدر کا جواب ہے، اسکی تقریر ہے جب تجلی ذاتی حضور سرور ﷺ کے لئے مخصوص ہے اور ان کے کامل تبعین کے لئے بھی اس سے کچھ حصہ ہے، پس آں سرور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے تبعین کو ایک امتیاز لازم آیا دوسرے انبیاء علیہم الصلوٰت والتسلیمات پر، اور آپ نے پہلے کہا ہے کہ کوئی تابع کسی نبی کے مرتبہ کو نہیں پہنچا۔ اس کا جواب حضور ﷺ کے تجلی ذاتی سے مخصوص ہونے کی مراد واضح ہونے پر مبنی ہے۱۲

۲ یعنی خدا کی پناہ اس سے کہ یہ معنی خیال میں آئے ہوں اور ممکن جانا ہو، کیونکہ اس معنی میں اولیاء کی فضیلت ہے انبیاء پر جو متفقہ عقیدے کے خلاف ہے۱۲

۳ تابعی اور طفیلی کے درمیان فرق ہے۱۲

۴ قولہ اُلش، پہلے دونوں حرفوں پر پیش ہے، وہ کھانا جو امرا کے سامنے سے بچا ہوا نوکروں کو دیتے ہیں، یہ ترکی زبان کا لفظ ہے کبھی ترکی رسم الخط کے مطابق اُلوش واو زیادہ کر کے لکھتے ہیں، لیکن اس واو کو پڑھنا غلط ہے۱۲غ

۵ یعنی سالکوں کے پاؤں پھسلنے کی جگہیں ہیں، اس جگہ ثابت قدم رہنا چاہیے اور غور و فکر سے کام لینا چاہے۱۲

۶ کیا عقل کے نزدیک جائز ہے، ممکن ہے وہ تجلی عکس العکس کے طریقہ پر ہو بلکہ عکس عکسِ العکس کے طریقہ پر آگے چلتے جاؤ۱۲

۷ پس انبیاء کے تبعین اس تجلی ذاتی کو بھی جذب کرتے ہوں اور آپ نے اس جذب کی نفی کی ہے پس تناقض پیدا ہوگیا۔

Marfat.com

حضرت شیخ قدس سرہٗ نے فرمایا کہ مراد از ان الخ......۱۲

قولہ نیسان، نون پر زبر ہے اور سین بغیر نقطہ، رومیوں کے مہینوں میں سے ساتویں مہینے کا نام ہے اور اس پورے مہینہ میں آفتاب برج حمل میں رہتا ہے اور اس بارش کے قطروں سے سیپ میں مروارید پیدا ہوتا ہے اور اس مہینے کی بارش کو بھی مجازی طور پر نیساں کہتے ہیں ۱۲

یعنی ولایت محمدی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام ۱۲

....

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ۴۹﴾ ☆ تبعیت......فرعیت ۱۲......شعبہ وشاخ ہونا ۱۲ ☆ کُمّل تابعان......مبتدا ۱۲......یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ فرط......زیادت ۱۲......زیادہ ہونا ۱۲ ☆ جذب......خبر ۱۲......یہ خبر ہے ۱۲ ☆ منصبغ......رنگین ۱۲......رنگدار ☆ متبوعان......انبیاء ۱۲......انبیاء ☆ تابعان......اولیاء ۱۲......اولیاء ☆ اَفضلُ الرُّسل......محمد ﷺ ☆ ادون......پایان تر ۱۲......سب سے نیچے ۱۲ ☆ صدیق......ابوبکر ۱۲ ☆ مبادی......از اسماؤ صفات ۱۲......ناموں اور صفات سے ۱۲ ☆ اعالی واسافل......بیان امتان ۱۲......امتوں کا بیان ۱۲

﴿صہ ۵۰﴾ ☆ وآنکہ......مبتدا ۱۲......یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ بخاتم الرسل......محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام ۱۲ ☆ نہ بآن معنی......خبر ۱۲......یہ خبر ہے ۱۲ ☆ بطفیل......اجمال ۱۲......یہ اجمال ہے ۱۲ ☆ انبیا......تفصیل است ما قبل خود را ۱۲......اپنے سے پہلے کی تفصیل ہے ۱۲ ☆ جلیس......ہمنشین ۱۲......پاس بیٹھنے والا ۱۲ ☆ وُجوہِ شتّی......توجہات متعددہ ۱۲......چند توجہات ۱۲ ☆ والحق......وحق آن ست کہ تحقیق نمودہ ام اندریں مکتوب ۱۲......حق وہ ہے جو ہم نے اس مکتوب میں تحقیق سے بیان کیا ہے ۱۲

☆ معلوم شریف......بیان فائدہ جدیدہ است ورفع اشتباہ ۱۲......نئے فائدے کا بیان ہے اور شبہ کا رفع کرنا ہے ۱۲ ☆ تجلی......ذاتی ۲ تجلی ذاتی ۱۲ ☆ ایشان......انبیاء دیگر ۱۲......دوسرے انبیاء ۱۲ ☆ اصول......انبیاء ۱۲ ☆ اینہا......امتان ۱۲......ان امتوں کے ۱۲ ☆ مصداق......مدار ومبنی ۱۲......بنیاد واصل ۱۲ ☆ نہ استدلال عقلی......جواب از سوال مقدر ۱۲......پوشیدہ سوال کا جواب ۱۲ ☆ مطلقاً......اعم از اصلیہ وفرعیہ ۱۲......اصلیت اور فرعیت سے عام ۱۲ ☆ خیر الامم......قال اللّٰہ تعالیٰ: کنتم خیر امۃ ۱۲......اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم سب سے بہتر امت ہو ۱۲ ☆ ذٰلک......قَدْ مَرَّ غَیْرَ مَرَّۃٍ ۱۲......کئی بار گذر چکا ہے ۱۲ ☆ خواست......این فقیر ۱۲......اس فقیر نے چاہا ۱۲ ☆ شمہ......اندکے ۱۲......تھوڑا سا ۱۲

☆ مساعدت......یاری کردن وموافقت نمودن ۱۲......مدد کرنا اور موافق ہونا ۱۲ ☆ انبیاء بنی اسرائیل......اشارۃ الی ما ورد عُلَمَاءُ اُمَّتِی کَاَنْبِیَاءِ بَنِی اِسْرَائِیْلَ ۱۲ یہ اشارہ ہے اسکی طرف جو وارد ہوا ہے: میری امت کے علماء بنی اسرائیل کے انبیاء کی طرح ہیں (تبلیغ احکام میں) ۱۲ ☆ محرمان......دانایان ۱۲......جاننے والے ۱۲

﴿صہ ۵۱﴾ ☆ فرزندان......مراد مخدوم زادگان کبار اند یعنی خواجہ محمد صادق وخواجہ محمد سعید وخواجہ محمد معصوم قدس اللہ تعالیٰ اسرارھم ۱۲......اس سے مراد حضرت مجدد کے بڑے صاحبزادے ہیں یعنی خواجہ محمد صادق اور خواجہ محمد سعید اور خواجہ محمد معصوم خدا تعالیٰ ان کے اسرار کو مقدس فرمائے ۱۲ ☆ گرامی اند......نہ یاران دیگر ۱۲......دوسرے احباب نہیں ۱۲ ☆ یاران......زیدا کہ

Marfat.com

۱۲...... کیونکہ ۱۲ ☆ ولی...... کامل ۱۲...... ولی کامل ۱۲ ☆ اَجَل نِعَم است ...... بزرگترین نعمائے خداوند است عزوجل ۱۲

...... اللہ عزوجل کی جلیل القدر نعمتیں ہیں ۱۲ ☆ توسُّط ...... میانہ روی ۱۲

....

دوسو اُنچاسواں مکتوب ﴿۲۴۹﴾

حضرت سید الاولین والآخرین صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت کے فضائل اور اس پر مرتبہ کمالات اور اس کے ساتھ مخصوص مراتب کے بیان میں میرزا داراب کی طرف صادر فرمایا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی (تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں اور اس کے برگزیدہ بندوں پر سلام ہو) .... آخرت کی نجات اور دائمی فلاح حضرت سید الاولین والآخرین علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات اتمہا واکملہا کی متابعت پر وابستہ ہے لہذا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت کی وجہ سے (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے برگزیدہ) حق جل سلطانہٗ کی محبوبیت کے مقام پر پہنچتے ہیں، اور آپ ﷺ ہی کی متابعت سے تجلی ذات تعالیٰ وتقدس سے مشرف ہوتے ہیں، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کی متابعت کی وجہ سے عبدیت کے مرتبہ پر جو تمام کمالات کے مراتب میں فوق ہے اور محبوبیت کے مقام کے حاصل ہونے کے بعد ہے سرفراز ہوتے ہیں، اور آپ ﷺ ہی کی کامل پیروی کرنے والوں کو بنی اسرائیل کے انبیا کے مانند فرمایا ہے ..... اور پیغمبران اولوالعزم بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت کی آرزو رکھتے تھے۔ اور اگر حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانے میں زندہ ہوتے تو ان کو بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت کے بغیر چارہ نہ ہوتا .... اور حضرت عیسیٰ روح اللہ کے نزول اور حضرت حبیب اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی متابعت کا قصہ معلوم اور مشہور ہے .... اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کی متابعت کی برکت سے خیر الامم قرار دی گئی اور ان میں کے اکثر اہلِ جنت میں سے ہیں اور کل بروز قیامت آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کی متابعت کی بدولت تمام امتوں سے پہلے بہشت میں داخل ہوں گے۔ اور وہاں کی نعمتیں حاصل کریں گے۔ اسی طرح اور اسی طرح ہوگا۔ (یہ فضائل وخصائص صرف اسی امت کے لئے مخصوص ہیں) .... پس آپ کے اوپر لازم ہے کہ آنحضرت علیہ وعلیٰ جمیع اخوانہ من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا کی متابعت اور سنت کو لازم جان کر شریعت حقہ کے احکام بجالائیں۔ دوسرے یہ کہ (یہ فقیر) شیخ اسمٰعیل کی سفارش کرتا ہے جو کہ معارف آگاہ حاجی عبدالحق کے دوستوں میں سے ہیں۔ والسلام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص ۱۵۰﴾ ل قال تعالیٰ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ الخ ۱۲ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم فرمادو کہ اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میرے فرمانبردار ہو جاؤ ۱۲

۲ اور اگر حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانہ میں زندہ ہوتے تو ان کو بھی آپ کی متابعت

Marfat.com

کے بغیر چارہ نہ ہوتا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: وَلَوْ كَانَ مُوسٰى حَيًّا مَا وَسِعَهٗ اِلَّا اِتِّبَاعِي (اور اگر موسیٰ علیہ السلام زندہ ہوتے تو ان کو میری اتباع کے بغیر چارہ نہ ہوتا) اس حدیث کو امام احمد اور امام بیہقی نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے ۱۲ مشکوٰۃ

۳ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ الخ ۱۲ (تم سب سے بہتر امت ہو) حضور ﷺ نے فرمایا: انتم تتمون سبعين امة انتم خيرها و اكرمها على الله تعالى (تم ستر امتوں کو پورا کرنے والے ہو، تم سب سے بہتر اور مکرم ہو اللہ تعالیٰ کے نزدیک) اس حدیث کو امام ترمذی اور امام ابن ماجہ نے روایت کیا ہے ۱۲ مشکوٰۃ

۴ حضور ﷺ نے فرمایا: اهل الجنة عشرون ومائة صف ثمانون منها من هذه الامة والاربعون من سائر الامم (اہل جنت کی ایک سو بیس صفیں ہوں گی، اسی ۸۰ صفیں اس امت کی اور چالیس ۴۰ صفیں اور تمام امتوں کی) اس حدیث کو امام ترمذی اور امام دارمی اور امام بیہقی نے روایت کیا ہے ۱۲ مشکوٰۃ

ـ حضور ﷺ نے فرمایا: نحن الاخرون ونحن السابقون يوم القيامة (ہم آخری ہیں اور ہم ہی اولین ہوں گے قیامت کے دن) اس حدیث کو امام دارمی نے روایت کیا ہے ۱۲ مشکوٰۃ

ـ یہ کنایہ ہے اس امت کے فضائل و خصائص کی طرف جو پہلے گذر چکے ہیں ان کے علاوہ سے ۱۲

....

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۵۱﴾ ☆ تجلی ذات ...... کہ مخصوص است باں سرور ۱۲ ...... وہ تجلی ذات جو آں سرور ﷺ کے ساتھ مخصوص ہے ۱۲ ☆ مَشْهُورَةٌ ...... فلا حاجة الى التصريح بها ۱۲ ...... مشہور و معلوم ہونے کی وجہ سے تصریح کرنیکی ضرورت نہیں ۱۲

....

دوسو پچاسواں مکتوب ﴿۲۵۰﴾

ملا احمد برکی کی طرف بعض سوالات کے حل میں صادر فرمایا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط حمد و صلوٰۃ اور تبلیغ دعوات کے بعد واضح ہو کہ اس طرف کے فقراء کے احوال و اوضاع شکر کے لائق ہیں اور آپ کی عافیت اللہ سبحانہٗ سے مطلوب ہے ...... مکتوب گرامی موصول ہوا۔ آپ نے تحریر کیا ہے کہ وہ ذوق و فرحت جو پہلے حاصل تھی اب اپنے اندر نہیں پاتا اور اس کو اپنا تنزل جانتا ہے ...... میرے بھائی کو معلوم ہو کہ پہلی حالت کا تعلق اہل وجد و سماع سے تھا جس میں جسد کو کامل دخل تھا، اور جو حالت اب میسر ہوئی ہے اس میں جسم کو بہت تھوڑا حصہ نصیب ہے، اس کا زیادہ تعلق روح و قلب کے ساتھ ہے، اس معاملہ کا بیان تفصیل چاہتا ہے ...... مختصر یہ کہ دوسری حالت پہلی حالت سے کئی درجہ بہتر ہے اور ذوق و وجدان کا نہ پانا اور خوشی کا دور ہونا ذوق و خوشی کے وجدان سے بالاتر ہے، کیونکہ نسبت جسقدر جہالت اور حیرت کی طرف ترقی کرے اور جسد سے دور ہو اسی قدر اصیل ہے اور مطلوب کے حصول میں نزدیک تر ہے۔ کیونکہ اس مقام میں عجز اور نادانی کے علاوہ کسی اور چیز کی گنجائش نہیں ہے (اسی لئے) جہل کو معرفت سے تعبیر کرتے ہیں۔

Marfat.com

اور عجز کو ادراک کا نام دیتے ہیں۔

آپ نے تحریر کیا تھا کہ اس نسبت کی وہ تاثیر جو پہلے تھی اب نہیں رہی .... ہاں ہاں جسدی تاثیر نہیں رہی لیکن تاثیر روحی میں اضافہ ہو گیا ہے، اگرچہ ہر شخص اس کا ادراک نہیں کر سکتا لیکن کیا کیا جائے کہ آپ کو اس فقیر کے ساتھ صحبت بہت کم حاصل ہوئی ہے اور علوم و معارف خاصہ بہت کم ذکر ہوئے ہیں۔ شاید حق تعالیٰ کو منظور ہو اور دوسری صحبت میسر ہو جائے اور چند روز مل بیٹھیں۔

نیز آپ نے دریافت کیا تھا کہ آیا زادِ راہ اور سواری ہونے کے باوجود اس پُرفتن زمانے میں مکہ مکرمہ کا سفر فرض ہے یا نہیں .... میرے مخدوم! اس بارے میں فقہ کی روایات میں بہت اختلاف ہے اور فقیہ ابو اللیث کا فتویٰ اس مسئلہ میں مختار ہے، انہوں نے کہا ہے کہ "اگر راستہ میں امن اور عدم ہلاکت کا گمان غالب ہے تو اس سفر کی فرضیت ثابت ہے ورنہ نہیں .... لیکن یہ وجوبِ ادا کی شرط ہے نفسِ وجوب کی شرط نہیں، یہی صحیح ہے لہٰذا ایسی صورت میں حج کی وصیت واجب ہوگی۔ چونکہ وقت نے موافقت نہیں کی اس لئے آپ کے دوسرے سوالات کو کسی دوسرے مکتوب پر موقوف کر دیا۔ والسلام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۵۲﴾ ا۔ یعنی یہ فقدان دو مرتبوں کے ساتھ بلند ہے اس وجدان سے ۱۲

ب۔ یہ تسلیم ہے اور تاثیر کے نہ ہونے کے محل کا بیان ہے اور شبہ کو رفع کرنا ہے ۱۲

ب۔ اس تاثیر کی نسبت کا ادراک نہ ہونے کی وجہ یہ ہے ۱۲

۲۔ حنفی زاہد نصر بن محمد بن ابراہیم السمرقندی رحمہ اللہ تعالیٰ متوفی ۳۷۵ھ ۱۲، کشف الظنون

۳۔ پس اگر حج نہ کرے اور مرجائے تو وصیت کرے کہ اس کی طرف سے وارث حج کریں بشرطیکہ چھوڑے ہوئے مال میں گنجائش ہو ۱۲

....

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۵۲﴾ ☆ معلوم ...... جواب ۱۲ ...... یہ جواب ہے ۱۲ ☆ جسد ...... بدن ۱۲ ☆ بقلب و روح ...... این حالت ۱۲ ...... یہ حالت ۱۲ ☆ بجہالت ...... بنادانی ۱۲ ...... نادانی سے ۱۲ ☆ ہر چند ...... اگرچہ ۱۲ ☆ معارف خاصہ ...... روبروئے شما ۱۲ ...... آپ کے سامنے ۱۲ ☆ مذکور شدہ ...... ورنہ احتیاج بامثال این استفسار ہا نمی افتاد ۱۲ ...... ورنہ اس قسم کے سوالات کی کوئی حاجت نہیں ۱۲ ☆ زاد و راحلہ ...... یعنی توشہ کہ در سفر ہمراہ بردارند و شتر سواری ۱۲ ...... یعنی سفر کا خرچہ جو ساتھ ہو اور اونٹ وغیرہ کی سواری ۱۲ ☆ این شرط ...... امن ۱۲ ...... راستہ پر امن ہو ۱۲ ☆ وصیت ...... در حالت احتضار موت ۱۲ ...... موت آنے کے وقت ۱۲ ☆ واجب باشد ...... وَالّا فرضیتش ثابت نیست ۱۲ ...... ورنہ اسکی فرضیت ثابت نہیں ہوتی ۱۲ ☆ مساعدت ...... یاری ۱۲ ...... مدد ۱۲ ☆ کتابت ...... مکتوب ۱۲

....

Marfat.com

دوسو اکاونواں مکتوب (۲۵۱)

مولانا محمد اشرف کی طرف صادر فرمایا .... خلفائے راشدین کے فضائل اور حضرات شیخین کی افضلیت ، اور حضرت امیر (علی ﷛) کے بعض خصائص اور اصحابِ کرام علیہم الرضوان کی تعظیم وتوقیر اور ان کے درمیانی جھگڑوں اور لڑائیوں کے بارے میں صحیح موقف اور اس کے متعلق بیان میں

حمد وصلوۃ اور تبلیغِ دعوات کے بعد میرے سعادت مند بھائی خواجہ محمد اشرف کو معلوم ہو کہ بعض علومِ غریبہ اسرارِ عجیبہ ، مواہب لطیفہ اور معارفِ شریفہ کہ جن میں اکثر حضرات شیخین و ذی النورین اور حیدر کرار (یعنی خلفائے اربعہ) ﷡ اجمعین کے فضائل وکمالات سے تعلق رکھتے ہیں اپنی ناقص فہم کے مطابق حوالہ قلم کرتا ہوں ہوش کے کانوں سے سماعت فرمائیں۔

حضرت صدیق اور حضرت فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کمالاتِ محمدی کے حاصل ہونے اور ولایتِ مصطفوی علیہ وعلیٰ آلہ الصلوۃ والسلام کے درجات پر فائز ہونے کے باوجود گذشتہ انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کے درمیان ولایت کی جانب حضرت ابراہیم صلوات اللہ تعالیٰ وتسلیماتہٗ علی نبینا وعلیہ کے ساتھ مناسبت رکھتے ہیں اور دعوت کی جانب جو کہ مقامِ نبوت کے مناسب ہے۔حضرت موسیٰ صلوات اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ وتسلیماتہٗ علی نبینا وعلیہ سے مناسبت رکھتے ہیں ......اور حضرت ذی النورین ﷛، دونوں طرف (ولایت ودعوت) کے لحاظ سے حضرت نوح صلوات اللہ سبحانہ وتعالیٰ وتسلیماتہٗ علی نبینا وعلیہ کے ساتھ مناسبت رکھتے ہیں...... اور حضرت امیر (علی ﷛) دونوں طرف (ولایت ودعوت) میں حضرت عیسٰی صلوات اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ وتسلیماتہٗ علی نبینا وعلیہ کے ساتھ مناسبت رکھتے ہیں۔

اور چونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام روح اللہ اور اس کے کلمۃ اللہ ہیں اس لئے لازمی طور پر نبوت کی بہ نسبت ولایت کی جانب ان میں غالب ہے اور حضرت امیر ﷛ میں بھی اسی مناسبت کی وجہ سے ولایت کی جہت غالب ہے۔

اور چاروں خلفاء کے مبادی تعینات جہات کے اختلاف کی وجہ سے اجمالی اور تفصیلی طور پر صفت العلم ہیں ، اور وہ صفت اجمال کے اعتبار سے حضرت محمد ﷺ کا رب ہے ، اور تفصیل کے اعتبار سے حضرتِ خلیل علیہ السلام کا رب ہے اور اجمال وتفصیل کی برزخیت کے اعتبار سے حضرت نوح علیہ السلام کا رب ہے ، جیسے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا رب صفتِ کلام ، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا رب صفتِ قدرت اور حضرت آدم علیہ السلام کا رب صفتِ تکوین ہے

اب ہم اصل بات کو بیان کرتے ہیں کہ حضرت صدیق ﷛ اور حضرت فاروق ﷛ اپنے اپنے مرتبہ کے موافق بارِ نبوتِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے حامل ہیں .... اور حضرت امیر (علی ﷛) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ مناسبت کی وجہ سے ولایت کی جانب غلبہ کے باعث '' حامل بارِ ولایتِ محمدی ﷺ '' ہیں .... اور حضرت ذی النورین برزخیت (درمیانی حیثیت) کے اعتبار سے دونوں نسبتوں (یعنی نبوتِ محمدی و ولایتِ محمدی) کے حامل ہیں اور ہوسکتا ہے کہ اسی اعتبار سے ان کو ذوالنورین کہتے ہیں .... اور چونکہ حضرات شیخین کو

Marfat.com

''حامل بارِ نبوت'' فرمایا گیا ہے اسی لئے ان کو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے زیادہ مناسبت حاصل ہے کیونکہ مقامِ دعوت جو کہ مرتبۂ نبوت سے پیدا ہوا ہے ہمارے نبی ﷺ کے علاوہ باقی تمام انبیاء کے درمیان ان (حضرت موسیٰ علیہ السلام) میں بدرجہ اتم واکمل ہے۔اوران کی کتاب (توراۃ) قرآن مجید کے بعد نازل شدہ کتابوں میں بہترین ہے۔لہذاان کی امت پہلی امتوں کی نسبت زیادہ بہشت میں جائے گی اگرچہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شریعت اوران کی ملت تمام شریعتوں اور ملتوں سے افضل واکمل ہے۔یہی وجہ ہے کہ تمام پیغمبروں میں سے افضل الرسل ﷺ کوان کی ملت کی پیروی کا حکم دیا گیا، چنانچہ آیت کریمہ ثُمَّ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا (سورہ نحل ۱۶، آیت ۱۲۳) (پھر ہم نے تمہاری طرف وحی بھیجی کہ ملتِ ابراہیم کی پیروی کرو جو ایک طرف کے ہو رہے تھے) اسی مضمون کی شاہد ہے............اور حضرت مہدی موعود کہ ان کا رب بھی صفت العلم ہے جو حضرت امیر (علی ﷺ) کی مانند حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے مناسبت رکھتے ہیں، گویا حضرت عیسیٰؑ کا ایک قدم حضرت امیرؓ کے سر پر ہے اور دوسرا قدم حضرت مہدی ﷺ کے سر پر۔

جاننا چاہیے کہ ولایتِ موسوی، ولایتِ محمدی کے داہنی جانب واقع ہوئی ہے اور ولایتِ عیسوی اس ولایت کے بائیں جانب ہے۔اور چونکہ حضرت امیر ﷺ ولایتِ محمدی کے حامل ہیں اس لئے اکثر سلاسل اولیاء انہی سے منتسب ہو گئے ہیں۔اور حضرت امیر ﷺ کے کمالات حضراتِ شیخین کے کمالات کی نسبت اکثر گوشہ نشین اولیاء پر جو ولایت کے کمالات سے مخصوص ہیں زیادہ ظاہر ہوئے ہیں............اگر حضرات شیخین کی افضلیت پر اہلِ سنت کا اجماع نہ ہوتا تو اکثر اولیائے گوشہ نشین کا کشف حضرت امیر ﷺ کی فضیلت کا حکم کر دیتا............چونکہ حضراتِ شیخین کے کمالات انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کے کمالات کے مشابہ ہیں اور ارباب ولایت کی ان کمالات تک دسترس نہیں ہے۔اور اہل کشف کا کشف ان کے کمالات نبوت کے درجات کی بلندی کے باعث راستے ہی میں ہے، ولایت کے کمالات ان کے کمالاتِ نبوت کے مقابلے میں کَالْمَطْرُوْحِ فِی الطَّرِيْقِ (راستے میں پھینکے ہوئے کی مانند) ہیں۔کمالاتِ ولایت، کمالاتِ نبوت کے عروج تک پہنچنے کے لئے زینہ (سیڑھی) ہیں۔پس مقدمات کو مقاصد کی کیا خبر ہے اور مبادی کو مطالب کا کیا شعور ہے............آج یہ بات عہدِ نبوت کے بُعد کی وجہ سے اکثر لوگوں پر گراں اور قبولیت سے دُور معلوم ہوتی ہے، لیکن کیا کیا جائے۔

؎ در پسِ آئینہ طوطی صفتم ساختہ اند　　ہر چہ استادِ ازل گفت ہماں می گویم

(مثل طوطی مجھے آئینے کے پیچھے ہے رکھا　　وہی کہتا ہوں جو استادِ ازل سے ہے پڑھا)

لیکن اللہ تعالیٰ کی حمد اور اس کا احسان ہے کہ میں اس گفتگو میں علمائے اہلِ سنت شکر اللہ تعالیٰ سعیہم کے موافق ہوں اور ان کے اجماع سے متفق ہوں۔اور (حق تعالیٰ نے) مجھ پر ان کے استدلالی علم کو کشفی اور اجمالی کو تفصیلی کر دیا۔

اس فقیر کو جب تک کہ اپنے پیغمبر ﷺ کی متابعت کے باعث مقامِ نبوت کے کمالات تک نہیں پہنچا دیا گیا اور

Marfat.com

ان کمالات سے پوراپورا حصہ نہیں دیدیا گیا اس وقت تک فضائل شیخین کو کشف کے طریقے پر اطلاع نہیں بخشی گئی اورتقلید کے علاوہ اورکوئی راہ نہیں دکھائی۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدٰنَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِیَ لَوْلَا اَنْ هَدٰنَا اللّٰهُ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ (اعراف، ۷، آیت ۴۳) (تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے ہم کو اس کی ہدایت دی اگر اللہ تعالیٰ ہم کو ہدایت نہ دیتا تو ہم کبھی ہدایت نہ پاتے، بیشک ہمارے رب کے رسول حق (سچائی) کے ساتھ آئے ہیں)

ایک دن کسی شخص نے بیان کیا کہ (راویوں نے) لکھا ہے کہ حضرت امیر ؓ کا نام بہشت کے دروازے پر ثبت کردیا گیا، اس فقیر کے دل میں گزرا کہ حضرات شیخین کے لئے اس مقام پر کیا خصوصیتیں ہوں گی؟ پوری طرح توجہ کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ اس امت کا بہشت میں داخلہ ان دونوں اکابر حضرات کی تجویز اور استصواب پر ہوگا۔ گویا حضرت صدیق ؓ بہشت کے دروازے پر کھڑے ہیں اور لوگوں کے داخلے کی تجویز فرماتے ہیں اور حضرت فاروق ؓ ان کا ہاتھ پکڑ کر اندر لیجاتے ہیں۔ اور ایسا مشاہدہ میں آتا ہے۔ کہ گویا تمام بہشت حضرت صدیق ؓ کے نور سے بھری ہوئی ہے۔

اس حقیر کی نظر میں حضرات شیخین تمام صحابہ کے درمیان ایک علیحدہ شان اور یگانہ درجہ رکھتے ہیں گویا کہ کوئی بھی اس میں ان کا شریک نہیں ہے۔ حضرت صدیق ؓ، حضرت پیغمبر علیہ وعلیہم الصلوۃ والسلام کے ساتھ گویا ''ہم خانہ'' ہیں، اگر فرق ہے تو صرف بلندی اور پستی کا ہے (یعنی سرورِ عالم ﷺ بالائی منزل میں ہیں اور حضرت صدیق ؓ اسی محل کے نیچے کی منزل میں ہیں) اور حضرت فاروق ؓ بھی حضرت صدیق ؓ کے طفیل اس دولت سے مشرف ہیں اور باقی تمام صحابہ کرام آنسرور علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات کے ساتھ ہم سرائے یا ہم شہری ہونے کی نسبت رکھتے ہیں۔ پھر امت کے اولیاء کی وہاں کیا رسائی ہوسکتی ہے۔ ع

ایں بس کہ رسد ز دور بانگ جرسم

(یہ کافی ہے کہ دور سے میری گھنٹی کی آواز پہنچ جائے)

پس یہ لوگ (اولیائے امت) شیخین رضی اللہ عنہما کے کمالات سے کیا حاصل کرسکتے ہیں (کیونکہ) یہ دونوں بزرگوار اپنی بزرگی اور برتری کی وجہ سے انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام میں معدود (شمار کئے ہوئے) ہیں اور انبیا کے فضائل کے ساتھ موصوف ہیں...... حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا: لَوْ كَانَ بَعْدِیْ نَبِیٌّ لَكَانَ عُمَر (اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو البتہ عمر ہوتا)...... امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ حضرت فاروق ؓ کی ماتم پرسی کے ایام میں حضرت عبداللہ بن عمر ؓ نے صحابہ رضوان اللہ علیہم کی مجلس میں کہا: مَاتَ تِسْعَةُ اَعْشَارِ الْعِلْمِ (آج نو حصہ علم فوت ہوگیا) جب بعض حضرات نے اس کے معنی سمجھنے میں توقف ظاہر کیا تو فرمایا کہ میری مراد علم سے علم باللہ ہے (یعنی معرفتِ حق جل وعلا) نہ کہ حیض ونفاس کا علم (یعنی علمِ احکامِ شرعیہ)

اور حضرت صدیق ؓ کے متعلق (یہ فقیر) کیا بیان کرے کہ حضرت عمر ؓ کی تمام نیکیاں ان کی ایک نیکی

Marfat.com

کے برابر ہیں جیسا کہ مخبر صادق ﷺ نے خبر دی ہے............ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جو انحطاط و کمی حضرت فاروق ؓ کو حضرت صدیق ؓ سے ہے وہ اس انحطاط و کمی سے زیادہ ہے جو حضرت صدیق ؓ کو حضرت پیغمبر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات سے ہے............لہذا قیاس کرنا چاہیے کہ حضرت صدیق ؓ سے دوسروں کا انحطاط و کمی کس درجہ کی ہوگی............اور حضرات شیخین ؓ وفات کے بعد بھی حضرت پیغمبر ﷺ سے جدا نہیں ہوئے اور ان کا حشر بھی انہی (پیغمبر) ﷺ کے درمیان (دائیں بائیں) ہوگا جیسا کہ (آنحضرت ﷺ نے) فرمایا ....پس ان کی افضلیت (آنحضرت ﷺ سے) اقربیت کی وجہ سے ہوگی۔

یہ (حقیر) قلیل البضاعت (بے سروسامان) ان حضرات کے کمالات کے بارے میں کیا بیان کرے اور ان کے فضائل میں کیا ظاہر کرے۔ ایک ذرہ کی کیا طاقت کہ آفتاب کی باتیں کرے اور قطرے کی کیا مجال کہ بحرِ عمان (دریائے محیط) کی بات زبان پر لائے۔

وہ اولیائے کرام جو دعوتِ خلق کی طرف لوٹا دیئے گئے ہیں اور ولایت و دعوت دونوں طرف سے کامل حصہ رکھتے ہیں اور تابعین و تبع تابعین میں سے علمائے مجتہدین نے اپنے کشفِ صحیح کے نور سے اور فراستِ صادقہ اور متواتر خبروں کی بنیاد پر شیخین کے کمالات کو تھوڑا سا دریافت کیا ہے اور ان کے فضائل میں سے تھوڑی سی معرفت حاصل کر کے ناچار ان کی افضلیت شان کا حکم دیا ہے اور اس پر اجماع کیا ہے اور اس کشف کو جو اس اجماع کے خلاف ظاہر ہو اس کو عدم صحت پر محمول کر کے قابلِ اعتبار نہیں سمجھا ہے............اور اس کے علاوہ اور کسی کشف کا کس طرح اعتبار کیا جا سکتا ہے جبکہ صدرِ اول (عہدِ نبوی ﷺ) میں ان کی افضلیت کی صحت مسلّم ہو چکی ہے، جیسا کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے: قَالَ كُنَّا فِي زَمَنِ النَّبِيِّ ﷺ لَا نَعْدِلُ بِأَبِي بَكْرٍ أَحَدًا ثُمَّ عُمَرَ ثُمَّ عُثْمَانَ ثُمَّ نَتْرُكُ أَصْحَابَ النَّبِيِّ ﷺ لَا نُفَاضِلُ بَيْنَهُمْ (حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ ہم نبی کریم ﷺ کے زمانے میں حضرت ابوبکر ؓ پھر حضرت عمر ؓ پھر حضرت عثمان ؓ کے برابر کسی کو نہیں سمجھتے تھے پھر نبی کریم ﷺ کے جملہ اصحاب کو چھوڑ دیتے تھے اور ان کے درمیان کسی کو فضیلت نہ دیتے تھے) اور ابوداؤد کی ایک روایت میں ہے کہ: قَالَ كُنَّا نَقُوْلُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ حَيٌّ أَفْضَلُ أُمَّةِ النَّبِيِّ ﷺ بَعْدَهٗ أَبُوْ بَكْرٍ ثُمَّ عُمَرُ ثُمَّ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ (حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے کہا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کی حیاتِ مبارکہ میں کہا کرتے تھے کہ نبی کریم ﷺ کے بعد تمام امت میں حضرت ابوبکر ؓ افضل ہیں پھر حضرت عمر ؓ پھر حضرت عثمان ؓ)

اور یہ جو کہا گیا ہے کہ "ولایت نبوت سے افضل ہے" یہ اربابِ سکر (کی خبر) سے ہے جو اولیاء غیر مرجوع میں سے ہیں اور جن کو مقامِ نبوت کے کمالات سے زیادہ حصہ حاصل نہیں ہے............اور آپ کی نظر سے گذرا ہوگا کہ فقیر نے اپنے بعض رسائل میں تحقیق کی ہے کہ "نبوت، ولایت سے افضل ہے" اگرچہ اسی نبی کی ولایت ہو اور حق (سچی بات) بھی یہی ہے۔ اور جس کسی نے اس کے خلاف کہا ہے وہ مقامِ نبوت کے کمالات کی نادانی کی وجہ

Marfat.com

سے کہا ہے۔ جیسا کہ اوپر گذر چکا ہے۔

آپ کو معلوم ہے کہ اولیاء کے تمام سلسلوں کے درمیان صرف سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کی نسبت حضرت صدیق ﷛ سے ہے لہذا نسبتِ صحو بھی ان (مشائخ نقشبندیہ) کے درمیان غالب ہے اور ان کی دعوتِ (اسلام) کامل تر ہے اور حضرت صدیق ﷛ کے کمالات ان پر زیادہ ظاہر ہوتے ہیں تو لازمی طور پر ان کی نست تمام سلسلوں کی نسبت سے بڑھ کر ہوگی۔ لہذا دوسرے ان کے کمالات کو کیا پا سکتے ہیں اور ان کی حقیقتِ معاملہ کو کیا سمجھ سکتے ہیں........ میں یہ نہیں کہتا کہ تمام مشائخ نقشبندیہ اس معاملہ میں برابر ہیں۔ ہرگز ایسا نہیں ہے۔ بلکہ اگر ہزاروں میں سے ایک بھی اس صفت میں کامل ہو جائے تو غنیمت ہے۔ میرا خیال ہے کہ حضرت مہدی موعود جو ولایت کی اکملیت کے لئے مقرر ہیں ان کو یہ نسبت حاصل ہوگی، اور وہ اس سلسلہ عالیہ کی تتمیم و تکمیل فرمائیں گے کیونکہ دوسری تمام ولایتوں کی نسبت اس نسبتِ عالیہ سے کمتر ہے............ باقی تمام ولایتوں کو مرتبہ نبوت کے کمالات سے بہت کم حصہ حاصل ہے، اور یہ ولایت حضرت صدیق ﷛ کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے ان کمالات (نبوت) سے حظِ وافر رکھتی ہے جیسا کہ ابھی بیان ہوا۔ ع

ببیں تفاوتِ راہ از کجاست تا بکجا

(یہ راہ دیکھو کہاں اور وہ راہ دیکھو کہاں)

اے بھائی! چونکہ حضرت امیر (علی ﷛) بارِ ولایتِ محمدی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیہ کے حامل ہیں اس لئے اقطاب ابدال اور اوتاد کے مقام کی تربیت جو اولیائے عزلت میں سے ہیں اور کمالاتِ ولایت کی جانب ان میں غالب ہے ان کی تربیت حضرت امیر ﷛ کی اعانت و امداد کے سپرد ہے........ قطب الاقطاب یعنی قطبِ مدار کا سر حضرت امیر ﷛ کے زیرِ قدم ہے۔ قطبِ مدار انہی کی حمایت اور رعایت سے اپنی مہم سرانجام دیتا ہے اور مداریت سے عہدہ برآ ہوتا ہے........ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا اور امامین (حضرات، حسن ﷛، حسین ﷛) بھی اسی مقام میں حضرت امیر ﷛ کے شریک ہیں۔

جاننا چاہیے کہ پیغمبر علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات کے اصحاب سب بزرگ ہیں لہذا تمام (صحابہ) کو بزرگی سے یاد کرنا چاہیے........ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت انس ﷛ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: إِنَّ اللّٰهَ اخْتَارَنِيْ وَاخْتَارَلِيْ أَصْحَابًا وَاخْتَارَلِيْ مِنْهُمْ أَصْهَارًا وَّأَنْصَارًا فَمَنْ حَفِظَنِيْ فِيْهِمْ حَفِظَهُ اللّٰهُ وَمَنْ آذَانِيْ فِيْهِمْ آذَاهُ اللّٰهُ (تحقیق اللہ تعالیٰ نے مجھے پسند فرمایا اور میرے لئے اصحاب کو پسند کیا اور ان میں سے بعض کو میرے لئے قرابت دار اور مددگار پسند کیا پس جس شخص نے ان کے حق میں مجھے محفوظ رکھا اس کو اللہ تعالیٰ نے محفوظ رکھا اور جس نے ان کے حق میں مجھے ایذا دی اس کو اللہ تعالیٰ نے ایذا دی)........ اور طبرانی نے حضرت ابنِ عباس ﷛ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مَنْ سَبَّ أَصْحَابِيْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰئِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ (جس نے

Marfat.com

میرے اصحاب کو گالی دی اس پر اللہ تعالیٰ، فرشتوں اور تمام آدمیوں کی طرف سے لعنت ہے)..............اور ابن عدی نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اِنَّ اَشْرَارَ اُمَّتِیْ اَجْرَأُھُمْ عَلٰی اَصْحَابِیْ (میری امت کے بدترین وہ لوگ ہیں جو میرے اصحاب پر دلیر ہیں)..............اور ان لڑائی جھگڑوں کو جو ان کے درمیان واقع ہوئے ہیں نیک نیتی پر محمول کرنا چاہیے اور ہوا و تعصب سے دور سمجھنا چاہیے کیونکہ ان کی مخالفتیں اجتہاد و تاویل پر مبنی تھیں نہ کہ ہوا و ہوس پر، جیسا کہ جمہور اہل سنت کا موقف ہے..............لیکن جاننا چاہیے کہ حضرت امیر کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کے خلاف لڑنے والے خطا پر تھے اور ''حق'' حضرت امیر رضی اللہ عنہ کی جانب تھا۔ لیکن چونکہ یہ خطا خطائے اجتہادی ہے اس لئے ملامت سے دور اور مواخذہ سے بری ہے، جیسا کہ شارح مواقف آمدی سے نقل کرتے ہیں کہ ''جمل وصفین کے واقعات اجتہاد کی رو سے ہوئے ہیں..............اور شیخ ابو شکور سلمی نے تمہید میں تصریح کی ہے کہ اہلِ سنت و جماعت اس بات پر متفق ہیں کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ مع ان کے تمام اصحاب کے جو ان کے ہمراہ تھے سب خطا پر تھے لیکن ان کی خطا خطائے اجتہادی تھی۔..............اور شیخ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے صواعق میں کہا ہے کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور حضرت امیر علی رضی اللہ عنہ کے درمیان جھگڑے اجتہاد کی بنا پر ہوئے ہیں اور اس قول کو اہل سنت کے معتقدات سے فرمایا ہے..............اور شارح مواقف نے جو یہ بات کہی ہے کہ ہمارے بہت سے اصحاب اس پر متفق ہیں کہ وہ جھگڑا اجتہاد کی بنا پر نہیں تھا، معلوم نہیں کہ اصحاب سے ان کی مراد کونسا گروہ ہے۔ جبکہ اہلِ سنت اس کے خلاف حکم دیتے ہیں جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا۔ اور قوم کی کتابیں ''خطائے اجتہادی'' (کے حکم) سے بھری ہوئی ہیں، جیسا کہ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ قاضی ابو بکر وغیرہ نے صراحت کی ہے۔ لہذا حضرت امیر رضی اللہ عنہ کے ساتھ جنگ کرنے والوں کو فاسق اور گمراہ کہنا جائز نہیں ہوا۔

قاضی (عیاض) نے شفا میں لکھا ہے کہ ''حضرت امام مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ جس شخص نے نبی ﷺ کے اصحاب میں سے کسی کو یعنی ابوبکر، عمر، عثمان، معاویہ اور عمرو بن العاص (وغیرہ) رضی اللہ عنہم کو گالی دی اور کہا کہ وہ کفر اور گمراہی پر تھے تو وہ واجب القتل ہے۔ اور اگر اس کے علاوہ کوئی اور سب وشتم کا لفظ استعمال کیا جس طرح لوگ ایک دوسرے کو کہتے ہیں تو اس کو سخت سزا دی جائے۔ کیونکہ حضرت امیر رضی اللہ عنہ کے خلاف جنگ کرنے والے کفر پر نہ تھے جیسا کہ بعض غالی رافضیوں کا خیال ہے اور نہ ہی فسق پر تھے جیسا کہ بعض نے خیال کیا ہے اور شارح مواقف نے اس قول کو بہت سے اصحاب کی طرف منسوب کیا ہے۔ یہ کیسے ممکن ہو سکتا جبکہ حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا اور طلحہ وزبیر رضی اللہ عنہما اور بہت سے اصحاب کرام انہی میں سے تھے۔ اور طلحہ رضی اللہ عنہ وزبیر رضی اللہ عنہ جمل کی لڑائی میں امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے خروج سے پیشتر تیرہ ہزار مقتولین کے ساتھ شہید وقتل ہوئے۔ لہذا ان کو ضلالت اور فسق کی طرف منسوب کرنے پر سوائے اس شخص کے جس کے دل میں مرض اور باطن میں خبث (گندگی) ہو کوئی مسلمان جرأت نہیں کر سکتا۔

اور یہ جو بعض فقہا نے اپنی عبارات میں امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے حق میں لفظِ ''جور'' استعمال کیا ہے اور کہا ہے: کَانَ مُعَاوِیَۃُ اِمَامًا جَائِرًا (معاویہ جور کرنے والے امام تھے) تو اس جور سے مراد یہ ہے کہ حضرت امیر

ؓ کی خلافت کے زمانے میں امیر معاویہ خلافت کے حقدار نہیں تھے، نہ کہ وہ جور جس کا انجام فسق وضلالت ہے (یہ توجیہ اس لئے ہے) تاکہ اہلِ سنت کے اقوال کے موافق ہو جائے۔ اس کے باوجود استقامت والے حضرات ایسے الفاظ سے اجتناب کرتے ہیں جن سے مقصود کے خلاف وہم پیدا ہوتا ہو۔ اور ''خطا'' سے زیادہ کہنا پسند نہیں کرتے .... اور امیر معاویہ ؓ جور کرنے والے کیسے ہو سکتے ہیں جبکہ صحیح طور پر تحقیق ہو چکا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے حقوق اور مسلمانوں کے حقوق میں امام عادل تھے جیسا کہ صواعق میں ہے .... اور حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامی رحمۃ اللہ علیہ نے جو خطائے منکر کہا ہے انہوں نے زیادتی کی ہے اور لفظِ ''خطا'' سے زیادہ جو کچھ بھی کہا جائے خطا ہے اس کے بعد جو انہوں نے کہا ہے کہ اگر وہ مستحق لعنت ہیں۔ الخ یہ بھی نامناسب کہا ہے اس کی تردید کی کیا حاجت ہے اور اس میں شک وشبہ کا کیا موقع ہے۔ اگر یہ بات یزید کے بارے میں کہی جائے تو گنجائش رکھتی ہے لیکن حضرت معاویہ ؓ کے بارے میں ایسا کہنا بہت بُرا ہے .... احادیث نبوی ﷺ میں معتبر اور ثقات کی اسناد سے مروی ہے کہ حضرت پیغمبر علیہ الصلوۃ والسلام نے امیر معاویہ ؓ کے حق میں دعا فرمائی اور فرمایا اَللّٰھُمَّ عَلِّمْهُ الْكِتَابَ وَالْحِسَابَ وَقِهِ الْعَذَابَ (یا اللہ! تو اس کو کتاب اور حساب کا علم دے اور اس کو عذاب سے بچا)۔ اور دوسری جگہ دعا میں فرمایا: اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهُ هَادِيًا وَّ مَهْدِيًّا (یا اللہ تو اس کو ہادی اور مہدی بنا) اور آنحضرت ﷺ کی یہ دعا مقبول ہے۔

بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ بات مولانا جامی سے سہو ونسیان کی بنا پر سرزد ہوئی ہوگی اور نیز مولانا نے انہی ابیات میں نام کی تصریح کے بغیر کہا ہے کہ ''آں صحابی دیگر'' (وہ صحابی دوسرے ہیں) اور یہ عبارت بھی ناخوشی کی خبر دیتی ہے۔ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِيْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا (بقرۃ،۲، آیت ۲۸۶) (اے ہمارے رب! ہماری بھول چوک پر گرفت نہ کیجیو)

اور یہ جو (بعض نے) امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے امیر معاویہ ؓ کی مذمت میں نقل کیا ہے اور ان کی برائی کو فسق سے بھی بدتر قرار دیا ہے وہ پایہ ثبوت کو نہیں پہنچتا۔ (اور اگر اس بات کو تسلیم بھی کر لیا جائے تو) امام اعظم (ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ) جو ان کے شاگردوں میں سے ہیں اس نقل کو بیان کرنے کے زیادہ مستحق تھے۔ اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ جو تابعین میں سے ہیں اور ان (امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ) کے ہمعصر اور علمائے مدینہ میں سب سے زیادہ عالم ہیں، امیر معاویہ ؓ اور عمرو بن العاص ؓ کے گالی دینے والے کو قتل کا حکم کرتے ہیں، جیسا کہ اوپر بیان ہوا .... اگر وہ سب وشتم کے مستحق ہوتے تو ان کے گالی دینے والے کو قتل کا حکم کیوں کرتے۔ پس معلوم ہوا کہ ان کو گالی دینا گناہ کبیرہ سمجھ کر ان کے گالی دینے والے کو قتل کا حکم کیا ہے، اور اسی طرح ان کو گالی دینا حضرت ابوبکر و عمر اور عثمان ؓ کو گالی دینے کی طرح خیال کیا ہے، جیسا کہ اوپر مذکور ہوا۔ لہٰذا حضرت معاویہ ؓ نکوہش (سرزنش وبرائی) کے مستحق نہیں ہیں۔

اے برادر! اس معاملے میں امیر معاویہ ؓ تنہا نہیں ہیں بلکہ صحابہ کرام کی کم وبیش نصف جماعت اس معاملہ

Marfat.com

میں حضرت معاویہ ؓ کے شریک ہیں۔ پس محاربانِ امیر ؓ اگر کفر یا فسق پر ہوں تو نصف دین سے اعتماد ختم ہو جاتا ہے جو کہ ان کی تبلیغ کے ذریعہ سے ہم تک پہنچا ہے۔ اور اس طرح کی بات کو سوائے اس زندیق کے اور کوئی تجویز نہیں کرتا جس کا مقصود دین کی بربادی اور اس کو جھٹلانا ہے۔

اے بھائی! اس فتنے کے برپا ہونے کا منشا حضرت عثمان ؓ کی شہادت ہے۔ اور ان کے قاتلوں سے ان کا قصاص طلب کرنا ہے۔ حضرت طلحہ ؓ وزبیر ؓ جو اول مدینہ منورہ سے باہر نکلے تھے اس کی وجہ بھی تاخیر قصاص تھی اور حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا نے بھی اس معاملے میں ان کی موافقت کی اور جنگِ جمل جس میں تیرہ ہزار آدمی قتل ہوئے اور حضرت طلحہ ؓ اور زبیر ؓ بھی جو عشرہ مبشرہ میں سے ہیں وہ بھی شہید ہوئے۔ وہ بھی حضرت عثمان ؓ کے قصاص کے تاخیر کی وجہ سے شہید ہوئے۔ اس کے بعد امیر معاویہ ؓ نے شام سے آکر ان کے ساتھ شریک ہو کر جنگِ صفین لڑی۔

حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے تصریح کی ہے کہ وہ جھگڑا خلافت پر نہیں ہوا بلکہ حضرت امیر ؓ کی خلافت کی ابتدا ہی میں قصاص کے پورا کرنے کے لئے ہوا.......... اور شیخ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اسی بات کو اہل سنت و جماعت کے معتقدات میں سے بیان کیا ہے.......... اور شیخ ابوشکور سلمی جو کہ حنفیہ علماء کے اکابرین میں سے ہیں فرماتے ہیں کہ حضرت امیر معاویہ ؓ کا حضرت (امیر علی) ؓ سے جھگڑا خلافت کے بارے میں تھا کیونکہ پیغمبر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰت والتسلیمات نے حضرت معاویہ ؓ سے فرمایا تھا۔ کہ اِذَا مَلَکْتَ النَّاسَ فَارْفِقْ بِھِمْ (جب تو لوگوں کا حاکم بن جائے تو ان کے ساتھ نرمی کرنا) اسی وجہ سے حضرت معاویہ ؓ کو خلافت کی آرزو پیدا ہوگئی تھی۔ لیکن وہ اس جہاد میں خطا پر تھے اور حضرت امیر ؓ حق پر.......... کیونکہ ان کی خلافت کا زمانہ حضرت امیر ؓ کی خلافت کے زمانے کے بعد ہے۔ اور ان دونوں اقوال کے درمیان موافقت اس طرح ہے کہ ہوسکتا ہے کہ اس جھگڑے کی وجہ قصاص کی تاخیر ہو۔ اس کے بعد امیر معاویہ ؓ کو خلافت کی آرزو پیدا ہوگئی ہو، بہر تقدیر اجتہاد اپنے محل میں واقع ہوگیا۔ اگر خطا پر ہے تو ایک درجہ اور اگر حق پر ہے تو دو درجہ بلکہ دس درجے (ثواب ہے)

اے بھائی! اس معاملہ میں سب سے بہتر اور سلامتی کا طریقہ یہی ہے کہ حضرت پیغمبر علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات کے اصحاب کے جھگڑوں کے ذکر سے خاموشی اختیار کی جائے اور ان کے جھگڑوں کے تذکروں سے منہ پھیر لیا جائے، کیونکہ حضرت پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے: اِیَّاکُمْ وَمَا شَجَرَ بَیْنَ اَصْحَابِیْ (میرے اصحاب کے درمیان جو جھگڑے ہوں ان سے اپنے آپ کو بچاؤ).......... نیز آنحضرت پیغمبر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: اِذَا ذُکِرَ اَصْحَابِیْ فَاَمْسِکُوْا (جب میرے صحابہ (کے اختلاف) کا ذکر ہو تو خاموش ہو جاؤ).......... اور نیز علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: اَللّٰہَ اَللّٰہَ فِیْ اَصْحَابِیْ لَا تَتَّخِذُوْھُمْ غَرَضًا (میرے صحابہ کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو اور ان کو اپنے تیر کا نشانہ نہ بناؤ)

Marfat.com

حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا اور اسی طرح حضرتِ عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ سے بھی منقول ہے: تِلْكَ دِمَاءٌ طَهَّرَ اللّٰهُ عَنْهَا أَيْدِيَنَا فَلْنُطَهِّرْ عَنْهَا أَلْسِنَتَنَا (یہ وہ خون ہیں جن سے اللہ تعالیٰ نے ہمارے ہاتھوں کو بچایا ہے لہذا ہم کو چاہیے کہ اپنی زبانوں کو ان سے پاک رکھیں)............ اس عبارت سے بھی مفہوم ہوتا ہے کہ ان کی خطاؤں کو زبان پر نہیں لانا چاہیے اور ان کے ذکرِ خیر کے علاوہ اور کچھ بیان نہ کرنا چاہیے............ بدنصیب یزید فاسقوں کے زمرے میں سے ہے اس کی لعنت میں توقف کرنا اہلِ سنت و الجماعت کے مقررہ اصول میں سے ہے کیونکہ شخصِ معین کو اگرچہ وہ کافر ہو لعنت تجویز نہیں کی گئی۔ مگر جب یقیناً معلوم ہو جائے کہ اس کا خاتمہ کفر پر ہوا ہے جیسا کہ ابی لہب جہنمی اور اس کی بیوی۔ نہ یہ کہ وہ لعنت کے لائق نہیں (یعنی وہ لعنت کے لائق ہیں)............ (جیسا کہ قرآن کریم میں ہے) اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ (احزاب، ۳۳، آیت ۵۷) (جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کو ایذا دیتے ہیں ان پر دنیا و آخرت میں اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے)

جاننا چاہیے کہ اس زمانہ میں چونکہ اکثر لوگ امامت کے معاملہ میں بحث کرتے رہتے ہیں، اور اصحاب کرام علیہم الرضوان کی خلافت و مخالفت کی نسبت گفتگو کرنا اپنا نصب العین بنا لیا ہے، اور جاہل تاریخ داں اور سرکش بدعتیوں کی تقلید کرتے ہوئے اکثر اصحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کو نیکی و بھلائی سے یاد نہیں کرتے اور نامناسب باتیں ان حضرات کی طرف منسوب کرتے رہتے ہیں۔ لہذا ضروری سمجھتے ہوئے جو کچھ معلوم تھا اس میں سے تھوڑا سا تحریر میں لاکر دوستوں تک پہنچا دیا گیا............ آنحضرت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: اِذَا ظَهَرَتِ الْفِتَنُ اَوْ قَالَ الْبِدَعُ وَسُبَّتْ اَصْحَابِيْ فَلْيُظْهِرِ الْعَالِمُ عِلْمَهٗ فَمَنْ لَّمْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ لَهٗ صَرْفًا وَّلَا عَدْلًا (جب فتنے یا یہ فرمایا بدعتیں ظاہر ہو جائیں اور میرے اصحاب کو گالیاں دی جائیں تو عالم کو چاہیے کہ اپنے علم کو ظاہر کرے پس جس نے ایسا نہ کیا اس پر اللہ تعالیٰ، فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے نہ فرض قبول فرمائے گا نہ نفل)

لیکن اللہ تعالیٰ کا شکر اور احسان ہے کہ سلطانِ وقت (جہانگیر بادشاہ) اپنے آپ کو حنفی مذہب (کا پیرو) قرار دیتا ہے اور اہلِ سنت و جماعت سے جانتا ہے ورنہ مسلمانوں کو بڑی مشکل کا سامنا کرنا پڑتا۔ اس نعمتِ عظمیٰ کا شکر بجا لانا چاہیے............ پس چاہیے کہ اہلِ سنت و جماعت کے معتقدات کے مطابق اپنے اعتقاد کا مدار رکھیں اور زید و عمر کی باتوں پر توجہ نہ دیں۔ جھوٹے افسانوں پر اپنے کام کی بنیاد رکھنا خود کو ضائع کرنا ہے۔ فرقہ ناجیہ (اہل سنت) کی تقلید ضروری ہے تاکہ نجات کی امید پیدا ہو۔ وَبِدُوْنِهٖ خَرْطُ الْقَتَادِ (ورنہ بے فائدہ تکلیف اٹھانا ہے) وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَعَلٰى سَائِرِ مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى وَالْتَزَمَ مُتَابَعَةَ الْمُصْطَفٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ (اور سلام ہو تم پر اور ان سب پر جنھوں نے ہدایت کی پیروی کی اور حضرت محمد مصطفٰی علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کی متابعت کو اپنے اوپر لازم کیا)

Marfat.com

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۵۳﴾ ۱ ذی النورین یعنی دونوروں والے حضرت عثمانؓ کا لقب، کیونکہ رسول اللہ ﷺ کی دو بیٹیاں ان کے نکاح میں آئیں تھیں یعنی رقیہؓ اور ام کلثومؓ علماء نے فرمایا ہے: حضرت عثمان کے علاوہ کوئی شخص ایسا معلوم نہیں ہے جس کے نکاح میں کسی نبی کی دو بیٹیاں آئی ہوں ۱۲ غ و تاریخ الخلفاء

۲ حیدر بمعنی شیر درندہ حضرت علیؓ کا لقب ہے، حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا: انا الذی سمتنی امی حیدر (میں وہ ہوں جس کا نام میری ماں نے حیدر رکھا) کرّار کاف پر زبر اور پہلی راپر زبر اور شد، پلٹ کر حملہ کرنے والا اور منہ پھیر دینے والا، بار بار حملہ کرنے والا اسی وجہ سے حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کا لقب ہے کیونکہ آپ جنگ میں دشمنوں کی صفوں پر بار بار حملہ کرتے اور بالکل خوف نہ کرتے ۱۲ عث

ب قال اللہ تعالیٰ اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ اَلْقٰهَا اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ (سورۃ النساء آیت ۱۷۱ پارہ لایحب اللہ ۶) ۱۲ ترجمہ بے شک مسیح عیسیٰ پسر مریم تو صرف اللہ کے رسول ہیں اور اس کا کلمہ جسے اللہ نے پہنچایا تھا مریم کی طرف اور ایک روح اس کی طرف سے۔

۳ خلاصہ مطلب یہ ہے کہ صفۃ العلم کے تین اعتبار ہیں، اعتبار اجمال یعنی معلومات کے ساتھ تعلقات سے قطع نظر کرتے ہوئے، اور اعتبارِ تفصیل یعنی معلومات کے ساتھ تعلقات کا ملاحظہ کرتے ہوئے، اور تفصیل واجمال کے درمیان توسط کا اعتبار، پس وہ صفت پہلے اعتبار سے حضرت محبوب رب العالمین کا پروردگار ہے، اور دوسرے اعتبار سے حضرت ابراہیم کا رب ہے اور تیسرے اعتبار سے حضرت نوح کا رب ہے علی اجمعہم الصلوات والتسلیمات ۱۲

﴿صہ ۵۴﴾ ۱ جاننا چاہیے کہ ایک نبی میں مقام دعوت کی اتمیت واکملیت اور دوسرے نبی کی ملت وشریعت کی افضلیت دونوں الگ الگ ہیں اور ہر ایک کے لوازمات ہیں اور آثار ونتائج علیحدہ ہیں، کامل غور وفکر کے بعد ان دونوں میں فرق بہت ظاہر ہے ۱۲

۲ یعنی پھر ہم نے تمہاری طرف وحی بھیجی کہ ملت ابراہیم کی پیروی کرو جو ایک خدا کے ہو رہے تھے۔ یہ آیت ۱۲۳ سورہ نحل کے آخر پارہ چودہ میں واقع ہے ۱۲

۳ قولہ عزلت، عین پر پیش ہے یعنی بیوی بچوں سے علیحدگی اختیار کرنا عبادت کے لئے ۱۲ غ گوشہ نشینی اختیار کرنے والے اولیاء سے مراد وہ اولیاء ہیں جو مخلوق کی دعوت کے لئے لوٹائے نہیں جاتے اور نزول نہیں کرتے ۱۲

۴ الحمد اللہ.......... یہ اس آیت ۴۳ سے اقتباس ہے جو سورہ اعراف پارہ آٹھ میں واقع ہے یعنی تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے ہم کو اس کی ہدایت دی اگر اللہ تعالیٰ ہم کو ہدایت نہ دیتا تو ہم کبھی ہدایت نہ پاتے، بے شک ہمارے رب کے رسول حق (سچائی) کے ساتھ آئے ہیں ۱۲

﴿صہ ۵۵﴾ ۱ قولہ علو زیر اور پیش سے اور دونوں پیش اور شد سے، یعنی بلندی اور بالا خانہ، وقولہ سُفل زیر اور پیش سے پستی کے معنی میں یعنی نیچے کا کمرہ ۱۲

۲ یعنی انبیاء میں شمار کئے گئے ہیں اس رنگ میں کہ زید کو شیر کے ساتھ کامل مثلیت کے سبب بہادری اور جرأت میں شیروں سے شمار کیا جاتا ہے ۱۲

۳ یعنی اگر میرے ﷺ بعد کوئی نبی ہوتا تو البتہ وہ عمرؓ ہوتا۔ اس کو ترمذی نے روایت کیا ہے معرب (ملا مراد مکی) نے کہا ہے اس حدیث کو ابو یعلی، طبرانی، حاکم اور ابو نعیم نے روایت کیا ۱۲

۴ یعنی دنیا سے نو حصے علم فوت ہوگیا ہے اور ایک حصہ رہ گیا ہے ۱۲

Marfat.com

۵ عن عمر رضی اللہ عنہ ذُکِر عندہ أبو بکرٍ ، فَبَکیٰ ، وقال : " وَدِدْتُ أن عملی کلّہ مثلُ عملہ یومًا وَّاحِدًا مِّن أیَّامِہ ، و لَیلۃً وَّا حِدَۃً مِّن لَّیَالِیہ الخ رواہ رزین (جامع الاصول۸/۲۰۵)

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ان کے پاس ابوبکر رضی اللہ عنہ کا ذکر ہوا تو حضرت عمر رو پڑے اور کہا: میں چاہتا ہوں کہ میرے تمام اعمال ان کے ایک دن کے عمل اور ایک رات کے عمل کی مثل ہو جائیں) وَعَنْ عائشۃ رضی اللہ تعالٰی عنھا قالت : بَینا رأس رسول اللہ ﷺ فی حجری فی لیلۃ ضاحیۃٍ اذْ قُلْتُ : یا رسول اللہ ﷺ ! ھل یکون لِا حد من الحسنات عدد نجوم السماء ؟ قال : " نعم ، عمر " قلتُ : فأین حسنات ابی بکر ؟ قال : " انما جمیع حسنات عمر کحسنۃ واحدۃٍ من حسنات ابی بکر " رواہ رزین ۱۲ مشکوٰۃ باب مناقب ابی بکر و عمر

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ اس حال میں کہ ایک روشن رات میں رسول اللہ ﷺ کا سر اقدس میرے آغوش میں تھا، اچانک میں نے عرض کیا یارسول اللہ! کیا کسی کی نیکیاں آسمان کے ستاروں جتنی بھی ہیں؟ فرمایا: ہاں، عمر کی (نیکیاں اتنی ہیں) میں نے عرض کیا: ابوبکر کی نیکیاں کتنی ہیں؟ فرمایا: عمر کی تمام نیکیاں ابوبکر کی ایک نیکی کی طرح ہیں۔

۶ عن ابن عمر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم خرج ذات یوم و دخل المسجد و ابو بکر و عمر احدھما عن یمینہ والاٰخر عن شمالہ ، وھو اٰخذ با یدیھما ، فقال ھکذا نبعث یوم القیامۃ ۔ رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث غریب ۱۲ مشکوۃ باب مناقب ابی بکر و عمر ۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک دن نبی اکرم ﷺ گھر سے تشریف لائے اور اس حال میں مسجد میں داخل ہوئے کہ آپ کی دائیں جانب ابوبکر تھے اور بائیں طرف عمر فاروق تھے، آپ نے ان دونوں کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا اور فرمایا: اسی طرح ہم قیامت کے دن اٹھائے جائیں گے۔

۷ عُمان پیش کے ساتھ غراب کی طرح، ایک شہر کا نام ہے یمن میں بحر اعظم کے کنارے پر یعنی دریائے محیط، لہذا دریائے اعظم کو اس کی طرف نسبت کر کے دریائے عمان کہتے ہیں ۱۲

ـ ابن عباس رضی اللہ عنہ، احیاء علوم الدین میں ایسے ہی ہے، یہ نقل کرنے والے کی غلطی ہے، یہ وہ ہے جو میں نے پایا ہے شیخ محمد حسن جان سندھی سلمہ اللہ تعالیٰ کے قلمی نسخہ کے حاشیہ میں، اور شیخ سندھی صاحب مکاتیب حضرت مجدد قدس سرہ کی اولاد میں سے ہیں اور وہ جو میں نے دیکھا ہے امام غزالی رحمہ اللہ تعالیٰ کی احیاء علوم الدین میں وہ اس طرح ہے کہ جب عمر رضی اللہ عنہ فوت ہو گئے تو ابن مسعود نے کہا: مات تسعۃ اعشار العلم (دس حصوں میں سے نو حصے علم ختم ہو گیا) تو انہیں کہا گیا: آپ یہ کہتے ہیں حالانکہ ہمارے جلیل القدر صحابہ موجود ہیں، اس پر انہوں نے کہا: میں نے علم فتاوٰی اور احکام مراد نہیں لیا، میں نے علم باللہ مراد لیا ہے۔ احیاء العلوم جلد اول باب دوسرا مطبوعہ مصر صفحہ (۱۹) ۱۲

ـ عُزلت پیش کے ساتھ، گوشہ نشینی یعنی وہ اولیاء جو مخلوق کی طرف لوٹائے نہیں گئے دعوت کیلئے ۱۲

﴿صہ ۵۶﴾ ۱ بخاری، کتاب فضائل الصحابۃ باب ۷ مناقب عثمان بن عفان رقم ۳۶۹۴۔ ابوداود باب فی التفضیل رقم ۴۶۲۷، ۴۶۲۸۔ الترمذی رقم ۳۷۰۷ فی المناقب، باب مناقب عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ، وانظر "الفتح الباری" فی شرح ھذا الحدیث ۱۵،۱۴/۷

﴿صہ ۵۷﴾ ۱ یعنی بے شک اللہ تعالیٰ نے مجھے برگزیدہ کیا اور میرے لئے صحابہ کو برگزیدہ بنایا اور ان میں سے میرے لئے سسرال اور داماد پسند فرمائے اور مددگار بنائے پس جس شخص نے ان کے حق میں مجھے محفوظ رکھا اس کو اللہ تعالیٰ نے محفوظ رکھا اور جس نے ان کے حق میں مجھے ایذا دی اس کو اللہ تعالیٰ نے ایذا دی ۱۲، الفتح الکبیر السیوطی، ۳۱۸/۱، ۳۱۹۔ الصواعق المحرقۃ ص ۱۱

Marfat.com

۲ جس نے میرے اصحاب کو گالی دی اس پر اللہ تعالیٰ، فرشتوں اور تمام آدمیوں کی طرف سے لعنت ہے ۱۲ الجامع الصغیر للسیوطی، رقم ۸۷۳۴

۳ یعنی میری امت کے بدترین وہ لوگ ہیں جو میرے اصحاب پر دلیر ہیں ۱۲ الصواعق ص ۱۲

۴ یعنی سید شریف علی بن محمد جرجانی متوفی ۸۱۶ھ ۱۲ (رحمہ اللہ تعالیٰ)

۵ ایک جلیل القدر اور رفیع الشان کتاب ہے علم عقاید میں، مصنفہ علامہ عضد الدین عبدالرحمان بن احمد قاضی رحمہ اللہ تعالیٰ ۱۲

۶ یعنی سیف الدین ابوالحسن علی بن ابوعلی محمد بن سالم تغلبی فقیہ اصولی، انکی وفات بروز منگل ۳ صفر ۶۳۱ھ میں ہوئی ۱۲ وفیات الاعیان

۷ یعنی امام حافظ ابوالفضل عیاض بن موسیٰ بن عیاض یحصبی رحمہ اللہ تعالیٰ متوفی ۵۴۴ھ ۱۲

۸ یعنی جس شخص نے نبی ﷺ کے اصحاب میں سے کسی کو یعنی ابوبکر یا عمر یا عثمان یا معاویہ یا عمرو بن العاص (وغیرہ) رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو گالی دی تو اگر کہا کہ وہ گمراہی اور کفر پر تھے تو وہ واجب القتل ہے اس صورت میں اور اگر اس کے علاوہ کوئی اور سبّ وشتم کا لفظ استعمال کیا جس طرح لوگ بغیر گمراہی اور کفر کے ایک دوسرے کو کہتے ہیں تو اس کو سخت سزا دی جائے اور سخت تنبیہ کی جائے گی۔ (الشفا، للباب الثالث فصل ۹)

﴿صہ ۵۸﴾ ۱ یعنی امام مالک رحمہ اللہ کے کلام سے ثابت ہے کہ حضرت امیر ﷺ کے خلاف جنگ کرنے والے کفر پر نہ تھے جیسا کہ بعض غالی رافضیوں (شیعوں) کا خیال ہے اور نہ ہی فسق پر تھے جیسا کہ بعض نے گمان کیا ہے، اور شارح مواقف نے اس قول کو بہت سے اپنے اصحاب کی طرف منسوب کیا ہے، یہ کیسے ممکن ہوسکتا ہے جبکہ حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا اور طلحہ وزبیر رضی اللہ عنہما جمل کی لڑائی میں امیر معاویہ کے خروج سے پیشتر تیرہ ہزار مقتولین کے ساتھ شہید وقتل ہوئے، لہذا ان کو ضلالت اور فسق کی طرف منسوب کرنے پر سوائے اس شخص کے جس کے دل میں مرض اور باطن میں خبث (گندگی) ہو، کوئی مسلمان جرأت نہیں کرسکتا ۱۲

۲ كانت وقعة الجمل بالبصرة في جمادى الأخرة سنة ست و ثلاثين و كان مبناها طلب دم عثمان رضى الله تعالىٰ عنه ۱۲ (ترجمہ) جنگ جمل کا واقعہ جمادی الآخرۃ ۳۶ھ میں پیش آیا اس کی بنیاد (حضرت عثمان ﷺ کے خون کا مطالبہ تھا ۱۲ تاریخ الخلفاء

۳ یعنی امیر معاویہ ﷺ جور کرنے والے کیسے ہوسکتے ہیں جبکہ صحیح طور پر تحقیق ہوچکا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے حقوق اور مسلمانوں کے حقوق میں امام عادل تھے جیسا کہ صواعق محرقہ میں موجود ہے ۱۲

۴ فى الترمذى حدثنا محمد بن يحيى نا ابو مسهر عن سعيد بن عبد العزيز عن ربيعة بن يزيد عن عبد الرحمٰن بن ابى عميرة و كان من اصحاب رسول الله ﷺ عن النبى ﷺ انه قال لمُعاوية: اللهم اجعله هاديا مهديا واهدبه، هذا حديث حسن غريب۔ ترجمہ حدیث: ابوعمیرہ صحابی رسول ﷺ نے نبی ﷺ سے روایت کیا کہ آپ نے معاویہ کے لئے دعا کی: اے اللہ اس کو ہدایت دینے والا اور ہدایت یافتہ بنادے اور اس کے ذریعہ ہدایت دے (لوگوں کو) یہ حدیث حسن غریب ہے۔ و روواية ابى ادريس الخولانى قال: لمّا عَزَلَ عمر بن الخطاب عُمير بن سعد عن حِمَص وَلّى معاوية، فقال الناس عزل عميرًا و وَلّى معاوية، فقال عمير لا تذكروا معاوية الا بخير فانى سمعت رسول الله ﷺ يقول: اللهم اهد به ۱۲ (ترمذى ابو اب المناقب، مناقب معاوية) ترجمہ: ابوادریس خولانی کی روایت میں ہے کہ جب عمر بن خطاب نے عمیر بن سعد کو حمص سے معزول کیا تو معاویہ کو والی بنایا، لوگوں نے کہا: انہوں نے عمیر کو معزول کیا اور معاویہ کو والی بنایا، اس

Marfat.com

پر عمیر نے کہا: معاویہ کا ذکر خیر سے ہی کرو کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو کہتے ہوئے سنا ہے: اے اللہ! (لوگوں کو) اس کے ذریعے ہدایت دے ۱۲

ے شعبی رضی اللہ عنہ: ابو عمرو کوفے کے رہنے والے اور جلیل القدر تابعی وسیع العلم تھے کہا جاتا ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے صحابہ میں سے پانچ سو صحابہ کو پایا تھا ۱۲

﴿ص ۵۹﴾ ۱ے کہا جاتا ہے کہ طلحہ اور زبیر رضی اللہ عنہما نے مجبوراً بیعت کی خوشی سے نہیں، پھر وہ مکہ کی طرف نکلے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا وہاں تھیں وہ ان کے پاس گئے اور ان کے ساتھ بصرہ کی طرف گئے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے خون کا مطالبہ کرتے ہوئے، اور یہ خبر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو پہنچی تو وہ عراق کی طرف نکلے تو وہ بصرہ میں حضرت طلحہ، حضرت زبیر اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور ان کے ساتھیوں سے مقابلہ ہوا، یہ واقعہ جمادی الآخرہ ۳۶ھ کا ہے، وہاں حضرت طلحہ، حضرت زبیر وغیرہ دونوں طرف سے تیرہ ہزار آدمی شہید ہوئے اور حضرت علی بصرہ میں پندرہ راتیں ٹھہرے پھر آپ کوفہ واپس آئے، اس کے بعد حضرت معاویہ بن سفیان اور ان کے ساتھی شام میں جمع ہوئے (حضرت عثمان کے خون کا مطالبہ کرنے کے لئے) یہ خبر حضرت علی کو پہنچی تو وہ کوفہ سے (تیاری کرکے) چلے، مقامِ صفین میں دونوں کا مقابلہ ہو گیا، یہ صفر ۳۷ھ کا واقعہ ہے ۱۲ تاریخ الخلفاء ص ۱۲۲

۲ے عشرہ مبشرہ: یعنی ابوبکر، عمر، عثمان، علی، طلحہ، زبیر، عبدالرحمٰن بن عوف، سعد بن ابی وقاص، سعید بن زید اور ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ جیسا کہ حدیث میں وارد ہے، اس کو ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے ۱۲

۳ے قولہ جنگ صفین: سجّین کے وزن پر، رِقّہ کے قریب دریائے فرات کے کنارے پر ایک موضع ہے، وہاں ایک عظیم معرکہ ہوا حضرت علی اور حضرت معاویہ کے درمیان پہلی صفر ۳۷ھ کو، وہاں لوگ صفر میں سفر کرنے سے احتراز کرتے ہیں ۱۲

۴ے معرب (مولانا محمد مراد) نے فرمایا ہے اس حدیث کو امام مسلم اور امام ابن ابی شیبہ مصنف میں اور امام طبرانی نے کبیر میں انہی لفظوں سے روایت کیا ہے، اور امام احمد نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے درج ذیل لفظوں سے روایت کیا ہے: ان ولیت امرًا فاتق اللہ واعدل یعنی (اے معاویہ جب تم حاکم بنائے جاؤ، لوگوں پر تو ان کے ساتھ نرمی کرنا اور ان میں انصاف کرنا ۱۲

۵ے یعنی شیخ ابوشکر سلمی کا قول کہ جھگڑا خلافت کے معاملہ میں تھا، اور امام غزالی اور شیخ ابن حجر وغیرہما کا قول کہ تنازعہ خلافت پر نہیں تھا بلکہ قصاص لینے پر تھا ۱۲

۶ے یعنی میرے صحابہ کے درمیان جو اختلاف اور جھگڑے ہوں ان سے اجتناب اور پرہیز کرو، اس کے سبب بے ادبی میں نہ پڑو۔ معرب (ملا مراد) نے فرمایا: اس حدیث کی تخریج کرنے والے کا ذکر ابن اثیر جزری نے نہایۃ الغریب میں کیا ہے ۱۲

۷ے یعنی جب میرے صحابہ کا ذکر کیا جائے تو ان کے حق میں بے ادبی سے باز رہو، معرب (مولانا مراد) نے کہا ہے اس کو طبرانی نے حضرت ابن مسعود اور حضرت ثوبان سے روایت کیا ہے اور ابن عدی نے حضرت عمر سے ۱۲ دیکھو الجامع الصغیر للسیوطی

﴿ص ۶۰﴾ ۱ے باقی حدیث یہ ہے: بن بَعدِی ، فمن أحبهم فبحبي أحبهم ، ومَن أبغضهم فببغضي أبغضهم ومَن آذاهم فقد آذاني ومن آذاني فقد آذى الله ، ومَن أذى الله فيو شك ان يأخذه ، رواہ الترمذی ، وقال : هذا حديث غريب ۱۲ مشكوة : ترجمہ: میرے بعد انہیں نشانہ نہ بنا لینا، پس جو شخص ان کو محبوب رکھتا ہے وہ میری محبت کی بنا پر ان سے محبت کرتا ہے اور جو ان سے دشمنی رکھتا ہے وہ ہماری دشمنی کے سبب ان سے دشمنی رکھتا ہے، اور جس نے انہیں ایذا دی اس نے مجھے ایذا دی اور جس نے مجھے ایذا دی اس نے اللہ تعالیٰ کو

Marfat.com

ایذادی، اور جس نے اللہ تعالیٰ کو ایذادی تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے گرفت میں لے لے۔ اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا اور فرمایا کہ یہ حدیث غریب ہے ۱۲

ے بے شک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کو ایذا دیتے ہیں، ان پر دنیا اور آخرت میں اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے اور اس نے تیار کر رکھا ہے ان کے لئے رسوا کن عذاب، یہ آیت کریمہ پارہ ۲۲ سورہ احزاب (آیت ۵۷) میں واقعہ ہے ۱۲

ے یہ وہ خون ہیں جن سے اللہ تعالیٰ نے ہمارے ہاتھوں کو بچایا ہے لہذا ہم کو چاہیے کہ اپنی زبانوں کو ان سے پاک رکھیں ۱۲

ے جیسے ابولہب دوزخی اور اسکی بیوی کہ ان کا خاتمہ کفر پر ہوا قرآن کی نص قطعی سے ۱۲

ے جب فتنے ظاہر ہو جائیں یا یہ فرمایا بدعتیں ظاہر ہو جائیں اور میرے صحابہ کو گالی دی جائے تو عالم کو چاہیے کہ اپنے علم کو ظاہر کرے، پس جس نے ایسا نہ کیا، اس پر اللہ تعالیٰ، فرشتوں، اور تمام لوگوں کی لعنت ہے، اللہ تعالیٰ اس کے نہ فرض قبول فرمائے گا نہ نفل، معرب (مولانا محمد مراد مکی) نے کہا کہ اس حدیث کو ابن حجر مکی نے صواعق میں جامع خطیب بغدادی کے حوالہ سے نقل کیا ہے ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

....

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿ص ۵۲﴾ ☆ شیخین ...... ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما ۱۲

﴿ص ۵۳﴾ ☆ حضرت امیر ...... علی ﷺ ۱۲ ☆ محامل ...... معانی ۱۲ ☆ منازعات ...... نزاعہا ۱۲ ...... جھگڑے ۱۲

☆ مشاجرات ...... خلافہا ۱۲ ...... اختلافات ۱۲ ☆ ذی النورین ...... عثمان ﷺ ۱۲ ☆ حیدر ...... علی ﷺ ۱۲

☆ ماتقدم ...... پیشین ۱۲ ...... پہلے گذر گیا ۱۲ ☆ چون ...... شرط ۱۲ ...... یہ شرط ہے ۱۲ ☆ لا جرم ...... جزا ۱۲ ...... یہ جزا ہے ۱۲

☆ و در ...... معطوف بر جزا ۱۲ ...... جزا پر معطوف ہے ۱۲ ☆ خلیل ...... ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام ۱۲ ☆ التکوین ...... خلق ۱۲ ...... پیدا کرنا ۱۲ ☆ حامل ...... بردارندگان ۱۲ ...... بوجھ اٹھانے والے ۱۲ ☆ برزخیت ...... توسط و واسطہ بودن ۱۲ ...... واسطہ و وسیلہ ہونا ۱۲ ☆ چہ مقام ...... مبتدا ۱۲ ...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ ناشی ...... پیدا ۱۲ ☆ در ایشاں ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے ۱۲ ☆ ایشان ...... حضرت موسیٰ علیہ السلام ۱۲

﴿ص ۵۴﴾ ☆ مُنزّل لہ ...... منزلہ است ۱۲ ...... نازل شدہ ہے ۱۲ ☆ ماتقدم ...... پیشین ۱۲ ...... پہلے گذرا ۱۲ ☆ ہر چند ...... اگر چہ ۱۲

☆ کریمہ ...... مبتدا ۱۲ ...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ شاہد ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے ۱۲ ☆ رنگ ...... مانند ۱۲ ...... مثل ۱۲ ☆ یمین ...... راست ۱۲ ...... دایاں ۱۲ ☆ یسار ...... چپ ۱۲ ...... بایاں ۱۲ ☆ اولیاءِ عزلت ...... یعنی گوشہ نشینان ۱۲ ...... گوشہ نشینی اختیار کرنے والے ۱۲ ☆ ارباب ...... اولیاء کرام ۱۲ ☆ جنب ...... پہلو ۱۲ ...... ایک طرف ۱۲ ☆ راہ ...... ماندہ ۱۲ ...... گھٹیا ۱۲

☆ کالمطروح ...... درنگ چیزے در راہ انداختہ شدہ یعنی حقیر و بیکار ۱۲ ☆ زینہ ہا ...... بالکسر ز دبان یعنی ذریعہ ۱۲ ...... زا کی زیر ہے سیڑھی یعنی ذریعہ ۱۲ ☆ شعور ...... علم ۱۲ ☆ گرانست ...... ثقیل ۱۲ ...... بوجھل، وزنی ۱۲ ☆ بعد عہد نبوت دوری زمانہ پیغمبری ...... زمانہ پیغمبری سے دوری ۱۲ ☆ چہ توان کرد ...... کہ از خود نگویم ۱۲ ...... میں اپنی طرف سے نہیں کہتا ۱۲

☆ متفق ...... ام ۱۲ ...... میں متفق ہوں ۱۲ ☆ تفصیل ...... نمودہ اند ۱۲ ...... تفصیلی کردیا ہے ۱۲ ☆ تا زمانے ...... مادام ۱۲ ...... جب تک ۱۲ ☆ ثبت کردہ اند ...... نوشتہ اند ۱۲ ...... لکھا ہے ۱۲ ☆ نوشتہ اند ...... علماء ۱۲ ...... علماء نے لکھا ہے ۱۲ ☆ آن

Marfat.com

موطن ......آن مقام ۱۲......اس مقام ۱۲

﴿صہ ۵۵﴾ ☆ مملو ...... پرکردہ شدہ ۱۲...... بھرا ہوا ۱۲ ☆ منفرد یگانہ ۱۲...... یکتا، ممتاز ۱۲ ☆ محفوف ...... بدوفا گرداگرد گرفتہ شدہ ۱۲ دوفا کے ساتھ ...... گرداگرد گھیرا گیا ۱۲ ☆ عزائے ...... ماتم پرسی ۱۲ ☆ علم باللہ ...... معرفت حق جل وعلا ۱۲ ☆ علم حیض ...... یعنی علم باحکام شرعیہ عملیہ ۱۲...... یعنی احکام شرعیہ عملیہ کا علم ۱۲ ☆ انحطاطی ...... بالکسر وحائے مہملہ فرود آمدن یعنی پستی وتنزل ۱۲...... الف کی زیر اور حا بغیر نقطہ نیچے اترنا یعنی پستی وتنزل ۱۲ ☆ پیغمبر ...... است ۱۲...... پیغمبر ہے

☆ دیگران ...... از صحابہ ۱۲...... صحابہ میں سے دوسرے ۱۲ ☆ جدا نشدند ...... زیرا کہ در حجرہ شریفہ پہلوئے آں سرور مدفون اند ۱۲...... کیونکہ حجرہ شریفہ میں آنحضرت ﷺ کے پہلو میں دفن ہیں ۱۲ ☆ وحشر نیز ...... یعنی حشر آن سرور انبیا علیہم الصلوات والتسلیمات ۱۲...... یعنی حضور اور انبیا علیہم الصلوات والتسلیمات کا حشر ۱۲ ☆ این حقیر ...... حضرت مجدد ۱۲ ☆ ذرہ را ...... زیرا کہ ۱۲...... کیونکہ اس واسطے کہ ۱۲ ☆ بحرعمان ...... دریائے ۱۲...... دریائے عمان ۱۲ ☆ دعوت خلق ...... بحق ۱۲ مخلوق کو خدا کی طرف دعوت دینا ۱۲ ☆ مرجوع اند ...... بسوئے خلق ۱۲...... مخلوق کی طرف ۱۲ ☆ فراست ...... خا کی زیر ...... زیرکی ۱۲...... دانائی ۱۲ ☆ متتابعہ ...... متوارہ ۱۲...... متواتر خبریں ۱۲ ☆ فی الجملہ ...... اندکے ۱۲...... تھوڑے سے ۱۲

﴿صہ ۵۶﴾ ☆ وآنکہ ...... مبتدا ۱۲...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ از ارباب ...... خبر ۱۲...... یہ خبر ہے ۱۲ ☆ جہالت ...... نادانی و بے علمی ۱۲ ☆ جہالت ...... قول او ۱۲...... اس کا قول ۱۲ ☆ ایشان ...... مشائخ نقشبندیہ ۱۲ ☆ اَتم ...... کاملتر ۱۲...... بہت کامل ۱۲ ☆ چہ پے برند ...... نشان وعلامت ۱۲ ☆ کیف ...... یتصور ذلک ۱۲...... اس کا کیسے تصور کیا جاسکتا ہے ۱۲ ☆ معہود ...... معلوم ۱۲ ☆ دون ...... پائین ۱۲...... نیچے ...... کم ۱۲ ☆ سائر ...... باقی ۱۲ ☆ کما مر آنفا ...... چنانچہ گذشت بہ نزدیک ۱۲...... جیسا کہ قریب ہی گذرا ہے ۱۲ ☆ امیر ...... علی ۱۲...... حضرت علی ۱۲ ☆ حامل ...... بردارندہ ۱۲...... بوجھ اٹھانے والا ۱۲ ☆ مُفَوَّض ...... واگذاشتہ شدہ ۱۲...... کام کو سپرد کیا ہوا ۱۲

﴿صہ ۵۷﴾ ☆ فاطمہ ...... بنت رسول ۱۲...... رسول اللہ ﷺ کی بیٹی ۱۲ ☆ امامین ...... حسن وحسین ۱۲ ☆ خطیب ...... بغدادی ۱۲ ...... خطیب بغدادی ۱۲ ☆ محامل ...... معانی ۱۲ ☆ تمہید ...... کتابے است مختصر در اصول معرفت توحید ۱۲...... ایک مختصر کتاب ہے جو توحید کی معرفت کے اصولوں میں ہے ۱۲ ☆ شیخ ابن حجر ...... شیخ شہاب الدین احمد بن حجر الہیتمی نزیل مکۃ المشرفۃ ۱۲ ...... شہاب الدین احمد ابن حجر ہتمی مکہ مکرمہ میں رہائش اختیار کرنے والے ۱۲ ☆ وآنچہ ...... مبتدا ۱۲...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ مراد ...... خبر ۱۲...... یہ خبر ہے ۱۲ ☆ تفسیق ...... فاسق وبدکار دانستن وگفتن ۱۲...... فاسق وبدکار جاننا اور کہنا ۱۲ ☆ تضلیل ...... گمراہ دانستن وگمراہ گفتن ۱۲...... گمراہ جاننا اور گمراہ کہنا ۱۲ ☆ محاربان ...... کارزار کنندگان ۱۲...... جنگ کرنے والے ۱۲

﴿صہ ۵۸﴾ ☆ شمدیدًا الی ھنا تم ھا قال القاضی فی الشفا ۱۲ ...... یعنی یہاں تک پورا ہوگیا جو قاضی عیاض نے الشفا میں کہا ہے ۱۲ ☆ الغلاۃ ...... از حد تجاوز کنندگان ۱۲ ☆ ثقات ...... معتبرین ۱۲...... معتبر راوی حدیث ۱۲ ☆ اللّٰھم ...... اخرجہ احمد فی مسندہ عن العرباض بن ساریۃ ۱۲...... تاریخ الخلفاء ...... اس حدیث کو امام احمد نے اپنی مسند میں حضرت عرباض بن ساریہ سے روایت کیا ۱۲ ☆ امام اعظم ...... ابوحنیفہ کوفی ۱۲...... امام ابوحنیفہ کوفی ۱۲ ☆ مقبول است

Marfat.com

......متقبول ہے ۱۲ ☆ تلامیذ ......شاگردان ۱۲......جمع شاگرد ۱۲ ☆ آن ......نقل ۱۲......وہ نقل ۱۲ ☆ اَحَق ......سزاوارتر

۱۲......سب سے زیادہ لائق ۱۲ ☆ معاصر ......ہمعصر ۱۲......ہم زمانہ ۱۲ ☆ شاتم ......دشنام، دہندہ ۱۲......گالیاں دینے والا ۱۲

﴿صہ ۵۹﴾ ☆ شطر ......نصف ۱۲......آدھا ۱۲ ☆ او ......معاویہ ۱۲ ☆ اِثارۃ ......بالکسر، گرد بر، انگیختن و برخیزانیدن ۱۲......الف کے

نیچے زیر ہے، غبار اُڑانا اور رغبت دلانا ۱۲ ☆ قتلہ ......قاتلان ۱۲......قتل کرنے والے ۱۲ ☆ جنگ ......مبتدا ۱۲......یہ مبتدا ہے

۱۲ ☆ بواسطہ ......خبر ۱۲......یہ خبر ہے ۱۲ ☆ ایشان ......محاربان ......امیر ۱۲......حضرت علی سے جنگ کرنے والے ۱۲

☆ مخطی ......خطاوار ۱۲......غلطی کرنے والا ۱۲ ☆ آں ......یعنی ۱۲......وہ یعنی جنگ ۱۲ ☆ مخطی ......خطاوار ۱۲......خطا

کرنے والا ۱۲ ☆ محق ......حق دار ۱۲ ☆ است ......اور ۱۲......اسکو ۱۲

﴿صہ ۶۰﴾ ☆ امامت ......مسئلہ بحث امامت ۱۲......امامت کی بحث کا مسئلہ ۱۲ ☆ مردہ ......جمع مارد بمعنی سرکش ۱۲ ☆ جہلہ

......نادان ۱۲ ☆ اِلّا ......ورنہ ۱۲ ☆ ناجیہ ......اہل سنت ۱۲

....

دوسو باونواں مکتوب ﴿۲۵۲﴾

جناب شیخ بدیع الدین کی طرف صادر فرمایا......بعض سوالات کے جواب میں اور اُس کے مناسب بیان میں ۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی (تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں اور اس کے برگزیدہ بندوں پر سلام ہو) ......سعادت مند بھائی کا مکتوب موصول ہو کر بہت زیادہ خوشی کا باعث ہوا......آپ نے جو سوالات کئے تھے ان کے جواب میں آپ کو معلوم ہو کہ حضرت نوح اور حضرت ابراہیم صلوات اللہ تعالیٰ وتسلیماتہ سبحانہ علی نبینا وعلیہما کا مبدأ تعین (سرچشمہ) ''صفت العلم'' ہے اور جیسا کہ تعینِ محمدی علیہ الصلوۃ والسلام کا مبدأ یہی صفت (صفت العلم) ہے، فرق صرف جہات اور اعتبارات کا ہے، کیونکہ اس صفت کی ایک جانب عالِم کی طرف ہے اور دوسری معلوم کی طرف۔ پہلی وجہ (جانب) وحدت کے مناسب ہے اور دوسری وجہ کثرت کے موافق۔ اور اس صفت کے لئے بھی اجمال وتفصیل ہے کہ ہر ایک اعتبار کسی ایک بزرگ کے مبدأ تعین سے ہے۔

دوسرے وہ معارف جو نبوت وولایت کا بار اُٹھانے سے تعلق رکھتے ہیں وہ خواجہ محمد اشرف کے نام والے مکتوب ۲۵۱ میں تفصیل کے ساتھ درج ہو چکے ہیں دوبارہ لکھنے کی ضرورت نہیں ہے وہاں سے معلوم کر لیں ......دوسرے یہ کہ (فقیر) چاہتا تھا کہ اس استفسار کے جواب میں کہ قطب اور غوث اور خلیفہ کے درمیان کیا فرق ہے، کچھ لکھے، لیکن اذن نہ ہوا۔ ان کو دوسرے وقت کیلئے موقوف رکھیں۔ والسلام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۶۱﴾ لے قولہ ہریک از اعتبار یعنی مذکورہ اعتبارات میں سے ہر اعتبار جو عالم کی جہت اور معلوم کی جہت اور اجمال کی جہت اور

Marfat.com

تفصیل کی جہت سے ہے بزرگ کا مبدأ تعین ہے یعنی حضرت نوح اور حضرت ابراہیم اور حضرت محمد علیہ الصلوات والتسلیمات کا ہوا۔ اس کی تفصیل دوسرے مقام میں ہے ۱۲

۲ یعنی مکتوب دوسو اکیاون ۲۵۱ جو اس سے پہلے ہے ۱۲

۳ جاننا چاہیے کہ ان تینوں کے معنے اور ان کے درمیان فرق مکتوب دوسو چھپن جلد اول (جو شیخ بدیع الدین کے نام صادر ہوا ہے) میں درج ہے یعنی تین مکتوب کے بعد والا ۱۲

....

☆ متن ...... بین السطور...... معانی

﴿صہ ۶۱﴾ ☆ صفت...... علم ۱۲ ☆ وجہ...... روئے ۱۲...... چہرہ ۱۲ ☆ بعالم...... دانندہ ۱۲...... جاننے والا ۱۲ ☆ بمعلوم...... دانستہ شدہ ۱۲...... جانا ہوا ۱۲ ☆ وجہ...... جہت ۱۲...... طرف ۱۲ ☆ ملائم...... مناسب ۱۲ ☆ خواست...... این فقیر ۱۲...... شیخ مجدد ۱۲

☆ ماذون...... از حق جل وعلا ۱۲...... اللہ تعالیٰ سے ۱۲

....

دوسوترپنواں مکتوب ﴿۲۵۳﴾

مشیخت مآب شیخ ادریس سامانی کی طرف صادر فرمایا............ ان کے سوالات کے جواب میں اور اس راہ کی بے نہایتی اور رمز و اجمال کے طور پر بعض مقامات و منازل کی تفصیل کے بیان میں۔

حمد و صلوٰۃ اور تبلیغ دعوات کے بعد عرض ہے کہ اس طرف کے فقراء کے اوضاع و احوال حمد کے لائق ہیں، اور اللہ سبحانہٗ کے حضور میں آپ کے لئے آنحضرت علی صاحبہا الصلوۃ والسلام والتحیۃ کے پسندیدہ طریقے پر سلامتی، عافیت، ثابت قدمی اور استقامت کا سوال کرتا ہوں .... ان احوال و مواجید کا بیان جو (آپ نے) مولانا عبدالمومن کی زبانی حوالہ کیا تھا، اور ان کا جواب چاہا تھا، مولانا نے مفصل طور پر اس کو بیان کر کے کہا کہ آپ نے فرمایا ہے "کہ اگر میں زمین کی طرف نظر کرتا ہوں تو زمین کو نہیں پاتا اور اگر آسمان کی جانب دیکھتا ہوں تو اس کو بھی نہیں پاتا اور اسی طرح عرش و کرسی، بہشت و دوزخ کا وجود بھی نہیں پاتا، اور اگر کسی شخص کے پاس جاتا ہوں تو اس کا وجود بھی نہیں پاتا اور خود کو بھی موجود نہیں جانتا............ اور حق جل شانہٗ کا وجود بے پایاں ہے اس کی نہایت کو کسی نے نہیں پایا۔ بزرگان (مشائخ طریقت) اسی مقام تک کی گفتگو کرتے ہیں اور یہاں تک پہنچ کر وہ (مزید) سیر سے عاجز ہو گئے ہیں۔ اور اس معنی سے زیادہ (سلوک) اختیار نہیں کر سکے .... اگر آپ بھی اسی کو کمال سمجھتے ہیں اور اسی مقام میں ہیں تو پھر میں آپ کے پاس کس لئے آؤں اور کیوں (تکلیف) برداشت کروں۔ اور اگر اس کمال کے علاوہ کوئی اور امر ہے تو اس کی اطلاع دیں تاکہ میں ایک دوست کے ساتھ جو بہت زیادہ درد و طلب رکھتا ہے آپ کی خدمت میں حاضر ہوں۔ اس تردد کے حصول کی وجہ سے حاضر ہونے میں چند سال توقف رہا"

میرے مخدوم! یہ احوال اور انہی احوال کے مثل (واقعات) قلب کے تلوینات کی وجہ سے ہیں۔ ایسا معلوم

Marfat.com

ہوتا ہے کہ ان احوال والے شخص نے مقاماتِ قلب سے ابھی چوتھے حصے سے زیادہ طے نہیں کیا، مقاماتِ قلب کے تین حصے اور طے کرنے چاہیں تاکہ قلب کا معاملہ پورے طور پر طے ہو جائے۔ قلب کے بعد روح کا معاملہ اور روح کے بعد سر ہے، سر کے بعد خفی پھر اس کے بعد اخفیٰ ہے۔ ان باقی ماندہ چاروں (مقامات) میں سے ہر ایک کے احوال و مواجید علیحدہ ہیں لہٰذا ہر ایک کو جدا جدا طے کرنا چاہیے اور ہر ایک کے کمالات سے مزین ہونا چاہیے......عالمِ امر کے ان پنجگانہ (پانچوں لطائف) سے گذرنے کے بعد اور ان کی اصول کی منازل کو درجہ بدرجہ طے کرنے کے بعد اور اسماء وصفات کے مدارجِ ظلال طے کرنے کے بعد جو کہ درجہ بدرجہ ان اصولوں کے اصول ہیں، اسماء وصفات کی تجلیاتِ اور شیون واعتبارات کے ظہورات ہیں، ان تجلیات سے گذرنے کے بعد تجلیاتِ ذات تعالیٰ وتقدس ہے۔ اس وقت یہ معاملہ نفس کے اطمینان پر آ جاتا ہے اور پروردگار جل سلطانہٗ کی رضا کا حصول میسر ہو جاتا ہے۔ اور وہ کمالاتِ جو اس مقام (رضا واطمینان کے مقام) پر حاصل ہوتے ہیں ان کے مقابلے میں سابقہ کمالات دریائے محیط کے مقابلے میں قطرہ کا حکم رکھتے ہیں۔ اس جگہ شرح صدر میسر ہوتا ہے اور (انسان) اسلامِ حقیقی سے مشرف ہو جاتا ہے۔ ع

کار ایں است غیر ایں ہمہ ہیچ
(کام بس یہ ہے اور باقی ہے)

اسماء وصفات کی وہ تجلیاتِ جو عالمِ امر کے ان پنجگانہ منازل کو مع ان کے اصول اور اصولِ اصول کے قطع کرنے سے پہلے متوہم معلوم ہوتی ہیں وہ عالمِ امر کے بعض خواص کے ظہورات ہیں جو بے چونی اور لامکانیت سے کچھ حصہ رکھتے ہیں نہ کہ اسماء وصفات کی تجلیات سے کسی سالک نے اسی مقام پر کہا ہے کہ میں تیس سال تک روح کو خدا سمجھ کر اس کی پرستش کرتا رہا۔ لہٰذا وصول کہاں اور سیری کس کے لئے۔ شعر

كَيْفَ الْوُصُوْلُ إِلٰى سُعَادَ وَدُوْنَهَا قُلَلُ الْجِبَالِ وَدُوْنَهُنَّ خُيُوْفُ
(کس طرح پہنچوں درِ محبوب تک درمیاں ہیں پر خطر کوہ اور غار)

چونکہ آپ نے خصوصیت کے ساتھ اس راہ کی حقیقت کی طلب ظاہر کی تھی لہٰذا مختصر طور پر اس کا کچھ بیان تحریر کیا گیا ہے۔ وَالْاَمْرُ عِنْدَ اللّٰہِ سُبْحَانَہٗ (اور اصل معاملہ اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے)۔ والسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَعَلٰی مَنْ لَّدَیْکُمْ (آپ پر آپ کے احباب پر سلام ہو)

﴿حاشیہ متن﴾

۱ ﴿ص ۶۲﴾ جو شیخ ادریس سامانی کے قول میں ہے کہ "اگر زمین کی طرف نظر کروں تو میں زمین کو نہیں پاتا (آخر تک) مذکور ہوا ہے ۱۲

۲ اس مقام کی شرح کے لئے اجمال کے طریقہ پر مکتوب نمبر ۲۵۷ کا مطالعہ کرنا چاہیے، جو عنقریب آ رہا ہے ۱۲

ے یعنی سُعاد تک پہنچنا کیسے تصور کیا جا سکتا ہے جبکہ اس سے پہلے پہاڑوں کی چوٹیاں اور پستیاں ہیں ان سے گذرنا اور ان کو عبور کرنا بہت دشوار اور مشکل ہے ۱۲

....

Marfat.com

☆متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۶۱﴾ ☆ وانمود ...... ظاہر ساخت ۱۲ ...... ظاہر کیا ۱۲ ☆ فرمودہ اند ...... شیخ ادریس ۱۲

﴿صہ ۶۲﴾ ☆ بزرگان ...... مشائخ طریقت ۱۲ ☆ نمودہ اند ...... زعم شیخ ادریس ۱۲ ...... شیخ ادریس کا زعم ہے ۱۲ ☆ مقامید ...... مقام ہستید ۱۲ ...... مقام میں ہیں ۱۲ ☆ تصدیع ...... رنج ۱۲ ...... غم ۱۲ ☆ مخدوما ...... جواب قولِ ادریس سامانی ۱۲ ...... شیخ ادریس سامانی کے قول کا جواب ۱۲ ☆ تلوینات ...... احوال ۱۲ ...... حالات ۱۲ ☆ مشہود ...... بفقیر ۱۲ ...... شیخ مجدد ۱۲ ☆ متحلّی ...... متزین ۱۲ ...... مزین کیا ہوا ۱۲ ☆ اعتبارات ...... است ۱۲ ...... ہے ۱۲ ☆ درین موطن ...... رضا و اطمینان ۱۲

☆ سالکے ...... راہ روے براہِ حقیقت ۱۲ ...... حقیقت کے راستے پر چلنے والا ۱۲ ☆ شمّہ ...... اندکے ۱۲ ...... تھوڑا ۱۲

....

دوسو چونواں مکتوب ﴿۲۵۴﴾

ملا احمد برکی کی طرف صادر فرمایا ...... بعض سوالات کے جواب میں جو انہوں نے دریافت کئے تھے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِهِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی (تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں اور اس کے برگزیدہ بندوں پر سلام ہو) ...... آپ نے لکھا تھا کہ بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ آدمی جو کچھ کرے وہ صاحب زماں کے حکم سے کرے تاکہ اس کا نتیجہ برآمد ہو، اگرچہ وہ مشروع کام ہوتا اگر یہ بات صحیح ہے تو بندہ تمام مشروعات میں حکم کا امیدوار ہے؟ ...... میرے مخدوم! بزرگوں کا قول صحیح ہے، اور آپ کے بارے میں اذن (اجازت) حاصل کر کے ماذون (صاحب اجازت) کیا ہے۔ لیکن جاننا چاہیے کہ نتیجہ سے مراد ایک محدود نتیجہ ہے نہ کہ مطلقاً۔

نیز آپ نے لکھا تھا کہ ایک رسالہ میں یہ تحریر دیکھی ہے کہ حضرت خواجہ احرار قدس سرہٗ نے فرمایا ہے کہ "قرآن بحقیقت از مرتبہ عین جمع است" (یعنی قرآن مجید حقیقت میں مرتبہ عین سے جمع ہے) یعنی ذات تعالیٰ و تقدس کی احدیت سے ہے ...... لہٰذا جو کچھ رسالہ مبدا و معاد میں تحریر کیا گیا۔ کہ حقیقت کعبہ ربانی، حقیقتِ قرآنی سے بلند و بالا ہے، اس کے کیا معنی ہوں گے؟ ...... میرے مخدوم! احدیت ذات سے مراد، احدیتِ مجردہ نہیں ہے کہ جس میں کوئی صفت و شان ملحوظ نہ ہو، کیونکہ حقیقتِ قرآن کا منشا صفتِ کلام سے ہے جو صفاتِ ثمانیہ (آٹھ صفات) میں سے ایک صفت ہے اور حقیقتِ کعبہ کا مبدا و منشا وہ مرتبہ ہے جو شیونات و صفات کی تلونیات سے برتر ہے اس لئے اس کی فوقیت کی گنجائش ہوگی۔

نیز آپ نے لکھا تھا کہ بعض تفاسیر میں درج ہے کہ اگر کوئی یہ کہے کہ میں کعبہ کو سجدہ کرتا ہوں تو وہ کافر ہو جاتا ہے کیونکہ سجدہ کعبہ کی جانب ہے نہ کہ کعبہ کو۔ اور دوسری جگہ لکھا ہے کہ ابتدائے اسلام میں سجدہ میں "لَكَ سَجَدْتُ" (میں نے تیرے لئے سجدہ کیا) کہتے تھے۔ ضمیروں کا مدلول نفسِ ذاتِ تعالیٰ و تقدس ہے۔ لہٰذا

Marfat.com

رسالہ مبدا و معاد میں جو کچھ تحریر کیا گیا کہ کعبہ کی صورت جس طرح اشیاء کی صورتوں کی مسجود ہے اسی طرح کعبہ کی حقیقت بھی اشیاء کے حقائق کی مسجود ہے۔ اس کا کیا مطلب ہے؟...... میرے مخدوم! یہ عبارتوں کے مسامحات (فروگذاشت اور آسانی کرنا) سے ہے، جیسے کہ کہتے ہیں کہ ''آدم مسجود ملائکہ ہے'' حالانکہ سجدہ صرف خالق جل سلطانہٗ کے لئے ہے نہ کہ اس کی مخلوق اور اس کی مصنوع کے لئے، خواہ وہ کوئی مخلوق ہو......آپ کو، آپ کے ساتھیوں اور دوستوں بالخصوص ملا پاینده و شیخ حسن کو سلام ہو۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۶۳﴾ ۱ قولہ بملا احمد برکی: کابل اور قندھار کے درمیان برک ایک شہر ہے، آپ اسی شہر کے علماء میں سے تھے، آپ کے دوستوں میں سے ایک تاجر جو ہندوستان آیا ہوا تھا اور وہ حضرت مجدد قدس سرہٗ کی آستان بوسی کا شرف حاصل کر کے وطن واپس گیا اور اپنے ساتھ حضرت کے مکتوبات کا کچھ حصہ لیتا گیا، مولانا نے ان کا مطالعہ بہت شوق کے ساتھ کیا تو تاخیر کئے بغیر بلدہ شریفہ (سرہند) کا عزم کیا۔ جب آپ وہاں پہنچے تو عنایات کی نظریں حاصل کیں اور خدمت عالیہ میں کامل اخلاص و آداب اور خدمات کے ساتھ رہنے لگے اور درجہ کمال کو پہنچے اور ایک ہفتے کی مدت میں تعلیم طریقت کے لئے مجاز ہوگئے اور اپنے وطن کے لئے رخصت کئے گئے، جب آپ (وطن) واپس آئے تو حسب حکم اس عظیم کام میں مشغول ہوگئے۔

مولانا نے ۱۰۲۶ھ میں سفر آخرت اختیار کیا۔ حضرت مجدد قدس سرہٗ نے فاتحہ اور بہت سی دعاؤں سے ان کی روح کو خوش کیا۔ الخ (زبدۃ المقامات باختصار) ۱۲

۲ کیونکہ خواجہ احرار کے کلام کی رو سے حقیقت قرآنی احدیت ذات ہے اور احدیت ذات پر فوقیت محال در محال ہے ۱۲

۳ کیونکہ سابقہ دونوں اقوال سے معلوم ہوا کہ مسجود سوائے ذات حق جل وعلا کے کوئی نہیں ہے ۱۲

۴ جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ مبدا و معاد کی عبادت میں مسجود بمعنی مسجود الیہ ہے پس اشکال دور ہوگیا ۱۲

ـ قولہ صفات ثمانیہ یعنی حیات، علم، قدرت، ارادہ، کلام، سمع، بصر اور تکوین سے ۱۲

ـ قولہ صفت کلام است: پس احدیت ذات احدیث مجردہ سے بغیر ملاحظہ صفات کس طرح اسکی مراد رکھی ہے جو نفس الامر کے خلاف ہے ۱۲

....

☆متن...... بین السطور...... معانی

﴿صہ ۶۳﴾ ☆نوشتہ......سوال اول ۱۲...... پہلا سوال ۱۲ ☆مخدوما...... جواب ۱۲ ☆حاصل کردہ ......یعنی از صاحب زمان ۱۲ ......یعنی صاحب زمان سے اجازت حاصل کئے ہوئے ۱۲ ☆نوشتہ بودند......سوال دوم ۱۲...... دوسرا سوال ۱۲ ☆احرار......عبید اللہ ۱۲ ☆مخدوما......جواب ۱۲ ☆مراد از احدیت ذات......کہ در عبادت خواجہ احرار واقع شدہ است ۱۲......جو خواجہ احرار کی عبارت میں واقع ہوا ہے ۱۲ ☆کہ ہیچ...... بیان تجرد منفی ۱۲...... تجرد منفی کا بیان ۱۲ ☆ناشی...... پیدا ۱۲ ☆نوشتہ بودند......سوال سوم ۱۲......تیسرا سوال ۱۲ ☆بکعبہ......یعنی کعبہ مسجود الیہ است نہ مسجود لہ ۱۲......یعنی کعبہ مسجود الیہ ہے مسجود لہ نہیں ۱۲ ☆لَکَ سَجَدْتُ......یعنی سجدہ کردم ترا اے حق تعالیٰ ۱۲......اے اللہ تعالیٰ! میں نے تجھے سجدہ کیا ۱۲ ☆مدلول...... دلالت کیا گیا...... بتایا گیا......معنی ☆مخدوما......جواب ۱۲ ☆مسجود ملائکہ است......وحالانکہ ۱۲......حالانکہ سجدہ خاص خالق کو ہے ۱۲

Marfat.com

دوسو پچپنواں مکتوب (۲۵۵)

ملا طاہر لاہوری کی طرف صادر فرمایا .... روشن سنت کے زندہ کرنے اور ناپسندیدہ بدعت کے دور کرنے کی ترغیب میں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِهِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی (اللہ تعالیٰ کی حمد ہے اور اس کے برگزیدہ بندوں پر سلام ہو) گرامی نامہ جو حافظ بہاء الدین کے ہمراہ روانہ کیا تھا پہنچ کر بہت زیادہ خوشی کا باعث ہوا .... یہ کتنی بڑی نعمت ہے کہ محبان اور مخلصان اپنی تمام توجہ اور ہمت کے ساتھ کسی سنتِ مصطفویہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیہ میں سے کسی سنت کے زندہ کرنے میں متوجہ ہوں، اور (ساتھ ہی ساتھ) اپنی پوری تن دہی کے ساتھ منکر و ناپسندیدہ بدعتوں میں سے کسی بدعت کے دفع کرنے میں مستعد ہوں۔ سنت اور بدعت ایک دوسرے کی ضد ہیں اور ایک کے وجود سے دوسرے کی نفی لازم آتی ہے، لہذا ایک کے زندہ کرنے سے دوسرے کی موت واقع ہو جاتی ہے۔ یعنی سنت کا زندہ کرنا بدعت کو مردہ کرنا ہے اور (اسی طرح) اس کے برعکس بھی (قیاس کر لیجئے) .... پس بدعت، خواہ اس کو حَسَنَہ (نیک) کہیں یا سیئہ (بری) (ہر حال میں اس سے) سنت کا دور کرنا لازم آتا ہے۔ شاید (حسنہ کہہ کر) حُسنِ نسبی کی وجہ سے اعتبار کر لیا ہو (یعنی اس سے اضافی حسن مراد لیتے ہوں) ورنہ حسن مطلق کی وہاں گنجائش نہیں ہے کیونکہ تمام سنتیں حق جل سلطانہٗ کی مرضیات (پسندیدہ) ہیں اور ان کی اضداد (بدعتیں) مرضیاتِ شیطان ہیں .... آج یہ بات بدعت کی اشاعت کی وجہ سے اگرچہ بہت سے لوگوں پر گراں ہے لیکن کل (قیامت کے دن) ان کو معلوم ہو جائے گا کہ ہم ہدایت پر ہیں یا وہ لوگ۔

منقول ہے کہ حضرت مہدی اپنی سلطنت کے زمانے میں جب دین کی ترویج کریں گے اور احیائے سنت کا حکم دیں گے تو مدینہ کا عالم جس نے بدعت پر عمل کرنا اپنی عادت بنا لی ہوگی اور اس (بدعت) کو اچھا سمجھ کر دین کے ساتھ ملا لیا ہوگا وہ تعجب سے کہے گا کہ اس شخص (امام مہدی) نے ہمارے دین کو ختم کر کے ہماری ملت کو مار ڈالا ہے۔ حضرت مہدی اس عالم کے قتل کا حکم فرمائیں گے۔ اور اس کے حسنہ (اچھائی) کو سیئہ (برائی) خیال کریں گے۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (جمعہ ۶۲، آیت ۴) (یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جس کو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ بہت بڑے فضل والا ہے)

وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَعَلٰی سَائِرِ مَنْ لَّدَيْكُمْ (آپ پر اور جو آپ کے ساتھ ہیں ان سب پر سلام ہو۔ .... فقیر پر نسیان (بھول) کا غلبہ ہے، معلوم نہیں کہ آپ کے خط کو کس کے سپرد کیا تھا تا کہ سوالات کے موافق جواب لکھتا لہذا معذور خیال فرمائیں .... میاں شیخ احمد فرملی دوستوں میں سے ہیں۔ چونکہ وہ آپ کے قرب و جوار میں رہتے ہیں لہذا امید ہے کہ ان کے حق میں التفاوت و توجہ کو مدنظر رکھیں گے۔

Marfat.com

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۶۳﴾ ا؂ مولانا شیخ محمد طاہر رحمہ اللہ تعالیٰ حضرت مجدد قدس سرہ کے عظیم مریدوں میں سے تھے، آپ ریاضاتِ شاقہ اور مجاہداتِ شدیدہ کراماتِ ظاہرہ اور خوارق باہرہ والوں میں سے تھے، صاحب احوالِ عالی اور مناقب فاخرہ تھے، نیز ماہرِ علوم اور حافظ قرآن تھے۔علوم وفنون کے حاصل کرنے کے بعد آپ کو سلوکِ طریقت کا شوق پیدا ہوا اور خود کو انہوں نے آپ کے آستانہ عالیہ میں پہنچایا۔اور برسوں وہاں نہایت خاکساری، جان سپاری اور عاجزی اور انکساری کے ساتھ قیام کیا۔اور پہنچے جہاں تک پہنچے اور پایا جو کچھ پایا۔
اس کے علاوہ آپ صاحبزادوں کی تعلیم کی خدمت کے سلسلے میں بہت کوشش کرتے تھے۔آپ پر حضرت مجدد کا رعب اس قدر تھا کہ بیان نہیں ہوسکتا۔الخ ۱۲ زبدۃ المقامات باختصار ۱۲

....

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ۶۳﴾ ☆ بمصحوب......ہمراہ ۱۲ ☆ اِحیاء......زندہ نمودن ۱۲......زندہ رکھنا ۱۲ ☆ احیاء......زندہ کردن ۱۲......زندہ کرنا ۱۲ ☆ اماتت......میرانیدن ۱۲......مارنا، مردہ کرنا ۱۲ ☆ مگر......شاید ۱۲ ☆ حُسن نِسبی......یعنی نسبت بچیزے نہ فی حد ذاتہا ۱۲......یعنی کسی چیز کی نسبت سے حُسن ہوا ن دونوں کی ذات میں نہیں ۱۲ ☆ مَراضی...... پسندیدہ خدا تعالیٰ ۱۲......اللہ تعالیٰ کی پسندیدہ ۱۲ ☆ اَضداد......یعنی بدعتہا ۱۲......یعنی بدعتیں ۱۲ ☆ فردا......روز قیامت ۱۲......قیامت کے دن ۱۲ ☆ مَہدی موعود ۱۲......قیامت کے قریب آنے والے مہدی جن کے آنے کا وعدہ ہے ۱۲ ☆ حسن......نیکو ۱۲......نیک ۱۲ ☆ این مرد......مہدی ۱۲

....

دوسو چھپنواں مکتوب ﴿۲۵۶﴾

میاں شیخ بدیع الدین کی طرف صادر فرمایا......ان سوالوں کے جواب میں جو انہوں نے دریافت کئے تھے کہ قطب وقطب الاقطاب اور غوث وخلیفہ کے کیا معنی ہیں؟ اور دریافت کیا تھا کہ اس حدیث لَوِاتُزِنَ اِیْمَانُ اَبِیْ بَکْرٍ الخ کی کیا تحقیق ہے؟ اور اس کے مناسب بیان میں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی (اللہ تعالیٰ کی حمد ہے اور اس کے برگزیدہ بندوں پر سلام ہو)......گرامی نامہ جو آپ نے ایک درویش کے ہمراہ ارسال کیا تھا موصول ہوکر بہت زیادہ مسرت کا باعث ہوا......آپ نے دریافت کیا تھا کہ قطب و قطب الاقطاب، غوث اور خلیفہ کے کیا معنی ہیں؟۔ اور ان میں سے ہر ایک کس خدمت پر مامور ہے، اور وہ اپنی خدمت سے مطلع ہیں یا نہیں؟۔ اور قطب الاقطاب کو جو بشارت (احکام) عالمِ غیب سے پہنچتی ہے اس کی کوئی اصل ہے یا وہم وخیال کا اختراع ہے؟......

Marfat.com

جاننا چاہیے کہ نبی علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات کے کامل تابعدار، مکمل طور پر تابعداری کرنے کی وجہ سے جب مقام نبوت کے کمالات کو تمام کر لیتے ہیں تو ان میں سے بعض کو منصبِ امامت پر سرفراز کرتے ہیں اور بعض کو محض اس کمال کے حصول پر ہی اکتفا فرماتے ہیں۔ یہ دونوں بزرگ اس کمال کے نفسِ حصول میں برابر ہیں، فرق صرف مرتبہ وعدم مرتبہ کا ہے اور ان امور کا بھی جو اس منصب سے تعلق رکھتے ہیں .... جو حضرات ولایتِ نبوت کے کمالات کی پوری طرح تکمیل کر لیتے ہیں (تو ان میں سے) بعض کو منصبِ خلافت پر مشرف فرماتے ہیں اور بعض کو محض ان ہی کمالات کے حصول پر اکتفا کرتے ہیں، جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا .... یہ دونوں منصب (خلافت وامامت) کمالاتِ اصلیہ سے تعلق رکھتے ہیں اور کمالاتِ ظلیہ میں منصبِ امامت کے مناسب قطبِ ارشاد کا منصب ہے، اور منصبِ خلافت کے مناسب منصبِ قطبِ مدار ہے، گویا یہ دونوں مقام ان دونوں مقاموں کے ظلال کے تحت ہیں (یعنی منصبِ امامت و منصب خلافت کا مقام ان کے اوپر ہے) .... اور شیخ محی الدین العربی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک غوث ہی قطبِ مدار ہے۔ ان کے نزدیک غوثیت کا مرتبہ، منصبِ قطبیت سے علیحدہ کوئی منصب نہیں ہے .... اور جو کچھ اس فقیر کا عقیدہ ہے وہ یہ ہے کہ غوث قطبِ مدار کے علاوہ ہے بلکہ اس (قطبِ مدار) کا مددومعاون ہے۔ قطبِ مدار بعض امور میں اس سے مدد لیتا ہے اور ابدال کے منصب مقرر کرنے میں بھی اس کو دخل ہے اور قطب کو باعتبار اس کے اعوان وانصار کے قطب الاقطاب بھی کہتے ہیں، کیونکہ قطب الاقطاب کے اعوان وانصار اقطابِ حکمی ہیں یہی وجہ ہے صاحب فتوحات مکیہ لکھتے ہیں: مَا مِنْ قَرْيَةٍ مُؤْمِنَةً كَانَتْ أَوْ كَافِرَةً إِلَّا وَفِيهَا قُطْبٌ: (مومنوں یا کافروں کا کوئی قریہ ایسا نہیں ہے جس میں قطب نہ ہو) .... جاننا چاہیے کہ صاحبِ منصب کو یقیناً اپنے منصب کا علم ہوتا ہے، اور وہ جو اس منصب کا کمال رکھتا ہے لیکن منصب نہیں رکھتا اس کے لئے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ اربابِ علم ہو اور اپنی خدمت سے مطلع بھی ہو .... اور وہ بشارت جو اس کو عالم غیب سے پہنچتی ہے اس مقام کے کمالات حاصل ہونے کی بشارت ہے نہ کہ اس مقام کے منصب کی بشارت جس کا تعلق علم سے ہے۔

نیز آپ نے دریافت کیا تھا کہ اس ایمان سے کیا مراد ہے جو اس حدیث میں ہے: لَوْ وُزِنَ إِيْمَانُ أَبِيْ بَكْرٍ مَعَ إِيْمَانِ أُمَّتِيْ لَرَجَحَ (اگر ابوبکرؓ کا ایمان میری ساری امت کے ایمان کے ساتھ وزن کیا جائے تو یقیناً وہ غالب رہے گا) اس سے کیا مراد ہے اور اس کی ترجیح کا کیا سبب ہے؟

.... جاننا چاہیے کہ ایمان کی ترجیح مُؤْمَنٌ بِہٖ (جن پر ایمان لایا جاتا ہے) کے رجحان کے باعث ہے چونکہ حضرت صدیق ﷺ کا متعلّق ایمان (جن کا ایمان سے تعلّق ہے) تمام امت کے متعلقاتِ ایمان سے فوق وبرتر ہے اس لئے یقیناً راجح و غالب ہوگا۔ میرے مخدوم! عروجات وترقیات میں (عارف وطالب کا) معاملہ یہاں تک پہنچ جاتا ہے کہ اگر ایک نقطہ زیادہ اوپر ہو جائے تو اس نقطہ عروج کے

Marfat.com

سبب جو کمال حاصل ہوا ہے وہ تمام سابقہ کمالات سے زیادہ ہو جاتا ہے، کیونکہ وہ نقطہ جو کچھ اس کے ماتحت ہے ان سب سے بالاتر ہے۔ اور یہی حال اس نقطہ کا ہے جو پہلے نقطہ پر فوقیت رکھتا ہے کیونکہ نقطہ ماتقدم مع اپنے ماتحت کے نقطہ فوق کے مقابلے میں حقیر ونقیر (کھجور کی گٹھلی کا گڑھا) ہے۔ .... اسی پر قیاس کر لیجئے لیں پس جس کے ایمان کا تعلق کمال بلندی پر ہو وہ بے شک ہر اس سے جو اس کے ماتحت (کمتر) ہو راجح و غالب ہوگا .... اسی وجہ سے کہا گیا ہے کہ عارف (باللہ) کا معاملہ بھی کچھ اسی طرح کا ہے کہ طرفۃ العین (پلک جھپکتے ہی) سابقہ تمام کمالات پر فوقیت حاصل کر لیتا ہے۔ اور اس فقیر کی تحقیق کے اندازے کے مطابق ایک لمحہ میں تمام کمالاتِ ماتقدم سے بھی زیادہ پیش قدمی کر لیتا ہے۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ط (یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جس کو چاہے عطا فرمائے اور اللہ تعالیٰ بہت بڑے فضل والا ہے) (جمعہ ۶۲، آیت ۴)

اور نیز آپ نے دریافت کیا تھا کہ شیخ ابن العربی اور ان کے متبعین نے لکھا ہے کہ جسقدر بچے حضرت موسیٰ علیٰ نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی وجہ سے قتل کیے گئے ان تمام مقتولوں کی قابلیت اور استعدادیں حضرت موسیٰ علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام میں منتقل ہوگئیں۔ اس بات کی حقیقت مفصل طور پر تحریر فرمائیں؟ .... جاننا چاہیے کہ یہ بات صحیح ہے کیونکہ تحقیق سے ثابت ہے کہ جس طرح ایک شخص کو پوری جماعت کے کمالات حاصل ہونے کا سبب بناتے ہیں اسی طرح پوری جماعت کو بھی ایک شخص کے کمالات حاصل ہونے کا سبب بنا دیتے ہیں۔ پیر اگرچہ مریدوں کے کمالات کے حصول کا ذریعہ ہے لیکن مریدین بھی پیر کے کمالات کے اسباب ہیں .... اس حقیقت کو فقیر نے ماکولات و مشروبات (کھانے پینے کی چیزوں) میں جو اجزائے بدن ہوتی ہیں محسوس کیا ہے کہ ہر وہ لقمہ اور گھونٹ کہ (انسان) کھاتا پیتا ہے اس کی استعداد و قابلیت کی جامعیت کا سبب بنتا ہے اور اس کے علاوہ بھی قابلیت پیدا کرتا ہے۔ اور جب کبھی لذیذ کھانوں کے ترک کرنے کا قصد کرتا تھا تو روک دیا جاتا تھا، اور اس جامعیت اور قابلیت کے حاصل ہونے کی وجہ سے ان لذیذ کھانوں کو ترک کرنے کی اجازت نہ ملتی تھی۔ اور اکثر ایسا ہوا ہے کہ ایک کی استعداد اور دوسرے میں پوری کی پوری یا تھوڑی منتقل کر دی گئی۔ اور محسوس ہوتا ہے کہ ان میں سے ایک خالی رہ گئی اور دوسری جمعیت سے پُر ہے۔

نیز آپ نے دریافت کیا تھا کہ شیخ نجم الدین کبریٰ نے اپنے ایک مرید کو ایک بزرگ (شیخ مصلح الدین خجندی) کی خدمت میں بھیجا تاکہ ان کے توسل سے معلوم کریں کہ وہ کس پیغمبر کے زیر قدم ہیں۔ ان بزرگ نے فرمایا کہ تیرا جہود کس کام میں ہے .... شیخ نے اس عبارت سے سمجھ لیا کہ وہ حضرت موسیٰ صلوات اللہ تعالیٰ وتسلیماتہٗ علیٰ نبینا وعلیہ کے زیر قدم ہیں .... اس عبارت سے یہ مطلب کس طرح لیا گیا ؟ .... (جواب) جاننا چاہیے کہ جہود، یہود کو کہتے ہیں جو حضرت موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی امت ہیں۔

آپ نے دریافت کیا تھا کہ نفحات میں لکھا ہے کہ تمام اولیاء کی ولایت مرنے کے بعد سلب ہو جاتی ہے

Marfat.com

سوائے چار آدمیوں کے؟.......... جاننا چاہیے کہ یہاں ولایت سے مراد ظہور کرامات و تصرفات ہے نہ کہ اصل ولایت جس سے قرب الٰہی جل سلطانہ مراد ہے، اور نیز سلب سے مراد کرامات کے ظہور کی کثرت کا سلب ہونا ہے نہ کہ اس ظہور کے اصل کا سلب، چونکہ یہ بات کشفی ہے اور کشف میں خطا کی بہت گنجائش ہے۔ (معلوم نہیں کہ صاحب کشف نے کیا دیکھا اور کیا سمجھا۔

نیز آپ نے اولیاء کی بعض کرامات کے ظہور کے متعلق دریافت کیا تھا.......... (جواب) آپ منتظر رہیں: سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا (طلاق ۶۵، آیت ۷) (اللہ تعالیٰ عنقریب تنگی کے بعد فراخی عطا فرمائے گا)

نیز آپ نے دریافت کیا تھا کہ نیشاپوری میں لکھا ہے کہ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ (کوثر ۱۰۸، آیت ۳) (بے شک آپ کا دشمن ہی جڑ کٹا اور بے اولاد ہے) (یعنی شَانِئَكَ) ''یا'' کے ساتھ تحقیق کیا ہے وہ ہمزہ کے ساتھ ہے یا ''یا'' کے ساتھ؟.......... (جواب) وہ ہمزہ کے ساتھ ہے اور جس نے یا کے ساتھ لکھا ہے اس کی قرأت غیر مشہور ہوگی۔

آپ نے دریافت کیا تھا کہ بعض عورتیں مشغولی (یعنی اخذِ طریقہ و توجہ) کی طلبگار ہیں؟ .... (جواب) اگر وہ محرم ہیں تو کوئی منع نہیں ورنہ پردہ میں بیٹھ کر طریقہ اخذ کریں۔

آپ نے دریافت کیا تھا کہ اہلِ حدیث نے ہر ماہ میں منحوس ایام قرار دیئے ہیں اور اس بارے میں وہ حدیث بھی نقل کرتے ہیں (اس سلسلہ میں) کیا کرنا چاہیے؟.......... فقیر کے والد قدس سرہٗ فرماتے تھے کہ شیخ عبداللہ (بصری) و شیخ رحمت اللہ (سندھی) جو اکابر محدثین سے تھے اور حرمین میں وہ شیخین کے لقب سے مشہور تھے کسی تقریب کے سلسلہ میں ہندوستان تشریف لائے تھے تو فرماتے تھے کہ اس حدیث کو کرمانی شارح بخاری نے نقل کیا ہے لیکن ضعیف ہے اس باب میں صحیح حدیث یہ ہے: اَلْاَيَّامُ اَيَّامُ اللّٰهِ وَالْعِبَادُ عِبَادُ اللّٰهِ (سب دن اللہ تعالیٰ کے دن ہیں اور سب بندے اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں).......... اور وہ یہ بھی فرماتے تھے کہ دنوں کی نحوست، رحمتِ عالمیان علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والتسلیمات کی ولادت سے ختم ہوگئی۔ اَيَّامٍ نَحِسَاتٍ یعنی منحوس دن گذشتہ امتوں کی نسبت سے تھے.......... اور فقیر کا عمل بھی اسی پر ہے اور کسی دن کو بھی دوسرے دن پر ترجیح نہیں دیتا، جب تک کہ شارع علیہ السلام سے اس کی ترجیح معلوم نہ کرلے۔ جیسا کہ جمعہ، رمضان وغیرہما۔

نیز آپ نے دریافت کیا تھا کہ وہ معارف جو بار نبوت کے اٹھانے سے تعلق رکھتے ہیں مجھ کو خواجہ محمد اشرف کے مکتوب میں نہیں ملے؟.......... (جواب) آپ کو ابھی کہاں ملیں گے کیونکہ وہ مکتوب (۲۵۱) انہی ایام میں تحریر ہوا ہے اور اس کی نقل ابھی آپ کو نہیں پہنچی، مکتوب بہت طویل ہے شاید ایک جز سے بھی زائد ہو.......... فقیر نے اس کی نقل آپ کی طرف بھیجنے کے لئے کہہ دیا ہے۔ والسلام

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ چوتھا حصہ

Marfat.com

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۶۴﴾ ۱ے جاننا چاہیے کہ اس قول میں چار سوال ہیں، پہلا سوال یہ ہے کہ قطب، قطب الاقطاب، غوث اور خلیفہ کے معنی کیا ہیں؟ دوسرا یہ کہ ان میں ہر شخص کے ذمہ کیا خدمت ہے؟ تیسرا یہ کہ وہ اپنی خدمت سے مطلع ہوتے ہیں یا نہیں؟ چوتھا یہ کہ قطب الاقطاب کی بشارت اصل رکھتی ہے نہیں؟

حضرت مجدد قدس سرہ نے پہلے اور دوسرے سوالدکا جواب اپنے قول: ''باید دانست کہ کُمّل ...... سے حکمی اند'' تک بیان فرمایا ہے۔ لیکن پہلے سوال کا جواب صراحۃ اور دوسرے کا ضمناً دیا ہے، اور تیسرے سوال کا جواب اپنے قول:'' بداند کہ صاحب الخ سے واضح فرمایا ہے اور چوتھے سوال کے جواب کی اپنے قول: وبشارتیکہ از عالم غیب الخ سے وضاحت فرمائی ہے ۱۲

﴿صہ ۶۵﴾ ۱ے خلاصہ مطلب یہ ہے کہ پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام والتحیہ کے کامل تابعدار نبوت کے کمالات اصلیہ سے متصف ہوتے ہیں ان کو عہدہ امامت کے امتیاز کے بعد امام کہتے ہیں، اور ولایتِ نبوت کے کمالاتِ اصلیہ سے متصف ہونے والوں کو عہدہ خلافت کے حصول کے بعد ان کا نام خلیفہ رکھتے ہیں، اور نبوت کے کمالاتِ ظلیہ سے متصف ہونے کے اعتبار سے امام کو قطب ارشاد کے نام سے یاد کرتے ہیں، اور خلیفے کو نبوت کی ولایت کے کمالات ظلیہ سے متصف ہونے کی جہت سے قطبِ مدار کا نام دیتے ہیں، اور قطب مدار کو مددگاروں اور معاونین کی نسبت سے قطب الاقطاب کا لقب دیتے ہیں، غوث بھی اسی کا لقب ہوتا ہے یہ بیان شیخ اکبر شیخ محی الدین قدس سرہ کے نزدیک ہے۔ واللہ اعلم

الٰہی! ہم کو ان کے پاؤں کی خاک کے صدقے قیامت کے دن معاف فرمانا اور اس روز منہ سیاہ ہونے سے محفوظ و مصئون فرمانا بحرمتِ نبی ﷺ اور ان کی آلِ امجاد کے ۱۲

یعنی یہ دونوں بزرگ نفسِ حصول کمالات میں ۱۲

۲ے قولہ اعوان وانصار، دونوں کے الف پر زبر ہے بمعنی یاران اور مددگاران ۱۲

۳ے یعنی قطب کے معاون ومددگار قطب کے حکم میں ہیں اور اقطاب کے لقب سے ملقب ہیں پس قطب کو ان کی نسبت سے قطب الاقطاب کہنا صحیح ہے ۱۲

۴ے یعنی قطب کے معاون ومددگاروں پر قطب کا لفظ بولے جانے کی وجہ سے کہ قطب کئی ہوتے ہیں اور ان کے زیادہ ہونیکی وجہ سے ۱۲

۵ے یعنی ہر قریہ اور بستی میں ایک قطب ہے جسکی برکت سے وہ لوگوں سے آباد ہے، بستی کے رہنے والے کافر ہوں یا مومن ۱۲

۶ے یعنی اگر ابوبکرؓ کا ایمان میری ساری امت کے ایمان سے وزن کیا جائے تو یقیناً وہ غالب رہے گا، امام سیوطی نے الدرالمنتثرۃ فی الاحادیث المشتہرۃ میں لکھا ہے کہ کہا گیا ہے کہ یہ حضرت عمر کے کلام سے ہے، میں کہتا ہوں کہ اس کو اسی طرح تخریج کیا ہے ان سے معاذ بن المثنی نے زیارات مسند مسدد میں؛ اور اس کو ابن عدی نے الکامل میں روایت کیا ابن عمر کی حدیث سے مرفوعاً انتھی اور اس کے لفظ ہیں لو وزن ایمان ابی بکر بایمان الناس لرجح ایمان ابی بکر (اگر ابوبکرؓ کے ایمان کا وزن تمام لوگوں کے ایمان سے وزن کیا جائے تو ابوبکرؓ کا ایمان غالب ہو گا) امام سخاوی نے کہا ہے کہ مرفوع کی سند ضعیف ہے لیکن اس کے متابع ہیں اور اس کا شاہد بھی ہے، اور اس کو امام بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت عمر سے بھی موقوفاً روایت کیا ہے ان لفظوں سے: لو وزن ایمان ابی بکر بایمان اھل الارض لرجح لھم (اگر ایمان ابوبکر کا وزن کیا جائے تمام زمین والوں کے ایمان سے تو ان سب پر غالب ہوگا) اور اس کو حکیم ترمذی نے بھی اسی طرح روایت کیا ہے موقوفاً اور اس کو حسن کہا ہے ۱۲ معرب

Marfat.com

ے خاص طور پر بیان ہے ان کی فوقیت اور ریحان (غلبہ، طاقت) کا جن پر ایمان لایا جاتا ہے اور حضرت صدیق کے ایمان کے متعلق ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

ـ خاص طور پر چوتھے سوال کا جواب ہے، نیز ایک سوال مقدر کے جواب کی طرف اشارہ ہے جو حضرت مجدد قدس سرہ کے قول پر وارد ہوتا ہے، ضروری نہیں ہے اہل علم کی طرف سے ہو الخ کیونکہ بشارت علم کو مستلزم ہے پس فرمایا کہ یہ بشارت منصب کی بشارت نہیں ہے بلکہ کمالات کے حصول کی بشارت ہے۔ خوب سمجھ لو ۱۲

﴿صہ ٦٦﴾ ـ طا پر زبر ہے، ایک بار پلک جھپکنا ۱۲

ا یعنی بنی اسرائیل کے بچے، وہب بن منبہ نے کہا ہے کہ مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ اس نے موسیٰ علیہ السلام کی طلب میں نوے ۹۰۰۰۰ ہزار بچے ذبح کئے ۱۲ معالم

۲ یعنی اشیا کی استعدادات کا منتقل ہونا دوسری چیز کی طرف ۱۲

۳ ان کے مختصر حالات مکتوب اول صفحہ ۴ میں نفحات سے نقل کئے ہوئے ہیں وہاں سے ملاحظہ فرمائیں ۱۲

ـ اس لذیذ کھانے کے واسطے سے ۱۲

﴿صہ ٦٧﴾ ا حضرت مرزا جانِ جانان قدس سرہٗ نے اپنے ملفوظات میں فرمایا ہے: جنابِ الٰہی میں ہر شیخ طریقت کا توسل حَبْلُ الْمَتِیْن (مضبوط رسی) ہے کیونکہ یہ مراتبِ قُرب پر فائز ہوتے ہیں۔ مستفید (فائدہ اٹھانے والا) اگر فیض حاصل کر لے تو زہے سعادت (اس طرح) وہ بھی ان میں سے ہو گیا۔ یہی نہیں بلکہ اس بشارت میں جس کے لئے یہ اکابر ممتاز ہوتے ہیں شریک ہو گیا، اور ان بزرگوں کی عنایت اس کے شاملِ حال رہی۔

فرماتے ہیں کہ حضرت غوث الثقلینؒ کی توجہ اپنے طریقہ کے متوسلین کی طرف زیادہ معلوم ہوتی ہے۔ میری اس طریقہ کے کسی ایسے فرد سے آج تک ملاقات نہیں ہوئی، جس کے حال پر آپ کی توجہ مبذول نہ ہو، اسی طرح اپنے طریقہ کے مُعتقِدین پر حضرت خواجہ نقشبندؒ کی توجہ صرف ہوتی ہے۔ مُغل لوگ صحراؤں میں سوتے وقت اپنے سامان اور گھوڑے حضرت خواجہ کی تحویل میں دے دیتے اور ان کی غیبی مددان کے ساتھ ہوتی، اس باب میں اس قدر حکایات ہیں کہ اگر انہیں لکھا جائے تو طوالت ہوگی۔

فرماتے ہیں حضرت سلطان المشائخ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ اپنے مزار کے زائرین پر بہت عنایت فرماتے ہیں، اسی طرح شیخ جلال پانی پتی بہت التفات کرتے ہیں۔ اس کو سمجھ لو ۱۲ (مقامات مظہری صہ ۳۵۳، ۳۵۴)

۲ نیشاپور کی طرف منسوب ہے، نون پر زبر ہے، خراسان میں ایک شہر کا نام ہے یہ اصل میں نہ شاپور تھا یعنی شہر شاپور کا اس لئے کہ فارسی قدیم میں نہ بمعنی شہر ہے (نون کی زیر سے) پس ہائے ہوز یائے تحتانی سے بدل گئی ہے ۱۲ اغ

ـ یعنی اِنَّ شَانِئَکَ ۱۲

ـ یعنی تمہاری محرم عورتیں جن سے نکاح جائز نہیں ہے ۱۲

ـ یعنی وہ عورتیں جو محرم نہیں ہیں بلکہ اجنبی (غیر) ہیں ان کے ساتھ تنہائی میں بیٹھنا جائز نہیں ہے اور ان سے نکاح جائز ہو پس ایسی عورتیں پردہ میں بیٹھیں اور طریقت حاصل کریں الخ ۱۲

۳ قولہ اما ضعیف است الخ قال المعرب: قال المخرج: والذی ورد فی الایام مرفوعًا یوم السبت یوم مکر و خدیعة، ویوم الاحد یوم عرس ۔ وبناء الحدیث اخرجه ابو یعلی من حدیث ابن عباس بسند ضعیف ۔ وکذا یوم الاربعاء یوم نحس مستمر اخرجه الطبرانی فی الاوسط عن جابر ۔ قال السخاوی لا اصل له ۔ قال الفطنی فی تذکرة الموضوعات: سئل ابن حجر عن حدیث ابن عباس فی قوله تعالیٰ: فِیْٓ اَیَّامٍ

Marfat.com

النَّحِسَاتِ ، الایام کلھا خلق اللّٰہ تعالٰی بعضھا سعودًا و بعضھا نحوسًا الخ فاجاب بان ھذا کذب علی ابن عباس رضی اللّٰہ تعالٰی عنھما ۔ انتھی ما قالہ المعرب وھکذا قال صاحب تشیید المبانی فی تخریج احادیث مکتوبات الامام الربانی ۔ رحمھم اللّٰہ تعالٰی ۱۲

عربی میں ترجمہ کرنے والے (علامہ مرادمکی) نے کہا حدیث کی تخریج کرنے والے نے کہا ہے: اوروہ جودنوں کے بارے میں مرفوعاً وارد ہوا ہے، ہفتے کا دن مکر اور دھوکے کا ہے اور اتوار خوشی کا دن ہے، حدیث کی بنیاد اس پر ہے جس کو ابو یعلی نے ابن عباس کی حدیث سے روایت کیا ہے ضعیف سند کے ساتھ۔اسی طرح بدھ کا دن ہمیشہ منحوس ہے۔ اس کو طبرانی نے اوسط میں جابر سے روایت کیا ہے۔امام سخاوی نے کہا: اسکی کوئی اصل نہیں، پٹنی نے تذکرۃ الموضوعات میں کہا: ابن حجر سے سوال کیا گیا اللہ تعالیٰ کے قول فی اَیَّامٍ النَّحِسَاتِ کے بارے میں ابن عباس کی حدیث کے متعلق کہ اللہ تعالیٰ نے تمام دنوں کو پیدا کیا ان میں سے بعض مبارک ہیں اور بعض نحوست والے الخ ۱۲؟ انہوں نے جواب دیا کہ یہ ابن عباس رضی اللہ عنہما پر جھوٹ ہے۔علامہ مرادمکی کا کلام ختم ہوا۔ اس طرح ''تشیید المبانی فی تخریج احادیث مکتوبات امام ربانی کے مؤلف نے کہا ہے۔رحمھم اللہ تعالیٰ ۱۲

....

☆ متن ...... بین السطور......معانی

﴿صہ ۶۵﴾ ☆ تفاوت ......میان شان ۱۲......ان کے درمیان ۱۲ ☆ ہر دو منصب ......خلافت و امامت ۱۲ ☆ این دو مقام ......یعنی منصب قُطب ارشاد و منصب قُطب مدار ۱۲ ☆ آن دو مقام ......یعنی منصب امامت و منصب خلافت ۱۲ ☆ نصب ......نون کے زبر سے، برپا کردن ۱۲......مقرر کرنا ۱۲ ☆ صاحبِ فتوحات ......شیخ اکبر محی الدین قدس سرہ ۱۲ ☆ رجحان ...... چربیدن ۱۲......غالب ہونا ۱۲ ☆ مومن بہ است ......آنچہ کہ بآن ایمان تعلق بگیرد و بآن گرویدہ شود ۱۲ ......ہر وہ چیز جس پر ایمان لایا جاتا ہے اور اس کے ساتھ رغبت ہو ۱۲ ☆ عروجات ......ترقیات ۱۲......ترقیاں ۱۲ ☆ معاملہ ......کارِ عارف وطالبِ حق جل وعلا ۱۲......عارف اور طالبِ حق جل وعلا کا کام ۱۲

﴿صہ ۶۶﴾ ☆ ماتقدم ......پیشین ......جو پہلے ہیں ۱۲ ☆ ماتحت ......زیر ۱۲......نیچے ۱۲ ☆ جنب ......پہلوئے ۱۲......ایک طرف ۱۲ ☆ نقیر ......مغاکچہ تخم خرما ۱۲......کھجور کی گٹھلی کا چیرا گڑھا ۱۲ ☆ راجح ......غالب ۱۲ ☆ کسب ......تحصیل ۱۲......حاصل کرنا ۱۲ ☆ عارف ......باللہ ۱۲......اللہ کی معرفت والا ۱۲ ☆ کشتہ شدند ......قال اللّٰہ تعالٰی یُذَبِّحُونَ اَبْنَاءَ کُمْ ۱۲ ......اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وہ ذبح کرتے تمہارے بیٹوں کو ۱۲ ☆ اصیل ......صحیح ۱۲ ☆ ماکولات ......اشیائے خوردنی ۱۲ ......کھانے کی چیزیں ۱۲ ☆ مشروبات ......اشیائے نوشیدن ۱۲......پینے کی چیزیں ۱۲ ☆ احساس ......معلوم ۱۲ ☆ ممنوع ......از جانب حق تعالیٰ ۱۲......اللہ تعالیٰ کی طرف سے ممنوع ۱۲ ☆ بواسطہ ......بسبب ۱۲......سبب سے ۱۲ ☆ ماذون ......از حق تعالیٰ ۱۲......اللہ تعالیٰ سے ۱۲ ☆ پرسیدہ ......سوال ۱۲ ☆ عزیزے ......یعنی شیخ مصلح الدین خجندی ۱۲ ☆ معرب ......مفہوم ......معلوم ۱۲ ☆ بدانند ......جواب ۱۲......یہ جواب ہے ۱۲ ☆ پرسیدہ بودند ......سوال ۱۲......یہ سوال ہے ۱۲ ☆ می نویسد ......مولانا جامی ۱۲ ☆ مردن ......ایشان ۱۲......ان کے مرنے کے بعد ۱۲ ☆

Marfat.com

﴿ص ۶۷﴾ ☆ سَلْب ...... بالفتح بودن ونیست کردن ۱۲...... سین کے زبر سے ۱۲ ...... چھین لینا ختم کردینا ۱۲ ☆ داشتہ باشد ...... صاحب نفحات ۱۲...... مولانا جامی ۱۲ ☆ چہ دیدہ ...... صاحب کشف ۱۲...... کشف والے نے ۱۲ ☆ طلب ...... سوال ۱۲ ...... یہ سوال ہے ۱۲ ☆ منتظر ...... جواب ...... یہ جواب ہے ۱۲ ☆ بالیاء ...... بدل الہمزہ ۱۲...... ہمزہ کے بدل میں ۱۲ ☆ بہمزہ ...... جواب ۱۲...... یہ جواب ہے ۱۲ ☆ نوشتہ بودند ...... سوال ...... یہ سوال ہے ۱۲ ☆ عورات ...... زنان ۱۲...... عورتیں ۱۲ ☆ طلب ...... یعنی طلب اَخذ طریقہ وتوجہ ۱۲...... یعنی طریقت اور توجہ حاصل کرنے کی طلب ۱۲ ☆ از محارم ...... جواب ۱۲ ...... یہ جواب ہے ۱۲ ☆ چہ مانع است ...... یعنی تعلیم طریق بایشانان درشرع ہیچ مانع نیست ۱۲...... یعنی ان کو طریقہ کی تعلیم دینے سے کوئی چیز شریعت میں منع کرنے والی نہیں ۱۲ ☆ پرسید بودند ...... سوال ۱۲...... یہ سوال ہے ۱۲ ☆ ارباب ...... اصحاب ۱۲ ...... حدیث کے عالم ۱۲ ☆ والدفقیر ...... جواب ۱۲...... یہ جواب ہے ۱۲ ☆ والدفقیر ...... یعنی مخدوم شیخ عبدالاحد قدس سرہٗ ۱۲ ☆ عبداللہ ...... البصری ۱۲ ☆ رحمت اللہ ...... السندی ۱۲ ☆ حرمین ...... مکہ ومدینہ حرسہا اللہ تعالیٰ ۱۲ ☆ الایام ...... روزہا روزہائے خداوند وبندگان، بندگان خداوند ۱۲...... سب دن اللہ کے دن ہیں اور سب بندے اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں ۱۲ ☆ نحوست ...... شومی ۱۲...... نامبارکی ۱۲ ☆ ایام ...... روزہا ۱۲...... تمام دن ۱۲ ☆ ماتقدم ...... پیشین ۱۲ ...... پہلے گزری ہوئی ۱۲ ☆ نوشتہ ...... سوال ۱۲...... یہ سوال ہے ۱۲ ☆ کجایابند ...... جواب ۱۲...... یہ جواب ہے ۱۲ ☆ دور ...... بسیار ۱۲...... بہت دور ۱۲

....

دوسوستاونواں مکتوب ﴿۲۵۷﴾

میر محمد نعمان کی طرف اختصار کے طور پر طریقہ کے بیان میں صادر فرمایا۔

حمد وصلوٰۃ اور تبلیغ دعوات کے بعد واضح ہو کہ جو مکتوب شریف آپ نے شیخ احمد فرملی کے ہمراہ بھیجا تھا وصول ہو کر بہت زیادہ خوشی کا باعث ہوا...... آپ نے وہ رسالہ جس میں طریقہ کا بیان ہے طلب فرمایا تھا، اس کے مسودے (ابھی ویسے ہی) پڑے ہوئے ہیں اگر توفیق نصیب ہوئی تو بیاض میں لکھ کر بھیج دیا جائے گا۔ فی الحال مختصر طور پر چند فقرے اس طریقے کے بیان میں تحریر کئے جاتے ہیں۔ گوشِ ہوش سے سماعت فرمائیں۔

میرے سیادت پناہ! وہ طریقہ جو ہم نے اختیار کیا ہے اس کے سیر کی ابتداً قلب سے ہے جو کہ "عالم امر" سے ہے، اور قلب کی سیر سے گذر کر مراتب روح ہیں جو اس سے اوپر ہیں اور روح سے گذرنے کے بعد معاملہ سِرّ کے ساتھ ہے جو اس سے اوپر ہے اور اسی طرح خفی واخفیٰ کا حال ہے ...... ان لطائف پنجگانہ (پانچوں لطائف) کی منزلوں کو طے کرنے کے بعد اور ان میں سے ہر ایک کے متعلق علیحدہ علیحدہ علوم ومعارف حاصل کرنے کے بعد اور ان احوال ومواجید کے ساتھ جو ان پنجگانہ لطائف میں سے ہر ایک کے ساتھ مخصوص (احوال) ہیں، ان کے متحقق ہونے کے بعد ان پنجگانہ (لطائف کے) اصول میں جو عالمِ کبیر میں ہے سیر واقع ہوتی ہے، کیونکہ جو کچھ

Marfat.com

بھی عالمِ صغیر میں ہے اس کی اصل عالمِ کبیر میں موجود ہے۔ عالمِ صغیر سے مراد انسان ہے اور عالمِ کبیر سے پوری کائنات کا مجموعہ مراد ہے...................... ان اصول پنجگانہ میں سیر کا آغاز عرشِ مجید سے ہوتا ہے جو انسان کے قلب کی اصل ہے۔ اور اس کے اوپر روحِ انسانی کی اصل ہے اور اس کے اوپر سرِ انسانی کی اصل ہے اور سرِ اصل کے اوپر خفی کی اصل ہے اور اصل خفی کے اوپر اخفی کی اصل ہے، جب عالمِ کبیر کے ان پنجگانہ لطائف کو تفصیل کے ساتھ طے کر کے آخری نقطے پر پہنچتے ہیں تو دائرہ امکان پورا ہو جاتا ہے اور فنا کی منزلوں میں سے اول منزل میں قدم رکھنا ہوتا ہے...................... اس کے بعد اگر ترقی واقع ہو تو اسماء و صفات واجبی جل سلطانہٗ کے ظلال میں سیر واقع ہوگی اور یہ ظلال وجوب و امکان کے درمیان برزخ کی طرح ہیں اور عالمِ کبیر کے ان پنجگانہ مراتب کے لئے اصول کی مانند ہیں، نیز ان ظلال میں بھی اسی ترتیب سے سیر واقع ہوگی جس طرح ان کے فروع میں ذکر کیا جا چکا ہے۔ اور اگر فضل ایزدی جل شانہٗ سے ان ظلال کے بکثرت منازل طے کر کے ان کے آخری نقطہ پر پہنچ جائیں تو پھر اسماء و صفاتِ واجبی جل سلطانہٗ میں سیر شروع ہوگی اور اسماء و صفات کی تجلیات ظاہر ہوں گی اور شیون و اعتبارات کے ظہورات جلوہ فرما ہوں گے، اس وقت عالمِ امر کے پنجگانہ لطائف کا معاملہ طے ہو کر ان کا حق ادا ہو جائے گا...................... اس کے بعد اگر فضل خداوندی جل شانہٗ شامل حال ہو جائے تو اس مقام سے بھی ترقی کر کے نفس کے اطمینان کا معاملہ حاصل ہوگا اور مقامِ رضا کا حصول جو مقاماتِ سلوک کی انتہا ہے میسر ہوگا اور اسی مقام پر شرح صدر حاصل ہوتا ہے اور اسلامِ حقیقی کے شرف سے بھی مشرف ہو جاتا ہے ان کے مقابلے میں وہ کمالات جو اس مقام پر حاصل ہوتے ہیں عالمِ امر سے متعلق ہیں اور دریائے محیط کے مقابلے میں قطرہ کے مانند ہیں...................... اور یہ سب کمالات جن کا ذکر کیا گیا اسم ظاہر سے تعلق رکھتے ہیں اور وہ کمالات جن کا تعلق اسم باطن سے ہے وہ دوسرے ہیں جن کا استتار (پوشیدہ ہونا) اور تبطن (باطن میں ہونا) ہی مناسب ہے...................... جب ان مبارک دو اسموں کے کمالات پورے طور پر حاصل ہو جائیں تو سالک کی پرواز کے لئے دو بازو میسر ہو جاتے ہیں کہ ان دو بازوؤں کی قوت سے عالمِ قدس میں پرواز کرتا ہے اور بے اندازہ ترقیاں حاصل کرتا ہے...................... اس معاملہ کی تفصیل بعض مسودات میں تحریر ہو چکی ہے۔ میرے فرزند ارشدان کو جمع کرنے کی کوشش کر رہے ہیں...................... دوسرے یہ کہ اگر ممکن ہو تو آپ ایک مرتبہ یہاں تشریف لائیں، لیکن اس شرط کے ساتھ کہ اس مقام کو خالی نہ چھوڑیں اور اس انتظام کو درہم برہم نہ کریں اور خود تنہا یہاں آ جائیں اور دوستوں میں سے جس کسی کو پیش قدم (آگے بڑھا ہوا) اور مناسب سمجھیں اس جماعت کا پیشوا بنا کر اس علاقہ کی طرف متوجہ ہوں (یعنی تشریف لے آئیں: وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ اَعْلَمُ (اللہ سبحانہٗ بہتر جانتا ہے) کہ دوسرے وقت فرصت ملے یا نہ ملے۔ وَالسّلام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۶۸﴾ لے ان مقامات کی تعبیر دائرہ کے ساتھ پاتے ہیں کہ وہ مقامات بے جہت اور بے مثال ہیں اور دائرہ بھی بے جہت ہے، دائرہ کے نیچے کے نصف میں دائرہ امکان سیر آفاقی تک ہاتھ کی رسائی ہے اور وہ انوار کے دیکھنے سے عبارت ہے اپنے باطن سے باہر اور مختلف نگاہوں پر۔ اور دائرہ کے اوپر والے نصف میں وہ سیر و سلوک اَنفسی ہے اور انوار اور

Marfat.com

تجلیات کا مشاہدہ ہے اپنے باطن میں۔از رسالہ پنجم مولانا شاہ غلام علی دہلوی

۲ یعنی عالم امر کے پانچوں لطائف کے کمالات اور ان کے اصول، اور اسماوصفات کے ظلال کے کمالات واجبی جل شانہ اور اطمینان ورضا کے مقام کے کمالات ۱۲

﴿صہ ۶۹﴾ ۱ یعنی ان مسودوں کو صاف کرنے اور ان کو مرتب کرنے میں بڑی کوشش جاری ہے ۱۲

....

☆متن ...... بین السطور...... معانی

﴿صہ ۶۸﴾ ☆ بیاض ...... بتحریر آوردہ ۱۲...... تحریر کرکے ۱۲ ☆ رسانیدہ خواہد ...... بشما ۱۲...... آپ کو بھیج دیا جائے گا ۱۲ ☆ موطن ...... مقام ۱۲ ☆جنب ...... پہلو ۱۲ ☆ باستتار ...... پوشیدہ بودن ۱۲...... پوشیدہ ہونا ۱۲ ☆ آن ...... در ۱۲...... اس میں ۱۲ ...... بالکسر کوشش ۱۲...... جیم کے زیر سے یعنی کوشش میں ہے ۱۲

....

دوسو اٹھاونواں مکتوب ﴿۲۵۸﴾

شریف خاں کی طرف حق تعالیٰ کی اقربیت کے بیان میں صادر فرمایا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی (تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں اور اس کے برگزیدہ بندوں پر سلام ہو) .... گرامی نامہ جو آپ نے مہربانی فرما کر اس طرف کے فقرا کے نام تحریر کیا تھا موصول ہو کر خوشی اور مسرت کا باعث ہوا۔ جَزَاکُمُ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ خَیْرَ الْجَزَاءِ (اللہ سبحانہٗ آپ کو اس کی جزا اور عمدہ قسم کی جزا عطا فرمائے) .... میرے مخدوم! اگرچہ حق تعالیٰ کی اقربیت ہم سے زیادہ ہمارے ساتھ ہونا نصِ قطعی سے ثابت ہے لیکن کیا کیا جائے کہ حق تعالیٰ ہماری عقلوں، فہموں اور ہمارے علوم وادراکات سے وراء الورا ہے۔ حالانکہ ہم جانتے ہیں کہ یہ ورائیت (بلندی شان) قرب کی جانب ہے نہ کہ بُعد کی۔ کیونکہ وہ سبحانہٗ ہر نزدیک سے زیادہ نزدیک ہے حتی کہ اس سبحانہٗ کی ذاتِ احدیت ان صفات کی نسبت جن کے افعال وآثار ہم میں اپنے سے زیادہ نزدیک پاتے ہیں۔

یہ معرفت عقل کی نظر کے طریقے سے ماوراء ہے، کیونکہ عقل اپنے سے زیادہ نزدیک ہونے کا تصور نہیں کرسکتی، کوئی ایسی مثال جو اس بحث کی وضاحت کرسکے ممکن کوشش کے باوجود نہ مل سکی۔ اس معرفت کی دلیل نصِ قطعی اور کشفِ صحیح سے ہے .... مشائخ طریقت نے توحید اور اتحاد کے بارے میں بہت گفتگو کی ہے اور قرب ومعیت کو بیان فرمایا ہے لیکن حق تعالیٰ کی اقربیت کے متعلق خاموشی اختیار کی ہے اور کوئی تسلی بخش بیان اس بارے میں نہیں دیا ہے۔ عجیب معاملات ہیں کہ اس سبحانہٗ کی اقربیت (قریب سے قریب تر ہونا) ہمارے لئے ابعدیت (دور سے دور ہونے) کا سبب ہوئی ہے۔ ھٰذَا اِلٰی اَنْ یَّبْلُغَ

Marfat.com

الْكِتٰبُ اَجَلَهٗ (یہی کافی ہے، یہاںتک کہ کتاب اپنے مقررہ وقت کو پہنچے) فَافْهَمْ فَاِنَّ كَلَامَنَا اِشَارَةٌ وَّبِشَارَةٌ (پس سمجھ لو کہ ہمارا کلام اشارت اور بشارت آمیز ہے) .... اور سلام ہو آپ پر اور ان سب پر جنہوں نے ہدایت کی پیروی کی اور حضرت محمد مصطفٰے علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات اتمہا واکملہا کی متابعت کو اپنے اوپر لازم کیا۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۶۹﴾ ۲ یعنی اللہ تعالیٰ کا ہم سے بہت زیادہ نزدیک ہونا ہمارے ساتھ یقینی دلیل کے ساتھ ثابت ہوا ہے یعنی آیت کریمہ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ یعنی اور بلاشبہ ہم نے ہی انسان کو پیدا کیا ہے اور ہم (خوب) جانتے ہیں اس کا نفس جو وسوسے ڈالتا ہے اور ہم سے شہ رگ سے بھی زیادہ نزدیک ہیں ۱۲

۳ یعنی حق تعالیٰ کی ورائیت (بلندی شان) قرب کی جانب میں ہے نہ کہ بُعد کی جانب ۱۲

۴ یعنی خارج اور باہر ہے قانون اور فکرِ عقلِ متوسط سے، عقول عالیہ سے خارج نہیں کیونکہ انبیاء کی عقلیں عالی ہیں علیہم الصلوٰت والتسلیمات اور ان کے بعد ان کے کامل متبعین کی قدس اللہ تعالیٰ اسرار ہم ۱۲

۵ دوست نزدیکتر از من بمن است　وین عجب تر کہ من از وے دورم
چہ کنم با کہ توان گفت کہ او　در کنار من و من . مہجورم ۱۲

ترجمہ: دوست میری اپنی ذات سے بھی میرے زیادہ نزدیک ہے　اور یہ عجیب بات ہے کہ میں اس سے دور ہوں
کیا کروں کس سے کہا جا سکتا ہے ؟　کہ وہ تو میری بغل میں ہے اور (اس سے) ہجر میں (دور) ہوں

۶ یعنی لعل اللہ یحدث بعد ذالك امرا ۱۲ (شاید اللہ اس کے بعد کوئی اور صورت پیدا کردے) ۱۲

....

☆ متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۶۹﴾ ☆ ہرچند ..... اگرچہ ۱۲ ☆ معرفت ..... علم ۱۲ ☆ مستند ..... دلیل ۱۲ ☆ سکوت ..... خاموشی ۱۲

....

دوسوانسٹھواں مکتوب ﴿۲۵۹﴾

مخدوم زادہ خواجہ محمد سعید کی طرف صادر فرمایا جو جامع علوم عقلیہ ونقلیہ اور صاحب نسبتِ عالیہ ہیں .... رسولوں کے بھیجنے کے فوائد اور واجب الوجود تعالیٰ تقدس کی معرفت میں عقل کا استقلال نہ ہونے اور شاہق جبل اور پیغمبروں کے زمانۂ فترت کے مشرکوں اور دارالحرب کے مشرکوں کے اطفال کے بارے میں حکم خاص فرمایا۔ اور ہندوستان کی امم سابقہ میں انبیا علیہم السلام کے مبعوث ہونے میں اور ان کے مناسب بیان میں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدَانَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِیَ لَوْلَا اَنْ هَدَانَا اللّٰهُ لَقَدْ جَاءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ (سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے جس نے ہم کو ہدایت عطا فرمائی اور ہم ہر

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی چوتھا حصہ

Marfat.com

گز ہدایت نہ پاتے اگر اللہ تعالیٰ ہم کو ہدایت نہ کرتا بے شک ہمارے رب کے پیغمبر حق کے ساتھ آئے ہیں)
(اعراف،۷،آیت ۴۳)

انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کے بھیجنے کا شکر کس زبان سے ادا کیا جائے اور اس نعمت کے دینے والے یعنی حق تعالیٰ کا اعتقاد کس دل سے ظاہر کیا جائے اور وہ اعضاء کہاں ہیں جو اس نعمتِ عظمیٰ کا بدلہ اعمال حسنہ کے ذریعے سے ادا کر سکیں، اگر ان بزرگوں کا وجود شریف نہ ہوتا تو ہم کم فہموں کو صانع تعالیٰ جل سلطانہٗ کے وجود اور اس کی وحدت کی طرف کون ہدایت کرتا .... یونان کے قدیم فلسفیوں نے اسقدر عقلمند ہونے کے باوجود صانع جل شانہٗ کے وجود کی طرف ہدایت نہیں پائی اور کائنات کے وجود کو زمانے کی طرف منسوب کیا اور جب انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کی دعوت کے انوار روز بروز بلند ہوتے گئے تو متاخرین فلسفیوں نے ان انوار کی برکت سے اپنے متقدمین کے مذہب کا ردّ کیا اور صانع جل شانہٗ کے وجود کے قائل ہو گئے اور انہوں نے حق تعالیٰ کی وحدت کو ثابت کیا۔ پس ہماری عقلیں انوارِ نبوت کی تائید کے بغیر معزول و بیکار ہیں اور ہماری فہم انبیائے کرام علیہم الصلوات والتحیات کے وجود کے توسط کے بغیر اس معاملے سے دور ہیں۔ پھر ہمیں نہیں معلوم کہ ہمارے اصحابِ ماتریدیہ نے بعض امور مثلاً صانع تعالیٰ سبحانہٗ کے وجود کے اثبات اور اس کی وحدت کے بارے میں عقل کے استقلال و کافی ہونے سے کیا مراد لی ہے کہ انہوں نے شاہقِ جبل (پہاڑ کی چوٹی پر رہنے والے) بت پرست کو ان دونوں امور (یعنی وجود صانع کے اثبات اور اس کی وحدت) کے لئے مکلف ٹھہرایا ہے اگرچہ اس کو پیغمبر کی دعوت نہیں پہنچی اور ان دونوں امور میں اس کے نظر وفکر کو ترک کرنے پر اس کے کفر اور خلود فی النار کا حکم دیا ہے حالانکہ ہم ظاہری تبلیغ، رحجت بالغہ کے بغیر جو کہ رسولوں کے بھیجنے پر وابستہ ہے کفر اور خلود فی النار کا حکم دینا صحیح نہیں سمجھتے، بیشک عقل اللہ تعالیٰ کی حجتوں میں سے ایک حجت ہے لیکن یہ حجت ہونے میں اتنی کامل حجت نہیں ہے جس پر شدید ترین عذاب مرتب ہو سکے۔

سوال: اگر شاہقِ جبل (پہاڑ کی چوٹی پر رہنے والا شخص) جو کہ بت پرست ہے دوزخ میں ہمیشہ کے لئے نہیں رہے گا تو پھر وہ بہشت میں جائے گا اور یہ جائز نہیں ہے کیونکہ بہشت میں داخل ہونا مشرک پر حرام ہے اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف سے حکایت کرتے ہوئے فرماتا ہے: اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَ مَاْوٰىهُ النَّارُ (مائدہ ۵، آیت ۷۲) (جو شخص اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرے اللہ تعالیٰ نے اس پر جنت حرام کر دی ہے اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے) اور جنت اور دوزخ کے درمیان کوئی واسطہ (یعنی ہمیشہ رہنے کی جگہ) ثابت نہیں ہوا ہے (کیونکہ) اصحابِ اعراف بھی چندروز کے بعد بہشت میں داخل ہو جائیں گے۔ پس ہمیشہ کا ٹھکانا جنت میں ہے یا دوزخ میں۔

(جواب) یہ سوال بہت مشکل ہے، میرے اس فرزند ارشد کو معلوم ہے کہ آپ مدت تک اس فقیر سے بار بار یہ سوال دریافت کرتے رہتے تھے اور تسلی بخش جواب نہیں پاتے تھے اور صاحب فتوحات مکیہ نے اس سوال کے حل

Marfat.com

میں جو کچھ کہنا ہے اور قیامت کے دن لوگوں کو (حق تعالیٰ کی) کی طرف دعوت کے لئے پیغمبر کا مبعوث ہونا ثابت کیا ہے اور ان کی اس دعوت کے ردّ و قبول کے بموجب دوزخ و بہشت کا حکم کیا ہے، وہ اس فقیر کے نزدیک مستحسن نہیں ہے کیونکہ آخرت دارِ جزا (بدلہ ملنے کا گھر) ہے نہ کہ دارِ تکلیف کہ جس کے لئے پیغمبر مبعوث کیا جائے .... بہت مدت کے بعد اللہ تعالیٰ جل سلطانہٗ کی عنایت نے رہنمائی فرمائی اور اس معما کو حل کر دیا اور منکشف فرمایا کہ یہ لوگ نہ بہشت میں ہمیشہ رہیں گے نہ دوزخ میں۔ بلکہ آخرت میں اٹھائے جانے اور زندہ کئے جانے کے بعد ان کو حساب کے مقام میں کھڑا کر کے ان کے گناہوں کے اندازے کے موافق عتاب و عذاب دیں گے اور (بندوں کے) حقوق پورے کرنے کے بعد غیر مکلف حیوانوں کی طرح ان کو بھی معدوم مطلق اور لاشئی محض کر دیں گے۔ لہذا ان میں سے خلود کس کے لئے اور مُخلّد کون۔ .... اس عجیب و غریب معرفت کو جب (واقعہ میں) انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کے حضور میں پیش کیا گیا تو سب نے اس کی تصدیق فرمائی اور قبولیت عطا کی۔ وَالْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ (اور حقیقی علم تو اللہ تعالیٰ ہی کو ہے)

اس فقیر پر یہ بات بہت گراں گذرتی ہے کہ حضرت حق سبحانہٗ و تعالیٰ اپنی کمال شفقت و رحمت کے باوجود انبیاء علیہم الصلوات والتحیات کے واسطے سے ظاہری طور پر ابلاغ مبین (احکام دین پہنچائے بغیر) صرف عقل کے اعتبار پر جس میں خطا اور غلطی کی بہت گنجائش ہے اپنے بندے کو ہمیشہ کی آگ میں ڈال دے اور دائمی عذاب میں گرفتار کرے جس طرح کہ (اس مشرک بندہ کے لئے) شرک کے باوجود جنت میں ہمیشہ رہنے کا حکم کرنا گراں معلوم ہوتا ہے جیسا کہ جنت و دوزخ کے درمیاں واسطہ کا قائل نہ ہونے کے باعث اشعری کے مذہب سے لازم آتا ہے پس حق وہی ہے جو مجھے الہام ہوا کہ قیامت کے دن محاسبہ کی تکمیل کے بعد اس کو معدوم کر دیا جائے گا جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا۔

اور فقیر کے نزدیک دارِ حرب کے مشرکوں کی نابالغ اولاد کے بارے میں بھی یہی حکم ہے کیونکہ بہشت میں داخل ہونا ایمان پر موقوف ہے، ایمان خواہ اصالت کے طور پر ہو یا تبعیت کے طور پر، (یعنی ماں باپ وغیرہ کے اتباع سے حاصل ہو) اگرچہ تبعیت دارالاسلام ہی سے ہو، جیسا کہ ذمی کافروں کی نابالغ اولاد کو ہے اور ان (مشرکینِ دارالحرب کی نابالغ اولاد) کے حق میں ایمان مطلق طور پر مفقود ہے پس ان کا بہشت میں داخل ہونا متصور نہیں ہے اور دوزخ میں داخل ہونا اور اس میں ہمیشہ رہنا تکلیف (مکلف ہوا) کے ثابت ہونے کے بعد شرک منحصر ہے، اور یہ بھی ان کے حق میں مفقود ہے پس ان کا حکم بھی حیوانوں کے حکم کی مانند ہے کہ ان کو بعث و نشور کے بعد حساب کے لئے کھڑا کریں گے اور حقوق پورا کرنے کے بعد ان کو معدوم (نیست و نابود کر دیں گے...... اور ان مشرکوں کے حق میں جو پیغمبروں کی فترت (انقطاع) کے زمانے (دو پیغمبروں کے درمیانی زمانہ) میں ہوئے ہیں جن کو کسی پیغمبر کی دعوت نہیں پہنچی (ان کے لئے بھی) یہی حکم ہے۔

اے فرزند! یہ فقیر جس قدر ملاحظہ کرتا ہے اور نظر دوڑاتا ہے تو کوئی ایسی جگہ (خطہ زمین میں) نہیں پاتا جہاں

Marfat.com

ہمارے پیغمبر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کی دعوت نہ پہنچی ہو، بلکہ محسوس ہوتا ہے کہ آنحضرت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کی دعوت کا نور آفتاب کی طرح سب جگہ پہنچا ہے حتیٰ کہ یاجوج ماجوج میں بھی جن کے درمیان دیوار حائل ہے (وہاں بھی) پہنچا ہوا ہے ....اور گذشتہ امتوں میں بھی ملاحظہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ایسی جگہ بہت کم ہی ہے جہاں پیغمبر مبعوث نہ ہوئے ہوں یہانتک کہ زمین ہند میں بھی جو کہ اس معاملے سے دور دکھائی دیتی ہے معلوم ومحسوس ہوتا ہے کہ اہلِ ہند سے بھی پیغمبر مبعوث ہوئے ہیں اور صانع جل شانہٗ کی طرف دعوت فرمائی ہے۔اور ہندوستان کے بعض شہروں میں محسوس ہوتا ہے کہ انبیا علیہم الصلوات والتسلیمات کے انوار شرک کے اندھیروں میں مشعلوں کی طرح روشن ہیں اگر (یہ فقیر) ان شہروں کو متعین کرنا چاہے تو کرسکتا ہے ....اور دیکھتا ہے کہ کوئی پیغمبر ایسا ہے جس پر کوئی بھی ایمان نہیں لایا اور اس کی دعوت کو قبول نہیں کیا۔اور کوئی پیغمبر ایسا ہے جس پر صرف ایک آدمی ایمان لایا ہے، اور کسی پیغمبر کے تابع صرف دو شخص ہوئے ہیں اور بعض پر صرف تین آدمی ایمان لائے ہیں۔ تین آدمیوں سے زیادہ نظر نہیں آتے جو ہندوستان میں کسی ایک پیغمبر پر ایمان لائے ہوں تا کہ چار آدمی ایک پیغمبر کی امت ہوتے ....اور ہند کے سرداران کفار نے واجب تعالیٰ کے وجود اور اس سبحانہٗ تعالیٰ کی صفات سے اس کی تنزیہات وتقدیسات کی نسبت جو کچھ لکھا ہے وہ سب قندیل نبوت کے انوار سے لیا گیا ہے کیونکہ گذشتہ امتوں میں ہر زمانے میں ایک نہ ایک پیغمبر ضرور گذرا ہے جس نے واجب تعالیٰ کے وجود اور اس جل شانہٗ کی صفاتِ ثبوتیہ سے اور اس سبحانہ وتعالیٰ کی تنزیہات وتقدیسات کی نسبت خبر دی ہے۔اگر ان بزرگ پیغمبروں کا وجود مبارک نہ ہوتا تو ان بدبختوں (کافروں) کی لنگڑی اور اندھی عقل جو کہ کفر و معاصی کی ظلمتوں سے آلودہ ہے اس دولت کی طرف کب ہدایت پاتی ....ان بدنصیبوں کی ناقص عقلیں اپنی ذات کی حد تک اپنی الوہیت کا حکم کرتی ہیں اور اپنے علاوہ کسی کو معبود نہیں مانتیں جیسا کہ فرعونِ مصر نے کہا مَا عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِیْ (قصص ۲۸،آیت ۳۸) (میں نہیں جانتا کہ میرے علاوہ بھی تمہارا کوئی معبود ہے) اور یہ بھی کہا: لَئِنِ اتَّخَذْتَ اِلٰهًا غَيْرِیْ لَاَجْعَلَنَّكَ مِنَ الْمَسْجُوْنِيْنَ (شعراء ۲۶،آیت ۲۹) (اے موسیٰ) اگر تو میرے علاوہ کسی اور کو معبود بنائے گا تو تجھے قید میں ڈال دوں گا) ....اور چونکہ ان کو انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کی تعلیمات سے معلوم ہوگیا کہ (کائناتِ) عالم کا بنانے والا واجب الوجود تعالیٰ وتقدس ہے تو ان بدنصیبوں میں سے بعض نے اس دعوے کی برائی پر اطلاع پاکر تقلید اور پوشیدگی کے طور پر صانع حقیقی کا اثبات کیا اور اپنے اندر جاری وساری (حلول) سمجھا اور اس حیلہ سے لوگوں کو اپنی پرستش کی دعوت دی: تَعَالَى اللّٰهُ عَمَّا يَقُوْلُ الظَّالِمُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا (اللہ تعالیٰ اس بات سے جو یہ ظالم کہتے ہیں بہت بڑا ہے) ....اس مقام پر کوئی کوتاہ اندیش (کم عقل) یہ سوال نہ کرے کہ اگر زمین ہند میں انبیا مبعوث ہوتے تو یقینی طور پر ان کی بعثت کی خبر ہم تک پہنچتی بلکہ وہ خبر بکثرت دعوتوں کے سبب تواتر کے ساتھ منقول ہوتی، جب ایسا نہیں ہے تو ویسا بھی نہیں ہے (یعنی پیغمبر نہیں آئے)

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ چوتھا حصہ

Marfat.com

اس کے جواب میں ہم کہتے ہیں کہ ان مبعوث پیغمبروں کی دعوت عام نہیں تھی بلکہ بعض کی دعوت تو کسی ایک قوم کے ساتھ مخصوص تھی اور بعض کی دعوت کسی ایک گاؤں یا شہر پر تھی۔ اور بہت ممکن ہے کہ حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے اس قوم یا قریہ میں کسی ایک شخص کو اس دولت سے مشرف فرمایا ہو، اور اس شخص نے اس قوم یا قریہ کے لوگوں کو صانع جل شانہٗ کی معرفت کی دعوت دی ہو اور غیر اللہ کی عبادت سے منع کیا ہو، اور اس قوم یا قریہ نے اس کا انکار کیا ہو اور اس کو گمراہ و جاہل سمجھا ہو، اور جب ان کا انکار و تکذیب انتہا کو پہنچ گیا ہو تو حق جل وعلا کی مدد نے آ کر ان کو ہلاک کر دیا ہو............ اسی طرح کچھ مدت کے بعد دوسرا پیغمبر کسی قوم یا قریہ میں مبعوث ہوا ہو، اور اس پیغمبر نے بھی ان کے ساتھ ایسا ہی معاملہ کیا ہو جیسا پہلے پیغمبر نے کیا تھا اور اس قوم نے اس پیغمبر کے ساتھ بھی وہی کچھ کیا ہو جیسا پہلے والے کے ساتھ کیا تھا۔ اور اسی طرح ہوتا رہا جب تک اللہ تعالیٰ نے چاہا۔

زمینِ ہند میں بھی قریوں اور شہروں کی بربادی و ہلاکت کے آثار بہت پائے جاتے ہیں۔ یہ قوم اگرچہ ہلاک ہو گئی لیکن وہ کلمہ دعوت ان کے ہمعصروں کے درمیان باقی رہ گیا: وَجَعَلَهَا كَلِمَةً بَاقِيَةً فِي عَقِبِهِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ (زخرف، ۴۳، آیت، ۲۸) (اور اس کلمہ (توحید) کو اس لئے (ان کے) پیچھے باقی رکھا کہ شاید وہ (حق کی طرف) رجوع کر آئیں۔

مبعوث شدہ پیغمبروں کی نبوت کی خبر ہمیں اس وقت ملتی جبکہ بکثرت لوگ ان کے پیرو ہوتے اور قوت و شوکت پیدا کرتے (لیکن جب) ایک آدمی (پیغمبر) آیا اور چند روز دعوت کا کام کر کے چلا گیا کسی شخص نے اس کی بات کو قبول نہیں کیا، پھر دوسرا آیا اس نے بھی یہی کام کیا اور اس کا ایک شخص پیرو ہو گیا۔ اسی طرح تیسرا آیا اور اس کے دو یا تین پیرو بن گئے، تو پھر ان کی خبر کس طرح اشاعت پذیر ہوتی، چونکہ تمام کفار نے ان (پیغمبروں) کا انکار کیا اور اپنے باپ دادا کے دین کے مخالفتوں کی تردید کرتے رہے تو پھر نقل کون کرتا اور کس سے نقل کی جاتی............ دوسرا جواب یہ ہے کہ رسالت، نبوت اور پیغمبری کے الفاظ ان پیغمبروں اور ہمارے پیغمبر علیہ وعلیٰ آلہ وعلیٰ جمیع الانبیاء الصلوات والتسلیمات کی اتحادِ دعوت کے وسیلے سے عربی اور فارسی زبان میں آئے ہیں، ہندی لغت میں یہ الفاظ نہیں ہیں تاکہ ہند کے مبعوث شدہ انبیاء کو نبی، رسول یا پیغمبر کہتے اور ان ناموں سے ان کو موسوم کرتے............ اور اسی طرح اس سوال کے جواب میں بطریق معارضہ (بطریق الزام) ہم کہتے ہیں کہ اگر ہند میں پیغمبر مبعوث نہیں ہوئے اور ان کی زبان میں ان کو دعوت حق نہیں دی گئی تو یقینی طور پر ان کا حکم شاہق جبل والوں کی طرح ہوگا کہ سرکشی اور الوہیت کے دعوے کے باوجود دوزخ میں نہ جائیں اور ان کو دائمی عذاب نہ ہو۔ اس بات کو نہ تو عقلِ سلیم ہی تسلیم کرتی ہے اور نہ کشفِ صحیح اس کی تائید کرتا ہے کیونکہ ہم ان میں سے بعض سرکشوں کو دوزخ کے وسط میں دیکھتے ہیں۔ وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ أَعْلَمُ بحقیقة الحال (اور اللہ سبحانہ اصل حقیقت کو خوب جانتا ہے)

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص ۰۷﴾ شاہق کے معنی بلند اور عمارتِ بلند یعنی ان لوگوں کے بارے میں جو غیر آباد زمین میں ہوں، مثلاً جو پہاڑ کی چوٹی پر

مکتوبات امام ربانیؒ چوتھا حصہ دفتر اول

Marfat.com

رہائش اختیار کرتے ہیں اور انبیاء کی دعوت وہاں تک نہیں پہنچی ۱۲

ے قولہ فترۃ رسل: یعنی انبیاء علیہم السلام کے درمیان نبی سے خالی زمانہ جیسا کہ موسیٰ اور عیسیٰ کے دریان عیسیٰ اور محمد کے دریان کا زمانہ علیہم الصلوات والتسلیمات ۱۲

ے قولہ پس...... حضرت مجدد قدس سرہ کے قول ''قدماء فلاسفہ یونان'' کی وضاحت ہے ۱۲

ا یعنی اے کاش کہ ہم جان لیتے کہ ہمارے اصحاب ماتریدیہ نے بعض امور مثلاً صانع تعالیٰ سبحانہ کے وجود کے اثبات اور اسکی وحدت کے بارے میں عقل کے استقلال وکافی ہونے سے کیا مراد لی ہے کہ انہوں نے شاہق جبل (پہاڑ کی چوٹی پر رہنے والے) بت پرست کو ان دونوں امور (یعنی وجود صانع کے اثبات اور اسکی وحدت) کیلئے مکلف ٹھہرایا ہے، اگر چہ اسکو پیغمبر کی دعوت نہیں پہنچی، اور ان دونوں امور میں اس کے نظر وفکر کو ترک کرنے پر اس کے کفر اور خلود فی النار کا حکم دیا ہے، حالانکہ ہم ظاہری تبلیغ اور حجت بالغہ کے بغیر جو کہ رسولوں کے بھیجنے پر وابستہ ہے، کفر اور خلود فی النار کا حکم دینا صحیح نہیں سمجھتے، بے شک عقل اللہ تعالیٰ کی حجتوں میں سے ایک حجت ہے لیکن یہ حجت ہونے میں اتنی کامل حجت نہیں ہے جس پر شدید ترین عذاب مرتب ہو سکے ۱۲

جاننا چاہیے کہ عقائد میں دو گروہ ہیں، ایک ماتریدیہ جو امام ابو منصور ماتریدی یعنی محمد بن محمد بن محمود امام المتکلمین کی طرف منسوب ہیں، آپ دو واسطوں سے امام محمد اور امام ابو یوسف کے شاگرد ہیں، حنفی المذہب اور کئی کتابوں کے مصنف ہیں، آپ کی وفات ۳۳۳ھ میں ہوئی...... دوسرا گروہ شاعرہ ہیں جو امام ابو الحسن اشعری شافعی علی بن اسماعیل کی طرف منسوب ہیں، ان کی وفات ۳۳۰ھ میں ہوئی...... ان دونوں کے درمیان علامہ ابن البیاضی کی تحقیق کے مطابق پچاس مسئلوں میں اختلاف ہے ۱۲۔ از کشف الظنون وفوائد البہیہ وعلم الکلام ۱۲

۲ پھر حنفیہ میں سے اس کے قائل ہیں کہ بے شک عقل مستقل ہے اللہ تعالیٰ کے بعض احکام کے ادراک میں پس بعض نے واجب کیا ہے ایمان کو اور کفر کو حرام کیا ہے اور ہر وہ بات جو جناب باری تعالیٰ کے لائق ہے، ہر ایک انسان پر اس کو رسول کی دعوت پہنچی ہو یا نہ، یہاں تک کہ عقل والا بچہ بھی (اس کا مکلف ہے) یہ قول ہے بڑے بڑے حنفیہ مثلاً علم الہدیٰ ابو منصور ماتریدی اور امام فخر الاسلام اور صاحب میزان اور اسی کو اختیار کیا صدر الشریعہ وغیرہ نے، اور امام الہمام ابو حنیفہ سے روایت کیا گیا ہے کہ کسی کا عذر قبول نہیں ہے پہاڑ والے کا، اپنے خالق کے سامنے اس وجہ سے جو دلائل اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کے ثبوت پر وہ دیکھتا ہے، اس حیثیت سے عقل مند کے لئے کوئی مجال نہیں ہے۔ کہ وہ اس میں شک کرے اور جو شک کرتا ہے اس کے باوجود وہ غلط فہمی کی وجہ سے ہے، نہ اس لئے کہ اس میں شک ہے یہ روایت ہی متند ہے بعض کی ۱۲ مسلم الثبوت وشرحہ بحر العلوم

ے اس میں تسامح ہے اور مراد بالغ شخص ہے جو پہاڑ کی چوٹی میں رہتا ہے اور وہ بت پرست ہے ۱۲

ے قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا۔ (الاسراء ۱۵) اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اور ہم عذاب نازل نہیں کرتے جب تک ہم نہ بھیجیں کسی رسول کو۔

﴿ص ۱۷﴾ ا یہ آیت ۷۲ کریمہ واقع ہے سورہ مائدہ پارہ ۶ میں یعنی جو شخص اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرے اللہ تعالیٰ نے اس پر جنت حرام کردی ہے، اور اس کو ٹھکانا دوزخ ہے ۱۲

ے قولہ غریبہ: یہ معرفت ماتریدیہ اور اشعریہ وغیرہ کی معرفت کے علاوہ ہے ۱۲

ے خلاصہ مراد یہ ہے: علماء نے اس آدمی کے بارے میں اختلاف کیا ہے جسکو کسی پیغمبر کی دعوت نہ پہنچی ہو، ماتریدیہ کہتے ہیں: کفر وشرک کے عقیدہ کی صورت میں وہ ہمیشہ دوزخ میں رہے گا۔ اشعریہ کا کہنا ہے کہ وہ ہمیشہ بہشت میں رہے گا اگر چہ بت پرستی کرتا رہا۔ صاحب فتوحات اس کے قائل ہیں، کہ قیامت کے دن اس قوم کی دعوت کے لئے نبی بھیجا

Marfat.com

جائے گا۔امام ربانی قدس سرہٗ کا قول ہے کہ زندہ کر کے حیوانات کی طرح حساب لیکر ان کو ختم کر دیا جائے گا واللہ اعلم علمہ اتم واحکم

۳ یعنی بالکل فنا اور محض لاشئے کر دینا پہاڑوں کے رہنے والوں کو (جن کو کسی نبی کی دعوت نہیں پہنچی) آخرت میں زندہ کرنے اور حساب کے بعد ۱۲

۴ جیسا کہ اشعری کے مذہب سے لازم آتا ہے جیسا کہ جنت و دوزخ کے درمیان واسطہ کے قائل ہونے کے باعث، پس حق وہی ہے جو مجھے الہام ہوا کہ قیامت کے دن محاسبہ کی تکمیل کے بعد اس کو معدوم کر دیا جائے گا ۱۲

ے اس میں اشارہ اس طرف ہے کہ امام اشعری سے صراحتاً منقول نہیں ہے لیکن ان کے مذہب سے لازم آتا ہے اور وہ ہے عقل کا مستقل نہ ہونا ان کے نزدیک مطلقاً، اس کے باوجود کہ وہ واسطہ کے قائل نہیں ہیں ۱۲

﴿صہ ۷۲﴾ ا ان دونوں گروہوں کا بیان سورہ کہف کے آخر میں ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اِنَّ یَاجُوْجَ وَمَاجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِی الْاَرْضِ الخ (بے شک یاجوج اور ماجوج زمین میں فساد کرتے ہیں الخ) اہل تاریخ نے کہا ہے وہ یافث بن نوح علیہ السلام کی اولاد میں سے ہیں ۱۲

۲ قولہ رُؤسَا جمع ہے رئیس کی اور کَفَرۃ (پہلے دونوں حرفوں پر زبر) جمع ہے کافر کی یعنی ہندو کافروں کے بڑے بزرگ ۱۲

۳ یعنی وقال فرعون یٰاَیُّھَا الْمَلَأُ مَا عَلِمْتُ الخ فرعون نے کہا: اے سردارو! میں نہیں جانتا کہ میرے علاوہ بھی تمہارا کوئی معبود ہے) یہ آیت ۳۸ سورہ قصص پارہ بیس میں واقع ہے ۱۲

۴ یعنی فرعون نے کہا: اے موسیٰ! اگر تو میرے علاوہ کسی اور کو معبود بنائے گا تو تجھے میں قید میں ڈال دوں گا۔ یہ آیت ۲۹ سورہ شعرا پارہ انیس میں واقع ہے ۱۲

﴿صہ ۷۳﴾ ا یعنی اور دوسرے پیغمبر نے بھی اس قوم یا بستی والوں سے ایسا ہی معاملہ کیا ہو جیسا کہ پہلے پیغمر نے کیا تھا، صانع جل شانہ کی معرفت کی دعوت اور اللہ تعالیٰ کے غیر کی عبادت سے روکنا، اور ان لوگوں نے اس نبی کے ساتھ اسی طرح کیا ہو جیسا کہ ان سے پہلوں نے کیا تھا، اور اسی طرح ہوتا رہا جب تک اللہ تعالیٰ نے چاہا ۱۲

۲ یعنی اور اس کلمہ (توحید) کو اس لئے (ان کے) پیچھے باقی رکھا کہ شاید وہ (حق کی طرف) رجوع کر آئیں ۱۲

۳ معارضہ مناظرہ کی اصطلاح میں مخالف کی دلیل کے مقابلہ میں دلیل قائم کرنا ۱۲

۴ شاہق جبل: وہ شخص جو پہاڑ کی بلندی پر سکونت رکھتا ہو اور اس کو (کسی نبی کی) دعوت نہ پہنچی ہو ۱۲

۵ یعنی سرکشی اور الوہیت کے دعوے کے باوجود دوزخ میں نہ جائیں اس طرح کی بات کو نہ عقلِ سلیم ہی تسلیم کرتی ہے اور نہ کشفِ صحیح اسکی تائید کرتا ہے کیونکہ ہم ان میں سے بعض سرکشوں کو دوزخ کے وسط میں دیکھتے ہیں ۱۲

ے یعنی جب متواتر منقول نہ ہوا تو معلوم ہو گیا کہ ہندوستان کی زمین میں انبیاء مبعوث نہیں ہوئے ۱۲

....

☆متن ......بین السطور......معانی

﴿صہ ۷۰﴾ ☆ مُنعِم ......حق تعالیٰ ۱۲......اللہ تعالیٰ ۱۲ ☆ کو......کجا ۱۲......کہاں ۱۲ ☆ مکافات......معاوضہ ۱۲......بدلہ ۱۲

☆ بزرگواران......انبیاء ۱۲......نبی کی جمع ہے ۱۲ ☆ قُدَماء......پیشین ۱۲......قدیم کی جمع، پہلے لوگ ۱۲ ☆ کہ......کدام کس ۱۲......کون شخص ۱۲ ☆ مُہتدِ......راہ یابندہ ۱۲......راستہ پالینے والا ۱۲ ☆ کائنات......موجودات ۱۲......موجودات

☆ دَہر......زمانہ ۱۲......زمانہ ☆ ساطع......بلند ۱۲......روشن ۱۲ ☆ معزول......بے کار ۱۲......بے کار ☆ الماترید یہ ......ماترید محلۃ من سمرقند ۱۲......سمرقند کا ایک محلہ ہے ماترید ۱۲ ☆ العذاب......یعنی عذاب الآخرۃ ۱۲......یعنی آخرت کا عذاب

Marfat.com

۱۲ ☆ شاہق جبل ...... باشندہ سرکوہ ۱۲...... پہاڑ کی چوٹی پر رہنے والا ۱۲ ☆ عابدِ صنم ...... پرستندۂ بت ۱۲...... بُت پوجنے والا

۱۲ ☆ مُخلّد ...... دائم ۱۲...... ہمیشہ ۱۲

﴿ص ۱۷﴾ ☆ دو واسطہ ...... یعنی محلیکہ انسان دائما اندران باشد ۱۲ ...... یعنی ایسی جگہ جسکے اندر انسان ہمیشہ رہے ۱۲

☆ اصحاب ...... زیرا کہ ۱۲ ...... کیونکہ ☆ مُتعصّب ...... دشوار ۱۲ ...... مشکل ۱۲ ☆ وآنچہ ...... مبتدا ۱۲ ...... یہ مبتدا ہے ۱۲

☆ صاحب فتوحات ...... شیخ اکبر محی الدین ابن عربی ۱۲ ☆ نزد این ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے ۱۲ ☆ مَدید ...... دراز ۱۲

...... طویل، لمبی ۱۲ ☆ جَرِیمہ ...... گناہ ۱۲ ...... گناہ ☆ حُقوق ...... مردم ۱۲ ...... لوگوں کے حقوق ۱۲ ☆ رنگ ...... مانند

۱۲ ...... مانند ☆ خُلود ...... در بہشت ...... بہشت میں ۱۲ ☆ مُخلّد ...... در دوزخ ۱۲ ...... دوزخ میں ۱۲ ☆ غریبہ ...... نادرہ ۱۲

...... عجیب ۱۲ ☆ چوں ...... یا ذر منام وخواب ۱۲ ...... یا نیند اور خواب میں ۱۲ ☆ محضر انبیاء ...... در واقعہ از واقعات ۱۲

...... واقعات میں سے ایک واقعہ میں ۱۲ ☆ عرضہ ...... پیش ۱۲ ...... سامنے، خدمت میں ۱۲ ☆ حکم کنند ...... علماء ماتریدیہ ۱۲

☆ رأفت ...... شفقت ۱۲ ...... مہربانی ۱۲ ☆ رحمت ...... مہربانی ۱۲ ...... مہربانی ☆ منوط ...... معلق ۱۲ ...... لٹکا ہوا ۱۲

☆ اگرچہ ...... اشارت است باولویت اعتبار تبعیت والدین یا یکے از ایشان ۱۲ ...... اشارہ ہے والدین کی تبعیت کے اعتبار اولویت کے ساتھ ان میں سے ایک سے ۱۲

﴿ص ۲۷﴾ ☆ فَترت ...... انقطاع ۱۲ ...... سلسلہ کٹ جانا ۱۲ ☆ رنگ ...... مانند ۱۲ ...... مانند ☆ رنگ ...... مانند ۱۲ ...... رنگ

☆ نگرویدہ ...... یعنی باو ایمان نہ آوردہ ۱۲ ...... یعنی اس پر ایمان نہیں لایا ہے ۱۲ ☆ بلا دِ ہند نماید ...... کہ دران انوار انبیا میبابد ۱۲ ...... کہ وہاں انبیا کے انوار پائے جاتے ہیں ۱۲ ☆ وآنچہ ...... مبتدا ۱۲ ...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ ہمہ ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے

۱۲ ☆ مقتبس ...... گرفتہ شدہ ۱۲ ...... اخذ کیا ہوا، حاصل کیا ہوا ۱۲ ☆ مشکوٰۃ ...... سینہ ۱۲ ...... چراغدان (سینہ) ☆ صفاتِ ثبوتیہ ...... چنانکہ سمع وبصر وقدرت وارادہ وتکلم وغیرہ ۱۲ ...... جیسا کہ سُننا، دیکھنا، طاقت، ارادہ اور کلام کرنا وغیرہ ۱۲

☆ تقدیسات ...... از ہر عیب ونقصان ۱۲ ...... ہر عیب اور نقص سے پاک ۱۲ ☆ ایں بزرگواران ...... پیغامبران ۱۲

☆ ملوث ...... آلودہ ۱۲ ...... لتھڑا ہوا ۱۲ ☆ باین دولت ...... علم بوجود حق تعالیٰ ۱۲ ...... اللہ تعالیٰ کے موجود ہونے کا علم ۱۲

☆ مُہتد ...... راہ یابندہ ۱۲ ...... راہ پانے والا ۱۲ ☆ بالوہیت ...... الہ ومعبود بودن ۱۲ ...... الہ اور معبود ہونا ۱۲ ☆ الٰہے ...... معبودے ۱۲ ...... ایک معبود ۱۲ ☆ بعضے ...... رؤسائے کفار ۱۲ ...... کافروں کے رئیس ۱۲ ☆ قُبحِ ادعاء ...... زشتی دعوے

۱۲ ...... برائی کا دعویٰ ۱۲ ☆ اطلاع یافتہ ...... وقوف وآگہی ۱۲ ...... واقفیت اور اطلاع ۱۲ ☆ تَستُّر ...... پوشیدہ شدن ودر پردہ بودن ۱۲ ...... پوشیدہ ہونا اور پردے میں ہونا ۱۲ ☆ حال ...... نزول کنندہ ۱۲ ...... اترنے والا ۱۲ ☆ ساری ...... دررندہ وبہمہ اجزائے چیزے سرایت کنندہ ۱۲ ...... کسی چیز کے کل اجزا میں پہنچ جانے والا اور سرایت کرنے والا ۱۲

﴿ص ۳۷﴾ ☆ جہتِ توفُّر ...... یعنی بسبب کثرت اسباب نقل ۱۲ ...... یعنی نقل کے کثیر اسباب کی وجہ سے ۱۲ ☆ بتواتر ...... بیقین ۱۲

...... یقین کے ساتھ ۱۲ ☆ میگشت ...... کہ مجال انکار نماند ۱۲ ...... کیونکہ مجال انکار نہیں ہے ۱۲ ☆ قریہ ...... دِہ ۱۲ ...... بستی ۱۲

☆ بلدہ ...... شہر ۱۲ ...... شہر ☆ تضلیل ...... بضلالت وگمراہی نسبت نمودن ۱۲ ...... ضلالت وگمراہی کی نسبت ہونا ۱۲ ☆ تجہیل

Marfat.com

......بجہالت ونادانی نسبت نمودن ۱۲...... جہالت ونادانی کی نسبت ہونا ۱۲ ☆ کفار ...... حالانکہ ۱۲...... حالانکہ کافر لوگ ۱۲

☆ کہ...... کدام کس ۱۲......کون شخص ۱۲ ☆ مگر الفاظ ...... جواب دیگر ۱۲...... دوسرا جواب ۱۲ ☆ پیغمبری ...... یائے معروف

۱۲...... یا معروف پڑھی جائے گی ۱۲ ☆ بواسطہ ......یعنی بسبب عموم نبوت آنحضرت وشمول آن ہمہ را ۱۲...... آن حضرت ﷺ کی

نبوت سب کو عام وشامل ہونے کے سبب ۱۲ ☆ اَسامی ...... نامہا ۱۲...... اہل ہند کے نام ۱۲ ☆ ایشان ...... اہل ہند ۱۲

...... ہندوستان والے ۱۲ ☆ اینہا ...... اہل ہند ۱۲...... ہندو لوگ ۱۲ ☆ تمرُّد ...... سرکشی کردن ۱۲...... سرکشی کرنا ۱۲

☆ اُلوہیت ...... اِلٰہ ومعبود بودن ۱۲......الٰہ اور معبود ہونا ۱۲ ☆ نشود ...... چنانکہ مذہب اشعری است ۱۲...... جیسا کہ اشعری

کا مذہب ہے ۱۲

....

دوسو ساٹھواں مکتوب (۲۶۰)

حقائق آگاہ، معارف دستگاہ، مظہر فیضِ الٰہی، منبع رحمت نامتناہی مخدوم زادہ میاں شیخ محمد صادق سلمہ اللہ تعالیٰ کی طرف صادر فرمایا ...... اس طریقے کے بیان میں جس سے آپ کو ممتاز کیا گیا ہے۔ جو تینوں ولایتوں کی تربیت کرنے والوں کے ضمنا بیان میں ہے جس میں، ایک ولایت صغریٰ جو ولایت اولیا ہے اور (دوسری) ولایتِ کبریٰ جو ولایتِ انبیا ہے اور (تیسری) ولایتِ علیا جو ولایت ملا اعلیٰ ہے۔ اور یہ بیان ہر قسم کی ولایت پر نبوت کی افضلیت ہونے پر مشتمل ہے۔ اور لطائف عشرہ انسانی کے بیان میں کہ ان میں سے پانچ عالم امر سے متعلق ہیں اور دوسرے پانچ عالم خلق سے جو کہ نفس اور عناصرِ اربعہ ہیں اور ہر کمال کی خصوصیت جو ان لطائف میں سے ہر ایک کے ساتھ مخصوص ہیں اور عالم امر پر عالمِ خلق کی افضلیت کے بیان میں مع ان کمالات کے جو عنصر خاکی سے مخصوص ہیں اور عجیب وغریب علوم ومعارف کے بیان میں جو ہر مقام کے مناسب ہیں اور ان جیسی اور باتوں کے بیان میں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَعَلَيْهِمْ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ (شروع اللہ تعالیٰ کے نام سے جو نہایت مہربان اور بڑا رحم والا ہے۔ تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے اور سید المرسلین اور آپ کے آل واصحاب پر صلوٰۃ وسلام ہو) .... اے فرزند! اللہ تعالیٰ سبحانہ تم کو سعادتمند کرے، جاننا چاہیے کہ عالم امر کے پانچ لطائف ہیں: قلب روح، سر، خفی اور اخفی، جو انسانی عالم صغیر کے اجزا ہیں، ان کے اصول عالمِ کبیر میں ہیں، جس طرح عناصر اربعہ جو کہ انسان کے اجزا ہیں اور اپنے اصول عالمِ کبیر میں رکھتے ہیں اور ان پنجگانہ لطائف کے اصول کا ظہور عرش کے اوپر ہے جو لامکانیت سے موصوف ہے، یہی وجہ ہے کہ عالمِ امر کو لامکانی کہتے ہیں .... دائرہ امکان (تمام ممکنات) خواہ وہ خلق ہو یا امر، خواہ وہ صغیر ہو یا کبیر، ان اصول کی نہایت تک تمام ہو جاتا ہے اور عدم کا وجود سے ملنا جو امکان کا منشا ہے اس مقام میں انتہا کو پہنچ جاتا ہے۔ اور جب سالک رشید محمدی المشرب عالمِ امر کے پنجگانہ لطائف کو ترتیب وار طے کر کے ان کے اصول میں جو کہ عالمِ کبیر میں

Marfat.com

ہیں سیر کرتا ہے۔اور بلند فطرتی بلکہ محض فضلِ خداوندی جل شانہٗ سے ان سب کو ترتیب اور تفصیل کے ساتھ طے کر کے ان کے اخیر نقطے تک پہنچتا ہے تو اس وقت وہ دائرہ امکان کو سیر الی اللہ کے ساتھ تمام کر لیتا ہے اور فنا کے اسم کا اطلاق اپنے اوپر حاصل کر کے ولایت صغریٰ میں جو کہ ولایت اولیا ہے سیر شروع کرتا ہے۔

..........اس کے بعد اگر اللہ تعالیٰ وتقدس کے اسمائے وجوبی کے ظلال میں جو حقیقت میں عالم کبیر کے ان پنجگانہ لطائف کے اصول ہیں اور جن میں عدم کی کچھ آمیزش نہیں ہے سیر واقع ہو جائے اور ان سب کو اللہ تعالیٰ جل سلطانہ کے فضل سے سیر فی اللہ کے طریق سے طے کر کے ان کی نہایت تک پہنچ جائے تو وہ اسمائے وجوبی کے ظلال کے دائرے کو بھی پورا کر لیتا ہے اور اللہ جل سلطانہ کے اسماء وصفات واجبی کے مرتبہ تک پہنچ جاتا ہے..........ولایت صغری کے عروج کی نہایت یہیں تک ہے۔اس مقام میں حقیقت فنا کا آغاز متحقق ہوتا ہے اور ولایت کبریٰ کی ابتدا میں جو کہ ولایت انبیاعلیہم الصلوات والتسلیمات ہے قدم رکھا جاتا ہے۔

جاننا چاہیے کہ یہ دائرہ ظل، انبیائے کرام اور ملائکہ عظام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے علاوہ تمام مخلوقات کے مبادی تعینات کو شامل ہے اور ہر ایک اسم کا ظل کسی نہ کسی شخص کا مبدا تعین ہے یہاں تک کہ حضرت صدیق رضی اللہ عنہ جو انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کے بعد افضل البشر ہیں ان کا مبدا تعین اس دائرہ کے اوپر نقطہ فوق ہے۔

اور یہ جو (بعض مشائخ نے) کہا ہے کہ جب سالک اس اسم تک جو اس کا مبدا تعین ہے پہنچ جاتا ہے تو اس وقت سیر الی اللہ کو تمام کر لیتا ہے اس اسم سے مراد اسم الٰہی جل شانہ کا ظل جاننا چاہیے اور وہ اس اسم کی جزئیات میں سے ایک جزئی ہے نہ کہ اس اسم کی اصل، اور یہ دائرہ ظل حقیقت میں اسماء وصفات کے مرتبہ کی تفصیل ہے..........مثلاً علم ایک حقیقی صفت ہے جس کی بہت سی جزئیات ہیں اور ان جزئیات کی تفصیل اس صفت کے ظلال ہیں جو اجمال کے ساتھ مناسبت رکھتے ہیں اور اس صفت کی ہر ایک جزئی انبیائے کرام اور ملائکہ عظام علیہم الصلوات والسلام کے علاوہ باقی اشخاص میں سے کسی نہ کسی شخص کی حقیقت ہے، اور انبیاء وملائکہ کے مبادی تعینات ان ظلال کے اصول یعنی ان مفصلہ جزئیات کی کلیات ہیں..........مثلاً صفت العلم اور صفت القدرۃ اور صفت الارادہ وغیرہ اور بہت سے اشخاص ایک صفت میں جو کہ ان کا مبدا تعین ہے مختلف اعتبارات کے لحاظ سے باہم شرکت رکھتے ہیں۔مثلاً حضرت خاتم الرسل کا مبدا تعین شان العلم ہے اور یہی صفت العلم ایک (خاص) اعتبار سے حضرت ابراہیم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوات والتسلیمات کا مبدا تعین ہے اور نیز یہی صفت ایک (اور خاص) اعتبار سے حضرت نوح علیٰ نبینا وعلیہ الصلوات والتسلیمات کا مبدا تعین ہے۔اور ان اعتبارات کے تعین کا ذکر خواجہ محمد اشرف کے مکتوب (۲۵۱) میں ہو چکا ہے۔

اور یہ جو بعض مشائخ نے فرمایا ہے کہ حقیقت محمدی تعین اول ہے جو حضرت اجمال ہے اور وحدت کے نام سے مسمّٰی ہے..........ان کی مراد جو کچھ اس فقیر پر ظاہر ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ دائرہ ظل کا مرکز یہی ہے۔وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ اَعْلَمُ (اور اللہ سبحانہٗ ہی جانتا ہے)..........اس دائرہ ظل کو تعین اول خیال کیا ہے اور اس کے

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ چوتھا حصہ

Marfat.com

مرکز کو اجمال جانتے ہوئے وحدت کا نام لیا ہے، اور اس مرکز کی تفصیل کو جو اس دائرہ کا محیط ہے واحدیت گمان کیا ہے، اور دائرہ ظل کے مقام سے اوپر جو اسما و صفات کا دائرہ ہے ذاتِ بے چون جو تعین سے مبرا ہے تصور کیا ہے کیونکہ صفت کو انہوں نے عین ذات کہا ہے اور ذات پر زائد نہیں جانا ہے، حالانکہ ایسا نہیں ہے .... بلکہ میں کہتا ہوں کہ اس دائرہ ظل کا مرکز دائرہ فوق کے مرکز کا ظل ہے جو کہ دائرہ ظل کی اصل ہے اور اسماء و صفات شیون و اعتبارات کے دائرہ سے موسوم ہے یہ حقیقت میں حقیقت محمدی اسی دائرہ اصل کا مرکز ہے جو اسماء و شیونات کا اجمال ہے اور اس دائرہ میں ان اسماء و صفات کی تفصیل واحدیت کا مرتبہ ہے اور ظلال اسماء کے مرتبہ میں وحدت اور واحدیت کا اطلاق کرنا ظل کو اصل کے مشابہ سمجھنے پر مبنی ہے، اور سیر فی اللہ کا اطلاق بھی اس مقام میں اسی قسم سے ہے۔

کیونکہ وہ سیر فی الحقیقت سیر الی اللہ میں داخل ہے۔ اسی طرح ہے۔ اس کے بعد اگر اسماء و صفات کے دائرہ میں جو کہ اس دائرہ ظل کا اصل ہے سیر فی اللہ کے طریق پر عروج واقع ہو جائے تو وہاں ولایت کبریٰ کے کمالات شروع ہو جاتے ہیں۔ اور یہ ولایت کبریٰ (بلا واسطہ اصلی طور پر) انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کے ساتھ مخصوص ہے اور ان کی پیروی کے باعث ان کے اصحاب کرام بھی اس دولت سے مشرف ہوئے ہیں، اس دائرہ کے نیچے کا نصف حصہ اسماء و صفات زائدہ کو متضمن ہے اور اس کا نصف بالائی حصہ شیون و اعتباراتِ ذاتیہ پر مشتمل ہے۔

عالمِ امر کے پنجگانہ (لطائف و مراتب) کے عروج کی انتہا اسماء و شیونات کے دائرہ کی نہایت تک ہے اس کے بعد اگر محض فضل ایزدی جل شانہٗ سے مقامِ صفات و شیونات پر ترقی واقع ہو جائے تو ان کے اصول کے دائرہ میں سیر واقع ہوگی۔ اور اس دائرہ اصول سے گذرنے کے بعد ان اصول کے اصول کا دائرہ ہے اس دائرہ کے طے کرنے کے بعد دائرہ فوق سے ایک قوس (نصف دائرہ کے مانند) ظاہر ہوگی اس کو بھی قطع کرنا پڑتا ہے۔ اور چونکہ اس دائرہ فوق سے قوس کے علاوہ اور کچھ ظاہر نہیں ہوا اس لئے اسی قوس پر بس کیا گیا .... شاید اس جگہ کوئی راز ہوگا جس پر (عالمِ غیب سے) اطلاع نہیں بخشی گئی .... اور اسماء و صفات کے یہ اصولِ سہ گانہ جو مذکور ہوئے حضرت تعالیٰ و تقدس میں محض اعتبارات ہیں جو کہ صفات و شیونات کے مبادی ہو گئے ہیں۔ ان اصول سہ گانہ کے کمالات کا حاصل ہونا نفس مطمئنہ کے ساتھ مخصوص ہے۔ اس (نفس) کو اس مقام میں اطمینان حاصل ہو جاتا ہے اور اسی مقام میں شرح صدر حاصل ہوتا ہے اور سالک اسلامِ حقیقی سے مشرف ہو جاتا ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں نفسِ مطمئن صدارت کے تخت پر جلوس فرماتا ہے اور مقامِ رضا پر ترقی کرتا ہے۔ یہ مقام ولایتِ کبریٰ کی انتہا کا مقام ہے جو ولایتِ انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کا مقام ہے۔

جب اس فقیر کی سیر یہاں تک ہو چکی تو وہم و خیال میں آیا کہ سب کام مکمل ہو چکا ہے (اتنے میں عالم غیب سے) ندا آئی کہ "یہ سب کچھ اسم ظاہر کی تفصیل تھی جو کہ پرواز کے لئے ایک بازو ہے، اور اسم باطن کی سیر ابھی باقی ہے جو کہ عالمِ قدس کی طرف پرواز کرنے کے لئے دوسرا بازو ہے، اور جب تو اس کو بھی مفصل طور پر انجام دیدے گا

مکتوباتِ امام ربانیؒ جوتھا حصہ پہلا دفتر

Marfat.com

تو اس وقت تجھے پرواز کے لئے دو باز و عطا ہوں گے۔اور جب اللہ سبحانہٗ کی عنایت سے اسمِ باطن کی سیر بھی انجام پا چکی تو دو باز و میسر ہو گئے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ ھَدٰنَا لِھٰذَا وَمَا کُنَّا لِنَھْتَدِیَ لَوْ لَا اَنْ ھَدٰنَا اللّٰہُ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ (اللہ تعالیٰ کی حمد ہے جس نے ہم کو اس کی ہدایت بخشی اگر وہ ہم کو ہدایت نہ بخشتا تو ہم کبھی ہدایت نہ پاتے، بیشک ہمارے رب کے رسول حق لے کر آئے ہیں) (اعراف، ۷، آیت ۴۳)

اے فرزند! اسمِ باطن کی سیر کی نسبت کیا لکھا جائے۔اس سیر کا حال استتار و تبطن (در پردہ رہنے) ہی کے مناسب ہے۔البتہ اس مقام کے متعلق صرف اس قدر بیان کیا جاتا ہے کہ اسمِ ظاہر کی سیر صفات میں ہے بغیر اس بات کے کہ اس کے ضمن میں ذات تعالیٰ و تقدس ملحوظ ہو، اور اسم باطن کی سیر بھی اگرچہ اسماء میں ہے۔لیکن اس کے ضمن میں ذات تعالیٰ ملحوظ ہے اور یہ اسماء ڈھالوں (سپر) کے مانند ہیں جو حضرت ذات تعالیٰ و تقدس کے حجابات ہیں...... مثلاً صفتِ علم میں ذات تعالیٰ ہرگز ملحوظ نہیں ہے لیکن اس کے اسم علیم میں ذات تعالیٰ صفت کے پردہ میں ملحوظ ہے کیونکہ علیم ایک ذات ہے جس کی صفت علم ہے پس علم کی سیر اسم ظاہر کی سیر ہے اور علیم کی سیر اسم باطن کی سیر ہے۔باقی تمام صفات و اسماء کا حال بھی اسی پر قیاس کریں...... یہ اسماء جو اسم باطن سے تعلق رکھتے ہیں ملائکہ ملاءِ اعلیٰ علیٰ نبینا وعلیہم الصلوات والتحیات کے تعینات کے مبادی ہیں، اور ان اسماء میں سیر کا آغاز کرنا ولایتِ علیا میں قدم رکھنا ہے جو کہ ملاءِ اعلیٰ کی ولایت ہے............ اور اسمِ ظاہر و اسمِ باطن کے بیان میں جو علم اور علیم کے درمیان فرق ظاہر کیا گیا ہے تم اس فرق کو تھوڑا نہ سمجھو اور نہ یہ کہو کہ علم سے علیم تک بہت کم راستہ ہے، بلکہ وہ فرق ایسا ہے جیسا کہ مرکز زمین سے محدّب (سطح) عرش کے درمیان ہے نیز اس فرق کی نسبت ایسی ہے جیسے قطرہ کو دریائے محیط کی نسبت کا فرق ہے، کہنے کو تو یہ نزدیک ہے لیکن حاصل ہونے میں بہت دور ہے۔اور ان مقامات کا ذکر جو مجمل طور پر بیان کیا گیا ہے وہ بھی اسی قسم سے ہے............ مثلاً کہا گیا ہے کہ پنجگانہ (لطائف و مراتب) عالمِ امر کو طے کر کے ان کے اصول میں سیر کرے تاکہ دائرہ امکان تمام ہو جائے، اس مختصر سی عبارت میں سیر الی اللہ کا پوری طرح ذکر آ گیا ہے، لیکن اس سیر کے حاصل ہونے میں پچاس ہزار سالہ راہ کی مدت کا اندازہ کیا گیا ہے۔: آیہ کریمہ تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِکَۃُ وَالرُّوْحُ اِلَیْہِ فِیْ یَوْمٍ کَانَ مِقْدَارُہٗ خَمْسِیْنَ اَلْفَ سَنَۃٍ (معارج ۷۰، آیت ۴) (فرشتے اور روح اس کی جانب ایک دن میں چڑھتے ہیں جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہے) اسی مطلب کی طرف اشارہ کرتی ہے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ حق تعالیٰ جل سلطانہٗ کی عنایت کے جذب و کشش سے کوئی بعید نہیں کہ اس مدت دراز کے کام کو طرفۃ العین (آنکھ جھپکنے) میں میسر کر دے۔ع

با کریماں کار ہا دشوار نیست

(کریموں پر نہیں ہیں کام دشوار)

اور اسی طرح سے یہ جو کہا گیا ہے کہ دائرہ اسماء و صفات اور شیون و اعتبارات کو طے کر کے ان کے اصول

Marfat.com

میں سیر کرے، تمام اسماء وصفات اور شیون واعتبارات کا طے کرنا کہنے میں تو آسان ہے لیکن طے کرنے میں بہت مشکل ہے۔ اور مشائخ نے اس سیر کو طے کرنے کی دشواری کے متعلق فرمایا ہے کہ مَنَازِلُ الْوُصُولِ لَا تَنْقَطِعُ اَبَدًا الْاٰبِدِیْنَ (وصول کی منزلیں ابدالآباد تک کبھی ختم نہیں ہوتیں .... اور مشائخ نے ان مراتب کی سیر کے پورا ہونے کو ناممکن سمجھا ہے۔

نہ حسنش غایتے دارد نہ سعدی راسخن پایاں — بمیرد تشنہ مستسقی و دریا ہمچناں باقی
(نہ اس کے حسن کی حد ہے نہ سعدی کا سخن آخر — مرے پیاسا ہی مستسقی مگر دریا رہے جاری)

یہ خیال نہ کرنا چاہیے کہ وصول (الی اللہ) کے مراتب کا انقطاع تجلیات ذاتیہ کے اعتبار سے کہا گیا ہے نہ کہ تجلیاتِ صفاتیہ کے اعتبار سے، اور (مشائخ نے) حسن سے مراد حسن ذاتی قرار دیا ہے۔ نہ کہ حسن صفاتی، کیونکہ ہم کہتے ہیں کہ وہ تجلیات ذاتیہ شیون واعتبار کے ملاحظہ کے بغیر نہیں ہیں اور وہ حسن ذاتی صفات جمالیہ کے روپوش (حجاب) کے بغیر نہیں ہے کیونکہ اس مقام میں ان روپوشوں کے بغیر گفتگو کی مجال نہیں ہے۔ مَنْ عَرَفَ اللّٰہَ کَلَّ لِسَانُہٗ (جس نے اللہ تعالیٰ کو پہچان لیا اس کی زبان گنگ ہوگئی) .... اور تجلی ایک قسم کی ظلیت چاہتی ہے لہٰذا اس مقام میں شیون کے ملاحظہ کے بغیر چارہ نہیں۔ پس وہ منازلِ وصول اور مراتب حسن اسی اسماء وشیونات کے دائرہ میں داخل ہیں جس کا انقطاع (طے کرنا ان (مشائخ) کے نزدیک دشوار ہے۔ لیکن وہ امر جو اس درویش پر ظاہر کیا گیا وہ تجلیات وظہورات سے ماوراء (بالاتر) ہے، خواہ وہ تجلیات ذاتی ہوں یا صفاتی اور حسن وجمال سے وراء ہیں، خواہ وہ حسن ذاتی ہو یا صفاتی؟ .... مختصر یہ کہ مطالب بلند اور مقاصدِ ارجمند کے موتیوں کو مختصر طور پر عبارات کی لڑی میں پرو دیا ہے۔ اور دریائے بیکراں کو چند کوزوں میں بھر دیا ہے۔ فَلَا تَکُنْ مِنَ الْقَاصِرِیْنَ (پس کم ہمت نہ ہو)

اب ہم اصل مطلب کی طرف آتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اسم ظاہر اور اسم باطن کے دونوں بازوؤں کے حصول کے بعد جب (اس فقیر کو) پرواز میسر ہوئی اور عروجات واقع ہوئے تو معلوم ہوا کہ یہ ترقیاں اصالت کے طور پر عنصر ناری کے نصیب ہیں اور عنصر ہوائی اور عنصر آبی کے ملائکہ کرام علیٰ نبینا علیہم الصلوات والتسلیمات کو بھی ان سہ گانہ عناصر سے حصہ ملا ہے۔ جیسا کہ وارد ہوا ہے۔ کہ بعض ملائکہ آتش اور برف کی مخلوق ہیں اور ان کی تسبیح یہ ہے۔ سُبْحَانَ مَنْ جَمَعَ بَیْنَ النَّارِ وَالثَّلْجِ (تعریف ہے اس ذات کی جس نے آگ اور برف کو جمع کردیا) (یعنی ملائکہ کو آتش اور برف کو ملا کر مخلوق کیا) .... اور اس سیر کے دوران ایک واقعہ پیش آیا کہ گویا میں ایک راستہ پر جارہا ہوں اور چلتے چلتے تھک گیا ہوں۔ چوب اور عصا کی آرزو پیدا ہوئی کہ شاید ان کی مدد سے (بقیہ) راہ طے کرسکوں لیکن میسر نہیں ہوئی اور ہر خس وخاشاک پر ہاتھ ڈالتا ہوں تاکہ راستہ کی تقویت کا باعث ہو لیکن راستہ طے کرنے کے بغیر بھی چارہ نہیں ہے۔ اور جب کچھ مدت اسی حال میں سیر کی تو ایک فنائے شہر (شہر کی حدود) ظاہر ہوا۔ اس فنا کی مسافت طے کرنے کے بعد شہر میں داخل ہوا۔ (اس وقت) مجھ کو مطلع کیا گیا کہ اس شہر سے مراد تعین

Marfat.com

اول ہے جو تمام اسماء وصفات اور شیون واعتبارات کے مراتب کا جامع ہے۔اور نیز ان مراتب کے اصول اوران کے اصول کے اصول کا جامع ہے اور اعتبارات ذاتیہ کا منتہا ہے جن کے درمیان تمیز کرنا علم حصول کے مناسب ہے، اس کے بعد اگر سیر نصیب ہوتو وہ علم حضوری کے مناسب ہوگی۔

اے فرزند! علم حصولی اور علم حضوری کا اطلاق حضرت جل سلطانہٗ کے ہاں بطور تشبیہ وتمثیل (مشابہ اور مثال) وتنظیر (نظیر) کے اعتبار سے ہے (نہ کہ حقیقت کی رو سے) کیونکہ وہ صفات جن کا وجود ذات تعالیٰ وتقدس کی ذات کے وجود پر زائد ہے ان کا علم علم حصولی کے مناسب ہے اور وہ اعتبارات ذاتیہ جن کا ذات تعالیٰ وتقدس پر زائد ہونا ہرگز متصور نہیں ہے۔ان کا علم علمِ حضوری کے مناسب ہے ورنہ وہاں سوائے اس تعلق کے جو علم کو اپنے معلوم سے ہے اس امر کے بغیر کہ معلوم سے اس میں کیا حاصل ہوتا ہے اور کچھ نہیں ہے۔پس سمجھ لیجئے۔

اور یہ تعینِ اول اشارہ ہے اس جامع شہر کا جو تمام انبیائے کرام اور ملائکہ عظام علیہم الصلوات والتسلیمات کی تمام ولایات کا جامع ہے اور ولایت علیا کی منتہا ہے۔جو اصالۃً ملاءِ اعلیٰ کے ساتھ مخصوص ہے ....اس مقام میں یہ ملاحظہ کیا گیا کہ آیا یہ تعین اول حقیقتِ محمدی ہے یا نہیں۔معلوم ہوا کہ حقیقت محمدی وہی ہے جس کا اوپر ذکر ہوا۔اور اس کو تعین اول اس اعتبار سے کہا گیا ہے۔کہ وہ اسماء وصفات اور شیون واعتبارات کے جامع ہونے کے اعتبار سے اس تعین اول کے ظل کا مرکز ہے، اور وہ سیر جو اس شہر سے اوپر واقع ہو وہ کمالات نبوت کی ابتدا ہے جن کا حصول انبیا علیہم الصلوات والتحیات کے ساتھ مخصوص ہے اور یہ کمالات مقام نبوت سے ناشی (پیدا) ہوئے ہیں اور انبیاء کے کامل تابعداروں کو بھی ان کی پیروی کے طفیل ان کمالات میں سے کچھ حصہ حاصل ہے، اور لطائف انسانی کے درمیان عنصر خاکی کو بھی اصالت کے طور پر ان کمالات کا کافی حصہ حاصل ہے۔اور تمام اجزائے انسانی خواہ وہ عالمِ امر سے ہوں یا عالمِ خلق سے سب کے سب اس مقام میں اسی عنصر پاک کے تابع ہیں اور اس کے طفیل اس دولت سے مشرف ہیں، اور چونکہ یہ عنصر بشر کے ساتھ مخصوص ہے اس لئے لازمی طور پر ''خواصِ بشر'' خواصِ ملائکہ سے افضل ہو گئے کیونکہ جو کچھ اس عنصر کو میسر ہوا ہے کسی کو بھی میسر نہیں ہوا۔اور دُنُوّ (نزدیک ہونا) کے بعد تَدَلّی (قریب ہونا) کی حقیقت اس مقام میں ظاہر ہوئی اور قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰی (نجم،۵۳،آیت،۹) (دوکمانوں کا فاصلہ تھا یا اس سے بھی کم) کا راز بھی اسی مقام پر منکشف ہوتا ہے۔...............اور اس سیر میں معلوم ہوتا ہے کہ تمام ولایتوں کے کمالات خواہ وہ ولایت صغریٰ ہو یا ولایتِ کبریٰ یا ولایت علیا سب کے سب مقام نبوت کے کمالات کے ظلال ہیں اور وہ تمام کمالات خاص ان کمالات کی حقیقت کے لئے شبح اور مثال کی طرح ہیں ....اور روشن ہو جاتا ہے کہ اس سیر کے ضمن میں ایک نقطے کا قطع کرنا مقامِ ولایت کے تمام کمالات کو طے کرنے سے زیادہ ہے۔لہذا قیاس کرنا چاہیے کہ ان تمام کمالات کو سابقہ تمام کمالات کے ساتھ کیا نسبت ہوگی دریائے بیکراں کو بھی ایک قطرہ کے ساتھ کچھ نہ کچھ نسبت ہوتی ہے (لیکن) یہاں تو یہ نسبت بھی مفقود ہے مگر ہم اسقدر کہہ سکتے ہیں کہ مقام نبوت کو مقامِ ولایت کے ساتھ ایسی نسبت ہے جیسی کہ غیر متناہی کو متناہی کے ساتھ ہے

Marfat.com

سبحان اللہ! کوئی بے وقوف جاہل اس راز کے بارے میں کہتا ہے کہ ولایت نبوت سے افضل ہے اور دوسرا (جاہل) اس معاملہ کی ناواقفیت کی وجہ سے اس کی توجیہ میں کہتا ہے کہ نبی کی ولایت اس کی نبوت سے افضل ہے: كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ أَفْوَاهِهِمْ (کہف ۱۸، آیت ۵) (کتنی بری بات ہے جو ان کے منہ سے نکلتی ہے)...........اور جب اللہ سبحانہ کی عنایت اور اس کے حبیب علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کے طفیل سے اس سیر کو بھی انجام تک پہنچایا تو مشہود ہوا کہ اگر بالفرض اس سیر میں دوسرا قدم بڑھائے تو وہ عدم محض میں پڑے گا کیونکہ اس سے آگے عدمِ محض کے سوا کچھ نہیں ہے۔

اے فرزند! اس ماجرا سے تم اس وہم میں نہ پڑ جانا کہ عنقا شکار ہو گیا اور سیمرغ دام میں پھنس گیا۔

عنقا شکارِ کس نشود دام باز چیں کانجا ہمیشہ باد بدست است دام را

(اٹھا لے جال، شکارِ عنقا محال بس یہاں جال کا یہی ہے مآل)

کیونکہ وہ سبحانہ تعالیٰ وراء الوراء ثم وراء الوراء ثم وراء الوراء ہے۔

ہنوز ایوان استغنا بلند است مرا فکرے رسیدن نا پسند است

(قصر استغنا تو اونچا ہے ہنوز سخت مشکل واں پہنچنا ہے ہنوز)

وہ ورائیت (بلند سے بلند تر درجہ) حجابات کے وجود کے اعتبار سے نہیں ہے کیونکہ تمام حجابات اٹھ چکے ہیں بلکہ وہ ورائیت عظمت و کبریائی کے ثبوت کے اعتبار سے ہے جو ادراک و فہم کے مانع اور وجدان کے منافی ہے، کیونکہ وہ سبحانہ وجود میں اقرب ہے اور وجدان سے دور ہے...........ہاں بعض کامل مراد والوں کو انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کے طفیل عظمت و کبریائی کے پردوں میں جگہ دی جاتی ہے اور ان کو بارگاہ کا محرم بنا دیا جاتا ہے۔ فَعُوْمِلَ مَعَهُمْ مَا عُوْمِلَ مَعَهُمْ (پس ان کے ساتھ جو معاملہ ہوا سو ہوا)

اے فرزند! یہ معاملہ انسان کی اس ہیئت وحدانی سے مخصوص ہے جو کہ عالمِ خلق و عالمِ امر کے مجموعہ سے پیدا ہوئی ہے، اس طرح ہے کہ اس مقام میں بھی سب کا رئیس (سردار) ''عنصرِ خاک'' ہے۔ اور یہ جو کہا گیا ہے: لَيْسَ وَرَاءَهُ إِلَّا الْعَدَمُ الْمَحْضُ (اس کے اوپر سوائے عدم محض کے کچھ نہیں ہے) وہ اس لئے کہا ہے کہ وجودِ خارجی اور وجودِ علمی کے مراتب تمام ہونے کے بعد عدم کا حاصل ہونا ہے۔ جو اس (وجود) کی نقیض ہے اور اللہ سبحانہٗ کی ذات اس وجود و عدم سے وراء ہے جس طرح عدم کو وہاں راہ نہیں ہے اسی طرح وجود کی بھی گنجائش نہیں ہے، کیونکہ وہ وجود جس کی نقیض عدم پر مبنی ہو وہ اس بارگاہ جل سلطانہٗ کی شایانِ شان نہیں ہے۔ اور اگر اس مرتبہ میں وجود کا اطلاق عبارت کی تنگی کی وجہ سے کریں (تو اس سے مراد وہ وجود ہوگا) جس کی نقیض بننے کی عدم کو مجال نہیں ہے...........اور جو کچھ اس فقیر نے اپنے بعض مکاتیب میں لکھا ہے کہ حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ کی حقیقت ''وجودِ محض'' ہے وہ اس معاملہ کی حقیقت تک اپنی نارسائی کے باعث لکھا گیا ہے اور وہ بعض معارف جو توحید وجودی وغیرہ کے بارے میں لکھے ہیں وہ بھی اسی قسم سے ہیں (ان کا سر بھی عدم اطلاع کی وجہ ہے) اور جب اس معاملہ کی اصل

Marfat.com

حقیقت سے آگاہی ہوگئی تو جو کچھ ابتدا اور وسط میں لکھا اور کہا ہے؛۔ اس پر نادم ہوا اور استغفار کیا۔ أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَأَتُوبُ إِلَى اللّٰهِ مِنْ جَمِيعِ مَا كَرِهَ اللّٰهُ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى (میں اللہ تعالیٰ سے بخشش مانگتا ہوں اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں ان تمام باتوں سے جو اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کو ناپسند ہیں)۔

اس بیان سے واضح ہوگیا کہ کمالات نبوت صعود (چڑھنا) کے مراتب میں ہیں۔ اور اسی طرح نبوت کے عروجات میں حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی طرف توجہ ہے۔ ایسا نہیں ہے جیسا کہ اکثر لوگوں نے گمان کیا ہے کہ ولایت میں حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی طرف توجہ ہے اور نبوت میں توجہ مخلوق کی طرف۔ اور ولایت، مراتبِ عروج میں ہے اور نبوت مدارجِ نزول میں۔ اسی وجہ سے بعض لوگوں نے یہ وہم کرلیا کہ ولایت نبوت سے افضل ہے۔ ہاں ولایت و نبوت دونوں کو عروج و ہبوط حاصل ہے اور دونوں کا رُخ عروج میں حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی طرف ہے اور ہبوط میں دونوں کا منہ مخلوق کی طرف ہے............ خلاصہ کلام یہ ہے کہ نبوت ہبوط کے مرتبہ میں کلی طور پر مخلوق کی طرف متوجہ ہے اور ولایت کو ہبوط کے مرتبہ میں مخلوق کی طرف پوری توجہ نہیں ہے۔ بلکہ اس کا باطن حق کی طرف ہے اور اس کا ظاہر مخلوق کی طرف۔ اس کا راز یہ ہے کہ صاحبِ ولایت نے مقاماتِ عروج کو پوری طرح طے نہیں کیا اور نزول کرلیا ہے، اس لئے لازمی طور پر اس کو فوق کی نگرانی ہر وقت دامنگیر ہے۔ اور کلی طور پر اس کی توجہ خلق کے ساتھ ہونے میں مانع ہے، برخلاف صاحب نبوت کے کہ اس نے عروج کے تمام مقامات طے کرکے ہبوط فرمایا ہے لہٰذا وہ پورے طور پر مخلوق کو حق جل وعلا کی طرف دعوت دینے میں متوجہ ہے............ پس سمجھ لو کہ یہ معرفت شریفہ اور اسی قسم کے دوسرے معارف اس سے پہلے کسی ایک نے بھی بیان نہیں کئے۔

جاننا چاہیے کہ جس طرح مراتبِ عروج میں عنصرِ خاک سب سے بالا جاتا ہے اسی طرح منازلِ ہبوط میں بھی وہ عنصر (خاک) سب سے زیادہ نیچے آجاتا ہے۔ اور کیوں نیچے نہ آئے جبکہ اس کا مکان طبعی سب سے نیچے ہے اور چونکہ وہ (عنصر خاک) سب سے زیادہ نیچے آجاتا ہے اس لئے اس کے صاحب (بشر) کی دعوت اتم ہوتی ہے اور اس کا فائدہ بھی اکمل ہوتا ہے۔

اے فرزند! جان لے کہ چونکہ طریقہ نقشبندیہ میں سیر کی ابتدا قلب سے ہوتی ہے جس کا تعلق عالمِ امر سے ہے اسی لئے بات کی ابتدا بھی عالمِ امر سے کی گئی، بخلاف دوسرے مشائخ کرام کے طریقوں کے جو شروع میں تزکیہ نفس کرتے ہیں اور قالب (وجود) کی تطہیر (پاک) فرماتے ہیں۔ اس کے بعد عالم امر میں آتے ہیں اور جہاں تک اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا ہے اس میں عروج کرتے ہیں............ یہی وجہ ہے کہ دوسروں کی انتہا ان بزرگواروں کی ابتدا میں مندرج ہے اور یہ طریقہ سب طریقوں سے اقرب ہے، کیونکہ ان کو اس سیر کے ضمن میں تزکیہ وتطہیر بوجہ احسن (بہت اچھی طرح) میسر ہوجاتا ہے اور مسافت (راستہ) کوتاہ ہوجاتی ہے، لہٰذا لازمی طور پر ان بزرگواروں نے عالمِ خلق کی سیر کو قصداً ضائع و بیکار ہی نہیں جانا بلکہ مطلب کے حاصل ہونے میں مضر اور مانع یقین کیا ہے۔ کیونکہ (دوسرے) طریقوں کے سالک جب ریاضاتِ شاقہ اور مجاہداتِ شدیدہ اور تزکیہ کے قدم کے ساتھ عالم

Marfat.com

خلق کی صورت کے دشت وصحرا طے کرنے کے بعد عالم امر میں سیر شروع کرتے ہیں اور قلبی جذبہ اور روح کے لذتوں میں پڑتے ہیں تو اکثر اوقات ایسا ہوتا ہے کہ وہ اسی انجذاب میں قناعت کرتے اور اسی لذت پر کفایت کر لیتے ہیں اور اس عالم پر لامکانیت کا گمان ان کو دامنگیر ہو جاتا ہے۔ اور اس عالم کی بے چونی کی آمیزش ان کو حقیقی بے چونی سے باز رکھتی ہے.........شاید اسی مقام پر کسی سالک نے کہا ہے کہ میں تیس سال تک روح کو خدا سمجھ کر اس کی پرستش کرتا رہا۔ اور دوسرے نے کہا کہ استوٰی کا سرّ اور عرش کے اوپر تنزیہ کا ظہور دقیق ومخفی معارف میں سے ہے۔

اور سابقہ بیان سے معلوم ہو گیا کہ وہ تنزیہ بھی دائرہ امکان میں داخل ہے بلکہ وہ تنزیہ نما ہے اور فی الحقیقت تشبیہ ہے بخلاف اس عالی طریقہ (نقشبندیہ) کے بزرگواروں کے کہ مقامِ جذب سے شروع کرتے ہیں اور اس کی لذتوں کی مدد سے ترقی کرتے ہیں کیونکہ یہ انجذاب وتلذذ ان (بزرگواروں) کے حق میں ایسا ہے جیسا کہ دوسروں کے حق میں ریاضات ومجاہدات ہوتے ہیں اور جو کچھ دوسروں کے لئے وصول کا مانع ہے وہ ان بزرگوں کے لئے ممد ومعاون ہے، وہ عالمِ امر کی لامکانیت کو عینِ مکانیت تصور کر کے لامکانی حقیقی کی طرف توجہ فرماتے ہیں اور اس عالم (عالمِ امر) کی بے چونی کو عین چون جان کر حقیقی بے چونی کی طرف عروج کرتے ہیں، اس لئے لازمی طور پر دوسروں کی طرح وجد وحال کے رنگ پر مفتوں نہیں ہوتے۔ اور بچوں کی طرح اس راہِ (سلوک) کے جوز ومویز پر بیوقوف نہیں بنتے، اور ترہاتِ صوفیہ کی (صوفیوں کی باطل لہو آمیز) باتوں پر خوش نہیں ہوتے۔ اور شطحاتِ مشائخ (مشائخ کی ظاہر خلافِ شرع باتوں) پر فخر نہیں کرتے بلکہ احدیت صرف کی طرف متوجہ ہیں اور اسم وصفت سے سوائے ذاتِ مقدس کے کچھ نہیں چاہتے۔

جاننا چاہیے کہ یہ عروج جس کا پہلے ذکر ہو چکا ہے محمدی المشرب (سالک) کے ساتھ مخصوص ہے جو تام الاستعداد (پوری استعداد والا) ہے اور جو عالمِ امر کے جواہرِ خمسہ کے کمالات سے کامل حصہ رکھتا ہے۔ خواہ وہ عالم صغیر سے ہو یا عالمِ کبیر سے، اسی طرح ان پنجگانہ اصول سے جو اسماءِ وجوبی کے ظلال میں بہت بڑا حصہ رکھتا ہے۔ اور نیز ان ظلال کے اصول سے جو اسماء وصفات سے مقدم ہیں بہرہ ور ہوتا ہے۔ اور یہ جو میں نے کہا ہے کہ وہ ''تام الاستعداد'' والا ہو کیونکہ بسا اوقات ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ (سالک) بظاہر ''محمدی المشرب'' ہے جو کمالات اخفیٰ سے بھی کہ مراتب (عالم) امر کی انتہا ہے حصہ رکھتا ہے لیکن معاملہ اخفیٰ کو انجام تک نہیں پہنچایا (اس لئے اس کی استعداد ناقص ہے) اور وہ اس کا آخری نقطہ انتہا نہیں ہوتا بلکہ وہ ابتدا یا وسط ہی میں رہ جاتا ہے اور جب وہ اخفیٰ میں کوتاہی کرتا ہے تو اس کے اندازے کے مطابق اصول میں بھی کوتاہی کرے گا اور کام انجام تک نہیں پہنچائے گا اور عالمِ امر کے باقی چہارگانہ مراتب میں بھی یہی نسبت ہے کہ ہر مرتبہ کی استعداد کا کامل ہونا اس کے آخری نقطہ کے وصول سے وابستہ ہے۔ ابتدا اور وسط اس نقص کی خبر دیتا ہے اگرچہ نہایت سے بال برابر بھی کوتاہی ہو۔

فراقِ دوست اگر اندک است اندک نیست　　درونِ دیدہ اگر نیم مواست بسیار است

Marfat.com

(فراقِ یار اگر کم ہے کم نہیں سمجھ اگر ہے آنکھ میں کچھ بال، کم نہیں جانو)

اور یہ کوتاہی اصول میں اور اصول کے اصول میں بھی سرایت کر جائے گی اور وصولِ مطلب سے باز رکھے گی۔ اور جو کچھ میں نے کہا ہے کہ "یہ بیان محمدی المشرب کے ساتھ مخصوص ہے" اس لئے کہا ہے کہ غیر محمدی المشرب میں کسی ایک کا کمال درجات ولایت میں سے درجہ اولیٰ تک ہی محدود ہوتا ہے اور درجہ اولیٰ سے مراد مرتبہ قلب ہے، اور کسی دوسرے کا کمال درجات ولایت میں سے درجہ ثانی (یعنی مقام روح) تک محدود ہے، اور تیسرے شخص کے کمال کا عروج تیسرے درجے تک ہوتا ہے جو مقامِ سِرّ ہے، اور چوتھے شخص کے کمال کا عروج چوتھے درجے تک ہے جس کا مقام خفی ہے۔ درجہ اولیٰ کی مناسبت صفاتِ افعال کی تجلی کے ساتھ ہے، اور درجہ ثانیہ کو صفاتِ ثبوتیہ ذاتیہ کی تجلی ہے اور درجہ ثالث کو شیون و اعتبارات ذاتیہ سے مناسبت ہے، اور درجہ چہارم کو صفات سلبیہ کے ساتھ جس کا مقام تقدیس و تنزیہ ہے مناسبت ہے اور درجاتِ ولایت میں سے ہر درجہ اولوالعزم انبیاء میں سے کسی ایک نبی کے زیر قدم ہے۔

ولایت کا درجہ اولیٰ حضرت آدم علیٰ نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زیر قدم ہے اور ان کا رب "صفت تکوین" ہے جو کہ افعال کے صادر ہونے کا منشا ہے .... اور دوسرا درجہ حضرت ابراہیم کے زیر قدم ہے اور حضرت نوح علیٰ نبینا وعلیہم الصلوات والتسلیمات بھی اس مقام میں شریک ہیں اور اِن کا رب صفت العلم ہے جو صفاتِ ذاتیہ میں اجمع (سب سے زیادہ جامع) ہے .... اور تیسرا درجہ حضرت موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے زیر قدم ہے اور ان کا رب مقامات شیونات سے شان الکلام ہے .... اور چوتھا درجہ حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے زیر قدم ہے اور ان کا رب صفاتِ سلبیہ سے ہے نہ کہ صفات ثبوتیہ سے کہ جس کا مقام تقدیس و تنزیہ ہے اور اکثر ملائکہ کرام علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام بھی اس مقام میں حضرت عیسیٰ کے ساتھ مشارکت رکھتے ہیں اور ان (ملائکہ) کو اس مقام میں شان عظیم حاصل ہے .... اور پانچواں درجہ حضرت خاتم الرسل علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات کے زیر قدم ہے اور ان علیہ الصلوٰۃ والسلام کا رب، ربّ الارباب ہے جو تمام صفات و شیونات اور تقدیسات و تنزیہات کا جامع ہے اور ان کمالات کے دائرے کا مرکز ہے، اور صفات و شیونات کے مرتبہ میں اس ربِّ جامع کی تعبیر "شان العلم" کے ساتھ مناسب ہے کہ یہ شان عظیم الشان تمام کمالات کی جامع ہے اور اسی مناسبت سے آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ملّت حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ملّت ہوئی اور ان کا قبلہ آپ کا قبلہ بنا۔ علیہما الصلوٰات والتسلیمات۔

جاننا چاہیے کہ اقدام ولایت کی ایک دوسرے پر فضیلت درجات کے مقدم و مؤخر ہونے کے اعتبار سے نہیں ہے تاکہ صاحب اخفی دوسروں سے افضل ہو جائے۔ علیٰ ہذا القیاس بلکہ اصل سے قریب و بعید ہونے اور ظلال کے درجات کی منزلوں کو زیادہ یا کم طے کرنے کے اعتبار سے ہے، لہٰذا ہوسکتا ہے کہ صاحب قلب قرب کے اعتبار سے اصل کے ساتھ صاحب اخفی سے کہ اس نے یہ قرب حاصل نہیں کیا افضل ہو، اور کیونکر نہ ہو جبکہ نبی کی وہ ولایت جو

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی جوتھا حصہ

Marfat.com

ولایت کے درجہ اولیٰ میں ہے اس ولی کی ولایت سے قطعی طور پر افضل ہے جو ولایت کے آخری درجہ میں ہے۔
پوشیدہ نہ رہے کہ لطائف کا مذکورہ بالا ترتیب کے ساتھ سلوک طے کرنا یعنی قلب سے روح کی طرف اور روح سے سِرّ اور سر سے خفی اور خفی سے اخفیٰ تک پہنچنا ''محمدی المشرب'' کے لئے مخصوص ہے جو ان پنجگانہ عالمِ امر کو ترتیب وار طے کر کے ان کے اصولوں میں سیر کرتا ہے، اس کے بعد اصول کے اصول میں اسی ترتیب کی رعایت رکھتے ہوئے کام کو انجام تک پہنچاتا ہے۔ اور یہ راہِ سلوک جس کی ترتیب مذکور ہوئی ہے وصول (الی اللہ) کے لئے شاہراہ ہے اور احدیت کی طرف توجہ کرنے والوں کے لئے خاص صراطِ مستقیم ہے بخلاف دوسری ولایتوں کے جنھوں نے گویا ہر درجہ میں نقب کھود کر مطلوب تک لے گئے ہیں۔ مثلاً مقام قلب سے نقب کھود کر افعال کی صفات تک جو اصل کی اصل ہے پہنچایا اور اسی طرح مقامِ روح سے گویا نقب کھود کر صفاتِ ذاتیہ تک پہنچایا وعلیٰ ہذا القیاس ....اور اس میں شک نہیں کہ اس تعالیٰ کے افعال وصفات اس کی ذات سے مُنفک (جدا) نہیں ہیں۔ اگر جدائی ہے تو ظلال میں ہے۔ لہذا اس مقام میں افعال وصفات کے واصلوں کو بھی ذات بے چون تعالیٰ وتقدس کی تجلیات سے بھی حصہ حاصل ہوگا۔ جس طرح صاحبِ اخفیٰ کو اس کام کے تمام کرنے کے بعد یہ دولت میسر ہوگی اگرچہ علو وسفل (بلندی وپستی) کے اعتبار سے فرق باقی رہے گا اور صاحبِ قلب صاحب اخفی کی برابری نہ کر سکے گا۔
(اے فرزند!) اس جگہ یہ غلطی نہ کرنا کہ یہ فرق جو اولیاء کے درمیان ایک دوسرے کے ساتھ متصور ہے دونوں کے مرتبہ کمال تک پہنچنے کے بعد صاحبِ ولایت قلب کا درجہ صاحب ولایت اخفیٰ سے کم ہے، لیکن انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کی نسبت اولیاء میں یہ فرق مفقود ہے کیونکہ نبی کی ولایت جو مقام قلب سے ناشی (پیدا ہوئی) ہے وہ ولی کی ولایت سے جو مقام اخفیٰ سے ناشی ہوئی ہے افضل ہے اگرچہ اس ولی نے اخفی کے کمالات کو انجام تک پہنچا دیا ہو، اور اس صاحب ولایت کی سیر ہمیشہ اس نبی کی ولایت کے زیر قدم ہے .... اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ فرماتا ہے: وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِينَ ☆ إِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُورُونَ ☆ وَإِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغَالِبُونَ ☆ (صافات ۳۷، آیت ۱۷۱ تا ۱۷۳) (اور بے شک ہمارے بندوں میں جو رسول ہیں ان کے لئے ہمارا حکم پہلے ہی ہو چکا ہے کہ یقیناً انہی کی مدد کی جائے گی اور یقیناً ہمارا لشکر ہی غالب ہے)
.............ہاں یہ فرق انبیاء کے درمیان ایک دوسرے کے لئے متصور ہے کہ صاحبِ علو (بلند درجہ والے) کا درجہ صاحبِ اسفل (کم درجے والے) سے افضل ہو، لیکن یہ فرق بھی انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کے درمیان عالمِ امر کے دائرہ کمالات کے اخیر تک ہے۔ اس کے بعد یہ فضیلت بلندی وپستی (کے درجات) سے وابستہ نہیں ہے بلکہ ممکن ہے کہ اس مقام میں پستی والا بلندی والے سے افضل ہو.......... جیسا کہ ہم نے اس مقام میں حضرت موسیٰ وحضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام کے درمیان اس تفاوت کو مشاہدہ کیا ہے کہ حضرت موسیٰ اس مقام میں جسم اور شانِ عظیم کے ساتھ ہیں اور حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہا الصلوٰۃ والسلام میں یہ جسامت اور شان نہیں ہے .... لیکن ہم کو معلوم ہوا ہے کہ اس مقام میں یہ فرق بلندی وپستی کے علاوہ ایک اور امر کی وجہ سے ہے جس کو ہم

Marfat.com

انشاء اللہ تعالیٰ اس (تعالیٰ) کے حُسنِ توفیق اور کمال احسان وکرم سے اس کے بعد مفصل طور پر بیان کریں گے۔

اسی طرح یہ تفاوت حضرت خلیل الرحمٰنؑ اور حضرت خاتم الرسل علیہم الصلوات والتسلیمات کے علاوہ تمام انبیا کے درمیان ان کے کمالات میں جو کعبہ ربانی کی حقیقت کے ساتھ کہ تمام حقائق بشریت اور مَلکیت سے برتر ہے تعلق رکھتے ہیں مشاہدہ کیا ہے کہ حضرت خلیل الرحمٰنؑ کو اس مقام میں وہ شان عظیم اور بلند مرتبہ حاصل ہے جو کسی ایک کو بھی وہ شان ومرتبہ میسر نہیں ہوا.......... اس عجیب مقام میں جو عظمت وکبریائی کے پردوں کے ظہور کا مقام ہے، اس کے مناسب ہے، اس مقام کے مرکز یعنی مقامِ اجمال کے کمالات حضرت خاتم الرسل علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نصیب ہیں اور باقی سب مفصل طور پر حضرت خلیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے مسلّم ہیں۔ اور ان کے علاوہ دوسرے انبیاء اور کامل اولیا علیہم الصلوات والتسلیمات سب ان کے طفیلی ہیں۔

اس میں شک نہیں کہ ہمارے پیغمبر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات نے اس اجمال کی تفصیل (حق تعالیٰ سے) دریافت فرمائی ہے۔ چنانچہ اپنے مسئولہ صلوات وبرکات کو حضرت ابراہیم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوات والتسلیمات کی صلوات وبرکات کے ساتھ تشبیہ دی ہے.......... اور اس فقیر پر ظاہر کیا گیا ہے کہ ہزار سال گذرنے کے بعد وہ تفصیل آپ ﷺ کو میسر ہوگئی اور آپ کا سوال قبول ہوگیا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سُبْحَانَهٗ عَلٰى ذٰلِكَ وَعَلٰى جَمِيْعِ نَعْمَائِهٖ (اللہ سبحانہ کا اس پر اور تمام نعمتوں پر شکر ہے).......... اور اس عالی مقام کے کمالات تمام ولایتوں کے کمالات اور نبوت ورسالت کے کمالات سے بلندتر ہیں اور بلندتر کیوں نہ ہوں جبکہ یہی حقیقت انبیاء کرام اور ملائکہ عظام علیہم الصلوات والتحیات کی مسجود الیہ ہے۔

اور اس فقیر نے رسالہ ''مبدأ ومعاد'' میں جو کچھ لکھا ہے کہ ''حقیقت محمدی اپنے مقام سے عروج کر کے حقیقتِ کعبہ کے مقام تک جو اس سے بلندتر ہے پہنچ کر متحد ہوگئی اور حقیقتِ محمدی نے اس مقام پر حقیقتِ احمدی کا نام حاصل کرلیا۔'' وہ حقیقتِ کعبہ اس حقیقت کے ظلال میں سے ایک ظل ہے کہ (یہ فقیر) اس حقیقت کے عدم ظہور کے وقت میں ان سب کو حقیقت سمجھتا تھا۔ اس قسم کے اشتباہ بہت واقع ہوتے ہیں کہ (عارف) اصل کے ظاہر نہ ہونے کے وقت ظل کو اصل سمجھتا ہے اور اس کو حقیقت کا نام دیتا ہے، یہی وجہ ہے کہ ایک مقام چند مرتبہ ظاہر ہوتا ہے اس کا راز یہی ہے کہ اس مقام کے ظہورات اس مقام کے ظلال کے اعتبار سے ہیں۔ حقیقت میں اس مقام کی حقیقت وہی ہے جو آخری مرتبہ میں ظاہر ہوئی ہے...... اگر کوئی کہے کہ یہ کہاں سے معلوم ہوا کہ یہ مرتبہ اس مقام کے آخری مرتبہ کے ظہورات میں سے ہے تاکہ اس کو حقیقت جان لیا جائے تو میں کہتا ہوں کہ سابقہ ظہورات کی ظلیت کا علم حاصل ہونا اس ظہور کی آخریت پر شاہد عدل ہے کیونکہ یہ علم سابقہ ظہورت کے وقت حاصل نہیں ہے بلکہ ہر ظہور کو حقیقت سمجھتا ہے اور ان میں سے کسی کو بھی ظل نہیں سمجھتا اگرچہ نہیں جانتا کہ ان حقائق کا اختلاف کہاں سے آیا ہے۔ فافہم

اے فرزند! سابقہ معارف سے معلوم ہوگیا کہ وہ کمالات جو عالم امر سے تعلق رکھتے ہیں، ان کمالات کے لئے جو عالمِ خلق سے متعلق ہیں مقدمات اور زینوں کی طرح ہیں اور پہلے کمالات ظلیت سے خالی نہیں ہیں اور وہ

Marfat.com

مقامات ولایت سے مخصوص ہیں اور دوسرے کمالات نے ظلیت کی آمیزش سے جو اس نشاءِ دنیاوی کے ظہورات کے مناسب ہے خالی ہوکر مقاماتِ نبوت سے کامل حصہ حاصل کرلیا ہے۔ لہذا طریقت وحقیقت جو ولایت سے وابستہ ہیں دونوں شریعت کے لئے جو مقام نبوت سے ناشی (پیدا) ہے خادموں میں سے ہیں اور نبوت کے عروج کے لئے ولایت ایک زینہ ہے۔

اس بیان سے معلوم ہوا کہ وہ سیر جو اکابرِ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم نے اختیار کی ہے اور جس کی ابتدا عالم امر سے کی ہے اولیٰ وانسب ہے کیونکہ ادنیٰ سے جو عالمِ امر ہے اعلیٰ کی طرف جو عالمِ خلق ہے ترقی کرنی چاہیے نہ کہ اعلیٰ سے ادنیٰ کی طرف۔ لیکن کیا کیا جائے کہ یہ معماسب پر حل نہیں ہوا.......... دوسروں نے صورت (ظاہر) پر نظر ڈالی اور عالمِ خلق کو پست دیکھا اور پستی سے شروع کرکے بلندی کی طرف (یعنی عالم خلق سے عالم امر کی طرف) ترقی کی اور یہ نہیں جانا کہ حقیقت معاملہ دِگرگوں (برعکس) ہے اور پستی حقیقت میں بلندی ہے اور بلندی حقیقت میں پستی ہے.......... ہاں نقطہ آخر جو عالم خلق ہے نقطہ اولیٰ جو اصل الاصل ہے نزدیک واقع ہوا ہے یہ قرب کسی دوسرے کو میسر نہیں ہوا۔ ع

که مستحق کرامت گنهگارانند

(کرم کے مستحق بس عاصیاں ہیں)

یہ دید (مشاہدہ) مشکوٰۃِ نبوت سے اقتباس ہے۔ اربابِ ولایت نے اس معرفت (جو عالم خلق سے متعلق ہے) سے بہت کم حصہ پایا ہے۔ انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات نے سیر کی ابتداء عالم امر سے کی ہے اور حقیقت سے شریعت کی طرف آئے ہیں.......... خلاصۂ کلام یہ ہے کہ ان کامل اولیاء کے لئے جن کی سیر انبیا علیہم الصلوات والتسلیمات کی سیر کے موافق ہوئی ہے۔ ابتدا میں شریعت کی صورت ہے اور وسط میں طریقت وحقیقت کہ جس کا تعلق ولایت سے ہے اور عالمِ امر کے مناسب ہے اور آخر میں شریعت کی حقیقت ہے جو ثمرہ نبوت ہے.......... لہذا یہ بات طے شدہ ہوئی کہ طریقت وحقیقت کا حصول شریعت کی حقیقت کے حصول کی تمہید ہے۔ اور کامل اولیاء کی بدایت (ابتدا) اور انبیاءِ مرسل کی بدایت، حقیت ہے اور دونوں کی انتہا شریعت ہوئی تو جس نے یہ کہا کہ ''اولیاء کی بدایت انبیاء کی نہایت ہے'' اور اولیاء کی بدایت اور انبیا کی نہایت سے شریعت مراد لی ہے۔ اس کے کچھ معنی نہیں ہیں۔ ہاں وہ بیچارہ جو حقیقت معاملہ سے آگاہی نہیں رکھتا مجبوراً اس نے شطحی کلام کیا (یعنی ظاہر کے خلاف بات کہی).......... ان معارف کو اگرچہ کسی نے بیان نہیں کیا بلکہ اکثر نے اس کے برعکس بیان کیا ہے اور ادراک سے دور ہوگئے ہیں، لیکن وہ انصاف پسند جو انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کی بزرگی ملاحظہ میں رکھے اور اس پر شریعت کی عظمت کا بھی غلبہ ہو تو احتمال ہے کہ ان مخفی اسرار کو قبول کرلے گا اور اس قبولیت کو اپنے ایمان کی زیادتی کا وسیلہ بنائے گا۔

اے فرزند! سنو، انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات نے دعوت کو عالمِ خلق پر منحصر رکھا ہے بُنِیَ الْاِسْلَامُ

عَلٰی خَمْسٍ (اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے) اور چونکہ قلب کی مناسبت عالمِ خلق سے زیادہ ہے لہذا اس کی تصدیق کے لئے دعوت کا حکم فرمایا اور قلب کے ماوڑی کی نسبت کوئی بات نہیں فرمائی اور اس کو کَالْمَطْرُوْحِ فِی الطَّرِیْقِ (راستہ میں پڑا ہوا کوڑا) کی طرح سمجھا اور اس کو مقاصد میں شمار نہیں کیا۔ ہاں بہشت کی نعمتیں اور دوزخ کی مصیبتیں، اور دیدار کی دولت اور محرومی کی بدنصیبی یہ سب عالمِ خلق سے وابستہ ہیں اور عالمِ امر کے ساتھ ان کا کچھ تعلق نہیں۔ دوسرے وہ عمل جو فرض، واجب اور سنت ہے، ان کی بجا آوری اسی قالب سے تعلق رکھتی ہے جو عالم خلق سے ہے، اور جو کچھ کہ عالم امر کا حصہ ہے وہ اعمالِ نافلہ سے متعلق ہے۔ پس وہ قرب جو ان اعمال کے ادا کرنے کا ثمرہ ہے وہ اعمال کے اندازے کے مطابق ہوگا۔ لہذا لازمی طور پر وہ قرب جو ادائے فرض کا ثمرہ ہے عالمِ خلق کا نصیب ہے اور وہ قرب جو ادائے نوافل کا ثمرہ ہے وہ عالمِ امر کا نصیب ہے۔ اور اس میں شک نہیں ہے کہ نفل کی فرض کے مقابلے میں کوئی حیثیت نہیں۔ کاش! اس کو دریائے محیط کے مقابلے میں قطرہ ہی کی نسبت ہوتی، بلکہ سنت کے مقابلے میں بھی نفل کی یہی نسبت ہے، اگرچہ سنت اور فرض کے درمیان بھی قطرہ اور دریا کی نسبت ہے۔ لہذا دونوں قربوں (قرب بالنوافل اور قرب بالفرائض) کے درمیانی فرق کو اسی پر قیاس کر لینا چاہیے، اور عالمِ خلق کا شرف عالمِ امر پر اسی فرق سے سمجھ لینا چاہیے۔

اکثر لوگ جو اس معنی سے بے نصیب ہیں اپنے فرائض کو خراب کر کے نوافل کی ترویج میں کوشش کرتے ہیں۔ صوفیائے خام ذکر اور فکر کو اہم ترین ضروریات جان کر فرائض اور سنتوں کی بجا آوری میں سُستی کرتے ہیں اور چلّوں اور ریاضتوں کو اختیار کر کے جمعہ اور جماعت کو ترک کر دیتے ہیں، وہ یہ نہیں جانتے کہ ایک فرض کا جماعت کے ساتھ ادا کرنا ان کے ہزاروں چلّوں سے بہتر ہے ہاں آدابِ شرعیہ کی رعایت کے ساتھ ذکر و فکر میں مشغول ہونا بہت بہتر اور اہم ترین کام ہے۔

اور علماء بے سرانجام بھی نوافل کو رواج دینے میں کوشش کرتے ہیں اور فرائض کو خراب و ابتر کرتے ہیں۔ مثلاً نماز عاشورا کو جو حضرت پیغمبر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات سے صحت کے ساتھ نہیں پہنچی جماعت اور تمام جمعیت کے ساتھ اہتمام سے ادا کرتے ہیں۔ حالانکہ جانتے ہیں کہ فقہ کی روایات نماز نفل با جماعت کی کراہت پر ناطق ہیں اور فرض کی ادائیگی میں سُستی برتتے ہیں۔ بہت کم (لوگ) ایسے ہیں کہ فرض نماز کو مستحب وقت میں ادا کریں بلکہ اصل وقت سے بھی تجاوز کر جاتے ہیں اور نماز با جماعت کا بھی زیادہ اہتمام نہیں کرتے۔ ایک یا دو آدمیوں کی جماعت پر قناعت کر لیتے ہیں بلکہ بسا اوقات تنہا پڑھ لینے پر ہی کفایت کرتے ہیں۔ جب اسلام کے پیشواؤں کا یہ حال ہو تو عوام کے بارے میں کیا کہا جائے۔ اس عمل کی نحوست کی وجہ سے اسلام میں ضعف پیدا ہو گیا اور اس فعل کی ظلمت کی وجہ سے ہوا و ہوس اور بدعت عام ہو گئی

اند کے پیش تو گفتم غمِ دل ترسیدم   کہ دل آزردہ شوی ورنہ سخن بسیار است

(غمِ دل مختصر ہی کہتا ہوں   دکھ نہ پہنچائے میری بات طویل)

Marfat.com

اور اسی طرح نوافل کی ادائیگی منجملہ ظلال کے ایک ظل سے قریب کر دیتی ہے اور اصل قرب فرائض کی ادائیگی میں ہے کہ جس میں ظلیت کی آمیزش نہیں ہے۔ مگر وہ نوافل جو فرائض کی تکمیل کے لئے ادا کئے جائیں وہ بھی قربِ اصل کے لئے مدد و معاون اور فرض کے ملحقات سے ہیں لہذا لازمی طور پر فرائض کی ادائیگی کا تعلق عالمِ خلق کے مناسب ہے جو اصل کے ساتھ متوجہ ہے، اور نوافل کی ادائیگی عالمِ امر کے مناسب ہے جس کا چہرہ ظل کی طرف ہے۔ تمام فرائض اگرچہ اصل کی طرف قرب بخشتے ہیں لیکن ان میں سب سے افضل و اکمل صلوٰۃ (نماز) ہے۔ اَلصَّلٰوۃُ مِعْرَاجُ الْمُؤْمِنِ (نماز مؤمن کے لیے معراج ہے)..............اور اَقْرَبُ مَا یَکُوْنُ الْعَبْدُ مِنَ الرَّبِّ فِی الصَّلٰوۃِ (بندے کو سب سے زیادہ قرب اپنے پروردگار سے نماز میں ہوتا ہے) تم نے سُنا ہوگا۔ اور وہ وقت خاص جو حضرت پیغمبر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوۃ والسلام کو حاصل تھا جس کی تعبیر لِیْ مَعَ اللّٰہِ وَقْتٌ (اللہ تعالیٰ کے ساتھ میرا ایک وقت ہے) سے کی ہے فقیر کے نزدیک نماز ہی میں ہے۔ نماز ہی گناہوں کا کفارہ ہے اور نماز ہی فواحش و منکرات سے روکتی ہے اور نماز ہی ہے جس میں پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے لئے راحت تلاش کرتے تھے اسی لئے آپ ﷺ فرماتے تھے۔ اَرِحْنِیْ یَا بِلَالُ (اے بلال مجھے آرام دے) اور نماز ہی کو دین کا ستون فرمایا ہے اور نماز ہی اسلام اور کفر میں فرق ظاہر کرتی ہے۔

اب ہم اصل بات کی طرف رجوع کرتے ہیں اور عالمِ خلق کی عالمِ امر پر افزونی (فضیلت) بیان کرتے ہیں۔ عالمِ امر نے اس جگہ (دنیا) میں پورا پورا حظ (لذت) حاصل کر کے مشاہدہ اور معائنہ میں مشغول ہو گیا ہے، کل (روزِ قیامت) کو بہشت میں معاملہ عالمِ خلق سے ہوگا اور بلا کیف اس تعالیٰ کی رویت میسر ہوگی ....اور اسی طرح مشاہدہ کو تعلق وجوب کے ظلال میں سے ایک ظل سے ہے اور آخرت میں واجب الوجود کا دیدار ہے۔ لہذا جسقدر مشاہدہ اور رویت، ظلیت اور اصالت میں فرق ہے اسی قدر عالمِ امر اور عالمِ خلق میں فرق ہے جان لو۔ پھر جان لو کہ مشاہدہ ولایت کا ثمرہ ہے اور رویت نبوت کا ثمرہ، جو انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کی تابعداری کی وجہ سے عالم تابعداروں کو بھی میسر ہوگی۔ اس مقام پر ولایت و نبوت کے درمیان جو فرق ہے وہ سمجھ لو

تنبیہ: جس عارف کو عالمِ امر کے ساتھ زیادہ مناسبت ہوگی اس کا قدم کمالاتِ ولایت میں زیادہ تر ہوگا اور جس کو عالمِ خلق سے زیادہ مناسبت ہوگی اس کا قدم کمالات نبوت میں بہت زیادہ ہوگا۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام ولایت میں بیشتر قدم رکھتے ہیں اور حضرت موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کا قدم زیادہ تر نبوت میں ہے کیونکہ حضرت عیسیٰ میں (عالمِ) امر کی نسبت غالب ہے جس کی وجہ سے وہ روحانیوں سے ملحق ہو گئے اور حضرت موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہما الصلوٰۃ والسلام کا رخ عالمِ خلق کی طرف غالب ہے لہذا انہوں نے مشاہدہ پر اکتفا نہ کر کے رویت بصری کی درخواست کی ....کمالاتِ نبوت میں انبیاءؑ کے اقدام کے تفاوت ہونے کا سبب یہی ہے۔ جس کے بیان کرنے کا وعدہ میں نے پہلے کیا تھا، نہ کہ بعض لطائف کی بلندی اور بعض کی پستی

Marfat.com

جو کہ کمالات ولایت کے تفاوت میں معتبر ہے۔ وَاللّٰہُ سُبْحَانَہُ الْمُلْھِمُ لِلصَّوَابِ (اللہ سبحانہٗ بہتری کا الہام کرنے والا ہے)۔

اے فرزند! چونکہ علوم نبوت جو کہ شرائع واحکام اور قالب (جسدِ خاکی) کے ساتھ زیادہ تر تعلق رکھتے ہیں اور انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کو بھی اسی وجہ سے عالمِ خلق کے ساتھ زیادہ مناسبت ہے اس مقام پر بعض نے گمان کیا ہے کہ نبوت سے مراد، مقامت قرب تک جو مقام ولایت سے تعلق رکھتے ہیں۔ عروج کرنے کے بعد دعوتِ خلق کے لئے نزول کرنا ہے۔ اور یہ نہیں جانتے کہ عروج کی انتہا اور قرب کی غایت اسی مقام (یعنی مقامِ دعوت) میں ہے۔ اور وہ قرب جو پہلے حاصل ہوا تھا وہ اس قرب کے ظلال میں سے ایک ظل ہے جو کہ بُعد (دوری) کی صورت میں متصور ہوتا ہے۔ اور وہ عروج جو اس سے پہلے حاصل ہوا تھا وہ اس عروج کے عکسوں میں سے ایک عکس تھا جو ظاہر میں نزول دکھائی دیتا ہے .... کیا تم نہیں دیکھتے کہ دائرہ کا مرکز دائرہ کے محیط کی نسبت سب سے زیادہ دور نقطہ ہے۔ حالانکہ حقیقت میں کوئی نقطہ بھی مرکز کے نقطہ کی نسبت محیط سے زیادہ قریب نہیں ہے کیونکہ محیط اس نقطہ اجمال کی تفصیل ہے اور یہ نسبت کسی دوسرے نقطہ کو میسر نہیں ہوئی۔ ظاہر بیں عوام اس اقربیت کو نہیں معلوم کر سکے اس لئے اس نقطہ کے لئے ابعدیت (بہت زیادہ دور ہونے) کا حکم کرتے ہیں اور اس نقطہ کی اقربیت کے حکم کو جہلِ مرکب تصور کرتے ہیں اور اس حکم کرنے والے کو جاہل اور احمق سمجھتے ہیں۔ وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ (یوسف ۱۲، آیت ۱۸) (اور جو کچھ تم بیان کرتے ہو اس پر اللہ تعالیٰ ہی سے مدد مطلوب ہے)

جاننا چاہیے کہ نفسِ مطمئنہ شرح صدر کے حصول کے بعد جو کمالات ولایت کبریٰ کے لوازم میں سے ہے اپنے مقام سے عروج کر کے تختِ صدر پر ترقی کر جاتا ہے اور وہاں تمکن وسلطنت حاصل کر لیتا ہے اور قرب کے ممالک پر غلبہ پالیتا ہے، یہ تختِ صدر حقیقت میں مرتبہ ولایت کبریٰ کے عروج کے تمام مقامات سے بلند ہے، اور اس تخت پر پہنچنے والے کی نظر ابطن بطون (قلب کی گہرائیوں) میں نفوذ کرتی ہے اور غیب الغیب (پوشیدہ سے پوشیدہ) میں سرایت کر جاتی ہے۔ ہاں اگر کوئی شخص بہت اونچے مکان پر چڑھ جائے تو اس کی نگاہ بھی دور سے دور تک پہنچ جائے گی۔ اور اس مطمئنہ کی تمکین کے بعد عقل بھی اپنے مقام سے نکل کر اس کے ساتھ مل جائے گی، اور عقلِ معاد کا نام حاصل کر لے گی۔ اور دونوں باہم اتفاق بلکہ اتحاد کے ساتھ اپنے کام میں متوجہ ہو جائیں گے۔

اے فرزند! اس مطمئنہ کو مخالفت کی گنجائش باقی نہیں رہی اور سرکشی کی مجال بھی نہیں۔ اور کلی طور پر اپنے مطلوب کی طرف متوجہ ہے اور پوری طرح اپنا مقصود حاصل کرنے میں مشغول ہے۔ اس کی پوری ہمت پروردگار جل سلطانہٗ کی رضا (حاصل کرنے) کے علاوہ کچھ نہیں اور اس کا مطلب اس بزرگ بلند و بالا کی اطاعت وعبادت کے سوا کچھ نہیں۔ سبحان اللہ، وہ (نفسِ) امارہ جو اول بدترین خلائق تھا اب اطمینان اور حضرت سبحان کی رضا حاصل ہونے کے بعد عالمِ امر کے لطائف کا رئیس (سردار) بن گیا اور اپنے ہمسروں کا سردار ہو گیا۔ مخبر صادق علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام نے کیا خوب فرمایا ہے: خِیَارُکُمْ فِی الْجَاھِلِیَّۃِ خِیَارُکُمْ فِی الْاِسْلَامِ اِذَا فَقِھُوْا (جو

Marfat.com

لوگ زمانہ جاہلیت میں تم میں سے اچھے تھے وہ اسلام میں بھی تم میں اچھے ہیں جبکہ انہوں نے دین کو سمجھ لیا)......... اس کے بعد اگر کوئی صورت خلاف وسرکشی کی پیدا ہوئی تو اس کا منشا (سرچشمہ) عناصرِ اربعہ کے مختلف طبائع ہیں جو اجزائے قالب (جسم کے اجزا) ہیں، اگر قوتِ غضبیہ کا غلبہ ہے تو وہ بھی وہیں سے پیدا ہوا ہے اور اگر شہوانیت کا غلبہ ہے تو وہ بھی وہیں سے، اور اگر حرص وشر کا غلبہ ہے تو وہ بھی وہیں سے اٹھا ہے، اور اگر بخل و کمینگی ہے تو وہ بھی وہیں سے ہے......... کیا تم نہیں دیکھتے کہ تمام حیوانات جن میں نفس امارہ نہیں ہے ان میں بھی یہ تمام رذائل بدرجہ اتم واکمل پائے جاتے ہیں۔ لہٰذا بہت ممکن ہے کہ مراد اس جہاد اکبر سے جو ہمارے پیغمبر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات نے فرمایا ہے: رَجَعْنَا مِنَ الْجِهَادِ الْاَصْغَرِ اِلَى الْجِهَادِ الْاَكْبَرِ (اب ہم جہاد اصغر سے جہاد اکبر کی طرف لوٹتے ہیں) جہاد با قالب ہو، نہ کہ جہاد بالنفس، جیسا کہ کہا گیا ہے کہ نفس اطمینان (کی حد) تک پہنچ چکا ہے اور ''راضی ومرضی'' (یعنی وہ حق تعالیٰ سے راضی اور حق تعالیٰ اس سے راضی) ہو گیا ہے۔ لہٰذا خلاف وسرکشی کی صورت اس سے متصور نہ ہوگی......... اور خلاف وسرکشی کی صورت میں اجزائے قالب سے مراد ارادہ ترکِ اولیٰ ہے اور امور رخصت کے ارتکاب اور ترک عزیمت کا ارادہ ہے، نہ کہ حرام اشیاء کا ارتکاب اور فرائض وواجبات کے ترک کا ارادہ، جو کہ اس کے حق میں ''نصیب دشمناں'' ہو چکا ہے۔

اے فرزند! اگرچہ عناصرِ اربعہ کے کمالات، کمالات مطمئنہ سے بڑھ کر ہیں جیسا کہ اوپر گذر چکا ہے لیکن مطمئنہ چونکہ مقامِ ولایت سے مناسبت رکھتا ہے اور عالمِ امر سے ملحق ہے اس لئے صاحب سکر ہے اور مقام استغراق میں ہے۔ ناچار اس میں مخالفت کی طاقت نہیں رہی، اور چونکہ عناصر میں مقامِ نبوت کی مناسبت زیادہ ہے اس لئے ان میں صحو (ہوش) غالب ہے، اسی لئے بعض منافع اور فوائد کے لئے جو ان سے وابستہ ہیں ان میں مخالفت کی صورت باقی رہتی ہے۔ پس سمجھ لو۔

جاننا چاہیے کہ منصبِ نبوت حضرت خاتم الرسُل علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات پر ختم ہو چکا ہے لیکن اس منصب کے کمالات میں آپ ﷺ کی تابعداری کی وجہ سے آپ ﷺ کے تابعداروں کو بھی پورا پورا حصہ حاصل ہے، یہ کمالات طبقہ صحابہؓ میں بہت زیادہ ہیں اور تابعین اور تبع تابعین میں بھی یہ دولت کچھ نہ کچھ سرایت کئے ہوئے ہے۔ اس کے بعد یہ کمالات پوشیدگی میں چلے گئے اور ولایت ظلی (ولایت صغریٰ) کے کمالات کا غلبہ جلوہ گر ہو گیا۔ لیکن امید ہے کہ ہزار سال گذرنے کے بعد یہ دولت از سرنو تازہ ہو کر غلبہ وشیوع (عموم) حاصل کر لے اور کمالات اصلی ظہور میں آئیں اور ظلی پوشید ہو جائیں اور حضرت مہدی علیہ الرضوان اس نسبت عالیہ کو ظاہر و باطن کے ساتھ رواج دیں۔

اے فرزند! نبی علیہ وعلیٰ آلہ الصلوۃ والسلام کا کامل تابعداری اپنی کامل تابعدار کی وجہ سے جب مقامِ نبوت کے کمالات کو پورا کر لیتا ہے تو اگر وہ اہل مناصب سے ہے تو اس کو منصب امامت پر سرفراز کر دیتے ہیں اور جب وہ ولایت کبریٰ کے کمالات کو پورا کر لیتا ہے اور اہل منصب سے ہوتا ہے تو اس کو ''منصب خلافت'' سے مشرف کر

Marfat.com

دیتے ہیں۔اور کمالات ظلی کے مقامات سے منصب امامت کے مناسب ''قطب ارشاد'' کا منصب ہے اور منصب خلافت کے مناسب ''قطب مدار'' کا منصب ہے گویا نیچے کے یہ دونوں مقام ان اوپر کے دونوں مقاموں کے ظلال ہیں۔........ شیخ محی الدین ابن العربیؒ کے نزدیک ''غوث ہی قطب مدار ہے غوثیت کا منصب علیحدہ نہیں ہے'' لیکن جو کچھ اس فقیر کا اعتقاد ہے وہ یہ ہے کہ غوث قطب مدار نہیں ہے۔ بلکہ قطب بعض امور میں اس سے مدد لیتا ہے اور ابدال کے مناصب کی تقرری میں بھی اس کو دخل ہے۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (جمعہ ٦٢، آیت ٤)

تذییل (ایک چیز کا دوسری چیز پر اضافہ کرنا) وہ علوم و معارف جو ''مقام نبوت'' اور اس نبوت کی ولایت کے مقام کے مناسب ہیں انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کے شرائع (شریعتیں) ہیں اور چونکہ نبوت کے مرتبوں میں تفاوت ہے اس لئے اس تفاوت کے اندازے کے مطابق انبیاء کی شرائع میں بھی اختلاف آ گیا ہے۔اور وہ معارف جو ''مقام ولایت اولیاء'' کے مناسب ہیں مشائخ کی شطحیات (خلاف شرع باتیں) ہیں اور وہ علوم جو توحید و اتحاد (توحید وجودی) کی خبر دیتے ہیں اور احاطہ و سریان کی خبر اور قرب و معیت کا نشان بتاتے ہیں اور مراتیت و ظلیت کو ظاہر کرتے ہیں اور مشہود و مشاہدہ ثابت کرتے ہیں۔غرضیکہ انبیاء کے معارف کتاب و سنت ہیں اور اولیاء کے معارف فصوص (الحکم) و فتوحاتِ مکیہ ہیں۔ع

قیاس کن ز گلستان من بہار مرا
(مری بہار کا اندازہ گلستان سے کر)

اولیاء کی ولایت حق تعالیٰ کے قرب کی طرف سراغ دیتی ہے، اور انبیاء کی ولایت حق تعالیٰ کی اقربیت کا نشان بتاتی ہے۔اور ولایت اولیاء شہود کی طرف دلالت کرتی ہے اور ولایتِ انبیاء اس مجہول الکیفیت (بے کیفی و بے رنگی) کی نسبت کا ثبوت دیتی ہے۔اولیاء کی ولایت اقربیت کو نہیں پہچانتی کہ کیا ہے اور جہالت کو نہیں جانتی کہ کہاں ہے۔اور ولایت انبیاء اقربیت کے باوجود قرب کو عین و بعد جانتی ہے۔اور شہود کو عین غیبت سمجھتی ہے۔ع

گر بگویم شرح ایں بے حد شود
(شرح اس کی گر لکھوں بے حدر ہے)

اے فرزند! کمالاتِ نبوت کے بیان میں گفتگو اور ولایت پر اس کی فضیلت اور ولایت سہ گانہ (تینوں ولایتوں یعنی) ولایت صغریٰ، ولایت کبریٰ، اور ولایت علیا کے درمیان فرق اور ان میں سے ہر ایک کے مناسب معارف اور ہر ایک کے متعلقہ مقامات کو اس لئے طول طویل کیا ہے اور بار بار لمبے چوڑے فقرے اس لئے بیان کئے گئے ہیں تا کہ نہایت عجیب و غریب ہونے کے باوجود لوگوں کی سمجھ میں آسکیں اور کسی کو ان کے انکار کی مجال نہ رہے .... یہ علوم کشفی اور بدیہی ہیں، استدلالی اور نظری نہیں ہیں۔اور ان میں بعض مقدمات کا ذکر تنبیہ اور عوام کی سمجھ سے قریب لانے کے لئے ہے بلکہ خواص کے سمجھنے کے لئے وضاحت اور تشریح ہے۔یہ سب شروع سے اخیر تک

Marfat.com

اس طریقہ پر بیان کیا گیا جس پر حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے اس حقیر کو ممتاز کیا ہے، اس کی بنیاد نسبتِ نقشبندیہ ہے جس کی ابتدا میں انتہا مندرج ہے، اسی بنیاد پر بہت سی عمارتیں اور قسم قسم کے محل بنائے گئے ہیں، اگر یہ بنیاد نہ ہوتی تو معاملہ یہاں تک نہ پہنچتا یعنی بخارا اور سمرقند سے اس بیج کو لا کر زمین ہند (سرہند) میں بویا گیا جس کا خمیر ''مدینہ طیبہ اور مکہ معظمہ'' کی خاک سے تیار کیا گیا اور فضل کے پانی سے سالہا سال اس کو سیراب کیا گیا اور ''احسان'' کی تربیت سے اس کی پرورش کی گئی، جب وہ کھیتی کمال کو پہنچ گئی تو ان علوم و معارف کا ثمرہ اس سے حاصل ہوا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدٰنَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِیَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰنَا اللّٰهُ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ (تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جس نے ہم کو اس کی ہدایت دی اگر وہ ہم کو ہدایت نہ دیتا تو ہم کبھی ہدایت نہ پاتے، بے شک ہمارے رب کے رسول حق کے ساتھ آئے ہیں) (اعراف ۷، آیت ۴۳)۔

جاننا چاہیے کہ اس طریقہ عالیہ کا سلوک ایسے شیخ مقتدا کی محبت کے رابطہ پر وابستہ ہے جس نے سرِ مرادی سے اس راہ کو طے کیا ہو اور قوت انجذاب سے ان کمالات کے ساتھ رنگا ہوا ہو۔ اس کی نظر قلبی امراض کو شفا بخشتی ہے اور اس کی توجہ باطنی امراض دور کرتی ہے ایسا صاحب کمال اپنے وقت کا امام اور اپنے زمانے کا خلیفہ ہے، اقطاب و ابدال اس کے مقامات کے ظلال میں خوش ہیں اور اوتاد و نجبا اس کے کمالات کے سمندر سے ایک قطرہ پر قناعت کئے بیٹھے ہیں اس کی ہدایت وارشاد کا نور اس کے ارادہ اور خواہش کے بغیر آفتاب کے نور کی طرح ہر شخص پر چمکتا ہے پس کس طرح نہ چمکے جبکہ وہ خود چاہے، اگرچہ یہ خواہش اس کے اپنے اختیار میں نہ ہو۔ کیونکہ بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ وہ کسی امر کی خواہش طلب کرتا ہے لیکن وہ خواہش اس میں پیدا نہیں ہوتی۔ اور یہ بھی ضروری نہیں کہ وہ لوگ جو اس کے نور سے ہدایت پائیں اور اس کے وسیلے سے راہ راست پر آجائیں، اس معنی کو خوب جان لیں بلکہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ وہ اپنے رشد و ہدایت کی اصل کو بھی کما حقہ نہیں جانتے حالانکہ وہ شیخ مقتدا کے کمالات سے متحقق ہوتے ہیں جن کے سبب ایک جہان کو ہدایت کرتے ہیں۔ کیونکہ علم سب کو نہیں دیا جاتا اور سیر مقامات کی تفصیل کی معرفت ہر ایک کو نہیں بخشتے۔ ہاں وہ شیخ جس کے وجود شریف پر وصول کے طریقوں میں سے کسی خاص طریقے کی بنا کا مدار ہے بیشک وہ صاحب علم اور سیر کی تفصیل سے آگاہ ہوتا ہے اور دوسروں کو اسی کے علم پر کفایت کرکے اس کے ذریعے سے مرتبہ کمال و تکمیل تک پہنچاتے ہیں اور فنا و بقا سے مشرف کرتے ہیں۔ ع

خاص کند بندہ مصلحتِ عام را

(عام کے فائدے کو خاص آیا)

(ہمارے اس طریقے میں) افادہ اور استفادہ انعکاسی اور انصباغی ہے، مرید محبت کے رابطہ سے جو وہ اپنے شیخ مقتدا کے ساتھ رکھتا ہے لحظہ بلحظہ اس کا رنگ پکڑتا جاتا ہے اور انعکاس کے طریق پر اس کے انوار سے منور ہوتا جاتا ہے۔ اس صورت میں افادہ اور استفادہ کے لئے علم کی کیا ضرورت ہے .... (مثلاً) خربزہ (خربوزہ) سورج کی گرمی سے لحہ بلحہ پکتا ہے اور کچھ زمانہ گذرنے کے بعد پختہ ہو جاتا ہے، اس کے لئے کیا

پہلا دفتر مکتوباتِ امام ربّانیؒ چوتھا حصّہ

Marfat.com

ضروری ہے کہ اس (خربوزہ) کو اپنے پختہ ہو جانے کا علم ہو، یا سورج کو اس کے پک جانے کا علم ہو۔ ہاں ظاہری طور پر سلوک وتسلیک اختیار کرنے کے لئے علم کا ہونا ضروری ہے جو دوسرے سلاسل سے وابستہ ہے، لیکن ہمارے طریقے میں جو کہ اصحاب کرام علیہم الرضوان کا طریقہ ہے سلوک وتسلیک کا علم کچھ درکار نہیں ہے۔ اگرچہ شیخ مقتدا جو اس طریقے کے بانی کی طرح ہے علم کے کمال اور معرفت کے نور سے متحقق ہے پس ناچار اس طریقہ عالیہ میں وصول الی اللہ کے لئے زندے اور مُردے، بچے اور بوڑھے، جوان اور کہول (درمیانی عمر والے) سب برابر ہیں جو رابطہ محبت یا صاحب دولت (شیخ کامل) کی توجہ سے اپنے بلند مقاصد پر پہنچتے ہیں: ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (جمعہ ۶۲، آیت ۴) (یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جس کو چاہتا ہے دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے)۔

لیکن جاننا چاہیے کہ اگرچہ منتہی صاحب علم نہیں ہوتا لیکن خوارق ظہور کے بغیر چارہ نہیں۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ اس کے ظہور کا اس کو اختیار نہیں ہوتا بلکہ بسا اوقات اس کو اس ظہور کا علم بھی نہیں ہوتا لوگ اس سے خوارق دیکھتے ہیں لیکن اس کو اس کی اطلاع بھی نہیں ہوتی .... اور یہ جو کہا گیا ہے کہ منتہی صاحب علم نہیں ہوتا اس سے مراد احوال کا تفصیلی علم نہ ہونا ہے نہ کہ مطلقاً عدم علم، اس حیثیت سے ہے کہ وہ اپنے احوال کو کچھ نہیں سمجھتا، جیسا کہ اوپر اشارہ کیا گیا ہے۔ اور اس کی ہدایت کا یہ نور اس کے مریدوں میں بے واسطہ یا بواسطہ یا بہت سے واسطوں سے اس وقت تک جاری وساری رہتا ہے جب تک کہ اس کا مخصوص طریقہ مختلف تغیرات اور تبدیلیوں کی آلودگی سے ملوث نہ ہو جائے اور مخترعات (من گھڑت باتوں) اور مبتدعات (نت نئی بدعتوں) کی وجہ سے خراب نہ ہو جائے۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ (رعد ۱۳، آیت ۱۱) اللہ تعالیٰ کسی قوم کی حالت کو نہیں بدلتا جب تک کہ وہ خود اپنی حالت نہ بدلیں)۔

تعجب ہے کہ ان میں سے ایک گروہ ان تبدیلیوں کو اس طریقے کی تکمیلات گمان کرتے ہیں اور ان الحاقات کو اس نسبت کا تتمہ تصور کرتے ہیں اور نہیں جانتے کہ یہ تتمیم وتکمیل ہر بے سرانجام کا کام نہیں ہے اور الحاق واختراع ہر بے سروسامان کے لئے سزاوار نہیں ہے۔

ہزار نکتہ باریک تر زمو اینجا است نہ ہر کہ سر بتراشد قلندری داند
(یہاں تو بال سے باریک راز ہیں لاکھوں مُنڈائے سر تو قلندر کوئی نہیں بنتا)

سنتِ سنیہ (روشن وبلند سنتیں) علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیہ کے نور کو بدعتوں کے اندھیروں نے پوشیدہ کر دیا ہے اور ملت مصطفویہ علیٰ مصدرہا الصلوٰۃ والسلام والتحیہ کی رونق کو امور محدثہ (نت نئے کام) کی گندگیوں نے ضائع کر دیا ہے، پھر اس سے زیادہ تعجب کی بات یہ ہے کہ بعض لوگ ان محدثات (دین میں نئی نئی باتیں جاری کرنا) کو امور مستحسنہ (نیک کام) جانتے ہیں اور ان بدعتوں کو حسنہ خیال کرتے ہیں اور ان حسنات سے دین کی تکمیل اور ملت کی تتمیم (پورا ہونے) کو تلاش کرتے ہیں اور ان امور کے بجالانے کی ترغیبیں دیتے ہیں ھَدٰھُمُ اللّٰهُ

Marfat.com

کیا ان لوگوں کو معلوم نہیں کہ دین تو ان محدثات سے پہلے ہی کامل ہو چکا ہے اور نعمت خداوندی پوری ہو چکی ہے اور حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی رضامندی اس سے حاصل ہو چکی ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا (مائدہ ۵، آیت ۳) (آج میں نے دین کو تمہارے لئے کامل کر دیا اور اپنی نعمت کو تم پر پورا کر دیا اور تمہارے لئے دین اسلام کو پسند کیا) پس ان محدثات (بدعات) سے دین کا کمال طلب کرنا حقیقت میں اس آیہ کریمہ کے مفہوم سے انکار کرنا ہے۔

اندکے پیش تو گفتم غم دل ترسیدم   کہ دل آزردہ شوی ورنہ سخن بسیار است

(غم دل مختصر ہی کہتا ہوں   دکھ نہ پہنچائے میری بات طویل)

علمائے مجتہدین نے دین کے احکام (واضح طور پر) ظاہر فرمادیئے ہیں اور کوئی ایسی چیز ایجاد نہیں کی جو اس (دین میں نہیں ہے) لہٰذا اجتہاد کے احکام امور محدثہ میں سے نہیں ہیں بلکہ وہ اصول دین میں سے ہیں کیونکہ چوتھی اصل قیاس ہے۔

اے فرزند! وہ معرفت جو "رسالہ مبدأ و معاد" میں اسی افادہ و استفادہ کے بارے میں جو "قطب ارشاد" سے متعلق ہے تحریر ہوا ہے چونکہ وہ اس مقام کے ساتھ مناسبت رکھتی ہے اور بہت سودمند ہے لہٰذا وہ معرفت اس مکتوب میں بھی تحریر کی گئی ہے اسی جگہ سے معلوم کریں .... "قطب ارشاد" جو فردیت کے کمالات کا بھی جامع ہوتا ہے بہت ہی عزیز الوجود اور کمیاب ہے اور بہت قرنوں اور بے شمار زمانوں کے بعد اس قسم کا گوہر ظہور میں آتا ہے اور دنیائے تاریک اس نور کے ظہور سے نورانی ہو جاتی ہے، اور اس کے ارشاد و ہدایت کا نور محیط عرش سے مرکز فرش تک تمام عالم کو شامل ہو جاتا ہے، اور جس کسی کو رشد و ہدایت اور ایمان و معرفت حاصل ہوتا ہے اسی کے واسطے سے حاصل ہوتا ہے اور اسی کی ذات سے مستفاد ہوتا ہے، اور اس کے توسط کے بغیر کوئی شخص بھی اس دولت تک رسائی حاصل نہیں کر سکتا .... مثلاً اس کی ہدایت کا نور دریائے محیط کی طرح تمام عالم کو گھیرے ہوئے ہے اور گویا وہ دریا منجمد (جما ہوا) ہے، اور اس میں مطلقاً حرکت نہیں ہے، اور وہ شخص جو اس بزرگ کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور اس کے ساتھ اخلاص رکھتا ہے، یا یہ کہ وہ بزرگ خود کسی طالب کے حال پر متوجہ ہو جائے تو اس توجہ کے دوران طالب کے دل میں ایک سوراخ کھل جاتا ہے، اور اس راستے سے جس قدر توجہ اور اخلاص ہوتا ہے اسی قدر وہ اس دریا سے سیراب ہوتا جاتا ہے، اسی طرح وہ شخص بھی جو ذکر الٰہی جل شانہ کی طرف متوجہ ہے اور اس عزیز بزرگ کی طرف متوجہ نہیں ہے۔ اور یہ بے توجہی کسی انکار کی وجہ سے نہیں بلکہ وہ اس بزرگ کو پہچانتا ہی نہیں تو اسی اندازہ کی فیض رسانی اسے بھی حاصل ہو جاتی ہے لیکن دوسری صورت کی نسبت پہلی صورت میں افادہ زیادہ بڑھ کر ہے .... لیکن جو شخص اس بزرگ کا منکر ہو یا وہ بزرگ اس سے آزردہ خاطر ہے اگرچہ وہ ذکر الٰہی تعالیٰ تقدس میں مشغول رہے لیکن حقیقی رشد و ہدایت سے محروم ہی رہتا ہے۔ یہی انکار و آزار اس کے فیض کا مانع ہو جاتا

Marfat.com

ہے بغیر اس امر کے کہ وہ بزرگ اس کے عدم افادہ کی طرف متوجہ ہو، یا اس کو ضرر پہنچانے کا قصد کرے، کیونکہ ہدایت کی حقیقت اس کے حق میں مفقود ہے، وہ صرف رُشد کی صورت ہے، اور صورتِ بے معنی سے بہت کم نفع پہنچتا ہے۔لیکن وہ جماعت جو اس بزرگ کے ساتھ اخلاص ومحبت رکھتی ہے۔اگر چہ توجہ، مذکور اور ذکر الٰہی تعالیٰ شانہ سے خالی ہو تو اس کو محض محبت کی وجہ سے رشد وہدایت کا نور حاصل ہو جاتا ہے۔اور یہی معرفت اس مکتوب کا آخری حصہ ہے۔

بس کنم خود زیر کاں را ایں بس است بانگِ دو کردم اگر در دہ کس است

(اسقدر کافی ہے دانا کے لئے کر دیا اعلان شاید سن سکو)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَوَّلًا وَّاٰخِرًا وَّالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ دَائِمًا وَّ سَرْمَدًا (اولاً و آخراً تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لئے ہیں جو رحمٰن اور رحیم ہے اور حضرت محمد رسول اللہ ﷺ اور آپ کی آل پر ہمیشہ اور ابداً لآباد تک صلوٰۃ وسلام ہو)۔

﴾ حاشیہ متن ﴿

﴾صہ ۷۴﴿ ا۔ اس کا خلاصہ یہ ہے کہ پہلے عالم امر کے لطائف پنجگانہ کو ترتیب وار طے کرنا چاہیے اس کے بعد ان کے اصول میں سیر، اس کے بعد اسماء وصفات کے ظلال میں سیر اس کے بعد اسماء وصفات اور شئون واعتبارات کے نفس میں سیر، اس کے بعد ان کے اصول میں، اس کے بعد اصول الاصول میں، اس کے بعد دائرہ فوقانی جو قوس کے بغیر اس سے ظاہر نہیں ہوتا ہے، اس کے اسم الباطن پھر اور پھر اور پھر اور الخ ۱۲

﴾صہ ۷۵﴿ ا۔ قولہ گفتہ اند......سوال مقدر کا جواب ہے اور سوال کے وارد ہونے کا مقام شیخ مجدد قدس سرہ کا قول (وظل ہر اسم) ہے اور جواب کا مبنا اسم سے مراد کا بیان ہے ۱۲

ب۔ تا کہ مشائخ کے قول کی مخالفت لازم آئے ۱۲

ج۔ قولہ ہمیں دائرہ ظل است یعنی اس تفصیل کے ساتھ کہ انہوں نے اس دائرہ ظل کا تعین اول الخ ۱۲

﴾صہ ۷۶﴿ ب۔ قولہ نہ این چنین است، جو بعض مشائخ سے گمان کیا گیا ہے ۱۲

ا۔ قولہ دائرہ......یعنی دائرہ اصل جو دائرہ اسماء وصفات سے موسوم ہے ۱۲

۲۔ یعنی دائرہ فوقانی کے ظاہر نہ کرنے میں سوائے ایک قوس کے ۔

۳۔ قولہ این اصول......یعنی اصول صفات اور شئونات کا دائرہ اور ان کے اصول اصول کا دائرہ اور دائرہ فوق جو جس سے سوائے ایک قوس کے کچھ ظاہر نہ ہوا ۱۲

﴾صہ ۷۷﴿ ب۔ یہ آیت واقع ہے پارہ ۲۹ معارج میں یعنی اوپر چڑھتے ہیں فرشتے اور روح اس کی جانب ایک دن میں جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہے ۱۲ المصحح رحمہ اللہ

﴾صہ ۷۸﴿ ب۔ التعریب: لَا عُسْرَ فِیْ اَمْرٍ عَلَی الْکَرِیْم (کریم پر کوئی کام دشوار نہیں)

ا۔ یعنی حق جل وعلا کے وصول کے مرتبے کبھی ختم نہیں ہوتے ۔بیت

ب۔ اے برادر بے نہایت در گہیست ہر چہ بروے میری بروے

ترجمہ اے بھائی اس بارگاہ کی کوئی نہایت نہیں ہے جہاں تک بھی تو پہنچتا ہے اس کے آگے اور ہے اور ہے تم درالمعرفت

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ چوتھا حصہ

Marfat.com

ے قولہ تمامی......یعنی تمام ہونا اور نہایت کو پہنچنے کو ممکن نہیں جانتے ہیں بلکہ اس کے ممنوع ہونے کے قائل ہیں ۱۲

ے التعریب : وَلَيْسَ لِحُسْنِهٖ حَدٌّ وَغَايَةٌ وَلَا لِمَدِيْحَةِ السَّعْدِىْ نِهَايَه يَمُوْتُ مِنَ التَّعَطُّشِ مُسْتَقِيْهِ وَيَبْقَى الْبَحْرُ بَحْرٌ كَا لْبِدَايَه

ترجمہ: اس کے حسن کی کوئی حد اور انتہا نہیں اور نہ سعدی کے لئے تعریف کی نہایت ہے مرتا ہے پیاسا پیاس کی وجہ سے اور سمندر پہلے کی طرح باقی ہے۔

۳ے ابوبکر واسطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: مَنْ عَرَفَ اللّٰهَ انْقَطَعَ عَنِ الْكُلِّ بَلْ خَرَسَ وَانْقَمَعَ یعنی جس نے خداوند کی معرفت حاصل کرلی وہ تمام چیزوں سے کٹ گیا بلکہ وہ گونگا ہوگیا اور اپنے تمام اوصاف سے فانی ہوگیا۔

محمد واسع رحمہ اللہ فرماتے ہیں : مَنْ عَرَفَ اللّٰهَ قَلَّ كَلَامُهٗ وَدَامَ تَحَيُّرُهٗ ترجمہ: عارف وہ ہے جس کی گفتگو کم ہوتی ہے اور اس کی حیرت دائمی ہوتی ہے۔ اس لئے کہ بیان اسی چیز کا ہوسکتا ہے جو بیان میں آسکے۔ شیخ شبلی فرماتے ہیں: اَلْعَجْزُ عَنِ الْمَعْرِفَةِ مَعْرِفَةٌ ترجمہ: معرفت کی حقیقت معرفت سے عجز ہے۔ کشف المحجوب، بیان معرفت

ے عمومیت اور برابری کیلئے ہے ۱۲

ے دید در خواب او شبے و خواب کو واقعہ بے خواب صوفی راست خو

صوفیہ کی اصطلاح میں واقعہ وہ چیز ہے جو دل پر وارد ہو جس طریقے سے بھی ہو خواہ بیداری میں ہو خواہ نیند میں، لیکن حواس کا معطل ہونا ضروری ہے ۱۲ از مثنوی و شرحش ۱۲

﴿ص۷۹﴾ فنا پہلے حرف کے نیچے زیر ہے، اردگرد اور اطراف کے معنی میں یعنی گھر کا گرداگرد اور سرا کے سامنے جگہ جو فراخ اور کشادہ ہو ۱۲

۲ے قولہ والافلیس الخ شیخ قدس سرہ کے قول علم حصولی اور علم حضوری کے متعلق باعتبار تمثیل ونظیر ہے یعنی ورنہ وہاں سوائے اس تعلق کے جو علم کے اپنے معلوم سے ہے اس امر کے بغیر معلوم سے اس میں کیا حاصل ہوتا ہے اور کچھ نہیں ہے۔ پس اس کو سمجھ لیجئے کہ بہت دقیق ہے ۱۲

۳ے قولہ بالاذکر یافتہ: اس مکتوب میں آپ کے قول فی الحقیقت حقیقت محمدی مرکز این دائرہ اصل است کہ اجمال اسماء شیونات است میں گذر چکا ہے ۱۲

۴ے اس مذکورہ تعین کا ظل ہونا اسی تعین اول کی نسبت سے ہے ورنہ وہ تعین اپنے ماتحت کی نسبت اصل ہے جیسا کہ گذر چکا، اس کو اچھی طرح سمجھ لو ۱۲

۵ے اس آیت کریمہ کی طرف اشارہ ہے جو سورہ نجم پارہ ۲۷ میں واقع ہے یعنی ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى فَاَوْحٰى اِلٰى عَبْدِهٖ مَا اَوْحٰى یعنی پھر وہ قریب ہوا اور قریب ہوا یہاں تک کہ صرف دو کمانوں کے برابر بلکہ اس سے بھی کم فاصلہ رہ گیا، پس وحی کی اللہ نے اپنے (محبوب) بندے کی طرف جو وحی کی الخ

جاننا چاہیے کہ اس آیت کریمہ کی تفسیر میں اختلاف ہے، بعض اللہ تعالیٰ کے قرب پر اس کو محمول کرتے ہیں اور بعض اس سے جبریل کا قرب سمجھے ہیں، لیکن حدیث کی روایات کے اعتبار سے اور عربی زبان کے اعتبار سے بھی حق تعالیٰ کا قرب سمجھنا زیادہ راجح ہے جیسا کہ امام بغوی وغیرہ حضرت انس اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت لائے ہیں :
دَنَا الْجَبَّارُ رَبُّ الْعِزَّةِ فَتَدَلّٰى حَتّٰى كَانَ مِنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى (جبار رب العزت قریب ہوا تو اور قریب ہوا یہاں تک کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دو کمانوں یا اس سے بھی کم فاصلہ رہ گیا) عربی زبان کی جہت سے عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى کا جملہ اور فَاَوْحٰى اِلٰى عَبْدِهٖ مَا اَوْحٰى کا جملہ حق جل وعلا کے قرب کا تقاضا کرتا ہے، تفصیل کے لئے دوسرا مقام ہے ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

Marfat.com

﴿صہ ۸۰﴾ ہے یعنی جب اس سیر کے نقطہ کی نسبت فہم میں آئی، پس قیاس کرنا چاہیے الخ ۱۲

ے یعنی جو شخص نبوت کے راز سے ناواقف ہے ۱۲

ا اس قول کو سید الاولین والآخرین علیہ وعلیہم افضل الصلوات والتسلیمات نے پسند فرمایا جب شیخ میرزا جان جاناں شہید دہلوی قدس سرہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کیا جب انہوں نے حضور کو خواب میں دیکھا، یہ ملفوظات شریفہ میں مذکور ہے ۱۲

۲ قولہ چہ حجب بتمام مرتفع گشت الخ، جاننا چاہیے کہ پردے دو قسم کے ہیں :قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰهِ سَبْعِيْنَ اَلْفَ حِجَابٍ مِّنْ نُّوْرٍ وَّ ظُلْمَةٍ ظلمت کے حجاب غفلت کے حجاب ہیں جو انسانی دس لطیفوں کی کدورتوں سے ظاہر ہوتے ہیں اور نورانی حجاب عظمت و کبرائی کے حجابات ہیں۔ جب سالک سلوک کی تمام منزلیں طے کر لیتا ہے تو ظلمت کے تمام حجابات اٹھ جاتے ہیں پس باقی نہیں رہتے مگر عظمت و جلال خداوندی کے حجابات اور کبریائی کی چادر ۱۲ قاضی ثناء اللہ پانی پتی کے قول کا خلاصہ ۱۲

۳ یعنی جب کامل مراد ان کو عظمت کے حجابات میں جگہ دیتے ہیں اور بارگاہ کے محرم بناتے ہیں تو ان کے ساتھ ایسا معاملہ کیا جاتا ہے جیسا کہ معاملہ کیا جاتا ہے یعنی بیان کے اندازے سے باہر اور وضاحت کی حد سے خارج، اور یہ اللہ تعالیٰ کے قول فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ کی طرح ہے، یا یہ معنی ہیں کہ پس معاملہ کیا کامل مرادان سے عظمت و جلال کے حجابوں میں داخل کرنے کے بعد جو معاملہ کیا گیا انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات سے، یہ راز کی بات ہے، سیاق کے لحاظ سے زیادہ مناسب ہے کہ آپ کے لفظ فعول کے بدل میں فیعامل ہو ۱۲

﴿صہ ۸۱﴾ ا قولہ اگر اطلاق الخ یعنی جب اس مرتبہ تعالت و تقدست کو کسی عبارت اور عنوان سے تعبیر نہیں کر سکتے کیونکہ وہ ان سب وجہوں سے بہت عالی ہے اور گفتگو کو ان مقامات میں بالکل مجال نہیں پس اگر عبارات والفاظ کی نارسائی سے اس مرتبہ میں وجود کا اطلاق ہم نے کیا، اس وجود سے ہماری مراد وہ وجود ہوتا ہے جس عدم کو اس وجود کے نقیض ہونے کا تصور امکان میں نہیں ہے ۱۲

ے یعنی شیخ مجدد قدس سرہ کا قول ''دسیرے کہ فوق آں شہر واقع شہود'' شروع در کمالات نبوت'' الخ (ص ۷۹) ۱۲

۲ یعنی اس کے ظاہر کو تمام و کمال اور اس کے باطن کو کسی وجہ سے خواہ اس کا باطن ایک دوسری وجہ سے توجہ حق کی طرف رکھتا ہو جیسا کہ مکتوب پچانوے جلد اول میں فرمایا ہے خواہ نبوت میں توجہ صرف مخلوق کی طرف نہ ہو بلکہ یہ توجہ اللہ تعالیٰ کی طرف بھی رکھتے ہیں الخ خوب سمجھ لو اور ثابت قدم رہو ۱۲

۳ جان لو کہ عروج و صعود سے مراد صوفی کا استغراق ہے ذات اور صفات عالیہ کے مشاہدے میں اور مخلوق سے کٹ جانا، اور نزول و ہبوط کا مطلب ہے مخلوق کی طرف توجہ مبذول کرنا ان کی تکمیل اور ارشاد کے لئے ۱۲ از مکتوبات قاضی صاحب پانی پتی قدس سرہ ۱۲

۴ ان حضرات (نقشبندیہ) کے نزدیک سیر انفسی اور جذبہ مقدم ہے اور دوسرے تمام مشائخ (قادری چشتی سہروردی) کے نزدیک سیر آفاقی اور سلوک مقدم ہے ۱۲

ے کیونکہ دعوت کی تمامیت اور کمالیت سے فائدہ پہنچانا نزول کی مقدار کے مطابق ہوتا ہے فافہم ۱۲

﴿صہ ۸۲﴾ ا یعنی صوفیہ چشتیہ اور قادریہ وغیرہ سلوک کو جو ریاضات بجالانے سے عبارت ہے پیر کامل و مکمل کے ارشاد کے موافق جذبے پر مقدم رکھتے ہیں یہ حضرات نقشبندیہ کے مخالف ہے ۱۲

۲ قولہ صورت...... اس قول میں یہ اشارہ ہے کہ عالم خلق کی حقیقت کو طے کرنا عالم امر کے قطع کئے بغیر میسر نہیں ہو سکتا ۱۲

ے قولہ مظنہ: ظن و گمان کی جگہ اور محل میں جانا ۱۲

Marfat.com

۳ قولہ بجوز و مویز: جوز جیم کے زبر سے گوز سے عربی میں جوز گاف کے زبر سے یہ گردگان ہے جس کو اردو میں اخروٹ کہتے ہیں۔اور مویز میم کے زیر سے یائے معروف، یہ بڑے انگور کی ایک قسم ہے جو حفاظت میں خشک کیا جاتا ہے، عام لوگ اس کو منقی کہتے ہیں۱۲ اغث یعنی کم چیز پر اکتفا نہیں کرتے ۱۲

۴ قولہ ترّہات: پہلے حرف پر پیش ہے اور بے نقطہ شد والی ہے، باطل اور لہو ولعب کی باتیں ترہۃ کی جمع ہے اس کے معنی ہیں باطل......وقولہ شطحیات، ش کے زبر سے اور حا بے نقطہ زیر والی ہے اور یا کے نیچے دو نقطے ہیں اور شد والی ہے، صوفیہ کی اصطلاح میں ایسی چیزیں کہنا جو ظاہر شریعت کے مخالف ہوں اور خلاف شرع باتیں زبان پر لانا، اور کشف میں لکھے ہوئے کلمات جو مستی اور ذوق میں بعض واصلین سے بے اختیار زبان سے نکلتے ہیں جیسا کہ منصور حلاج کا انا الحق کہنا اور جنید کا لیس فی جبتی سوی اللہ کہنا اور بایزید کا سبحانی ما اعظم شانی کہنا، مشائخ نے ان خلاف شرع کلمات کو رد کیا ہے قبول نہیں کیا ۱۲ اغیاث

جاننا چاہیے کہ شطح لغت میں حرکت کو کہتے ہیں اور طاحونہ یعنی چکی کو شطاح کہتے ہیں اس کے زیادہ حرکت کرنے کی وجہ سے، اور جب پانی نہر میں زیادہ آجائے اس میں اتنی گنجائش نہ ہو تو کہتے ہیں شطح الماء فی النہر عارف لوگ واجدین کے اسرار کو حرکت کہتے ہیں، جب وہ ان کے ساتھ قوت حاصل کرتے ہیں اس حیثیت سے کہ ان کی انا سے استعدات سے معارف الٰہی کے پانی گرتے ہیں ایسی عبارت سے کہ اس کے ادراک سے عقل عاجز ہوتی ہے، کذا فی اللطائف (جیسے لطائف میں ہے) وَاعلَمْ اَنَّ الشَّطحَ مِنْ جُمْلَةِ مَا اُمِرُوْا بِهٖ فَصَدَّ رَعَنْهُمْ اِمْتِثَالًا لِلْاَمْرِ الخ (جان لو کہ شطح ان چیزوں میں سے ہے جس کا انہیں حکم دیا جاتا ہے تو وہ ان سے ظاہر ہوتا ہے حکم کی پیروی کرتے ہوئے) ۱۲ احد یہ مجددیہ لمصححہ رحمہ اللہ تعالیٰ

﴿صہ ۸۳﴾ ۱ اس کا خلاصہ اور حاصل یہ ہے کہ محمد المشرب تمام مدارج کا جامع ہوتا ہے غیر محمد المشرب کے بخلاف، نیز پانچواں درجہ محمد المشرب کے ساتھ مخصوص ہے اور، متصور ہے اس پر، اس کے علاوہ اس سے کوئی حصہ نہیں پاتا ۱۲

۲ قولہ بصفات سلبیہ، جیسا کہ تو کہے کہ اللہ تعالیٰ جوہر نہیں ہے، عرض نہیں ہے، جسم نہیں ہے، صورت و ہیئت والا نہیں ہے، محدود و معدود نہیں ہے، متجزی و مرکب نہیں ہے، وعلی ھذا ۱۲ (اور اسی پر قیاس کر لو) ۱۲

﴿صہ ۸۴﴾ ۱ یعنی صاحب خفی افضل ہوتا ہے صاحب سر سے اور صاحب سر افضل ہوتا ہے صاحب روح سے اور صاحب روح افضل ہوتا ہے صاحب قلب سے ۱۲

۲ یعنی روح کا مرتبہ مثلاً یا سر کا مرتبہ یا خفی کا مرتبہ یا اخفی کا جیسے کہا ہے اس کے بعد کے بارے میں، اس لئے کہ نبی کی ولایت جو مقام قلب سے اٹھی ہوتی ہے وہ افضل ہے ولایت ولی سے جو مقام اخفی سے اٹھی ہوتی ہے الخ ۱۲

۳ یعنی اور مقام سر سے گویا نقب لگائے ہوئے ہیں اور شیون و اعتبارات کے ساتھ پہنچائے ہوئے ہیں اور مقام خفی سے گویا نقب لگائے ہوئے ہیں اور صفات سلبیہ کے ساتھ پہنچائے ہوئے ہیں ۱۲

۴ جو محمد المشرب کے علاوہ ہیں اور ان کے کمالات کی انتہا خفی تک ہے جو صفات سلبیہ کے ساتھ مناسبت رکھتے ہیں ۱۲

۵ قولہ علو پہلے دونوں حرفوں پر پیش اور واو پر شد اور زیر اور پیش کے ساتھ بھی بلندی کے معنی میں اور قولہ سفل زیر اور پیش سے بمعنی پستی ۱۲ اغث لمصححہ رحمہ اللہ تعالیٰ

﴿صہ ۸۵﴾ ۱ یہ آیات کریمہ پارہ ۲۳ سورہ والصافات (۱۷۱ تا ۱۷۳) میں واقع ہیں، یعنی اور بے شک ہمارے بندوں میں جو رسول ہیں ان کے لئے ہمارا مدد کا وعدہ پہلے ہی ہو چکا ہے کہ یقیناً انہی کی مدد کی جائے گی اور یقیناً ہمارا لشکر ہی غالب ہے ۱۲

۲ یعنی جیسا کہ ہم نے مشاہدہ کیا ہے اس مقام میں حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہما الصلوۃ والسلام کے درمیان اس تفاوت کو (یعنی دائرہ کمالات عالم امر کی تمامیت کے بعد ہم نے مشاہدہ کیا کہ حضرت موسیٰ اس مقام میں جسم اور

Marfat.com

شان عظیم کیساتھ ہیں اور حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہا الصلوٰۃ والسلام میں یہ جسامت اور شان نہیں ہے......لیکن ہم کو معلوم ہوا ہے کہ اس مقام میں یہ فرق بلندی و پستی مذکورہ کے علاوہ ایک اور امر کی وجہ سے ہے، جس کو ہم انشاءاللہ تعالیٰ اس (تعالیٰ) کے حسن توفیق اور کمال احسان و کرم سے اس کے بعد مفصل طور پر بیان کریں گے۔

اسی طرح ہم نے یہ تفاوت حضرت خلیل الرحمن اور تمام انبیاء میں پائی ہے سوائے خاتم الرسل علیہم الصلوات والتسلیمات کے ان کمالات میں جو کعبہ ربانی کی حقیقت سے تعلق رکھتے ہیں جو تمام حقائق بشریت اور ملکیت سے اوپر ہے۔ بے شک حضرت خلیل الرحمن کو اس مقام میں وہ شان عظیم اور بلند مرتبہ حاصل ہے جو کسی ایک کو بھی وہ شان و مرتبہ میسر نہیں ہوا ۱۲

۳ قولہ درین مقام شکرف الخ جان لو کہ اس مقام کی وضاحت و تفصیل اور وہ شبہات و ترددات جو اس جگہ پیدا ہوتے ہیں ان کے رفع کرنے کیلئے مکتوب ۹۴ جلد ثالث جو مخدوم زادہ خواجہ محمد معصوم قدس سرہ کو لکھا ہے اس کی طرف رجوع کیا جائے اور دقت نظر سے مطالعہ کیا جائے نیز حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے مکتوب ہفتم کا مطالعہ کرنا چاہیے جس میں بعض اشکالات کا حل پیش کیا گیا ہے، پس اچھی طرح سمجھو اور ثابت قدم رہو، جلد بازی نہ کرو اور قصوروار نہ بنو ۱۲

ــ قولہ شگرف: پہلے حرف کے نیچے زیر اور گاف پر زبر ہے، اس کے معنی زیبا اور نیک ہیں ۱۲

۴ قولہ ماناؔ بمعنی شبیہ نظیر اور مانند ہونے والا، اور تحقیق اور شاید کے معنی بھی ہیں اور ہمانا کے معنی شائد تشبیہ اور توقع کے ہیں

{صہ۸۶} ا یعنی حقیقت کے ظل کو حقیقت کے ظاہر نہ ہونے کے وقت اس کا نام حقیقت رکھتے ہیں اور حقیقت سمجھتے ہیں ۱۲

ــ میم پر زبر، اضافہ، زیادت اور فضیلت ۱۲

۲ بلکہ احتمال ہے کہ تا حال آخری مرتبہ ظاہر نہ ہوا ۱۲

۳ کیونکہ ظاہری نظر اور سرسری نظر میں عالم خلق پست معلوم ہوتا ہے اور عالم امر بلند ظاہر ہوتا ہے ۱۲

۴ کیونکہ بالکل ظاہر ہے کہ دائرہ کا اختتام ایسے نقطہ پر ہے جو بہت ملا ہوا ہے اور نقطہ اولیٰ کے بہت قریب کہ اس سے دائرہ کی ابتدا ہے ۱۲

{صہ۸۷} ا اخذ کیا ہوا حاصل کیا ہوا ۱۲

۲ فراخ اور کشادہ طاق مراد سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا سینہ مبارک ہے یعنی علوم و معارف جو آن سرور صلی اللہ علیہ وسلم سے ظاہر ہوئے علیہ الصلوات والتسلیمات ۱۲

۳ یعنی اسلام کی بنیاد ستون کے طریق پر ہے، (۱) اللہ تعالیٰ کی توحید کی گواہی اور محمد رسول اللہ کی رسالت کی گواہی (۲) نماز قائم کرنا (۳) زکوٰۃ دینا (۴) حج کرنا (۵) رمضان کے روزے رکھنا۔ اسکو بخاری مسلم نے روایت کیا ہے ابن عمر سے، جاننا چاہیے کہ یہ سب جسم و اعضائے متعلق ہیں، پس یہ حدیث اور اس طرح کی اور مطلوب میں صریح ہیں

۴ اگرچہ عالم خلق اور عالم امر کے درمیان برزخ ہے ۱۲

۵ یعنی روح، سر، خفی اور اخفیٰ ۱۲

۶ یعنی صراحت اور تفصیل کے ساتھ ان کے احکام کو بیان نہیں فرمایا مگر رمز و اشارہ کے ساتھ ۱۲

{صہ۸۸} قولہ مزیت: میم کی زبر سے، اضافہ، زیادت اور فضیلت ۱۲

ا حافظ ابن رجب حنبلی نے لطائف المعارف میں کہا ہے: ابو موسیٰ مدینی نے ابو موسیٰ کی حدیث سے مرفوعاً روایت کیا ہے۔ هذا يوم تاب الله فيه على قوم فاجعلوه صلاةً و صومًا ، يعني يوم عاشوراء ، وقال حسن غريب ، وليس كما قال ، انتهى (ص ۱۱۴) ترجمہ: یہ دن ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس میں ایک

Marfat.com

قوم پر مغفرت ورحمت فرمائی، تم اس میں نماز پڑھو اور روزہ رکھو، یعنی دس محرم کا دن، اور یہ حدیث حسن غریب ہے،
اور حافظ ابن رجب نے کہا: ایسا نہیں ہے جیسے انہوں نے کہا...... ''ان کالیس کما قال'' کہنا دلالت کرتا ہے کہ حدیث صحیح نہیں ہے۔ تشید المبانی

علامہ مرادکی نے کہا: میں کہتا ہوں: لوگوں نے دس محرم کے دن نماز کے بارے میں اس کے علاوہ ذکر کیا ہے، حالانکہ وہ بھی باطل ہے، اور اسی طرح شب براءت کی نماز ہے اور رجب کی پہلی رات کی نماز ہے اور سارے رجب کی راتوں (میں خاص نفل پڑھنا) سب باطل ہیں ان کی کوئی اصل نہیں، جیسا کہ محققین نے تحقیق کی ہے ۱۲ انتھی

۲ تخریج کرنے والے نے کہا: میں نے اس کی اصل نہیں پائی۔ انتھی
میں کہتا ہوں: یہ حدیث مشہور ہے صوفیہ کی کتابوں میں۔ واللہ اعلم، تشید المبانی
شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے اس حدیث کو مدارج النبوت میں بلفظہ ذکر کیا ہے۔ مترجم

۳ قولہ واقرب الخ اس حدیث کو مسلم، ابوداؤد اور نسائی نے حضرت ابوہریرۃ سے ان لفظوں میں روایت کیا ہے اقرب ما یکون العبد من ربه وهو ساجد فاكثروا الدعاء (بندے کو سب سے زیادہ قرب اپنے پروردگار سے سجدے کی حالت میں ہوتا ہے پس تم کثرت سے دعا کیا کرو) اور ابن نجار نے حضرت عائشہ سے انہی [illegible] میں روایت کیا ہے ۱۲ المخرج والمعرب وتشید المبانی

۴ قولہ لی مع الله الخ تمييز الطيب من الخبيث میں کہا: صوفیہ نے اس کو بہت ذکر کیا ہے اور یہ رسالہ قشیریہ میں بھی ہے اور اس کے لفظ ہیں لی وقت لا یسعنی فیه غیر ربی انتهی تشييد المباني (میرے لئے ایک وقت ہے جس میں میرے رب کے سوا کسی کی گنجائش نہیں)
میں کہتا ہوں: اسکی تائید کرتی ہے وہ روایت جو شمائل میں ہے، حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما نے روایت کیا:
فسالت أبي عن دخول رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال كان اذا أوى الى منزله جزّأ دخوله ثلاثة أجزاء، جُزءً لله وجُزءً لِأهله، وجُزءً لِنفسه، ثم جزّأ جُزأهُ بينه وبين الناس الخ (حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے اپنے باپ سے سوال کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر میں وقت گذارنے کے بارے میں، تو انہوں نے کہا جب آپ اپنے گھر میں آتے تو گھر کے اوقات کو تین حصوں میں تقسیم کرتے ایک حصہ اللہ کے لئے، ایک حصہ اپنی بیویوں کے لئے، ایک حصہ اپنے آرام کے لئے، پھر (گھر سے باہر) اپنے وقت کو لوگوں کے ساتھ گذارتے) ۱۲ (حدیث نمبر ۳۲۹)

۵ قال صلى الله عليه وسلم الصلوات الخمس مكفرات لما بينهن و قال ايضاً فذلك مثل الصلوات الخمس يمحوالله بهن الخطايا هكذا في كتب الصحاح ۱۲ (حضور ﷺ نے فرمایا: پانچ نمازیں کفارہ ہیں نمازوں کے درمیان اوقات کی خطاؤں کا۔ نیز اور آپ نے فرمایا: پس وہ مثال ہے پانچ نمازوں کی، ان کے سبب اللہ تعالیٰ خطائیں مٹاتا ہے۔ اسی طرح صحاح کی کتابوں میں ہے) ۱۲

۶ قال الله تعالى: اِنَّ الصَّلوٰةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَ الْمُنْكَرِ (بے شک نماز بے حیائیوں اور برے کاموں سے روکتی ہے) ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

﴿ص ۸۹﴾ ۱ قولہ أرحنی یا بلال (اے بلال مجھے راحت پہنچا) اس کو دارقطنی نے العلل میں روایت کیا اور ابوداؤد کی روایت اسی کی مثل ہے، صحابہ میں سے ایک مرد سے جس کا انہوں نے نام نہیں لیا، صحیح سند سے، اس کو عراقی نے احیاء العلوم کی تخریج میں ذکر کیا ہے ۱۲ تشید المبانی ۱۲

ـ قال صلى الله عليه وسلم، بين العبد و بين الكفر ترك الصلاة، رواه مسلم، وقال

Marfat.com

صلی اللّٰہ علیہ وسلم : فمن ترکھا فقد کفر ، رواہ الترمذی ۱۲ ترجمہ:آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بندے کے درمیان اور کفر کے درمیان نماز کا ترک کرنا ہے۔اس کو مسلم نے روایت کیا ہے۔اورآپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پس جس شخص نے اس (نماز) کو ترک کیا اس نے کفر کیا۔اسکو ترمذی نے روایت کیا ہے۱۲

ے حیث قال: رَبِّ اَرِنِیْ اَنْظُرْ اِلَیْكَ ۱۲ (جب موسیٰ علیہ السلام) نے کہا:اے میرے پروردگار! تو مجھے دیدار کرا میں تیری طرف دیکھوں۱۲

۲ شیخ مجدد قدس سرہ نے (چار صفحات) پہلے فرمایا کہ میں اس کو مفصل طور پر بعد میں بیان کروں گا انشاءاللہ تعالیٰ (یہ وہ بیان ہے)۱۲

۳ خلاصہ مطلب یہ ہے کہ دائرہ کا مرکز بظاہر تمام نقطوں سے زیادہ دور ہے محیط سے،اور حقیقت میں وہ نقطوں میں قریب ترین ہے محیط کے ساتھ، کیونکہ مرکز، محیط کے وجود کا سبب وعلت ہے اور محیط اس کا مسبب و معلول ہے،اور علت معلول کے درمیان معنی کے لحاظ سے بہت اتصال ہے۱۲

﴿صہ ۹۰﴾ ے مخفی چیزوں سے سب سے زیادہ مخفی یعنی تمام اصلوں سے زیادہ گم یعنی ذات مجردہ بحتہ صرفہ۱۲

۱ قولہ سرایت: پہلے حرف کے نیچے زیر ہے،تاثیر،دور جانا اور اثر کرنا ایک چیز کا دوسری چیز میں،گذر جانا ایک شے کا دوسری شے سے۱۲غ

۲ ملا مراد مکی نے کہا:اس کو بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے،مین کہتا ہوں حدیث کے الفاظ اس بنا پر جو مشکوٰۃ میں ہیں،اس طرح ہیں:عَن ابی ھریرۃ قال : قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم اَالنَّاسُ مَعَادِن کَمَعَادِنِ الذَّھَبِ وَالْفِضَّۃِ ، خِیَارُھُمْ فِی الْجَاھِلِیَّۃِ خِیَارُھُمْ فِی الْاِسْلَامِ اِذَا فَقِھُوْا ، رواہ مسلم و یُوَافِقُہٗ قَوْلُہٗ اِذَا فَقِھُوْا فَافْھَم :ترجمہ:حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگ کانیں ہیں سونے چاندی کی کانوں کی طرح،جو جاہلیت میں ان کے بہتر ہیں وہی اسلام میں بہتر ہیں جب انہوں نے دین کو سمجھ لیا۔اذ فَقِھُوْ اشیخ مجدد کے قول کے موافق ہے،اسکو سمجھ لو)

ے یعنی انسانی جسم کا مواد پانی،مٹی،آگ اور ہوا سے ہے۱۲

۳ جان لو کہ اس حدیث کی تحقیق اور تخریج مکتوب نمبر۴۱ جلد اول کے حاشیے میں تحریر ہو چکی ہے وہاں رجوع کریں۱۲

ے منفی کے ساتھ متصل ہے نہ کہ نفی یعنی جیسا کہ بعض اس سے جہاد نفس سے جہاد مراد لیتے ہیں۱۲

﴿صہ ۹۱﴾ ۱ قولہ امور مرُخصہ: یعنی وہ کام جن کی شریعت نے رخصت واجازت دی ہے،جیسا کہ نفل نماز بیٹھ کر ادا کرنا اور کلمہ کفر زبان پر جاری کرنا قتل اور جسم کے کسی عضو کے کٹ جانے کے ڈر سے۱۲(جب دل سے نہ کہے)

۲ سوال مقدر کا جواب ہے جو پہلی عبارت سے پیدا ہوتا ہے دونوں (سوال وجواب) کا بیان ظاہر ہے سچے غور وفکر کی صورت میں۱۲

۳ کیونکہ اگر نفس اپنی صفات کے ظہور سے روک دیا جائے تو ترقی کا راستہ بند ہو جاتا ہے روح کو فرشتہ کا حکم پیدا ہو جائے گا اور اپنے مقام میں قید ہو جائے گا اور ترقی سے رک جائے گا۱۲

۴ قولہ منصب: بے نقطہ صاد کی زیر سے،عہدہ اور مرتبہ،اور یہ لفظ صاد کی زبر سے مشہور ہے،یہ غلط عام کی قسم سے ہے۱۲

۵ حدیث میں ہے: خَیْرَ الْقُرُوْنِ قَرْنِیْ ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَھُمْ ثم الَّذِیْنَ یَلُوْنَھُمْ (سب زمانوں سے بہتر زمانہ میرا زمانہ ہے پھر وہ لوگ جو ان سے ملے ہوئے ہیں پھر وہ جو ان سے ملے ہوئے ہیں)۱۲

۶ یعنی مخفی اور پوشیدہ ہوگئی اس لئے کہ خیر القرون (بہتر زمانوں) کے بعد طرح طرح کی بدعتیں پھیل گئیں۱۲

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ جوتھا حصہ

Marfat.com

۷ کمالات ظلی کے مقامات سے یعنی ولایت صغرٰی کہ اس کے اہل کو قطب کہتے ہیں ۱۲

۸ مقام نبوت اور مقام ولایت کبرٰی جو اس کے کمالات والے ہیں، اگر اہل مناصب میں سے ہے اس کو امام اور خلیفہ کہتے ہیں ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

﴿صہ ۹۲﴾ ۱ جاننا چاہیے کہ فصوص الحکم اور فتوحات مکیہ یہ دونوں کتابیں شیخ محی الدین ابن العربی کی تالیفات میں سے ہیں ۱۲

ـ اتصال بے تکیف بے قیاس ہست رب الناس را با جان ناس

ترجمہ لوگوں کے رب کا لوگوں کی جان کے ساتھ ملاپ (تعلق) کسی کیفیت اور قیاس میں نہیں آسکتا

۲ جار اپنے مجرور کے ساتھ ملکہ استعداد کے متعلق ہے یعنی دور جاننا اس معنی کو سمجھانا، کامل غرابت اور اجنبیت کے سبب کہ یہ معنی ہے ۱۲

۳ قولہ کوشک پیش کے ساتھ واؤ معدولہ اور شین نقطوں والی محل اور بلند عمارت اور واؤ مجہول کے ساتھ اور شین پر زبر بھی آیا ہے ۱۲

۴ یعنی حضرت امام ربانی قدس سرہ کے رہنے کی جگہ سرہند کی زمین سے ۱۲

ـ بیان کے ساتھ متعلق ہے یا طریق کے ساتھ ۱۲

﴿صہ ۹۳﴾ ۱ جاننا چاہیے کہ اقطاب، اغواث، ابدال، افراد، اوتاد، اور نجبا اولیاء اللہ کی قسموں میں سے ہیں، تفصیل کے لئے دوسرا مقام ہے ۱۲۔

۲ یعنی اس جیسی جماعت کا اس معنی کو جاننا کہ ہم نے اس کے نور سے ہدایت پائی ہے اور اس کے وسیلہ سے ہم نے رشد و ہدایت حاصل کی ہے لازم و ضروری نہیں ہے بلکہ نفس ہدایت و رشد کا علم بھی تفصیلی طور پر لازم نہیں ۱۲

ـ جیسا کہ شاید و باید یعنی تفصیل کے ساتھ اور کلی طور پر نہیں ۱۲

ـ اس کا پہلا مصرع ہے: حکمت محض است گر لطف جہان آفرین ۱۲

۳ یعنی عام مخلوق کے منافع اور مصلحتوں کے لئے جیسا کہ عربی میں کہا گیا ہے۔

لَیْسَ عَلَی اللّٰہِ بِمُسْتَنْکِرٍ اَنْ جَمِیْعَ الْعَالَمِ فِیْ وَاحِدٍ ۱۲

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے لئے قطعاً مشکل نہیں ہے کہ وہ جمع کردے تمام جہان کو ایک میں ۱۲

۴ استفہام انکاری یعنی کام کی کیفیت کا علم لازم نہیں ہے، نہ فائدہ پہنچانے میں اور نہ فیض حاصل کرنے میں ۱۲

ـ عمارت بنانے والے اور اس طریقے کی بنیاد رکھنے والے کے رنگ میں ۱۲

۵ قولہ کھول: پہلے حرف پر زبر اور دوسرے حرف پر پیش ہے، ایسا مرد جس کی ڈاڑھی میں سیاہ و سفید بال ہوں ۱۲ غ لفظ جوان کے مقابل اسی کا لانا تقاضا کے مطابق ہے اور یہ بھی احتمال ہے کہ پہلے دونوں حرفوں پر پیش ہو جو کھل کی جمع ہے، اس کے معنی ایسا مرد ہے جو درمیانی عمر کا ہو ۱۲

﴿صہ ۹۴﴾ ـ اس سے تھوڑا پہلے جہاں فرمایا: ورشد خود را کما ینبغی ندانند ۱۲ (اور اپنی ہدایت کو بھی جیسا کہ چاہیے (پورے طور پر) وہ خود بھی نہیں جانتے)

۱ اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو سورہ رعد پارہ ۱۳ میں واقع ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ کسی قوم کی حالت کو نہیں بدلتا جب تک کہ وہ خود اس کو نہ بدل لیں جو ان کے نفسوں میں ہے ۱۲

۲ یہ اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو سورہ مائدہ پارہ ۶ میں واقع ہے: یعنی آج میں نے دین کو تمہارے لئے کامل کردیا اور اپنی نعمت کو تم پر پورا کردیا اور تمہارے لئے دین اسلام کو پسند کیا ۱۲

ـ یعنی اس طریقہ کو مکمل اور پورا کرنے والا جانتے ہیں ۱۲

Marfat.com

ے تمام اور کمال تک پہنچانا ۱۲
قولہ علماء مجتہدین: سوال مقدر کا جواب ہے، یعنی جب دین کامل ہو گیا تھا تو اجتہاد کی کیا ضرورت پڑی؟ اور احکام اجتہادیہ بدعات میں داخل ہو گئے اور وہ جیسے تم دیکھتے ہو؟ اس کا جواب کتاب کی عبارت سے واضح ہے ۱۲

ٹ قال الامام ابو منصور الماتریدی رحمه الله تعالیٰ : القیاس هوا بانة مثل حکم احد المذکورین بمثل علته فی الآخر، واختار لفظ الا بانة دون الاثبات لان القیاس مظهر ، ولیس بمثبت بل المثبت هو الله تعالیٰ ۱۲ کشف الاسرار
امام ابومنصور ماتریدی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: قیاس یہ ظاہر کرنا ہے مثل حکم کا مذکورہ احکام میں سے کسی ایک حکم کا جو دوسرے حکم میں اسکی مثل علت ہو، انہوں نے ابانہ کا لفظ اختیار کیا ہے اثبات کا نہیں کیونکہ قیاس حکم کو ظاہر کرنے والا ہے ثابت کرنے والا نہیں بلکہ ثابت کرنے والا وہ اللہ تعالیٰ ہے ۱۲
والقیاس یفید غلبة الظن بان الحکم هذا لا انه مثبت له ابتداء لان مثبت الحکم هو الله تعالیٰ ، وهذا ما قالوا : ان القیاس مظهر الحکم لا مثبت ۱۲ التنقیح والتوضیح
ترجمہ: اور قیاس غلبہ ظن کا فائدہ دیتا ہے کہ حکم یہ ہے نہ یہ کہ وہ اس کو ثابت کرتا ہے ابتدائی طور پر، کیونکہ حکم کا ثابت کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے، یہ ہے جو انہوں نے کہا ہے: بے شک قیاس حکم کو ظاہر کرنے والا ہے ثابت کرنے والا نہیں ۱۲

ث یعنی از خود ایجاد کرنا نہیں اس چیز کا جو دین میں نہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مَنْ اَحْدَثَ فِی اَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رد ۱۲ (جس شخص نے ہمارے دین میں ایسی کوئی چیز ایجاد کی جو اس میں سے نہیں ہے وہ مردود ہے)

﴿صہ ۹۵﴾ قولہ قرون: پہلے دونوں حرفوں پر پیش ہے، قرن (پہلے حرف پر زبر) کی جمع ہے اس کے معنی ہیں سو سال ۱۲
ل قولہ ظلمانی: پہلے دونوں حرفوں پر زبر بمعنی تاریک (اندھیرا) (سیاہ اور کالا) ظلم (پہلے دونوں حرفوں پر زبر) کی طرف منسوب ہے اور الف اور نون یائے نسبت سے پہلے بعض جگہ زائد لاتے ہیں ۱۲
ٹ یعنی اس بزرگ کے منکر سے اور جس سے وہ بزرگ آزردہ خاطر یا ناراض ہو ۱۲
ے یہاں تک مبدأ و معاد کی عبارت ہے ۱۲
ٹ یعنی چاہیے کہ ہم ختم کریں اس مکتوب کو اس معرفت پر ۱۲

....

متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۷۴﴾ ☆ دائرہ امکان ...... یعنی ممکنات بتامہا ۱۲ ...... یعنی تمام ممکنات ۱۲

﴿صہ ۷۵﴾ ☆ اگر سیر ...... شرط ۱۲ ...... یہ شرط ہے ۱۲ ☆ دائرہ ظلال ...... جزا ۱۲ ...... یہ جزا ہے ۱۲ ☆ شائبہ عدم ...... آمیزش نیستی ۱۲ ...... یعنی عدم (نہ ہونے) کی ملاوٹ نہیں ۱۲ ☆ باید دانست ...... جملہ معترضہ ۱۲ ...... یہ جملہ معترضہ ہے ۱۲ ☆ وآنکہ ...... مبتدا ۱۲ ...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ گفتہ اند ...... مشائخ طریقت ۱۲ ☆ مراد از ان ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے ۱۲ ☆ شان العلم علی الاطلاق ۱۲ ...... مطلق طور پر ۱۲ ☆ باعتبارے ...... یعنی بیک اعتبار خاص ۱۲ ...... یعنی خاص ایک اعتبار سے ۱۲ ☆ باعتبارے ...... یعنی باعتبارے دیگر خاص ۱۲ ...... یعنی خاص دوسرے اعتبار سے ۱۲ ☆ وآنکہ ...... مبتدا ۱۲ ...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ مراد ایشاں ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے ۱۲ ☆ ظاہر ساختہ ...... از عالم غیب ۱۲ ...... عالم غیب سے ظاہر ہوا ہے ۱۲

Marfat.com

﴿صہ ۷۶﴾ ☆ مرکز ...... مبتدا ۱۲ ...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ ظل مرکز ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے ۱۲ ☆ بعد از اں ...... رجوع است باصل مطلب ۱۲ ...... اصل مطلب کی طرف رجوع ہے ۱۲ ☆ نصف سافل ...... نیم زیرین ۱۲ ...... نیچے کا نصف ۱۲ ☆ دائرہ اصل ۱۲ ☆ نصف ...... نیم ۱۲ ...... آدھا ۱۲ ☆ عالی ...... بالا ۱۲ ...... بلند، اوپر کا حصہ ۱۲ ☆ قوسے از محیط دائرہ: ...... دائرے کے محیط سے ایک حصہ ۱۲ ☆ سرّ ...... راز ۱۲ ☆ سرے ...... رازے ۱۲ ...... ایک راز ۱۲ ☆ اطلاع ...... از عالم غیب ۱۲ ...... عالم غیب سے اطلاع ۱۲ ☆ این اصول ...... مبتدا ۱۲ ...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ مجرد اعتبارات ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے ۱۲ ☆ مرادو را ...... نفس ۱۲ ...... مراد نفس ہے ۱۲ ☆ ارتقا ...... بالکسر و قاف بالا رفتن ۱۲ ...... الف کی زیر سے اور قاف سے ۱۲ ...... اوپر جانا، ترقی کرنا ۱۲

﴿صہ ۷۷﴾ ☆ چون ...... این فقیر ۱۲ ...... یعنی شیخ مجدد قدس سرہ ۱۲ ☆ باشد ...... از عالم غیب آوازے درداوند کہ الخ ...... عالم غیب سے آواز آئی کہ الخ ۱۲ ☆ طیار ...... مہیا و مستعد ۱۲ ...... مہیا اور طیار ۱۲ ☆ مُیَسَّر شد ...... این فقیر ۱۲ ...... یعنی شیخ مجدد قدس سرہٗ ۱۲ ☆ استتار ...... پوشیدگی و خفا ...... پوشیدہ ہونا چھپنا ۱۲ ☆ وامی نماید ...... ظاہر ۱۲ ☆ روپوش ...... حجاب ۱۲ ...... پردہ ۱۲ ☆ لا ...... نہ ۱۲ ...... نہیں، نہ ۱۲ ☆ مرکز خاک ...... یعنی فقط عین میانہ زمین ۱۲ ...... یعنی صرف زمین کا عین درمیان ۱۲ ☆ محدب ...... سطح فوقانی فلک الافلاک ۱۲ ...... تمام افلاک کے اوپر کی سطح ۱۲ ☆ دریائے محیط ...... بدنیا ۱۲ ...... دنیا کے ساتھ ۱۲ ☆ تعرج ...... مبتدا ۱۲ ...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ رمزے ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے ۱۲ ☆ جذب ...... کشش ۱۲

﴿صہ ۷۸﴾ ☆ مدیدہ ...... دراز ۱۲ ...... طویل، لمبی ۱۲ ☆ طرفہ ...... یکبار چشم زدن ۱۲ ...... ایک بار آنکھ جھپکنا ۱۲ ☆ مشکل مشکل ...... یعنی بسیار مشکل ۱۲ ...... یعنی بہت زیادہ مشکل ۱۲ ☆ صعوبت ...... دشواری ۱۲ ...... مشکل ۱۲ ☆ نمودہ اند ...... مشائخ بزرگ صوفیہ ☆ باشند ...... مشائخ ۱۲ ...... بزرگ صوفیہ ☆ باشند ...... مشائخ ۱۲ ...... بزرگ صوفیہ ۱۲ ☆ من عرف ...... جس نے اللہ تعالیٰ کو پہچان لیا اس کی زبان گنگ ہوگئی ☆ ایشان ...... مشائخ ۱۲ ...... بزرگ صوفیہ ۱۲ ☆ متعسّر ۱۲ ...... دشوار ۱۲ ☆ وامریکہ ...... مبتدا ۱۲ ...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ ظاہر ساختہ ...... از عالم غیب ۱۲ ...... عالم غیب سے ظاہر ہوا ۱۲ ☆ ماوراء ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے ۱۲ ☆ ارجمند ...... گرامی قدر ۱۲ ...... صاحب قدر ۱۲ ☆ سِلک ...... سین کی زیر سے، رشتہ، رابطہ ۱۲ ☆ مُختَصَر ...... مختصر ۱۲ ☆ جناح ...... بازو ۱۲ ☆ طیران ...... این فقیر را ۱۲ ...... اس فقیر کو یعنی شیخ مجدد کو ۱۲ ☆ نار ...... آتش ...... آگ ۱۲ ☆ ثلج ...... پہلے حرف پر زبر، برف ۱۲ ☆ سبحان ...... پاک ہے وہ ذات جس نے آگ اور برف کو جمع کردیا ۱۲ ☆ خس وخاشاک ...... گھاس اور باریک جڑیں مراد گھٹیا اور نکمی چیز ۱۲

﴿صہ ۷۹﴾ ☆ معلوم کردند ...... یعنی دانانیدند و مطلع ساختند ۱۲ ...... یعنی انہوں نے بتایا اور اطلاع دی ۱۲ ...... یعنی باعتبار تمثیل وتنظیر ...... یعنی بطور تشبیہ و مثال و نظیر و مجاز نہ از روئے حقیقت ۱۲ ...... یعنی تشبیہ ومثال اور نظیر و مجاز کے طور پر نہ حقیقت کے لحاظ سے ۱۲ ☆ علم حصولی ...... کہ بواسطہ حصول صورتِ معلوم است نزد مدرک ۱۲ ...... یعنی جو حصول صورت کے واسطہ سے معلوم ہے ادراک کرنے والے کے نزدیک ۱۲ ☆ اصلاً ...... ہرگز ۱۲ ☆ علم حضوری ...... است ۱۲ ...... علم حضوری ہے ۱۲ ☆ آنرا ...... مذکور بالا را ۱۲ ...... مذکورہ بالا کو ۱۲ ☆ آن مرکز ...... مذکور بالا ۱۲ ...... مذکورہ بالا ۱۲ ☆ سرّ ...... راز ۱۲

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ چوتھا حصہ

Marfat.com

﴿صہ ۸۰﴾ ☆ درین سیر ...... یعنی سریکہ فوق آن شہر شود ۱۲ ...... یعنی وہ سیر جو اس شہر کے اوپر ہو ۱۲ ☆ کمالات شیخ و مثال ...... یعنی کمالات ولایات ۱۲ ...... یعنی ولایتوں کے کمالات ۱۲ ☆ این کمالات ...... یعنی کمالات مقام نبوت ۱۲ ...... یعنی مقام نبوت کے کمالات ۱۲ ☆ سر ...... راز ۱۲ ...... بھید ۱۲ ☆ از عدم ...... بسبب ۱۲ ...... بسبب عدم ۱۲ ☆ او میگوید ...... قول مذکور ۱۲ ☆ این سیر ...... این فقیر ۱۲ ...... شیخ مجدد قدس سرہ ۱۲ ☆ حجب ...... ظلمانی ۱۲ ...... سیاہ پردے ۱۲ ☆ سرادقات ...... بالضم سراپردہا و خیمہا ۱۲ ...... سین کی پیش سے، شاہی پردے اور خیمے ۱۲ ☆ آنکہ گفتہ ...... این فقیر ۱۲ ...... شیخ مجدد قدس سرہ ۱۲ ☆ زیرا کہ بعد ...... سپش آنکہ ۱۲ ...... اس کے بعد

﴿صہ ۸۱﴾ ☆ وجودیکہ ...... یعنی آن وجود کہ عدم نقیض او باشد سزاوار حضرت حق جل وعلا نیست ۱۲ ...... یعنی وہ وجود (جو اس کا عدم نقیض ہو) جس کی نقیض نہ ہو اللہ تعالیٰ کی شان کے لائق نہیں ہے ۱۲ ☆ وجودے ...... مرادم ۱۲ ...... میری مراد ۱۲ ☆ وآنچہ ...... مبتدا ۱۲ ...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ از نارسائی ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے ۱۲ ☆ عدم اطلاع ...... درابتدا ۱۲ ...... ابتدا میں ۱۲ ☆ نادم ...... پشمان ۱۲ ...... شرمندہ ۱۲ ☆ باطنش ...... از جمیع وجوہ ۱۲ ...... تمام وجوہ سے ۱۲ ☆ پایان ...... زیر ۱۲ ...... نیچے ۱۲ ☆ چون ...... عنصر خاک ۱۲ ...... خاک کا اصلی جز ۱۲ ☆ دعوت ...... یعنی آنکہ بشریت بران غالب تر بود ۱۲ ...... یعنی وہ شخص جس پر بشریت بہت غالب ہو ۱۲ ☆ آن ...... عنصر خاک ۱۲ ...... مٹی کا جز، اصلی ۱۲ ☆ سائر ...... باقی ۱۲ ☆ مشائخ ...... از چشتیہ وقادریہ وسہروردیہ ۱۲

﴿صہ ۸۲﴾ ☆ قالب ...... کالبد یعنی عناصر ۱۲ ...... اصلی اجزا ۱۲ ☆ این سیر ...... سیر قلب ۱۲ ...... دل کی سیر ۱۲ ☆ لا ...... نہ ۱۲ ☆ مضر ...... زیان دہندہ ۱۲ ...... نقصان دینے والا ۱۲ ☆ شائبہ ...... آمیزش ۱۲ ...... ملاوٹ ۱۲ ☆ مگر ...... شاید ۱۲ ☆ معارف ...... علوم ۱۲ ...... علم کی جمع ۱۲ ☆ غامضہ ...... دقیقہ خفیہ ۱۲ ...... پوشیدہ نکتہ ۱۲ ☆ از بیان ...... حال آنکہ ۱۲ ...... حال یہ ہے کہ ۱۲ ☆ است ...... بلے ۱۲ ...... ہاں ۱۲ ☆ بخلاف ...... متصل است بقول او قدس سرہ سالکان طریق بقدم الخ ۱۲ ...... حضرت مجدد قدس سرہ کے سابقہ قول ''سالکان طریق بقدم الخ'' سے متصل ہے ۱۲ ☆ تنزیہ نما ...... یعنی بصورت تنزیہ است ۱۲ ...... یعنی تنزیہ کی صورت میں ہے ۱۲ ☆ این ...... زیرانکہ ۱۲ ...... اس لئے کہ ۱۲ ☆ ارتقا ...... عروج ۱۲ ...... بلند ہونا، ترقی کرنا ۱۲ ☆ گول ...... احمق ۱۲ ...... بیوقوف ۱۲ ☆ مباہات ...... فخر ۱۲ ...... تکبر، غرور ۱۲ ☆ متوجہ ۱۲ ...... بلکہ ۱۲ ...... بلکہ متوجہ احدیت ۱۲

﴿صہ ۸۳﴾ ☆ صفات ثبوتیہ ذاتیہ ...... یعنی سمع، بصر کلام، ارادت، قدرت، علم، حیوۃ، خلق ۱۲ ...... یعنی سننا، دیکھنا کلام کرنا، ارادہ کرنا طاقت، علم، حیات و زندگی، پیدا کرنا ۱۲ ☆ درجہ اُولیٰ ...... بابن نہج کہ ۱۲ ...... اس طریقے سے کہ ۱۲ ☆ صفۃ التکوین ...... الخلق ۱۲ پیدا کرنے ۱۲

﴿صہ ۸۴﴾ ☆ درجہ خامس ، یعنی مرتبہ لطیفہ اخفیٰ کہ مخصوص محمد المشرب است کہ مناسبت بتجلیات ذاتیہ دارد و صاحب آن تجلیات ذات بیچون تعالیٰ وتقدس مشرف گردد ۱۲ ...... یعنی لطیفہ اخفیٰ کا مرتبہ جو محمد المشرب سے مخصوص ہے کہ تجلیات ذاتیہ کے ساتھ مناسبت رکھتا ہے، اور لطیفہ اخفیٰ کا مرتبہ رکھنے والا تجلیات ذات بیچون تعالیٰ وتقدس سے مشرف ہوتا ہے ۱۲ ☆ ملت ...... دین ۱۲ ☆ الدرجۃ الاولیٰ ...... یعنی درجۃ القلب ۱۲ ...... یعنی قلب کا درجہ ۱۲ ☆ الدرجۃ الاخریٰ ...... من الولایۃ ۱۲ ...... ولایت سے ۱۲ ☆ نقبے ...... بالفتح سراخے وسرنگے ۱۲ ...... نون کی زبر ہے سراخ اور سرنگ ۱۲ ☆ نیز مخصوص

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی چوتھا حصہ

Marfat.com

......یعنی چنانچہ اصل سیر مذکور مخصوص باوست ۱۲......یعنی چنانچہ مذکورہ اصل سیر اسکے ساتھ مخصوص ہے ۱۲ ☆ منفک ...... جدا ۱۲

☆ صفات را...... بوساطت نقبے ۱۲......سوراخ کے واسطے سے ۱۲ ☆ اما اینجا......اے فرزند ۱۲......اے بیٹے ۱۲

☆ تفاوت...... مذکور ۱۲ ☆ تفاوت ......میان صاحب قلب واخفٰی باعتبار علو وسفل واین کہ صاحب قلب بصاحب اخفٰی برابرے نخواہد نمود ۱۲......صاحب قلب اور صاحب اخفٰی کے درمیان بلندی وپستی کے اعتبار سے اور یہ کہ صاحب قلب صاحب اخفٰی کے برابر نہیں ہوتے ۱۲ ☆ کہ......زیرا کہ ۱۲......اس لئے کہ ۱۲ ☆ دون...... پائین ۱۲...... نیچے،کم ۱۲

﴿صہ ۸۵﴾ ☆ مربوط......وابستہ ۱۲...... بندھا ہوا ۱۲ ☆ فانّ موسیٰ مع کونہ صاحب السر ۱۲......صاحب سر ہونے کے باوجود ۱۲ ☆ لعیسیٰ......مع کونہ صاحب الخفی ۱۲......صاحب خفی ہونے کے باوجود ۱۲ ☆ نیز میسر...... چنانکہ اجمال میسر بود ۱۲...... جیسا کہ اجمال میسر تھا ۱۲ ☆ مجاب......قبول کردہ شدہ ۱۲......قبول کیا ہوا ۱۲

﴿صہ ۸٦﴾ ☆ کمالات آن مقام......یعنی کمالات کہ بحقیقت کعبہ ربانیہ متعلق اند ۱۲......یعنی وہ کمالات جو کعبہ ربانیہ کی حقیقت کے متعلق ہیں ۱۲ ☆ وآنچہ این فقیر......مبتدا ۱۲......یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ آن حقیقت......خبر ۱۲......یہ خبر ہے ۱۲ ☆ این حقیقت ......کہ این جا مذکور کردہ ایم ۱۲......جو اس جگہ ہم نے ذکر کی ہے ۱۲ ☆ اصل اے انگارد...... برین فقیر ۱۲......اس فقیر (شیخ مجدد) پر ۱۲ ☆ انگارد......این فقیر ۱۲......یہ فقیر ۱۲ (شیخ مجدد قدس سرہٗ) ☆ اشتباہ......یعنی اشتباہ ظل باصل ۱۲......یعنی ظل کا اشتباہ اصل کے ساتھ ۱۲ ☆ ظل را......این فقیر ۱۲......شیخ مجدد قدس سرہٗ ۱۲ ☆ از اینجا......یعنی ازیں جا کہ مقامات راظلال اند واصول ۱۲......یعنی اس جگہ کہ مقامات کے ظلال ہیں اور اصول ۱۲ ☆ سرش......سببش ۱۲......اس کا سبب ۱۲

☆ اوست......مقام ۱۲......اس کا مقام ہے ۱۲ ☆ تا بحقیقت......آن مقام ۱۲......وہ مقام ۱۲ ☆ کہ حصول علم...... بوقت حصول این مرتبہ کہ محل بحث است ۱۲......اس مرتبہ کے حصول کے وقت جو بحث کا محل ہے ۱۲ ☆ شاہد......گواہ صادق ۱۲......سچا گواہ ۱۲ ☆ علم در وقت......یعنی علم بظلیت ظہورات سابق ۱۲......یعنی پہلے ظہورات کی ظلیت کا علم ۱۲ ☆ اے فرزند......تنبیہ است ۱۲......یہ تنبیہ ہے ۱۲ ☆ معارج......زینہا ۱۲......عروج کے ذرائع،سیڑھیاں ۱۲ ☆ مقدمات......تمہیدات ۱۲ ......تمہیدیں ۱۲ ☆ شائبہ......آمیزش ۱۲......ملاوٹ ۱۲ ☆ مربوط......وابستہ ۱۲......باندھا ہوا ۱۲ ☆ معمّا......اشکال ۱۲ ......مشکل مسئلہ ۱۲ ☆ دیگران......لہذا ۱۲......اس لئے ۱۲ ☆ بصورت......برظاہر ۱۲......ظاہری طور پر ۱۲ ☆ پستی ......صوری ۱۲......ظاہری صورت میں ۱۲ ☆ پستی......عالم خلق ۱۲ ☆ بلندی......عالم امر ۱۲ ☆ ارتقا......بالا رفتن ۱۲ ......بلندی کی طرف جانا ۱۲ ☆ نمودہ اند......نمودہ اند ودانستہ اند ۱۲......انہوں نے ظاہر کیا ہے لیکن جانا نہیں ہے ۱۲ ☆ پستی ......ظاہری ۱۲......ظاہری پستی ۱۲ ☆ دیگر گون است......یعنی چیزے راکہ پست دیدہ اند بلند است وچیزے راکہ بلند گمان کردہ اند پست است ۱۲......یعنی وہ چیز جس کو دیکھا ہے وہ بلند ہے اور وہ چیز جسکو انہوں نے بلند گمان کیا ہے وہ پست ہے ۱۲

☆ بلندی......ظاہری ۱۲......ظاہری بلندی ۱۲ ☆ پستی......فی الحقیقت پستی است ۱۲......حقیقت میں پستی ہے ۱۲ ☆ بلے ......اثبات است وتقریر مرعلو عالم خلق را ۱۲......یعنی ثابت کرنا ہے اور عالم خلق کی بلندی کی تقریر ہے ۱۲

﴿صہ ۸۷﴾ ☆ این قرب......کہ نقطہ اخیرہ راست بنقطہ اولیٰ ۱۲......جو قرب نقطہ اخیرہ کو نقطہ اولیٰ سے ۱۲ ☆ دیگر را......زنقطہائے

Marfat.com

دائرہ ۱۲...... دائرے کے نقطوں سے ۱۲ ☆ این دید...... علم ۱۲...... یہ علم ۱۲ ☆ واز حقیقت...... کہ بعالم امر تعلق دارد ۱۲ ...... جو عالم امر کے ساتھ تعلق رکھتی ہے ۱۲ ☆ بشریت...... کہ بعالم خلق تعلق دارد ۱۲...... جو عالم خلق کے ساتھ تعلق رکھتی ہے ۱۲ ☆ غایۃ مافی الباب...... منشأ توہم پستی عالم خلق ۱۲...... عالم خلق کی پستی کا وہم پیدا ہونے کا منشأ ۱۲ ☆ مقدمہ...... تمہید ۱۲ ...... تمہید ۱۲ ☆ خواستہ...... ارادہ کردہ ۱۲...... ارادہ کیا ہوا ۱۲ ☆ شطح...... سخن خلاف ظاہر ۱۲...... ظاہر کے خلاف بات ۱۲ ☆ مستولی...... غالب ۱۲ ☆ غامضہ...... مخفیہ ۱۲...... پوشیدہ ۱۲ ☆ فرمودند...... چنانکہ آیات واحادیث بدان ناطق اند ۱۲...... جیسا کہ آیتیں اور حدیثیں اس پر ناطق ہیں ۱۲ ☆ کالمطروح...... مانند چیزے انداختہ شدہ درراہ ۱۲...... راستہ میں (پھینکی ہوئی) پڑی ہوئی چیز کی مانند ۱۲ ☆ دولت دیدار...... یعنی دیدار حق تعالیٰ روز قیامت مرمومناں را ۱۲...... یعنی اللہ تعالیٰ کا دیدار قیامت کے دن خاص طور پر مومنوں کو ۱۲ ☆ بلے...... تقریر واثبات است مر ماقبل خود را ۱۲...... مقرر کرنا اور ثابت رکھنا ہے خاص طور پر اپنے سے پہلے کو ۱۲ ☆ آلام...... جمع الم بمعنی درد ۱۲...... الم بمعنی درد کی جمع ہے ۱۲ ☆ حرمان...... محرومی دیدار حق مرکافران را ۱۲...... اللہ تعالیٰ کے دیدار سے محرومی خاص طور پر کافروں کو ۱۲ ☆ اعتداد ے...... اعتبارے وشمارے ۱۲ ...... کوئی اعتبار اور شمار میں نہیں ۱۲

﴿صہ ۸۸﴾ ☆ نیز ہمیں...... یعنی نسبت عدم اعتداد وعدم اعتبار درجنب سنت ۱۲...... یعنی کسی شمار اور اعتبار میں نہ ہونے کی نسبت سنت کے پہلو میں ۱۲ ☆ دو قرب...... یعنی قرب عالم خلق وقرب عالم امر باصل ۱۲...... یعنی عالم خلق کا قرب اور عالم امر کا قرب اصل کے ساتھ ۱۲ ☆ از اہم مہام...... یعنی شدید ترین ضروریات ۱۲...... یعنی بہت اہم ترین ضروریات ۱۲ ☆ اربعینات ...... چلہا ۱۲...... چلے ۱۲ ☆ ریاضات...... محنتہائے شاقہ ۱۲...... بہت سخت محنتیں ۱۲ ☆ گسل بفتحتین...... کاہلی وسستی ۱۲ ...... پہلے دونوں حرفوں پر زبر ہے، اس کا معنی ہے کاہلی وسستی ۱۲ ☆ ہوا...... یعنی ہوائے نفس بر مردم ۱۲...... یعنی لوگوں پر نفسانی خواہش ۱۲ ☆ مگر نوافل...... استثنا است از نوافل ۱۲...... عام نوافل سے استثنا ہے ۱۲ ☆ فی الصلوٰۃ...... ہم شنیدہ باشی ۱۲...... یہ بھی تم نے سنا ہوگا ۱۲

﴿صہ ۸۹﴾ ☆ ستون...... فقد ورد الصلوٰۃ عماد الدین ۱۲...... حدیث میں آیا ہے کہ نماز دین کا ستون ہے ۱۲ ☆ مزیّت...... افزونی ۱۲ ...... افضلیت اور برتری ۱۲ ☆ این جا...... در دنیا ۱۲...... دنیا میں ۱۲ ☆ فردا...... روز قیامت ۱۲...... قیامت کے دن ۱۲ ☆ رؤیت...... دیدن حق تعالیٰ ۱۲...... اللہ تعالیٰ کا دیدار کرنا ۱۲ ☆ مرئی...... دیدہ شدہ ۱۲...... دیکھا ہوا ۱۲ ☆ اصالت ...... است ۱۲...... اصلی طور پر ۱۲ ☆ لہذا...... حضرت موسیٰ ۱۲ ☆ موطن است...... مقام دعوت ۱۲...... لوگوں کو دین کی دعوت دینے کا مقام ۱۲ ☆ موطن است...... نہ درموطن سابق ۱۲...... پہلے مقام میں نہیں ۱۲ ☆ قربیکہ...... چہ ۱۲...... چہ قربیکہ ۱۲...... جو قرب کہ ہے

﴿صہ ۹۰﴾ ☆ صورت بین...... ظاہر بین ۱۲...... حرف ظواہر کو دیکھنے والے ۱۲ ☆ این اقربیّت...... قریب تر بودن مرکز بمحیط ۱۲ ...... محیط کے ساتھ مرکز کا بہت قریب ہونا ☆ تجہیل وتحمیق...... کسے را نسبت بجہالت ونادانی وحمق کردن ۱۲...... کسی کو جہالت، نادانی اور بے وقوفی کی نسبت کرنا یعنی کسی کو جاہل، نادان اور احمق کہنا ۱۲ ☆ ماتصفون...... ایھا الظاہریۃ ۱۲...... اے ظاہر پرستو! ۱۲ ☆ مطمئنہ...... نفس ۱۲...... نفس مطمئنہ ۱۲ ☆ ولایت کبریٰ...... یعنی ولایت انبیا ۱۲...... انبیا کی ولایت ۱۲

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ چوتھا حصہ

Marfat.com

☆ارتقا......صعود۱۲......اوپر چڑھنا، بلند ہونا۱۲ ☆استیلا......غلبہ۱۲......تسلط۱۲ ☆تمکّن......جائے گرفتن وقائم شدن۱۲
......جگہ حاصل کرنا اور قائم ہونا۱۲ ☆نفوذ......بضمتین......یعنی گذشتن وجاری شدن۱۲......گذرنا اور جاری ہونا۱۲
☆بارفع امکنہ......بلندترین مکانہا۱۲......بہت بلند مقامات۱۲ ☆بابعد ابعاد......دورترین دوریہا۱۲......بہت دور کی
دوریاں۱۲ ☆عقل معاد......بعدازانکہ نامش عقل معاش بودہ۱۲......اس کے بعد کہ اس کا نام عقل معاش تھا۱۲ ☆ہردو
......یعنی عقل ونفس۱۲......نفس اور عقل۱۲ ☆مجال سرکشی نہ......بودہ است۱۲......سرکشی کی مجال نہ تھی۱۲ ☆نہ بکلیت
......زیراکہ اوا۱۲......اس لئے کہ وہ ☆بتمامی......خویش۱۲......پورے طور پر اپنا۱۲ ☆امارہ......نفس۱۲......نفس امارہ۱۲
☆لطائف......یعنی روح وقلب وسر وخفی واخفٰی۱۲......یعنی روح، قلب، سر، خفی، اخفٰی۱۲ ☆اقران......بالفتح ہمسران۱۲
......ہمسر اور برابری والے۱۲ ☆انداگر......یعنی۱۲......اندیعنی اگر......۱۲ ☆ناشی......پیدا۱۲ ☆شہویہ......قوت۱۲
......یعنی قوت شہویہ۱۲......یعنی شہوت کی قوت۱۲ ☆شرہ......بفتحتین غلبہ حرص۱۲......حرص کا غلبہ۱۲ ☆سائر......تمام۱۲
......سب۱۲ ☆اوصاف رذائل......یعنی غضب وشہوت وحرص۱۲......یعنی غصہ، شہوت اور لالچ۱۲ ☆راضی......ازحق۱۲
......اللہ سے راضی۱۲ ☆مرضی......نزدحق۱۲......اللہ تعالیٰ ان پر راضی ہے۱۲
﴿صہ۹۱﴾ ☆عزیمت......مقابل رخصت۱۲......رخصت کے مقابل۱۲ ☆او......یعنی صاحب نفس مطمئنہ۱۲......نفس مطمئنہ والا۱۲
☆اعدا......دشمنان۱۲......دشمن کی جمع ہے۱۲ ☆سکر......مستی۱۲......بےہوشی۱۲ ☆لاجرم......لاچار۱۲......ضروری۱۲
☆بواسطہ......بسبب۱۲......واسطہ کے سبب۱۲ ☆صحو......ہوش۱۲ ☆ماندہ......گذاشتہ۱۲......گذرا ہوا۱۲ ☆مربوط
......وابستہ......باندھا ہوا۱۲ ☆باستتار......خفاوپوشیدگی۱۲......خفیہ اور پوشیدہ ہونا۱۲ ☆ولایت ظلی......یعنی ولایت
صغرٰی۱۲ ☆مضی الف......گذشتن ہزار سال ازہجرت۱۲......ہجرت سے لیکر ہزار سال کا گذرنا۱۲ ☆ظلی......کمالات۱۲
......کمالات ظلی۱۲ ☆تابع کامل نبی......یعنی شخص تابع پیغمبر بکمال اتباع۱۲......یعنی وہ شخص جو پیغمبر کی کامل اتباع کرنے والا
ہے۱۲ ☆بہ تبعیت......بہ تبعیت نبی خود۱۲......اپنے نبی کی اتباع کے ساتھ۱۲ ☆سازند......وامام می نامند۱۲......اور امام
نام رکھتے ہیں۱۲ ☆ولایت کبرٰی......یعنی ولایت انبیا۱۲......یعنی نبیوں کی ولایت۱۲ ☆می سازند......وخلیفہ می نامند۱۲
......اور خلیفہ نام رکھتے ہیں۱۲ ☆وازمقامات......اے فرزند بدان کہ۱۲......اے فرزند جان تو کہ۱۲ ☆تحت......زیر۱۲......
نیچے۱۲ ☆فوق......بالا۱۲......اوپر، بلند۱۲ ☆غوثیت منصب......نزدشیخ۱۲......شیخ محی الدین۱۲ ☆نصب......بالفتح برپا
کردن۱۲......قائم کرنا۱۲ ☆تذییل......تتمہ۱۲ ☆علوم......مبتدا۱۲......یہ مبتدا ہے۱۲ ☆شرائع......خبر۱۲......یہ خبر ہے۱۲
﴿صہ۹۲﴾ ☆اقدار......مراتب۱۲......مرتبے۱۲ ☆تفاوت......قال اللہ تعالیٰ: تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى
بَعْضٍ ۱۲......ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے فرمایا یہ رسول ہیں ہم نے ان کے بعض کو بعض پر فضیلت دی ☆توحید واتحاد......
وجودی۱۲......توحید وجودی۱۲ ☆انباء......خبر دادن۱۲......خبر دینا۱۲ ☆اقربیت......حق جل شانہ بانسان۱۲......اللہ تعالیٰ
کا قرب انسان کے ساتھ۱۲ ☆سخن را......این فقیر۱۲......شیخ مجدد۱۲ ☆مزیت......فضیلت۱۲......فضیلت ☆ولایت
صغرٰی......ولایت اولیاء۱۲ ☆ولایت کبرٰی......ولایت انبیاء۱۲ ☆ولایت علیا......ولایت ملاء اعلیٰ۱۲ ☆ازکمال

Marfat.com

......این معنے ۱۲...... یہ معنے ۱۲ ☆ استبعاد ...... دور دانستن ۱۲...... دور جاننا ۱۲ ☆ افہام ...... بالفتح جمع فہم ۱۲...... الف پر زبر فہم کی جمع ۱۲ ☆ مظان ...... محل ۱۲...... مقام ۱۲ ☆ انکار وارید ...... منکران ۱۲...... انکار کرنے والے ۱۲ ☆ ضروری

...... بدیہی ۱۲...... بالکل ظاہر ۱۲ ☆ نظری ...... محتاج نظر وفکر ۱۲...... غور وفکر کی محتاج ۱۲ ☆ ذکر بعضے ...... در ما تقدم ۱۲...... پہلے گذرے ہوئے میں ۱۲ ☆ مقدمات ...... تمہیدات ۱۲...... تمہیدیں ☆ تنبیہ ...... آگاہ و ہوشیار کردن ۱۲...... آگاہ اور ہوشیار کرنا ۱۲ ☆ تقریب ...... نزدیک نمودن ۱۲...... نزدیک کرنا ۱۲ ☆ سبحانہ وتعالیٰ ...... از برائے ۱۲...... کے لئے ۱۲ ☆ تبیین

...... بیان نمودن وشرح دادن ۱۲...... بیان کرنا اور شرح کرنا ۱۲ ☆ ادراک ...... دریافتن ۱۲...... پانا، دریافت کرنا ۱۲

☆ انام ...... مردم ۱۲...... لوگ ۱۲ ☆ ممتاز ...... امتیاز بخشیدہ ۱۲...... امتیاز بخشا ہوا ۱۲ ☆ بدایت ...... شروع ۱۲...... ابتدا

☆ نہایت ...... آخر ۱۲...... آخر ☆ مایہ ...... اصل ۱۲...... اصل ☆ بخارا وسمرقند ...... ہر دو نام دو شہر مشہور در توران ۱۲

...... توران میں دو مشہور شہروں کے نام ۱۲ ☆ یثرب ...... مدینہ مطہرہ ۱۲...... مدینہ منورہ ۱۲ ☆ بطحا ...... مکہ معظمہ ۱۲ ☆ مربّٰی

...... بہ پروردند ۱۲...... پرورش کیا ہوا ۱۲ ☆ کشت ...... زراعت ۱۲...... کھیتی باڑی ۱۲ ☆ سلوک ...... طے نمودن ۱۲...... طے کرنا

۱۲ ☆ مربوط ...... وابستہ ۱۲...... باندھا ہوا ...... مرتب کیا ہوا ۱۲

﴿صہ ۹۳﴾ ☆ منصبغ ...... رنگین ۱۲...... رنگین ☆ کمالات ...... مذکورہ ۱۲...... مذکورہ کمالات ۱۲ ☆ اقطاب ...... است ۱۲...... ہے ۱۲

☆ بُدلا ...... ابدال ۱۲...... ابدال کی جمع ہے ۱۲ ☆ قانع ...... اند ۱۲...... ہیں ۱۲ ☆ دررنگ ...... مانند ۱۲...... مثل ۱۲

☆ خواست ...... ارادت ۱۲...... ارادہ کرنا ۱۲ ☆ فائض ...... ریزندہ ۱۲...... فیض پہنچانا ۱۲ ☆ ہر چند ...... اگر چہ ۱۲

☆ مہتد ...... راہ یابندہ ۱۲...... راہ پانے والا ۱۲ ☆ معذلک ...... باوجود عدم علم باین معنی بلکہ باصل ہدایت خود ۱۲...... باوجود اس معنی کا علم نہ ہونا بلکہ اپنی اصل ہدایت کا علم بھی ۱۲ ☆ منوط ...... وابستہ ومعلق ۱۲...... وابستہ اور لٹکا ہوا ۱۲ ☆ مرید ...... یعنی

۱۲...... یعنی مرید ۱۲ ☆ افادہ ...... فائدہ دادن ۱۲...... فائدہ پہنچانا ۱۲ ☆ استفادہ ...... فائدہ گرفتن ۱۲...... فائدہ حاصل کرنا ۱۲

☆ خر پذہ ...... تمثیل است مر ماقبل خود را ۱۲...... مثال دینا ہے خاص کر جو اپنے پہلے گذرا ہے ۱۲ ☆ سلوک ...... راہ رفتن

۱۲...... راہ چلنا ۱۲ ☆ تسلیک ...... براہ بردن ۱۲...... راستے پر چلانا ۱۲ ☆ مربوط ...... وابستہ ۱۲...... ملا ہوا، باندھا ہوا ۱۲

☆ ہر چند ...... اگر چہ ۱۲ ☆ احیا ...... زندگان ۱۲...... زندے ۱۲ ☆ اموات ...... مردگان ...... مردے ۱۲ ☆ صبیان ...... کودکان ۱۲...... بچے ۱۲ ☆ شیوخ ...... پیران ۱۲...... بوڑھے ۱۲ ☆ وفور ...... بضمتین تمام شدن وبسیار شدن وبمعنی بسیاری مستعمل

...... پہلے دونوں حرفوں پر پیش ہے، تمام ہونا، زیادہ ہونا اور بسیاری کے معنی میں مستعمل ہے ☆ مساوی ...... برابر ۱۲ برابر

☆ خوارق ...... اور ۱۲...... اسکو ☆ خوارق ...... یعنی امور خلاف عادت اے کرامات ۱۲...... یعنی خلاف عادت امور یعنی کرامات

﴿صہ ۹۴﴾ ☆ مردم ...... بلکہ ۱۲...... بلکہ مردم ۱۲ ☆ بوسائط ...... کثیرہ ۱۲...... زیادہ ۱۲ ☆ بلوث ...... بآلودگی ۱۲...... آلودہ ہونا ۱۲

☆ ملوث ...... آلودہ ۱۲ ☆ مبتدعات ...... امور جدیدہ مخالف طریقہ ۱۲...... سنت کے خلاف نئے امور ۱۲ ☆ این تبدیلات ...... کہ از نزد خود اختراع نمودہ اند ۱۲...... جو خود اپنی طرف سے ایجاد کرتے ہیں ۱۲ ☆ الحاقات ...... کہ از نزد خود الحاق ساختہ اند ۱۲...... جو اپنی طرف سے شامل کرتے ہیں ۱۲ ☆ فراخور ...... سزاوار وشایان ۱۲...... لائق سزاوار اور شایان

Marfat.com

شان۱۲ ☆ ظلمات...... تاریکیہا ۱۲...... تاریکیاں۱۲ ☆ مستور...... پوشیدہ ۱۲...... پوشیدہ ۱۲ ☆ ملت...... دین ۱۲

☆ کدورات...... تیریکیہا ۱۲...... تاریکیاں۱۲ ☆ مستحسنہ...... کارہائے پسندیدہ ۱۲...... پسند کیے ہوئے کام ۱۲ ☆ حسنات

...... نیکوییہا ۱۲...... نیکیاں ۱۲ ☆ امور...... مردم را ۱۲...... لوگوں کو ۱۲ ☆ این کریمہ...... آیہ مذکورہ ۱۲...... آیت مذکورہ ۱۲

☆ علماء مجتہدین...... یعنی امام ابوحنیفہ وشافعی ومالک واحمد وغیرہم ۱۲ ☆ بلکہ...... مستفاد ۱۲...... حاصل کیا ہوا فائدہ ۱۲

☆ قطب...... عبارت مبدأ ومعاد ۱۲ ☆ قطب ارشاد...... بدانکہ ۱۲...... جان تو کہ قطب ارشاد ۱۲ ☆ عزیز الوجود ﴿ص ۹۵﴾

...... قلیل ۱۲...... تھوڑا ۱۲ ☆ ازمنہ...... جمع زمان ۱۲...... زمان کی جمع ہے ۱۲ ☆ نورانی...... منسوب بہ نور ۱۲...... نور کی طرف

منسوب ۱۲ ☆ عرش...... سطح فوقانی ۱۲...... سب سے اوپر کی سطح ۱۲ ☆ فرش...... زمین ۱۲ ☆ رنگ...... مانند ۱۲

☆ منجمد...... بستہ ۱۲...... جما ہوا ۱۲ ☆ اصلاً...... ہرگز ۱۲ ☆ لیکن...... افادہ ۱۲...... لیکن افادہ ۱۲...... لیکن فائدہ پہنچانا ۱۲

☆ دربار گرانی ورنج...... غم اور بوجھ ۱۲ ☆ ہرچند...... اگرچہ ۱۲...... سدراہ ۱۲ ☆ مانع...... روکنے والا ۱۲ ☆ صورت

...... البتہ ۱۲ ☆ رشد است...... اندر موجود ۱۲...... ولیکن ۱۲ ☆ قلیل...... عدیم ۱۲...... نہ ہونا ۱۲ ☆ عزیز دارند...... ہرچند

۱۲...... ہر طرح سے ۱۲

....

دوسو اکسٹھواں مکتوب ﴿۲۶۱﴾

سیادت مآب میر محمد نعمان کی جانب نماز کے فضائل اور اس کے مخصوص کمالات کے بیان میں جو معارف بلند اور حقائق ارجمند کے ضمن میں ہیں صادر فرمایا۔

حمد وصلوٰۃ اور تبلیغ دعوات کے بعد میرے عزیز بھائی ارشدہ اللہ سبحانہٗ کو معلوم ہو کہ اسلام کے پنجگانہ ارکان میں سے ''نماز'' رکنِ دوم ہے جو تمام عبادات کی جامع ہے اور ایک ایسا جزو ہے کہ جس نے اپنی جامعیت کی وجہ سے کُل کا حکم پیدا کرلیا ہے اور تمام مقرب اعمال پر سبقت لے گئی ہے۔ اور وہ دولت رویتِ (باری تعالیٰ) جو سرورِ عالمیان علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کو شبِ معراج بہشت میں میسر ہوئی تھی، دنیا میں نزول فرمانے کے بعد اس جہان کے مناسب آپ کو وہ دولت نماز میں میسّر ہوتی تھی۔ اسی لئے آنحضرت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے۔ اَلصَّلٰوۃُ مِعْرَاجُ الْمُؤْمِنِ (نماز مؤمن کی معراج ہے)...... اور یہ بھی آپ علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے۔ اَقْرَبُ مَا یَکُوْنُ الْعَبْدُ مِنَ الرَّبِّ فِی الصَّلٰوۃِ (بندے کو اپنے رب کے ساتھ سب سے زیادہ قرب نماز میں ہوتا ہے)...... اور آپ علیہ وعلیہم الصلوات والتحیات کے کامل تابعداروں کو بھی اس جہان میں اس دولت کا بہت سا حصہ نماز میں حاصل ہے اگرچہ حقیقی رویت میسر نہیں ہے کیونکہ یہ جہان اس کی تاب وطاقت نہیں رکھتا۔ اگر (حق تعالیٰ) نماز کا حکم نہ فرماتا تو مقصود کے چہرے سے نقاب کون اٹھاتا اور طالب کو مطلوب کی طرف کون رہنمائی کرتا...... نماز ہی ہے جو غمگساروں کے لئے لذت بخش ہے

Marfat.com

اورنماز ہی ہے جو بیماروں کوراحت دہ ہے: اَرِحْنِیْ یَابَلَالُ (اے بلال مجھے راحت دے) اس حقیقت کا رمز ہے.................اور قُرَّةُ عَیْنِیْ فِی الصَّلٰوةِ (میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے) میں اسی آرزو کی طرف اشارہ ہے.................وہ ذوق و مواجید، علوم و معارف، احوال و مقامات، انوار والوان، تلوینات و تمکینات (بیقراری واطمینان) تجلیات متکیفہ وغیر متکیفہ (کیفیت والی اور بے کیفیت والی تجلیات) اور ظہورات متلوّنہ وغیر متلونہ (رنگارنگ و بے رنگ ظہورات) ان میں سے جو کچھ نماز کے علاوہ (اوقات میں) میسر ہوں اور نماز کی حقیقت سے آگاہی کے بغیر ظاہر ہوں ان سب کا منشا ظلال و امثال ہے بلکہ وہم و خیال سے پیدا ہوئے ہیں ....وہ ''نمازی جو نماز کی حقیقت سے آگاہ ہے نماز کی ادائیگی کے وقت گویا عالمِ دنیا سے باہر نکل جاتا ہے اور عالم آخرت میں پہنچ جاتا ہے لہذا وہ اس وقت اس دولت سے جو آخرت کے ساتھ مخصوص ہے حصہ حاصل کر لیتا ہے، اور اصل سے ظلیت کی آمیزش کے بغیر فائدہ اٹھاتا ہے۔ کیونکہ عالمِ دنیا (کا معاملہ) کمالاتِ ظلی تک محدود ہے اور وہ معاملہ جو ظلال سے باہر ہے آخرت کے ساتھ مخصوص ہے.................پس معراج سے چارہ نہ ہوگا اور وہ مؤمنوں کے حق میں نماز ہے، اور یہ دولت اس امت کے ساتھ مخصوص ہے جو اپنے پیغمبر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰت والتسلیمات کی متابعت کے سبب جو کہ شبِ معراج میں دنیا سے آخرت میں تشریف لے گئے اور بہشت میں پہنچ کر (حق تعالیٰ کی) رویت کی دولت سے مشرف ہوئے (لہذا یہ امت بھی) اس کمال کے ساتھ مشرف اور اس سعادت سے فیضیاب ہوئی۔ اَللّٰھُمَّ اَجْزِہٖ عَنَّا مَاھُوَاَھْلُہٗ وَاجْزِہٖ عَنَّا اَفْضَلَ مَا جَزَیْتَ نَبِیًّا عَنْ اُمَّتِہٖ وَاجْزِ الْاَنْبِیَاءَ کُلَّھُمْ جَزَاءً خَیْرًا فَاِنَّھُمْ دُعَاةُ الْخَلْقِ اِلَی اللّٰہِ سُبْحَانَہٗ وَھُدَاتُھُمْ اِلٰی لِقَاءِ اللّٰہِ تَعَالٰی (یااللہ تو ہماری طرف سے ان (آنحضرت ﷺ) کو ایسی جزا عطا فرما جو ان کی شایانِ شان ہے اور ان کو ہماری طرف سے اس سے بھی افضل جزا عطا فرما جو تو نے امت کی طرف سے کسی نبی کو عطا فرمائی ہو اور ہماری طرف سے تمام انبیاء (علیہم السلام) کو جزا عطا فرما کیونکہ وہ سب کے سب مخلوق کو حق تعالیٰ کی طرف دعوت دینے والے اور اس (حق تعالیٰ) کی طرف ہدایت دینے والے ہیں)

اس گروہ میں سے بعض لوگ جن کو نماز کی حقیقت سے آگاہی حاصل نہیں ہوئی اور اس کے مخصوص کمالات پر اطلاع نہیں بخشی گئی انہوں نے اپنے امراض کا علاج دوسرے امور میں تلاش کیا اور اپنی مرادوں کا حاصل دوسری چیزوں پر وابستہ جانا، بلکہ ان میں سے ایک گروہ نے نماز کو بے فائدہ اور دُور از کار سمجھ کر اس (وصول الی اللہ) کی بنیاد (نماز کے علاوہ) اور چیزوں (عبادات) پر رکھی اور روزہ کو نماز سے افضل جانا.................(مثلاً) صاحب فتوحاتِ مکیہ کہتے ہیں کہ ''روزہ میں جو کھانے پینے کا ترک ہے وہ صفتِ صمدیت سے متحقق ہونا ہے اور نماز میں غیر وغیریت کی طرف آنا اور عابد و معبود کا جاننا ہے''.................اس قسم کی باتیں اہل سکر کے احوال میں سے ہیں جو مسئلہ ''توحیدِ وجودی'' پر مبنی ہیں اور ایسی باتیں ''حقیقت نماز'' سے ''عدم آگاہی'' (بے خبری) کی وجہ سے ہیں بلکہ اس طائفہ (صوفیہ) کی ایک کثیر جماعت نے اپنے اضطراب و بیقراری کی تسکین کو سماع و نغمہ اور وجد و تواجد

Marfat.com

میں تلاش کیا اور اپنے مطلوب کو نغمہ کے پردوں میں مطالعہ کیا اور رقص و رقاصی کو اپنا مسلک بنا لیا ہے، حالانکہ انہوں نے سنا ہوگا مَا جَعَلَ اللّٰهُ فِي الْحَرَامِ شِفَآءً (اللہ تعالیٰ نے حرام چیز میں شفا نہیں رکھی)......... ہاں اَلْغَرِيْقُ يَتَعَلَّقُ بِكُلِّ حَشِيْشٍ وَحُبُّ الشَّىءِ يُعْمِيْ وَيُصِمُّ (ڈوبنے والا شخص ہر ایک تنکے کا سہارا ڈھونڈتا ہے اور کسی چیز کی محبت اندھا اور بہرہ کر دیتی ہے)......... اگر نماز کے کمالات کی کچھ بھی حقیقت ان پر منکشف ہو جاتی تو وہ ہرگز سماع و نغمہ کا دم نہ بھرتے اور وجد و تواجد کو یاد نہ کرتے۔ ع

چوں ندیدند حقیقت رہ افسانہ زدند

(جب حقیقت نہ ملی ڈھونڈلی افسانے کی راہ)

اے بھائی! جس قدر فرق نماز و نغمہ میں ہے اسی قدر فرق نماز کے مخصوصہ کمالات اور نغمہ سے پیدا ہونے والے کمالات میں ہے۔ عاقل کو ایک اشارہ ہی کافی ہے۔

یہ وہ کمال ہے جو ہزار سال کے بعد وجود میں آیا ہے، اور آخریت ہے جو اولیت کے رنگ میں ظاہر ہوئی ہے، شاید حضور علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات نے اسی وجہ سے فرمایا ہے اَوَّلُهُمْ خَيْرٌ اَمْ اَوْسَطُهُمْ (ان میں سے اول بہتر ہیں یا ان میں سے آخر) کیونکہ آخر کو اول کے ساتھ زیادہ مناسبت دیکھی جو تردّد کا محل ہے......... اور دوسری حدیث میں آپ علیہ وعلیٰ آلہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا کہ اس امت کے بہترین (لوگ) اول میں ہیں یا آخر میں، اور درمیان میں تیرگی (اندھیرا) ہے۔......... ہاں اس امت کے متاخرین میں اگرچہ وہ نسبت بلند ہے مگر قلیل بلکہ اقل (بہت کم) ہے، لیکن اس امت کے وسط میں اگرچہ وہ نسبت بلند نہیں ہے لیکن کثیر ہے بلکہ بہت زیادہ ہے وَلِكُلٍّ وِجْهَةٌ كَمِيَّةً وَّكَيْفِيَّةً (ان میں سے ہر ایک کے لئے کمیت اور کیفیت کے لحاظ سے ایک جہت ہے) لیکن اس نسبت کے اقل (بہت کم) ہونے کی وجہ سے متاخرین کو بلند درجہ پر پہنچا دیا اور سابقین (اولین) کے ساتھ مناسبت دے کر خوشخبری دیدی۔ (جیسا کہ حضور علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات نے فرمایا: اَلْاِسْلَامُ بَدَأَ غَرِيْبًا وَسَيَعُوْدُ كَمَا بَدَأَ فَطُوْبٰى لِلْغُرَبَاءِ (اسلام کی ابتدا غربت سے ہوئی اور آخر میں پھر ویسا ہی غریب ہو جائے گا لہذا غریبوں کے لئے خوشخبری ہے)

.... اور اس امت کے آخری حصہ کا شروع آں سرور علیہ وعلیٰ آلہ الصلوۃ والسلام کی رحلت فرمانے کے بعد الفِ ثانی (یعنی دوسرے ہزار سال کی ابتدا سے) ہے کیونکہ الف یعنی ہزار سال کے گذرنے کو امور کے تغیر میں عظیم خاصیت ہے اور اشیا کی تبدیلی میں قوی تاثیر ہے۔ اور چونکہ اس امت میں نسخ و تبدیلی نہیں ہے اسی لئے سابقین کی نسبت اسی تر و تازگی کے ساتھ متاخرین میں جلوہ گر ہوئی ہے اور (اس نے) الف ثانی میں شریعت کی تائید اور ملت کی تجدید فرمائی ہے۔ اس معنی پر حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام اور حضرت مہدی علیہ الرضوان دونوں عادل گواہ ہیں۔

فیض روح القدس ار باز مدد فرماید دیگراں ہم بکنند آنچہ مسیحا میکرد!

Marfat.com

(وحی کا فیض اگر پھر سے میسّر آجائے　　　دوسرے بھی وہ کریں جو کہ مسیحا نے کیا)

اے بھائی! یہ بات آج اکثر لوگوں پر گراں ہے اور ان کی فہم سے بہت دور معلوم ہوتی ہے لیکن اگر انصاف سے کام لیں اور ایک دوسرے کے علوم و معارف کا موازنہ کریں اور ان کے احوال کی صحت وسقم (صحیح اور غلط) کو علوم شرعیہ کی مطابقت و عدم مطابقت سے ملاحظہ کریں اور شریعت و نبوت کی تعظیم و توقیر کو غور سے دیکھیں کہ (دونوں میں سے) کس میں زیادہ تر (مطابقت) ہے تو ممکن ہے کہ یہ بات ان کو ہم سے دور معلوم نہ ہو۔

آپ نے دیکھا ہوگا کہ فقیر نے اپنی کتابوں اور رسالوں میں لکھا ہے کہ "طریقت و حقیقت دونوں شریعت کے خادم ہیں" اور "نبوت ولایت سے افضل ہے" اگرچہ اسی نبی کی ولایت ہو.........اور یہ بھی لکھا ہے کہ "کمالات ولایت کو کمالات نبوت کے ساتھ کچھ نسبت نہیں ہے" کاش کہ ان کے درمیان دریائے محیط کے مقابلہ میں قطرہ کی نسبت ہوتی ....اس قسم کی بہت سی باتیں اس مکتوب میں جو طریقے کے بیان میں اپنے فرزند کی طرف لکھا ہے (اس میں) خاص طور پر لکھی گئی ہیں وہاں ملاحظہ فرمائیں۔

اس گفتگو سے مقصود حق سبحانہ وتعالیٰ کی نعمت کا اظہار ہے تاکہ اس طریقے کے طالبوں کے لئے ترغیب کا باعث ہو، نہ یہ کہ دوسروں پر اپنی فضیلت (کا اظہار) کیونکہ "خدائے جل وعلا کی معرفت اس شخص پر حرام ہے جو اپنے آپ کو کافر فرنگ سے بہتر جانے" تو پھر اس شخص کا کیا حال ہو جو اپنے آپ کو اکابرِ دین سے بہتر جانے۔

ابیات

ولے چوں شہ مرا برداشت از خاک　　　سزد گر بگذرانم سرز افلاک
من آں خاکم کہ ابر نو بہاری　　　کند از لطف برمن قطرہ باری
اگر بر روید از تن صد زبانم　　　چو سوسن شکر لطفش کے توانم

ترجمہ (زمیں سے شاہ نے مجھ کو اٹھایا　　　بجا ہے گر اٹھاؤں سر کو اونچا
وہ مٹی ہوں کہ گر ابرِ بہاری　　　کرے مجھ پر کرم سے قطرہ باری
اگر ہوں مثل سوسن سو زبانیں　　　خدا کا شکر ہم کیا کرنے پائیں)

اس مکتوب کے مطالعہ کے بعد اگر آپ کو نماز کے سیکھنے کا شوق اور اس کے بعض مخصوص کمالات حاصل کرنے کا خیال پیدا ہوا اور وہ (شوق) آپ کو بے آرام کر دے تو استخاروں کے بعد اس طرف متوجہ ہوں اور عمر کا کچھ حصہ نماز سیکھنے میں گذاریں.........وَاللّٰہُ سُبْحَانَہُ الْھَادِیْ اِلٰی سَبِیْلِ الرَّشَادِ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی وَالْتَزَمَ مُتَابَعَۃَ الْمُصْطَفٰی عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہِ الصَّلَوَاتُ وَالتَّسْلِیْمَاتُ اَتَمُّھَا وَاَکْمَلُھَا (اللہ تعالیٰ ہی سیدھے راستے کی طرف ہدایت دینے والا ہے اور سلام ہو اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی اور حضرت محمد مصطفےٰ علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات اتمہا واکملہا کی متابعت کو اپنے اوپر لازم جانا)۔

Marfat.com

حاشیہ متن

﴿صہ ۹۶﴾ قولہ اَرجمند: نقشبند کے وزن پر ہے، اس کے معنی صاحب مرتبہ گرامی قدر اور عزیز کے ہیں، جیم کے پیش سے پڑھنا غلط ہے۱۲

۱ یعنی خود جامع ہونا تمام قسم کی عبادات کا جیسا کہ اپنی جگہ ثابت شدہ ہے۱۲

۲ نشأ: پہلے حرف پر زبر اور دوسرا ساکن ہے اور آخر میں ہمزہ ہے، اس کے معنی پیدا کرنا اور نیا پیدا ہونا اور مجازی طور پر جہان اور عالم کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، اس کو سیدھے خط کے بعد ٹیڑھے خط سے لکھتے ہیں بے جا ہے اور اگر بالفرض لکھیں تو سیدھے خط کے اوپر لکھیں تا کہ اشارہ ہو کہ سیدھا خط یہاں الف نہیں ہے بلکہ ہمزہ ہے، اور اس لفظ کو سرائے کے وزن پر لکھنا غلط ہے اور پشہ کی صورت میں لکھنا بھی خطا ہے۱۲

۳ یعنی بندے کو اپنے رب کے ساتھ سب سے زیادہ قرب نماز میں ہوتا ہے۔ اس حدیث کی تخریج اور حدیث اَلصَّلٰوۃ مِعْرَاجُ الْمُؤْمِنِيْنَ کی بھی قریب ہی اس سے پہلے مکتوب میں گذر چکی ہے۱۲

۴ قولہ نقاب: نون کی زیر سے، وہ پردہ جو چہرے پر ڈالتے ہیں یا نفیس چیز پر ڈالتے ہیں، اس معنی میں نون کی زبر سے غلط ہے۱۲

۵ یعنی ٹھنڈک وسردی اور روشنی وراحت میری آنکھ کی نماز میں ثابت ومقرر ہے، تشیید المبانی میں ہے، اس حدیث کو امام نسائی اور حاکم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۱۲

ـ یعنی ظلال وامثال مطلوب ومقصود ہوتے ہیں اس کا عین نہیں۱۲

ـ جب نماز کی حقیقت سے آگاہ نمازی اس دنیوی جہان سے باہر آتا اور آخرت میں داخل ہوتا ہے پس اس کو معراج سے......الخ ۱۲

ـ یعنی وہ اپنے پیغمبر کی اتباع کے سبب اس کمال سے مشرف ہوتے ہیں اور اس سعادت سے بہرہ ور ہوتے ہیں

﴿صہ ۹۷﴾ قولہ دُعاۃ: داعی کی جمع ہے یعنی دعوت دینے والے ہیں خاص طور پر مخلوق کو اللہ تعالیٰ کی طرف۱۲

ـ یعنی شیخ محی الدین ابن العربی قدس سرہ۱۲

۱ یعنی یہ قول فتوحات مکیہ کے مصنف ”جیسا کہ تو دیکھتا ہے“، مسئلہ توحید وجودی پر مبنی ہے جو اہل سکر کے حالات ومقامات سے ہے نہ کہ اہل صحو سے۱۲

ـ قولہ جمِّ غفیر: جیم پر زبر اور میم پر شد اس کے معنی ہیں عام ہجوم اور کثیر جماعت۱۲

۲ قولہ ما جعل اللہ الخ: ملا علی قاری نے المرقاۃ شرح المشکوۃ میں کہا: طبرانی کی حدیث میں صحیح سند کے ساتھ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے مرفوعاً وارد ہے کہ: اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی لَمْ يَجْعَلْ شِفَآئَكُمْ فِيْمَا حُرِّمَ عَلَيْكُمْ (بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہاری شفا نہیں رکھی اس چیز میں جو تم پر حرام کی گئی ہے) ایک حدیث کے یہ لفظ بھی ہیں: اِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَجْعَلْ شِفَاءَ اُمَّتِيْ فِيْ مَا حُرِّمَ عَلَيْهَا (بے شک اللہ تعالیٰ نے شفا نہیں رکھی میری امت کی اس چیز میں جو ان پر حرام کی گئی ہے)

میں (نور احمد) کہتا ہوں: اور ابوداؤد میں ہے: وَلَا تَتَدَاوَوْا بِحَرَامٍ (حرام چیز کے ساتھ دوا نہ کرو) وَنَهٰى عَنِ الدَّوَاءِ الْخَبِيْثِ (اور حضورﷺ نے ناپاک دوا سے منع فرمایا) اور درمختار میں ہے: اِخْتَلَفَ فِي التَّدَاوِيْ بِالْمُحَرَّمِ، وَظَاهِرُ الْمَذْهَبِ الْمَنْع، و قِيْل يُرَخَّصُ اِذَا عَلِمَ فِيْهِ الشِّفَاءُ، ولم يَعْلَمْ دَوَاءً اٰخر كَمَا رُخِّصَ الْخَمْرُ لِلْعَطْشَان ۱۲

ترجمہ: حرام چیزوں سے دوا کرنے میں اختلاف ہے، ظاہر مذہب میں تو منع ہے، اور کہا گیا ہے کہ (مسلمان معالج) جب جانے کہ اس میں شفا ہے اور دوسری دوا نہیں جانتا جیسے کہ پیاس سے مرنے والے کیلئے شراب کی رخصت ہے۱۲

۳ قولہ افسانہ: بمعنی سرگزشت اور ماجرا، مجازی طور پر بے اصل حکایت کا معنی بھی مراد ہوتا ہے، اور کبھی الف کی تخفیف کر

Marfat.com

کے فسانہ فا کی زبر سے بھی کہتے ہیں ۱۲

ﷻ قولہ ہمان قدر: مفعول پہلے لایا گیا ہے، خاص طور پر فعل بدان کو لفظوں میں پیچھے لایا گیا ہے ۱۲

۵ قولہ اولھم: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مَثَلُ اُمَّتِیْ مَثَلُ الْمَطَرِ لَا یُدْرٰی اَوَّلُہٗ خَیْرٌ اَمْ اٰخِرُہٗ (میری امت کی مثال بارش کی مثال ہے نہیں معلوم کہ اس کا اول بہتر ہے یا اس کا آخر) اس کو ترمذی نے روایت کیا ہے ۱۲ (مشکوۃ) پس جو امام ربانی نے فرمایا وہ اس حدیث کی طرف اشارہ ہے ۱۲

ب یعنی ڈوبنے والا شخص ہر ایک تنکے کا سہارا ڈھونڈتا ہے ۱۲

ب اس کا اول ہے: جنگ ہفتاد ودو ملت ہمہ را عذر بنہ

۶ قولہ بہترین این امت الخ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خَیْرُ اُمَّتِیْ اَوَّلُھَا وَ اٰخِرُھَا وَفِیْ وَسَطِھَا الْکَدِرُ (اس امت کے بہترین لوگ اول میں ہیں اور آخر میں، اور درمیاں میں اہل کدورت ہونگے) اس کو حکیم ترمذی نے نوادر الاصول میں روایت کیا ہے حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے، یہ ملا مراد مکی نے کہا ہے ۱۲

ب قولہ کدِر: پہلے حرف پر زبر ہے اور دال کے نیچے زیر ہے بمعنی سیاہ اور گدلا پہلے اور دوسرے حرف پر زبر سے بمعنی دھندلا اور سیاہ ہونا ۱۲

﴿صہ ۹۸﴾ ب یعنی ان میں سے ہر ایک کے لئے کمیت اور کیفیت کے لحاظ سے ایک جہت ہے ۱۲

ا قولہ الاسلام بدأ الخ: اس کو مسلم نے روایت کیا ہے اور ابن ماجہ نے حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے اور طبرانی نے حضرت سلمان سے اور احمد، ترمذی، رافعی، خطیب، ابن عساکر، بخاری نے تاریخ میں اور سیوطی نے جمع الجوامع میں روایت کیا ہے ۱۲ التشیید البیانی والمعرب باختصار ۱۲

۲ یعنی ان کا وصف آخریت سے متصف ہونے کی ابتداء دوسرے ہزار سال کی ابتداء سے ہے ۱۲

۳ یعنی حضرت مسیح علی الصلوۃ والسلام، لفظ مسیح کے آخر الف کا اضافہ فارسی لوگوں کا تصرف ہے ۱۲

۴ یعنی مکتوب نمبر ۲۶۰ جو حقائق آگاہ خواجہ محمد صادق کے نام لکھا گیا ہے اور قریب ہی پہلے گذرا ہے ۱۲

ب جاننا چاہیے کہ اس مقام میں جو تشویش دل میں پیدا ہوتی ہے اس کے ازالہ اور دور کرنے کیلئے مکتوب نمبر ۲۳۴ اور مکتوب نمبر ۲۲۲ جلد اول کا مطالعہ کرنا چاہیے نیز مکتوب نمبر ۱۱ جلد اول کا حاشیہ اس مطلب میں کافی ووافی ہے ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

ا میم تن کا مضاف الیہ ہے ۱۲

ب قولہ سوسن: ایک آسمانی رنگ کے پھول کا نام ہے، موید، کشف، برہان اور مدار میں سین پر پیش اور واؤ مجہول کے ساتھ ہے اور منتخب میں زبر کے ساتھ اور صاحب بحر الجواہر نے لکھا ہے کہ تلخیص میں پیش کے ساتھ ہے اور قاموس میں زبر کے ساتھ، ظاہراً زبر کے ساتھ عربی ہے اور پیش کے ساتھ فارسی ۱۲ غیاث

....

متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۹۶﴾ ☆ جزوے ...... نماز ۱۲ ☆ است ...... از اعمال حسنہ ۱۲ ...... اچھے اعمال میں سے ۱۲ ☆ کہ ...... بسبب ۱۲ ...... سب سے ۱۲ ☆ اعمال ...... بحق جل وعلا ۱۲ ...... اللہ تعالیٰ کے ساتھ ۱۲ ☆ نزول ...... فرود آمدن ۱۲ ...... نیچے آنا ۱۲ ☆ نزول ...... آں سرور ۱۲ ...... آں سرور صلی اللہ علیہ وسلم کا نیچے اترنا ۱۲ ☆ این نشأ ...... جہان ۱۲ ...... اس دنیا میں ۱۲ ☆ درین ...... دنیا ۱۲ ...... اس دنیا میں ۱۲ ☆ حظ ...... بہرہ ۱۲ ...... حصہ ۱۲ ☆ برنتابد ...... یعنی نتواند برداشت ۱۲ ...... یعنی برداشت نہیں کرسکتا ۱۲

Marfat.com

☆ نمی فرمود ...... حق جل وعلا ۱۲ ...... اللہ تعالیٰ نہ فرماتا ۱۲ ☆ کہ ...... کدام کس ۱۲ ...... کون شخص ۱۲ ☆ اَرِحْنِی ...... مبتدا ۱۲ ...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ رمزیست ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے ۱۲ ☆ ارحنی یا بلال ...... رواہ الدار قطنی فی العلل ۱۲ ...... تشیید ۱۲ ...... اس کو دار قطنی نے علل میں روایت کیا ہے ۱۲ ...... تشیید المبانی ۱۲ ☆ ماجرا ...... قصہ ۱۲ ...... کہانی ۱۲ ☆ وقُرَّۃ ...... مبتدا ۱۲ ...... یہ مبتدا ہے ۱۲ ☆ اشارہ ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے ۱۲ ☆ مُتَمَنّا ...... آرزو ۱۲ ☆ اذواق ...... چاشنیہا ۱۲ ...... مزے اور چاشنیاں ۱۲ ☆ مواجید ...... جمع وجد خلاف قیاس یعنی حالتہا ورقصہائے صوفیاں ۱۲ ...... وجد کی جمع ہے خلاف قیاس، یعنی صوفیوں کے رقص اور حالتیں ۱۲ ☆ احوال ...... حالات بے ثبات ۱۲ ...... عارضی حالات ۱۲ ☆ مقامات ...... حالات ثابتہ دائمہ ۱۲ ...... مستقل اور دائمی حالات ۱۲ ☆ الوانہا ...... رنگہا ۱۲ ...... بہت سے رنگ ۱۲ ☆ تلوینات ...... بے قراریہا ۱۲ ...... بے قراریاں ۱۲ ☆ تمکینات ...... تسلیہا ۱۲ ...... اطمینان کی حالتیں ۱۲ ☆ متکیفہ ...... باکیف ۱۲ ...... کیف والی ۱۲ ☆ تجلیات ...... ظہورات اسمائی وصفاتی ۱۲ ...... اسمائی اور صفاتی ظہورات ۱۲ ☆ غیر مکیفہ ...... بے کیف ۱۲ ...... بے کیف، بے مزا ۱۲ ☆ متلونہ ...... گوناگون ۱۲ ...... رنگ برنگ، قسم قسم ۱۲ ☆ بلکہ ...... این ہمہ ۱۲ ...... یہ سب ۱۲ ☆ ناشی ...... پیدا شوندہ ۱۲ ☆ مصلی ...... نمازی ۱۲ ...... نماز گذار ۱۲ ☆ نشأ ...... جہان ۱۲ ...... دنیا، کائنات ۱۲ ☆ برآید ...... بیرون می آید ۱۲ ...... باہر آتا ہے ۱۲ ☆ درآید ...... داخل میشود ۱۲ ...... داخل ہوتا ہے ۱۲ ☆ حظے ...... بہرہ ۱۲ ...... حصہ ۱۲ ☆ شائبہ ...... آمیزش ۱۲ ...... ملاوٹ ۱۲ ☆ مقصور ...... بند ۱۲ ...... بند، رکا ہوا ۱۲ ☆ چارہ نبو ...... گزیر ۱۲ ...... علاج اور چارہ نہ ہوگا ۱۲

﴿صہ ۹۷﴾ ☆ مستسعد ...... سعادت مند ۱۲ ...... خوش نصیب ۱۲ ☆ ھُدَاتُھُم ...... جمع ہادی ۱۲ ...... ہادی کی جمع ہے ۱۲ ☆ بخشیدند ...... آن جمع ۱۲ ...... وہ سب ۱۲ ☆ مربوط ...... وابستہ ۱۲ ...... باندھا ہوا ☆ انگاشتند ...... دانستند ۱۲ ...... جانتے ہیں ۱۲ ☆ اکل ...... خوردن ۱۲ ...... کھانا ۱۲ ☆ شُرب ...... نوشیدن ۱۲ ...... پینا ۱۲ ☆ صمدیت ...... بے نیازی ۱۲ ☆ دانستن ...... است ۱۲ ...... جاننا ہے ۱۲ ☆ سماع ...... سرود ۱۲ ...... راگ ونغمہ ۱۲ ☆ نغمہ ...... آواز خوش ۱۲ ...... اچھی آواز ۱۲ ☆ رقص ...... پاکوبیدن ۱۲ ...... ناچنا، رقص کرنا ۱۲ ☆ دیدن ...... بفتح ہر دو دال بمعنی خود عادت ۱۲ ...... دونوں دالوں پر زبر ہے بمعنی اپنی عادت ۱۲ ☆ شَمّہ ...... اندکے ۱۲ ...... قلیل، تھوڑا ۱۲ ☆ منکشف ...... ظاہر ۱۲

﴿صہ ۹۸﴾ ☆ کمیّت ...... مقدار ۱۲ ...... اندازہ ۱۲ ☆ ارتحال ...... ہجرت ۱۲ ...... رحلت ۱۲ ☆ مضی ...... گذشتن ۱۲ ...... گذرنا ۱۲ ☆ نضارت ...... تازگی وآبداری ۱۲ ☆ عدل ...... معتبر ۱۲ ...... اعتبار والے، بااعتماد ۱۲ ☆ ار ...... اگر ۱۲ ☆ گراں ...... بکسر اول بمعنی ثقیل ۱۲ ...... پہلے حرف کی زیر سے بوجھل کے معنی میں ہے ۱۲ ☆ موازنہ ...... باچیزے ہموزن بودن ۱۲ ...... کسی چیز کے ساتھ ہموزن ہونا ۱۲ ☆ استبعاد ...... بعید دانستن ۱۲ ...... دور جاننا ۱۲ ☆ بحر محیط ...... دنیا کو گھیرنے والا ۱۲ ☆ معرفت ...... زیرا کہ ۱۲ ...... کیونکہ معرفت ۱۲ ☆ شطرے ...... جزوے ۱۲ ...... حصہ ۱۲ ☆ صرف ...... خرچ ۱۲

....

دوسو باسٹھواں مکتوب ﴿۲۶۲﴾

Marfat.com

مولانا محب علی کی طرف صادر فرمایا .... اس بیان میں کہ ہمارا تعلق حُبّی ہے اور ہماری نسبت انعکاسی، جو قُرب وبُعد میں کچھ فرق نہیں رکھتی، اوراس کے مناسب بیان میں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِهِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی (تمام تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے اوراس کے برگزیدہ بندوں پر سلام ہو) .... صحیفہ شریفہ جو آپ نے مہربانی فرما کر تحریر کیا تھا موصول ہو کر خوشی کا باعث ہوا۔ چونکہ وہ فرطِ محبت اور کمال اختصاص سے لبریز تھا اس لئے بہت زیادہ خوشی حاصل ہوئی۔ آپ نے سابقہ وعدہ کے پورا کرنے کے لئے لکھا تھا۔

میرے مخدوم! شرعی طریقوں میں سے جس وضع پر آپ چاہیں رہیں، کوئی مضائقہ نہیں، بشرطیکہ رشتہ محبت نہ ٹوٹے، بلکہ روز بروز مضبوط ہوتا جائے، اور یہ شعلہ اشتیاق ومحبت سرد نہ پڑنے پائے بلکہ لحظہ بلحظہ اس میں زیادتی اور تیزی ہوتی رہے۔ کیونکہ ہمارا تعلق حُبّی (محبت پر) ہے اور ہماری نسبت انعکاسی اور انصباغی (دوسرے کا اثر وعکس قبول کرنا اور رنگ میں رنگ جانا) ہے۔ اس لئے جلد یا بدیر اور طریق کی بعض خصوصیات کا علم نہ ہونے کے باعث قرب وبعد میں کچھ فرق نہیں رکھتی۔ اس معنی کی تحقیق اس مکتوب کے خاتمہ سے جو فرزندی وارشدی کے نام اس طریقہ کے بیان میں لکھا ہے معلوم کریں۔ اس مکتوب کی نقل برادوم سیادت پناہ میر محمد نعمان کے دوست لے گئے ہیں وہاں سے منگوالیں۔ کلام کو زیادہ طول کیا دیا جائے۔ والسّلام

حاشیہ متن

﴿صہ ۹۹﴾ پہلے حرف پر پیش ہے اور دوسرا ساکن ہے، آہستگی اور سستی تیزی کی ضد اور الٹ ۱۲

ب یعنی جو قریب ہے وہ اس سلسلہ کی بعض خصوصیات کا عالم ہے بعید والا نہیں ۱۲

ل یعنی مکتوب ۲۶۰ دوسو ساٹھ جلد اول ۱۲

....

متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۹۹﴾ ☆ انعکاسی ...... است ۱۲ ...... عکس پڑنے سے ہے ۱۲ ☆ مبتہج ...... مسرور وخوش ۱۲ ☆ منبئی ...... اسم فاعل از انباء بالکسر خبر دادن ۱۲ ...... یہ انباء (الف کی زیر ہے) سے اسم فاعل ہے، یعنی انباء خبر دینا ۱۲ ☆ فرط ...... زیادت ۱۲ ...... زیادہ کثیر ۱۲ ☆ ازدیاد ...... زیادت ۱۲ ...... زیادہ ہونا ۱۲ ☆ نائرہ ...... آتش وشعلہ ۱۲ ...... آگ اور شعلہ ۱۲ ☆ التہاب ...... بالکسر برافروختہ شدن، آتش وشعلہ زن شدن ۱۲ ...... الف کی زیر سے، روشن ہونا، آگ اور شعلہ ظاہر ہونا ۱۲ ☆ انصباغی ...... است ۱۲ ...... رنگین ہونا ہے ۱۲ ☆ مگر درسرعت ...... یعنی قریب را بسرعت حاصل می شود بعید را بدیر رنگے ۱۲ ...... یعنی قریب والے کو جلدی حاصل ہوتا ہے اور دور والے کو دیر سے ۱۲ ☆ فرزندی ...... خواجہ محمد صادق ۱۲ ☆ اطناب ...... درازی کلام ۱۲ ...... طویل بات ۱۲

....

دوسوتریسٹھواں مکتوب ﴿۲۶۳﴾

Marfat.com

جناب معارف آگاہ میاں شیخ تاج کی طرف صادر فرمایا...........ان معارف کے بیان میں جو کعبہ ربانی سے تعلق رکھتے ہیں اور نماز کے فضائل اور اس کے مناسب بیان میں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى (تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں اور اس کے برگزیدہ بندوں پر سلام ہو)..........آپ کے قدوم مسرت لزوم (تشریف آوری) کی خوشخبری سن کر مشتاق دوستوں کو بہت زیادہ خوشی حاصل ہوئی، اس پر اللہ سبحان کی حمد اور احسان ہے۔

انصاف بدہ اے فلک مینا فام — تازین دو کدام خوب تر کرد خرام
خورشید جہانتابِ تو از جانب مشرق — یا ماہِ جہاں گرد من از جانب شام
(اے فلک انصاف کر بہر خدا — کون ان دونوں میں بہتر ہے بتا
تیرا سورج ہے جو مشرق سے اٹھے؟ — یا وہ چاند آئے جو بیشک شام سے!)

جب آپ نے (حرمین شریفین سے ہندوستان میں) قدم رنجہ فرمایا ہے (تشریف لے آئے ہیں) تو جلد تشریف لائیں کیونکہ ہم آپ کی آمد کے مشتاق و منتظر ہیں اور بیت اللہ شریف کی خبریں سننے کی آرزو رکھتے ہیں۔

فقیر کے نزدیک جس طرح کعبہ ربانی کی ظاہری صورت مخلوق کی صورتوں کے لئے خواہ وہ بشر ہوں یا ملک، مسجود الیہا ہے، اسی طرح اس (کعبہ شریف) کی حقیقت بھی تمام مخلوقات کے لئے مسجود الیہا ہے۔..........پس لازمی طور پر وہ حقیقت (کعبہ ربانی) تمام حقائق پر فوقیت رکھتی ہے اور اس (حقیقت کعبہ) کے متعلقہ کمالات تمام حقائق کے متعلقہ کمالات سے فائق تر ہیں۔ گویا حقیقت کعبہ ''حقائق کونی'' اور حقائق الٰہی جل سلطانہٗ کے درمیان ایک برزخ (متوسط) راہ ہے۔ اور ''حقائق الٰہی'' سے مراد عظمت و کبریائی کے پردے ہیں، کیونکہ کوئی رنگ و کیف اس (تعالیٰ شانہ) کے ''دامان اقدس'' تک نہیں پہنچتا، اور کوئی ظلیت اس تک راہ نہیں پاتی..........دنیاوی عروجات اور اس کے ظہورات کی نہایت ''حقائق کونی'' کی انتہا تک ہے ''حقائق الٰہی'' جل شانہٗ سے کوئی حصہ حاصل ہونا آخرت کے ساتھ مخصوص ہے، مگر نماز میں جو کہ ''مومن کی معراج ہے''، اور اس معراج یعنی نماز میں گویا (وقتی طور پر) دنیا سے آخرت کی طرف جانا ہوتا ہے وہ حظ (لذت) جو آخرت میں نصیب ہوگا اس کا کچھ حصہ (نماز میں) میسر ہو جاتا ہے..........میں خیال کرتا ہوں کہ اس دولت کے حاصل ہونے کا عمدہ ذریعہ نمازی کا نماز میں جہت کعبہ کی طرف متوجہ ہونے پر منحصر ہے، کیونکہ جہتِ کعبہ ''حقائق الٰہی'' تعالیٰ و تقدس کے ظہورات کا مقام ہے، لہٰذا کعبہ دنیا میں ایک عجوبہ روزگار ہے جو بظاہر دنیا سے ہے لیکن حقیقت میں آخرت سے متعلق ہے۔ اور نماز نے بھی اس (کعبہ معظمہ) کے توسط سے یہ نسبت پیدا کرلی ہے اور صورت و حقیقت میں دنیا اور آخرت کی جامع ہوگئی ہے..........اور یہ بات متحقق ہوگئی ہے کہ وہ حالت (کیفیت) جو نماز کی ادائیگی میں میسّر ہوتی ہے وہ ان تمام حالات سے بلند و بالا ہے جو نماز کے علاوہ حاصل ہوتے ہیں کیونکہ وہ (بیرونِ نماز والے) حالات ''دائرہ ظل'' سے باہر نہیں نکلتے خواہ وہ کتنے ہی بلند ہوں، اور یہ حالتِ (نماز) اصل سے حصہ رکھتی ہے۔ اور جسقدر فرق ظل اور

Marfat.com

اصل کے درمیان ہے اسی قدر فرق بیرونِ نماز والی حالت اور اندرونِ نماز والی حالت کے درمیان جاننا چاہیے.......... (یہ فقیر) مشاہدہ کرتا ہے کہ جو حالت اللہ سبحانہٗ کی عنایت سے موت کے وقت ظاہر ہوگی وہ نماز کی حالت سے بھی بلند ہوگی، کیونکہ موت، احوالِ آخرت کے مقدمات میں سے ہے اور جو چیز آخرت سے قریب ہے وہ اتم و اکمل ہے کیونکہ یہاں (دنیا میں) ''ظہور صورت'' ہے (یعنی ظاہری کیفیت ہے) اور وہاں (آخرت میں) ظہورِ حقیقت کہ ان دونوں میں بہت بڑا فرق ہے۔

اور ایسے ہی وہ حالت جو الٰہی جل سلطانہٗ کے کرم سے ''برزخِ صغریٰ'' (قبر) میں میسر ہوگی وہ اس حالت سے بڑھ کر ہوگی جو موت کے وقت ہوتی ہے۔ اور یہی نسبت ''برزخ کبریٰ'' کو جو کہ روز قیامت ہے ''برزخِ صغریٰ'' سے ہے کیونکہ وہاں ''برزخِ کبریٰ'' کا مشہود اتم و اکمل ہے اور جنات النعیم کا مشہود برزخ کبری کے مشہود کی نسبت زیادہ اتمیت و اکملیت رکھتا ہے اور اس کو ان تمام مقامات پر فوقیت حاصل ہے جس کے متعلق مخبرِ صادق علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات نے خبر دی ہے اور فرمایا ہے۔ اِنَّ لِلّٰہِ جَنَّۃً لَیْسَ فِیْھَا حُوْرٌ وَّلَا قُصُوْرٌ یَتَجَلّٰی فِیْھَا رَبُّنَا ضَاحِکًا (بے شک اللہ تعالیٰ کی ایک جنت ہے جس میں نہ حور ہے نہ قصور (محلات) اس میں اللہ تعالیٰ ہنستے ہوئے تجلی فرمائے گا)

..........لہٰذا تمام ظہورات میں سے ادنیٰ ظہور دنیا اور اس کا مافیہا ہے اور ان ظہورات میں سے اعلیٰ مقام جنت ہے، بلکہ دنیا ہرگز ظہور کا مقام نہیں ہے وہ تو ظلال کے ظہورات اور مثال کی نمائش ہے جو دنیا کے ساتھ مخصوص ہے۔ فقیر کے نزدیک امور دنیاوی میں شمار ہیں۔ اور حقیقت میں وہ ظہورات، خواہ تجلیات صفات ہوں یا تجلیات ذات، سب دائرہ امکان میں داخل ہیں۔ تَعَالَی اللّٰہُ عَمَّا یَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا کَبِیْرًا (اللہ تعالیٰ اس بات سے جو لوگ کہتے ہیں بلند و بالا ہے).......... فقیر پورے طور پر جب دنیا کو ملاحظہ کرتا ہے تو اس کو محض خالی پاتا ہے، اور اس کے دماغ میں مطلوب کی کچھ بھی خوشبو نہیں پہنچتی ....

حاصل کلام یہ ہے کہ دنیا آخرت کی کھیتی ہے۔ اس جگہ مطلوب کو تلاش کرنا اپنے آپ کو پریشان کرنا یا غیر مطلوب کو مطلوب جاننے (کی غلطی کرنا ہے) چنانچہ اکثر لوگ اس میں گرفتار ہیں اور اپنے خواب و خیال میں محوِ آرام ہیں۔ اس مقام میں صرف نماز ہی ہے جو اصل کی خبر دیتی ہے اور مطلوب کی خوشبو سنگھاتی ہے۔ وَدُوْنَہٗ خَرْطُ الْقَتَادِ (اس کے علاوہ بے فائدہ رنج اٹھانا ہے)

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۹۹﴾ ۲ خرام پہلے حرف کے نیچے زیر، ناز کے ساتھ نرم رفتار ۱۲

﴿صہ ۱۰۰﴾ ۱ ممکن موجودات کی حقیقتیں ۱۲

۱ قولہ اعجوبہ: ہمزہ پر پیش ہے بمعنی عجیب اور وہ جو تعجب میں ڈالے ۱۲

۲ یعنی اگرچہ وہ حالات عالی و بلند ہوں ۱۲

۳ یعنی ظہور صورت اور ظہور حقیقت میں بہت زیادہ دوری ہے اور بے حد فرق ہے ۱۲

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ چوتھا حصہ

Marfat.com

۴ عالم قبر جو دنیا و آخرت کے درمیان ہے ۱۲

﴿صہ ۱۰۱﴾ ل یعنی بے شک اللہ تعالیٰ کی ایک جنت ہے جس میں نہ خوبصورت عورتیں ہیں نہ بلند محلات بلکہ وہ ایسی جگہ ہے وہاں اللہ تعالیٰ ہنستے ہوئے تجلی فرمائے گا یعنی ہم سے خوش اور راضی ہوگا ۱۲

حدیث کی تخریج کرنے والے نے کہا: میں نے اسکی اصل نہیں پائی، میں کہتا ہوں صوفیہ کی کتابوں میں یہ حدیث مشہور ہے، اسکو شیخ شرف الدین یحیٰی منیری نے اپنے مکتوبات میں ذکر کیا ہے، یہ وہ ہے جو تشید المبانی میں ہے، ایسے ہی معرب (ملا مراد مکی) نے کہا ہے میں (نور احمد) اللہ کی توفیق سے کہتا ہوں: کتاب مشکوٰۃ کے باب صفۃ الجنۃ واھلھا میں ہے: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اِنَّ فِی الجنۃِ لَسُوقًا یأتونَھا کُلَّ جُمُعَۃٍ، فَتَھُبُّ رِیحُ الشِمالِ، فتحشو فی وُجُوھِھم و ثیابھم فَیَزدادُون حُسنًا و جمالًا الخ (جنت میں ایک بازار (اجتماع کی ایک جگہ) ہے جہاں جنتی ہر جمعہ کے دن جائیں گے اور شمالی ہوا چلے گی اور ان کے چہروں اور کپڑوں میں مختلف قسم کی خوشبوئیں انڈیل دے گی تو ان کا حسن و جمال (دوبالا ہو جائے گا) اور سعید بن مسیب نے بیان کیا کہ وہ حضرت ابو ہریرۃ کو ملے تو حضرت ابو ہریرہ نے کہا: میں اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتا ہوں کہ مجھے اور تمہیں جنت کے بازار میں جمع فرمادے، حضرت سعید نے پوچھا کیا جنت میں بازار ہے؟ حضرت ابو ہریرہ نے فرمایا: ہاں مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی: اِنَّ اَھلَ الْجَنَّۃِ اِذا دَخَلُوْھا نَزَلُوا فِیْھا بِفَضْلِ اَعْمَالِھِمْ ثُمَّ یُؤْذَنُ لَھُمْ فِی مِقْدارِ یَوْمِ الْجُمُعَۃِ مِنْ اَیَّامِ الدُّنیا فَیَزُوْرُوْنَ رَبَّھُمْ وَیُبْرِزُلَھُمْ عَرْشَہٗ و یَتَبَدّٰی لَھُمْ فِیْ رَوْضَۃٍ مِّنْ رِیَاضِ الْجَنَّۃِ فِی اٰخِرِ مَا قَالَ : وَفِیْہِ لَیْسَ یُبَاعُ فِیْھَا وَلَا یُشْتَرٰی وَفِیْ ذٰلِکَ السُّوْقِ یَلْقٰی اَھْلُ الْجَنَّۃِ بَعْضُھُمْ بَعْضًا، وَّفِیْہِ ثُمَّ نَنْصَرِفُ اِلٰی مَنَازِلِنا فَیَتَلَقَّانَا اَزْوَاجُنَا فَیَقُلْنَ الخ (''بے شک جب جنتی جنت میں داخل ہوں گے تو اس میں اپنے عملوں کی فضیلت کے مطابق داخل ہوں گے پھر انہیں دنیا کے دنوں میں سے جمعہ کے دن کی مقدار میں اجازت دی جائے گی، پس وہ اپنے رب کی زیارت کریں گے، اللہ تعالیٰ ان کے لئے اپنا عرش ظاہر فرمائیگا۔ اور ان کے لئے جنت کے باغوں میں سے ایک باغ میں ظاہر ہوگا'' اور اس حدیث کے آخر میں جو آپ نے فرمایا اس میں ہے: ''وہاں کوئی چیز نہ تو بیچی جائے گی اور نہ ہی خریدی جائے گی، اور اس بازار میں جنتی ایک دوسرے سے ملاقات کریں گے'' اور اس میں ہے: ''پھر ہم اپنے گھروں کی طرف جائیں گے اور ہماری بیویاں ہم سے ملاقات کریں گی تو وہ کہیں گی ....'') خوب سمجھ لو کہ بے شک اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ ''بے شک اللہ تعالیٰ کی ایک جنت ہے رب تبارک وتعالیٰ کی زیارت کے لئے اور اس میں اللہ تعالیٰ تجلی فرمائے گا'' اور پھر آپ کا ارشاد ''پھر ہم اپنے گھروں کی طرف جائیں گے اور ہماری بیویاں ہم سے ملاقات کریں گی'' اس سے فائدہ حاصل ہوا کہ وہاں حوریں اور محلات نہیں ہوں گے'' اور اسی طرح حضور کا ارشاد: وہاں کوئی چیز نہ تو بیچی جائے گی اور نہ ہی خریدی جائے گی'' ۱۲

۲ قولہ مشام پہلے میم پر زبر ہے اور دوسری میم پر شد ہے مگر فارسی میں دوسری میم کی شد کے بغیر پڑھا جاتا ہے۔ اس سے مراد سونگنے کی قوت کا مقام ہے جو ناک کے آخر اور دماغ سے پہلے ہے، اس لفظ کی حقیقت جمع کا صیغہ ہے جو واحد کے معنی میں استعمال ہوتا ہے ۱۲

....

متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۹۹﴾ ☆ مینا فام ...... مینا بالکسر آبگینہ سبز یا لاجوردی وفام بمعنے رنگ ولون ۱۲ اغ ...... میم کی زیر ہے، سبز یا لاجوردی رنگ کا شیشہ اور

Marfat.com

قام کے معنی رنگ ۱۲

﴿صہ ۱۰۰﴾ ☆شرق ......مشرق ۱۲ ☆برزخ ......متوسط ۱۲ ......درمیان ۱۲ ☆سرادقات......پردہائے ۱۲ ......پردے ۱۲ ☆عظمت ......بزرگی ۱۲ ☆اِلّا ......مگر ☆معراج ......نماز ۱۲ ☆مُصَلّی ......نمازی ۱۲ ☆بصورت ......بظاہر ۱۲ ......ظاہری طور پر ۱۲ ☆وفی الحقیقت ......ودر باطن ۱۲......اور باطن میں ۱۲ ☆پیوستہ است ......نزد این فقیر ۱۲......شیخ مجدد کے نزدیک ۱۲ ☆ظل ......کہ بیرون نماز دست دادہ اند ۱۲......جو نماز کے باہر حاصل ہوتا ہے ۱۲ ☆آن حالات ......کہ بیرون نماز است ۱۲......وہ حالات جو نماز سے باہر ہوتے ہیں ۱۲ ☆این حالت ......کہ در عین اداء نماز است ۱۲......جو حالت عین نماز ادا کرنے میں ہے ۱۲ ☆مشاہدہ ......این فقیر ۱۲......شیخ مجدد کا مشاہدہ ۱۲ ☆کہ......زیرا کہ ۱۲......اس واسطے کہ ۱۲

﴿صہ ۱۰۱﴾ ☆فقیر......حضرت مجدد ۱۲ ☆مطلوب ......دنیا ۱۲ ☆دانستن ......است ۱۲......جانتا ہے ۱۲

....

دوسو چونسٹھواں مکتوب ﴿۲۶۴﴾

میر سید باقر سارنگپوری کی طرف صادر فرمایا...................اس بیان میں کہ اپنے معاملہ کو حیرت اور جہالت پر محمول کرنا چاہیے اور احوال وکشوف پر اعتماد نہیں کرنا چاہیے اور اس ضمن میں اس واقعہ کا ذکر اور تعبیر فرمائی جس کا اظہار اس علاقہ کے بعض مشائخ میں سے کسی نے کیا تھا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰی (تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں اور اس کے برگزیدہ بندوں پر سلام ہو)..................صحیفہ شریفہ جو فرط محبت اور کمال اشتیاق سے آپ نے تحریر فرمایا تھا موصول ہوکر بہت زیادہ خوشی کا باعث ہوا..................آپ اپنے کام کی طرف متوجہ رہیں اور اسماء وصفات کے ملاحظہ کے بغیر اسمِ ذات تعالیٰ وتقدس کے ذکر میں مشغول رہیں تاکہ معاملہ جہالت تک پہنچ جائے اور کام حیرت کے ساتھ انجام پذیر ہو۔ کیونکہ اسماء وصفات کا ملاحظہ بسا اوقات احوال کے ظہور کا باعث ہوتا ہے اور مواجید کے صادر ہونے کا واسطہ بن جاتا ہے۔ آپ نے سنا ہوگا کہ احوال ومواجید میں خطا کا بہت زیادہ احتمال ہے اور اس مقام میں حق کے ساتھ باطل کا اشتباہ بہت زیادہ ہے۔

آپ غور فرمائیں کہ ان دنوں گردونواح کے مشائخ میں سے ایک شیخ نے فقیر کے پاس پیغام بھیجا اور (اس طرح) اپنے احوال کا اظہار کیا کہ "مجھے فنا ومحویت اس درجہ حاصل ہوگئی ہے کہ جس چیز پر نظر پڑتی ہے کچھ نہیں معلوم ہوتا (کہ کیا ہے) زمین وآسمان کو دیکھتا ہوں تو کچھ نہیں پاتا حتی کہ عرش وکرسی کو بھی نہیں پاتا، اور جب خود کو ملاحظہ کرتا ہوں تو اپنے آپ کو بھی نہیں پاتا، اور اگر کسی کے پاس جاتا ہوں تو اس کو بھی نہیں پاتا۔ اور خدائے عزوجل وعلا بے نہایت ہے اس کی نہایت کو کسی نے نہیں پایا، مشائخ نے اسی کو کمال سمجھ لیا ہے اگر تو بھی اسی کو کمال سمجھتا ہے تو پھر میں طلب حق جل وعلا کے لئے تیرے پاس کیوں آؤں، اور اگر کسی اور بات میں کمال سمجھتا ہے تو تحریر کر"

Marfat.com

فقیر نے اس کے جواب میں لکھا کہ یہ احوال قلب کی تلوینات (قلبی کیفیات کا تغیر وتبدل) میں سے ہیں اور قلب اس راہ کا زینہ اول ہے۔اور صاحب احوال نے ابھی مقام قلب کا ایک چوتھائی حصہ طے کیا ہے اور قلب کے باقی تین حصے اور طے کرنے چاہییں۔اس کے بعد دوسرے زینہ پر چڑھنا چاہیے جس سے مراد روح ہے پھر جہاں تک اللہ تعالیٰ چاہے عروج حاصل ہو۔......................اس ماجرے کے کچھ مدت بعد فقیر کے دوستوں میں سے ایک دوست نے جو اس طریقہ کو اخذ کر کے اپنے وطن گیا ہوا تھا، جب واپس آ کر اپنا بیان کیا تو معلوم ہوا کہ اس کا حال بالکل اس شیخ کے موافق ہے جس نے سوال کیا تھا بلکہ یہ دوست اس مقام میں اس (شیخ) سے بھی آگے قدم رکھتا ہے اور جب اس کے حال میں غور کیا گیا تو ظاہر ہوا کہ اس کی یہ فنا ومحویت عنصر ہوا میں ہے جو ذرات میں سے ہر ذرہ کو محیط ہے اور ہوا کے علاوہ اور کوئی امر مشہود نہیں ہوا۔اسی کو اس نے خدائے بے نہایت جان لیا ہے۔تَعَالَی اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ عَنْ ذٰلِکَ عُلُوًّا کَبِیْرًا (اللہ تعالیٰ سبحانہٗ اس سے بہت بلند وبالا ہے)......................(دوسری مرتبہ اس دوست کو طلب کر کے جب اس کے احوال کی تفتیش کی تو یقین ہو گیا کہ اس کی گرفتاری کا سبب عنصر ہوا کے علاوہ کچھ نہیں اور اس کو بھی اس (باطنی کیفیت) سے مطلع کر دیا اور جب اس نے بھی اپنے وجدان کی طرف رجوع کیا تو اس کو معلوم ہو گیا کہ اس کو ہوا کے علاوہ کوئی چیز حاصل نہیں ہے اور اس نے اس احوال سے استغفار کر کے قدم آگے بڑھایا۔

جاننا چاہیے کہ عالم خلق جو عناصر اربعہ کا عالم ہے اور عالم ارواح کے درمیان قلب برزخ کے مانند ہے اور وہ دونوں عالم کا رنگ رکھتا ہے۔گویا قلب کا نصف حصہ عالم خلق سے متعلق ہے اور دوسرا نصف حصہ عالم ارواح سے۔اور وہ دوسرا حصہ جس کو ہم نے عالم خلق سے متصف کیا ہے اگر اس (نصف حصہ کو) بھی نصف کریں تو معاملہ عنصر ہوا کا ہو جائے گا۔پس قلب کے چوتھے حصہ سے مراد مقام ہوا ہے جو قلب کے ضمن میں ہے۔لہذا جو کچھ کہ آخر میں ظاہر ہوا وہ جواب اول کے موافق ہے اور اس کی حقیقت کے کشف کا بیان ہے۔اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ ھَدٰئنَا لِھٰذَا وَمَا کُنَّا لِنَھْتَدِیَ لَوْلَآ اَنْ ھَدٰئنَا اللّٰہُ لَقَدْ جَاءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ (تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے جس نے ہم کو اس کی ہدایت دی اور ہم ہرگز ہدایت نہ پاتے اگر وہ ہم کو ہدایت نہ دیتا۔بے شک ہمارے رب کے رسول حق بات لائے ہیں) (اعراف ۷، آیت ۴۳)

اس سے زیادہ (لکھنے کے لئے) وقت میں گنجائش نہیں: وَالسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَعَلٰی سَائِرِ مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی وَالْتَزَمَ مُتَابَعَۃَ الْمُصْطَفٰی عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ مِنَ الصَّلَوَاتِ اَفْضَلُھَا وَمِنَ التَّسْلِیْمَاتِ اَکْمَلُھَا (اور سلام ہو آپ پر اور ان سب پر جنہوں نے ہدایت کی پیروی کی اور حضرت محمد مصطفٰے علیہ وعلیٰ آلہ من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا کی متابعت کو اپنے اوپر لازم جانا)

حاشیہ متن

﴿ص ۱۰۱﴾ اپنے قول "کہ احتمال خطا در احوال ومواجید بسیار است" کی تائید ہے ۱۲

Marfat.com

﴿ص ۱۰۲﴾ ا یعنی تقلیبات و تبدیلات پس جب تک طالب راستے میں ہے صاحب تلوین ہے، اور صاحب تلوین ہمیشہ سفر میں ہے اور صاحب تمکین واصل ہے ۱۲

۲ قولہ ماجرا...... مشائخ میں سے ایک نے فقیر (شیخ مجدد) کو لکھا تھا اور فقیر نے اس کو جواب میں لکھا کہ این احوال الخ ۱۲

۳ قولہ عنصر...... پہلے اور تیسرے حرف پر پیش ہے بمعنی اصل اور بنیاد اور طبیبوں کے نزدیک مٹی، ہوا، پانی اور آگ ۱۲ اغ

ب عناصر یعنی چار اصول پانی، آگ، مٹی اور ہوا ۱۲

۴ متصف: اتصاف مصدر سے اسم فاعل ہے جو نصف ہونے کے معنی میں ہے ۱۲

ب قولہ آنچہ...... شیخ مجدد قدس سرہٗ کے قول "بدانند کہ قلب برزخ است" الخ (تین سطر پہلے) کے بارے میں ہے ۱۲

۵ آپ (شیخ مجدد قدس سرہٗ) کے قول (بارہ سطر پہلے) "وصاحب این احوال ربعے از مقام قلب طے کردہ الخ" کا جواب ہے ۱۲

....

متن...... بین السطور...... معانی

﴿ص ۱۰۱﴾ ☆ از نواحی...... اطراف و جوانب ۱۲...... علاقوں اور طرفوں سے ۱۲ ☆ فرط...... از دیاد...... زیادہ اور کثیر ۱۲

☆ فراوان...... بکسر بمعنی بسیار ۱۲...... فا کی زیر سے، بمعنی بہت زیادہ ۱۲ ☆ اسم ذات...... یعنی لفظ مبارک اللہ ۱۲ ☆ چہ

زیرا کہ...... اس لئے کہ ۱۲ ☆ واسطہ وجود...... وسیلہ ۱۲ ☆ نواحی...... اطراف...... علاقے ۱۲ ☆ محویت...... من ۱۲

...... میری محویت ۱۲

﴿ص ۱۰۲﴾ ☆ احوال...... کہ برتو وارد اند ۱۲...... جو تجھ پر وارد ہیں ۱۲ ☆ زینہ...... نردبان ۱۲...... سیڑھی ۱۲ ☆ این احوال...... یکے

از مشائخ نوشتہ ۱۲...... مشائخ میں سے ایک شیخ نے لکھے ۱۲ ☆ رُبعے...... یک رُبع یعنی چہارم حصہ ۱۲ ایک چوتھائی یعنی چوتھا حصہ ۱۲

☆ مستفسر...... پرسندہ ۱۲...... پوچھنے والا ۱۲ ☆ این...... یار ۱۲...... دوست ۱۲ ☆ نیک...... صفت ملاحظہ ۱۲...... ملاحظہ کی

صفت ہے ۱۲ ☆ او...... یار ۱۲...... وہ دوست ۱۲ ☆ اورا...... آن یار ۱۲...... اس یار کو ۱۲ ☆ مُطّلِع...... آگاہ ۱۲...... اطلاع

رکھنے والا ۱۲ ☆ بوجدان...... اندرون ۱۲...... اندر، درمیان بیچ ۱۲ ☆ مستغفر...... امرزش خواہندہ ۱۲...... بخشش چاہنے والا ۱۲

☆ پیشتر...... ترقی نمودہ ۲...... ترقی کرنے والا، آگے بڑھنے والا ۱۲ ☆ برزخ...... متوسط ۱۲...... درمیان ۱۲ ☆ نصف

...... نیم ۱۲...... آدھا ۱۲ ☆ ظاہر شد...... برفقیر ۱۲...... شیخ مجدد پر ۱۲

....

دوسو پینسٹھواں مکتوب ﴿۲۶۵﴾

شیخ عبد الہادی بدایونی کی طرف صادر فرمایا...... اس بیان میں کہ عزلت اختیار کرنے میں مسلمانوں کے حقوق ضائع نہ ہونے چاہییں، حقوق اور اس کے مناسب بیان میں۔

حمد و صلوٰۃ اور تبلیغ دعوات کے بعد واضح ہو کہ میرے سعادتمند بھائی کا مکتوب مرغوب موصول ہو کر بہت زیادہ خوشی کا باعث ہوا...... اللہ تعالیٰ کا شکر اور احسان ہے کہ مفارقت و جدائی کے عرصہ دراز نے محبت و اخلاص

Marfat.com

اور مودت و اختصاص میں کوئی تاثیر نہیں کی۔ اس کے باوجود اگر آپ یہاں تشریف لے آتے تو زیادہ مناسب تھا اَلْخَیْرُ فِیْمَا صَنَعَ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ (اور بہتری اسی میں ہے جو اللہ تعالیٰ کرے)

آپ نے گوشہ نشینی اختیار کرنے کی آرزو کی تھی، ہاں بے شک گوشہ نشینی صدیقین کی آرزو ہے آپ کو مبارک ہو۔ آپ گوشہ نشینی اختیار کریں اور اس طرح یکسو ہوں کہ مسلمانوں کے حقوق کی رعایت ہاتھ سے نہ جانے دیں ....آنحضرت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَی الْمُسْلِمِ خَمْسٌ رَدُّ السَّلَامِ وَعِیَادَۃُ الْمَرِیْضِ وَاِتِّبَاعُ الْجَنَائِزِ وَاِجَابَۃُ الدَّعْوَۃِ وَتَشْمِیْتُ الْعَاطِسِ (مسلمان کے مسلمان پر پانچ حق ہیں (۱) سلام کا جواب دینا (۲) مریض کی عیادت کرنا (۳) جنازہ کے ساتھ چلنا (۴) دعوت کا قبول کرنا (۵) اور چھینک کا جواب دینا) ....لیکن دعوت قبول کرنے میں چند شرطیں ہیں: ....احیاء العلوم میں لکھا ہے کہ "اگر طعام مشتبہ ہو، یا دعوت کا مکان اور وہاں کا فرش حلال نہ ہو، یا وہاں ریشمی فرش اور چاندی کے برتن ہوں یا چھت یا دیوار پر جانداروں کی تصویریں ہوں، یا باجے یا سماع کی کوئی چیز موجود ہو، یا کسی قسم کا لہو ولعب کا شغل ہو، یا غیبت و چغلی بہتان اور جھوٹ وغیرہ سننا پڑے تو ان سب صورتوں میں دعوت کا قبول کرنا منع ہے، اور یہ سب امور اس دعوت کی حرمت اور کراہت کا موجب ہیں۔ اور اسی طرح اگر دعوت کرنے والا ظالم یا فاسق یا مبتدع (بدعتی) یا شریر یا تکلف کرنے والا اور فخر ومباہات کا طالب ہے تب بھی یہی حکم ہے"۔ ....اور شرعۃ الاسلام میں ہے کہ ایسے طعام کی دعوت قبول نہ کریں جو ریا وسمعہ کے لئے تیار کیا گیا ہو"۔ ....اور محیط میں ہے کہ جس دسترخوان پر لہو ولعب یا سرود کا سامان ہو، یا وہاں لوگ غیبت کرتے ہوں، یا شراب پیتے ہوں وہاں بیٹھنا نہیں چاہیے۔ ....اگر یہ سب مواقع موجود نہ ہوں تو دعوت قبول کرنے سے چارہ نہیں ہے لیکن اس زمانے میں ان مواقع کا مفقود ہونا دشوار ہے۔ ....اور نیز جان لیں کہ ع

عزلت از اغیار باید نے زیار

(غیر سے دوری نہ ہرگز یار سے)

کیونکہ ہمرازوں کے ساتھ صحبت رکھنا اس طریقہ عالیہ کی سنتِ مؤکدہ ہے ....حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہٗ نے فرمایا ہے کہ "ہمارا طریق صحبت ہے کیونکہ خلوت میں شہرت ہے اور شہرت میں آفت" ....اور صحبت سے ان کی مراد طریقت سے موافقت کرنے والوں کی صحبت ہے نہ کہ مخالفین طریقت کی صحبت، کیونکہ ایک کا دوسرے میں فانی ہونا صحبت کی شرط ہے جو موافقت کے بغیر میسر نہیں ہوتا۔ ....اور مریض کی عیادت سنت ہے جبکہ اس بیمار کا کوئی خبر گیر ہو اور اس کی تیمارداری کرتا ہو، ورنہ اس بیمار کی عیادت (بیمار پرسی) واجب ہے جیسا کہ مشکوٰۃ کے حاشیہ میں کہا ہے ....نماز جنازہ میں حاضر ہونے کے لئے کم از کم چند قدم جنازے کے پیچھے چلنا چاہیے تاکہ میت کا حق ادا ہو جائے۔ ....اور جمعہ و جماعت اور نماز پنجگانہ و نماز عیدین میں حاضر ہونا ضروریات اسلام میں سے ہے کہ جن سے چارہ نہیں ہے اور باقی وقتوں کو تبتل و انقطاع

Marfat.com

(تنہائی وگوشہ نشینی) میں گذاریں لیکن پہلے نیت کی تصحیح کرلینی چاہیے اور گوشہ نشینی کو دنیا کی کسی غرض سے آلودہ نہ کریں، اور ذکر الٰہی جل سلطانہٗ کے ساتھ باطنی جمعیت کے حاصل ہونے اور بے فائدہ و بے کار اشغال سے منہ موڑنے کے سوا (گوشہ نشینی سے) اور کچھ مقصود نہ ہو...........اور تصحیح نیت میں بڑی احتیاط کریں ایسا نہ ہو کہ اس کے ضمن میں کوئی نفسانی غرض پوشیدہ ہو، اور نیت کے درست کرنے میں (اللہ تعالیٰ کے حضور میں) التجا و تضرع بہت زیادہ کریں اور عاجزی وانکساری اختیار کریں تا کہ ''حقیقت نیت'' میسر ہو جائے۔ سات استخارے ادا کریں تا کہ تصحیح نیت کے ساتھ گوشہ نشینی اختیار کرسکیں، امید ہے کہ اس پر بڑے بڑے فائدے مترتب ہوں گے۔ باقی حالات کو ملاقات پر موقوف رکھا ہے۔ والسلام

حاشیہ متن

﴿صہ ۱۰۳﴾ ۱؎ مولانا شیخ عبدالہادی رحمہ اللہ بدایونی، آپ بھی حضرت باقی باللہ قدس سرہ کے مریدوں میں سے تھے کہ جن کی تربیت حضرت مجدد قدس سرہٗ کے حوالے کی گئی تھی، آپ ان کی خدمت کی برکتوں سے ان کی عنایات کی نظر سے بہرور ہوئے، اور انکسار وافتقار سے وافر حصہ پایا ہے، حضرت مجدد نے بعض مکاتیب۱۴ میں ان کی نسبت فرمایا ہے کہ ملا عبدالہادی نے نقطہ فوق میں حضور اور حضور میں استغراق حاصل کیا ہے، اور وہ یہ بھی کہتا ہے کہ میں وہ حق تعالیٰ کو تنزیہ کی صفت میں دیکھتا ہوں اور افعال کو بھی اسی کی طرف سے جانتا ہوں، حضرت مجدد قدس سرہ کی خدمت میں مدت گذارنے کے بعد ترقیات کمالات تک پہنچ کر تعلیم طریقہ کی اجازت حاصل کرنے کا امتیاز پایا رحمہ اللہ تعالیٰ۱۲ از بدۃ المقامات بعض تغیرات۱۲

۲؎ اس حدیث کو شیخ امام مسلم اور شیخ امام بخاری رحمہما اللہ الباری نے روایت کیا ہے، یعنی مسلمان کے مسلمان پر پانچ حق ہیں (۱) سلام کا جواب دینا (۲) مریض کی عیادت کرنا (۳) جنازہ کے ساتھ چلنا (۴) دعوت کا قبول کرنا (۵) چھینک کا جواب دینا یعنی جب وہ چھینک کے بعد الحمدللہ کہے تو یَرْحَمُكَ اللّٰه کہنا۱۲

۳؎ قولہ رَدُّ السَّلَامِ اَیْ جَوَابُهٗ ، وَاَمَّا السَّلَامُ فَسُنَّةٌ ، وَهُوَ سُنَّةٌ اَفْضَلُ مِنَ الْفَرْضِ لِمَا فِيْهِ مِنَ التَّوَاضُعِ وَالتَّسَبُّبُ لِاَدَاءِ الْوَاجِبِ ۱۲ مرقاۃ (سلام لوٹانا یعنی اس کے سلام کا جواب دینا، لیکن سلام کہنا تو سنت ہے اور یہ سنت فرض سے افضل ہے کیونکہ اس میں تواضع ہے اور واجب کے ادا کا سبب ہے)

۴؎ قولہ وَعِيَادَةُ الْمَرِيْضِ وَاِتِّبَاعُ الْجَنَائِزِ (مریض کی عیادت کرنا اور جنازے کے ساتھ چلنا) و یُستثنٰی منہما اَهلُ البِدعِ والاَهواءِ مِنَ الرَّوافِضِ والخوارِجِ و غیرهما من الفِرَقِ الزنادقة ۱۲ (ان دونوں (مریض اور جنازے) سے بدعتی اور اہل ہوا رافضی اور خارجی وغیرہ زندیق فرقے مستثنیٰ ہیں (ان کی عیادت اور جنازے پر نہ جائیں)

۵؎ یعنی امام ابو حامد غزالی قدس سرہ العزیز نے احیاء العلوم میں لکھا ہے کہ دعوت قبول کرنے کا چوتھا ادب یہ ہے کہ اگر کھانا حلال ہونے میں شبہ ہو یا دعوت کی جگہ اور وہاں کا فرش حلال نہ ہو یا وہاں خلاف شریعت ریشمی فرش اور چاندی کے برتن ہوں یا چھت یا دیوار پر جاندار کی تصویر ہو یا سماع کی کوئی چیز باجے وغیرہ موجود ہوں یا کسی قسم کا لہو ولعب اور کھیل کود کا شغل ہو یا غیبت، چغلی، بہتان اور جھوٹ وغیرہ سننا پڑے تو ان سب صورتوں میں دعوت کا قبول کرنا اور مستحب ہونا ناجائز ہے اور یہ سب امور اس دعوت کے حرام اور مکروہ ہونے کا سبب ہیں، اور اسی طرح اگر دعوت کرنے والا ظالم یا فاسق یا بدعتی یا شریر یا تکلف کرنے والا اور فخر وریاکاری کا طالب ہے تب بھی یہی حکم ہے۱۲

Marfat.com

ے قولہ اِن یَمْنَعُ .... جاننا چاہیے کہ اس عبارت میں اصل کے ساتھ مقابلہ کرنے سے معلوم ہوا کہ یہاں ایک قسم کا محو اثبات واقع ہوا ہے، اور احیاء العلوم کے نسخہ پر اعتماد کیا گیا ہے اس بارے شک میں نہ پڑنا ۱۲

۶ قولہ شرعۃ الاسلام: اس کے مصنف الامام الواعظ رکن الاسلام محمد بن ابی بکر المعروف امام زادہ حنفی ہیں ان کی وفات ۵۷۳ھ میں ہوئی، یہ کتاب بڑی نفیس اور بہت فائدہ مند ہے اور ایک جلد میں ہے ۱۲ کشف الظنون

ے یعنی ایسا کھانا کھانے کے لئے نہ جائے جو ریا اور شہرت کے لئے پکایا گیا ہو یعنی لوگوں کو دکھانے سنانے کی غرض سے پکا ہو ۱۲

۸ قولہ المحیط: یہ تصنیف ہے امام رضی الدین محمد بن محمد سرخسی کی، اس کے تین نسخے ہیں پہلا سب سے بڑا ہے اور وہ محیط کے نام سے مشہور ہے غالبًا جب مطلق بولا جائے ۱۲

۹ یعنی وہاں بیٹھنا جائز نہیں ہے جہاں دستر خوان پر لہو ولعب یا گانے بجانے کا سامان ہو یا وہاں لوگ غیبت کرتے ہوں یا شراب پیتے ہوں ۱۲

﴿صہ ۱۰۴﴾ قولہ ونیز .... جیسا کہ عزلت (گوشہ نشینی) میں مسلمانوں کے حقوق کی رعایت رکھنا ضروری ہے ۱۲

ے قولہ گفتہ است: مرقاۃ میں کہا: مریض کی عیادت تو سنت ہے جب اس کی خبر گیری کرنے والا موجود ہو ورنہ واجب ہے (یعنی اسکی خدمت اور دیکھ بھال ضروری ہے)

....

متن ...... بین السطور ...... معانی

﴿صہ ۱۰۳﴾ ☆ عُزلت ...... گوشہ نشینی ۱۲ ☆ میرساند ...... بذروہ عرض ۱۲ ...... خدمت میں پیش ہیں ۱۲ ☆ تمادی ایام ...... درازی عرصہ دراز ۱۲ ☆ مفارقت ...... جدائی صوری ۱۲ ...... ظاہری جدائی ۱۲ ☆ الخیر ...... لیکن ۱۲ ...... لیکن خیر ہے ۱۲ ☆ بلے ...... آرے ۱۲ ...... ہاں ۱۲ ☆ میرسیدند ...... اینجا ۱۲ ...... اس جگہ، یہاں ۱۲ ☆ اَلعُزلَۃُ ...... یعنی گوشہ نشینی و یکسوئی متمنائے حضرات صدیقین است ...... یعنی گوشہ نشینی اور یکسوئی صدیقین حضرات کی آرزو ہے ۱۲ ☆ عُزلت ...... گوشہ نشینی ۱۲ یکسوئی ☆ انزِوا ...... بالکسر یکسو شدن ۱۲ ...... یکسو ہونا ۱۲ ...... ☆ خمس ...... وکلھن فروض کفایۃ ۱۲ ...... یہ سب فرض کفایہ ہیں ۱۲

﴿صہ ۱۰۴﴾ ☆ غناء ...... بکسر اول و مد بمعنی نغمہ و سرود ۱۲ ...... پہلے حرف کے نیچے زیر ہے اور الف پر مد ہے بمعنی نغمہ اور راگ و گیت ۱۲ ☆ مطالب المومنین ...... فی فقہ الحنفی ۱۲ ...... فقہ حنفی کی کتاب ہے ۱۲ ☆ فقدان ...... نبودن ۱۲ ...... نہ ہونا، غائب ہونا ۱۲ ☆ کہ ...... آن نفی ۱۲ ...... وہ نفی ☆ مراد از صحبت ...... درکلام حضرت خواجہ ۱۲ ...... حضرت خواجہ کے کلام میں ☆ متعہد ...... خبر گیر ۱۲ ...... خبر گیری کرنے والا، بیمار کی خدمت کرنے والا ۱۲ ☆ اِلَّا ...... ورنہ ۱۲ ☆ لا اَقَل ...... کم از کم ۱۲ ☆ متابعت ...... پس ۱۲ ...... پیچھے چلنا ۱۲ ☆ تصحیح ...... درستگی ۱۲ ...... درست کرنا ۱۲ ☆ لوث ...... آلودگی ۱۲ ...... آلائش ۱۲ ☆ عاجلہ ...... دنیا ۱۲ ☆ ملوث ...... آلودہ ۱۲ ☆ لاطائل ...... بے فائدہ ۱۲ ☆ مختفی ...... پوشیدہ ۱۲ ☆ تضرُّع ...... بجناب حق جل وعلا ...... اللہ تعالیٰ کی جناب میں زاری کرنا ☆ احوال را ...... این فقیر ۱۲ ...... شیخ مجدد ☆ ملاقات ...... شما ۱۲ ...... تمہاری ملاقات ۱۲

﴿۲۶۶﴾ دو سو چھیاسٹھواں مکتوب

حضرات پیرزادگان خواجہ عبداللہ و خواجہ عبیداللہ کی طرف صادر فرمایا ...... بعض عقائد کلامیہ کے بیان میں جو اہل

Marfat.com

سنت و جماعت شکر اللہ تعالیٰ سعیہم کی آراء کے موافق اور جو آپ کو الہام اور فراست کی بنا پر حاصل ہوئے نہ کہ تقلید و تخمین (گمان) کے مطابق ابتدائے احوال میں حضرت پیغمبر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کی خواب میں زیارت ہوئی اور آپ نے فرمایا کہ تم علم کلام کے مجتہدوں میں سے ہو'' اور اس واقعہ کو آپ نے حضرت خواجہ (باقی باللہ) کی خدمت میں عرض کیا تھا۔ اسی روز سے حضرت والا (مجدد الف ثانی) کی مسائل کلامیہ کے ہر مسئلہ میں علیحدہ رائے اور جدا حکم ہے البتہ اکثر مسائل میں مشائخ ماتریدیہ سے موافقت رکھتے ہیں۔ اور فلاسفہ کے رد میں اور ان کی مذمت اور برائی کے بیان میں اور ملحدوں اور زندیقوں کے رد میں جنہوں نے صوفیہ کی مراد کو نہیں سمجھا اور گمراہ ہو گئے۔ اور بعض فقہی احکام کے بیان میں جو صلوٰۃ سے متعلق ہیں۔ اور طریقہ عالیہ نقشبندیہ کے کمالات کے بیان میں کہ ان کا التزام سنت کی تابعداری میں ہے۔ اور سماع و سرود کے منع کرنے اور رقاصوں کی مجلس میں شرکت سے منع کرنے کے بیان میں اور ان کے مناسب بیان میں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ط رَبِّ يَسِّرۡ وَلَا تُعَسِّرۡ وَتَمِّمۡ بِالۡخَيۡرِ (اے رب (ہمارے) کام کو آسان کر اور مشکل میں نہ ڈال اور خیر و خوبی سے مکمل فرما) .... حمد و صلوٰۃ اور تبلیغ دعوات کے بعد مخدوم زادوں کی جناب میں عرض ہے کہ یہ فقیر سر سے پاؤں تک آپ کے والد بزرگوار کے احسانات میں غرق ہے۔ اور اس طریقہ (نقشبندیہ) میں الف ب کا سبق ان ہی سے حاصل کیا ہے۔ اس راہ میں حروف تہجی بھی ان ہی سے سیکھے ہیں، اور ''اندراج النہایت فی البدایت'' (ابتدا میں انتہا کا درج ہونا) کی دولت بھی ان ہی کی صحبت کی برکت سے حاصل ہوئی ہے۔ اور ''سفر در وطن'' کی سعادت بھی ان ہی کی خدمت کے صدقے میں ملی ہے .... ان کی شریف توجہ نے ''ڈھائی ماہ'' میں اس نا قابل کی ''نسبتِ نقشبندیہ'' تک پہنچا دیا اور ان اکابر کا حضور خاص عطا فرما دیا۔ اور اس قلیل مدت میں جو تجلیات، ظہورات، انوار، الوان، بے رنگیاں اور بے کیفیتیں ان کے طفیل حاصل ہوئیں ان کی کیا شرح کروں اور کیا تفصیل بیان کروں .... ان کی توجہ شریف کی برکت سے معارف توحید، اتحاد، قرب و معیت اور احاطہ و سریان میں شاید ہی کوئی دقیقہ رہ گیا ہو جو اس فقیر پر کھولا نہ گیا ہو اور اس کی حقیقت کی اطلاع نہ دی گئی ہو۔ وحدت کا شہود کثرت میں اور کثرت کا مشاہدہ وحدت میں کرنا ان معارف کے مقامات و مبادی میں سے ہے۔

مختصر یہ کہ جس جگہ نسبت نقشبندیہ اور ان بزرگوں کا حضور خاص ہے وہاں ان معارف کو زبان پر لانا اور شہود و مشاہدہ کا نشان بیان کرنا کوتاہ نظری ہے، کیونکہ ان اکابرین کا کارخانہ بہت بلند ہے اور ہر زرّاق (مکار) اور رقاص (ناچنے والا) اس کے ساتھ کوئی نسبت نہیں رکھتا۔ جب اس قسم کے بلند درجے والی دولت ان (خواجہ باقی باللہ) سے اس فقیر کو پہنچی ہو تو اگر تمام عمر بھی اپنے سر کو خدام بارگاہ عالی (کے قدموں) میں پامال کرے تو بھی کچھ حق ادا نہ ہو۔

(یہ عاجز) اپنی کوتاہیاں کیا عرض کرے اور اپنی شرمندگیوں کا کیا اظہار کرے۔ لیکن معارف آگاہ خواجہ حسام الدین احمد کو حضرت حق سبحانہٗ ہماری طرف سے جزائے خیر دے کہ انہوں نے ہم کم ہمتوں کا بوجھ اپنے اوپر اٹھانے کا التزام کر کے خدام بارگاہ کی خدمت کے لئے اپنی کمرِ ہمت کو باندھ لیا اور ہم دور پڑے ہوؤں کو اس سے

Marfat.com

فارغ کردیا۔

گر بر تنِ من زباں شود ہر موئے یک شکرِ وے از ہزار نتوانم کرد

(ہر بال بھی گر زباں ہو اک شکر بھی کیا بیاں ہو)

یہ فقیر تین مرتبہ حضرت ایشاں (خواجہ باقی باللہ) کی قدم بوسی کی دولت سے مشرف ہوا، آخری مرتبہ (کی حاضری پر) فقیر سے ارشاد فرمایا کہ مجھ پر بدن کا ضعف غالب آ گیا ہے زندگی کی امید کم ہے، بچوں کے احوال سے خبردار رہنا ہوگا''......اور اپنے حضور میں آپ (دونوں) کو طلب فرمایا، اس وقت آپ دودھ پلانے والیوں کی گود میں تھے۔ اور فقیر کو حکم دیا کہ ان (بچوں) پر توجہ کرو۔ حسب الامران ہی کے حضور میں اس فقیر نے آپ (دونوں) کی طرف توجہ کی، یہاںتک کہ اس توجہ کا اثر ظاہر میں بھی نمایاں ہوا۔ بعدازاں فرمایا کہ ''ان بچوں کی والداؤں پر بھی غائبانہ توجہ کرو'' حسب الحکم ان پر بھی غائبانہ توجہ کی گئی امید ہے کہ حضرت ایشاں (خواجہ صاحب) کی برکت سے اس توجہ کے نتائج وثمرات حاصل ہوں گے......آپ ہرگز یہ تصور نہ کریں کہ ان کے واجب الاطاعت حکم اور وصیت لازمہ سے (کسی قسم کی) غفلت اور فراموشی واقع ہوئی ہے، ہرگز نہیں۔ بلکہ (یہ حقیر) آپ کی طرف سے اشارہ اور اجازت کا منتظر ہے۔

فی الحال چند فقرے بطریق نصیحت لکھے جاتے ہیں، امید ہے کہ گوشِ ہوش سے سماعت فرمائیں گے،

اَسْعَدَکُمُ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ (اللہ سبحانہٗ آپ کو سعادتمند بنائے)

عقلمندوں پر سب سے اول فرض یہ ہے کہ علمائے اہلِ سنت و جماعت شکراللہ تعالیٰ سعیہم جو فرقہ ناجیہ ہیں ان کی صحیح رائے کے مطابق اپنے عقائد کو درست کریں۔ چنانچہ بعض مسائل اعتقادیہ جن میں قدرے پوشیدگی ہے ان کا اظہار کیا جاتا ہے۔

عقیدہ: جاننا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ اپنی ذات مقدس کے ساتھ خود موجود ہے اور تمام اشیاء اس تعالیٰ کی ایجاد سے موجود ہیں۔ اور حق تعالیٰ اپنی ذات وصفات اور افعال میں یگانہ ہے۔ اور فی الحقیقت کسی امر میں بھی خواہ وجودی ہو یا غیر وجودی کوئی بھی اس کے ساتھ شریک نہیں ہے (اس کی جناب میں) مشارکت اسمی اور مناسبت لفظی بحث سے خارج ہے۔......اللہ سبحانہٗ کی صفات اور افعال اس کی ذات کی طرح بے چون اور بے چگونہ ہیں۔ اور ممکنات کی صفات اور افعال کے ساتھ کچھ مناسبت نہیں رکھتے، مثلاً صفت العلم اس سبحانہ کی ایک صفت قدیم اور بسیط حقیقی ہے جس میں ''تعدّد اور تکثّر'' کو ہرگز دخل نہیں ہے، اگرچہ وہ تکثّر تعددِ تعلقات کے اعتبار سے ہی کیوں نہ ہو، کیونکہ وہاں ایک ہی بسیط انکشاف ہے کہ ازل وابد کے معلومات اسی انکشاف سے منکشف ہوتی ہیں۔ اور (حق تعالیٰ) تمام اشیاء کو ان کے ''متناسبہ ومتضادہ'' (موافق ومخالف) احوال کے ساتھ کُلی وجزوی طور پر ہر ایک کے اوقاتِ مخصوصہ کے ساتھ آنِ واحد میں بسیط جانتا ہے......یعنی اسی ایک آن میں ''زید'' کو موجود بھی جانتا ہے اور معدوم بھی اور جنین (ماں کے پیٹ میں بھی)، اور طفل، جوان اور بوڑھا بھی، زندہ اور مردہ بھی، کھڑا ہوا اور بیٹھا

Marfat.com

بھی، تکیہ لگائے ہوئے لیٹا ہوا بھی، ہنستا ہوا اور روتا ہوا بھی لذت پانے والا اور تکلیف پانے والا بھی، عزت والا اور ذلیل بھی، برزخ میں بھی اور حشرات (عرصہ قیامت) میں بھی جنت میں بھی اور اس کی لذات ونعمتوں میں بھی جانتا ہے، لہذا تعدّدِ تعلق بھی اس مقام میں مفقود ہے۔ کیونکہ تعدد تعلقات، تعدّد اوقات اور وقت کی کثرت پر چاہتا ہے۔ اور وہاں ازل سے ابد تک صرف ایک ہی آن واحد بسیط ہے جس میں کسی قسم کا تعدد نہیں ہے کیونکہ حق تعالیٰ پر نہ زمانہ جاری ہے اور نہ تقدم وتاخر کے احکام جاری ہو سکتے ہیں .... لہذا اس تعالیٰ کے علم میں اگر ہم معلومات کے ساتھ تعلق کا اثبات کریں تو وہ صرف ایک تعلق ہوگا جو تمام معلومات کے ساتھ متعلق ہے اور وہ تعلق بھی مجہول (الکیفیت ہے) یعنی اس تعلق کی کیفیت معلوم نہیں) اور صفت العلم کی طرح بے چون وبے چگونہ ہے۔

ہم اس تصور کے استبعاد (یعنی قیاس اور فہم سے دور اور بعید ہونے) کو ایک مثال کے ذریعہ زائل کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ایک شخص ایک ہی وقت میں ایک ''کلمہ'' کو اس کے ''اقسامِ متبائنہ'' (مختلف اقسام) اور ''احوال متغائرہ'' (متفرق احوال) اور ''اعتبارات متضادہ'' (مخالف اعتبارات) سے جانتا ہے، لہذا اسی ایک وقت میں اس کلمہ کو اسم بھی جانتا ہے اور فعل بھی حرف بھی اور ثلاثی بھی، (یعنی تین حروف والا)، رباعی (چار حروف والا) بھی اور معرب بھی (یعنی جو تینوں حالتیں رفعی نصبی اور جری قبول کرے) مبنی بھی عوامل کے ذریعے تغیر وتبدل نہ پانا)، متمکن (ٹھہرنے والا) بھی اور غیر متمکن بھی، منصرف (وہ اسم جو تنوین قبول کرے) بھی اور غیر منصرف بھی، معرفہ (خاص پہچانا ہوا) بھی اور نکرہ (عام جو نہ پہچانا جائے) بھی، ماضی بھی اور مستقبل بھی، امر بھی اور نہی بھی جانتا ہے، بلکہ اس شخص کے لئے جائز ہے کہ وہ کہے کہ میں ''کلمہ'' کے تمام اقسام اور اعتبارات کو کلمہ کے آئینے میں بیک وقت تفصیل کے ساتھ دیکھتا ہوں، جبکہ ممکن کے علم میں بلکہ ممکن کی دید میں اضداد کا جمع ہونا متصور ہے تو پھر اس واجب تعالیٰ وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى (نحل ۱۶۰، آیت ۶۰) (اور اللہ تعالیٰ کی مثال سب سے اعلیٰ ہے) کے علم میں یہ بات کس طرح بعید معلوم ہوتی ہے۔

جاننا چاہیے کہ اس جگہ اگرچہ ظاہر صورت میں ''جمع ضدین'' ہے لیکن حقیقت میں ان کے درمیان ضدیت (تضاد) مفقود ہے کیونکہ اگرچہ (حق تعالیٰ) زید کو آنِ واحد میں موجود اور معدوم جانتا ہے۔ لیکن اسی آن میں یہ بھی جانتا ہے کہ اس کے وجود کا وقت مثلاً ہزار سال سنہ ہجری کے بعد ہے اور اس کے وجود سے ''عدمِ سابق'' کا وقت اس سال معین سے پہلے ہے، اور اس کے عدم لاحق کا وقت گیارہ سو سال کے بعد ہے، لہذا حقیقت میں ان دونوں کے درمیان زمانے کی تبدیلی کی وجہ سے کوئی تضاد نہیں ہے، اور باقی احوال کو بھی اسی پر قیاس کر سکتے ہیں، پس سمجھ لو۔

اس تحقیق سے واضح ہو گیا کہ حق تعالیٰ کا علم اگرچہ تغیر پانے والی جزئیات سے متعلق ہو لیکن اس کے علم میں تغیر کا شائبہ بھی راہ نہیں پاتا اور حدوث کا گمان اس کی صفت میں پیدا نہیں ہوتا، جیسا کہ فلاسفہ نے زعم (غلط دعوی) کیا ہے۔ کیونکہ تغیر اسی تقدیر پر متصور ہو سکتا ہے۔ جبکہ ایک کو دوسرے کے بعد جانتا ہو، اور جب سب کو آن واحد میں جان لے تو پھر تغیر وحدوث کی گنجائش نہیں ہے .... پس اس کی کچھ حاجت نہیں ہے کہ ہم اس (تعالیٰ) کے

Marfat.com

لئے متعدد تعلقات کا اثبات کریں تا کہ تغیر وحدوث ان تعلقات کے ساتھ راجع ہو، نہ کہ صفتِ علم کی طرف، جیسا کہ بعض متکلمین نے فلاسفہ کے شبہ کو دور کرنے کے لئے کیا ہے۔ ہاں اگر معلومات کی جانب تعدد تعلقات کا اثبات کریں تو اس کی گنجائش ہے۔

اور اسی طرح ایک کلام بسیط ہے جو ازل سے ابد تک اسی ایک کلام کے ساتھ گویا (ناطق) ہے۔ اگر ''امر'' ہے تو وہ بھی وہیں سے پیدا ہوا ہے اور اگر ''نہی'' ہے تو وہ بھی وہیں سے ہے اور اگر اعلام (خبر) ہے تو بھی وہیں سے ماخوذ ہے اگر استفہام ہے تو وہ بھی وہیں سے، اگر تمنی یا ترجی ہے (آرزو کرنا۔ امید رکھنا) تو وہ بھی وہیں سے مستفاد ہے...... تمام نازل شدہ کتابیں اور بھیجے ہوئے صحیفے اس ''کلام بسیط کا ایک ورق ہیں، اگر توریت ہے تو وہ بھی وہیں سے لکھی گئی ہے۔ اور ''انجیل'' ہے تو اس نے بھی وہیں سے صورت لفظی حاصل کی ہے، اور اگر ''زبور'' ہے تو وہ بھی وہیں سے مسطور ہوئی ہے۔ اور اگر ''فرقان'' ہے تو وہ بھی وہیں سے نازل ہوا ہے۔

والله کلامِ حق کہ علی الحق یکے ست و بس (واللہ بس کلام خدا ہے کلام حق)

پس در نزول مختلف آثار آمدہ (ہاں نزول میں مختلف آثار آئے ہیں)

اور اسی طرح ایک ہی فعل ہے اور اسی فعل کے ذریعے اولین و آخرین کی مصنوعات وجود میں آ رہی ہیں (جیسا کہ ارشاد ہے) وَمَا اَمْرُنَا اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ (سورہ قمر ۵۴، آیت ۵۰) (اور ہمارا حکم بس ایسا یکبارگی ہو جائے گا جیسے آنکھ جھپکانا) اس آیت کریمہ میں (اس حقیقت مذکورہ کی طرف اشارہ ہے کہ اگر زندہ کرنا یا مارنا ہے تو وہ اسی ایک فعل سے مربوط ہے۔ اور اگر ایلام (تکلیف) ہے یا انعام ہے تو وہ بھی اسی ایک فعل سے (منوط) ملا ہوا ہے، اور اگر ایجاد ہے یا اعدام (مٹا دینا) ہے تو وہ بھی اسی ایک فعل سے پیدا ہوا ہے...... لہٰذا حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے فعل میں بھی تعدد تعلقات ثابت نہیں ہے بلکہ ایک ہی تعلق سے مخلوقات اولین و آخرین اپنے وجود کے اوقات مخصوصہ میں وجود پذیر ہو رہی ہے اور یہ تعلق بھی حق تعالیٰ کے فعل کے مانند بے چون و بے چگونہ ہے کیونکہ چون کو بے چون کے ساتھ کوئی راہ نہیں ہے۔ لَا يَحْمِلُ عَطَايَا الْمَلِكِ اِلَّا مَطَايَاهُ (بادشاہوں کی بخششیں ان کے اونٹ ہی اٹھا سکتے ہیں)

اشعری چونکہ حق جل سلطانہٗ کے فعل کی حقیقت سے واقف نہ تھے اس لئے تکوین کو حادث کہہ دیا اور اس سبحانہٗ کے افعال کو بھی حادث جان لیا اور انہوں نے یہ نہیں جانا کہ یہ سب حق سبحانہ کے فعلِ ازلی کے آثار ہیں نہ کہ اس تعالیٰ کے افعال...... اور اسی قبیل سے یہ ہے کہ بعض صوفیہ جنہوں نے تجلی افعال کا اثبات کیا ہے اور اس مقام میں ممکنات کے افعال کے آئینے میں سوائے فعلِ واحد جل سلطانہٗ کے کچھ نہیں دیکھا، وہ تجلی حقیقت میں حق سبحانہٗ کے فعل کے آثار کی ایک تجلی ہے نہ کہ اس تعالیٰ کے فعل کی تجلی، کیونکہ اس تعالیٰ کے فعل کو جو بے چون و بے چگونہ ہے اور قدیم ہے اور اس تعالیٰ کی ذات کے ساتھ قائم ہے جس کو ''تکوین'' کہتے ہیں، محدثات کے آئینے میں اس کی گنجائش نہیں اور ممکنات کے مظاہر میں اس کا کوئی ظہور نہیں

Marfat.com

در تنگنائے صورت معنی چگونہ گنجد　　در کلبہ گدایاں سلطان چہ کار دارد
(صورت کے تنگ گھر میں معنی کہاں سے آئے　　منگتے کی جھونپڑی میں کیوں بادشاہ جائے)

اس فقیر کے نزدیک افعال وصفات کی تجلی، ذات تعالیٰ و تقدس کی تجلی کے بغیر متصور نہیں ہے کیونکہ افعال و صفات، حضرت ذات تعالیٰ و تقدس سے جدا نہیں ہیں تا کہ ان کی تجلی ذات کی تجلی کے بغیر متصور ہو سکے ......اور جو کچھ ذات تعالیٰ و تقدس سے جدا ہے وہ اس سبحانہٗ کی صفات و افعال کے ظلال ہیں، لہذا ان کی تجلی افعال وصفات کے ظلال کی تجلی ہوئی نہ کہ افعال وصفات کی تجلی، لیکن ہر شخص کی سمجھ اس کمال تک نہیں پہنچ سکتی۔ ذٰلِكَ فَضۡلُ اللّٰهِ يُؤۡتِيهِ مَنۡ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُوالۡفَضۡلِ الۡعَظِيۡمِ ط (جمعہ ۶۲، آیت ۴) (یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جس کو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ بہت بڑے فضل والا ہے)

عقیدہ (۲) اب ہم اصل بات کی طرف رجوع ہوتے ہیں: کہ اللہ تعالیٰ کسی چیز میں حلول نہیں کرتا اور نہ ہی کوئی چیز اس میں حلول کر سکتی ہے لیکن وہ تعالیٰ ''محیط اشیاء'' ہے (یعنی تمام اشیا کو اپنے احاطہ میں لئے ہوئے ہے) اور ان کے ساتھ قرب و معیت رکھتا ہے، اور وہ احاطہ قرب و معیت ایسا نہیں ہے جو ہماری فہم قاصر میں آسکے کیونکہ یہ (بات) اس تعالیٰ کی جناب قدس کے شایان شان نہیں ہے......اور (صوفیہ) جو کچھ کشف وشہود سے معلوم کرتے ہیں وہ تعالیٰ اس سے بھی منزّہ ہے کیونکہ ممکن (بشر وغیرہ) کو حق تعالیٰ کی ذات وصفات اور افعال کی حقیقت سے سوائے جہل و نادانی اور حیرت کے کچھ نصیب نہیں ہے۔ غیب پر ایمان لانا چاہیے اور جو کچھ مکشوف و مشہود ہو اس کو لا کی نفی کے تحت لانا چاہیے۔ ؎

عنقا شکار کس نشود دام باز چیں　　کایں جا ہمیشہ باد بدست است دام را
(اٹھا لے جال، شکار عنقا محال　　بس یہاں جال کا یہی ہے مآل)

حضرت ایشاں (خواجہ باقی باللہ) کی مثنوی کا ایک بیت اس مقام کے مناسب ہے۔ ؎

ہنوز ایوانِ استغنا بلند است　　مرا فکر رسیدن نا پسند است
(قصرِ استغنا تو اونچا ہے ہنوز　　سخت مشکل واں پہنچنا ہے ہنوز)

پس ہم ایمان لاتے ہیں کہ وہ تعالیٰ ''محیط اشیاء'' (یعنی تمام اشیاء کو محیط ہے) اور ان سے قریب ہے اور ان کے ساتھ ہے لیکن اس احاطہ اور قرب و معیت کے معنی (وحقیقت) اس تعالیٰ کے ساتھ کیا ہیں وہ ہم نہیں جانتے۔ اس کو احاطہ اور قربِ علمی کہنا بھی تاویلات کے متشابہ سے ہے اور ہم اس تاویل کے قائل نہیں ہیں۔

عقیدہ (۳) اور حق تعالیٰ کسی چیز کے ساتھ متحد نہیں ہے اور اسی طرح کوئی چیز بھی اس سبحانہٗ کے ساتھ متحد نہیں ہوسکتی۔ اور بعض صوفیہ کی عبارات سے جو کچھ اتحاد کا مفہوم لیا جاتا ہے وہ ان کی مراد کے خلاف ہے کیونکہ ان کی مراد اس کلام سے جس سے اتحاد کا وہم ہوتا ہے إِذَا تَمَّ الْفَقْرُ فَهُوَ اللّٰهُ سے یہ ہے کہ جب فقر تمام ہو جائے اور نیستی محض (فنائیت) کے حاصل ہو جائے تو اس وقت اللہ تعالیٰ کے سوا کچھ باقی نہیں رہتا، نہ یہ کہ وہ فقیر خدائے

Marfat.com

تعالیٰ کے ساتھ متحد ہو جاتا ہے اور خدا بن جاتا ہے کیونکہ یہ کفر اور زندقہ ہے تَعَالَی اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ عَمَّا یَتَوَھَّمُ الظَّالِمُوْنَ عُلُوًّا کَبِیْرًا (اللہ تعالیٰ سبحانہٗ ظالموں کے وہم وگمان سے بہت بلند اور بڑا ہے) ......اور ہمارے حضرت خواجہ (باقی باللہ) قدس سرہ فرمایا کرتے تھے کہ انا الحق سے یہ مراد نہیں ہے کہ "میں حق ہوں" بلکہ مطلب یہ ہے کہ "میں نہیں ہوں حق سبحانہٗ موجود ہے"

عقیدہ (۴) اور تغیر وتبدل کو اس تعالیٰ کی ذات، صفات اور افعال میں کوئی راہ نہیں ہے فَسُبْحَانَ مَنْ لَّا یَتَغَیَّرُ بِذَاتِہٖ وَلَا صِفَاتِہٖ وَلَا فِیْ اَفْعَالِہٖ بِحُدُوْثِ الْاَکْوَانِ (پس پاک ہے وہ ذات جو اپنی ذات وصفات اور افعال میں کائنات (موجودات) کے حدوث (حوادث) سے متغیر نہیں ہوتی) ......اور جو کچھ صوفیہ وجودیہ نے تنزلات خمسہ کے بارے میں اثبات کیا ہے وہ مرتبہ وجوب میں تغیر وتبدل کی قسم سے نہیں ہے کیونکہ وہ کفر وگمراہی ہے بلکہ ان تنزلات کو حق تعالیٰ کے کمال کے ظہورات کے مراتب میں اعتبار کیا ہے بغیر اس بات کے کہ حق تعالیٰ کی ذات وصفات اور افعال میں کوئی تغیر وتبدل راہ پائے۔

عقیدہ (۵) اور حق تعالیٰ اپنی ذات وصفات اور افعال میں غنی مطلق ہے اور کسی امر (کلام) میں بھی کسی چیز کا محتاج نہیں ہے، اور جس طرح وجود میں محتاج نہیں ہے اسی طرح ظہور میں بھی محتاج نہیں ہے ......اور یہ بعض صوفیہ کی عبارات سے مفہوم ہوتا ہے کہ حق تعالیٰ اپنے اسمائی وصفاتی کمالات کے ظہور میں ہمارا محتاج ہے۔ یہ بات فقیر پر بہت گراں ہے بلکہ جانتا ہے کہ ان (مخلوق) کی پیدائش سے مقصود خود ان کے اپنے کمالات کا حاصل ہونا ہے نہ کہ وہ کمال جو حق تعالیٰ وتقدس کی بارگاہ کی طرف عائد ہو سکے۔ آیہ کریمہ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ (زاریات ۵۱، آیت ۵۶) ای لِیَعْرِفُوْنِ (اور میں نے جن وانس کو صرف اپنی عبادت کے لئے پیدا کیا ہے۔ یعنی اپنی معرفت کے لئے) اسی مطلب کی تائید کرتی ہے ......لہٰذا جن وانس کی پیدائش سے مقصود ان کو معرفت کا حصول ہے جو کہ ان کے لئے کمال ہے، نہ یہ کہ ایسا امر جو حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی بارگاہ کی طرف عائد ہو سکے۔ ......اور یہ جو حدیث قدسی میں آیا ہے فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ لِاُعْرَفَ (میں نے مخلوق کو اس لئے پیدا کیا ہے تاکہ میں پہچانا جاؤں) اس جگہ بھی ان کی اپنی معرفت مراد ہے نہ یہ کہ میں (یعنی حق تعالیٰ) معروف ہو جاؤں اور ان کی معرفت کے توصل سے کمال حاصل کروں۔ تَعَالَی اللّٰہُ عَنْ ذٰلِکَ عُلُوًّا کَبِیْرًا (اللہ تعالیٰ ان باتوں سے بہت بلند اور سب سے بڑا ہے)

عقیدہ (۶) حق تعالیٰ نقص کی تمام صفتوں (اقسام) اور حدوث کے تمام نشانات سے منزہ اور مبرا ہے جس طرح وہ جسم وجسمانی نہیں ہے مکانی وزمانی بھی نہیں ہے بلکہ تمام صفات کمال اسی کے لئے ثابت ہیں، جن میں سے آٹھ صفات کمال وجود ذات تعالیٰ وتقدس پر وجود زائد کے ساتھ موجود ہیں۔ اور وہ آٹھ صفات: (۱) حیات (۲) علم (۳) قدرت (۴) ارادہ (۵) سمع (۶) بصر (۷) کلام (۸) تکوین (پیدا کرنا) ہیں اور یہ صفات خارج میں موجود ہیں، اور ایسا نہیں ہے کہ وجود ذات پر وجود زائد کے ساتھ علم میں موجود ہیں اور خارج میں نفس ذات

Marfat.com

تعالیٰ و تقدس ہیں جیسا کہ بعض صوفیہ وجودیہ نے گمان کیا ہے اور کہا ہے۔

از روئے تعقل ہمہ غیر اند صفات   باذاتِ تو از روئے تحقق ہمہ عین

(عقل کہتی ہے صفات اغیار ہیں   سچ یہ ہے وہ ذات میں ہیں عینِ ذات)

کیونکہ اس میں درحقیقت صفات کی نفی ہے اس لئے صفات کی نفی کرنے والے یعنی معتزلہ اور فلاسفہ نے بھی تغائر علمی اور اتحاد خارجی کہا ہے اور تغائر علمی سے انکار نہیں کیا اور یہ نہیں کہا کہ علم کا مفہوم عین مفہوم ذات تعالیٰ و تقدس ہے یا عین مفہوم قدرت و ارادہ ہے، بلکہ عینیت وجودِ خارجی کے اعتبار سے کہا ہے۔ لہٰذا جبتک یہ (صوفیہ) وجود خارجی کے تغائر کا اعتبار نہ کریں صفات کے انکار کرنے والوں میں سے نہیں نکلتے، کیونکہ تغائر اعتباری کچھ نفع نہیں دیتا، کَمَا عَرَفْتَ جیسا کہ تو نے سمجھ لیا۔

عقیدہ (۷) اور حق تعالیٰ قدیم اور ازلی ہے اور اس کے سوا کسی کے لئے ''قِدَم و ازل'' ثابت نہیں تمام ملتوں کا اس پر اجماع ہے اور جو شخص بھی حق جل وعلا کے سوا کسی غیر کے قِدَم و ازلیت کا قائل ہوا اس کی تکفیر کی ہے .... امام غزالیؒ نے اسی وجہ سے ابن سینا اور فارابی اور ان جیسے عقائد والوں کی تکفیر کی ہے جو عقول و نفوس کے قدم کے قائل ہیں اور ہیولیٰ اور صورت کے قدیم ہونے کا گمان رکھتے ہیں، اور آسمانوں کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے ان کو بھی قدیم جانا ہے .... اور ہمارے خواجہ حضرت (باقی باللہ) قدس سرہ فرماتے تھے کہ ''شیخ محی الدین بن العربی کاملین کی ارواح کے قدیم ہونے کے قائل ہیں'' اس بات کو ظاہر کی طرف سے پھیر کر تاویل پر محمول کرنا چاہیے تاکہ اہل ملت کے اجماع کے مخالف نہ ہو۔

عقیدہ (۸) اور حق تعالیٰ قادر مختار ہے۔ ایجاب کی آمیزش اور اضطرار کے گمان سے منزّہ اور مبرّا ہے۔ بے عقل فلاسفہ نے کمال کو ایجاب میں جان کر واجب تعالیٰ سے اختیار کی نفی کر کے اس کے ایجاب کا اثبات کیا ہے، اور ان بے عقلوں نے ذات واجب تعالیٰ و تقدس کو بیکار سمجھا ہے اور سوائے ایک مصنوع کے کہ وہ بھی ایجاب سے ہے زمین و آسمان کے خالق سے صادر نہ جان کر حوادث کے وجود کو عقلِ فعال کی نسبت دی ہے جس کا وجود ان کے وہم کے علاوہ کہیں ثابت نہیں ہے۔ اور ان کے فاسد زعم میں حق سبحانہٗ و تعالیٰ سے ان کو کچھ کام نہیں ہے .... لازمی طور پر چاہیے تھا کہ اضطراب و اضطرار کے وقت اپنی عقل فعال کی طرف التجا کرتے اور حضرت حق سبحانہٗ کی طرف رجوع نہ کرتے کیونکہ ان کے نزدیک حوادث کے وجود میں اُس تعالیٰ کی کوئی مداخلت نہیں ہے۔ اور کہتے ہیں کہ عقلِ فعال ہی حوادث کی ایجاد سے تعلق رکھتی ہے بلکہ وہ تو عقل فعال سے بھی رجوع نہیں کرتے کیونکہ ان کے نزدیک بلیات کے دفع کرنے میں بھی اسی کا اختیار نہیں ہے۔ یہ بدنصیب (فلاسفہ) اپنی بے وقوفی اور حماقت میں فرقہ ضلالہ سے بھی آگے بڑھ گئے حالانکہ کافر بھی بخلاف ان بدبختوں کے حق سبحانہٗ و تعالیٰ سے التجا کرتے ہیں اور بلاؤں کے دفعیہ کو اسی تعالیٰ سے طلب کرتے ہیں .... تمام گمراہ اور بے دین فرقوں کی نسبت ان بدبختوں میں دو چیزیں زیادہ ہیں ایک یہ کہ احکام منزلہ کا کفر اور انکار کرتے ہیں۔ اور اخبار مرسلہ کے ساتھ عداوت و دشمنی

Marfat.com

رکھتے ہیں، دوسرے یہ کہ اپنے بیہودہ اور واہی مطالب اور مقاصد کے ثابت کرنے میں بیہودہ مقدمات کو ترتیب دیتے اور جھوٹے دلائل اور باطل شواہد کو عمل میں لاتے ہیں، اپنے مطالب ومقاصد کے ثابت کرنے میں جسقدر ان کو خبط لاحق ہوا ہے اور کسی بے وقوف کو اسقدر لاحق نہیں ہوا............آسمان اور ستارے جو ہر وقت بے قرار اور سر گرداں ہیں اپنے کاموں کا مدار ان کی حرکات اور اوضاع پر رکھا ہے، اور آسمانوں کے خالق اور ستاروں کے موجد و محرک اور مدبر (یعنی اللہ تعالیٰ) کی طرف سے آنکھیں بند کر لی ہیں اور دور از معاملہ سمجھتے ہیں۔ یہ لوگ کیا ہی بے خرد اور کتنے بے وقوف ہیں، اور ان سے بھی زیادہ بے وقوف اور احمق وہ شخص ہے جو ان کو دانا سمجھتا اور عقلمند جانتا ہے............ان کے منظم اور منضبط یعنی مرتب کردہ علوم میں سے ایک علم ہندسہ ہے جو محض لا یعنی، بیہودہ اور لا طائل ہے۔ بھلا مثلث کے تینوں زاویوں کا دو زاویہ ءقائمہ کے برابر ہونا کس کام آئے گا اور شکلِ عروسی اور مامونی جوان کے نزدیک بڑی مشکل اور جانکاہ ہے کس غرض کے لئے ہے............علمِ طب ونجوم اور علمِ تہذیب اَخلاق جوان کے تمام علوم میں سے بہترین علوم ہیں، انہوں نے گذشتہ انبیاء علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰت والتسلیمات کی کتابوں سے چُرا کر اپنے باطل اور بیہودہ علوم کو رائج کیا ہے، جیسا کہ امام غزالیؒ نے اپنے رسالہ ''المنقذ عن الضلال'' میں اس امر کی تصریح کی ہے۔

اہل ملت اور انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کے متبعین اگر دلائل و براہین میں غلطی کریں تو کچھ ڈر نہیں کیونکہ ان کے کام کا مدار انبیا علیہم الصلواۃ والسلام کی تقلید پر ہے اور اپنے مطالب عالیہ کے ثبوت کے لئے دلائل و براہین کو صرف بطور تبرّع (بطورِ احسان) لاتے ہیں۔ یہی تقلید ان کے لئے کافی ہے، بخلاف ان بدبختوں کے جو تقلید سے نکل کر صرف دلائل کے ساتھ اپنے مطالب کو ثابت کرنے کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں، ضَلُّوْا فَاَضَلُّوْا (یہ خود بھی گمراہ ہوئے اور دوسروں کو بھی گمراہ کیا)

حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی نبوت کی دعوت جب افلاطون کو پہنچی جوان بدنصیبوں کا سب سے بڑا سردار ہے تو اس نے کہا: نَحْنُ قَوْمٌ مُّهْتَدُوْنَ لَا حَاجَةَ بِنَا اِلٰى مَنْ يَّهْدِيْنَا (ہم ہدایت یافتہ قوم ہیں اور ہم کو ایسے شخص کی حاجت نہیں ہے جو ہم کو ہدایت دے)............اس بے وقوف کو چاہیے تھا کہ ایسے شخص کو جو مُردوں کو زندہ کر دیتا ہے اور مادرزاد اندھے کو بینا (دیکھنے والا) اور ابرص (جذامی کوڑھی) کو اچھا کر دیتا ہے، جو (ان کی) حکمت کے قانون سے ناممکن ہے پہلے ان کو دیکھتا اور ان کے حالات دریافت کرتا (پھر جواب دیتا) بغیر دیکھے جواب دینا کمال درجہ دشمنی اور کمینہ پن ہے۔

فلسفہ چوں اکثرش باشد سَفہ پس کُلِّ آں ہم سَفہ باشد کہ حکمِ کُل حکمِ اکثر است
(فلسفہ اکثر سفہ ہے، بس سفہ کُل کا حکم آخر رہے اکثر کا حکم)

نَجَّانَا اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ عَنْ ظُلُمَاتِ مُعْتَقِدَاتِهِمُ السُّوْءِ (اللہ سبحانہٗ ان کے برے عقائد کی تاریکی سے ہم کو نجات دے)............ان ہی ایام میں فرزندی محمد معصوم نے ''جواہر شرح مواقف'' کو پورا کیا

Marfat.com

ہے۔ اثنائے سبق میں ان بے وقوفوں (فلاسفہ) کی برائیاں واضح طور پر سامنے آئیں اور ان کی وجہ سے بہت فائدے مترتب ہوئے: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ ھَدٰئنَا لِھٰذَا وَمَا کُنَّا لِنَھْتَدِیَ لَوْلَا اَنْ ھَدٰئنَا اللّٰہُ لَقَدْ جَاءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ (تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جس نے ہم کو ہدایت دی اگر وہ ہم کو ہدایت نہ دیتا تو ہم ہرگز ہدایت نہ پاتے، بے شک ہمارے رب کے رسول حق بات لے کر آئے) (اعراف ۷، آیت ۴۳)
.......اور شیخ محی الدین ابن عربی کی (بعض) عبارتیں بھی ایجاب کی طرف ناظر ہیں اور قدرت کے معنی میں فلسفہ کے ساتھ موافقت رکھتی ہیں کہ اس کے ترک کی صحت قادر (حق تعالیٰ) سے تجویز نہیں کرتے اور فعل کی جانب کو لازم جانتے ہیں۔

عجب معاملہ ہے کہ شیخ محی الدین (اللہ تعالیٰ کے) مقبولین میں سے نظر آتے ہیں لیکن ان کے اکثر علوم جو اہل حق کی آراء کے مخالف ہیں خطا اور نا درست ظاہر ہوتے ہیں شاید ان کو خطائے کشفی کے باعث معذور رکھا گیا ہے اور خطائے اجتہادی کی طرح ان سے ملامت دور کر دی گئی ہے.......شیخ محی الدین کے حق میں فقیر کا اعتقاد یہی ہے کہ ان کو مقبولین میں سے جانتا ہے اور ان کے ان علوم کو (جو اہل حق کے) مخالف ہیں خطا اور ضرر رساں دیکھتا ہے.......اس گروہ (صوفیہ) کے بعض لوگ ایسے ہیں کہ شیخ (موصوف) کو طعن و ملامت بھی کرتے ہیں اور ان کے علوم مخالفہ کو بھی غلط اور نا درست سمجھتے ہیں۔ اور اس گروہ کے بعض لوگ شیخ (موصوف) کی تقلید اختیار کر کے ان کے تمام علوم کو درست جانتے ہیں۔ اور دلائل و شواہد سے ان علوم کی حقیقت کو ثابت کرتے ہیں۔ اور اس میں کوئی شک نہیں کہ ان ہر دو فریق نے افراط و تفریط کا راستہ اختیار کیا ہے اور میانہ روی سے دور ہو گئے ہیں.......شیخ (موصوف) کو جو کہ اولیائے مقبولین میں سے ہیں خطائے کشفی کے باعث کس طرح رد کر دیا جائے اور اور ان کے علوم کو جو کہ صحت و صواب سے دور ہیں اور اہل حق کی رائے کے مخالف ہیں تقلید کی وجہ سے کس طرح قبول کیا جا سکتا ہے۔ فَالْحَقُّ ھُوَ التَّوَسُّطُ الَّذِیْ وَفَّقَنِیَ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ بِمَنِّہٖ وَکَرَمِہٖ (پس حق اسی میانہ روی میں ہے جس کی توفیق اللہ سبحانہٗ نے اپنے فضل و کرم سے مجھے بخشی ہے)۔

ہاں مسئلہ "وحدت الوجود" میں اس گروہ (صوفیہ) کی ایک بڑی جماعت شیخ کے ساتھ شریک ہے اگرچہ شیخ (موصوف) اس مسئلہ میں بھی ایک خاص طرز رکھتے ہیں لیکن اصل بات میں وہ سب لوگ (شیخ کے ساتھ) شریک ہیں۔ یہ مسئلہ بھی اگرچہ ظاہر میں اہل حق کے عقائد کے مخالف ہے لیکن توجہ کے قابل اور تطبیق دینے کے لائق ہے.......اس فقیر نے اللہ سبحانہٗ کی عنایت سے ہمارے حضرت (خواجہ باقی باللہ) کی شرح رباعیات کی شرح میں اس مسئلہ کو اہل حق کے عقائد کے ساتھ تطبیق دی ہے اور فریقین کے نزاع کو لفظ کی طرف پھیرا ہے (یعنی نزاع لفظی ثابت کیا ہے) اور طرفین کے شکوک و شبہات کو اس طرح حل کیا ہے کہ اس میں کسی شک و شبہ کی گنجائش نہیں رہی: کَمَا لَا یَخْفٰی عَلَی النَّاظِرِ فِیْہِ (جیسا کہ اس کے دیکھنے والے پر پوشیدہ نہیں ہے)

عقیدہ (۹) جاننا چاہیے کہ تمام ممکنات خواہ جواہر ہوں یا اعراض، خواہ اجسام و عقول ہوں یا نفوس، افلاک

Marfat.com

ہوں یا عناصر، سب اسی قادر مختار کے ایجاد کیے ہوئے ہیں جو ان کو نہاں خانہ عدم سے معرض وجود میں لایا ہے، اور جس طرح یہ سب اپنے وجود میں اس تعالیٰ کے محتاج ہیں اسی طرح بقا (باقی رہنے) میں بھی اس سبحانہٗ کے محتاج ہیں، اور اس نے اسباب و وسائل کے وجود کو اپنے فعل کا روپوش بنا دیا ہے اور حکمت کو اپنی قدرت کے پردے بنا دیئے ہیں۔ یہی نہیں بلکہ اسباب کو اپنے فعل کے ثبوت کے دلائل قرار دے کر حکمت کو اپنی قدرت کے وجود کا وسیلہ فرمایا ہے کیونکہ وہ عقلمند حضرات جنہوں نے حضرات انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کی متابعت میں اپنی بصیرت کو سرمگیں اور روشن کر لیا ہے وہ جانتے ہیں کہ اسباب و وسائل اپنے وجود و بقا میں اس سبحانہٗ کے محتاج ہیں اور اپنا ثبوت و قیام اسی تعالیٰ و تقدس سے اور اسی کے ساتھ رکھتے ہیں ورنہ حقیقت میں وہ جمادِ محض ہیں، وہ کس طرح دوسرے میں جو وہ بھی ان کے مثل (جماد) ہے اثر انداز ہو سکتے ہیں، اور ان میں احداث و اختراع کس طرح کر سکتے ہیں (ہرگز نہیں) بلکہ ان کے علاوہ اور قادر ہے جو ان کو ایجاد کرتا ہے اور ہر ایک کے لائق و مناسب کمالات ان کو عطا فرماتا ہے جیسا کہ عقلمند آدمی جماد محض سے فعل کو دیکھ کر اس کے فاعل اور محرک کا سراغ لگا لیتے ہیں۔ کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ یہ فعل اس (جماد) کے حال کے لائق نہیں ہے بلکہ اس کے علاوہ کوئی اور فاعل ہے جو اس فعل کو اس میں ایجاد کرتا ہے، لہٰذا عقلمندوں کے نزدیک جماد کا فعل، فاعل حقیقی کے فعل کا روپوش ہونا ثابت نہیں ہوا۔ بلکہ اس کی جمادیت کی طرف نظر کرنے کے لحاظ سے اس کا وہ فعل حقیقی کے وجود پر دلیل ہو گیا۔ پس یہاں بھی اسی طرح ہے .... البتہ اس بے قوف کے فہم میں جماد کا فعل فاعلِ حقیقی کے فعل کا روپوش بن گیا جس نے اپنی حد درجہ بے وقوفی کی وجہ سے جمادِ محض کو اس ظاہری فعل کے سبب صاحبِ قدرت جان لیا ہے اور فاعلِ حقیقی کا منکر ہو گیا ہے۔ یُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا وَّيَهْدِیْ بِهٖ كَثِيْرًا (بقرۃ ۲، آیت ۲۶) (گمراہ کرتا ہے اس سے بہت لوگوں کو اور ہدایت کرتا ہے اس سے بہت لوگوں کو)

یہ معرفت ''مشکوٰۃ نبوت'' سے مقتبس ہے لیکن ہر شخص کی فہم اس تک نہیں پہنچتی۔ ایک جماعت اس کمال کو اسباب کے دور کرنے میں جانتی ہے اور شروع ہی سے چیزوں کو بغیر اسباب کے توسط کے حضرت حق سبحانہٗ و تعالیٰ کی طرف منسوب کرتی ہے اور نہیں جانتے کہ اسباب کے رفع کرنے میں حکمت ختم ہو جاتی ہے جس کے ضمن میں بہت سی مصلحتیں مدنظر ہیں: رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا (العمران ۳، آیت ۱۹۱) (اے ہمارے رب! تو نے یہ سب بیکار اور بے فائدہ پیدا نہیں کیا)

انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات بھی اسباب کی رعایت کرتے ہیں اور (باوجود اس رعایت کے) اپنے کام کو حضرت حق سبحانہٗ و تعالیٰ کی مراعات سے جانتے ہیں جیسا کہ حضرت یعقوب علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام نے نظرِ بد لگ جانے کے خیال سے اپنے لڑکوں کو وصیت فرمائی تھی يٰبَنِیَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ (یوسف ۱۲، آیت ۶۷) (اے میرے بیٹو! تم ایک دروازہ سے داخل نہ ہونا بلکہ متفرق دروازوں سے داخل ہونا)

اور (حضرت یعقوب نے) اس احتیاطی تدبیر کی رعایت کے باوجود اپنے حکم کو جل سلطانہٗ کے سپرد کر کے

Marfat.com

فرمایا: وَمَآ اُغۡنِیۡ عَنۡکُمۡ مِّنَ اللّٰہِ مِنۡ شَیۡءٍ ط اِنِ الۡحُکۡمُ اِلَّا لِلّٰہِ ط عَلَیۡہِ تَوَکَّلۡتُ وَعَلَیۡہِ فَلۡیَتَوَکَّلِ الۡمُتَوَکِّلُوۡنَ (یوسف ۱۲، آیت ۶۷) (میں تم کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے کچھ بھی نہیں بچا سکتا۔ بیشک حکم صرف اللہ تعالیٰ ہی کا ہے اسی پر میں نے توکل (بھروسہ) کیا اور اسی پر توکل کرنے والوں کو توکل کرنا چاہیے)......... اور حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے ان کی اس معرفت کو پسند فرما کر اس بات کو اپنی طرف منسوب کر کے فرمایا: وَاِنَّہٗ لَذُوۡ عِلۡمٍ لِّمَا عَلَّمۡنٰہُ وَلٰکِنَّ اَکۡثَرَ النَّاسِ لَا یَعۡلَمُوۡنَ (یوسف ۱۲، آیت ۶۸) (اور وہ (حضرت یعقوب) بے شک بہت ہی صاحب علم تھے اس لئے کہ ہم نے ان کو اپنے پاس سے علم سکھایا تھا لیکن اکثر لوگ اس بات کو نہیں جانتے)......... اور حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے قرآن مجید میں ہمارے پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بھی اسباب کے واسطہ کا اشارہ فرمایا یٰۤاَیُّہَا النَّبِیُّ حَسۡبُکَ اللّٰہُ وَمَنِ اتَّبَعَکَ مِنَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ (انفال ۸، آیت ۶۴) (اے نبی! آپ کے لئے اللہ تعالیٰ کافی ہے اور وہ مومنین بھی جو آپ کی اتباع کرتے ہیں)

باقی رہا یہ کہ اسباب کی تاثیر روا ہے کیونکہ بعض اوقات حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ اسباب میں بھی تاثیر فرما دیتا ہے تاکہ وہ موثر ہو جائے، اور بعض اوقات ان میں تاثیر پیدا نہیں فرماتا لہٰذا ناچار اس کا کوئی اثر مرتب نہیں ہوتا۔ چنانچہ ہم (روزمرہ) اسباب میں اس حقیقت کا مشاہدہ کرتے ہیں کہ کبھی ان اسباب پر مسببات کا وجود مرتب ہوتا ہے اور کبھی کوئی اثر ان سے ظاہر نہیں ہوتا۔ اسباب کی تاثیر سے مطلقاً انکار کرنا لغو و باطل ہے۔ تاثیر کو ماننا چاہیے لیکن اس تاثیر کو بھی اس کے سبب کی طرح حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی ایجاد سے جاننا چاہیے فقیر کی رائے اس مسئلہ میں یہی ہے، وَاللّٰہُ سُبۡحَانَہُ الۡمُلۡہِمُ (جیسا کہ اللہ سبحانہ نے الہام فرمایا)

اس بیان سے واضح ہو گیا کہ اسباب کا واسطہ توکل کے منافی نہیں ہے جیسا کہ ناقصوں نے خیال کیا ہے بلکہ اسباب میں توسط کا خیال کرنا ''کمال توکل'' ہے جیسا کہ حضرت یعقوب علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے اسباب کو مدنظر رکھتے ہوئے معاملہ کو حق جل وعلا کے سپرد کرنے کو توکل فرمایا عَلَیۡہِ تَوَکَّلۡتُ وَعَلَیۡہِ فَلۡیَتَوَکَّلِ الۡمُتَوَکِّلُوۡنَ (یوسف ۱۲، آیت ۶۷) (اسی پر میں نے توکل کیا اور اسی پر توکل کرنے والوں کو توکل (بھروسہ) کرنا چاہیے)

عقیدہ (۱۰) اور حق تعالیٰ خیر و شر کا ارادہ کرنے والا بھی ہے اور دونوں (خیر و شر) کا پیدا کرنے والا بھی لیکن وہ خیر سے راضی ہوتا ہے اور شر سے ناراض۔ ارادہ اور رضا کے درمیان یہ ایک بڑا باریک اور دقیق فرق ہے جس کی طرف حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے اہل سنت کو ہدایت عطا فرمائی ہے۔ باقی تمام فرقے اس فرق کو نہ سمجھنے کی وجہ سے گمراہی میں مبتلا ہو گئے ہیں......... اسی وجہ سے معتزلہ نے بندہ کو اپنے افعال کا خالق کہا ہے اور کفر و معاصی کی ایجاد کو اس (بندہ) سے منسوب کیا ہے......... شیخ محی الدین اور ان کی پیروی کرنے والوں کے کلام سے یہ مفہوم پیدا ہوتا ہے کہ ''جس طرح ایمان وعمل صالح'' ''اسم الہادی'' کے پسندیدہ ہیں اسی طرح کفر و معاصی

Marfat.com

بھی''اسم المضل'' کے پسندیدہ ہیں''.......... (شیخ کی) یہ بات بھی اہل حق کے خلاف ہے اور ایجاب کی طرف میلان رکھتی ہے جو رضا کا منشا ہوئی ہے، جیسا کہ کہتے ہیں کہ آفتاب کا کام ضوفشانی (روشنی پھیلانا) ہے اور اس میں اس کی مرضی شامل ہے۔ اور حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے اپنے بندوں کو قدرت وارادہ عطا کیا ہے کہ اپنے اختیار سے اپنے افعال کا کسب کرتے ہیں۔ افعال کا پیدا کرنا حق سبحانہٗ کی طرف منسوب ہے اور ان افعال کا کسب بندوں کی جانب منسوب ہے۔ اللہ سبحانہٗ کی عادت اسی طرح جاری ہے کہ بندہ جب اپنے فعل کا ارادہ کرتا ہے تو حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ اس فعل کو پیدا کر دیتا ہے۔ چونکہ بندہ کا فعل اپنے اختیار سے صادر ہوتا ہے اس لئے لازمی طور پر اس کی تعریف اور برائی ثواب اور عذاب بھی اسی سے متعلق ہو جاتا ہے.......... اور جنہوں نے یہ کہا ہے کہ بندے کا اختیار کمزور اور ضعیف ہے اگر حق سبحانہٗ کی قوتِ اختیار کے اعتبار سے (اس بندے کے اختیار) کو ضعیف کہا ہے تو مسلم ہے اور اگر اس معنی میں کہا گیا ہے کہ جس کام کے کرنے میں اس کو مامور کیا گیا ہے وہ (قوت و اختیار) کافی نہیں ہے، تو یہ بات صحیح نہیں فَاِنَّ اللّٰہَ سُبْحَانَہٗ لَا یُکَلِّفُ بِمَا لَیْسَ فِیْ وُسْعِہٖ بَلْ یُرِیْدُ الْیُسْرَ وَلَا یُرِیْدُ الْعُسْرَ (پس بے شک اللہ سبحانہٗ ایسے کام کی تکلیف نہیں دیتا جو بندے کی وسعت سے باہر ہو بلکہ وہ تو آسانی کا ارادہ کرتا ہے اور تنگی کا ارادہ نہیں کرتا)

خلاصہ کلام یہ کہ ''فعلِ موقت'' (چند روزہ زندگی کے فعل) پر جزائے مخلد (دائمی عذاب) کا مقرر کرنا حق تعالیٰ کے حوالہ ہے جس نے ''کفرِ موقت'' کی سزا اس کے اعمال کے موافق ''عذاب مخلد'' فرمائی۔ اور تلذذاتِ دائمی (یعنی بہشت اور جو کچھ اس میں ہے) کو ''ایمان موقت'' (زندگی بھر کے ایمان) پر وابستہ کر دیا' ذٰلِکَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ ط (یہ عزیز وحکیم کا مقرر کردہ ہے)

اللہ سبحانہٗ کی توفیق سے اس قدر تو ہم جانتے ہیں کہ حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ جو ظاہری اور باطنی نعمتوں کا دینے والا اور آسمان وزمین کا پیدا کرنے والا ہے اور جس کی بارگاہ قدس کے لئے ہر قسم کی بزرگی اور کمال ثابت ہے ،اس کی نسبت کفر اختیار کرنے کی سزا بھی ایسی ہی ہونی چاہیے جو سخت ترین سزاؤں میں سے ہو، اور وہ ہمیشہ عذاب میں رہنا ہے۔ اور اسی طرح اس منعم بزرگ و برتر پر ایمان بالغیب لانا اور نفس وشیطان کی مزاحمت کے باوجود اس کو راست گو جاننے کی جزا بھی ویسی ہی ہونی چاہیے جو سب جزاؤں سے بہتر اور اعلیٰ درجہ کی ہو اور وہ دائمی نعمت و لذات میں رہنا ہے۔

بعض مشائخ نے فرمایا ہے کہ ''درحقیقت بہشت میں داخل ہونا محض حق سبحانہٗ کے فضل پر موقوف ہے، اور اس کو ایمان کے ساتھ مربوط کرنا اس وجہ سے ہے کہ اعمال کی جزا لذیذ ترین معلوم ہو''۔

..........لیکن اس فقیر کے نزدیک حقیقتاً بہشت میں داخل ہونا ایمان کی وابستگی پر موقوف ہے لیکن ایمان بھی اس سبحانہٗ وتعالیٰ کا فضل اور عطیہ ہے.......... اور جہنم میں داخل ہونا کفر کے ساتھ وابستہ ہے اور کفر نفسِ امارہ کی خواہشات سے پیدا ہوتا ہے مَآ اَصَابَکَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰہِ وَمَآ اَصَابَکَ مِنْ سَیِّئَةٍ فَمِنْ

Marfat.com

نَفْسِكَ (نساء۴، آیت ۷۹) (جو کچھ بھلائی تجھ کو پہنچتی ہے وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور جو کچھ برائی تجھ کو پہنچتی ہے وہ تیرے نفس کی طرف سے ہے)

جاننا چاہیے کہ بہشت کے داخلہ کو ایمان کے ساتھ مربوط کرنا حقیقت میں ایمان کی تعظیم اور تکریم ہے بلکہ "مومن بہ" (جس پر ایمان لایا گیا) کی تعظیم ہے۔ جس پر اس قدر بڑا عظیم الشان اجر مرتب ہوا ہے.................. اور اسی طرح دوزخ میں داخل ہونے کو کفر کے ساتھ وابستہ کرنے میں کفر کی تحقیر ہے، اور اس ذات کی تعظیم ہے جس کی نسبت یہ کفر وقوع میں آیا اور اس طور پر دائمی عذاب اس پر مترتب ہوا.................. برخلاف اس بات کے جو بعض مشائخ نے کہی ہے وہ اس دقیقہ سے خالی ہے۔ اور نیز دوزخ میں داخل ہونا بھی انصاف کے تقاضے پر ہے اور کوئی مثال اس طرح پر جاری نہیں ہے۔ کیونکہ جہنم میں داخل ہونا حقیقت میں کفر کے ساتھ مربوط ہے وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ الْمُلْهِمُ هٰذَا (اور سبحانہٗ ہی الہام فرمانے والا ہے) اس کو یاد رکھیں۔

عقیدہ (۱۱) اور حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ کو مؤمنین آخرت میں بے جہت، بے کیف اور بے شبہ و بے مثال جنت میں دیکھیں گے.................. یہ ایک ایسا مسئلہ ہے کہ جس میں اہل سنّت کے علاوہ تمام اہل ملّت اور غیر اہل ملّت سب اس کے منکر ہیں اور بے جہت و بے کیف رویت کو جائز نہیں سمجھتے۔ حتیٰ کہ شیخ محی الدین بن العربی بھی آخرت کی رویت کو "تجلی صوری" کے ساتھ بیان کرتے ہیں اور اس تجلی صوری کے علاوہ کچھ تجویز نہیں کرتے.................. ایک روز ہمارے حضرت (خواجہ باقی باللہ) شیخ سے نقل کرتے تھے کہ اگر معتزلہ رویت کو تنزیہ کے مرتبہ میں مقید نہ کرتے اور تشبیہ کے بھی قائل ہو جاتے اور اسی رویت کو تجلی (صوری) سمجھ لیتے تو ہرگز رویت کا انکار نہ کرتے اور محال نہ سمجھتے۔ یعنی ان کا انکار بے جہتی اور بے کیفی کی وجہ سے ہے جو مرتبہ تنزیہ کے ساتھ مخصوص ہے۔ بخلاف اس تجلی کے جس میں جہت اور کیف ملحوظ رکھا جاتا ہے.................. یہ بات پوشیدہ نہ رہے کہ آخرت کی رویت کو تجلی صوری کی طرح بیان کرنا فی الحقیقت خاص رویت کا انکار کرنا ہے کیونکہ وہ تجلی صوری اگرچہ دنیاوی تجلیات صوریہ سے مختلف ہے لیکن حق تعالیٰ کی رویت نہیں ہے۔

يَرَاهُ الْمُؤْمِنُوْنَ بِغَيْرِ كَيْفٍ　　وَاِدْرَاكٍ وَّ ضَرْبٍ مِّنْ مِّثَالٍ

(جنّتی کو دید حق کی ہوگی سیر　　کیف و ادراک اور مثالوں کے بغیر)

عقیدہ (۱۲) انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کی بعثت عالم (تمام جہان) کے لئے سراسر رحمت ہے اگر ان بزرگواروں کے وجود کا وسیلہ نہ ہوتا تو ہم جیسے گمراہوں کو ذات وصفات واجب الوجود تعالیٰ وتقدس کی معرفت کی طرف کون ہدایت فرماتا اور ہمارے مولا جل شانہٗ کی مرضیات و نامرضیات والی چیزوں میں کون تمیز کراتا، اور ہماری ناقص عقلیں ان (بزرگواروں) کے نورِ دعوت کی تائید کے بغیر اس کے سمجھنے سے معزول و بیکار ہیں اور ہمارے افہام ناتمام ان بزرگواروں کی تقلید کے بغیر اس معاملہ میں عاجز و بے بس ہیں.................. بیشک عقل اگرچہ ایک حجت (دلیل) ہے لیکن یہ ایک ناتمام حجت ہے جو مرتبہ بلوغ تک نہیں پہنچتی ہے۔ "حجت بالغہ"

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ چوتھا حصہ

Marfat.com

(دلیل کامل) انبیاء علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات کی بعثت ہے جس پر آخرت کا دائمی عذاب وثواب وابستہ ہے۔

سوال: جب آخرت کا دائمی عذاب بعثت پر موقوف ہے تو پھر بعثت کو ''رحمت عالمیان'' کہنا کیا معنی ہوگا۔

جواب: بعثتِ (انبیاء) عین رحمت ہے کیونکہ واجب الوجود تعالیٰ و تقدس کی ذات و صفات کی معرفت کا سبب ہے جس میں دنیا و آخرت کی سعادتیں شامل ہیں۔ اور بعثت (انبیاء) کی دولت کی وجہ سے معلوم ہوگیا کہ فلاں چیز حق تعالیٰ کی بارگاہ قدس کے مناسب ہے اور فلاں نامناسب کیونکہ ہماری لنگڑی اور اندھی عقل امکان وحدوث کے داغ سے داغدار ہے، وہ کیا سمجھے کہ اس حضرت وجوب کے لئے جس کے واسطے قدمِ لازم ہے اس کے اسماوصفات اور افعال میں سے کون سے مناسب ہیں اور کون سے نامناسب۔ تاکہ ان مناسب (اسماء وصفات) کا اطلاق کیا جائے اور نامناسب سے پرہیز کیا جائے۔ بلکہ بعض اوقات (ہماری اندھی عقل) اپنے نقص کی وجہ سے کمال کو نقص جانتی ہے اور نقص کو کمال سمجھنے لگتی ہے............فقیر کے نزدیک یہ (مناسب و نامناسب کا) امتیاز تمام ظاہری اور باطنی نعمتوں سے بڑھ کر ہے۔ وہ شخص بڑا ہی بدبخت ہے جو نامناسب امور کو اس تعالیٰ کی پاک بارگاہ کی طرف منسوب کر دے اور ناشائستہ چیزوں کو حضرت حق سبحانہٗ و تعالیٰ کے ساتھ نسبت دے۔

............یہ بعثت (انبیاء) ہی کا کارنامہ ہے جس نے حق کو باطل سے جدا کر دیا بعثت ہی کی وجہ سے غیر مستحق عبادت اور مستحق عبادت (حق جل وعلا) کے درمیان تمیز قائم کی۔ یہ بعثت ہی ہے جس کے ذریعے حق جل وعلا کے راستے کی طرف دعوت دی جاتی ہے جو بندوں کو مولیٰ جل سلطانہ کے قرب اور وصل کی سعادت تک پہنچاتی ہے۔ اور بعثت ہی کے وسیلے سے مولیٰ جل شانہٗ کی مرضیات کی اطلاع میسر ہوتی ہے۔ جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ....بعثت ہی کے طفیل اس تعالیٰ کی ملک میں تصرف کو جواز و عدمِ جواز کی تمیز حاصل ہوتی ہے۔ اور بعثت کے فوائد کی مثالیں بکثرت ہیں۔ پس ثابت ہوا کہ انبیا کی بعثت سراپا رحمت ہے۔ اور جو شخص اپنے نفس امارہ کا مطیع ہوگیا اور شیطان لعین کے حکم سے بعثت کا انکار کرتا ہے اور بعثت کے تقاضوں کے مطابق عمل نہیں کرتا تو اس میں بعثت کا کیا گناہ، اور بعثت کس طرح رحمت نہ ہوگی۔

سوال: ہر چند عقل اپنی ذات کی حد تک احکام الٰہی جل شانہٗ کی بجا آوری میں ناقص و ناتمام ہے لیکن ایسا کیوں نہیں ہوسکتا کہ تصفیہ اور تزکیہ حاصل ہونے کے بعد عقل کو مرتبہ وجوب تعالیٰ و تقدس کے ساتھ ایک بے تکیف مناسبت اور اتصال پیدا ہو جائے کہ جس مناسبت اور اتصال کے سبب واحکام کو وہاں سے اخذ کرلے اور اس کو اس بعثت کی جو فرشتے کے واسطے سے ہے کوئی حاجت نہ رہے۔

جواب: اگرچہ عقل یہ مناسبت اور اتصال پیدا کرلے لیکن وہ تعلق جو اس کا جسمانی بدن کے ساتھ ہے وہ بالکل ختم نہیں ہوتا اور کامل طور پر علیحدگی حاصل نہیں ہوتی لہٰذا قوتِ واہمہ ہمیشہ دامنگیر رہتی ہے، اور قوتِ متخیلہ ہرگز اس کا خیال نہیں چھوڑتی اور قوتِ غضبیہ وشہویہ ہمیشہ اس کے ساتھ رہتی ہے اور حرص ولالچ کے رذائل ہر وقت اس کے ہمنشین رہتے ہیں، سہو ونسیان جو نوعِ انسانی کی لوازمات میں سے ہیں اس کی عقل سے مکمل طور پر جدا نہیں ہوتے

Marfat.com

، اور غلطی وخطا جو اس جہان کا خاصہ ہے اس سے جدا نہیں ہوتے۔ لہذا عقل اعتماد کے لائق نہیں ہے، اور اس سے ماخوذ احکام وہم اور تصرف خیال کے غلبہ سے محفوظ نہیں رہتے اور نسیان وخطا کے گمان کی آمیزش سے محفوظ نہیں رہتے ، برخلاف فرشتے کے کہ وہ ان اوصاف سے پاک اور ان رذائل سے مبرا ہے تو لازماً وہ اعتماد کے قابل ہے اور اس سے ماخوذ احکام وہم وخیال کی آمیزش اور نسیان وخطا کے گمان سے محفوظ ہیں۔

اور بعض اوقات وہ علوم جو تلقئی روحانی (القائے روحانی) سے اخذ کئے ہوئے ہوتے ہیں ان کے متعلق تبلیغ کے دوران ایسا محسوس ہوتا ہے کہ قوٰی وحواس کے ساتھ بعض مقدماتِ مسلمہ غیر صادقہ جو وہم وخیال یا کسی اور ذریعہ سے حاصل ہوئے ہیں بے اختیار ان علوم کے ساتھ اس طرح غلط ملط ہو جاتے ہیں کہ اس وقت ہرگز تمیز ممکن نہیں رہتی۔ اور دوسرے وقت میں ایسا ہوتا ہے کہ اس تمیز کا علم دیدیا جاتا ہے اور کبھی نہیں دیا جاتا۔ لہذا لازمی طور پر وہ علوم ان مقدمات کے مل جانے کی وجہ سے کذب کی ہیئت پیدا کر لیتے ہیں اور اعتماد کے قابل نہیں رہتے .... یا ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ تصفیہ اور تزکیہ کا حاصل ہونا ''اعمال صالحہ'' کے بجالانے پر موقوف ہے جو'' مرضیات مولیٰ سبحانہٗ'' ہیں۔ اور یہ معنی بعثتِ (انبیاء) پر وابستہ ہیں، جیسا کہ بیان ہو چکا۔

لہذا ثابت ہوا کہ بعثت کے بغیر تصفیہ اور تزکیہ کی حقیقت میسر نہیں ہوتی اور وہ صفائی جو کفار اور اہلِ فسق کو حاصل ہوتی ہے وہ نفس کی صفائی ہے نہ کہ قلب کی صفائی۔ اور نفس کی صفائی سوائے گمراہی کے کچھ نہیں بڑھاتی اور سوائے نقصان کے اور کچھ ہاتھ نہیں آتا .... اور بعض غیبی امور کا کشف جو صفائی نفس کے وقت کفار اور اہل فسق کو حاصل ہو جاتا ہے وہ استدراج ہے جس سے مقصود اس جماعت کی خرابی اور نقصان ہے نَجَّنَا اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ عَنْ هٰذِهِ الْبَلِيَّةِ بِحُرْمَةِ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمُ الصَّلَوَاتُ وَالتَّسْلِيْمَاتُ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاٰلِ كُلٍّ (اللہ سبحانہٗ حضرت سید المرسلین علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات وعلیٰ آلہ کے طفیل ہم کو اس بلا سے نجات دے)

اس تحقیق سے واضح ہو گیا کہ تکلیف شرعی جو بعثتِ (انبیا) کی راہ سے ثابت ہوئی ہے وہ بھی رحمت ہی ہے۔ نہ کہ جس طرح تکلیف شرعی کے منکروں یعنی ملحدوں اور زندیقوں نے گمان کیا ہے اور تکلیف شرعی کو مصیبت جان کر غیر معقول اور ناپسند قرار دیا ہے۔ اور کہتے ہیں کہ یہ کون سی مہربانی ہے کہ بندوں کو امور شاقہ کی تکلیف دی جائے پھر ان سے کہا جائے کہ اگر تم اس تکلیف کے مطابق عمل کرو گے تو بہشت میں جاؤ گے اور اگر اس کے خلاف کرو گے تو دوزخ میں جاؤ گے، ان کو ایسے امور کی کیوں تکلیف دیتے ہیں اور ان کو کیوں نہیں چھوڑ دیتے کہ کھائیں پئیں اور سوئیں، اور جس طرح چاہیں اپنے طور پر زندگی بسر کریں .... (یہ منکرین) بدنصیب اور بے عقل یہ نہیں جانتے کہ از روئے عقل ''شکر منعم'' ادا کرنا واجب ہے اور یہ تکلیفات شرعیہ اس شکر کے بجالانے کا بیان ہے۔ لہذا تکلیف (شرعی) عقل کی رو سے بھی واجب ہے۔ اور اسی طرح ''نظام عالم'' ''تکلیفات شرعی'' کے ساتھ وابستہ ہے .... اگر ہر ایک کو اس کے حال پر چھوڑ دیا جاتا ہے تو سوائے شرارت وفساد کے کچھ ظہور میں نہ آتا، اور

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی جوتھا حصہ

Marfat.com

ہر بوالہوس دوسروں کے جان و مال میں دست درازی کرتا اور خباثت و شرارت سے پیش آتا، اس طرح خود بھی ضائع ہوتا اور دوسروں کو ضائع کرتا۔ عِیَاذًا بِاللّٰہِ سُبْحَانَہٗ اگر سختی اور شرعی موانع حائل نہ ہوتے تو معلوم نہیں کہ کس قدر شرارت وفساد ظاہر ہوتا۔ وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ يَّا أُولِي الْأَلْبَابِ (بقرۃ ۲، آیت ۱۷۹) اے عقلندو! تمہارے لئے قصاص میں ہی زندگی ہے) (نص قاطع ہے)

اگر چوبِ حاکم نبا شد زپے کند زنگئے مست در کعبہ قے

(اگر چوبِ حاکم کا ہوتا نہ خوف شرابی تو کعبے میں کر دیتا قے)

یا ہم یہ کہتے ہیں کہ حق تعالیٰ زمین وآسمان اور ہر چیز کا خودمختار مالک ہے اور (تمام) بندے اس سبحانہ کے مملوک اور غلام ہیں۔ لہٰذا جو حکم وتصرف وہ ان میں فرماتا ہے وہ عین خیر وصلاح ہے اور ظلم وفساد کی آمیزش سے منزّہ ومبرّا ہے۔ لَا يُسْئَلُ عَمَّا يَفْعَلُ (انبیاء ۲۱، آیت ۲۳) (وہ جو کچھ کرتا ہے اس سے کوئی نہیں پوچھ سکتا)

کر از ہرہء آنکہ از بیم تو کشاید زبان جز بہ تسلیم تو

(ترے خوف سے کس کو ہے حوصلہ کہ تسلیم سے ہٹ کے کھولے زباں)

اگر وہ سب دوزخ میں ڈال دے اور دائمی عذاب کا حکم فرمائے تو کسی کو اعتراض کی کیا مجال ہے اور یہ غیر کی مِلک میں تصرف نہیں ہے کہ اس میں ظلم وستم کا شائبہ ہو، برخلاف ہماری املاک کے جو فی الحقیقت اسی سبحانہٗ کی املاک ہیں۔ ان املاک میں تمام تصرفات (سوائے ان کے جو جائز ہیں) عین ستم ہیں۔ کیونکہ صاحب شرع نے بعض مصالح کی بنا پر ان املاک کی نسبت ہماری طرف کر دی ہے لیکن حقیقت میں وہ سب اسی سبحانہٗ کی ملکیت ہیں۔ لہٰذا ان میں ہمارا تصرف اسی قدر جائز ہے جس قدر مالک علی الاطلاق (بالکلیہ مالک حق تعالیٰ) نے اس میں تصرف کی اجازت دی اور مباح فرمایا......... کیونکہ ان بزرگواروں (یعنی انبیا) علیہم الصلوات والتسلیمات نے حق جل وعلا کے احکام کے بارے میں خبریں دی ہیں، اور جو احکام بیان فرمائے ہیں وہ سب سچے اور واقعہ کے مطابق ہیں......... (علماء نے) احکامِ اجتہادیہ میں ان بزرگوار (پیغمبران) علیہم الصلوات والتسلیمات والتحیات سے اگرچہ خطا کو تجویز کیا ہے لیکن خطا کے برقرار رکھنے کو ان کے حق میں جائز نہیں رکھا اور فرمایا ہے کہ ان کو ان کی خطا پر جلدی متنبہ کر دیتے ہیں اور ان کی خطا کا تدارک صواب سے کر دیتے ہیں۔ فَلَا اِعْتِدَادَ بِذٰلِكَ الْخَطَاءِ (لہٰذا یہ خطا کسی گنتی میں نہیں ہے)

عقیدہ (۱۳) اور قبر کا عذاب خاص طور پر کافروں کے لئے اور بعض گنہگار اہل ایمان کے لئے ''حق'' ہے کیونکہ مخبر صادق علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات نے اس کی خبر دی ہے۔

عقیدہ (۱۴) اور قبر میں مؤمنوں اور کافروں سے منکر نکیر کا سوال بھی حق ہے کیونکہ دنیا اور آخرت کے درمیان ''قبر'' ایک برزخ ہے۔ اس کا عذاب بھی ایک وجہ سے دنیاوی عذاب سے مناسبت رکھتا ہے۔ اور انقطاع پذیر (ختم ہونے والا) ہے، اور دوسری وجہ سے اس کو عذاب اخروی کے ساتھ مناسبت ہے کیونکہ وہ حقیقت میں

Marfat.com

آخرت کے عذابوں میں سے ہے۔آیت کریمہ اَلنَّارُ یُعْرَضُوْنَ عَلَیْهَا غُدُوًّا وَّعَشِیًّا (مومن ۴۰، آیت ۴۶) (وہ صبح وشام آگ (دوزخ) پر پیش کئے جاتے ہیں) نَزَلَتْ فِیْ عَذَابِ الْقَبْرِ (یہ آیت عذاب قبر کے متعلق نازل ہوئی ہے)............اوراسی طرح قبر کی راحت بھی دو حیثیتیں رکھتی ہے۔وہ شخص بہت ہی سعادتمند ہے جس کی لغزشوں اور گناہوں کو کمال کرم اور مہربانی سے معاف فرمادیں اور ہرگز اس سے مواخذہ نہ کریں، اور اگر مقام مواخذہ میں آجائے تو بھی اپنی کمال رحمت سے دنیاوی آلام ومصائب کی تکالیف کو اس کے گناہوں کا کفارہ قرار دیدیں۔اور اگر کچھ باقی رہ جائے تو قبر کی تنگی اور ان تکلیفوں کو جو اس مقام میں مقرر ہیں ان سے کفارہ کردیں تاکہ پاک وپاکیزہ ہوکر حشر میں مبعوث ہو۔اور جس کسی کے لئے ایسا نہ کریں اور اس کا مواخذہ آخرت پر چھوڑ دیں تو یہ بھی عین عدل ہے۔لیکن گنہگاروں اور شرمساروں کے حال پر افسوس ہے............ہاں اگر وہ (گنہگار) اہل اسلام سے ہے تو اس کا انجام رحمت سے ہے اور وہ عذاب ابدی سے محفوظ ہے، یہ بھی ایک بہت بڑی نعمت ہے رَبَّنَا اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْلَنَا اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط بِحُرْمَةِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَعَلَیْهِمُ الصَّلَوٰاتُ وَالتَّسْلِیْمَاتُ (اے ہمارے رب! سید المرسلین علیہ وعلیٰ آلہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات کے طفیل ہمارے نور کو کامل فرما اور ہم کو بخشدے بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے)

عقیدہ (۱۵) روز قیامت ''حق'' ہے۔اس روز آسمان، ستارے، زمین، پہاڑ، سمندر، حیوان، نباتات اور معدنیات سب کے سب معدوم وناچیز ہوجائیں گے، آسمان شق ہوجائیں گے اور ستارے منتشر ہوکر گرجائیں گے، اور زمین وپہاڑ پراگندہ ذرات ہوجائیں گے، یہ تمام توڑ پھوڑ اور فنا کا تعلق نفخہ اولیٰ سے ہے............اور نفخہ ثانیہ (دوسرے صور) پر لوگ قبروں سے اٹھ کر محشر کی طرف روانہ ہوں گے............اور فلاسفہ (یعنی حکماء یونان وغیرہ) آسمانوں ستاروں کے نیست ونابود ہونے کو نہیں مانتے اور ان کا فانی اور فاسد ہونا جائز نہیں سمجھتے، وہ ان کو ازلی اور ابدی کہتے ہیں............اور اس امر کے باوجود ان میں سے متاخرین اپنی بے وقوفی کی وجہ سے اپنے آپ کو زُمرۂ اہل اسلام میں شمار کرتے ہیں اور اسلام کے بعض احکام بھی بجالانے کا دعوی کرتے ہیں ....زیادہ تعجب کی بات یہ ہے کہ بعض اہل اسلام ان کی ان باتوں پر یقین رکھتے ہیں اور جرأت ودلیری کے ساتھ ان کو مسلمان سمجھتے ہیں۔اور اس سے بھی زیادہ عجیب بات یہ ہے کہ بعض مسلمان ان لوگوں میں سے بعض کے اسلام کو کامل جانتے ہیں اور اگر کوئی ان پر طعن وتشنیع کرے تو اس کو بہت برا سمجھتے ہیں۔حالانکہ یہ لوگ نصوص قطعی کے منکر ہیں اور انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کے اجماع کا انکار کرتے ہیں۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ وَاِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ (تکویر ۸۱، آیت ۱،۲) جب آفتاب بے نور ہوجائے گا اور ستارے ٹوٹ ٹوٹ کر گر پڑیں گے)............نیز اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ (انشقاق ۸۴، آیت ۱،۲) (جب آسمان پھٹ جائے گا اور اپنے رب کا حکم سن لے گا اور وہ اسی

Marfat.com

لائق ہے)......... اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ أَبْوَابًا (نبا ۷۸، آیت ۱۹)
(اور آسمان کھل جائے گا اور اس میں دروازے ہی دروازے ہو جائیں گے) (یعنی پھٹ جائے گا)
اس قسم کی مثالیں قرآن مجید میں بکثرت موجود ہیں .... وہ یہ نہیں جانتے کہ صرف کلمہ شہادت
زبان سے ادا کر لینا اسلام میں کافی نہیں ہے، بلکہ ان تمام چیزوں کی تصدیق بھی ضروری ہے جن کا بجالانا اور ان پر
عمل کرنا دین کی ضروریات میں سے ہے اور کفر و کافری سے تبرّا اور بیزار ہونا بھی ضروری ہے تا کہ اسلام متصور ہو
جائے۔ وَبِدُوْنِهٖ خَرْطُ الْقِتَادِ (اس کے علاوہ بے فائدہ تکلیف اٹھانا ہے)

عقیدہ (۱۶) اور حساب، میزان (اعمال کا وزن ہونا) اور پلصراط ''حق'' ہے کہ مخبر صادق علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کی خبر دی ہے، (لیکن) نبوت کے اطوار سے ناواقفیت کی بنا پر بعض جاہلوں کا ان امور کو بعید از عقل سمجھنا درجہ اعتبار سے ساقط ہے کیونکہ نبوت کے اطوار عقل کے اطوار سے بالاتر ہیں۔ حقیقت میں انبیاء کرام کی سچی خبروں کو عقل کی نظر کے موافق کرنے کی کوشش کرنا حقیقت میں ''طورِ نبوت'' سے انکار ہے، کیونکہ یہاں معاملہ صرف تقلید (انبیا) پر مبنی ہے .... وہ یہ نہیں جانتے کہ ''طور نبوت'' طور عقل'' کے مخالف ہے بلکہ ''طور عقل''، انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کی تقلید کی تائید کے بغیر اس عالی مطلب کی طرف ہدایت حاصل نہیں کر سکتی، مخالفت دوسری چیز ہے اور رسائی نہ ہونا دوسری بات ہے کیونکہ مخالفت رسائی کے بعد متصور ہوتی ہے۔

عقیدہ (۱۷) اور بہشت و دوزخ موجود ہیں۔ قیامت کے دن حساب کے بعد ایک گروہ بہشت میں بھیجا جائے گا اور دوسرا گروہ دوزخ میں۔ اور ان (مومنوں) کے لئے ثواب اور (کفار کے لئے) عذاب دائمی وابدی ہوگا جو کبھی ختم ہونے والا نہیں۔ جیسا کہ قطعی اور موکدہ نصوص اس امر پر دلالت کرتے ہیں۔

صاحبِ فصوص (شیخ محی الدین ابن عربیؒ کہتے ہیں کہ سب کا انجام ''رحمت'' ہے (جیسا کہ حق تعالیٰ نے فرمایا) وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ (اعراف ۷، آیت ۱۵۶) (اور میری رحمت سب چیزوں کو گھیرے ہوئے ہے .... اور کفار کے لئے دوزخ کا عذاب تین حقبہ (ایک حقبہ اسی برس کی مدت) تک ثابت ہے اور اس کے بعد کہتے ہیں کہ '' آگ ان کے حق میں بَرْدًا وَّسَلَامًا (ٹھنڈی اور سلامتی والی) ہو جائے گی جیسا کہ حضرت ابراہیم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام پر ہو گئی تھی۔ اور حق جل وعلا کی وعید میں خلاف کرنے کو جائز سمجھتے ہیں .... اور وہ (صاحب (فصوص) یہ کہتے ہیں کہ اہل دل (صوفیہ) میں سے کوئی بھی کفار کے دائمی عذاب کی طرف نہیں گیا ہے۔ اور اس مسئلہ میں بھی وہ راہ حق سے دور جا پڑے ہیں، اور انہوں نے یہ نہیں جانا کہ مومنوں اور کافروں کے حق میں ''وسعت رحمت'' صرف اسی دنیا میں مخصوص ہے لیکن آخرت میں کافروں کو رحمت کی بو تک نہیں پہنچے گی، جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اِنَّهٗ لَا يَايْئَسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكَافِرُوْنَ (یوسف ۱۲، آیت ۸۷) (بے شک اللہ تعالیٰ کی رحمت سے سوائے کافروں کے کوئی مایوس (ناامید) نہ ہوگا) ....
جیسا کہ سبحانہٗ وتعالیٰ نے وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ کے بعد فرمایا ہے فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ

Marfat.com

وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ (اعراف ۷، آیت ۱۵۶) (پھر میں اپنی رحمت کو ان لوگوں کے لئے لکھوں گا جو متقی ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں، اور ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں) .... شیخ (ابن عربی) نے آیت کے اول حصہ کو تو پڑھ لیا اور آخری حصہ کے عمل کو نہ فرمایا۔

اور جیسا کہ حق تعالیٰ نے فرمایا اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ (اعراف ۷، آیت ۵۶) (بیشک اللہ تعالیٰ کی رحمت محسنین کے قریب ہے) .... نیز آیہ کریمہ فَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ مُخْلِفَ وَعْدِهٖ رُسُلَهٗ (ابراہیم ۱۴، آیت ۴۷) (پس ہر گز گمان نہ کرو کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسولوں سے وعدہ خلافی کرے گا) بھی وعدہ خلافی کی خصوصیت پر دلالت نہیں کرتی .... اور ہو سکتا ہے کہ اس جگہ وعدہ خلافی کے نہ ہونے کا اقتصار و انحصار اس وجہ سے ہو کہ وعدہ سے مراد رسولوں کی نصرت اور کفار پر ان کا غلبہ ہے۔ اور یہ بات وعدہ و وعید دونوں کو متضمن ہے۔ یعنی رسولوں کے لئے وعدہ ہے اور کفار کے لئے وعید .... لہٰذا اس آیہ کریمہ میں بھی خلفِ وعدہ (وعدہ خلافی) کی نفی ہوتی ہے اور خلفِ وعید کی بھی نفی فَالْاٰيَةُ مُسْتَشْهَدَةٌ عَلَيْهِ لَا لَهٗ (لہٰذا آیت مذکورہ شیخ کے خلاف ہے تائید میں نہیں ہے) .... اور اسی طرح خلف در وعید (وعید میں خلاف ہونا) بھی وعدہ خلافی کے مانند جھوٹ کو مستلزم ہے۔ اور یہ حضرت جل سلطانہٗ کے شایانِ شان نہیں ہے۔ کیونکہ وہ (حق تعالیٰ) ازل ہی میں جانتا تھا کہ کفار کو دائمی عذاب نہیں دوں گا۔ باوجود اس کے کسی مصلحت کی بنا پر اپنے علم کے خلاف فرما دیا کہ میں ان پر دائمی عذاب مسلط کر دوں گا۔ اس بات کو جائز کرنا نہایت ہی برا ہے۔ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ (صفت ۳۷، آیت ۱۸۰) (تمہارا بڑی عزت والا رب ان باتوں سے پاک ہے جو یہ بیان کرتے ہیں)

اور کفار کے لئے دائمی عذاب کے نہ ہونے پر اہل دل (صوفیہ) کا اجماع صرف شیخ کا اپنا کشف ہے اور کشف میں خطا اور غلطی کی بہت گنجائش ہے اور خصوصاً وہ کشف جو مسلمانوں کے اجماع کے مخالف ہو، اس لئے اس کا کچھ اعتبار و اعتماد نہیں ہے۔

عقیدہ (۱۸) فرشتے، خداوند جل سلطانہٗ کے بندے ہیں جو گناہوں سے پاک اور خطا و نسیان (بھول چوک) سے بھی محفوظ ہیں (جیسا کہ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے، لَا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ (تحریم ۶۶، آیت ۶) (اللہ تعالیٰ جو حکم ان کو کرتا ہے وہ اس میں اس کی نافرمانی نہیں کرتے اور وہی کرتے ہیں جو ان کو حکم ہوتا ہے) وہ کھانے پینے سے اور مرد و زن ہونے سے منزہ اور مبرا ہیں۔ قرآن مجید میں ان کے لئے مذکر ضمیروں کا استعمال اس اعتبار سے ہے کہ صنفِ ذکور کو صنفِ نساء کے مقابلہ میں شرف حاصل ہے۔ چنانچہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے اپنی ذات کے لئے بھی مذکر ضمیروں کا استعمال کیا ہے .... اور حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے بعض (فرشتوں) کو رسالت کے لئے منتخب کیا ہے جیسا کہ بعض انسانوں کو رسالت کی دولت سے مشرف فرمایا ہے (جیسا کہ ارشاد ہے) اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ (حج ۲۲، آیت ۷۵) (اللہ تعالیٰ فرشتوں اور انسانوں میں سے بعض کو رسالت کے لئے منتخب فرما لیتا ہے) .... جمہور علماء اہل حق

Marfat.com

اس بات پر متفق ہیں کہ ''خاص انسان خاص فرشتوں سے افضل ہیں۔ اور امام غزالی اور امام الحرمین اور صاحب فتوحات مکیہ اس بات کے قائل ہیں کہ خاص فرشتے خاص انسانوں سے افضل ہیں .... اور جو کچھ اس فقیر پر ظاہر کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ فرشتہ کی ولایت نبی علیہم الصلوٰۃ والسلام کی ولایت سے افضل ہے لیکن نبوت و رسالت میں نبی کے لئے ایک ایسا درجہ ہے کہ جس تک فرشتہ نہیں پہنچا ہے اور وہ درجہ عنصرِ خاک کی وجہ سے ظاہر ہوا ہے جو بشر کے ساتھ مخصوص ہے .... اور اس فقیر پر یہ بھی ظاہر کیا گیا ہے کہ ''کمالات ولایت'' کمالات نبوت کے مقابلہ میں کسی گنتی میں نہیں ہیں، کاش کہ ان کے درمیان وہ نسبت ہی ہوتی جو قطرہ کو دریائے محیط کے ساتھ ہے۔ مگر ایسا نہیں ہے پس وہ فضیلت جو نبی کو نبوت کی وجہ سے حاصل ہوئی ہے وہ اس فضیلت سے کئی گنا زائد ہے جو ولایت کی وجہ سے حاصل ہو، لہذا افضلیت مطلق ''انبیائے کرام علیہم الصلوات والتسلیمات کا حصہ ہے اور جزئی فضیلت ملائکہ کرام کے لئے ہے۔ پس درست وہی ہے جو علمائے کرام شکر اللہ تعالیٰ سعیہم نے فرمایا ہے .... اس تحقیق سے یہ بھی ظاہر ہو گیا کہ انبیا علیہم الصلوات والتسلیمات کے درجات میں سے کسی نبی کے درجے تک کوئی ولی نہیں پہنچتا بلکہ اس ولی کو سر ہمیشہ اس نبی کے قدم کے نیچے ہوتا ہے۔

جاننا چاہیے کہ ان مسائل میں سے ہر ایک مسئلہ میں جن میں علماء اور صوفیہ کا اختلاف ہے جب اچھی طرح غور اور ملاحظہ کیا جاتا ہے تو حق علماء کی جانب معلوم ہوتا ہے۔ اور اس کا راز یہ ہے کہ علماء کی نظر نے انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کی متابعت کے باعث نبوت کے کمالات اور اس کے علوم میں نفوذ کیا ہے۔ اور صوفیہ کی نظر ولایت کے کمالات اور اس کے معارف تک محدود رہتی ہے۔ لہذا وہ علم جو نبوت کی مشکوٰۃ سے حاصل کیا جائے وہ لازماً اس علم سے جو مرتبہ ولایت سے اخذ کیا گیا ہو کئی درجے زیادہ صحیح اور حق ہو گا۔

ان معارف میں سے بعض کی تحقیق اس مکتوب (دفتر اوّل مکتوب ۲۶۰) میں جو فرزندی ارشدی (خواجہ محمد صادق) کے نام طریقے کے بیان میں لکھا ہے درج ہو چکی ہے، اگر کچھ دقت اور پوشیدگی رہ گئی ہو تو اس (مکتوب کی طرف) رجوع کریں۔

عقیدہ (۱۹) ایمان سے مراد، جو کچھ دینی امور سے متعلق ضرورت اور تواتر کے طریق پر ہم تک پہنچا ہے۔ اس کی دل سے تصدیق کرنا ہے، اور زبان سے اقرار کرنا بھی ایمان کا رکن ہے جیسا کہ (علما نے کہا ہے) کہ اس کے بغیر (ایمان کے) منہدم ہونے کا احتمال ہے، اور اس علامت کی تصدیق کفر پر تبری کرنا اور کافری سے اور جو کچھ کافری کے لوازم و خصائص ہیں جیسے زُنّار کا باندھنا اور اس کے مانند وغیرہ سے بیزاری کا اظہار کرنا ہے .... اللہ سبحانہٗ کی پناہ! اگر کوئی اس تصدیق کا بھی دعویٰ کرے اور کفر سے بیزاری کا اظہار نہ کرے تو وہ دو دینوں کا تصدیق کرنے والا بن جائے گا جو ارتداد کے داغ سے داغدار ہو گا اور حقیقت میں اس کا حکم منافق کے حکم میں ہے لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ (نساء ۴، آیت ۱۴۳) (نہ ادھر کے رہے نہ اُدھر کے رہے) .... لہذا ایمان کی تحقیق میں کفر سے تبری (بیزاری کا اظہار) کئے بغیر چارہ نہیں۔ تبری کا ادنیٰ درجہ دل سے بیزاری کرنا

Marfat.com

ہے۔اور تبری کا اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ دل اور جسم دونوں سے ہو، اور تبری سے مراد حق جل وعلا کے دشمنوں کے ساتھ دشمنی رکھنا ہے خواہ دشمنی قلب سے ہو جبکہ ان سے نقصان پہنچنے کا خوف ہو، خواہ دل اور جسم دونوں سے ہو جبکہ ان سے ضرر کا خوف نہ ہو۔ آیہ کریمہ یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِیْنَ وَاغْلُظْ عَلَیْهِمْ (توبہ ۹، آیت ۷۳) (اے نبی! کفار اور منافقین سے جہاد کرو اور ان کے ساتھ سختی سے پیش آؤ) اس مضمون کی تائید کرتی ہے...... کیونکہ خدائے عزوجل کی محبت اور اس کے رسول علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کی محبت ان کے دشمنوں کی دشمنی کے بغیر صورت پذیر نہیں ہوتی۔ اس جگہ یہ مصرع صادق آتا ہے۔ ع

تولّی بے تبرّی نیسْت ممکن

(حُبِّ حق کے واسطے ہی غیر سے نفرت ضرور)

شیعہ (فرقہ) نے جو یہ قاعدہ اہل بیت کی محبت اور دوستی میں جاری کیا ہے اور تینوں خلفا اور ان کے علاوہ اکثر صحابہ پر تبرّی کرنا اہلِ بیت کی دوستی کی شرط قرار دیا ہے نامناسب ہے کیونکہ دوستوں کی محبت کے لئے شرط ہے کہ ان کے دشمنوں سے تبرّی کیا جائے، نہ کہ مطلق طور پر دشمنوں کے علاوہ دوسروں سے بھی ہو، اور کوئی عقلمند منصف اس بات کو تجویز نہیں کرتا کہ پیغمبر علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات کے اصحاب پیغمبر علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات والتحیات کے اہل بیت کے دشمن ہوں، اور حالانکہ ان بزرگواروں نے آپ علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کی محبت میں اپنے اموال اور جانوں کو صرف کر دیا اور اپنی عزت وحکومت کو برباد کر دیا تو اہل بیت سے ان کی دشمنی کس طرح منسوب کی جا سکتی ہے، جبکہ نص قطعی سے آں سرور عالم علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات کے قرابت داروں کی محبت ثابت ہے۔ اور دعوت کی اجرت کو ان کی محبت قرار دیا ہے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے قُلْ لَّاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِی الْقُرْبٰى وَمَنْ یَّقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِیْهَا حُسْنًا (شوریٰ ۴۲، آیت ۲۳) (آپ ان سے کہہ دیجئے کہ میں تم سے اہل قرابت کی دوستی کے علاوہ کوئی بدلہ نہیں چاہتا۔ اور وہ جو شخص ایک نیکی کمائے گا ہم اس کی نیکیوں میں اور زیادتی کر دیں گے)

اور حضرت ابراہیم خلیل الرحمٰن علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کو جو یہ بزرگی حاصل ہوئی اور "شجرہ انبیا" بن گئے، یہ سب اس تعالیٰ کے دشمنوں کے ساتھ "(علی الاعلان) تبرّی کرنے کی وجہ سے ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ قَدْ كَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِیْۤ اِبْرٰهِیْمَ وَالَّذِیْنَ مَعَهٗ اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَیْنَنَا وَبَیْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗۤ (ممتحنہ ۶۰، آیت ۴) (تمہارے لئے ابراہیم میں اور ان لوگوں میں جو ان کے ساتھ تھے ایک عمدہ نمونہ ہے جبکہ انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ ہم تم سے اور جن کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے ہو ان سے بیزار ہیں، اور ہم تمہارے منکر ہیں اور ہم میں اور تم میں ہمیشہ کے لئے عداوت اور بغض ظاہر ہو گیا جب تک تم اللہ واحد پر ایمان نہ لاؤ)۔

Marfat.com

اوراس فقیر کی نظر میں ''رضائے حق جل وعلا، حاصل کرنے کے لئے اس تبرّی (بیزاری) کے اظہار کے برابر کوئی عمل نہیں ہے۔ (یہ فقیر اپنے ذوق میں) پاتا ہے کہ حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ کو کفرو کافری کے ساتھ ذاتی عداوت ہے۔اور یہ آفاقی آلہ مثلاًلات وعزّی اوران کی پوجا کرنے والے ذاتی طور پرحق جل سلطانہٗ کے دشمن ہیں ،اوردوزخ کا دائمی عذاب اس بُرے فعل کی سزا ہے۔اور خواہش نفسانی کے آلہہ اور تمام بُرے اعمال یہ نسبت نہیں رکھتے کیونکہ ان کی عداوت اور غضب ذاتی نسبت سے نہیں ہے۔اگر غضب ہےتو وہ صفات کی طرف منسوب ہے اور اگر عقاب وعتاب (عذاب وغصہ) ہےتو افعال کی طرف راجع ہے،لہذا دوزخ کا دائمی عذاب ان کے گناہوں کی سزانہیں ہوئی بلکہ (حق تعالیٰ نے) ان کی مغفرت کو اپنی مشیت اور ارادہ پر منحصر رکھا ہے۔

جاننا چاہیے کہ جب کفر اور کافروں کے ساتھ ذاتی عداوت تحقیق ہو چکی تو لازماً رحمت ورافت جو''صفاتِ جمال'' میں سے ہے آخرت میں کافروں کو نہ پہنچے گی۔اور رحمت کی صفت ذاتی عداوت کو دورنہیں کرے گی۔کیونکہ جو چیز ذ کے ساتھ تعلق رکھتی ہے اس چیز کی نسبت جو صفت سے تعلق رکھتی ہے زیادہ قوی اور بلند ہے،لہذا مقتضائے صف (صفت کے تقاضے) مقتضائے ذات کو تبدیل نہیں کرسکتے ....اور یہ جو حدیث قدسی میں آیا ہے سَبَقَتْ رَحْمَتِیْ عَلٰی غَضَبِیْ (میری رحمت میرے غضب پر سبقت لے گئی) ....اس غضب سے مراد غضب صفاتی سمجھنا چاہیے جو گنہگار مؤمنوں کے ساتھ مخصوص ہے نہ کہ غضب ذاتی جو مشرکوں کے ساتھ مخصوص ہے۔

سوال: اگر یہ کہا جائے کہ دنیا میں کافروں کو رحمت سے حصہ حاصل ہے، جیسا کہ تو نے مندرجہ بالا عبارت میں تحقیق کی ہے تو پھر دنیا میں رحمت کی صفت نے ذاتی عداوت کو کیسے دور کردیا؟

جواب: میں کہتا ہوں کہ دنیا میں خاص کافروں کو رحمت کا حاصل ہونا ظاہری طور پراور صورت کے اعتبار سے ہے لیکن حقیقت میں وہ ان کے حق میں استدراج اور کید (دھوکہ) ہے،ان کے حق میں آیہ کریمہ اَیَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّ هُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِیْنَ نُسَارِعُ لَهُمْ فِی الْخَیْرَاتِ بَلْ لَّا یَشْعُرُوْنَ (مومنون ۲۳،آیت ۵۶،۵۵ (کیا یہ لوگ گمان کرتے ہیں کہ ہم مال اور اولاد میں جو ان کو ترقی دے رہے ہیں تو اس سے ان کو فائدہ پہنچانے میں جلدی کررہے ہیں (نہیں) بلکہ ان کو اس (حکمت) کا شعور نہیں ہے ....اور آیہ کریمہ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِنْ حَیْثُ لَا یَعْلَمُوْنَ وَاُمْلِیْ لَهُمْ اِنَّ کَیْدِیْ مَتِیْنٌ (اعراف ۷،آیت ۱۸۲،۱۸۳) (ہم ان کو (جہنم کی طرف) اس طرح آہستہ آہستہ لے جاتے ہیں جس کی ان کو خبرنہیں ہوتی اور ہم ان کو مہلت دیتے ہیں بیشک ہماری تدبیر بہت مضبوط ہے) ان ہی معنی پر شاہد ہیں۔پس سمجھ لو۔

فائدہ جلیلہ، دوزخ کا دائمی عذاب کفر کی جزا (بدلہ) ہے اور بس ....اگر پوچھیں کہ ایک شخص ایمان کے باوجود کفر کی رسمیں بجالاتا اور اہل کفر کی رسموں کی تعظیم کرتا ہے،اور علماء اس پر کفر کا حکم لگاتے ہیں۔اور مرتد سمجھتے ہیں جیسا کہ ہندوستان کے اکثر مسلمان اس بلا میں مبتلا ہیں۔لہذا چاہیے کہ علماء کے فتوے کے بموجب وہ شخص آخرت کے ابدی عذاب میں گرفتار ہو، حالانکہ اخبار صحاح (صحیح احادیث) میں آچکا ہے کہ جس شخص کے دل

Marfat.com

میں ذرہ برابر بھی ایمان ہوگا اس کو دوزخ سے باہر نکال لیں گے اور دائمی عذاب میں نہ رہنے دیں گے۔ آپ کے نزدیک اس مسئلہ کی کیا تحقیق ہے؟ .... (جواب) میں کہتا ہوں اگر وہ شخص کافر محض ہے تو دائمی عذاب اس کا نصیب ہے، عِیَاذًا بِاللّٰہِ سُبْحَانَہٗ مِنْہُ (اللہ سبحانہٗ کی اس سے پناہ) اور اگر کفر کی رسومات بجالانے کے باوجود ذرہ برابر ایمان بھی رکھتا ہے تو وہ دوزخ کے عذاب میں مبتلا تو ہوگا لیکن اس ذرہ برابر ایمان کی برکت سے امید ہے کہ ابدی عذاب سے خلاصی ہو جائے گی اور دائمی گرفتاری سے نجات پائے گا۔

فقیر ایک مرتبہ ایک شخص کی مزاج پرسی کے لئے گیا جس کا معاملہ نزع وموت کے قریب پہنچ چکا تھا۔ جب فقیر اس کے حال پر متوجہ ہوا تو معلوم ہوا کہ اس کا قلب ''ظلمات بسیار'' (بہت زیادہ ظلمتوں) میں گھرا ہوا ہے، ہر چند ان ظلمتوں کے دور کرنے میں متوجہ ہوا لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا پھر بہت زیادہ توجہ کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ یہ ظلمات و تاریکیاں ''صفات کفر'' کی وجہ سے پیدا ہوئی ہیں جو اس میں پوشیدہ ہیں، اور یہ کدورتیں اس کے کفر اور اہل کفر کے ساتھ دوستی کی وجہ سے پیدا ہوئی ہیں، اور توجہ کرنے سے یہ ظلمتیں دور نہیں ہوسکتیں، بلکہ ان ظلمات کا تنقیہ دوزخ کے عذاب پر وابستہ ہے جو کفر کی جزا ہے .... نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ وہ ذرہ برابر ایمان بھی رکھتا ہے جس کی برکت سے آخر کار اس کو دوزخ سے نکال لیا جائے گا .... اور جب اس کے حال کو مشاہدہ کر لیا تو اب دل میں آیا کہ اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے یا نہیں؟ توجہ کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ نماز ادا کرنی چاہیے .... لہذا وہ مسلمان جو ایمان کے باوجود اہل کفر کی رسومات بجالاتے ہیں اور (ہنود کے) تہواروں کے ایام کی تعظیم کرتے ہیں، ان کی نماز جنازہ پڑھنی چاہیے اور ان کو کفار کے ساتھ نہیں ملا دینا چاہیے جیسا کہ آجکل علماء کا معمول ہے ...... اور امیدوار رہنا چاہیے کہ آخر کار ایمان کی برکت کی وجہ سے دائمی عذاب سے نجات حاصل ہو جائے گی۔

پس معلوم ہوا کہ اہل کفر کے لئے عفو اور مغفرت نہیں ہے۔ (آیہ کریمہ) اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَکَ بِہٖ (نساء ۴، آیت ۴۸) (بیشک اللہ اس کو نہیں بخشے گا جس نے اس کے ساتھ کسی کو شریک قرار دیا) .... اور اگر وہ محض کافر ہے تو ''عذاب ابدی'' اس کے کفر کی جزا ہے، اور اگر ذرہ برابر بھی ایمان رکھتا ہے تو اس کی جزا ''عذاب موقت'' (وقتی عذاب) ہے، اور باقی تمام کبیرہ گناہوں کو اگر حق سبحانہٗ وتعالیٰ چاہے تو بخش دے اور چاہے عذاب دے .... فقیر کے نزدیک ''عذاب دوزخ'' خواہ وقتی ہو یا دائمی، کفر اور صفاتِ کفر کے ساتھ مخصوص ہے، جیسا کہ آگے تحقیق سے معلوم ہوگا .... اور کبیرہ گناہ والے جن کے گناہ توبہ، شفاعت، یا صرف عفو واحسان کے ساتھ مغفرت کے قابل نہیں ہوتے، یا جن کبیرہ گناہوں کا کفارہ دنیاوی تکالیف یا سختیوں اور سکرات موت سے نہیں ہوا، امید ہے کہ ایسے لوگوں میں سے بعض کو قبر کا عذاب کفایت کرے گا اور بعض کے لئے قبر کی سختی کے باوجود قیامت کا خوف اور اس دن کی تکالیف کافی ہوں گی اور ان کے گناہوں میں سے کوئی گناہ باقی نہیں چھوڑیں گے جس کی وجہ سے دوزخ کے عذاب کے مستحق ہوں۔ چنانچہ آیہ کریمہ: اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ یَلْبِسُوْٓا اِیْمَانَھُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓئِکَ لَھُمُ الْاَمْنُ (انعام ۶، آیت ۸۲) (جو لوگ ایمان رکھتے ہیں اور اپنے ایمان کو

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ چوتھا حصہ

Marfat.com

شرک سے ملوث نہیں کرتے ان کے لئے امن وسلامتی ہے) اسی مضمون کی تائید کرتی ہے۔ کیونکہ یہاں ظلم سے مراد شرک ہے۔ وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ اَعْلَمُ بِحَقَائِقِ الْاُمُوْرِ كُلِّهَا (اور اللہ سبحانہٗ ہی تمام امور کے حقائق کو بہتر جانتا ہے)

اور اگر یہ کہا جائے کہ کفر کے علاوہ بعض گناہوں کی سزا بھی عذاب دوزخ آئی ہے جیسا کہ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے: وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءُهٗ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيْهَا (نساء۴، آیت ۹۳) (جو شخص کسی مومن کو قصداً قتل کرے پس اس کی سزا جہنم ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا) .... اور اخبار (احادیث شریفہ) میں ہے کہ جو شخص قصداً ایک نماز فرض قضا کرے تو اس کو ایک حقبہ (یعنی اسی سال) دوزخ میں عذاب دیا جائے گا۔ لہذا دوزخ کا عذاب صرف کافروں کے لئے ہی مخصوص نہ رہا (اور تم کہتے ہو کہ دوزخ کا عذاب کافروں کے لئے ہی مخصوص ہے) .... (جواب میں) میں کہتا ہوں کہ یہ عذاب اس قاتل کے لئے مخصوص ہے جو قتل کو حلال جانے کیونکہ قتل کو حلال جاننے والا کافر ہے۔ جیسا کہ مفسرین نے بیان کیا ہے۔ اور کفر کے علاوہ دوسرے گناہوں کے لئے بھی دوزخ کا عذاب آیا ہے۔ وہ بھی صفات کفر کے شائبہ سے خالی نہیں ہے جیسا کہ اس گناہ کو معمولی سمجھنا اور اس کے ارتکاب کے وقت بے پروائی کرنا اور شرعی اوامر ونواہی کو بیکار وخوار سمجھنا وغیرہ وغیرہ .... اور خبر (حدیث) میں ہے: شَفَاعَتِيْ لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِيْ (میری شفاعت میری امت کے کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لئے ہوگی) .... اور دوسری جگہ فرمایا ہے کہ: اُمَّتِيْ اُمَّةٌ مَّرْحُوْمَةٌ لَا عَذَابَ لَهَا فِي الْاٰخِرَةِ (میری امت، امتِ مرحومہ (رحم کی ہوئی) ہے، اس کے لئے آخرت میں عذاب نہیں ہے) .... اور آیہ کریمہ: اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ (انعام ۶، آیت ۸۲) (جو لوگ ایمان لائے اور اپنے ایمان کو شرک سے ملوث نہیں کیا ان ہی کے لئے امن ہے) بھی اس معنی کی تائید کرتی ہے، جیسا کہ اوپر بیان ہوا۔

اور مشرکوں کے بچوں کے احوال، اور پہاڑوں پر رہنے والے، اور پیغمبروں کے زمانہ فترت کے مشرکوں کا حال، اس مکتوب (دفتر اول مکتوب ۲۵۹) میں جو فرزندی محمد سعید کے نام تحریر ہوا ہے مفصل مذکور ہو چکا ہے وہاں ملاحظہ کرلیں۔

اور ایمان کے کم وزیادہ ہونے میں علماء کا اختلاف ہے۔ امام اعظم کوفی ﷺ فرماتے ہیں کہ: اَلْاِيْمَانُ لَا يَزِيْدُ وَلَا يَنْقُصُ (ایمان نہ زیادہ ہوتا ہے نہ کم) .... اور امام شافعی رحمۃ اللہ سبحانہٗ فرماتے ہیں يَزِيْدُ وَيَنْقُصُ (ایمان زیادہ اور کم ہوتا ہے) .... اور اس میں شک نہیں کہ ایمان سے مراد تصدیق اور یقین قلبی ہے جس میں زیادتی وکمی کی گنجائش نہیں، لہذا جو ایمان کہ کمی وزیادتی کو تسلیم کرے وہ دائرہ ظن میں داخل ہے نہ کہ یقین کے درجہ میں .... ہاں اتنی بات ضرور ہے کہ اعمال صالحہ کا بجالانا اس یقین کو جلا دیتا ہے اور غیر صالح اعمال کا بجالانا یقین کو مکدر کر دیتا ہے۔ لہذا (ایمان کی) کمی وزیادتی اعمال کے اعتبار سے یقین کو

Marfat.com

روشن وجلا کرنے میں ثابت ہوئی نہ کہ نفسِ یقین میں .... ایک جماعت جس نے یقین کو جلایافتہ اور روشن معلوم کیا تو اس نے اس یقین کی نسبت جو جلایافتہ اور روشن نہیں، زیادہ کہہ دیا۔ گویا بعض لوگوں نے غیر متجلی یقین کو یقین ہی نہیں سمجھا اور انہی میں سے بعض نے متجلی کو یقین جان کر غیر متجلی کو ناقص کہہ دیا .... اور دوسرے گروہ نے جو نظر کی تیزی اور بصیرت رکھتے تھے دیکھا کہ یہ کمی و زیادتی یقین کی صفات کی طرف راجع ہے نہ کہ نفس یقین کی طرف اس وجہ سے انہوں نے یقین کو غیر زائد و ناقص کہہ دیا .... اس کی مثال ایسی ہے جیسے دو آئینے جو باہم برابر ہوں لیکن روشنی اور نورانیت میں تفاوت رکھتے ہوں، جب ایک شخص اس آئینے کو دیکھتا ہے جس میں جلا اور روشنی زیادہ ہے اور وہ نور اور روشنی کی نمایندگی زیادہ کرتا ہے تو وہ کہہ اٹھتا ہے کہ یہ آئینہ دوسرے آئینے سے زیادہ روشن ہے کیونکہ اس میں جلا اور روشنی زیادہ نہیں ہے۔ اور دوسرا شخص یہ کہتا ہے کہ یہ دونوں آئینے (کمی و زیادتی میں) برابر ہیں البتہ فرق صرف جلا کی نمایندگی کا ہے جو ان دونوں کی صفات ہیں .... پس دوسرے کی نظر صائب ہے اور شئے کی حقیت تک رسائی رکھتا ہے اور پہلے شخص کی نظر ظاہر پر ہے لہذا کوتاہ ہے اور صفت سے ذات تک نہیں پہنچی ہے (آیہ کریمہ) يَرْفَعُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ (مجادلہ ۵۸، آیت ۱۱) (اللہ تم میں سے ایمان والوں کے اور ان لوگوں کے جن کو علم عطا ہوا ہے درجے بلند کردے گا)

اس تحقیق سے کہ جس کے اظہار کے لے اس فقیر کو توفیق بخشی گئی، مخالفین کے اعتراضات جو جو انہوں نے ایمان کے زیادہ اور کم نہ ہونے پر کئے تھے زائل ہو گئے، اور عام مؤمنوں کا ایمان تمام وجوہ میں انبیا علیہم الصلوات والتسلیمات کے ایمان کے مثل نہیں ہوا، کیونکہ انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کا ایمان تمام تر جلایافتہ و نورانی ہے جو ثمرات و نتائج کئی گنا (زیادہ) رکھتا ہے ان عام مؤمنوں کے ایمان کے مقابلہ پر جو اپنے اپنے درجات کے فرق کے لحاظ سے بہت سی ظلمتیں اور کدورتیں رکھتا ہے .... اور اسی طرح حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا ایمان جو وزن میں تمام امت کے ایمان سے زیادہ ہے اس کو بھی جلا اور نورانیت کے اعتبار سے سمجھنا چاہیے، اور زیادتی کو صفات کاملہ کی طرف راجع کرنا چاہیے .... کیا تم نہیں دیکھتے کہ انبیا علیہم الصلوات والتسلیمات نفس انسانیت میں عام لوگوں کے ساتھ برابر ہیں اور حقیقت و ذات میں سب باہم متحد ہیں لیکن صفات کاملہ کے اعتبار سے ان (انبیاء) کو دوسرے (انسانوں) پر فضیلت حاصل ہے اور جس میں صفاتِ کاملہ نہیں ہیں گویا وہ اس نوع سے خارج اور اس کے فضائل و خصائص سے محروم ہے لیکن اس تفاوت کے باوجود نفسِ انسانیت میں زیادتی و کمی واقع نہیں، اور نہیں کہہ سکتے کہ وہ انسانیت زیادتی و نقصان کے قابل ہے۔ وَاللّٰهُ سُبْحَانَهُ الْمُلْهِمُ لِلصَّوَابِ (اللہ سبحانہٗ صحیح بات کا الہام کرنے والا ہے)

اور اسی طرح بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ ''تصدیق ایمانی'' سے مراد ان کے نزدیک تصدیق منطقی ہے۔ جو ظن اور یقین دونوں کو شامل ہے، اس صورت میں ''نفس ایمان'' میں کمی و زیادتی کی گنجائش ہے۔ لیکن صحیح یہی ہے کہ اس جگہ تصدیق سے مراد یقین و اذعانِ قلبی (دل سے قبول کر لینا ہے) نہ کہ عام معنیٰ میں جس میں ظن بھی شامل ہے۔

امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ''اَنَا مُؤْمِنٌ حَقًّا'' (میں یقیناً مومن ہوں)۔اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔''اَنَا مُؤْمِنٌ اِنْشَاءَ اللّٰہُ تَعَالٰی'' (میں مومن ہوں اگر اللہ تعالیٰ چاہے) حقیقت میں ان کا یہ اختلاف ''نزاعِ لفظی'' ہے۔مذہب اول (پہلے قول) کا تعلق ایمان حال سے ہے اور مذہب ثانی (دوسرے قول) کا تعلق مآل و عاقبت کار سے ہے، لیکن صورتِ استثناء سے پرہیز کرنا اولیٰ و احوط ہے۔ کَمَا لَا یَخْفٰی عَلَی الْمُنْصِفِ (جیسا کہ منصف لوگوں پر پوشیدہ نہیں ہے)

عقیدہ (۲۰) اور اولیاء اللہ کی کرامات حق ہیں اور ان سے بکثرت خوارق عادات واقع ہونے کی وجہ سے ان کی یہ بات عادتِ مستمرہ (دائمی) بن گئی ہے، اور کرامات کا انکار کرنے والا علم عادی اور ضروری کا انکار کرنے والا ہے۔نبی کا معجزہ نبوت کے دعوے سے مقرون (ملا ہوا) ہوتا ہے، اور ولی کی کرامت اس معنی میں خالی ہے بلکہ اس نبی کی پیروی کے اعتراف کے ساتھ مقرون (ملی ہوئی) ہوتی ہے۔فَلَا اِشْتِبَاہَ بَیْنَ الْمُعْجِزَۃِ وَالْکَرَامَۃِ کَمَا زَعَمَ الْمُنْکِرُوْنَ (لہذا معجزہ اور کرامت کے درمیان کوئی اشتباہ نہیں رہا جیسا کہ منکروں نے گمان کیا ہے)

عقیدہ (۲۱) اور خلفائے راشدین کے درمیان افضلیت کی ترتیب خلافت کی ترتیب کے مطابق ہے لیکن شیخین کی افضلیت صحابہ اور تابعین کے اجماع سے ثابت ہوتی ہے۔چنانچہ اکابرین ائمہ کی ایک جماعت نے جن میں امام شافعیؒ بھی ہیں جنہوں نے اس بات کو نقل کیا ہے کہ ''شیخ الامام ابوالحسن اشعری فرماتے ہیں کہ ''حضرت ابوبکرؓ کی فضیلت پھر حضرت عمرؓ کی فضیلت بقیہ تمام امت پر قطعی ہے'' ......اور امام ذہبیؒ نے فرمایا کہ حضرت علیؓ کا یہ قول ان کی خلافت و مملکت کے زمانے میں آپ کے متبعین میں سے ایک جم غفیر کے سامنے تواتر کے ساتھ منقول ہے کہ اَنَّ اَبَا بَکْرٍ وَعُمَرَ اَفْضَلُ الْاُمَّۃِ (ابوبکرؓ اور عمرؓ تمام امت میں افضل ہیں......) پھر فرماتے ہیں کہ اس روایت کو اسی سے زیادہ راویوں نے حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے روایت کیا ہے پھر فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ رافضیوں کا برا کرے یہ کیسے جاہل ہیں ......اور بخاری نے ان (حضرت علیؓ) سے روایت کی ہے کہ انہوں نے فرمایا: خَیْرُ النَّاسِ بَعْدَ النَّبِیِّ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ اَبُوْ بَکْرٍ ثُمَّ عُمَرُ ثُمَّ رَجُلٌ اٰخَرُ فَقَالَ ابْنُہٗ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَنَفِیَّۃِ ثُمَّ اَنْتَ فَقَالَ اَنَّمَا اَنَا رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ (نبی ﷺ کے بعد تمام لوگوں میں بہتر حضرت ابوبکرؓ پھر حضرت عمرؓ پھر ایک اور شخص (اس پر) آپ کے صاحبزادے محمد بن حنفیہ نے کہا کہ پھر آپ (اس بات پر حضرت علیؓ نے فرمایا کہ میں تو مسلمانوں میں سے ایک فرد ہوں)

امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ نے حضرت علیؓ سے بسند صحیح روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ مجھے اطلاع ملی ہے کہ لوگ مجھے ان دونوں (شیخین) پر فضیلت دیتے ہیں۔لہذا جو بھی مجھ کو ان پر فضیلت دیتا ہے وہ مفتری (جھوٹا) ہے اور اس کے لئے وہ سزا ہے جو ایک مفتری کی ہوتی ہے ......اور دارقطنی نے آپ (حضرت علیؓ)

پہلا دفتر مکتوباتِ امام ربانیؒ چوتھا حصہ

Marfat.com

سے روایت کی ہے کہ میں جس کو پاؤں گا کہ وہ حضرت ابوبکرؓ وحضرت عمرؓ پر مجھے فضیلت دیتا ہے تو میں اس کو اتنے کوڑے لگاؤں گا جتنے ایک مفتری کو لگنے چاہییں ....اس قسم کی اور بہت سی روایتیں خود حضرت علیؓ سے اور آپ کے علاوہ دیگر صحابہ کرامؓ سے اس کثرت اور تواتر سے آئی ہیں جس میں کسی کو انکار کی مجال نہیں ....

حتیٰ کہ عبدالرزاق جو اکابر شیعہ سے ہے کہتا ہے کہ: أُفَضِّلُ الشَّيْخَيْنِ بِتَفْضِيْلِ عَلِيٍّ اِيَّاهُمَا عَلٰى نَفْسِهٖ وَاِلَّا لَمَا فَضَّلْتُهُمَا كَفٰى بِيْ وِزْرًا اَنْ اُحِبَّهٗ ثُمَّ اُخَالِفَهٗ (میں شیخین کو اس لئے فضیلت دیتا ہوں کہ خود حضرت علیؓ نے اپنے اوپر ان کو فضیلت دی ہے ورنہ میں ان (شیخین) کو کبھی فضیلت نہ دیتا۔ میرے نزدیک یہ گناہ ہے کہ میں اُن (حضرت علیؓ) سے محبت کا دعویٰ کروں اور پھر ان (کے اقوال) کی مخالفت کروں) ....یہ سب کچھ صواعق سے لیا گیا ہے۔

لیکن اب رہی حضرت عثمانؓ کی حضرت علیؓ پر فضیلت سو اکثر علمائے اہلِ سنت، اس مسلک پر ہیں کہ شیخین کے بعد حضرت عثمانؓ افضل ہیں پھر ان کے بعد حضرت علیؓ اور ائمہ اربعہ مجتہدین کا مذہب بھی یہی ہے۔ اور بعض لوگوں نے حضرت عثمانؓ کی فضیلت کے بارے میں امام مالک سے جو توقف نقل کیا ہے، اس کے متعلق قاضی عیاض نے فرمایا ہے کہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے اس توقف سے حضرت عثمانؓ کی فضیلت کی طرف رجوع کرلیا ہے..........اور قرطبی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ انشاء اللہ تعالیٰ یہی اصح ہے..........اور اسی طرح وہ توقف جو بعض نے امام اعظم رحمہ اللہ کی اس عبارت سے سمجھا ہے کہ مِنْ عَلَامَاتِ السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ تَفْضِيْلُ الشَّيْخَيْنِ وَ مَحَبَّةُ الْخَتَنَيْنِ (اہل سنت والجماعت کی علامت میں سے یہ بھی ہے کہ شیخین کو فضیلت دی جائے اور ختنین (دونوں داماد) (حضرت عثمانؓ وحضرت علیؓ) سے محبت کی جائے)۔

اس فقیر کے نزدیک اس عبارت کے اختیار کرنے میں ایک دوسرا محل ہے کہ حضرات ختنین کی خلافت کے زمانے میں بہت زیادہ فتنے وفساد پیدا ہوگئے تھے جس کی وجہ سے لوگوں کے دلوں میں بہت کدورت پیدا ہوگئی تھی۔ اس لئے امام (ابوحنیفہ) نے اس بات کو مدنظر رکھ کر ان کے حق میں محبت کا لفظ اختیار کیا ہے اور ان کی دوستی کو علامات اہلِ سنت سے قرار دیا ہے، بغیر اس امر کے کہ کسی قسم کا توقف ملحوظ ہو، اور کیسے توقف ہوسکتا ہے کیونکہ حنفیوں کی کتابیں ایسے مضامین سے بھری پڑی ہیں کہ ان (خلفائے راشدین) کی فضیلت ان کی ترتیب، ترتیب خلافت کے مطابق ہے۔

مختصر یہ کہ شیخین کی افضلیت یقینی ہے اور حضرت عثمانؓ کی افضلیت ان سے کم درجہ کی ہے لیکن زیادہ احتیاط اسی میں ہے کہ حضرت عثمانؓ کی افضلیت کے منکر کو بلکہ شیخین کی افضلیت کے منکر کے لئے بھی ہم کفر کا حکم نہ لگائیں البتہ ان کو بدعتی وگمراہ جانیں، کیونکہ ان کی تکفیر میں علماء کا اختلاف ہے اور اس اجماع کے قطعی ہونے میں بہت قیل وقال ہے، اس کا منکر بدنصیب یزید کا ساتھی ہے، اسی احتیاط کی بنا پر اس (یزید) کے لعن طعن کرنے میں توقف کیا ہے۔ اور وہ ایذا جو حضرت پیغمبر علیہ وعلیہم الصلوٰت والتسلیمات کو خلفائے راشدین کو ایذا رسانی کی جہت

Marfat.com

سے پہنچی ہے وہ ایسی ہی ہے جیسی کہ حضرت امامین (حضرت امام حسن ؓ وامام حسین ؓ) کو ایذا رسانی کی جہت سے پہنچی ہے۔

آنحضرت علیہ وعلیٰ الہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: اَللّٰہَ اللّٰہَ فِیْ اَصْحَابِیْ لَا تَتَّخِذُوْھُمْ غَرَضًا مِنْ بَعْدِیْ فَمَنْ اَحَبَّھُمْ فَبِحُبِّیْ اَحَبَّھُمْ وَمَنْ اَبْغَضَھُمْ فَبِبُغْضِیْ اَبْغَضَھُمْ وَمَنْ اٰذَاھُمْ فَقَدْ اٰذَانِیْ وَمَنْ اٰذَانِیْ فَقَدْ اٰذَی اللّٰہَ وَمَنْ اٰذَی اللّٰہَ فَیُوْشِكُ اَنْ یَّاخُذَہٗ (میرے اصحاب کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرو میرے بعد ان کو نشانہ (ملامت) نہ بنانا۔ جس نے ان کو دوست رکھا اس نے گویا میری محبت کے باعث ان کو دوست رکھا۔ اور جس نے ان سے بغض رکھا اس نے گویا میری دشمنی کی وجہ سے ان سے بغض رکھا۔ اور جس نے ان کو ایذا دی اس نے گویا مجھ کو ایذا دی اور جس نے مجھ کو ایذا دی اس نے گویا اللہ تعالیٰ کو ایذا دی (یعنی اللہ تعالیٰ کو ناراض کیا) اور جس نے اللہ تعالیٰ اور رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ایذا دی قریب ہے کہ وہ (اللہ تعالیٰ) اس سے مواخذہ کرے گا) .... اور اللہ تعالیٰ عزوجل نے فرمایا: اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ لَعَنَھُمُ اللّٰہُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ (احزاب ۳۳، آیت، ۵۷) (بے شک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کو ایذا دیتے ہیں ان پر دنیا اور آخرت میں اللہ کی لعنت ہے)

اور جو کچھ مولانا سعد الدین نے شرح عقائد نسفی میں اس فضیلت کے بارے میں انصاف سمجھا ہے وہ انصاف سے دور ہے اور جو تردید انہوں نے کی ہے وہ سراسر لا حاصل ہے، کیونکہ علماء کے نزدیک یہ بات مقرر ہے کہ اس جگہ افضلیت سے وہ مراد ہے جو خدائے جل وعلا کے نزدیک کثرت ثواب کے اعتبار سے ہے، نہ کہ وہ افضلیت جو فضائل ومناقب بکثرت ظاہر ہونے کے اعتبار سے ہو کیونکہ ایسی فضیلت عقلمندوں کے نزدیک اعتبار کے لائق ہے۔ اور سلف صحابہ وتابعین نے جسقدر فضائل ومناقب حضرت امیر ؓ کے نقل کئے ہیں وہ اور کسی صحابی کی نسبت منقول نہیں .... حتیٰ کہ امام احمدؒ نے فرمایا "جو فضائل حضرت علی ؓ کے بارے میں آئے ہیں وہ کسی اور صحابی کی نسبت نہیں آئے" .... اس کے باوجود وہ تینوں خلفاء کی فضیلت کے بارے میں حکم کرتے ہیں .... پس معلوم ہوا کہ افضلیت کی وجہ ان فضائل ومناقب کے علاوہ کچھ اور ہے، اور اس افضلیت کی اطلاع "دولت وحی" کے مشاہدہ کرنے والوں کو میسر ہے جنہوں نے صریح طور پر یا قرائن سے معلوم کیا ہے اور وہ پیغمبر علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات کے صحابہ ہیں .... لہذا جو کچھ کہ شارح عقائد نسفی نے بیان کیا ہے کہ افضلیت سے مراد کثرتِ ثواب ہے تو توقف کی گنجائش سے ساقط ہے کیونکہ توقف کے لئے اس وقت کی گنجائش ہوتی ہے جبکہ اس افضلیت کو صاحب شریعت کی طرف سے صراحۃً یا دلالۃً معلوم نہ کرلیا ہو، اور جب معلوم کرلیا ہے تو پھر توقف کیوں۔ اور اگر معلوم نہیں کیا تو افضلیت کا حکم کیوں کریں .... اور جو شخص سب کو برابر سمجھتا ہے اور ایک دوسرے پر افضلیت دینا بیکار سمجھتا ہے وہ فضول اور لا حاصل ہے۔ وہ عجیب احمق ہے جو اہل حق کے اجماع کو فضول وبیکار سمجھتا ہے۔ شاید فضل کا لفظ اس کو فضولی کی طرف لے گیا ہے .... اور جو کچھ صاحب فتوحات مکیہ کہتے ہیں کہ ان کی

Marfat.com

خلافت کی ترتیب کا سبب ان کی عمروں کی مدتوں سے ہے۔ (یہ بات) ان کی فضیلت میں مساوات پر دلالت نہیں کرتی۔ کیونکہ خلافت کا معاملہ دوسرا ہے اور افضلیت کی بحث دوسری .... اور اگر یہ بات تسلیم کرلی جائے تو یہ اور اس قسم کی دوسری باتیں جو ان (شیخ اکبرؒ) کی شطحیات سے ہیں ان کی شان کے لائق نہیں ہیں، ان کے اکثر کشفیہ معارف جو اہل سنت کے علوم سے جدا واقع ہوئے ہیں وہ صواب سے دور ہیں، لہٰذا ایسی باتوں کی متابعت وہی شخص کرسکتا ہے جس کا دل بیمار ہے یا مقلدِ محض ہے۔

اور صحابہ رضوان اللہ علیہم کے درمیان جو لڑائی جھگڑے واقع ہوئے ان کی اچھے معنوں میں تاویل کرنی چاہیے۔ اور نفسانی خواہش و تعصب سے دور رکھنا چاہیے .... تفتازانیؒ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی افراط محبت کے باوجود فرماتے ہیں ''جو مخالفات و محاربات (جنگ و جدال) ان (صحابہ رضوان اللہ علیہم) کے درمیان واقع ہوئے ہیں وہ خلافت کا نزاع نہ تھا بلکہ خطائے اجتہادی کے سبب سے تھا .... اور اس (شرح عقائد) کے حاشیہ خیالی میں ہے کہ حضرت معاویہ ﷺ اور ان کے لشکر نے (حضرت علی ﷺ) کی اطاعت سے بغاوت کی اور ساتھ ہی اس امر کا اعتراف بھی کیا کہ وہ (حضرت علی ﷺ) تمام اہل زمانہ سے افضل ہیں اور وہ امامت کے ان سے زیادہ حقدار ہیں ایک شبہ کی وجہ سے کہ حضرت علی ﷺ کا حضرت عثمان ﷺ کے قاتلوں سے قصاص نہ لینا تھا .... اور حاشیہ قرہ کمال (الدین اسمٰعیل) میں حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ ''ہمارے جن بھائیوں نے ہمارے خلاف بغاوت کی وہ فاسق و کافر نہیں ہیں کیونکہ ان کے لئے تاویل ہے'' .... اس میں شک نہیں کہ خطائے اجتہادی ملامت اور طعن و تشنیع سے بہت دور ہے ....

حضرت خیر البشر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتحیات کے حقوق صحبت کی رعایت کر کے تمام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کو نیکی کے ساتھ یاد کرنا چاہیے اور پیغمبر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کی دوستی کی وجہ سے ان کو دوست رکھنا چاہیے .... (کیونکہ) آنحضرت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: مَنْ اَحَبَّهُمْ فَبِحُبِّي اَحَبَّهُمْ وَمَنْ اَبْغَضَهُمْ فَبِبُغْضِي اَبْغَضَهُمْ (جس نے ان (صحابہ رضوان اللہ علیہم) کو دوست رکھا اس نے میری محبت کی وجہ سے ان کو دوست رکھا اور جس نے ان سے بغض رکھا اس نے میرے ساتھ بغض کی وجہ سے ان سے بغض رکھا) یعنی وہ محبت جو میرے اصحاب سے متعلق کی گئی ہے ایسی ہی محبت ہے جیسی کہ مجھ سے متعلق ہے اور اسی طرح وہ بغض جو ان سے تعلق رکھتا ہے ایسا ہی بغض ہے جیسا کہ مجھ سے کیا جائے۔

ہم کو حضرت امیر (علی ﷺ) کے ساتھ جنگ کرنے والوں سے کوئی دوستی نہیں ہے بلکہ مناسب ہے کہ ہم ان سے بیزار ہوں، لیکن چونکہ وہ سب پیغمبر کے اصحاب کرام رضوان اللہ علیہم ہیں کہ ما بمحبت ایشاں ماموریم واز بغض و ایذائے ایشان ممنوع یعنی ہم کو ان کے ساتھ محبت رکھنے کا حکم ہے اور ان کے ساتھ بغض و ایذا رسانی سے روک دیئے گئے ہیں۔ اس لئے لازماً ہم بھی پیغمبر علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات کی دوستی کی وجہ سے تمام صحابہ رضوان اللہ علیہم کو دوست رکھتے ہیں اور ان کے ساتھ بغض و ایذا رسانی سے دور رہتے ہیں کیونکہ ان سے بغض و ایذا کا معاملہ سرور عالم

Marfat.com

تک پہنچتا ہے لیکن جو محق (حق پر) ہے ہم اس کو حق والا ہی کہیں گے اور مخطی (بلا قصد خطا وار) کو مخطی .... حضرت امیر (علیؓ) حق پر تھے اور ان کے مخالف خطا پر۔ اس سے زیادہ کہنا فضول ہے .... اس بحث کی تحقیق کا تفصیل سے ذکر اس مکتوب (نمبر ۲۵۱ دفتر اوّل میں درج ہے جو خواجہ محمد اشرف کو لکھا گیا ہے۔ اگر کوئی بات پوشیدہ رہ گئی ہو تو اس مکتوب کی طرف رجوع فرمائیں۔

تصحیح عقائد کے بعد احکام فقہ کی تعلیم حاصل کرنے کے بغیر چارہ نہیں، اور فرض و واجب حلال و حرام سنت و مستحب مشبتہ و مکروہ کی واقفیت بھی ضروری ہے، اور اسی طرح علم (فقہ) کے تقاضے کے مطابق عمل کرنا بھی ضروری ہے۔ فقہ کی کتابوں کا مطالعہ ضروریات (دین) میں سے سمجھیں، اور اعمال صالحہ کی بجا آوری کی رعایت میں سعی بلیغ فرمائیں، اور نماز جو کہ دین کا ستون ہے اس کے چند ارکان و فضائل بیان کئے جاتے ہیں، غور سے سنیں۔

اول وضو کامل اور پورے طور پر کرنے کے سوا چارہ نہیں ہے، ہر عضو کو تین بار بتمام و کمال دھونا چاہیے تاکہ سنت کے طریقہ پر وضو ادا ہو، اور سر کا مسح بالاستیعاب یعنی سارے سر کا مسح کرنا چاہیے اور کانوں اور گردن کے مسح میں خوب احتیاط کرنی چاہیے اور بائیں ہاتھ کی خنصر یعنی چھنگلیا سے پاؤں کی انگلیوں کے نیچے کی طرف سے خلال کرنا لکھا ہے اس کی رعایت دیکھیں، اور مستحب کے بجالانے کو معمولی نہ سمجھیں، مستحب حق جل وعلا کے نزدیک پسندیدہ اور محبوب عمل ہے اگر تمام دنیا کے عوض اللہ تعالیٰ کا ایک پسندیدہ اور محبوب فعل معلوم ہو جائے اور اس کے مطابق عمل میسر ہو جائے تو غنیمت ہے اس کا بعینہ یہی حکم ہے کہ کوئی چند خزف ریزوں یعنی ٹھیکروں سے نفیس جواہر خرید لے اور بے فائدہ جماد یعنی پتھر سے روح کو حاصل کرے .... کمال طہارت اور کامل وضو کے بعد نماز کا قصد کرنا چاہیے جو ''مومن کی معراج'' ہے اور کوشش کرنی چاہیے کہ فرض نماز با جماعت ادا ہوں بلکہ امام کے ساتھ تکبیر اولی بھی ترک نہیں ہونی چاہیے اور نماز کو مستحب وقت میں ادا کرنا چاہیے، قرأت میں قدرِ مسنون کو مدنظر رکھنا چاہیے .... رکوع و سجود میں بھی طمانیت ضروری ہے کیونکہ فرض ہے یا بقول مختار واجب .... قومہ میں اس طرح سیدھا کھڑا ہونا چاہیے کہ تمام بدن کی ہڈیاں اپنی اپنی جگہ پر آجائیں۔ اور سیدھا کھڑے ہونے کے بعد طمانیت درکار ہے کیونکہ طمانیت فرض ہے یا واجب یا سنت علی اختلاف الاقوال .... ایسے ہی جلسہ میں جو دو سجدوں کے درمیان ہے اچھی طرح بیٹھنے کے بعد اطمینان ضرور ہے جیسا کہ قومہ میں .... اور رکوع و سجود کی کم سے کم تسبیحیں تین بار ہیں اور زیادہ سے زیادہ سات بار یا گیارہ بار ہیں علی اختلاف الاقول .... اور امام کی تسبیح مقتدیوں کے حال کے اندازہ کے مطابق ہونی چاہیے .... شرم کی بات ہے کہ انسان تنہا نماز پڑھنے کی حالت میں طاقت ہوتے ہوئے اقل تسبیحات پر کفایت کرے، اگر زیادہ نہ ہو سکے تو پانچ یا سات بار تو کہے .... اور سجدہ کرتے وقت اول وہ اعضا زمین پر رکھے جو زمین کے نزدیک ہیں۔ پس اول دونوں زانو زمین پر رکھے پھر دونوں ہاتھ پھر ناک پھر پیشانی زانو اور ہاتھ زمین پر رکھتے وقت دائیں طرف سے ابتدا کی جائے .... اور سر اٹھاتے وقت اول ان اعضا کو اٹھانا چاہیے جو آسمان سے نزدیک ہیں، پس پہلے پیشانی اٹھانی چاہیے .... اور قیام کے وقت اپنی نظر کو سجدہ کی جگہ پر

Marfat.com

، اور رکوع کے وقت اپنے پاؤں پر، اور سجدے میں ناک کی نوک پر، اور جلوس کے وقت اپنے دونوں ہاتھوں پر یا اپنی گود کی طرف نظر رکھنی چاہیے .... جب نظر پراگندہ ہونے سے روک لی جائے اور مذکورہ بالا جگہوں پر جمالی جائے تو سمجھ لینا چاہیے کہ نماز جمعیت اور حضورِ دل کے ساتھ میسر ہوگئی اور خشوع کے ساتھ ادا ہوگئی جیسا کہ نبی کریم علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام سے منقول ہے .... اور ایسے ہی رکوع کے وقت دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو کھلا رکھنا اور سجود کے وقت انگلیاں کا ملانا سنت ہے اس کو بھی مدنظر رکھنا چاہیے .... انگلیوں کا کھلا رکھنا یا ملانا بے تقریب و بے فائدہ نہیں ہے، صاحب شرع نے اس میں کئی قسم کے فائدے ملاحظہ کر کے اس پر عمل فرمایا ہے .... نیز صاحب شریعت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کی متابعت کے برابر کوئی فائدہ نہیں ہے .... یہ سب احکام مفصل اور واضح طور پر کتب فقہ میں درج ہیں، یہاں بیان کرنے سے مقصود یہ ہے کہ علم فقہ کے مطابق عمل بجالانے میں ترغیب ہو...... وَفَّقَنَا اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَاِیَّاکُمْ عَلَی الْاَعْمَالِ الصَّالِحَۃِ الْمُوَافِقَۃِ الْمَعْلُوْمُ الشَّرْعِیَّۃِ بَعْدَ اَنْ وَفَّقَنَا اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ لِتَصْحِیْحِ الْعَقَائِدِ الدِّیْنِیَّۃِ بِحُرْمَۃِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ عَلَیْہِ وَعَلَیْہِمْ وَعَلٰی اٰلِ کُلٍّ مِّنَ الصَّلَوَاتِ اَفْضَلُھَا وَمِنَ التَّسْلِیْمَاتِ اَکْمَلُھَا (اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو حضرت سید المرسلین علیہ وعلیہم وعلی آل کل من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا کے طفیل دینی عقائد کی تصحیح کے بعد علوم شرعیہ کے موافق اعمال صالحہ بجالانے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)

اگر نماز کے فضائل جاننے اور اس کے مخصوص کمالات معلوم کرنے کا ذوق وشوق اپنے اندر پائیں تو تین مکتوب جو ایک دوسرے سے متصل اور ملے ہوئے ہیں ان کا مطالعہ فرمائیں: پہلا مکتوب (۲۶۰) فرزندی محمد صادق کے نام لکھا گیا ہے اور دوسرا مکتوب (۲۶۱) میر محمد نعمان کے نام اور تیسرا مکتوب (۲۶۳) مشیخت مآب میاں شیخ تاج کے نام لکھا ہے۔

ان اعتقادی اور عملی دو بازوؤں کے حاصل ہونے کے بعد اگر حق تعالیٰ جل سلطانہٗ کی توفیق رہنمائی فرمائے تو صوفیہ کے عالی طریقہ کا سلوک (اختیار) کرے جو اس غرض سے نہیں کہ وہ اعتقاد وعمل کے علاوہ کوئی زائد چیز ہے یا کوئی نئی چیز حاصل کرنا ہے بلکہ اس کا مقصد یہ ہے کہ معتقدات کی نسبت ایسا یقین واطمینان حاصل ہو جائے کہ شک ڈالنے والے کی شک اندازی سے زائل نہ ہو، اور شبہ کے پیش آنے سے باطل نہ ہو جائے، کیونکہ بحث ومباحثہ کے پاؤں لکڑی کے ہوتے ہیں اور دلائل قائم رہنے والے نہیں ہوتے: اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (رعد ۱۳، آیت ۲۸) (خبردار کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر ہی سے دلوں کو اطمینان حاصل ہوتا ہے) اور اعمال کی بجا آوری کے لئے آسانی اور سہولت حاصل کریں، اور سستی وسرکشی جو نفسِ امارہ سے پیدا ہوتی ہے اس کو دور کریں۔ اور اسی طرح طریقہ صوفیہ کے سلوک کا مقصود یہ نہیں ہے کہ غیبی صورتوں اور شکلوں کا مشاہدہ اور طرح طرح کے انوار کا معائنہ کریں یہ تو خود لہو ولعب میں داخل ہیں یہ حسی صورتیں اور انوار کسقدر نقصان رکھتے ہیں۔ کہ کوئی شخص انوار و صورِ غیبی کی تمنا میں اپنے آپ کو ریاضات ومجاہدات میں لگا دے، کیونکہ یہ (حسی) صورتیں اور وہ (غیبی) صورتیں

Marfat.com

اور یہ انوار اور وہ انوار سب کے سب حق جل وعلا کی مخلوق ہیں، اور وہ حق تعالیٰ کے وجود پر دلالت کرنے والی نشانیاں ہیں۔

اور صوفیہ کے طریقوں میں سے طریقہ عالیہ نقشبندیہ کا اختیار کرنا اولیٰ وانسب ہے کیونکہ ان بزرگواروں نے سنت کی پیروی کو اپنے اوپر لازم کرلیا ہے اور بدعت سے پرہیز کیا ہے اگر ان کو پیروی کی دولت حاصل ہو جائے اور حال واحوال کچھ بھی حاصل نہ ہوں تو خوش ہیں، اور اگر احوال کے باوجود سنت کی پیروی میں سستی اور نقصان جانیں تو ان احوال کو پسند نہیں کرتے ...... یہی وجہ ہے کہ ان بزرگواروں نے سماع ورقص کو تجویز نہیں کیا اور جو احوال (سماع کے دوران) ان پر مرتب ہوتے ہیں ان کو بھی قابل اعتبار نہیں سمجھتے بلکہ ذکر جہر کو بھی بدعت جان کر اس سے منع فرماتے ہیں، اور وہ ثمرات جو (اس کیفیت پر) مرتب ہوتے ہیں ان کو بھی قابلِ التفات نہیں سمجھتے۔

ایک دن ہم حضرت ایشاں (خواجہ باقی باللہ) کی مجلس طعام میں حاضر تھے شیخ کمال جو ہمارے حضرت خواجہؒ کے مخلصوں میں سے تھے، انہوں نے کھانا شروع کرتے وقت ان کے حضور میں اسم اللہ بلند آواز سے کہا۔ آپ کو ناگوار ہوا۔ حتی کہ آپ نے کافی سرزنش فرمائی اور فرمایا کہ ان کو منع کریں کہ ہمارے کھانے کی مجلس میں حاضر نہ ہوا کریں ...... اور میں نے حضرت ایشاں (خواجہ باقی باللہ) سے سنا ہے کہ حضرت خواجہ نقشبند وعلماءِ بخارا کو جمع کر کے حضرت امیر کلالؒ کی خانقاہ میں لے گئے تاکہ وہ ان کو ذکر جہر سے منع فرمائیں۔ چنانچہ علماء کرام نے حضرت امیرؒ کی خدمت میں عرض کیا کہ ذکر جہر بدعت ہے آپ ایسا نہ کریں۔ انہوں نے فرمایا کہ ہم آئندہ نہیں کریں گے۔

جب اس طریقے کے بزرگوار (صوفیائے بانی) ذکر جہر سے منع کرنے میں اسقدر مبالغہ کرتے تو پھر سماع و رقص اور وجد وتواجد کا کیا ذکر وہ احوال ومواجید جو غیر مشروع اسباب پر مرتب ہوں فقیر کے نزدیک استدراج کی قسم سے ہیں کیونکہ استدراج والوں کو بھی احوال واذواق حاصل ہوتے ہیں۔ اور جہان کی صورتوں کے آئینوں میں کشفِ توحید اور مکاشفہ ومعائنہ ان کو بھی ظاہر ہو جاتا ہے اس امر میں حکمائے یونان اور ہندوستان کے جوگی و برہمن سب برابر ہیں، احوال کے سچا اور صادق ہونے کی علامت ان احوال کا علم شرعیہ کے مطابق ہونا اور محرّمہ ومشتبہ امور کے ارتکاب سے بچنا ہے۔

جاننا چاہیے کہ سماع ورقص درحقیقت لہو ولعب میں داخل ہیں: آیہ کریمہ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِىْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ (سورہ لقمن، ۳۱، آیت ۶) (اور لوگوں میں (کوئی) ایسا بھی (نالائق) ہے جو واہیات وخرافات (قصے کہانیاں) مول لے لیتا ہے) سرود سے منع کرنے کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ چنانچہ مجاہد جو حضرت ابن عباسؓ کے شاگرد ہیں اور کبار تابعین میں سے ہیں فرماتے ہیں لَهْوَ الْحَدِيْثِ سے مراد سرود ہے ...... اور تفسیر مدارک میں ہے کہ لہو الحدیث سے مراد (بعد عشا) بیہودہ قصے کہانیوں میں وقت گذارنا اور سرود ونغمہ ہے اور حضرت ابن عباس وابن مسعودؓ قسم کھاتے تھے کہ بیشک وہ غنا وسرود ہے ...... حضرت مجاہد اللہ تعالیٰ کے قول لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ (الفرقان ۲۵، آیت ۷۲) (زور میں حاضر نہیں ہوتے) کی تفسیر میں فرماتے ہیں

Marfat.com

أَیْ لَا یَحْضُرُوْنَ الْغِنَاءِ (یعنی سرود وسماع میں حاضر نہیں ہوتے)............اور امام الہدی ابو منصور ماتریدی سے روایت کی گئی ہے کہ جس شخص نے ہمارے زمانے کے کسی قاری کو (جو کلمات قرآن میں گانے کی طرز پر پڑھنے کی وجہ سے تغیر پیدا کرتا ہے) قرأت کے وقت کہا کہ تو نے بہت اچھا پڑھا تو وہ کافر ہو جاتا ہے اور اس کی عورت کو طلاق ہو جاتی ہے، اور اللہ تعالیٰ اس کی تمام نیکیوں کو ضائع کر دیتا ہے............اور ابو نصیر الدلوسی سے حکایت کی گئی ہے کہ انہوں نے قاضی ظہیر الدین خوارزمی سے نقل کیا ہے کہ جس نے گانے والے یا کسی اور سے سرود سنا یا فعل حرام کو دیکھا اور اس کو اچھا جانا اسی وقت مرتد ہو جاتا ہے خواہ اچھا جاننا اعتقاد کی رو سے ہو یا بغیر اعتقاد کے، کیونکہ اس نے شریعت کے حکم کو باطل کر دیا اور جس نے شریعت کے حکم کو باطل کر دیا وہ کسی مجتہد کے نزدیک مؤمن نہیں رہتا اور اللہ تعالیٰ اس کی عبادت قبول نہیں کرتا اور اس کی سب نیکیوں کو ضائع کر دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم کو اس سے بچائے۔

سرود وغنا کی حرمت میں آیات واحادیث اور روایات فقہیہ اس کثرت سے ہیں کہ ان کا شمار کرنا مشکل ہے اس کے باوجود اگر کوئی شخص منسوخ حدیث یا روایت شاذہ (یعنی غیر معتبر) کو سرود کے مباح ہونے میں پیش کرے تو اس کا اعتبار نہیں کرنا چاہیے، کیونکہ کسی فقیہ نے کسی زمانے میں بھی سرود کے مباح ہونے کا فتوی نہیں دیا ہے اور نہ ہی رقص و پاکوبی کو جائز قرار دیا ہے جیسا کہ امام ہمام ضیاء الدین شامی کے رسالہ ملتقط میں مذکور ہے......اور صوفیہ کا عمل حل وحرمت میں سند نہیں ہے۔ کیا ان کے لئے صرف یہی کافی نہیں ہے کہ ہم ان کو معذور سمجھیں اور ان کو ملامت نہ کریں اور ان کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دیں، یہاں تو امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف، اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول معتبر ہے، نہ کہ ابوبکر شبلی اور ابوالحسن نوری کا عمل.........اس زمانے کے خام صوفیوں نے اپنے پیروں کے عمل کا بہانہ بنا کر سرود ورقص کو اپنا دین وملت بنا لیا ہے اور اسی کو طاعت وعبادت سمجھ لیا ہے۔ اَلَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا دِیْنَهُمْ لَهْوًا وَّ لَعِبًا (اعراف ۷، آیت ۵۱) (یعنی یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے لہو ولعب کو اپنا دین بنا لیا ہے) ....اور سابقہ روایت سے معلوم ہو چکا کہ جو شخص فعل حرام کو مستحسن اور اچھا جانے وہ اسلام کے گروہ سے نکل جاتا ہے اور مرتد ہو جاتا ہے تو پھر خیال کرنا چاہیے کہ سماع ورقص کی مجلس کی تعظیم کرنا بلکہ اس کو طاعت وعبادت سمجھنا کسقدر برا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی حمد اور اس کا احسان ہے کہ ہمارے پیر اس مرض میں مبتلا نہ ہوئے اور ہم تبعین کو اس قسم کے امور کی تقلید سے چھڑا دیا۔

سننے میں آیا ہے کہ مخدوم زادے سرود کی طرف رغبت رکھتے ہیں اور جمعہ کی راتوں میں سرود اور قصیدہ خوانی کی مجالس منعقد کرتے ہیں اور اکثر احباب اس امر میں موافقت کرتے ہیں۔ نہایت تعجب کی بات ہے کہ دوسرے سلسلوں کے مرید تو اپنے پیروں کے عمل کا بہانہ بنا کر اس امر کے مرتکب ہوتے ہیں اور شرعی حرمت کو اپنے پیروں کے عمل سے دفع کرتے ہیں اگر چہ فی الحقیقت وہ اس امر میں حق پر نہیں ہیں۔ بھلا اس سلسلہ کے احباب اس ارتکاب میں کونسا عذر پیش کریں گے.........ایک طرف حرمتِ شرعی اور دوسری طرف اپنے پیروں کی مخالفت ہوئی۔ نہ اہل شریعت اس فعل سے راضی اور نہ اہل طریقت.........اگر حرمت شرعی نہ بھی ہوتی تو بھی طریقت میں کسی نئے امر کا

Marfat.com

پیدا کرنا بُرا ہوتا، پھر ایسا امر کس طرح بُرا نہ ہو جبکہ حرمتِ شرعی بھی اس کے ساتھ جمع ہو جائے .... مجھے یقین ہے کہ جناب مرزا جیو (یعنی خواجہ حسام الدین صاحب) اس امر سے راضی نہ ہوں گے لیکن آپ کے آداب کو مدنظر رکھ کر صریح طور پر منع بھی نہ کرتے ہوں گے اور دوستوں کو اس اجتماع سے نہ روکتے ہوں گے .... اس فقیر نے چونکہ اپنے آنے میں کچھ توقف دیکھا اس لئے چند فقرے جمع کر کے لکھ کر بھیج دیئے ہیں۔ اس سبق کو مرزا جیو کی خدمت میں پیش کر دیں، اور اول سے آخر تک ان کے سامنے پڑھیں۔ والسلام

﴿ حاشیہ متن ﴾

﴿صہ۱۰۴﴾ ا قولہ خواجہ عبیداللہ یہ حضرت خواجہ باقی باللہ کے پہلے فرزند دل بند ہیں اور خواجہ عبداللہ حضرت خواجہ مذکور کے فرزند دوم ہیں، بڑے بھائی دوسری والدہ سے ہیں اور یہ دوسری والدہ سے، ان صاحبزادوں کے درمیان ولادت کے لحاظ سے چار ماہ سے کچھ زیادہ فاصلہ ہے، جیسا کہ ان کے والد ماجد نے فرمایا ہے۔ مثنوی

ے ما بین الظہور این دو گوہر بگذشت چہار ماہ و اکثر

ترجمہ: ان دو موتیوں کے ظہور کے درمیان گذر گئے چار ماہ اور کچھ زیادہ

بچپن میں یہ دونوں فرزند اپنے والد بزرگوار کی توجہ سے بہرہ ور ہوئے اور والد بزرگوار نے حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی کو فرمایا کہ ان دونوں بچوں پر توجہ فرمائیں اور ان کے لئے دعا بھی فرمائیں، اور اس کے اثرات آپ (والد بزرگوار) نے اپنی غیب بین نظر سے دیکھ بھی لئے تھے، مختصر یہ کہ فرشتہ خصال تھے، اور صاحب احوال اور صاحب خلق و تمکین کمال پر تھے، ان دونوں کے حالات شریفہ زبدۃ المقامات میں تفصیلاً موجود ہیں ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

﴿صہ۱۰۵﴾ قولہ ماتریدیہ...... اور بعض مسائل میں مشائخ اشعریہ کے ساتھ بھی موافقت رکھتے، اور بعض دوسرے مسائل میں مستقل رائے رکھتے ہیں، اس کو سمجھ لو ۱۲

ا کیونکہ ان معارف کو اس نسبت کے مقابلہ میں کوئی حیثیت نہیں، کاش کے دریائے محیط کے ساتھ ایک قطرہ کی نسبت ہوتی ۱۲

﴿صہ۱۰۶﴾ ا قولہ خواجہ حسام الدین...... آپ حضرت باقی باللہ کے خاص اصحاب اور جلیل القدر احباب میں سے ہیں، ان کے والد ماجد قاضی نظام الدین بدخشانی تھے، حضرت باقی باللہ سفر ماوراء النہر سے واپس ہوئے تو خواجہ حسام الدین نے دولتمندی کے پردے کو ایک طرف کیا اور حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ علیہ کی طرح جاہ و حشمت چھوڑ کر ٹاٹ پلاس پہنا اور مال و منال اور جاہ و جلال سب کو خیر باد کہا، اور (حضرت باقی باللہ کی) خدمت بابرکت میں پہنچ گئے اور خواجگان (نقشبندیہ) کے اذکار و مراقبات حاصل کئے، اور ان اذکار نے آپ کو دنیا سے بے نیاز کر دیا، حضرت خواجہ کی خدمت عالیہ میں آخری دم تک مشغول رہے، حضرت خواجہ کے مرض موت کے وقت بڑے بڑے اصحاب میں سے سوائے آپ کے اور کوئی موجود نہ تھا، اور تجہیز و تکفین کی خدمات بھی آپ ہی نے انجام دیں، اور حضرت کے وصال کے بعد آپ اپنے پیرزادوں اور پیر بھائیوں کی خدمت میں بھی بہت مصروف رہا کرتے تھے، آپ کی سعی مشکور ہوئی کہ اسکی برکت سے دونوں مخدوم زادے فضیلت و صلاحیت کے کمال کو پہنچے۔ الخ ۱۲ از زبدہ باختصار ۱۲

۲ یعنی اگرچہ اللہ تعالیٰ کو موجود، سمیع، بصیر، قدیر، علیم، مرید اور متکلم کہتے ہیں جیسا کہ ممکنات کو بھی ان ناموں سے یاد کرتے ہیں، لیکن یہ شرکت صرف نام میں ہے اور لفظی ہے مسمّٰی میں نہیں، اور وجود و حیات اشیاء غیر سے ہے اور اللہ تعالیٰ کی حیات و وجود اسکی ذات سے ہے، اسی طرح باقی کو قیاس کر لو، مخلوق اور خالق کی صفات میں بہت دوری ہے ع

Marfat.com

چہ نسبت خاک را با عالم پاک (خاک کو کیا نسبت ہے عالم پاک سے) ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

ے یعنی اپنے پیر بزرگ حضرت خواجہ محمد باقی باللہ قدس سرہٗ ۱۲

ے قولہ حجور رجیم سے پہلے حا ہے اور دونوں پر پیش ہے یہ حجر کی جمع ہے یعنی بغل اللہ تعالیٰ نے فرمایا: " وَرَبَآئِبُکُمُ اللّٰتِیۡ فِیۡ حُجُوۡرِکُمۡ (نساء ۲۳) ۱۲

ے اور تمہاری بیویوں کی بیٹیاں جو تمہاری گود میں (پرورش پا رہی ہیں) ۱۲

﴿ص۱۰۷﴾ ل اسکی وضاحت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جب مکانی نہیں ہے تو اسکی نسبت تمام مقامات سے برابر ہے، پس قیاس کے ساتھ اسکی نسبت نزدیک، دور اور درمیان نہیں ہو سکتی اسی طرح جب وہ زمانی نہیں ہے تو اسکی نسبت تمام زمانوں کے ساتھ برابر ہے، پس قیاس کے ساتھ اس کی طرف بعض کو ماضی، بعض کو حاضر اور بعض کو مستقبل نہیں کہہ سکتے، اسی طرح زمانے میں واقع ہونے والے تمام امور ہیں پس تمام موجودات ازل سے ابد تک اسے معلوم ہیں ایک وقت میں، اس کے علم میں تھا، اس وقت ہے اور آئندہ ہوگا یہ نہیں ہے بلکہ وہ سب اس کے پاس حاضر ہیں اپنے اوقات میں بغیر اصل کے تغیر کے ۱۲ از حاشیہ مولانا عبدالحکیم علی حاشیۃ الخیالی ۱۲

۲ یعنی حال یہ ہے کہ وہاں ازل سے ابد تک صرف ایک ہی آن واحد بسیط ہے جس میں کسی قسم کا تعدد نہیں ہے کیونکہ حق تعالیٰ پر نہ زمانہ جاری ہے اور نہ تقدم و تاخر کے احکام جاری ہو سکتے ہیں ۱۲

ے قولہ غیر منصرف: وہ کہ جس پر زیر اور تنوین نہ آئے ۱۲

۳ خلاصہ یہ ہے کہ یہاں ثابت نہیں ہے مگر ضدوں اور نقیضوں کا علم اور اس میں استحالہ نہیں ہے اور یہ بالکل ظاہر ہے، البتہ محذور و ممنوع اضداد و نقائض کا ثابت ہونا ہے خارج میں ایک جگہ اور ایک جہت میں، اور وہ جس حالت میں ہم ہیں یہ صورت ثابت نہیں ہے، خوب سمجھ لو ۱۲

ل کہ ایک آن میں زید کو موجود جانتا ہے اور معدوم، اور کھڑا اور بیٹھا ہوا اس کے علاوہ آخر تک ۱۲

۴ قولہ فلا تضادّ ...... یعنی جب ثابت ہوا کہ زید کے وجود کا ثابت ہونے کے وقت خارج میں اور وقت میں اس کا عدم ہے، پس حقیقت میں ان دونوں کے درمیان تضاد و مخالفت کی کوئی وجہ ثابت نہیں ہے، اسی طرح ہی حال ہے زید کے باقی حالات کا، مثلاً کھڑا ہونا، بیٹھنا، رونا، ہنسنا اور عزت و ذلت وغیرہ کا ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

﴿ص۱۰۸﴾ ل فلاسفہ کا مشہور مذہب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جزئیات متغیرہ کو نہیں جانتا اس حیثیت سے کہ وہ جزئیات ہیں بلکہ کلی وجہ پر تاکہ معلوم کے تغیر سے علم واجبی کا تغیر لازم نہ آئے، لیکن جزئیات غیر متغیرہ کو تو وہ جانتا ہے اس حیثیت سے کہ وہ جزئیات ہیں ان کے قول کی وجہ بیان کی ہے دوانی اور طوسی وغیرہ نے اسلامی علماء میں سے تاکہ اسلام کے قواعد کے مخالف نہ ہو۔ تفصیل اپنی جگہ پر ہے، پس سمجھ لو ۱۲

۲ یعنی معلوم چیز کے متغیر ہونے کے سبب نفس علم اور ذات علم میں تغیر واقع نہیں ہوتا۔ بلکہ علم کو جدید تعلق پیدا ہوتا ہے اور اس میں کوئی استحالہ نہیں ہے ۱۲

۳ یعنی اللہ تعالیٰ کے علم میں تغیر لازم ہونے سے اس تقدیر پر کہ وہ جزئیات متغیرہ کا عالم ہے اس حیثیت سے کہ وہ جزئیات ہیں ۱۲

۴ اس کا خلاصہ یہ ہے کہ کلام کی تمام قسمیں اور انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کی تمام کتابوں کی تفصیل اللہ تعالیٰ کا ایک بسیط کلام ہے ۱۲

ے انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی طرف نازل کیے ہوئے صحیفے ۱۲

۵ یہ آیت سورۃ قمر (آیت ۵۰) پارہ ۲۷ میں واقع ہے یعنی ہمارا امر نہیں ہے مگر ایک کلمہ جیسے آنکھ جھپکنا ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

ے قولہ اشعری: یعنی امام ابوالحسن اشعری جو علم کلام کے امام ہیں، انہوں نے کہا بغیر مکون کے تکوین کا تصور نہیں ہے، پس اگر تکوین

Marfat.com

قدیم ہو تو مکونات بھی قدیم ہوں گے اور یہ محال ہے ۱۲

﴿صہ ۱۰۹﴾ کلبہ: کاف پر پیش ہے اور با ایک نقطے والی یعنی چھوٹا گھر اور دوکان کے ایک کونے کے معنی میں بھی آیا ہے ۱۲

۱ حلول: پہلے دونوں حرفوں پر پیش ہے، نیچے اترنا، اور حکمت کی اصطلاح میں ایک چیز کا دوسری چیز کے ساتھ خاص ہو جانا اس حیثیت سے کہ ایک کی طرف اشارہ عین دوسری کی طرف اشارہ ہو، اسکی دو قسمیں ہیں سریانی اور طریانی، سریانی وہ ہوتی ہے کہ حل ہونے والے کے اجزا محل کے اجزا میں اس طرح مل جائیں کہ محل کے تقسیم ہونے سے حل ہونے والا بھی تقسیم ہو جائے۔ اور طریانی وہ ہوتا ہے کہ مجموع مجموع میں داخل ہو جائے، خدا تعالیٰ ان دونوں سے منزہ ہے ۱۲

۲ قولہ محیط اشیا کما قال اللّٰہ تعالیٰ: وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطًا (نسآء : ۱۲۶) (اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو گھیرے میں لینے والا ہے ۱۲)

۳ قولہ قرب و معیت باایشان وارد قال اللہ تعالیٰ: وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ (ق ۱۶) اور ہم اس سے شہ رگ سے بھی زیادہ نزدیک ہیں) وَهُوَ مَعَكُمْ اَیْنَ مَا كُنْتُمْ (حدید ۴) (اور وہ تمہارے ساتھ ہے جہاں بھی تم ہو) وَاِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا (توبہ ۴۰) (اور بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے)

۴ یعنی ایسی معیت نہیں جو ہمارے ناقص فہم و درایت کے مناسب ہے۔ اور یہ جسم کے ساتھ جسم کی معیت ہے اور عرض کے ساتھ عرض کی اور جسم کے ساتھ عرض کی اور عرض کے ساتھ جسم کی، بلکہ ایسی معیت ہے جو چاروں (مذکورہ) معیات سے خارج ہے اور اسی طرح قرب و احاطہ۔

بیت: این معیت را نیابد عقل و ہوش | زین معیت دم مزن نشین خاموش

ترجمہ: اس معیت کو عقل و ہوش نہیں پاسکتے | اس معیت سے دم نہ مار خاموش بیٹھ جا

۵ جو لا الہ میں واقع ہے نفی کرنی چاہیے نہ الا اللہ میں اثبات کرنا چاہیے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا غیر ہے ۱۲

۶ جیسا کہ بعض علماء اس کے قائل ہوئے ہیں اور انہوں نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ جہان کے تمام ذرات کے ساتھ ہے، ذات کے ساتھ نہیں بلکہ علم و قدرت اور اعانت کے ساتھ ۱۲

۷ بلکہ اسکی تاویل علم الٰہی کے حوالہ کرتے ہیں، وَمَا یَعْلَمُ تَاوِیْلَهٗ اِلَّا اللّٰهُ (اور اللہ کے سوا اس کی تاویل کوئی نہیں جانتا) تاکہ غیر اللہ کو اللہ نہ جان لیں، اور ہم کہتے ہیں اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمُرَادِهٖ بِذٰلِكَ وَنَحْنُ نُؤْمِنُ بِذٰلِكَ ۱۲ (اللہ ہی اسکی مراد کو جانتا ہے اور ہم اس پر ایمان لاتے ہیں) ۱۲

۸ مثنوی

صورت عاشق چو فانی شد درو ! | پس در آب اکنون کرا بیند بگو
عشق آن شعلہ است کو چون برفروخت | ہر چہ جز معشوق باقی جملہ سوخت
ماند الا اللہ باقی جملہ رفت ! | شاد باش اے عشق شرکت سوز زفت

ترجمہ: عاشق کی صورت جب اس میں فانی ہو گئی | تو بتا اب وہ پانی میں کس کو دیکھتا ہے؟
عشق وہ شعلہ ہے جب وہ روشن ہو گیا | جو کچھ معشوق کے علاوہ ہے سب جل گیا
''الا اللہ'' رہ گیا ! باقی سب فنا ہو گیا | اے عشق! شرکت کو جلانے والے زبردست! تو خوش رہے

۹ کما قالوا: الوصول بهذه الحالات الشريفة والمقامات العجيبة (جیسا کہ انہوں نے کہا: ان حالات شریفہ اور مقامات عجیبہ تک پہنچنا) ممکن کو واجب نہیں کر دیتا اور واجب کو ممکن نہیں بناتا فالحق حق والعبد عبد (اللہ تعالیٰ اللہ ہے اور بندہ بندہ ہے) غوث اعظم نے فرمایا: كُلُّ حَقِیْقَةٍ رَدَّتْهُ الشَّرِیْعَةُ فَهُوَ الْحَادُّ وَ

Marfat.com

زَنْدَقَة (ہر وہ حقیقت جس کو شریعت رد کردے وہ بے دینی اور کفر ہے)۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

ے یعنی جب فقر اپنے تمام و کمال کو پہنچ گیا تو اللہ ہی رہ جاتا ہے (بندہ فانی)۱۲

﴿صہ ۱۱۰﴾ ا؎ وہ پاک ہے تغیر و تبدل کی سمت سے اور مبرا ہے وہ کثرت و تبدیلی کی جہت سے اپنی ذات وصفات اور افعال میں اسکی نہ علم میں گنجائش ہے اور نہ عیان میں ۱۲

۲؎ یعنی اللہ تعالیٰ کا تنزل اوج اطلاق سے قید کرنے کی پستی کے ساتھ اور برج اجمال سے تفصیل کے درج کے ساتھ مراتب متعددہ اور منازل متکثرہ کا اثبات کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ حق تعالیٰ اپنی ذات وصفات کو اجمالاً جانتا ہے، مرتبہ اجمال علمی کو وحدت کہتے ہیں اور جب تفصیل سے جانتا ہے تو مرتبہ تفصیل علمی کو واحدیت کہتے ہیں اور مرتبہ تفصیل کے عکوس کو جو بھی مرتبہ علم میں متحقق ہیں اسکو تعین روحی اور تعین مثالی اور تعین جسدی کہتے ہیں اور اس کو تنزلات خمسہ اور حضرات خمسہ کہتے ہیں ۱۲

۳؎ یواقیت والجواہر میں فرمایا: شیخ (ابن العربی) نے فتوحات کے باب ۲۲۹ میں ذکر کیا کہ انه لا یجوز ان یقال ان الحق تعالیٰ مفتقر فی ظهور اسمائه وصفاته الی وجود العالم لان له الغنی علی الاطلاق (یہ جائز نہیں ہے کہ کہا جائے کہ اللہ تعالیٰ محتاج ہے اپنے اسماء اور صفات کے ظاہر کرنے میں وجود عالم کا کیونکہ اس کے لئے بے نیازی ہے مطلق طور پر) میں کہتا ہوں یہ صریح رد ہے اس شخص پر جو شیخ کی طرف نسبت کرتا ہے کہ شیخ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ محتاج ہے اپنے حضرات اسماء اور صفات کے ظاہر کرنے میں اپنی مخلوق کی طرف اگر وہ اس کو نہ پیدا کرتا تو وہ ظاہر نہ ہوتا اور اس کو کوئی نہ پہچانتا انتھی ۔ ہاں اس سے سمجھا جاتا ہے جو امام ربانی نے کہا ہے لمعات سے، اور اس کا جواب دیتے ہیں مولانا جامی اپنی شرح میں فصوص سے نقل کرنے سے، اسکی طرف رجوع کرنا چاہیے ۱۲ معرب

۴؎ یہ آیت ۵۶ سورۃ ذاریات پارہ ۲۷ میں واقع ہے یعنی اور میں نے جن وانس کو صرف اپنی عبادت کیلئے پیدا کیا ہے، یعنی اپنی معرفت کے لئے ۱۲

۵؎ یعنی میں نے مخلوق کو اس لئے پیدا کیا ہے کہ میں پہچانا جاؤں یعنی میری پہچان سے اپنے اندر کمال حاصل کریں نہ یہ کہ میں پہچانا جاؤں اور معروف ہو جاؤں ۱۲

ے ملاعلی قاری نے فرمایا: اس کے معنی صحیح ہیں اور آیت وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنَ سے مستفاد ہے ۱۲ معرف

ے اس کا پہلا شعر ہے

اے در ہمہ شان ذاتِ تو پاک از شین نے در حق تو کیف تو ان گفت نہ این

ترجمہ: اے وہ ذات کہ تیری ذات سب شانوں میں عیب سے پاک ہے تیرے حق میں کیسے اور کہاں کہنے کی طاقت نہیں ۱۲

۶؎ یعنی صفات، ذات کی غیر ہیں اس حیثیت سے جسکو عقلیں سمجھتی ہیں، اور عین ذات ہیں تحقق اور حصول کی حیثیت سے مثلاً عالم ذات ہے صفت علم کے اعتبار سے اور قادر قدرت کے اعتبار سے، اور مرید ارادت کے اعتبار سے، اس میں شک نہیں جیسا کہ یہ سب مفہوم کے لحاظ سے ایک دوسرے کا غیر اس خاص طور پر ذات کے بھی غیر ہیں، لیکن تحقق وہستی کے اعتبار سے عین ذات ہیں اس معنی سے کہ وہاں وجودات متعدد نہیں ہیں بلکہ ایک وجود ہے اور اسماء وصفات کی نسبتوں اور اعتبارات سے ۱۲ الوائح جامی

﴿صہ ۱۱۱﴾ ا؎ یعنی جب معتزلہ اور فلاسفہ بھی مفہوم میں تغایر کے قائل ہیں اور عینیت وجود خارجی کے اعتبار سے کہتے ہیں پس ان صوفیہ کو تغایر اعتباری اور علمی یعنی مفہوم میں تغایر نفع نہیں دیتا اور معتزلہ اور فلاسفہ کے زمرہ سے باہر نہیں لاتا ۱۲

۲؎ قولہ قدیم وازلی است یعنی اللہ تعالیٰ کے موجود ہونے کی نہ ابتدا ہے اور نہ انتہا، ورنہ اس کا موجود ہونا غیر سے ہوگا اور

Marfat.com

علت کامحتاج ہوگا، پس وہ واجب الوجود لذاتہ نہ ہوگا، اللہ تعالیٰ کی شان اس سے بلند ہے۱۲

۳ اور کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ سے بلا واسطہ سوائے عقل فعال یعنی عقل اول کے دس عقلوں سے کوئی چیز وجود میں نہیں آئی اور اس کے سوا اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز صادر نہیں ہوئی، اور اس کا صدور بھی ایجاب سے ہے نہ اختیار کے ساتھ، آگ کے جلانے اور پانی کے غرق کے صدور کی طرح ہے۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

﴿صہ ۱۱۲﴾ ا جیسا کہ مشرقی ہندوستان کے منطقی اور فلسفی اہل اسلام میں سے اپنی کتابوں کے درس وتدریس کو اور ان کے تبعین علمی کمال کو اسی میں منحصر جانتے ہیں، علوم اسلامیہ اور تفسیر، حدیث اور فقہ کی کتابوں کو پس پشت ڈالتے ہیں، عالم دین کو برے الفاظ سے یاد کرتے ہیں۱۲ اللہ تعالیٰ ان کو ہدایت دے۱۲

۲ متسق ومنتظم دونوں اسم مفعول، پہلا اتساق سے زیر کے ساتھ، تا پر شد ہے اس کے معنی ہیں ترتیب دینا، اور دوسرا انتظام سے بمعنی سوراخ کرنا، یا اسم فاعل ہے اتساق سے بمعنی اکٹھا آنا اور پورا ہونا، اور انتظام کے معنی سیدھا ہونا اور دھاگے میں موتی پرویا ہونا۱۲

۳ ہندسہ زبر کے ساتھ، اندازہ لینا، یہ اندازہ کا معرب ہمزہ کو ہا سے بدلا اور الف کو حذف کیا، عربی زبان میں دال اور زاے فاصلہ ایک کلمہ میں جمع نہیں ہوتیں لہذا زا کو سین بغیر نقطہ سے بدلا تو ہندسہ ہوگیا۔ ہندسہ ایک علم کا نام ہے جس سے شکلوں کی پہچان حاصل ہوتی ہے اور چیزوں کی مقدار معلوم ہوتی ہے اور اعداد کی رقم کو بھی کہتے ہیں اور برہان میں یہ لفظ زیر کے ساتھ لکھا ہے۱۲ اغیاث

۴ جب ایک خط کو دوسرے خط سے ہم متصل کریں اس حیثیت سے کہ دونوں متحد نہ ہوں، پیدا شدہ گوشے کو زاچہ کہتے ہیں > اور جب سیدھے خط کو سیدھے خط پر واقع کریں اس حیثیت سے کہ دونوں گوشے بننے والے آپس میں برابر ہوں تو ہر ایک کو قائمہ زاویہ کہیں گے ⊥ اور تین گوشے والی وہ شکل جو احاطہ کرے وہ تین سیدھے خط ہیں ◁ علم ہندسہ والوں کے نزدیک یہ بات طے شدہ ہے کہ تینوں زاویوں کا مجموعہ مثلث شکل برابر ہوتی ہے خاص طور پر دو زاویہ قائمہ کو۱۲

۵ قولہ شکل عروسی ایک شکل کا نام ہے اس مطلوب کے ثابت کرنے کے لئے (ایک شکل کا نام ہے وہ یہ ہے) مثلث قائمۃ الزاویہ میں وتر کا مربع دوضلعوں کے مربع کے برابر ہوتا ہے، اس شکل کو کثیر النفع تصور کیا گیا ہے، عروس کی طرف نسبت ہونیکی وجہ سے اس کو کثیر النفع چیز کا نام دیا گیا ہے کیونکہ یہ شکل حجلہ عروسی سے مشابہت رکھتی ہے شکل کے اعتبار سے یا اپنی خوبیوں کے اعتبار سے اقلیدس کی کتاب ہندسہ کے پہلے مقالہ کی یہ سنتالیسویں شکل ہے۔ شکل ماموئی پہلے مقالہ کی پانچویں شکل ہے، یہ خلیفہ ماموں کی طرف منسوب ہے کیونکہ وہ ثبوت مطلوب کے لئے اسے اچھا خیال کرتا تھا۔ وہ دو زاوے جو مثلث مساوی الساقین کے قاعدہ پر واقع ہوں برابر ہوتے ہیں اگر اس قاعدے کے نیچے ساقین (دوضلع) نکالیں جائیں تو وہ بھی اسی طرح ہی ہوتے ہیں۱۲

۶ المنقذ عن الضلال والمفصح عن الاحوال یہ امام غزالی ابو حامد محمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ہے المتوفی ۵۰۵ھ اس کتاب کی ابتدا ان الفاظ سے الحمد لله الذی یفتتح بحمده كل رسالة ومقالة الخ اور وہ مختصر کتاب ہے اس میں علوم کا مقصد ظاہر کیا گیا ہے اور ان کے اسرار اور اختلافات اور ان کے حقائق کا بیان ہے۱۲ کشف الظنون

ب قولہ تبرع: تصرُّف کے وزن پر ہے بمعنی کوئی چیز عطا کرنا اور ایسا کام کرنا جو واجب وضروری نہ ہو۱۲

ب اور جب ان کے دلائل ان کے مقاصد کو ثابت کرنے والے نہیں ہیں تو پہلے خود گمراہ ہوئے اور اس کے بعد دوسروں کو گمراہ کیا۱۲

ے قولہ زہے سفیہ یعنی افلاطون بڑا نادان تھا کہ اپنے وقت کے پیغمبر اور انکی ہدایت وارشاد سے منہ پھیر لیا اور اپنے آپ کو

Marfat.com

اس کی اطاعت وفرمانبرداری سے پھیر لیا ۱۲

۸ یعنی افلاطون کو چاہیے تھا اور اس کے لائق تھا کہ جب اس کو ایسے شخص کی دعوت نبوت پہنچی تھی وہ اس کو دیکھتا اور اس کی خدمت میں پہنچتا اور اس کے حالات کو سمجھتا اور اس کی حقیقت میں غور وفکر کو کام میں لاتا، یہاں تک کہ اس کی حقیقت حال واضح ہو جاتی اور حضرت عیسیٰ علیہ الصلوۃ والسلام کی سچائی اس پر ظاہر ہو جاتی، نہ یہ کہ صرف دعوت پہنچنے پر وہ کہہ دیتا کہ نحن قوم الخ یعنی ہم ہدایت یافتہ قوم ہیں اور ہم کو ایسے شخص کی حاجت نہیں ہے جو ہم کو ہدایت دے۔ یہ اسکی کمال درجے کی بے عقلی ہے کہ بے دیکھے اس نے جواب دیا۔ بغیر دیکھے جواب دینا بڑے عناد اور بیوقوفی سے ہے ۱۲

۹ یہ اشارہ ہے اس آیت کریمہ کی طرف جو سورۃ آل عمران میں واقع ہے: وَاُبْرِیءُ الْاَکْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْیِ الْمَوْتٰی بِاِذْنِ اللّٰهِ (آل عمران ۴۹) یعنی اور میں تندرست کر دیتا ہوں مادر زاد اندھے کو اور (لاعلاج) کوڑھی کو اور میں زندہ کرتا ہوں مردے کو اللہ کے حکم سے ۱۲

﴿صہ ۱۱۳﴾ ۱ شرح مواقف علم کلام میں ایک جلیل القدر کتاب ہے جو سید شریف جرجانی علی بن محمد کی تصنیف ہے، لیکن مواقف قاضی علاؤالدین عبدالرحمٰن بن احمد ایجی کی تصنیف ہے رحمہم اللہ تعالیٰ ۱۲

۲ یعنی باوجود اس کے کہ ان کے اکثر علوم خطا اور نامناسب ظاہر ہوتے ہیں، پھر بھی وہ مقبولان بارگاہ معلوم ہوتے ہیں، یہ وہ بات ہے جو تعجب کا تقاضا کرتی ہے، یہاں سے پردہ اٹھ جاتا ہے کہ ان کو مجتہد مخطی کی طرح معذور جانتے ہیں، ورنہ وہ مقبولین سے نظر میں نہ آتے ۱۲

۳ میانہ روی کا طریقہ یہ ہے کہ شیخ کو مقبول لوگوں میں سے جانیں اور ان کے مخالف علوم کو خطا اور نادرست سمجھیں ۱۲

۴ خود بخود نہیں ورنہ ممکن ممکن نہ ہوگا بلکہ واجب بالذات ہو جائے گا اور وہ خلاف واقعہ ہے ۱۲

۵ قولہ نزاع: نون کے زیر سے، باہم اختلاف کرنا اور جھگڑا ۱۲

﴿صہ ۱۱۴﴾ ۱ بعض متکلمین نے ممکن وواجب کے درمیان برتن اور برتن بنانے والے کی نسبت سمجھ کر کہا ہے کہ باقی رہنے میں محتاج نہیں ہے، اور اس قول میں جمہور عقلا کے خلاف جہان کا استغناء لازم آتا ہے جہان کے پیدا کرنے والے سے حالانکہ نص قطعی محتاجی کے لازم ہونے پر دلالت کرتی ہے جب کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: یٰاَیُّهَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَی اللّٰهِ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ (فاطر ۱۵) اے لوگو! تم سب محتاج ہو اللہ تعالیٰ کے اور اللہ ہی غنی ہے سب خوبیوں سراہا...... لہذا اس قول کے قائل تجدد امثال کے قائل ہوئے تا کہ دائمی احتیاج ثابت ہو۔ حق یہ ہے کہ ممکن باقی رہنے میں بھی محتاج ہے اپنی علت موجدہ کی وجہ سے کیونکہ بقا عبارت ہے وجود سے دوسرے زمانہ میں، اور جب ممکن وجود کو پہلے زمانہ میں مقتضی نہیں ہے تو دوسرے زمانہ میں مقتضی نہیں ہے تو دوسرے زمانہ میں مقتضی کیسے ہوگا کیونکہ اقتضاء حقیقۃً زمانے کے اختلاف سے مختلف نہیں ہوتا، اور وہ جو انہوں نے کہا ہے الشَّیْءُ مَا لَمْ یَجِبْ لَمْ یُوْجَدْ خاص چیز جب تک واجب نہیں ہوتی وہ پائی نہیں جاتی۔ اس جگہ مراد وجود بالغیر ہے۔ یعنی واجب ہے اپنی علت کے اقتضاء سے نہ کہ اپنے نفس کے اقتضاء سے۔ پس جس وقت تک ممکن پر واجب کی طرف سے وجود کا افاضہ ہوتا ہے وہ موجود اور آثار کا مصدر رہتا ہے اور جب فیضان کٹ جاتا ہے کوئی اثر ممکن سے نہیں پایا جاتا ۱۲ از مکاتیب قاضی ثناء اللہ رحمہ اللہ مختصراً (مکتوب اول کلمات طیبات ۹۸)

۲ قولہ اختراع: الف کی زیر سے، کسی چیز کو پیدا کرنا کہ اس سے پہلے اسکی مثل پیدا نہ ہوئی ہو اور یہ خرع سے مشتق ہے (خا کی زبر سے) بمعنی ٹوٹنا اور ٹکڑے ٹکڑے ہونا ۱۲ غ

ـ بلکہ ایک قدرت رکھنے والا ہے بغیر اس کے اسباب وسائل کے ۱۲

۳ قولہ پے برند: مثلاً اگر کوئی تیر کسی کو لگتا ہے تو عقل مند جانتا ہے کہ یہ تیر از خود پرواز کر کے نہیں پہنچا ہے بلکہ کسی نے اس کو

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ چوتھا حصہ

Marfat.com

کمان کے ذریعے سے پھینکا ہے۔ بیت

گرچہ تیر از کمان ہے گذرد از کماندار بیند اہل خرد

ترجمہ: اگرچہ تیر کمان سے ہی چھوڑا جاتا ہے عقل والے کماندار سے دیکھتے ہیں

اسی طرح تمام اسباب اور ظاہری واسطوں کو کمان کی مثل معلوم کر کے افعال کو فاعل حقیقی کی طرف منسوب کرنا چاہیے ۱۲

۴ قولہ نیست فاعلے: پس وہ جماد اس فعل کا فاعل نہیں ہوسکتا، پس اس فعل کا فاعل اس جماد کے علاوہ ہے جو اس فعل کو ایجاد کرتا ہے ۱۲

۵ قولہ فلذ اھذا: یعنی جیسا کہ عقل والے جماد کے فعل سے محض فاعل کے ساتھ تعلق قائم کرتے ہیں اور وہ فعل ان کے نزدیک فاعل کا روپوش نہیں ہوتا، بلکہ فاعل پر دلیل سمجھتے ہیں پس یہی حال ہے اس کا جس مسئلہ میں ہم ہیں ارباب فطانت کے نزدیک جن کی بصیرت شریعت کے سرمے سے مستفید ہوئی ہے۔ خوب سمجھ لو ۱۲

۶ یہ آیت سورہ یوسف پارہ تیرہ میں واقع ہے، یعنی حضرت یعقوب نے کہا: اے میرے بیٹو! (شہر میں) نہ داخل ہونا ایک دروازے سے بلکہ داخل ہونا مختلف دروازوں سے یعنی علیحدہ علیحدہ اور نہیں فائدہ پہنچا سکتا میں تمہیں اللہ کی تقدیر سے کچھ بھی، نہیں ہے حکم مگر اللہ تعالیٰ کے لئے، اسی پر میں نے توکل کیا اور اسی پر توکل کرنا چاہیے توکل کرنے والوں کو، اور جب وہ (مصر میں) داخل ہوئے جس طرح حکم دیا تھا انہیں ان کے باپ نے، وہ نہیں فائدہ پہنچا سکتا تھا انہیں اللہ کی تقدیر سے کچھ بھی مگر (یہ احتیاطی تدبیر) ایک خیال تھا یعقوب کے نفس میں جسے انہوں نے پورا کیا اور بے شک وہ صاحب علم تھے بوجہ اس کے جو ہم نے سکھایا تھا انہیں، لیکن اکثر لوگ (اس حقیقت) کو نہیں جانتے ۱۲

(سورۃ یوسف، آیت ۶۷، ۶۸)

﴿صہ ۱۱۵﴾ ۱ یہ آیت سورہ انفال پارہ دس میں ہے یعنی اے پیغمبر! کافی ہے آپ کو اللہ تعالیٰ اور جو آپ کے فرمانبردار ہیں مومنوں سے قولہ وَمَنِ اتَّبَعَكَ (اور جنہوں نے آپ کی پیروی کی ہے) واو مع کے معنی میں ہے اور جو اس کے بعد ہے وہ منصوب ہے، تو کہتا ہے: تجھے اور زید کو درہم کافی ہے، اسے جر نہیں دی جائے گی کیونکہ مجرور ظاہر کا عطف اس لفظ پر جسے کنایہ کے طور پر استعمال کیا گیا ہو منع ہے۔ کسی نے کہا: تجھے اور ضحاک کو کافی ہے تیز ہندی تلوار، آیت کا معنی ہوگا تجھے کافی ہے اور وہ جو تیرے پیروکار مومنوں میں سے ہیں اللہ مددگار۔ یا یہ رفع کی جگہ میں ہوگا یعنی اللہ تجھے کافی ہے اور مومن تجھے کافی ہیں۔ اور یہ آیت غزوہ بدر کے موقع پر مقام بیدا میں جنگ سے پہلے نازل ہوئی۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ یہ آیت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کے وقت نازل ہوئی ۱۲ کشاف اور تو جانتا ہے کہ حضرت مجدد قدس سرہٗ کا استشہاد دوسری توجیہ پر ہے یعنی اسم موصول کا مرفوع ہونا لفظ جارہ پر معطوف ہے ۱۲

۲ اور اسباب و ذرائع کو واسطہ بنانا توکل کے منافی جانتے ہیں۔ شعر

گفت پیغمبر باواز بلند بر توکل زانوے اشتر بہ بند

ترجمہ: پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے باواز بلند فرمایا: اونٹ کا گھٹنہ باندھ کر توکل کر

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا: ایک آدمی اپنی اونٹنی پر حضور کی خدمت میں حاضر ہوا، اور عرض کیا: یارسول اللہ! میں اسے چھوڑ دوں اور توکل کروں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے باندھ اور توکل کر اور جان لو کہ توکل کا مقام دل ہے اور ظاہری اعضاء کی حرکت دل کے توکل کے منافی نہیں ہے جبکہ بندے کے دل میں یہ بات اچھی طرح بیٹھ جائے کہ تقدیر اللہ کی طرف سے ہے تو پھر اگر کوئی چیز مشکل ہو تو اس کی تقدیر سے ہوگی اور کوئی چیز اتفاقیہ مل جائے یا آسان ہو تو وہ بھی اللہ ہی کے آسان کرنے سے ہوگی۔

۳ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ (الصّٰفّٰت ۹۶) اور اللہ نے تمہیں پیدا کیا اور تمہارے

Marfat.com

اعمال کو) اِلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ (الملک ۱۴) کیا وہ نہ جانے جس نے پیدا کیا) اَللّٰہُ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ (الرعد ۱۶) اللہ تعالیٰ پیدا کرنے والا ہے ہر چیز ہو) قُلْ کُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰہِ (النسآء ۷۸) آپ فرمایئے! سب اللہ کی طرف سے ہے) فَلَوْ شَآءَ لَھَدٰکُمْ اَجْمَعِیْنَ (الانعام ۱۴۹) سو اگر وہ چاہتا تو ہدایت فرماتا تم سب کو) وَمَا کَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰہِ (یونس ۱۰۰) اور کوئی بھی ایسا شخص نہیں کہ وہ ایمان لا سکے بغیر حکم الٰہی ہے) وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّا اَنْ یَّشَآءَ اللّٰہُ (الدھر ۳۰) اور تم کچھ بھی نہیں چاہ سکتے سوائے اس کے کہ اللہ خود چاہے۔

ع اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَلَا یَرْضٰی لِعِبَادِہِ الْکُفْرَ (الزمر ۷) اور وہ پسند نہیں کرتا اپنے بندوں سے ناشکری کو) ارادہ دوسری چیز ہے اور رضا اور چیز ہے کیونکہ ارادہ ایسی صفت سے عبارت (مراد) ہے جو مقدورین میں سے کسی ایک کی تخصیص کو واجب کرتی ہے وقوع کے ساتھ اوقات میں سے کسی وقت میں کل کی جانب قدرت کی نسبت برابر ہونے کے باوجود، اور رضا سے مراد ہے کسی چیز سے خوش ہونا اور اس کا پسند ہونا اللہ تعالیٰ کے نزدیک، ارادے کو خوشنودی لازم نہیں ہے، یہ نیک و بد دونوں سے متعلق ہوتا ہے ۱۲

ب اس فرق کے معلوم نہ ہونے سے ۱۲

ب کیونکہ جمادات کی حرکت اور حیوان کی حرکت میں واضح فرق ہے اور اسی طرح رعشہ والے اور دوسرے کی حرکت میں، اور اس فرق کا انکار کرنا عقل کے خلاف ہے، فرقہ جبریہ کے خلاف کیونکہ وہ بندے کو صرف جمادات کی طرح جانتے ہیں اور ان کو بے وقوفی کی نسبت لازم آتی ہے اللہ تعالیٰ کے ساتھ اوامر ونواہی میں ۱۲

﴿صہ ۱۱۶﴾ لے خلق اور کسب میں تفصیل اور واضح فرق کا بیان اپنے مقام پر ہے یہاں مختصراً طور پر یہ ہے کہ بندہ کا اپنی قدرت و ارادہ کو فعل کی جانب صرف کرنا کسب ہے اور اس کے بعد اللہ تعالیٰ کا اس فعل کو ایجاد کر دینا خلق ہے، اور مقدور واحد دو قدرتوں کے تحت داخل ہے لیکن دو مختلف جہتوں کے اعتبار سے پس فعل اللہ کا مقدور ہے ایجاد کی جہت سے اور بندہ کا مقدور ہے کسب کی جہت سے ۱۲ شرح عقائد۔ اور جان لو کہ قبیح چیز کا پیدا کرنا قبیح نہیں ہے لیکن قبیح چیز کا کسب کرنا قبیح ہے اسکی تفصیل کا مقام اور ہے ۱۲

ع یعنی اللہ تعالیٰ بندے کو اس چیز کا حکم نہیں دیتا جو اس کی طاقت میں نہ ہو جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا (البقرۃ ۲۸۶) ذمہ داری نہیں ڈالتا اللہ تعالیٰ کسی شخص پر مگر جتنی طاقت ہو اسکی) لَا نُکَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا (الانعام ۱۵۲) ہم نہیں تکلیف دیتے کسی کو مگر اسکی طاقت کے برابر) لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا مَآ اٰتٰھَا (الطلاق ۷) تکلیف نہیں دیتا اللہ تعالیٰ کسی کو مگر اس قدر جتنا اسے دیا ہے) ۱۲

ع اللہ تعالیٰ نے فرمایا: لَا یَذُوْقُوْنَ فِیْھَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ☆ اِلَّا حَمِیْمًا وَّ غَسَّاقًا ☆ جَزَآءً وِّفَاقًا ☆ (النبا ۲۴ تا ۲۶) وہ نہیں چکھیں گے اس میں کوئی ٹھنڈی چیز اور نہ پانی سوائے کھولتے پانی اور گرم پیپ کے (ان کے گناہوں کی) پوری سزا) یعنی ایسی سزا جو ان کے اعمال کے موافق ہے اس سے زیادہ نہیں کیونکہ گہری نظر اور غور و فکر سے معلوم ہو جائے گا کیونکہ ان کا عمل بھی دائمی ابدی اور غیر متناہی ہے کیونکہ وہ اپنے اعمال کے حساب کی امید نہیں رکھتے تھے، پس ان سے عمل کا منقطع ہونا محض ناچاری اور آلات عمل کے نہ ہونے کی وجہ ہوتا ہے نہ کہ عذاب کے خوف کی وجہ سے یا ثواب کے ختم ہونے کی جہت سے ۱۲۔ تفسیر عزیزی

ع حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لَا یُدْخِلُ اَحَدًا مِّنْکُمْ عَمَلُہُ الْجَنَّۃَ وَلَا یُجِیْرُہُ مِنَ النَّارِ وَلَا اَنَا اِلَّا بِرَحْمَۃِ اللّٰہِ (رواہ مسلم) تم میں سے کسی کو اس کا عمل جنت میں داخل نہیں کرے گا اور نہ دوزخ سے بچائے گا اور میں بھی نہیں سوائے اللہ کی رحمت سے۔ اس کو مسلم نے روایت کیا ہے۔ پس جنت میں داخل ہونا صرف (اللہ کے) فضل

Marfat.com

سے ہوگا، اور جنت میں درجات حسب اعمال ہوں گے ۱۲ مشکوٰۃ ومرقاۃ

ے یہ آیت ۷۹ سورۃ نساء پارہ پانچ میں واقع ہے یعنی جو کچھ بھلائی تجھ کو پہنچتی ہے وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور جو کچھ برائی تجھ کو پہنچتی ہے وہ تیرے نفس کی طرف سے ہے ۱۲

ے اسکی تعظیم جس پر ایمان لایا گیا ہے یعنی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام وغیرہ ۱۲

ے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَأَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً (لقمان ۲۰) اور تمام کردی ہیں اس نے تم پر ہر قسم کی نعمتیں ظاہری بھی اور باطنی بھی)

﴿صہ ۱۱۷﴾ کسی دوسری چیز سے نہیں اللہ تعالیٰ کے غضب سے جیسا کہ دخول بہشت کو اللہ تعالیٰ کے فضل سے معلق کیا ہے ۱۲

لے اور کہتے ہیں کہ رؤیت مشروط ہے کہ جس چیز کو دیکھا جائے اسکا کسی مکان اور طرف میں ہونا اور دیکھنے والے کے سامنے ہونا، اور دیکھنے والے اور مرئی (جس کو دیکھا جائے) کے درمیان مسافت وفاصلہ ہو اور وہ بہت قریب نہ ہو اور نہ ہی بہت دور ہو، اور آنکھ کی شعاع مرئی تک پہنچتی ہو، یہ سب امور اللہ تعالیٰ کے بارے میں محال ہیں اور اہل سنت ان شرائط سے منع کرتے ہیں کیونکہ ان چیزوں کا شرط ہونا مخلوق کے حق میں ہے اور ممکن کے نہ واجب وخالق کے حق میں، غائب کا قیاس حاضر پر اور واجب کا ممکن پر اور خالق کا مخلوق پر قیاس فاسد ہے تفصیل کے لئے دوسرا مقام ہے ۱۲

ے قولہ تجلی صوری جان لو کہ شیخ محی الدین بن العربی نے اپنی تالیفات میں سے بعض میں لکھا ہے کہ رأیت ربی علی صورۃ الفرس (میں نے اپنے رب کو گھوڑے کی صورت میں دیکھا) شیخ رکن الدین علاء الدولۃ نے اس قول کی شرح میں فرمایا سالکان راہ اللہ تعالیٰ کو تجلیات صُوریہ میں دیکھتے ہیں اور یہ امر آثار سے تعلق رکھتا ہے اور حق تعالیٰ ان تجلیات میں بندہ پر تمام چیزوں کی صورت میں تجلی فرماتا ہے، عناصر ومعدنیات، نباتات، حیوانات کے افراد سے اور انسان کے افراد سے اور تجلی صوری کی انتہا مرتبہ انسان میں وہ ہے کہ اللہ تعالیٰ صاحب تجلی کی صورت میں تجلی فرماتا ہے اور سالک کو اس سے مشکل ودشوار لغزش قدم کا اور کوئی مقام نہیں ہوتا۔ سبحانی اور أَنَا الْحَقُّ اور هَلْ فِي الدَّارَيْنِ غَيْرِي اور لَيْسَ فِي جُبَّتِي سِوَ اللهِ (اقوال صوفیہ) اسی تجلی کی طرف اشارہ ہیں ۱۲ رشحات بالاختصار

ے تائید ہے خاص طور پر اسکی کہ شیخ محی الدین قدس سرہٗ آخرت کے دیدار الٰہی کو تجلی صوری کی طرح بیان کرتے ہیں ۱۲

ے پس وہ اس طرح کے دیدار کا انکار نہ کرتے ۱۲

سے یعنی اس کو ابرار مومن دیکھیں گے وہ دیکھنا بغیر کیفیت اور ادراک واحاطہ کے ہوگا اور نہ ہی مثال اور صورت وہیئت کی قسم سے ہوگا، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وُجُوهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ☆ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ☆ (القیمۃ ۲۲، ۲۳) کئی چہرے اس روز تر وتازہ ہوں گے اور اپنے رب کے (انوار جمال) کی طرف دیکھ رہے ہوں گے۔ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: تم اپنے رب کو دیکھو گے جیسے تم چودھویں رات کے چاند کو دیکھتے ہو۔ پھر دیدار الٰہی واقع ہوگا اس امت کے مومنوں کو، اس پر اہل سنت کا اجماع ہے اور سابقہ امتوں کے بارے میں دو احتمال، زیادہ یہ ہے کہ ان کی مساوات ہوگی اس امت کے ساتھ دیدار الٰہی میں، ان میں سے بعض نے کہا ہے کہ دیدار الٰہی انسانوں کے لئے خاص ہے فرشتے اور جن دیدار نہیں کر سکیں گے، امام اشعری نے کہا ہے کہ فرشتے اللہ کا دیدار کریں گے ۱۲ شرح القاری علی بدء الامالی

ے فَيَنْسَوْنَ النَّعِيْمَ إِذَا رَأَوْهُ   فَيَا خُسْرَانَ أَهْلِ الْاعْتِزَالِ

ترجمہ: پس وہ تمام نعمتوں کو بھول جائیں گے جب اس (اللہ) کو دیکھیں گے پس افسوس ہے محروم رہنے والے معتزلیوں پر۔

﴿صہ ۱۱۸﴾ اس کے درمیان تمیز کر وہ کیا ہے جو جناب قدس واجب تعالیٰ وتقدس کے مناسب ہے اور وہ کیا ہے جو اس ذات تعالیٰ وتقدس کے مناسب نہیں ۱۲

Marfat.com

ب یعنی نفس وعناصر کے اعتبار سے تصفیہ ١٢

ب یعنی عالم امر کے لطائف کے اعتبار سے تزکیہ ١٢

ا قولہ مخیلہ: یا کی زیر سے، ایک قوت ہے جو دماغ میں ہوتی ہے، اس کا کام ترکیب ہے خاص طور پر بعض صورتوں کو بعض دوسرے کے ساتھ اور نہ دیکھی ہوئی کو دیکھی ہوئی کے ساتھ درست کو یا جھوٹ کو ١٢

٢ از سلطان: جار مجرور مصون کے متعلق ہے جو تلفظ میں پیچھے ہے ١٢

﴿صـ ١١٩﴾ ب یعنی ان علوم کے پہنچانے کے وقت جو تلقی روحانی سے حاصل کئے ہوتے ہیں قوتوں اور حواس کے ساتھ الخ ١٢

ا وہ کشف دل کی صفائی پر دلالت نہیں کرتے اور اس کشف والے کی بزرگی اور کرامت پر دلیل نہیں ہوتے بلکہ وہ کشف استدراج اور امہال کی قسم سے ہوتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ☆ وَأُمْلِيْ لَهُمْ إِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ☆ (الاعراف ١٨٢، ١٨٣) ہم آہستہ آہستہ پستی میں گرادیں گے انہیں اس طرح کہ انہیں علم تک نہ ہوگا، اور میں مہلت دیتا ہوں انہیں، بے شک میری خفیہ تدبیر بہت پکی ہے ١٢

٢ قولہ ملاحدہ: ملحد کی جمع ہے (میم پر پیش اور حا کے نیچے زیر ہے) راہ حق سے پھرا ہوا فاسق و بے دین، قولہ زنادقہ: زندیق کی جمع ہے (زا کی زیر سے) وہ جو دو خداؤں کا قائل ہو، دونوں میں سے ایک نور کا اور دوسرا ظلمت کا، جن کو یزدان اور اہرمن کے نام سے تعبیر کرتے ہیں، ملحد کے معنی بے دین اور دین سے پھرا ہوا، مذہب میں ملاوٹ کرنے والے پر بولتے ہیں ١٢

٣ یعنی کتنی غیر مناسب دلیل ہے کہ بندوں کو احکام کا پابند نہ کریں اور ان کو مہمل اور بے لگام چھوڑ دیں، حیوانوں کی طرح کہ کھائیں پئیں ١٢

ب قولہ باشد: یہاں تک ملحدوں اور بے دینوں کا قول ہے ١٢

٤ جان لو کہ نعمت عطا کرنے والے کا شکر واجب ہے، یہی فیصلہ ہے ہمارے بڑے بڑے مشائخ کا، صدر الشریعت نے اس پر دلائل پیش کئے ہیں کہ مُنعم (نعمت عطا کرنے والے) کا شکر عقل کے لحاظ سے واجب وضروری ہے ہمارے نزدیک۔ اور کشف میں قواطع سے نقل کیا ہے، اور ہمارے علماء کی ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ اچھائی اور برائی دو قسمیں ہیں جو عقل سے جانی جاتی ہیں جیسے عدل، سچائی نفع دینے والی اور نعمت کا شکر کرنے کی اچھائی اور ظلم اور نقصان دہ جھوٹ کا برا ہونا (عقل سے معلوم ہو جاتا ہے) پھر فرمایا: اور یہی کہنا ہے ہمارے امام ابوحنیفہ کے کثیر شاگردوں کا، خصوصًا ان میں سے عراقیوں کا، اور یہی مذہب ہے تمام معتزلہ کا، اچھائی اور نیکی کی معرفت یہ واجب یا لازم ہے، جب ضرورت یہ ہے کہ عقلی طور پر شکر ترک کرنے میں سزا ہے یہ عقل جانتی ہے۔ صدر الشریعہ نے فرمایا: کیسے عقلمند جائز سمجھتا ہے کہ جو عطا کرنے والے بادشاہ سے عطا ہوا جس سے زندگی قائم ہے اور کھانے پینے اور پہننے کی چیزوں سے لذتیں حاصل کی جاتی ہیں اور رحمت کے سمندروں میں ڈبو دیا گیا ہے اور ہر لحہ طرح طرح کی نعمتیں چھائی ہوئی ہیں جن کو شمار کرنا اور گننا ممکن نہیں، پھر اس کے بعد ان نعمتوں کا انکار کرنا کسی طرح کی ناشکری سے اور طرح طرح کے جھوٹوں سے ان کو جھٹلانا، حالانکہ بڑی قوت کا مالک بادشاہ سخت عذاب کی قدرت رکھتا ہے، پس اس سب کے باوجود کیسے وہ نہ پکڑے گا کسی قسم کے عذاب سے اور وہ مذمت نہ کیا جائے گا کسی طرح کی مذمت سے، بلکہ وہ معاف کرتا ہے اور وہ اس کو زیادہ نہیں کرتا ضرورت کے دعوی پر...... اور یہاں شکر سے مراد بندے کا استعمال کرنا ہے تمام ان چیزوں کا جو اسے عطا کی گئی ہیں اس مقصد پر جس کے لئے وہ پیدا کی گئی ہیں۔ مثلاً آنکھ، دیکھنے کے لئے ہے ان چیزوں کو جن کا مشاہدہ کرنا حلال ہے تاکہ وہ اس سے استدلال کرنے سے وہ استدلال کرے اللہ تعالیٰ کی عجیب صنعت پر۔ اور شاید کہ انہوں نے مراد لیا ہے استعمال کرنے سے وہ استعمال کرنا جس کا ادراک ہوتا ہے عقل سے، مطلق استعمال کرنا نہیں

Marfat.com

ورنہ عقلیت کے دعویٰ کے کوئی معنی نہیں ہیں ۱۲ فواتح الرحموت فی شرح مسلم الثبوت ۔ لمصححہ رحمہ اللہ تعالیٰ

﴿صہ ۱۲۰﴾ یعنی کس قدر اسکی شرارتیں اور فساد پائے جاتے اگر زواجرالخ ۱۲

ے یہ آیت ۹۷ ا دوسرے پارے میں یعنی اور تمہارے لئے قصاص میں زندگی ہے اے عقل مندو۱۲

لے یہ آیت ۲۲ سورۃ انبیاء پارہ ۱۷ میں واقع ہے یعنی وہ جو کچھ کرتا ہے اسے کوئی نہیں پوچھ سکتا۔

ع نہ بر حرف او جائے انگشت کس

ترجمہ: اس کے کسی حرف پر کسی کو انگلی رکھنے کی جگہ نہیں۔

ع اوست سلطان ہر چہ خواہد آن کند

ترجمہ: وہ بادشاہ ہے جو چاہے وہ کرے

ع نیست کس را زہرہ چون وچرا

ترجمہ: کسی کو چون وچرا کرنے کی جرأت نہیں ۱۲

۲ے قولہ زہرہ: فارسی میں پہلے حرف پر زبر کے ساتھ بولا جاتا ہے، بمعنی ایک چھلکا ہوتا ہے تھیلی کی طرح جو زرد اور کڑوے پانی سے پر ہوتی ہے، اس کے معنی دلیری، شجاعت، قوت اور قدرت ہیں ۱۲

۳ے حضرت ابی بن کعب سے روایت ہے کہ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ عَذَّبَ اَهْلَ سَمَا وَاتِهٖ وَاَهْلَ اَرْضِهٖ عَذَّبَهُمْ وَهُوَ غَيْرُ ظَالِمٍ لَّهُمْ (۱۱۵)

ترجمہ: اگر اللہ عزوجل تمام آسمانوں اور زمینوں کی مخلوق کو عذاب میں مبتلا کرتا تو وہ انہیں اس عذاب میں مبتلا کرنے میں ظالم نہ ہوتا اور ایسے ہی حضرت حذیفہ بن یمان اور عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، اور حدیث بیان کی زید بن ثابت نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل ۱۲

۴ے کیا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام احکام میں اجتہاد فرماتے تھے؟ پس اشعریوں نے اس کا انکار کیا ہے اور اکثر معتزلوں نے بھی۔ اور اکثر علمانے اس کو جائز مانا ہے پس اگر اجتہاد کے بعد آپ کو اس پر قائم رکھا گیا تو آپ کا اجتہاد نص قطعی کی طرح ہو گیا فائدہ پہنچانے میں کیونکہ آپ خطا پر قائم نہیں رہ سکتے تھے ۱۲ فواتح الرحموت

۵ے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی پناہ مانگتے تھے عذاب قبر سے اور اپنے صحابہ کو بھی اس کا حکم دیتے تھے، عذاب قبر کے متعلق متواتر حدیثیں آئی ہیں، امام نووی نے کہا ہے کہ اہل سنت کا مذہب عذاب قبر ثابت کرتا ہے، اور اس پر کتاب و سنت کے دلائل ثابت ہیں، اور عقل میں کوئی مانع نہیں کہ جس میں حیات لوٹا دی جائے الخ ۱۲

۶ے قولہ منکر یہ انکار سے اسم مفعول کا صیغہ ہے، اور قولہ نکیر فعیل کے وزن پر ہے مفعول کے معنی میں، دونوں کے معنی ناواقف جسکی پہچان نہ ہو اور ہیبت ناک ہو، ان کا یہ نام اس لئے رکھا گیا ہے کہ میت ان کو پہچانتی نہیں اور اس سے پہلے میت نے ان کی شکل کی مانند دیکھی نہیں ہوتی ۱۲

۷ے یعنی قبر سے مراد ایک ایسا جہان ہے جو دنیا اور آخرت کے درمیان برزخ ہے، قبر معروف نہیں، پس وہ شکوک دفع ہو گئے جو اس مقام میں بعض ذہنوں کو پیش آتے ہیں، یہ معنی اس شخص کو بھی شامل ہے جو پانی میں غرق ہو گیا ہو آگ میں جلا دیا گیا ہو یا اسے جانوروں نے کھا لیا ہو غیرہ وغیرہ ۱۲

۸ے یہ آیت سورۃ مومن ۴۶ پارہ ۲۴ میں واقع ہے یعنی دوزخ کی آگ ہے پیش کیا جاتا ہے انہیں اس پر صبح و شام، عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: فرعونیوں کی روحیں سیاہ پرندوں کے پیٹوں میں آگ پر پیش کی جاتی ہیں ہر روز دوبار، صبح و شام آگ پر جاتی ہیں اور انہیں کہا جاتا ہے: اے آل فرعون یہ تمہارا ٹھکانا ہے قیامت قائم ہونے تک، حضرت مقاتل، سدی اور کلبی نے کہا: ہر کافر کی روح صبح و شام آگ پر پیش کی جاتی ہے جب تک دنیا قائم ہے ۱۲ معالم لمصححہ رحمہ اللہ تعالیٰ

Marfat.com

ب نبات نون با سے پہلے ہے یعنی گھاس اور ہر سبزہ اور درخت جو زمین سے اگتا ہے ۱۲

﴿صہ ۱۲۱﴾ لے قال اللّٰہ تعالیٰ : وَنُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰہُ ط ثُمَّ نُفِخَ فِیْهِ اُخْرٰی فَاِذَا هُمْ قِیَامٌ یَّنْظُرُوْنَ ☆ (زمر ۶۸) یعنی اور پھونکا جائے گا صور پس غش کھا کر گر پڑے گا جو آسمان میں ہے اور جو زمین میں ہے سوائے ان کے جنہیں اللہ چاہے گا کہ (بیہوش نہ ہوں) پھر دوبارہ (جب) اس میں پھونکا جائے گا تو اچانک وہ کھڑے ہو کر (حیرت سے) دیکھنے لگ جائیں گے ۱۲

ع قولہ اِذَا الشَّمْسُ کُوِّرَتْ الخ یعنی جب سورج لپیٹ دیا جائے گا اور جب ستارے بکھر جائیں گے ۱۲ سورۃ تکویر

سے قولہ اِذا السماء الخ یعنی جب آسمان پھٹ جائے گا، اور کان لگا کر سنے گا اپنے رب کا فرمان اور اس پر فرض بھی یہی ہے (سورۃ انشقاق) الخ قولہ فتحت السماء الخ یعنی اور کھول دیا جائے گا آسمان تو وہ دروازے ہی دروازے بن کر رہ جائے گا ۱۲

ئے یعنی صرف شہادت زبان سے کہنا مسلمان ہونے میں کافی نہیں ہے بلکہ اس کے ساتھ تصدیق الخ ۱۲

ھ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اس (میزان) کے دو پلڑے رکھے جائیں گے، اگر اس کے دونوں پلڑوں میں سے کسی ایک میں تمام آسمان اور زمین اور جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب کچھ رکھ دیا جائے تو اس میں وسعت ہوگی۔ اور حضرت حسن نے روایت ہے کہ اسکی دو زبانیں ہوں گی اور دو پلڑے ہوں گے۔ اور حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ میزان کا ایک پلڑا دنیا کے تمام طبقات کی طرح ہوگا۔ اور حدیث بطاقہ میں وارد ہے: اس کے ایک پلڑے میں دفتر رکھے جائیں گے اور ایک میں ایک ورقہ تو تمام دفتر ہلکے ہو جائیں گے۔ نظم الفرید لمصححہ رحمہ اللہ تعالیٰ قولہ انتثار: بکھرنے سے انتثار۔ سے، تین نقطے والی ثا سے بمعنی بکھرنا ۱۲

﴿صہ ۱۲۲﴾ لے جان لو کہ جب غور و فکر کے ساتھ ملاحظہ کیا جائے اور جانا جائے کہ شریعت کے احکام عقل کے مخالف نہیں ہیں، کیونکہ ان احکام کی نفی پر عقل کے پاس دلیل قطعی نہیں ہے، البتہ عقل نبوت کی تائید کے بغیر اس کے بعض احکام کی ہدایت نہیں پا سکتی، نہ یہ کہ مخالفت کرے اور ہدایت نہ پانے اور ادراک نہ ہونے اور عقل کی رسائی نہ ہونے سے عقل کی مخالفت لازم نہیں آتی کیونکہ مخالفت اور چیز ہے اور نارسائی اور ہے اس لئے کہ ادراک کے بغیر مخالفت کا تصور نہیں ہو سکتا، پس خوب سمجھ لو ۱۲

ع جہمیہ اور معتزلہ کا نظریہ ہے کہ جنت اور دوزخ فنا ہو جائیں گی ثواب دینے اور عذاب چکھانے کے بعد اپنے اندر داخل ہونے والوں کے لئے ان کے اعمال کی مقدار کے مطابق ہمیشہ نہیں رہیں گی اپنے اہل کے ساتھ...... بعض سے نقل کیا گیا ہے کہ جنت فنا نہیں ہوگی اور جہنم فنا ہو جائے گی اور اسی طرف مائل ہیں شیخ ابن العربی...... مرجہ سے نقل کیا گیا ہے کہ دوزخ فنا نہیں ہوگی لیکن دوزخیوں کو عذاب نہیں دے گی۔ اس (اللہ) کے حکم سے اور وہ اس میں رہیں گے جیسے وہ ابراہیم پر ٹھنڈی اور سلامتی والی ہو گئی تھی ۱۲ نظم الفرید

سے قولہ ندانستہ است کہ الخ جان لو کہ حضرت شیخ اپنے قول پر جے ہوئے وجہ استدلال پیش کرتے ہیں پہلی دلیل ورحمتی وسعت الخ آیت ہے، دوسری دلیل وعید میں خلاف جائز ہے، تیسری دلیل اہل دل کا اجماع ہے۔ حضرت مجدد قدس سرہ نے تینوں دلیلوں کا رد فرمایا ہے۔ پہلی دلیل کا جواب اپنے قول سے کہ آیت میں وسعت رحمت مومنوں کے حق میں ہے۔ اور دوسری کا جواب اپنے قول سے کہ آیت لَا تَحْسَبَنَّ اللّٰہَ الخ (پوری آیت) اور اپنے قول اور وعید میں خلاف سے بھی اور تیسری کا جواب اپنے قول سے کہ اہل دل کا اجماع کہ کفار کو ہمیشہ کا عذاب نہ ہونا یہ کشفی بات ہے ۱۲

ئے یہ آیت ۸۷ سورہ یوسف میں واقع ہے یعنی بے شک اللہ تعالیٰ کی رحمت سے سوائے کافروں کے کوئی مایوس نہ ہوگا ۱۲

۵ یہ آیت ۱۵۶ سورۃ اعراف پارہ ۹ میں واقع ہے یعنی میری بخشش اور مہربانی نے ہر چیز کو گھیر رکھا ہے، پس میں لکھ رکھوں گا اپنی رحمت کو ان لوگوں کیلئے جو تقوی اختیار کرتے ہیں اور ادا کرتے ہیں زکوۃ اور وہ جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں ۱۲

۶ یہ آیت ۴۷ سورۃ ابراہیم پارہ ۱۳ میں واقع ہے یعنی پس تم یہ مت خیال کرو کہ اللہ تعالیٰ وعدہ خلافی کرنے والا ہے اپنے رسولوں سے ۱۲

۷ کیونکہ کسی کا ذکر نہ ہونا اس چیز کے وجود کے نہ ہونے پر دلالت نہیں کرتا۔ بالفرض ہم تسلیم کی صورت میں کہتے ہیں کہ وعدہ رُسلِہ سے عام معنی مراد ہیں جو خاص طور پر شامل ہیں وعدہ اور وعید دونوں کو ۱۲

۸ یعنی جب مذکورہ آیت کریمہ دونوں کو شامل ہوگئی پس یہ آیت کریمہ شیخ کے قول کے خلاف ہوئی موافق نہیں، یعنی ان کو نقصان دہ ہے مفید نہیں ۱۲

ـ اس بنا پر کہ اللہ تعالیٰ کا علم نفس الامر کے مطابق ہے ورنہ جہل لازم آئے گا۔ اور نفس الامر میں صاحب فصوص کے قول کی بنا پر جس کا انجام کار سب رحمت کے ساتھ ہمیشہ کا انجام نہیں ہے ۱۲

﴿صہ ۱۲۳﴾ ۱ یہ آیت ۶ سورۃ تحریم پارہ ۲۸ میں ہے یعنی نافرمانی نہیں کرتے اللہ کی جس کا اس نے حکم دیا ہے اور بجالاتے ہیں جو ارشاد انہیں فرمایا جاتا ہے ۱۲

۲ یعنی ضمیروں کا مذکر لانا جو فرشتوں کی طرف لوٹتی ہیں ان کی شرافت و بزرگی پر مبنی ہے پس دلالت نہیں کرتیں ان کے مذکر ہونے پر ۱۲

۳ یہ آیت ۷۵ سورۃ حج کے آخر میں پارہ ۱۷ میں واقع ہے یعنی اللہ تعالیٰ فرشتوں اور انسانوں میں سے بعض کو رسالت کے لئے منتخب فرمالیتا ہے ۱۲

۴ عقائد نسفیہ میں کہا: بشر رسول فرشتوں کے رسولوں سے افضل ہوتے ہیں اور فرشتوں کے رسول افضل ہوتے ہیں عام بشروں سے اور عام بشر افضل ہوتے ہیں عام فرشتوں سے ۱۲ (عام بشروں سے مراد عام مومنین ہیں، کافر نہیں ۱۲)

۵ یعنی عبدالملک بن عبداللہ جوینی المتوفی ۴۷۸ھ چار سو اٹھہتر ۱۲ کشف الظنون

۶ قولہ مزیّت: میم پر زبر اور زا نقطہ والی کے نیچے زیر ہے اور یا پر فتح ہے، برتری، زیادہ ہونا اور فضیلت ۱۲

ـ قولہ فالصواب: یعنی درست بات یہ ہے کہ جمہور علما نے کہا ہے کہ خواص بشر افضل ہیں خواص فرشتوں سے ۱۲

﴿صہ ۱۲۴﴾ ۱ متواتر وہ ہے جس کو اتنی تعداد میں بیان کرنے والے ہوں جن کا جھوٹ پر متفق ہو جانا ممکن نہ ہو ان کی مثل سے اور اس کے ابتدائی و آخری اور درمیانی زمانہ میں نقل کرنے والے برابر ہوں اور ان کے قول سے علم حاصل ہوتا ہے، پھر وہ مختار بات جس پر محققین اور اکثر ہیں وہ یہ ہے کہ ان کی مخصوص گنتی مقرر نہیں اور خبر دینے والوں کے لئے اسلام اور عدالت کی شرط نہیں لگاتے ۱۲ نووی

ـ بلکہ ساقط ہو جاتا ہے جیسا کہ ضرورت، اضطراری حالت اور مجبور کئے جانے کے وقت، پس اگر جان کے تلف ہونے کے خوف کے وقت زبان پر کلمہ کفر جاری کرے اور دل تصدیق کرنے پر قائم ہو تو کافر نہ ہوگا، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّ بِالْاِيْمَانِ الخ ۱۲ (نحل ۱۰۶) یعنی سوائے اس کے جو مجبور کیا جائے اور اس کا دل ایمان پر جما ہوا ہو ۱۲

۲ قولہ زُنّار: زا پر پیش اور نون پر شد ہے وہ دھاگہ جو عیسائی، مجوسی اور سارے کافر کمر پر باندھتے ہیں ۱۲

۳ یعنی نہ ادھر کے رہے نہ ادھر کے۔ آیت ۱۴۳ سورۃ نساء پارہ پانچ ۱۲

۴ یہ آیت ۷۳ سورۃ توبہ اور سورۃ تحریم میں واقع ہے یعنی اے نبی کفار اور منافقین سے جہاد کرو اور ان کے ساتھ سختی سے پیش آؤ۔

Marfat.com

ے یہ قول پورے کا پورا مبتدا ہے اوراس کی خبر مجدد قدس سرہٗ کا قول ''اینجا صادق است'' ہے ۱۲

۵ شیخ مجدد قدس سرہٗ کے قول ''پس در تحقیق ایمان الخ'' سے ربط دیا گیا ہے، اس واسطے کہ خدا اور رسول کی محبت ایمان کے لوازمات میں سے ہے بلکہ اس محبت کا عین ہے، یہ دونوں ان کے دشمنوں کی دشمنی کے بغیر الخ ۱۲

۶ خاص طور پر اپنے قول کی تائید ہے پس ایمان کے ثابت کرنے میں کفر سے بیزاری کے بغیر چارہ نہیں ہے ۱۲

ے یہ آیت ۲۳ سورۃ شوریٰ پارہ ۲۵ میں واقع ہے یعنی آپ ان سے کہہ دیجئے کہ میں تم سے اہل قرابت کی دوستی کے علاوہ کوئی بدلہ نہیں چاہتا، اور جو شخص ایک نیکی کمائے گا ہم اسکی نیکیوں میں اور زیادتی کردیں گے ۱۲

﴿صہ ۱۲۵﴾ لے یہ آیت ۴ سورۃ ممتحنہ پارہ ۲۸ میں واقع ہے یعنی بے شک تمہارے لئے خوبصورت نمونہ ہے ابراہیم اور ان کے ساتھیوں (کی زندگی) میں جب انہوں نے (برملا) کہہ دیا اپنی قوم سے کہ ہم بیزار ہیں تم سے اور ان معبودوں سے جن کی تم پوجا کرتے ہو اللہ کے سوا: ہم تمہارا انکار کرتے ہیں اور ہمارے اور تمہارے درمیان ہمیشہ کے لئے عداوت اور بغض پیدا ہو گیا ہے یہاں تک کہ تم ایمان لاؤ ایک اللہ پر ۱۲

ے حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لَمَّا قَضَى اللّٰهُ الْخَلْقَ كَتَبَ كِتَابًا فَهُوَ عِنْدَهٗ فَوْقَ عَرْشِهٖ اِنَّ رَحْمَتِيْ سَبَقَتْ عَلٰى غَضَبِيْ وفی روایۃ غَلَبَتْ غَضَبِيْ یعنی جب اللہ تعالیٰ نے مخلوق کے پیدا کرنے کا فیصلہ فرمایا تو اس نے ایک کتاب لکھی، وہ کتاب اس کے پاس اس کے عرش پر ہے، وہ کتاب یعنی تحریر یہ ہے: بے شک میری رحمت میرے غضب پر سبقت لے گئی ہے، اور ایک روایت میں لفظ سبقت کی جگہ غلبت (غالب آگئی ہے) آیا ہے۔ (بخاری مسلم، مشکوٰۃ باب سعۃ رحمۃ اللہ) مطلب یہ ہے کہ اسکی رحمت کے غلبے کے آثار یعنی وجود وانعام تمام مخلوق پر چھائے ہوئے ہیں گنتی میں نہیں آسکتے بخلاف غضب کے آثار کہ وہ انسانوں میں بعض وجوہ سے ظاہر ہیں جیسا کہ فرمایا: وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا یعنی اگر تم اللہ کی نعمتوں کو گننے لگو تو شمار نہ کر سکو اور یہ بھی فرمایا: عَذَابِيْ اُصِيْبُ بِهٖ مَنْ اَشَاءُ یعنی میرا عذاب پہنچاتا ہوں میں جس کو چاہتا ہوں ۱۲ لمعات

ے یہ آیت ۵۶/۵۵ سورۃ مومنون پارہ ۱۸ میں واقع ہے، یعنی کیا یہ لوگ گمان کرتے ہیں کہ ہم مال اور اولاد میں جو ان کو ترقی دے رہے ہیں تو اس سے ان کو فائدہ پہنچانے میں جلدی کر رہے ہیں (نہیں) بلکہ ان کو اس (حکمت) کا شعور نہیں ہے ۱۲

ے یہ آیت ۱۸۲، ۱۸۳ سورۃ اعراف کے آخر پارہ نو اور سورۃ نون والقلم پارہ انتیس ۲۹ میں واقع ہے یعنی ہم ان کو (جہنم کی طرف) اس طرح آہستہ آہستہ لے جاتے ہیں جس کی ان کو خبر نہیں ہوتی اور ہم ان کو مہلت دیتے ہیں، بے شک ہماری تدبیر بہت مضبوط ہے ۱۲

﴿صہ ۱۲۶﴾ لے جیسا بخاری مسلم کی حدیث شفاعت میں مذکور ہے: فَاَخْرِجْ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ اَوْ خَرْدَلَةٍ مِّنْ اِيْمَانٍ وفی المرة الثالثة فَاَخْرِجْ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ اَدْنٰى اَدْنٰى اَدْنٰى مِثْقَالَ حَبَّةِ خَرْدَلَةٍ مِّنْ اِيْمَانٍ ۱۲ مشکوٰۃ باب الحوض والشفاعۃ ترجمہ: پس اسے نکال لو جس کے دل میں ذرہ یا رائی کے دانہ کے برابر ایمان ہو، اور تیسری بار میں فرمائے گا: پس اسے نکال لو جس کے دل میں رائی کے دانہ سے کمتر ایمان ہے ۱۲

ے قولہ جنازۃ: جنازہ زبر کے ساتھ، مردہ کو کہتے ہیں، اور جیم کے زیر سے مردہ کی چارپائی کو، اور پہلے معنی میں زیر اور دوسرے معنی میں زبر کے ساتھ بھی آیا ہے ۱۲

ے كَمَا هُوَ الْعَمَلُ الْيَوْمَ یہ جملہ منفی سے متعلق ہے یعنی جیسا کہ آج کل علماء کا معمول ہے کہ اس قسم کے آدمی کے جنازہ پر نماز نہیں پڑھتے اور کفار کے ساتھ شامل کرتے ہیں یہ عمل اس قول پر دلالت کرتا ہے جو سوال میں ہے پس بفتوی

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی چوتھا حصہ

Marfat.com

علا باید کرد آن شخص الخ ۱۲

ﻟ یہ آیت ۴۸ سورہ نساء پارہ پانچ میں واقع ہے یعنی بے شک اللہ اس کو نہیں بخشے گا جس نے اس کے ساتھ کسی کو شریک قرار دیا ۱۲

﴿صہ ۱۲۷﴾ ﻟ یہ آیت ۸۲ سورۃ انعام پارہ سات میں واقع ہے یعنی جو لوگ ایمان رکھتے ہیں اور اپنے ایمان کو شرک سے ملوث نہیں کرتے ان کے لئے امن وسلامتی ہے ۱۲

ﻟ یہ آیت ۹۳ سورہ نساء پارہ پانچ میں واقع ہے یعنی جو شخص کسی مومن کو قصداً قتل کرے پس اسکی سزا جہنم ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا ۱۲

ﺳ حدیث کی تخریج کرنے والے نے کہا: میں نے اسکی کوئی اصل نہیں پائی نہ حدیث کی معتبر کتابوں میں اور نہ غیر معتبر کتابوں میں، اس کو صرف بعض ناقص فقیہ متاخرین نے درج کیا ہے ۱۲ معرب

ـ قولہ حقبہ حا پر پیش ہے اور تیسرا حرف با یعنی اسی سال کی مدت ۱۲ اغیاث

ف مکتوب ۲۶۶ میں مذکور حدیث مجالس الابرار میں مرفوعاً مروی ہے (مترجم)

ﻟ قولہ شَفَاعَتِی لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِی اس کو ترمذی اور ابوداؤد نے حضرت انس سے روایت کیا ہے اور اسکو ابن ماجہ نے بھی حضرت جابر سے روایت کیا ہے ۱۲ مشکاۃ یعنی میری وہ شفاعت جو گناہوں کی معافی کیلئے ہوگی، لیکن وہ شفاعت جو درجات کی بلندی کے لئے ہوگی وہ سب متقیوں اور اولیاء کے لئے ہوگی، یہ شفاعت سب اہل ملت کے درمیان متفقہ ہے ۱۲ لمعات

۵ قولہ امتی أمة مرحومة الخ اسے خطیب نے المتفق والمفترق میں روایت کیا اور ابن نجار نے ابن عباس سے ان لفظوں میں روایت کیا: امتی امتة مرحومة لاعذاب علیها فی الاخرة، فاذا کان یوم القیامة اعطی الله کل رجل من امتی رجلا من اهل الادیان فکان فداء ه من النّار۔ (میری امت مرحومہ امت ہے آخرت میں اس پر عذاب نہیں ہوگا، پس جب قیامت کا دن ہوگا اللہ تعالیٰ میری امت کے ہر شخص کو دوسری امتوں میں سے ایک آدمی عطا کرے گا تو وہ اس کا فدیہ ہوگا دوزخ سے، روایت کیا ابوداؤد وطبرانی اور حاکم نے ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے مندرجہ ذیل الفاظ میں روایت کیا، أمتی هذه امة مرحومة لیس علیها عذاب فی الأخرة انما عذابها فی الدنیا الفتن والزلازل والقتل والبلایا۔ (میری یہ امت امت مرحومہ ہے اس پر آخرت میں عذاب نہیں، اس امت کا عذاب دنیا میں ہے فتنے، زلزلے، قتل آزمائشیں ۔ اور پہلی سند میں عبداللہ بن ضرار ہے، امام ابن معین نے فرمایا اسکی حدیث نہ لکھی جائے ۱۲ المعرب

ﻟ امام نووی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: یہ یعنی ایمان کا کمی اور زیادتی کا قبول کرنا سلف محدثین اور متکلمین کی ایک جماعت کا مذہب ہے، اکثر متکلمین نے ایمان کے کم اور زیادہ ہونے کا انکار کیا ہے اور انہوں نے کہا ہے جب زیادتی کو قبول کرے گا تو پہلی حالت شک اور کفر ہوگی۔ ہمارے محققین ائمہ متکلمین نے کہا ہے کہ نفس تصدیق نہ زیادہ ہوتی ہے اور نہ کم ہوتی ہے۔ اور ایمان شرعی زیادہ ہوتا ہے اور کم ہوتا ہے اپنے ثمرات ونتائج کے زیادہ ہونے سے اور یہ اعمال ہیں اور اس کا نقصان اور کمی مراد ہے۔ اور انہوں نے کہا ہے کہ اس میں اچھی موافقت ہے ان ظاہر نصوص میں جو ایمان کی زیادتی کے بارے میں آئی ہیں اور سلف کے اقوال میں اور لغت میں اسکی اصل وضع میں جس پر متکلمین ہیں۔ انتھی ۱۲

ـ قولہ انجلاء الف اور جیم کے نیچے زیر ہے یعنی روشن وصاف ہونا ۱۲ اغیاث لمصححہ رحمہ اللہ تعالیٰ

﴿صہ ۱۲۸﴾ ﻟ یعنی یقین غیر روشن اور یقین ناقص، یقین روشن اور کامل کے مقابلہ میں کوئی قدر اور مرتبہ نہیں رکھتا، گویا یقین ناقص یقین تام کے مقابلہ میں یقین کے افراد میں سے نہیں ہے بلکہ یقین منحصر ہے یقین روشن اور کامل یقین میں۔ اور اس

Marfat.com

کلام کا مقصد یقین کامل اور ناقص کے مراتب کا بیان ہے ۱۲

ےؔ اور آیت پوری اس طرح ہے : یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا قِیْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِی الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا یَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ وَاِذَا قِیْلَ انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا یَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَالَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ط وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ (سورۃ مجادلہ آیت ۱۱ پارہ اٹھائیس) یعنی اے مسلمانو! جب تمہیں کہا جائے کہ آنے والوں کے لئے جگہ کشادہ کردو مجلس میں تو کشادہ کردیا کرو، اللہ تمہارے لئے کشادگی فرمائے گا، اور جب کہا جائے کہ اٹھ کھڑے ہو تو اٹھ کھڑے ہوا کرو، اللہ تعالیٰ ان کے جو تم میں سے ایمان لے آئے اور جن کو علم دیا گیا درجات بلند فرمائے گا، اور اللہ تعالیٰ جو تم کرتے ہو اس سے خوب آگاہ ہے ۱۲

سؔ امام بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے موقوفاً روایت کیا: لَوْ وزن ایمان ابی بکر بایمان اهل الارض لرجح بهم (اگر ابوبکر کے ایمان کو تمام زمین والوں کے ایمان کے ساتھ تولا جائے تو سب کے ایمان سے وزنی ہوگا) یہ روایت مرفوعاً بھی وارد ہے ۱۲ تشیید المبانی

ےؔ یہ اشارہ ہے بعض امام اعظم کے مخالفوں کے اعتراضات کے تفصیل کی طرف اور ان کے جواب کی طرف، زیادہ تفصیل ملا علی قاری کی شرح فقہ اکبر میں ہے ۱۲

﴿صہ ۱۲۹﴾ اؔ امام نووی نے فرمایا: سلف وغیرہ میں سے علمانے اختلاف کیا ہے انسان کے بولنے میں اس کا کہنا کہ انا مؤمن (میں مومن ہوں) ایک جماعت نے کہا انا مومن نہ کہے اس پر اکتفا کرتے ہوئے بلکہ کہے انا مؤمن انشاء اللہ (میں مومن ہوں اگر اللہ نے چاہا) یہ مذہب بیان کیا ہے ہمارے بعض علمانے ہمارے اکثر متکلمین علما سے، اور دوسرے علما مطلق انا مؤمن کہنے کے جواز کی طرف گئے ہیں اور وہ انشاء اللہ نہ کہے، یہ مختار ہے اور اہل تحقیق کا قول ہے، امام اوزاعی وغیرہ کا مؤقف یہ ہے کہ دونوں صورتیں جائز ہیں، اور مختلف اعتبارات سے سب صحیح ہے، جنہوں نے انا مؤمن کہنے کو مطلق رکھا ہے ان کی حال کی طرف نظر ہے اور ایمان کے احکام جاری ہوتے ہیں فی الحال، اور جس نے انشاء اللہ کہا ان کے نزدیک یہ تبرک کے لئے ہے یا عاقبت اور انجام کے اعتبار سے ہے، اور جو اللہ نے مقدر فرمایا ہے تو وہ نہیں جانتا کہ وہ ایمان پر ثابت رہے گا۔ یا اس سے پھر جائے گا۔ دونوں صورتوں میں اختیار کا قول اچھا اور صحیح ہے۔ دونوں پہلے قولوں کے ماخذ کی طرف نظر کرتے ہوئے اور اختلاف کی حقیقت کو رفع کرتے ہوئے ۱۲

ےؔ اور کرامت کے حق ہونے پر دلیل وہ ہے جو بہت سے صحابہ رضوان اللہ علیہم اور انکے بعد کے لوگوں سے تواتر کے ساتھ ثابت ہے جس کا انکار ممکن نہیں خصوصاً امر مشترک کا، اگرچہ اسکی تفصیلات خبر آحاد ہیں اور اسی طرف شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنے قول: ''واز کثرت وقوع خوارق'' الخ سے اشارہ کیا ہے ۱۲

سؔ ولی کی کرامت کے منکر معتزلہ ہیں، وہ کہتے ہیں اگر اولیاء سے خوارق عادات کا ظہور جائز رکھا جائے تو معجزے کے ساتھ اشتباہ پیدا ہو جائے گا، نبی کا غیر نبی سے امتیاز نہ رہے گا، تو اس کا حضرت شیخ مجدد نے اپنے قول: ''معجزہ نبی مقرون بدعوای نبوت است الخ'' سے جواب دیا ہے ۱۲

ئؔ یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد افضل البشر ابوبکر پھر عمر پھر عثمان پھر علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور تمام صحابہ سے ابیات

ےؔ وللصدیق رجحان جلیّ — علی الاصحاب غیر احتمال
وللفاروق رجحان وفضل — علی عثمان ذی النورین عال
وذوالنورین حقًا کان خیرًا — من الکرار فی صف القتال

Marfat.com

ولِلکرار فضل بعد ھذا علی الاغیار طُرا لاتبال

ترجمہ: صدیق کے لئے (ایمان میں) واضح طور پر وزن ہے تمام صحابہ پر بغیر کسی احتمال کے

اور فاروق کے لئے (ایمان میں) زیادہ وزن اور فضیلت ہے عثمان ذوالنورین پر بلندی ہے

اور ذوالنورین یقیناً افضل ہیں (حیدر) کرار سے جہاد کی صف میں

اور حیدر کرار کے لئے فضیلت ہے اس کے بعد سب غیروں پر قلیل پر نہیں ۱۲ بدءالامالی

۵ یعنی امام اہل سنت شیخ ابوالحسن اشعری شافعی نے فرمایا ہے، کہ حضرت ابوبکر کی فضیلت پھر حضرت عمر کی فضیلت بقیہ تمام امت پر قطعی ہے ظنی نہیں اسی پر اکثر امت ہے، قاضی ابوبکر باقلانی نے کہا کہ وہ ظنی ہے، اس کو اختیار کیا ہے امام الحرمین نے ارشاد میں اور اسی پر جزم کیا ہے صاحب مفہم نے شرح مسلم میں ۱۲ الصواعق المحرقہ

ے قولہ احوط است: کیونکہ استثناء ظاہری طور پر شک پر دلالت کرتا ہے پس اس سے بچنا لازم ہے ۱۲

۶ یعنی امام ذہبی نے فرمایا کہ حضرت علی بن ابی طالب سے ان کی خلافت ومملکت کے زمانہ میں آپ کے متبعین میں سے ایک جم غفیر کے سامنے تواتر کے ساتھ منقول ہے کہ اَنَّ اَبَا بَکْرٍ وَّ عُمَرَ اَفْضَلُ الْاُمَّۃِ (ابوبکر اور عمر تمام امت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیہ سے افضل ہیں پھر ذہبی فرماتے ہیں کہ اس روایت کو اسی ۸۰ سے زیادہ راویوں نے حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے روایت کیا ہے اور ان میں سے ایک جماعت کا نام بھی لیا ہے، پھر اس کے نقل کرنے کے بعد ذہبی کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرقہ رافضیہ کو خوار وذلیل اور رسوا کرے کس قدر نادان اور جاہل ہیں کہ یہ نالائق باوجود شیخین (حضرت ابوبکر اور حضرت عمر) کی فضیلت کے ثبوت کا حضرت علی اقرار کرتے ہیں، اور یہ انکار پر اصرار کرتے ہیں ۱۲

ے یعنی شمس الدین ابوعبداللہ محمد بن احمد ذہبی المتوفی ۷۴۸ھ ۱۲ کشف الظنون

۷ اور وہ جو صواعق محرقہ میں ہے اس نے کہا: اور کہا جاتا ہے اس کو حضرت علی سے روایت کیا اسی سے زائد الخ ۱۲

۸ یعنی امام بخاری علیہ رحمۃ الباری نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ انہوں نے فرمایا کہ نبی علیہ وآلہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد تمام لوگوں میں بہتر ابوبکر ہے پھر ان کے بعد عمر پھر ان کے بعد ایک دوسرا مرد (یعنی عثمان) پس ان کے بیٹے محمد بن حنفیہ نے کہا: پھر تمام لوگوں سے بہتر آپ ہیں؟ اس پر حضرت علی نے فرمایا: کہ میں تو مسلمانوں میں سے ایک فرد ہوں بغیر امتیاز کے، ان کا یہ کہنا نہایت تواضع کی وجہ سے ہے ۱۲

۹ یعنی امام ذہبی وغیرہ نے صحیح سند سے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ مجھے اطلاع ملی ہے کہ بعض لوگ مجھے ان دونوں ابوبکر وعمر پر فضیلت دیتے ہیں آگاہ رہو کہ جو بھی مجھ کو ان پر فضیلت دیتا ہے وہ مفتری (جھوٹا) ہے اور اس کے لئے وہی سزا ہے جو ایک مفتری کی ہوتی ہے ۱۲

۱۰ قولہ واخرج الدارقطنی الخ یعنی دارقطنی نے حضرت علی سے روایت کی ہے کہ میں جس کو پاؤں گا کہ وہ ابوبکر وعمر پر مجھے فضیلت دیتا ہے تو میں اس کو اتنے کوڑے لگاؤں گا جتنے ایک مفتری (تہمت لگانے والے) کو لگنے چاہیں ۱۲

﴿صہ ۱۳۰﴾ ۱ قولہ وَاَمْثَالُ ذٰلِکَ الخ اس قسم کی بہت سی روایتیں خود حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اور آپ کے علاوہ دوسرے صحابہ کرام سے اس کثرت اور تواتر سے آئی ہیں جن میں کسی کو انکار کی مجال نہیں۔ حتی کہ عبدالرزاق جو اکابر شیعہ سے ہے کہتا ہے کہ میں شیخین (ابوبکر وعمر) کو اس لئے فضیلت دیتا ہوں کہ خود حضرت علی نے اپنے اوپر ان کو فضیلت دی ہے ورنہ میں ان (شیخین) کو کبھی فضیلت نہ دیتا، میرے نزدیک یہ گناہ ہے کہ میں ان (حضرت علی) سے محبت کا دعویٰ کروں اور ان (کے قول) کی مخالفت کروں ۱۲

Marfat.com

ع قولہ قرطبی گفتہ الخ وہ شیخ محقق شمس الدین بن محمد بن احمد بن فرح انصاری اندلسی ہیں متوفی ۶۷۱ھ ۱۲

ب یعنی الصواعق المحرقۃ فی الرد علی اھل البدع والزندقہ یہ کتاب امام علامہ فقیہ محدث شہاب الدین احمد بن حجر ہیثمی مکی رحمہ اللہ تعالیٰ کی تالیف ہے ۱۲

س علامہ تفتازانی نے کہا: اور سلف حضرت عثمان کو فضیلت دینے میں توقف کرتے تھے اس حیثیت سے کہ انہوں نے اہل سنت و جماعت کی علامات میں تفضیل شیخین اور ختنین (دونوں دامادوں) کی محبت کو قرار دیا ہے ۱۲ شرح عقائد

ع یعنی امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی طرف سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی فضیلت میں توقف کیسے متصور ہوسکتا ہے حالانکہ امام اعظم کے مقلدین علماء امام اعظم کے مذہب کو سب سے زیادہ جانتے ہیں ان کی کتابیں اس مضمون سے بھری ہوئی ہیں کہ خلفائے راشدین کی فضیلت ان کی خلافت کی ترتیب پر ہے ۱۲

ھ میرے اصحاب کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرو، اللہ تعالیٰ سے ڈرو، میرے بعد ان کو نشانہء (ملامت) نہ بنانا، جس شخص نے ان کو دوست رکھا اس نے گویا میری محبت کے باعث ان کو دوست رکھا، اور جس شخص نے ان سے بغض رکھا اس نے گویا میری دشمنی کی وجہ سے ان سے بغض رکھا، اور جس نے ان کو ایذا دی اس نے گویا مجھ کو ایذا دی، اور جس نے مجھ کو ایذا دی اس نے گویا اللہ تعالیٰ کو ایذا دی (یعنی اللہ تعالیٰ کو ناراض کیا) اور جس نے اللہ تعالیٰ کو ایذا دی قریب ہے کہ وہ (اللہ تعالیٰ) اس سے مواخذہ کرے یعنی عذاب دے۔ اس حدیث کی عبارت میں دراصل اللہ اللہ فی اصحابی کے الفاظ تین بار ہیں مبالغہ اور تاکید کے لئے، اس کو ترمذی نے روایت کیا ہے اور کہا ہے یہ حدیث غریب ہے ۱۲ مشکوٰۃ باب مناقب الصحابۃ

ل بے شک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کو ایذا دیتے ہیں ان پر دنیا اور آخرت میں اللہ کی لعنت ہے اور اس نے تیار کر رکھا ہے ان کے لئے رسوا کن عذاب ۱۲ آیت ۵۷ سورۃ احزاب پارہ بائیس

ب یعنی مسعود بن عمر تفتازانی متوفی ۷۹۱ھ ۱۲ کشف الظنون

﴿صہ ۱۳۱﴾ ل جیسا کہ انہوں نے کہا ہے: اور انصاف یہ ہے کہ اگر فضیلت سے کثرت ثواب کا ارادہ کیا جائے تو توقف کی وجہ ہے اور اگر ارادہ کیا جائے اس چیز کی کثرت کا جس کو اہل عقل شمار کرتے ہیں تو نہیں ۱۲ شرح عقائد

ع قولہ لفظ فضل: جان لو کہ فضل فا کی زبر سے، اس کا معنی ہے افزونی، زیادتی، بخشش، اور غلبہ کرنا کسی پر فضیلت میں، پس شاید کہ برابر جانا ہے انہوں نے لفظ کے راستہ کو، فضل پہلے معنی میں اس خطرناک محل میں ڈالتا ہے، اور فضل کو فضولی سے جانا ہے، جان لو کہ یہ لفظ حضرت شیخ قدس سرہ کی طرف سے خوش طبعی اور مزاح کے طور پر ہے ۱۲

س جان تو کہ لفظ فضول پہلے دونوں حرفوں پر پیش سے ہے، بمعنی افزونیاں اور زیادتیاں ہے یہ فضل کی جمع ہے، اور فضول اس کو کہتے ہیں جو غیر ضروری کام اور بے کار باتیں کرے نیز فضول مصدر ہے یعنی افزونی اور فضول فا پر زبر اور ض پر پیش بمعنی زیادہ گو، وہ شخص جو غیر ضروری کاموں میں وقت ضائع کرے ۱۲

ع یعنی چاروں خلفاء کی مقررہ ترتیب کی علت اور سبب ان کی عمروں کی مدت ہے یعنی جب اللہ عزوجل کے نزدیک حضرت ابوبکر کی مقررہ اجل حضرت عمر کی اجل سے پہلے تھی لہذا حضرت ابوبکر کی خلافت حضرت عمر سے پہلے مقرر ہوگئی اسی طرح حضرت عمر اور حضرت عثمان کو قیاس کرلو اور ایسے ہی حضرت عثمان اور حضرت علی کی خلافت کی ترتیب کو سمجھ لو۔ رضوان اللہ علیہم اجمعین ۱۲

ب یعنی ظاہر شریعت کے مخالف باتیں کہنا، اور خلاف شرع کلمات زبان پر لانا اور ایسے کلمات جو مستی اور ذوق کے وقت بے اختیار صادر ہوتے ہیں ۱۲

ھ یعنی علامہ تفتازانی حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی افراط محبت کے باوجود فرماتے ہیں: اور جو لڑائی جھگڑے ان کے درمیان

Marfat.com

واقع ہوئے ہیں وہ خلافت کے بارہ میں نزاع کے باعث نہ تھے بلکہ اجتہاد میں خطا کے سبب سے تھے......اور اس (شرح عقائد) کے حاشیہ خیالی میں ہے کہ حضرت معاویہ اور ان کے لشکر نے (حضرت علی) کی اطاعت سے بغاوت کی۔اور ساتھ ہی اس امر کا اعتراف بھی کیا کہ وہ (حضرت علی) تمام اہل زمانہ سے افضل ہیں۔اور وہ امامت کے ان سے زیادہ حقدار ہیں، ایک شبہ کی وجہ سے کہ حضرت علی کا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے قاتلوں سے قصاص نہ لینا تھا......اور حاشیہ قرۃ کمال الدین اسماعیل میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ "ہمارے جن بھائیوں نے ہمارے خلاف بغاوت کی وہ فاسق و کافر نہیں ہیں کیونکہ ان کے لئے تاویل ہے ۱۲

﴿ص ۱۳۲﴾ یعنی مولانا کمال الدین اسماعیل فرمانی المعروف قرۃ کمال ۱۲ کشف

۱ حدیث الصلوٰۃ عماد الدین فمن اقامھا فقد اقام الدین ومن ترکھا فقد ھدم الدین (نماز دین کا ستون ہے پس جس نے اس کو قائم کیا تو اس نے دین کو قائم کیا اور جس نے اس (نماز) کو چھوڑ دیا تو اس نے دین کو گرا دیا) اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا، یہ بات علامہ عراقی نے احیاء العلوم کی تخریج میں کہی ہے ۱۲ تشید

۲ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: اسبغو االوضوء (وضو کو کامل کرو) اس کو مسلم نے روایت کیا، یعنی وضو کو تمام اور کامل کرو اس طرح کہ وضو میں دھوئے جانے والے اعضا میں سے کوئی خشک نہ رہے......دوسری حدیث میں آیا ہے کہ اگر ناخن کے سرے کی مقدار کوئی جگہ خشک رہ جائے تو وضو درست نہیں ہوگا۔اچھی طرح جان لو کہ اسباغ (کامل طور پر دھونا) اس معنی میں فرض ہے، لیکن اسباغ بمعنی دوبار دھونا یا تین بار دھونا مستحب و سنت ہے ۱۲

۳ یعنی پورے سر کا مسح کرے، سر کے کچھ حصے کے مسح پر اکتفا نہ کرے کیونکہ بعض مجتہدین پورے سر کے مسح کے فرض ہونے کے قائل ہیں ۱۲

۴ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسبغ الوضوء وخلل بین الاصابع، (یعنی وضو کامل کرو اور انگلیوں کے درمیان (خلال کرو) ایضاً اذا توضأت فخلل اصابع یدیك و رجلیك (یہ بھی فرمایا: جب تو وضو کرے تو اپنے دونوں ہاتھوں اور دونوں پاؤں کی انگلیوں کا خلال کر) اس کو ترمذی وغیرہ نے روایت کیا ہے......شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے فرمایا ہے کہ پاؤں کی انگلیوں کے خلال کی کیفیت یہ ہے کہ بائیں ہاتھ کی چھنگلی سے دائیں پاؤں کی چھنگلی سے ابتداء کرے اور بائیں پاؤں کی چھنگلی پر ختم کرے، ہاتھوں کی انگلیوں کا خلال کرنا اس طرح کہ ایک ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں داخل کرنا ۱۲ (اشعۃ اللمعات باب سنن الوضو)

۵ مستورد بن شداد رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ جب آپ وضو کرتے تو اپنے پاؤں کی انگلیوں کو اپنی چھنگلی سے ملتے اس کو ترمذی نے روایت کیا۔شیخ (عبدالحق نے کہا کہ بعض کہتے ہیں یہاں دلک خلال کرنے کے معنی میں ہے ۱۲ (اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ باب سنن الوضو)

﴿صہ ۱۳۳﴾ ۱ کامل وضو کے بعد یعنی نجاست حقیقیہ غلیظہ، خفیفہ، حکمیہ، صغریٰ اور کبریٰ سے پاک ہوکر نماز کا ارادہ کرنا چاہیے ۱۲

۲ یعنی اول وقت میں سوائے موسم گرما میں ظہر، (ٹھنڈا کرکے) موسم سرما میں عشاء (دیر سے) اور فجر صبح صادق کے روشن ہونے کے وقت ۱۲

۳ قولہ قدر مسنون یعنی فجر اور ظہر میں چالیس یا پچاس آیتیں اور عصر و عشاء میں اوساط مفصل سورہ بروج سے سورہ لم یکن تک) اور مغرب میں قصار مفصل (سورۃ زلزال سے سورۃ ناس تک) پڑھے۔امام عبدالرزاق نے اپنی مصنف میں روایت کیا کہ ہمیں سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ نے خبر دی علی بن زید بن جدعان سے انہوں نے حسن وغیرہ سے انہوں کے کہا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو خط لکھا کہ نماز مغرب میں قصار مفصل پڑھیں

Marfat.com

اور عشاء میں اوساط مفصل اور صبح میں طوال مفصل (سورۃ حجرات سے سورۃ بروج تک) اور مسلم شریف کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز ظہر کی پہلی دونوں رکعتوں میں قرأت کرتے، ہر رکعت میں تیس آیتوں کی مقدار۱۲ فتح القدیر

۴ طمانینت: بغیر نقطہ طا پر پیش ہے، اور پہلے نون کے نیچے زیر ہے اور یا معروف ہے اور دوسرے نون پر زبر ہے، اس کے معنی سکون قلب کے ہیں۔ اور جو لوگ طا پر زبر اور ایک نون یعنی پہلے نون کو پڑھتے ہیں اور دوسرے نون کو ترک کرتے ہیں، یہ خطا ہے، مگر صراح سے ایک نون کا حذف ظاہر ہوتا ہے۱۲ غیاث

۵ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اذا صلی احدکم للناس فلیخفف فان فیھم السقیم والضعیف والکبیر واذا صلی احدکم لنفسه فلیطول ما شاء...... متفق علیہ یعنی تم میں سے کوئی شخص لوگوں کو نماز پڑھائے (امامت کرے) تو ہلکی نماز پڑھے کہ بے شک ان میں بیمار، کمزور اور زیادہ عمر والے بھی ہوتے ہیں...... اور جب اکیلا نماز پڑھے تو جس قدر چاہے نماز لمبی کرے۱۲ (مشکوٰۃ باب ما علی الامام)

ـ ضم ضاد پر زبر اور میم پر شد بمعنی ملنا، ملانا ایک چیز کا دوسری چیز میں۱۲

۶ قولہ فوائد در ضمن آن الخ اشارہ سے جان لو کہ احکام شرعیہ حکمتوں اور مصلحتوں پر مبنی ہیں جو بندوں کی طرف لوٹنے والی ہیں، لیکن ان کا جاننا اور اپنا مطمع نظر بنانا ضروری نہیں ہے بلکہ صاحب شریعت کی متابعت کی نیت سے عمل میں لائے۱۲

﴿صہ۱۳۴﴾ ـ یعنی اعمال کے لئے جیسا کہ وہ مناسب ہے اور اسی طرح ہے عربی نسخہ میں۱۲

ـ قولہ تشکیک کسی کو شک میں ڈالنا، قولہ مشکک، تشکیک مصدر سے اسم فاعل ہے یعنی شک میں ڈالنے والا۱۲

ـ پائے استدلالیان چوبیں بود — پائے چوبیں سخت بے تمکین بود
گر باستدلال کارے دین بدے — فخر رازی راز دار دین بدے

ترجمہ: عقل کی دلیلیں لانے والوں کے پاؤں لکڑی کے ہوتے ہیں — لکڑی کے پاؤں بہت کمزور ہوتے ہیں
اگر عقل کی دلیلوں پر دین کا کام ہوتا تو — فخر الدین رازی صرف دین کے راز دار ہوتے۱۲

ـ رعد آیت ۲۸ یعنی خبردار کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر ہی سے دلوں کو اطمینان حاصل ہوتا ہے۱۲

لـ جیسا کہ اصل کام کی حقیقت پر نہ پہنچنے والے خیال کرتے ہیں اور اس کو کمال جانتے ہیں۱۲

ـلـ یعنی طریقت کے سلوک سے غیبی صورتوں اور اشکال وانوار اور رنگوں کے معائنہ کو مقصود بنانا اصلی مقصود اور حقیقۃ الامر کے مقابلہ میں لہو ولعب میں داخل ہے اور بے سود ہے۱۲

۲ اور اس (سماع ورقص) کے دروازے کو نہیں کھولتے بلکہ خرابی کے ذریعے اور وسیلے کے دروازے کو بند رکھتے ہیں اور اس کے ثمرات وفوائد کو اپنا مطمع نظر نہیں فرماتے۱۲

۳ جان لو کہ ذکر جہر مخصوص مقاصد اور معین مواقع میں واقعہ ہوا ہے چنانچہ اذان، خطبہ، جمعہ، حج، تکبیرات تشریق اور ادبار صلوٰۃ، سرحدوں، سفروں، خندق کھودنے، اور مسجد نبوی کے لئے پتھر وغیرہ اٹھانے کے بہت سے مقامات میں، لیکن ان مواقع کی خصوصیت کے احتمال سے وارد ہوا ہے پس جس نے علت اور معنی کی جانب نظر کی اس نے علی العموم اجازت دی اور وہ جس نے خصوصیت پر نظر کی اس نے (ذکر جہر کے) وارد ہونے کے مقامات تک محدود رکھا، اور یہ بھی احتمال ہے کہ شیخ قدس سرہ کی مراد ذکر جہر مفرط سے منع کرنا مراد ہو نہ کہ ذکر جہر مطلق سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: ایھا الناس اربعوا علی انفسکم انکم لا تدعون اصم ولا غائبا وقال تعالیٰ: وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّ خِيْفَةً وَّ دُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ (آیت ۲۰۵ اعراف) اے لوگو! اپنی جانوں پر نرمی کرو تم کسی بہرے اور غائب کو نہیں پکار رہے ہو...... اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اور

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی جوتھا حصہ

Marfat.com

اپنے رب کو اپنے دل میں یاد کرو، زاری اور ڈر سے اور بے آواز نکلے زبان سے ۱۲ المصحح رحمہ اللہ تعالیٰ

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ "صحیح" میں رقم طراز ہیں: " حدثنا محمّد بن حاتم بن بزیع ثنا شاذان ثنا عبد العزیز بن أبی سلمۃ الماجشون عن عبید اللّٰہ عن نافع عن ابن عمر رضی اللّٰہ عنہ قال: کنّا فی زمن النّبی ﷺ لا نعدل بابی بکر احدًا ثم عمر ثم عثمان ثم نترک أصحاب النبی ﷺ لا نفاضل بینہم " ۸۸۴ـ

اور بعد ازاں فرمایا: " تابعہ عبد اللّٰہ بن صالح عن عبد العزیز " ۸۸۵ـ

راقم الحروف کہتا ہے کہ اسے "عبدالعزیز" سے "اسود بن عامر" نے بھی روایت کیا۔ چنانچہ امام ابوداؤد نے "سنن" میں فرمایا: " حدثنا عثمان بن أبی شیبۃ ثنا اسود بن عامر ثنا عبد العزیز بن أبی سلمۃ عن عبید اللّٰہ عن نافع عن ابن عمر رضی اللّٰہ عنہ قال کنّا نقول فی زمن النّبی ﷺ لا نعدل بأبی بکر احدًا ثم عمر ثم عثمان ثم نترک اصحاب النّبی ﷺ لا نفاضل بینہم " ۸۸۶ـ (یہ حدیث صحیح ہے)

(۱۵۳) قال: کنّا نقول ورسول اللّٰہ ﷺ حیّی افضل امّۃ النّبی ﷺ بعدہ ابو بکر ثم عمر ثم عثمان رضی اللّٰہ عنہم"

(دفتر اوّل مکتوب ۲۵۱)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے امام أبو داؤد علیہ الرحمۃ کے حوالہ سے ذکر کیا البتہ سیاق و سباق سے واضح ہوتا ہے کہ آپ نے اسے "مشکوٰۃ المصابیح" سے نقل کیا ہے۔

علامہ خطیب تبریزی رحمۃ اللہ علیہ نے "مشکوٰۃ المصابیح" میں حضرت ابن عمر ﷺ سے مرفوعاً بلفظہ ذکر کیا اور فرمایا: "رواہ أبو داؤد" ۸۸۷ـ

امام أبو داؤد "سنن" میں رقم طراز ہیں: " حدثنا احمد بن صالح ثنا عنبسۃ ثنا یونس عن ابن شہاب قال قال سالم بن عبد اللّٰہ ان ابن عمر قال: کنّا نقول ورسول اللّٰہ حیّی افضل أمۃ النّبی ﷺ بعدہٗ أبو بکر ثم عمر ثم عثمان رضی اللّٰہ عنہم " ۸۸۸ـ

راقم الحروف کہتا ہے کہ اسے حضرت ابن عمرؓ سے حضرت نافعؒ نے بھی روایت کیا۔ جیسا کہ امام ترمذی علیہ الرحمۃ "جامع" میں فرماتے ہیں:

۸۸۲ـ سہ صدی مکتوب حصہ اوّل، صفحہ ۱۴۵، مکتوب پنجاہ و دوم (۵۲) در گفت و رفت
۸۸۳ـ مشکوۃ المصابیح، صفحہ ۵۵۵، کتاب المناقب، باب مناقب أبی بکر رضی اللّٰہ عنہ، فصل اوّل
۸۸۴ـ صحیح البخاری، جلد اوّل، صفحہ ۵۲۳، کتاب المناقب، باب مناقب عثمان بن عفان رضی اللّٰہ عنہ
۸۸۵ـ ایضاً ....
۸۸۶ـ سُنن أبی داؤد، جلد ۲، صفحہ ۲۸۰، کتاب السنّۃ، باب فی التفضیل
۸۸۷ـ مشکوۃالمصابیح، صفحہ ۵۵۵، کتاب المناقب، بیان: مناقب أبی بکر رضی اللّٰہ عنہ، فصل اوّل
۸۸۸ـ سنن أبی داؤد، جلد ۲، صفحہ ۲۸۰، کتاب السنۃ، باب فی التفضیل

Marfat.com

"حدثنا احمد بن ابراهيم الدورقي نا العلاء بن عبد الجبار العطار نا الحارث بن عمير عن عبيد الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر قال: كنّا نقول ورسول الله حيّ أبو بكر و عمر و عثمان" ۸۸۹۔

بعدازاں فرمایا:" هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ من هذا الوجه يستغرب من حديث عبيد الله بن عمر و قدروى هذا الحديث من غير وجهٍ عن ابن عمر رضى الله عنه" ۸۹۰۔

امام بغویؒ نے ''مصابیح السنۃ'' میں بلفظہ احادیثِ حسان کے تحت ذکر کیا۔۸۹۱ مگر اسے صحیح قرار دیا ۸۹۲ (یہ حدیث صحیح ہے)

(۱۵۴) رسول الله ﷺ فرموده:" انّ الله اختارني واختارلي أصحابًا واختارلي منهم اصهارًا وانصارًا فمن حفظني فيهم حفظه الله ومن اذاني فيهم اذاه الله" (دفتر اوّل مکتوب ۲۵۱)

اسے علامہ خطیب بغدادی نے ''تاریخ بغداد'' میں حضرت انس رضی اللہ عنہ بن مالک سے مرفوعًا بلفظہ روایت کیا، چنانچہ فرمایا:" أخبرنا أبو عبد الله أحمد بن محمد بن علي بن عثمان الأغاطي قال نبأنا أبو بكر محمد بن عبد الله بن ابرهيم الشافعي املاء قال نبأنا احمد بن زنجوية القطان قال نبأنا محمد بن بشير الكندى الدّعا قال نبأنا قران بن تمام عن أبي طاهر مولى الحسن بن علي عن انس بن مالك رضى الله عنه عن النّبى ﷺ قال: ان الله اختارني واختارلي أصحابًا واختارلي منهم اصهارًا وأنصارًا فمن حفظني فيهم حفظه الله ومن اذاني فيهم اذاه الله عزّوجلّ" ۸۹۳۔

البتہ اس سند میں مذکور راوی ''محمد بن بشیر کندی'' کی ثقاہت کے بارے محدثین کا اختلاف ہے۔ جیسا کہ علامہ خطیب بغدادی نے فرمایا:" قال أبو الحسن الدّارقطني: محمد بن بشير الكندى الدّعا ليس بالقوى في حديثه، ويحيى بن معين يقول: محمد بن بشير القاضي ليس بثقةٍ۔ وعبد الله بن محمد قال: محمد بن بشير صدوق۔ ۸۹۴۔

لیکن اس حدیث کو محمد بن بشیر کندی کے علاوہ دوسروں نے بھی روایت کیا جیسا کہ خود خطیب بغدادی رقمطراز ہیں:" رواه غيره عن قران عن أبي عياض مولى الحسن بن علي عن انس" ۸۹۵۔

پھر علامہ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ''الجامع لاخلاق الراوى و آداب السامع'' میں اس حدیث کا شطر اوّل، حضرت سالم رضی اللہ عنہ کے طریق سے بمعمولی اختلاف متن روایت کیا۔

چنانچہ فرمایا:" أنا أبو عمر عبد الواحد بن محمد بن عبد الله بن مهدى البزّار نا القاضي أبو عبد الله الحسين بن اسمٰعيل المحاملي املاءً نا احمد بن اسمٰعيل السّهمي قال حدثني محمد بن طلحة التميمي نا عبد الرحمٰن بن سالم عن أبيه عن جدّه قال قال رسول الله ﷺ: انّ الله اختارني واختارلي أصحابًا فجعل لي

۸۸۹۔ جامع ترمذی، جلد ۲، صفحه ۲۱۱، ۲۱۲، کتاب المناقب، بیان مناقب عثمان رضی الله عنه
۸۹۰۔ أيضا حواله ۸۸۹۔
۸۹۱۔ مصابيح السّنة، جلد ۴، كتاب المناقب، باب (مناقب هؤلاء الثلاثه) حديث ۴۷۶۱
۸۹۲۔ أيضا باب مناقب ابى بكر رضى الله عنه، حديث ۴۷۱۵
۸۹۳۔ تاريخ بغداد، جلد ۲، صفحه ۹۹، حرف الباء، ذكر ۴۹۵ (محمد بن بشير الدّعا)
۸۹۴ ايضا
۸۹۵۔ ايضا

Marfat.com

منهم وزراء وأنصارًا وأصهارًا ۔فمن سبَّهم فعليه لعنت اللّٰه والملٰئكة والنّاس اجمعين لا يقبل اللّٰه منهم يوم القيامة صرفًا ولا عدلًا " ۸۹۶ ۔

اورامام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی جامع میں (حدیث بلفظ مجدد کے) شطرِ ثانی کا معنٰی حضرت عبداللہ بن مغفل ؓ سے مرفوعاً بیان کیا۔

چنانچہ آپ رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:" حدثنا محمد بن یحیی نا یعقوب بن ابرهیم بن سعد نا عبیدة بن أبی رابطة عن عبد الرّحمن بن زیاد عن عبد اللّٰه بن مغفل رضی اللّٰه عنه قال قال رسول اللّٰه ﷺ : اللّٰه اللّٰه فی أصحابی لا تتّخذوهم غرضًا بعدی ۔ فمن احبّهم فبحبّی احبّهم ومن أبغضهم فببغضی أبغضهم ومن اٰذاهم فقد اٰذانی ومن اٰذانی فقد اٰذی اللّٰه ومن اٰذی اللّٰه یوشك أن یأخذه " ۸۹۷ ۔

بعدازاں امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:" هذا حدیث غریبٌ لا نعرفه الّا من هذاالوجه " ۸۹۸ ۔

لیکن علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث ترمذی کو حسن قرار دیا۔۸۹۹

راقم الحروف کہتا ہے کہ علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے "الصواعق المحرقۃ" میں حدیث زیرِ تحقیق خطیب کے حوالہ سے بلفظ (استدلالاً) بیان کی۔۹۰۰ اور سیاق وسباق سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے بھی اسے "الصواعق المحرقۃ" سے نقل کیا ہے۔(یہ حدیث حسن ہے)

(۱۵۵) رسول فرمودہ علیه وعلی اٰله الصلوة والسّلام : " من سبّ أصحابی فعلیه لعنة اللّٰه والملٰئكة والنّاس أجمعین "

(دفتر اوّل مکتوب ۲۵۱)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے تصریح کی کہ اسے امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابن عباس ؓ سے روایت کیا۔ راقم الحروف کہتا ہے کہ اسے امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے" المعجم الکبیر" میں بیان کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں کہ:" حدثنی عیسی بن القاسم الصیدلانی البغدادی ثنا الحسن بن قذعة ثنا عبد اللّٰه بن خراش عن العوام بن حوشب عن عبد اللّٰه بن أبی الهذیل عن ابن عباس ؓ قال قال رسول اللّٰه ﷺ : من سبّ أصحابی فعلیه لعنة اللّٰه والملٰئكة والنّاس أجمعین " ۹۰۱ ۔

لیکن یہ اسناد بسبب راوی "عبداللہ بن خراش" "ضعیف ہیں"۹۰۲

علامہ خطیب بغدادیؒ نے تاریخ بغداد میں حضرت انس ؓ سے مرفوعاً بزیادہ (لا یقبل اللّٰه منه صرفًا وعدلًا) روایت کیا۔ چنانچہ آپ رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ:" أخبرنی یحیی بن الحسن الدّوسی حدثنا أبو غانم محمد بن یوسف بن یعقوب بن اسحق بن الهلول التنوخی بالانبار ۔ حدثنا أبی حدثنا جدّی حدثنا علی بن یزید الصدائی عن أبی شیبة الجوهری عن انس بن مالك رضی اللّٰه عنه قال قال رسول اللّٰه ﷺ : من سبّ أصحابی فعلیه لعنة اللّٰه والملٰئكة والنّاس أجمعین لا یقبل اللّٰه منه صرفًا ولا عدلًا " ۹۰۳ ۔

۸۹۶۔ الجامع لاخلاق الرّاوی و آداب السّامع ، جلد ۲ ، صفحه ۱۱۸ ، حدیث ۱۳۵۲ ، الجزء السابع ۷ من الکتاب ، بیان : املا فضائل الصحابة ومناقبهم والنّشر لماسن أعمالهم وسوابقهم

۸۹۷۔ جامع ترمذی ، جلد ۲ ، صفحه ۲۲۵ ، أبواب المناقب ، باب ما جاء فی فضل من بایع تحت الشجرة .

۸۹۸۔ أیضا ....

۸۹۹۔ الجامع الصّغیر ، جلد اوّل صفحه ۵۴ ، حرف الألف

۹۰۰۔ الصواعق المحرقة ، صفحه ۴ . " المقدمة الأولی

۹۰۱۔ المعجم الکبیر ، جلد ۱۲ ، صفحه ۱۴۲ ، بیان : عبد اللّٰه بن أبی الهذیل عن ابن عباس رضی اللّٰه عنه ، حدیث ۱۲۷۰۹ .

۹۰۲۔ مجمع الزّوائد ، جزء ۱۰ ، صفحه ۲۱ ، کتاب المناقب . باب اثم من سبّ الصحابة

Marfat.com

امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے اسی روایت انس ﷺ کو ''میزان الاعتدال'' میں ذکر کیا، چنانچہ آپ رحمۃ اللہ علیہ قمطراز ہیں: ''اسحق بن بھلول: حدثنا علی بن یزید الصدائی حدثنا أبو شیبۃ الجوھری عن انس رضی اللہ عنہ مرفوعًا: من سبّ أصحابی فعلیہ لعنۃ اللہ والملئکۃ والنّاس اجمعین ولا یقبل منہ صرفٌ ولا عدلٌ'' ۹۰۴۔

بعد ازاں امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: ''علی بن یزید الصدائی أبو الحسن صاحب الأکفان حدث ببغداد عن الأعمش ومالک بن مغول وعنہ ابن عرفۃ وسلیمان بن یزید واسحق بن بھلول وقال أبو حاتم: منکر الحدیث عن الثقات۔ وقال ابن عدی: احادیثہٗ لا تشبھہ احادیث الثقات اما أن یاتی باسنادٍ لا یتابع علیہ أو بمتنٍ عن الثقات منکر'' ۹۰۵۔

امام ابن أبی شیبۃ رحمۃ اللہ علیہ نے ''مصنف'' میں حضرت عطاء رحمۃ اللہ علیہ سے مرسلاً باختصار روایت کیا، چنانچہ فرمایا: ''حدثنا أبو معاویۃ عن محمد بن خالد عن عطاء قال: قال رسول اللہ ﷺ: من سبّ أصحابی فعلیہ لعنۃ اللہ'' ۹۰۶۔

البتہ علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے طبرانی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالہ سے بلفظ مجدد ذکر کیا اور اسے حدیث حسن قرار دیا۔۹۰۷

(یہ حدیث حسن ہے)

(۱۵۶) رسول فرمودہ علیہ وعلی الہ الصلوۃ والسّلام: ''ان شرار امتی أجرء ھم علی اصحابی'' (دفتر اول مکتوب ۲۵۱)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے تصریح کی کہ اسے ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت امّ المؤمنین سیدہ عائشۃ الصدیقہ رضی اللہ عنہا سے مرفوعاً روایت کیا۔ البتہ راقم کے خیال میں آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اسے علامہ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب ''الصواعق المحرقہ'' سے نقل کیا۔۹۰۸

علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے بلفظہٖ ذکر کیا اور تصریح کی کہ اسے ابن عدی نے حضرت عائشۃ رضی اللہ عنہا سے مرفوعاً روایت کیا۔ لیکن ابن عدی نے ''الکامل فی ضعفاء الرجال'' میں بلفظ: (ان اشرار أمتی اجرؤھم علی صحابتی) ذکر کیا۔ چنانچہ فرمایا: ''حدثنا محمد بن احمد بن خالد البورانی و ابرھیم بن عبد العزیز بن حبان قالا: حدثنا محمد ابن الخطاب حدثنا عبد اللّٰہ بن الولید ثنا أبو بکر بن أبی بسرۃ عن ھشام بن عروۃ عن أبیہ عن عائشۃ رضی اللہ عنھا قالت سمعت رسول اللہ ﷺ: انّ اشرار امّتی أجرء ھم علی صحابتی'' ۹۰۹۔

لیکن علامہ سیوطی نے ''الجامع الصغیر'' میں ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالہ سے بلفظہٖ: (انّ شرار امتی اجرء ھم علی صحابتی) ذکر کیا اور اسے حدیث ضعیف قرار دیا۔۹۱۰

امام أبو نعیم رحمۃ اللہ علیہ نے ''حلیۃ الاولیاء'' میں حضرت عائشۃ رضی اللہ عنہا سے مرفوعاً بلفظ: (شرار امتی أجرء ھم علی صحابتی) روایت کیا چنانچہ آپ فرماتے ہیں: ''حدثنا محمد بن عمر بن سالم قال ثنا ابرھیم بن الھیثم قال ثنا محمد بن خطاب الموصل

۹۰۳۔ تاریخ بغداد، جلد ۱۴، صفحہ ۲۴۱، بیان ۷۵۵۷: (یحیی بن الحسن الذوسی)

۹۰۴۔ میزان الاعتدال، جلد ۳، صفحہ ۱۲۲، بیان ۵۹۶۷ (علی بن یزید الصدائی)

۹۰۵۔ ایضا حوالہ سابق ۹۰۴

۹۰۶۔ مصنف ابن ابی شیبہ، جلد ۱۲، صفحہ ۱۷۹، کتاب الفضائل، بیان ۲۱۰۰ (ما ذکر فی الکف عن أصحاب النبی ﷺ) حدیث ۱۲۴۶۵

۹۰۷۔ الجامع الصغیر، جلد ۲، صفحہ ۱۷۲، حرف المیم

۹۰۸۔ الصواعق المحرقہ، صفحہ ۵، المقدمۃ الاولی

۹۰۹۔ الکامل فی ضعفاء الرجال، جلد ۷، صفحہ ۲۷۵۲، بیان ابو بکر بن عبد اللہ بن محمد بن ابی بسرۃ مدینی مفتی المدینۃ

۹۱۰۔ الجامع الصغیر، جلد اول، صفحہ ۹۰، حرف الألف

Marfat.com

قال ثنا عبد الله بن الوليد المعدني قال ثنا أبو بكر بن أبي بُسرة عن هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة رضي الله عنها قالت قال رسول الله ﷺ شرار امتى أجرء هم على صحابتى " ۹۱۱ ۔

بعدازاں امام ابونعیم نے فرمایا: "غريبٌ من حديث عروة و هشام تفرّد به أبوبكر بن أبي بسرة مدانی صاحب غرائب " ۹۱۲ ۔

(یہ حدیث ضعیف ہے)

(۱۵۷) " اللّٰهُم علمه الكتاب والحساب وقه العذاب"

(دفتر اوّل مکتوب ۲۵۱)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے تصریح کی کہ حضور اکرم ﷺ نے یہ دعا حضرت امیر معاویہ ؓ کے لئے کی۔اسے علامہ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے "تلخیص المتشابہ" میں حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے مرسلاً بلفظہ روایت کیا۔چنانچہ آپ رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "أخبرني أبو الحسين احمد بن محمد بن احمد بن يعقوب الكاتب أنا جدّي لِأبِي أبو بكر محمد بن عبد الله بن الفضل بن قفرجل الكيال نا محمد بن سعيد بن حماد أنا أبو عبد الله محمد بن حمدان ثنا بشر بن بشار نا داؤد المحبرنا الحسن بن أبي جعفر العتكي عن ليث عن مجاهد أنّ النبي ﷺ قال لمعاوية رضي الله عنه: اللّٰهم علّمه الكتاب والحساب وقه العذاب "۹۱۳ ۔

اور ابن عرفہ عبدی رحمۃ اللہ علیہ نے " جزء ابن عرفه " میں حضرت حارث بن زیاد ؓ سے مرفوعاً بلفظہ روایت کیا۔چنانچہ فرمایا: "حدثنا قتيبة بن سعيد البلخي عن ليث بن سعد عن معاوية بن صالح عن يونس بن سيف عن الحارث بن زياد صاحب رسول الله ﷺ انّ رسول الله ﷺ دعا لمعاوية فقال: اللّٰهمَّ علّمه الكتاب والحساب وقه العذاب " ۹۱۴ ۔

ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے (بطریق معاویہ بن صالح) حضرت عرباض بن ساریہ ؓ سے روایت کیا۔چنانچہ فرمایا: "نا ابن الحصين قال أخبرنا ابن المذهب قال نا عبد الله بن احمد قال حدثني أبي قال نا عبد الرّحمن بن مهدي وانا علي بن عبيد الله قال نا علي بن احمد البزّار قال انبأنا عبيد الله بن محمد ابن بطة قال حدثنا أبو القاسم عبد الله بن محمد بن عبد العزيز قال حدثني سويد ابن سعيد قال ابن بطة وأخبرنا رضوان بن احمد الصّيدلاني قال نا محمد بن عبد الملك الدّقيقي قال حَدَّثَنِيْ هارون بن معروف قال نا بشر بن السدي كلاهما عن معاوية بن صالح عن يونس بن سيف عن الحارث بن زياد عن أبي رهم السّماعي عن العرباض بن سارية رضي الله عنه أنّ النبي ﷺ قال لمعاوية رضي الله عنه: اللّٰهم علّمه الكتاب والحساب وقه العذاب " ۹۱۵ ۔

بعدازاں ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ اس میں ایک راوی معاویہ بن صالح ہے کہ جس کے بارے رازی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: " لا

---

۹۱۱ ۔ حلية الاولياء ،جزء ۲ ، صفحه ۱۸۳ ،باب: عروة بن زبير

۹۱۲ ۔ أيضا ....

۹۱۳ ۔ الخطيب البغدادي ، احمد بن علي بن ثاب ، أبو بكر . (۳۹۲ھ۔۴۶۳ھ) ، تلخيص المتشابه في الرسم و حماية ما اشكل منه بوادر التصحيف والوهم،(تحقيق. سكينة الشهابي) (ناشر ، الدراسات والترجمة والنّشر ،دمشق .الطبعة الأولى ۱۹۸۵ء)جزء اوّل صفحه ۴۰۵، بيان : ۶۷۵ (بشر بن بشار الغدادي)

۹۱۴ ۔ الحسن بن عرفه العبدي (۱۵۰ھ۔۲۵۷ھ): " جزء ابن عرفه " (رواية أبي علي اسمعيل بن محمد بن اسمعيل بن صالح عنه) حققه و علّق عليه وخرج احاديثه واثاره : عبد الرحمن بن عبد الجبار الفريوائي (مكتبة دار الاقصى الكويت : الطبعة الاولى ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۵ء) صفحه ۲۱ ،حديث ۳۶

۹۱۵ ۔ العلل المتناهيه ، جلد اوّل صفحه ۲۷۱، ۲۷۲ ،كتاب الفضائل والمثالب .بيان :(احاديث في ذكر معاوية) حديث ۴۳۷

Marfat.com

یحتج بہ ''یعنی یہ قابل احتجاج نہیں۔۹۱۶

لیکن ابن عدی کے نزدیک معاویہ بن صالح ''صدوق'' ہے۔۹۱۷

امام ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے عرباض بن ساریہ ﷺ سے مرفوعاً روایت کیا مگر ضمیر ''ہ''

کی بجائے لفظ صریح ''معاویہ'' ذکر کیا، چنانچہ آپ رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: ''ثنا محمد بن سلمة الحنفی ثنا ابرهیم بن بشار الرمادی ثنا بشر بن السرّی عن معاویہ بن صالح عن یونس بن سیف عن الحارث بن زیاد عن ابراهیم عن العرباض بن ساریة رضی اللّٰہ عنه قال قال رسول اللّٰہ ﷺ: اللّٰهم علّم معاویة الکتاب والحِساب وقه العذاب'' ۹۱۸۔

اور بعدازاں ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: ''وهذا عن یونس بهذا الاسناد ویرویه عن معاویة بن صالح ولمعاویة بن صالح غیر ما ذکرت حدیث صالح عند ابن وهب عنه کتابٌ وعند أبی صالح عنه کتابٌ وعند ابن مهدی وسعن عنه احادیث عداد وحدث عنه اللیث وبشر بن السری وثقات الناس وما أری بحدیثه بأسًا وهو عندی صدوق الا أنه یقع فی احادیثه افرادات'' ۹۱۹۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''مسند'' میں (بھی بطریق معاویۃ بن صالح) روایت کیا۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں کہ: ''ثنا أبو العلاء وهو الحسن ابن سوار قال ثنا لیث عن معاویة یعنی ابن صالح عن یونس بن سیف عن الحارث بن زیاد عن أبی رهم عن العرباض بن ساریة رضی اللّٰہ عنه قال سمعت رسول اللّٰہ ﷺ وهو یدعونا الی السّحور فی شهر رمضان هلموا الی الغداء المبارك ثم سمعت یقول: اللّٰهم علّم معاویة الکتاب والحساب وقه العذاب'' ۹۲۰۔

علامہ ھیثمی علیہ الرحمۃ نے ''مجمع الزوائد'' میں فرمایا: ''فیه الحارث بن یزید ولم اجد من وثقه ولم یرو عنه غیر یونس بن سیف وبقیة رجاله ثقاتٌ وفی بعضهم خلاف'' ۹۲۱۔

علامہ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''صحیح'' میں فرمایا: ''أخبرنا عبد اللّٰہ بن قحطبة حدثنا العباس بن عبد العظیم العنبری و أحمد ابن سنان قالا حدثنا عبد الرحمن بن مهدی عن معاویة بن صالح عن یونس بن سیف عن الحارث بن زیاد عن أبی رهم السمعی عن العرباض بن ساریة السلمی قال سمعت رسول اللّٰہ ﷺ ویقول: اللّٰهم علّم معاویة الکتاب والحساب وقه العذاب'' ۹۲۲۔

علامہ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے ''العلل المتناهیہ'' میں حضرت ابوهریرہؓ سے مرفوعاً بلفظہ روایت کیا۔ چنانچہ فرمایا: ''أخبرنا علی بن عبید اللّٰہ قال أنا علی بن أحمد قال أنبأنا ابن بطة قال نا ابن مخلد قال نا أحمد بن محمد بن الحجّاج قال نا عبد الرحمٰن بن نافع بن دوخت قال نا محمد بن یزید و کان من العباد عن محمد بن عمرو عن أبی سلمة عن أبی هریرة رضی اللّٰہ عنه أنّ رسول اللّٰہ ﷺ احتجم فرئی معاویة موضع الخاتم فاهوٰی براسه فقبله فرفع

۹۱۶۔ أیضا حوالہ سابق ۹۱۵۔

۹۱۷۔ الکامل فی ضعفآء الرجال ،جلد ۱ ، صفحہ ۲۴۰۲ ،بیان معاویه بن صالح حمص

۹۱۸۔ ایضا

۹۱۹۔ أیضا

۹۲۰۔ مسند احمد بن حنبل ،جلد ۴، صفحہ ۱۲۷ ،حدیث العرباض بن ساریه رضی الله عنه عن النبی ﷺ

۹۲۱۔ مجمع الزوائد ،جلد ۹ ، صفحہ ۳۵۶ کتاب المناقب ،باب ماجآء فی معاویهبن ابی سفیان

۹۲۲۔ صحیح ابن حبان ، جلد ۱۰ ، صفحہ ۱۲۹ ،کتاب اخباره ﷺ عن مناقب الصحابة رجالها ،ونسائهم بذکر اسماء هم رضوان الله اجمعین ذکر معاویة بن سفیان ، حدیث ۲۱۲۷

Marfat.com

النبی ﷺ رأسه فقال: یا معاویة ما حملک علی ما صنعت قال یا رسول اللّٰہ لما رأیت موضع الخاتم لم اتما لک نفسی حتی قبله قال ولم ذاک ؟ قال حبّالرسول اللّٰہ ﷺ ،قال: اللّٰہ ، وقال فنظر النبی ﷺ فقال : اللّٰھم علمهُ الکتاب والحساب وقهِ العذاب " ۹۲۳۔

بعدازاں علامہ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ: اس میں "محمد بن زیاد" مجہول ہے۔۹۲۴

لیکن یہ حدیث حضرت عبدالرحمٰن بن أبی عمیرۃ المدنی ﷺ سے بھی مروی ہے۔علامہ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ "البدایۃ والنھایۃ" میں لکھتے ہیں:"

ورواہ الطبرانی : ثنا أبو زرعة و احمد بن محمد بن یحییٰ بن حمزة الدمشقیان قالا ثنا أبو مسهر ثنا سعید بن عبد العزیز عن ربیعة بن یزید عن عبد الرحمٰن بن أبی عمیرة المدنی وکان من اصحاب النبی ﷺ: ان رسول اللّٰہ ﷺ قال لمعاویة : اللّٰھمّ علّمہُ الکتاب والحساب وقهِ العذاب " ۹۲۵۔

البتہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے" التاریخ الکبیر" میں فرمایا:"قال ابو مسهر عن سعید بن عبد العزیز عن ربیعة بن یزید عن عبد الرحمٰن بن عمیرة عن النبی ﷺ قال : اللّٰھم علم معاویة الحساب وقه العذاب " ۹۲۶۔

اور یہ اسناد صحیح ہیں،امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے انہیں اسناد (ابومسہرعن سعیدالخ) سے حدیث (انه قال لمعاویة رضی اللّٰہ عنه : اللّٰھم اجعله هادیًا و مهدیًا واهدبه)روایت کی اور اسے حسن قرار دیا۔ ۹۲۷۔

(یہ حدیث حسن ہے)

(۱۵۸) فرمودہ اند:اللّٰھم اجعله هادیًا و مهدیًا" (دفتر اوّل مکتوب ۲۵۱)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے تصریح کی کہ اسے حضور اکرم ﷺ نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے لئے بطور دعا ارشاد فرمایا" اسے امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ"" جامع" احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ "مسند" اور ابونعیم نے "حلیۃ الاولیاء" میں حضرت عبدالرحمٰن بن أبی عمیرۃ ﷺ سے مرفوعا بزیادۃ الفاظ (واهدبه)روایت کیا جبکہ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے "العلل المتناهیه" میں حضرت عمر فاروق ﷺ سے مرفوعا بلفظہ روایت کیا۔

چنانچہ امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:" حدثنا محمد بن یحییٰ نا أبو مسهر عن سعید بن عبد العزیز عن ربیعة بن یزید عن عبد الرحمٰن بن أبی عمیرة وکان من أصحاب رسول اللّٰہ ﷺ عن النبی ﷺ انه قال لمعاویة رضی اللّٰہ عنه : اللھم اجعله هادیًا و مهدیًا واهدبه " ۹۲۸۔

اور بعدازاں امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:"هذا حدیث حسن غریب"۹۲۹

امام احمد رحمۃ اللہ علیہ "مسند" میں لکھتے ہیں کہ:" ثنا علی بن بحر ثنا الولید بن مسلم ثنا سعید بن عبد العزیز عن ربیعة بن یزید عن عبد الرحمن بن أبی عمیره ألازدی رضی اللّٰہ عنه عن النبی ﷺ انه ذکر معاویة وقال : اللّٰھم اجعله هادیًا ومهدیًا واهدبه " ۹۳۰۔

امام ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ "حلیۃ الاولیاء" میں رقمطراز ہیں کہ:" حدثنا سلمان بن احمد ثنا احمد بن علی الایار ثنا أبو

۹۲۳۔ العلل المتناهیه ، جلد اوّل ، صفحه ۲۷۳ ، کتاب الفضائل . احادیث فی ذکر معاویه رضی اللّٰہ عنه حدیث ۴۴۰

۹۲۴۔ ایضا ....

۹۲۵۔ عماد الدین ابن کثیر (متوفی ۷۷۴ھ)" البدایه والنّهایه " (مکتبه المعارف ،بیروت ، ۱۹۷۵ء/۱۳۹۴ھ) جلد ۸،صفحه ۱۲۱ .باب وهذه ترجمة معاویه و ذکر شی ء من یامه وما ورد فیمناقبه"

۹۲۶۔ التاریخ الکبیر، جلد ۷ ،صفحه ۳۲۷،جز ۴، قسم اوّل ،باب : معاویه ، بیان : معویه بن أبی سفیان

۹۲۷۔ جامع ترمذی ، جلد ۲ ، صفحه ۲۲۴ ،أبواب المناقب ،مناقب معاویه رضی اللّٰہ عنه

۹۲۸۔ جامع ترمذی ، جلد ۲ ، صفحه ۲۲۴ ، أبواب المناقب " مناقب معاویه بن سفیان رضی اللّٰہ عنه

۹۳۰۔ مسند احمد بن حنبل ، جلد ۴، صفحه ۲۱۶

Marfat.com

الفتح نصر بن منصور عن بشر بن الحارث حدثنی زید بن أبی الزّرقاء ثنا الولید بن مسلم عن سعید بن عبد العزیز عن یونس بن میسرۃ عن عبد الرحمٰن بن أبی عمیرۃ المدنی انه سمع رسول اللّٰه ﷺ وذکر معاویة فقال : اللّٰهم اجعله هادیًا و مهدیًا واهدبه " ۹۳۱ ۔

امام ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا۔ چنانچہ فرمایا: "نا علی بن عبید اللّٰه قال أنا علی بن احمد قال أنبانا ابن بطة قال نا البغوی قال حدثنی محمد بن اسحٰق قال أخبرنی هشام بن عمار قال نا عبد العزیز بن الولید بن سلیمان بن أبی السائب القرشی عن أبیه أنّ عمر بن الخطاب رضی اللّٰه عنه ولی معاویة بن أبی سفیان فقالو اولاه حدیث السن فقال تلومونني فأنا سمعت رسول اللّٰه ﷺ یقول : اللّٰهمّ اجعله هادیًا ومهدیًا " ۹۳۲ ۔

لیکن ان اسناد میں ایک راوی "محمد بن اسحٰق" ہے کہ جس کے بارے ابن جوزی لکھتے ہیں " لم یکن ثقة " (یعنی وہ ثقہ نہیں) ۹۳۳

راقم الحروف کہتا ہے کہ اس روایت کی شاہد حدیث عبد الرحمٰن بن اَبی عمیرہ ہے اور اسے علامہ ابن حجر مکی علیہ الرحمۃ نے اپنی کتاب (تطهیر الجنان واللسان عن الخطور والتفوۃ بثلب سیدنا معاویة بن أبی سفیان) میں بلفظہ ذکر کیا، چنانچہ فرمایا: "الحدیث الذی رواه الترمذی وقال انه حدیث حسن أنّ رسول اللّٰه ﷺ ، دعا لمعاویة فقال : اللّٰهمّ اجعله هادیًا ومهدیًا " ۹۳۴ ۔

(پس حدیث بلفظ مجدد حسن ہے)

(۱۵۹) پیغمبر علیه وعلیٰ اله الصلوات والتسلیمات معاویه رضی اللّٰه عنه را فرموده بودند : " اذا ملکت الناس فارفق بهم " (دفتر اوّل مکتوب ۲۵۱)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے امام اَبوشکور سالمی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے نقل کیا۔ اور شارح مکتوبات مولانا نور احمد امرتسری نے تصریح کی کہ یہاں امام اَبوشکور کی کتاب "تمہید" مراد ہے۔ راقم الحروف کہتا ہے کہ زیر مطالعہ نسخہ (تمہید فی اصول الدین) میں یہ باختلاف متن مذکور ہے۔ چنانچہ لکھتا ہے کہ: "قد قال النبی ﷺ لمعاویة حین دخل علیه : اذا ولّیت أمر هذه الامة فارفق بهم " ۹۳۵ ۔

البتہ اسے امام ابن اَبی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ نے "مصنف" میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظ (یا معاویة : ان ملکت فأحسن) روایت کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں: "حدثنا ابن نمیر عن اسمٰعیل بن ابراهیم عن عبد الملك ابن عمیر قال قال معاویة : ما زلتُ أطمع فی الخلافة منذ قال لی رسول اللّٰه ﷺ : یا معاویة : ان ملکت فاحسن" ۹۳۶ ۔

لیکن علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت ابن اَبی شیبہ کو بلفظ (اذا ملکت فاحسن) ذکر کیا۔ ۹۳۷

اور امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ "دلائل النبوۃ" میں فرماتے ہیں: "أخبرنا أبو عبد اللّٰه الحافظ وأبو بکر القاضی قالا : حدثنا

۹۳۱۔ حلیة الاولیاء ، جز ۹ ، صفحه ۳۵۹ ، باب (بشر بن الحارث)

۹۳۲۔ العلل المتناهیه ، جلد اوّل ، صفحه ۲۷۴ ، کتاب الفضائل ، حدیث فی الدعالهٔ (ای معاویه) بأن یجعلهٔ هادیًا و مهدیًا " حدیث ۴۴۱

۹۳۳۔ أیضًا

۹۳۴۔ ابن حجر مکی رحمة الله علیه ، شهاب الدین ، احمد تطهری الجنان واللّسان عن الخطور والتفوة بثلب ، سیّدنا معاویة بن ابی سفیان رضوان اللّٰه علیهم (مکتبة القاهرة مصر ۱۹۴۵ء) صفحه ۱۱ ، فصل ثانی (۱)

۹۳۵۔ ابو شکور السالمی ، محمد بن عبد السّعید بن شعیب ، تمهید فی اصول الدین (باهتمام : ابو البرکات سیّد احمد مهتمم دار العلوم حزب الاحناف ، ناشر سید محمود احمد رضوی ، صفحه ۱۶۷ ، باب نمبر ۱۱ (الخلافة والامارة) بیان (القول السابع ۷)

۹۳۶۔ مصنف ابن ابی شیبة ، جلد ۱۱ ، صفحه ۱۴۸ ، کتاب الامراء ، بیان ۱۸۴۸ (ما ذکر من حدیث الامرا والدخول علیهم) حدیث ۱۰۷۲۴

۹۳۷۔ الصواعق المحرقه ، صفحه ۲۱۸ ، باب ۱۱ ، الخاتمه فی بیان اعتقاد اهل سنّة والجماعة فی الصحابة رضوان الله وفی قتال معاویة وعلی (رضوان الله علیهم)

Marfat.com

أبـو العباس محمد بن يعقوب حدثنا العباس بن محمد حدثنا محمد بن سابق حدثنا يحيى بن زكريا بن أبي زائدة عـن اسمٰعيل بن ابراهيم بن مهاجر بن عبد الملك بن عمير قال قال معاوية : والله ما حملني على الخلافة الّا قول النّبي ﷺ لي: يا مُعاوية ان ملكت فاحسن " ۹۳۸ ۔

لیکن ان اسناد میں ایک راوی: " اسمٰعیل بن ابرٰھیم "ضعیف ہے۔۹۳۹

جبکہ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے ''مسند'' میں بلفظ: (ان ولّيت أمرا فاتق الله واعدل) روایت کیا۔ چنانچہ فرمایا:''ثنا روح قال ثنا أبو امية عمرو بن يحيى بن سعيد قال سمعت جدّى يحدّث أنّ معاوية أخذ الادواة بعد أبى هريرة يتّبع رسول الله ﷺ بها واشتكى أبو هريرة فبينما هو يوضى رسول الله ﷺ رفع رأسه اليه مرّة أو مرّتين فقال : يا معاوية ان وليت أمرًا فاتق الله عزوجل واعدل ، قال فما زلت أظنّ انّى مبتلى بعمل لقول النّبى ﷺ حتى ابتليت " ۹۴۰ ۔

امام احمد علیہ الرحمۃ کی یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

پھر امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسی معنی کی حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مرفوعاً بلفظ: (اللّهم من أمر امتى شيئًا عليه فاشقق عليه ومن ولى من أمر امتى شيئًا فرفق بهم فارفق) روایت کی۔۹۴۱ (یہ حدیث حسن ہے)

(۱۶۰) پیغمبر فرمودہ علیہ الصلوٰۃ والسّلام " ایاکم وما شجر بین أصحابی " (دفتر اوّل مکتوب ۲۵۱)

اسے شیخ المشائخ حضرت سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے ''الغنیۃ لطالبی طریق الحق'' میں مرفوعاً بلفظہ ذکر کیا لیکن مخرج بیان نہیں کیا۔۹۴۲

اور علامہ ابن اثیر رحمۃ اللہ علیہ نے ''النھایۃ فی غریب الحدیث والاثر'' میں بلا اسناد روایت کیا''۹۴۳ (یہ حدیث صحیح ہے)

(۱۶۱) پیغمبر فرمودہ علیہ الصلوٰۃ والسّلام : " اذا ذکر أصحابی فامسکوا " (دفتر اوّل مکتوب ۲۵۱)

اس قطعہ حدیث کو امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے ''المعجم الکبیر'' میں حضرت ثوبان اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضوان اللہ علیہم سے جبکہ امام ابو نعیم نے ''حلیۃ الاولیا'' میں حضرت ابن مسعودؓ اور امام ابن عدی نے ''الکامل فی ضعفاء الرجال'' میں حضرت ابن مسعود اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مرفوعاً روایت کیا۔ چنانچہ امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:''حدثنا احمد بن محمد بن يحيى بن حمزة الدمشقى ثنا اسحق بن ابرا هيم ثنا يزيد بن ربيعه ثنا أبو الأشعث عن ثوبان رضى الله عنه عن النّبى ﷺ قال اذا ذكر أصحابى فامسكوا واذا ذكرت النجوم فامسكوا واذا ذكر القدر فأمسكوا'' ۹۴۴ ۔

۹۳۸۔ ابو بكر احمد بن الحسين البيهقى رحمة الله عليه (۳۸۴۔۴۵۷ھ)،دلائل النبوة (دارالكتب العلميه ، بيروت ۔لبنان)جلد ۲ ،صفحه ۴۴۶ باب ما جآء فى اخباره بملكمعاوية بن ابى سفيان.

۹۳۹۔ الصواعق المحرقه ،صفحه ۲۱۸ ،بر حاشيه

۹۴۰۔ مسند احمد بن حنبل ، جلد ۴، صفحه ۱۰۱ ، حديث معاوية بن أبى سفيان رضى الله عنه

۹۴۱۔ صحيح مسلم ، جلد و ، صفحه ۱۲۱ ، ۱۲۲ ، كتاب الامارة ، باب فضيلة الامير العادل الخ

۹۴۲۔ شيخ عبد القادر جيلانى رحمة الله عليه : (۴۷۰۔ ۵۶۱ھ) " الغنية لطالبى طريق الحق " (مصطفى البابى الحلبى و أولادهٔ ، بمصر الطبعة الثالثه ۱۳۷۵ھ/۱۹۵۶ء) جلد اوّل صفحه ۷۹ ،باب فيمعرفةالصّانع ، فصل فى اعتقاد اهل السّنته ان امةمحمد ﷺ خير الامم

۹۴۳۔ النّهايه فى غريب الحديث والاثر " جلد ۲، صفحه ۴۴۶ ، باب الشين مع الجيم ، بيان : شجر

مکتوبات امام ربانی

Marfat.com

(یہ حدیث غریب ہے)

اور ایک دوسرے مقام پر فرمایا: ’’حدثنا الحسن بن علی الفسوی ثنا سعید بن سلیمان ثنا مسهر بن عبد الملك بن سلع الهمد انی عن الأعمش عن أبی وائل عن عبد اللّٰه قال قال رسول اللّٰه ﷺ: اذا ذکر أصحابی فامسکو ا واذا ذکرت النجوم فامسکو ا واذا ذکر القدر فامسکوا‘‘۹۴۵؎

امام ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ ’’حلیۃ الاولیاء‘‘ میں فرماتے ہیں: ’’حدثنا احمد بن ابرٰهیم بن علی الکندی البغدادی بمکّة ثنا الحسن ابن علی الولید الفسوی ثنا سعید بن سلیمان ثنا مسهر بن عبد الملك ابن سلع عن الأعمش عن أبی وائل عن عبد اللّٰه قال قال رسول اللّٰه ﷺ: اذا ذکر أصحابی فأمسکو ا واذا ذکر النجوم فامسکواواذا ذکر القدر فامسکوا‘‘ ۹۴۶؎

اور بعدازاں امام ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: ’’غریبٌ من حدیث الأعمش تفرّد به عنه مسهر ‘‘۹۴۷؎

امام ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ ’’الکامل فی ضعفآء الرجال‘‘ میں لکھتے ہیں: ’’ثنا عبد الرحمٰن بن محمد بن علی القرشی ثنا عمار بن رجاء ثنا الفضل بن دکین ثنا أبو قحزم النضر بن معبد حدثنی أبو قلابة عن ابن مسعود رضی اللّٰه عنه عن النبی ﷺ قال اذا ذکر القدر فامسکو اواذاذکر النّجوم فأمسکوا واذا ذکر أصحابی فامسکوا‘‘ ۹۴۸؎

بعدازاں امام ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: ’’ولا بی قحزم هذا غیر ما ذکرت ومقدار ما یرو یه لا یتابع علیه ‘‘ ۹۴۹؎

پھر امام ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ ایک دوسرے مقام پر لکھتے ہیں: ’’حدثنا الحسن وثنا یحییٰ بن اسمٰعیل ثنا جدّی ثنا محمد بن الفضل عن کرز بن وبدة عن عطاء عن ابن عمر رضی اللّٰه عنه أنّ النّبی ﷺ قال: اذا ذکر أصحابی فامسکوا واذا ذکر القدر فأمسکوا ‘‘ ۹۵۰؎

علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے ’’الصواعق المحر قۃ‘‘ ۹۵۱؎ اور قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے ’’کتب الشفآء‘‘ میں بلفظہٖ ذکر کیا۔۹۵۲؎

البتہ علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے ’’تطہیر الجنان‘‘ میں بلفظہٖ ذکر کرنے کے بعد فرمایا: ’’رجال سنده رجال الصحیح الاواحدٌ اختلف فیه ووثقهٗ ابن حبان وغیره ‘‘ ۹۵۳؎

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے ’’الجامع الصغیر‘‘ میں امام طبرانی کی ’’المعجم الکبیر‘‘ اور ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ کی ’’الکامل‘‘ کے حوالہ سے بلفظہٖ (اذا ذکر أصحابی فامسکوا و اذا ذکرت النجوم فامسکوا واذا ذکر القدر فامسکوا) ذکر کیا اور اسے حدیث حسن قرار دیا۔۹۵۴؎

۹۴۴؎ المعجم الکبیر، جلد ۲، صفحہ ۹۲، بیان (حضرت) ثوبان ﷺ، حدیث ۱۴۲۷

۹۴۵؎ ایضاً، جلد ۱۰، صفحہ ۲۴۳، ۲۴۴، حدیث ۱۰۴۴۸، مسند عبد اللّٰه بن مسعود رضی اللّٰه عنه۔ راقم الحروف کہتا ہے کہ اس کی اسناد میں ’’مسہر بن عبدالملک‘‘ ہے، اس کے بارے علامہ ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ’’وثقهٗ ابن حبان وغیره وفیه خلاف‘‘ (دیکھئے، مجمع الزّوائد، جلد ۷، صفحہ ۲۰۲، باب النهی عن الکلام فی القدر)

۹۴۶؎ حلیۃ الاولیاء، جلد ۴، صفحہ ۱۰۸، بیان ۲۵۳، شقیق بن سلمہ أبو وائل

۹۴۷؎ أیضاً

۹۴۸؎ الکامل فی ضعفاء الرجال، جلد ۷، صفحہ ۲۴۹۰، بیان النضر بن معبد

۹۴۹؎ أیضاً حوالہ سابق، ۹۴۸؎

۹۵۰؎ أیضاً جلد ۲، صفحہ ۲۱۷، بیان محمد بن الفضل بن عطیہ خراسانی

۹۵۱؎ الصواعق المحرقہ، صفحہ ۲۱۲، الخاتمہ فی بیان اعتقاد اهل السنّة‘‘ الخ

۹۵۲؎ کتاب الشفا، جلد ۲، صفحہ ۱۱۷، باب ۳، فصل ۲ (توقیر الصّحابہ)

۹۵۳؎ تطہیر الجنان، صفحہ ۵، مقدمة

۹۵۴؎ الجامع الصغیر، جلد اوّل، صفحہ ۲۵، حرف الألف

Marfat.com

(یہ حدیث حسن ہے)

(۱۶۲) فرمودہ علیہ الصلوٰۃ والسّلام: "اللّٰہ اللّٰہ فی أصحابی اللّٰہ اللّٰہ فی أصحابی لا تتخذوھم غرضًا"

(دفتر اوّل مکتوب ۲۵۱)

اسے امام بغوی رحمۃ اللہ علیہ نے "شرح السنۃ" میں حضرت عبداللہ بن مغفل مزنی ﷺ سے مرفوعًا روایت کیا، چنانچہ فرمایا: "أخبرنا أبو الطیّب طاھر بن محمد بن العلاء العلائی البغوی نا أبو معمر المفضل بن اسمٰعیل بن احمد بن ابراھیم الاسماعیلی بجرجان نا جدّی أبو بکر احمد بن ابراھیم الاسمٰعیلی أخبرنی الھیثم بن خلف الدوزی نا المفضل بن غسّان بن المفضل الفلابی نا یعقوب بن ابرٰھیم بن سعد نا عبیدہ بن أبی رائطة عن عبد الرحمن بن زیاد عن عبد اللّٰہ بن مغفل رضی اللّٰہ عنه المزنی قال، قال رسول اللّٰہ ﷺ: اللّٰہ اللّٰہ فی أصحابی اللّٰہ اللّٰہ فی أصحابی، لا تتخذوھم غرضًا بعدی فمن احبّھم فبحبّی أحبّھم ومن ابغضھم فببغضی أبغضھم ومن اٰذاھم فقد اٰذانی ومن اٰذانی فقد اٰذی اللّٰہ ومن اٰذی اللّٰہ فیوشك أن یأخذہ" ۹۵۵۔

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے "جامع" میں روایت کیا لیکن الفاظ (اللہ اللہ فی أصحابی) ایک ہی دفعہ ذکر کئے۔ چنانچہ فرمایا: "حدثنا محمدبن یحیٰی نا یعقوب بن ابرٰھیم بن سعد نا عبیدة بن أبی رائطة عن عبد الرحمٰن بن زیاد عن عبد اللّٰہ بن مغفل قال قال رسول اللّٰہ ﷺ: اللّٰہ اللّٰہ فی أصحابی لا تتخذوھم غرضًا بعدی فمن احبّھم فبحبّی احبّھم ومن ابغضھم فببغضی أبغضھم ومن اٰذاھم فقد اٰذانی ومن اٰذانی فقد اٰذی اللّٰہ ومن اٰذی اللّٰہ یوشك أن یأخذہٗ" ۹۵۶۔

اور بعدازاں امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: "ھذا حدیث غریبٌ لا نعرفه الّا من ھذا الوجه" ۹۵۷۔

مگر علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث ترمذی کو برمز حسن بیان کیا۔ ۹۵۸

صاحب مشکوٰۃ رحمۃ اللہ علیہ نے اسے حضرت عبداللہ بن مغفل ﷺ سے مرفوعًا بیان کیا لیکن مثل مجدّد رحمۃ اللہ علیہ الفاظ "(اللہ اللہ فی أصحابی) دودفعہ ذکر کئے اور فرمایا "اسے امام ترمذی" نے روایت کیا ہے۔ ۹۵۹

علامہ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں تحریر فرمایا کہ: "أخبرنا أبو یعلی حدثنا زکریا بن یحیٰی زحمویة حدثنا زکریا بن سعد حدثنی عبیدة بن أبی رائطة عن عبد اللّٰہ بن عبد الرحمٰن بن المغفل قال قال رسول اللّٰہ ﷺ اللّٰہ اللّٰہ فی أصحابی لا تتخذوھم غرضًا، من أحبّھم فبحبّی أحبّھم ومن أبغضھم فببغضی أبغضھم ومن اٰذاھم فقد اٰذانی ومن اٰذانی فقد اٰذی اللّٰہ ومن اٰذی اللّٰہ یو شك أن یأخذہٗ" ۹۶۰۔

امام ابونعیم حلیۃ الاولیاء میں لکھتے ہیں: "حدثنا سلیمان بن احمد ثنا محمد بن عبد اللّٰہ بن رزین الحلبی ثنا عبید بن جناد الحلبی ثنا عبد اللّٰہ بن عبد العزیز العمری العابد حدثنی ابرٰھیم بن سعد حدثنی عبید بن أبی

۹۵۵۔ شرح السنّة، جلد ۱۴، صفحہ ۷۰، کتاب فضائل صحابہ، باب فضل الصحابہ، حدیث: ۳۸۶۰

۹۵۶۔ جامع ترمذی، جلد ۲، صفحہ ۲۲۵، أبواب المناقب، باب ما جاء فی فضل من بایع تحت الشّجرۃ

۹۵۷۔ ایضًا ....

۹۵۸۔ الجامع الصغیر، جلد اوّل، صفحہ ۵۴، حرف الألف

۹۵۹۔ مشکوۃ المصابیح، صفحہ ۵۵۴، مناقب الصّحابہ، فصل ثانی

۹۶۰۔ صحیح ابن حبان، جلد ۱۰، صفحہ ۱۸۹، کتاب اخبارہٖ ﷺ عن مناقب الصحابة رجالھا ونسائھم، باب فضل الصحابہ والتابعین، ذکر الزجر عناتخاذ المرءِ اصحاب رسول ﷺ غرضًا بالتنقص حدیث ۷۲۱۲

Marfat.com

رائط عن عبد اللہ بن عبد الرحمٰن عن عبد اللہ بن مغفل المدنی قال قال رسول اللہ ﷺ: اللہ اللہ فی أصحابی لا تتخذوھم غرضًا من بعدی فمن احبّھم فبحبّی احبّھم ومن أبغضھم فببغضی أبغضھم ومن اٰذاھم فقد اٰذانی ومن اٰذانی فقد اذی اللہ ومن اٰذی اللہ یوشك أن یأخذہ" ۹۶۱ ۔

(پس، حدیث بلفظ مجدد حدیث حسن ہے)

(۱۶۳) قال علیہ الصلوٰۃ والسّلام: " اذا ظھرت الفتن أو قال البدع وسبّت أصحابی فلیظھر العالم علمہ فمن لم یفعل ذٰلك فعلیہ لعنۃ اللہ والملئكۃ والنّاس أجمعین لا یقبل اللہ لہٗ صرفًا ولا عدلًا "

(دفتر اوّل مکتوب ،۲۵۱)

حضرت مجددعلیہ الرحمۃ نے اسکا مخرج بیان نہیں کیا۔البتہ راقم الحروف کے خیال میں آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اسے علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب "الصواعق المحرقۃ" سے نقل کیا ہوگا۔امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے بلفظہٖ ذکر کیا اور تصریح کی کہ اسے خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی جامع میں بیان کیا ہے۔۹۶۲

علامہ خطیب بغدای رحمۃ اللہ علیہ نے اسے "الجامع لاخلاق الرّاوی واداب السّامع" میں حضرت معاذ بن جبل ؓ سے مرفوعا بلفظہ روایت کیا۔چنانچہ آپ لکھتے ہیں: أنا محمد احمد بن رزق نا أبو الحسین محمد بن علی جیش بن احمد بن عیسی بن خاقان الناقد من لفظہ وحفظہ نا احمد بن القاسم بن المساور الجوھری نا محمد بن عبد المجید المفلوج نا الولید بن مسلم عن ثور بن یزید عن خالد بن معدان عن معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ: اذا ظھرت الفتن أو قال البدع وسبّت أصحابی فلیظھر العالم علمہ فمن لم یفعل ذٰلك فعلیہ لعنۃ اللہ والملئكۃ والنّاس اجمعین لا یقبل اللہ لہٗ صرفًا ولا عدلًا " ۹۶۳ ۔

اس حدیث کے بارے ڈاکٹر محمود الطحان فرماتے ہیں: " لم أجد الحدیث فی شیء من المصادر الّتی تحت یدی والحدیث اسنادہ ضعیف لانّ فیہ الولید ابن المسلم وھو مدلس وعنعن" ۹۶۴ ۔

راقم الحروف کہتا ہے کہ ولید بن مسلم رجال صحاح میں سے ہے اور ثور بن یزید سے اسکی سماعت ثابت ہے۔امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "تہذیب التہذیب" میں فرمایا: " الولید بن مسلم القرشی مولی بنی امیّۃ وقیل مولی بنی العبّاس ۔ أبو العباس الدمشقی ۔عالم الشّام ۔روی عن حریز بن عثمان و صفوان بن عمرو والأوزاعی وابن جریج وابن عجلان وابن أبی ذئب وسعید بن عبد العزیز والثوری و عبد اللہ بن العلاء بن زبر وثور بن یزید الخ ۹۶۵ ۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ "التاریخ الکبیر" میں لکھتے ہیں: " الولید بن مسلم أبو العباس الدمشقی مولی لبنی امیّۃ سمع الأوزاعی وعبد الرحمٰن بن یزید بن جابر والثوری ، مات سنۃ خمس وتسعین ومأئۃ " (۱۹۵ھ)" ۹۶۶ ۔

۹۶۱۔ حلیۃ الاولیاء جزء ۸، صفحہ ۲۸۷، باب (عبد اللہ العمری)

۹۶۲۔ الصواعق المحرقہ ، صفحہ ۳، المقدمۃ الاولی

۹۶۳۔ الجامع لاخلاق الراوی ، اداب السّامع ، جلد ۲، صفحہ ۱۱۸ ، حدیث ۱۳۵۴ ، جزء ۷ من الکتاب ، بیان : املاء فضائل الصحابۃ ومناقبھم والسنۃ لمحاسن اعمالھم و سوابقھم

۹۶۴۔ ایضا بر حاشیہ

۹۶۵۔ تھذیب التھذیب ،جلد ۱۱، صفحہ ۱۵۲،۱۵۱، حرف الواؤ ،بیان : الولید ۲۵۴ : الولید بن مسلم

Marfat.com

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اپنی ''صحیح'' میں ولید بن مسلم کی امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ سے معنعن روایت بھی ذکر کی۔ ۹۶۷

پھر یہ رجال ابن حبان، ترمذی اور ابن ماجہ میں سے بھی ہے۔ ۹۶۸

البتہ اس سند میں ایک راوی ''محمد بن عبدالمجید التمیمی المفلوج'' ضعیف ہے۔ امام ذھبی رحمۃ اللہ علیہ ''میزان الاعتدال'' میں لکھتے ہیں: ''

محمد بن عبد المجيد التميمى المفلوج عن حماد بن زيد - ضعّفه محمد بن غالب تمتام ومن مناكيره قال حدثنا الوليد بن مسلم عن ثور عن خالد بن معدان عن معاذ قال رسول الله ﷺ: اذا ظهرت الفتن وسبّ أصحابى فليظهر العالم علمه فمن لم يفعل فعليه لعنة الله والملائكة والناس اجمعين - لا يقبل الله منه صرفًا ولا عدلًا '' ۹۶۹۔

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے ''الجامع الصغیر'' میں بلفظ: (اذا ظهرت البدع ولعن آخر هذه الامّة أولها فمن كان عنده علم فلينشره فان كاتم العلم يومئذ ككاتم ما أنزل الله على محمدٍ) ذکر کیا اور فرمایا کہ اسے ابن عساکر نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا اور یہ حدیث ضعیف ہے۔ ۹۷۰

البتہ علامہ أبوالشجاع دیلمی رحمۃ اللہ علیہ نے ''فردوس الاخبار'' میں حضرت أبوھریرۃ رضی اللہ عنہ سے مرفوعا بلفظ: (اذا ظهر البدع فى امّتى وشتم أصحابى فليظهر العالم علمه فان لم يفعل فعليه لعنة الله) روایت کیا۔ ۹۷۱

اور اسکے شواھد قویہ میں حدیث: (فمن احدث فيها حدثًا أو اٰوى فيها محدثا فعليه لعنة الله والملئكة والنّاس اجمعين لا يقبل الله منه صرفًا ولا عدلًا) کہ جسے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ''صحیح'' میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے موقوفا روایت کیا۔ ۹۷۲

اور حدیث (من سبّ أصحابى فعليه لعنة الله والملئكة والنّاس اجمعين) کہ جسے امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ نے روایت کیا ہے۔ ۹۷۳

(یہ حدیث حسن ہے)

(۱۶۴) حدیث: ''لو اتّذن ايمان أبى بكر مع ايمان امّتى لوجح''

(دفتر اوّل مکتوب ۲۵۶)

اسے شیخ شرف الدین ابن یحیٰی منیری رحمۃ اللہ علیہ نے ''سہ صدی مکتوبات'' میں بعینہ ذکر کیا ہے۔ ۹۷۴

امام ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ نے '' الكامل فى ضعفاء الرجال '' میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعا بلفظ: (لو وضع ايمان أبى بكر على ايمان هذه الامة لرجع بها) روایت کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں: '' حدثنا زيد بن عبد العزيز بن حبان قال ثنا

۹۶۶۔ التاريخ الكبير، جلد ۸، صفحه ۱۵۲، ۱۵۳، باب الواؤ، الوليد، بيان ۲۵۳۲

۹۶۷۔ صحيح البخارى، جلد اوّل، صفحه ۱۵۵، كتاب التهجّد، باب: فضل من تعار من الّيل فصلّى

۹۶۸۔ صحيح ابن حبان، جلد اوّل، صفحه ۴۰۴، كتاب الايمان، باب: فرض الايمان، حديث: ۲۴۱ + جامع ترمذى، جلد ۲، صفحه ۱۷۸، ابواب الدّعوات، باب ما جاء فى الدّعا اذا انتبه من الليل " + سنن ابن ماجه، جلد ۲، أبواب الدّعا، باب فضل الحامدين، حديث ۳۸۰۳

۹۶۹۔ ميزان الاعتدال، جلد ۳، صفحه ۶۳۰، بيان ۷۸۸۷

۹۷۰۔ الجامع الصغير، جلد اوّل، صفحه ۳۰، حرف الألف

۹۷۱۔ فردوس الاخبار، جلد اوّل، صفحه ۳۹۲، ذكر ارادة اللهعزوجل بالعبد من الخير والشّر، حديث ۱۲۷۵

۹۷۲۔ صحيح البخارى، جلد اوّل، صفحه ۴۵۰، كتاب الجهاد، باب ذمّة المسلمين و جوارهم واحدة يسعى بها أدناهم

۹۷۳۔ ديكهئے: باب هٰذا حديث ۱۴۷

۹۷۴۔ سه صدى مكتوبات، صفحه ۳۵۷، حصه مكتوب دو صدى، مكتوب هشتم (۸) در توبه + أيضا، صفحه ۴۲۰، مكتوب ۴۴ (۴۴) در ترك جاه + أيضا حصّه اوّل مكتوب ۴۵ چهل، پنجم در معرفت بارى تعالىٰ

Marfat.com

عیسٰی بن عبد اللّٰہ بن سلیمان القرشی قال ثنا رواد بن الجراح قال ثنا عبد العزیز بن أبی روّاد عن نافع عن ابن عمر قال قال رسول اللّٰہ ﷺ: لو وضع ایمان أبی بکر علی ایمان ھذہٖ الامۃ لرجح بھا" ۹۷۵ ۔

اور بعد ازاں ابن عدی رحمۃ اللّٰہ علیہ نے فرمایا: "عیسٰی بن سلیمان ھذا کتب عنہ الناس ۔ بسر من رأی والضعف علی حدیثہٖ بیّن ولیس لہ من الحدیث غیر ما ذکرت " ۹۷۶ ۔

امام بیہقی رحمۃ اللّٰہ علیہ نے "شعب الایمان" میں حضرت عمر بن الخطاب ﷺ سے موقوفاً بلفظ: (لو وزن ایمان أبی بکر بایمان اھل الارض لرجح بھم) روایت کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں: "أخبرنا أبو عبد اللّٰہ الحافظ انبأ ابو بکر احمد بن اسحٰق الفقیہ انبا محمد بن عیسٰی بن السّکن ثنا موسٰی بن عمران ثنا ابن المبارک عن ابن شوذب عن محمد بن جحادۃ عن سلمۃ بن کھیل عن ھذیل بن شرجیل قال قال عمر بن الخطاب رضی اللّٰہ عنہ : لو وزن ایمان أبی بکر بایمان اھل الأرض لرجح بھم " ۹۷۷ ۔

امام زرکشی رحمۃ اللّٰہ علیہ نے "اللآلی المنثورۃ" میں بلفظ: (لو وزن ایمان أبی بکر بایمان الناس لرجح ایمان أبی بکر) ذکر کیا اور فرمایا: "قیل انہ من کلام عمر بن الخطاب رضی اللّٰہ عنہ وقد جآء معناہ فی السّنن ، فی حدیث مرفوع : أن أبا بکر وزن لھذہ الأمۃ لرجح" ۹۷۸ ۔

امام سیوطی رحمۃ اللّٰہ علیہ نے "الدرر المنتثرۃ" میں تحریر فرمایا: "قیل انہ من کلام عمر ، قلت : ھُو کذالک اخرجہٗ معاذ ابن المثنی فی زیادات مسند مسدّد واخرجہ ابن عدی فی الکامل من حدیث عمر مرفوعًا انتھٰی " ۹۷۹ ۔

اور امام سخاوی رحمۃ اللّٰہ علیہ نے "المقاصد الحسنۃ" میں فرمایا: "(رواہ) اسحٰق ابن راھویۃ والبیھقی فی الشعب بسندٍ صحیحٍ عن عمر من قولہٖ وراویہٖ عن عمر ھذیل بن شرجیل وھو عند ابن المبارک فی الزّھد ومعاذ بن المثنی فی زیادات مسند مسدّد وکذا اخرجہ ابن عدی فی ترجمۃ عیسٰی بن عبد اللّٰہ من کاملہ وفی مسند الفردوس معًا من حدیث ابن عمر مرفوعًا بلفظ: لو وضع ایمان أبی بکر علی ایمان ھذہ الامّۃ لرجح بھا، وفی سندہٖ عیسٰی بن عبد اللّٰہ بن سلیمان وھو ضعیف لکنہ لم ینفرد بہ فقد اخرجہ ابن عدی أیضًا من طریق غیرہٖ بلفظ : لو وزن ایمان أبی بکر بایمان اھل الأرض لرجحھم ولہ شاھدٌ فی السنن أیضًا عن أبی بکر مرفوعًا : أنّ رجلًا قال یا رسول اللّٰہ (ﷺ) رأیت کأن میزانًا انزل من السّماء فوزنت أنت وأبو بکر فرجحت انت ثم وزن ابو بکر بمن بقی فرجح الحدیث " ۹۸۰ ۔ (یہ حدیث حسن ہے)

(۱۶۵) " الایّام ایّام اللّٰہ والعباد عباد اللّٰہ " (دفتر اوّل مکتوب ۲۵۶)

حدیث صحیح دراں باب

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے اپنے والد ماجد رحمۃ اللّٰہ علیہ کی روایت سے شیخ بصری اور سندی رحمہما اللّٰہ کے حوالہ سے بیان کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں: "والد فقیر قدس سرّہ میفر مودند کہ شیخ عبد اللّٰہ (بصری) و شیخ رحمت اللّٰہ (سندی) کہ از

---

۹۷۵ ۔ الکامل فی ضعفاء الرّجال ،جلد ۵، صفحہ ۱۸۹۸ ،بیان : عیسے بن عبد اللّٰہ بن سلمان القرشی العسقلانی

۹۷۶ ۔ ایضًا

۹۷۷ ۔ شعب الایمان ، جلد اوّل ، صفحہ ۶۹ ،باب القول فی زیادۃ الایمان ، ونقصانہٗ وتفاضل اھل الایمان فی ایمانھم ،حدیث ۳۶

۹۷۸ ۔ اللآلی المنثورہ فی الاحادیث المشھورہ ، صفحہ ۱۷۱ ،باب ۵(فضائل) حدیث ۱۳

۹۷۹ ۔ الدرر المنتثرہ ،صفحہ ۲۳۲

۹۸۰ ۔ المقاصد الحسنۃ ، حرف الآم ، حدیث ۹۰۸

Marfat.com

اکابر محدثین بودند و در حرمین ایشاں ملقب بشیخین بودند بتقریبے بہ ہندوستان آمدہ بودند سیفرمودند کہ آں حدیث را کرمانی شارح بخاری نقل کردہ است امّا ضعیف است ۔حدیث صحیح در ایں باب الایّام ایّام اللہ والعباد عباد اللہ " ۹۸۱؎

راقم الحروف کہتا ہے کہ اس حدیث کا شطر ثانی (والعباد عباد اللہ) امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مسند میں حضرت زبیر بن عوام سے مرفوعاً روایت کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں: "ثنا یزید بن عبد ربّه ثنا بقیة بن الولید حدثنی جبیر بن عمر و القرشی حدثنی أبو سعد الأنصاری عن أبی یحییٰ مولی اٰل الزّبیر بن العوّام عن الزّبیر بن العوّام رضی اللّٰہ عنه قال قال رسول اللّٰہ ﷺ: البلاد بلاد اللّٰہ والعباد عباد اللّٰہ، فحیث ما أصبت خیرًا فأقم " ۹۸۲؎

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث زبیر کو ضعیف قرار دیا۔۹۸۳؎

البتہ امام ابوداؤد اپنی "سنن" میں روایت کرتے ہیں: "حدثنا احمد بن عبدة الاملی نا عبد اللّٰہ بن عثمان نا عبد اللّٰہ بن المبارک أنا نافع بن عمر عن ابن أبی ملیکة عن عروة قال اشهد أنّ رسول اللّٰہ ﷺ: قضٰی أنّ الأرض أرض اللّٰہ والعباد عباد اللّٰہ ومن أحیٰی مواتًا فهو احقّ بها، جآء نا بهذا عن النّبی ﷺ ألّذین جآؤا بالصلوت عنه " ۹۸۴؎

امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ "المعجم الکبیر" میں لکھتے ہیں: "حدثنا احمد بن عبد الوهاب بن نجدة الحوطی ثنا یحیی بن صالح الوحاظی ثنا سعید بن عبد العزیز عن مکحول عن فضالة بن عبید قال قال رسول اللّٰہ ﷺ: ألأرض أرض اللّٰہ والعباد عباد اللّٰہ ۔ من أحیٰی مواتًا فهی لهٗ " ۹۸۵؎

اور یہ حدیث فضالہ "حدیث صحیح" ہے ۹۸۶؎

(۱۶۶) "بنی الاسلام علٰی خمسٍ" (دفتر اوّل مکتوب ۲۶۰)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے یہاں بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا۔ البتہ یہ حدیث مرفوع ہے۔ اسے شیخین رحمۃ اللہ علیہ نے "صحیحین" ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے "جامع" نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے "سنن" اور یعلی موصلی رحمۃ اللہ علیہ نے "مسند" میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا۔ چنانچہ امام بخاری رحمہ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "حدثنا عبید اللّٰہ بن موسٰی قال أنا حنظلة بن أبی سفیان عن عکرمة بن خالد عن ابن عمر رضی اللّٰہ عنه قال قال رسول اللّٰہ ﷺ: بنی الاسلام علی خمس شهادة ان لا الٰه الا اللّٰہ وان محمدًا رسول اللّٰہ واقام الصلوة وایتاء الزکوة والحج وصوم رمضان " ۹۸۷؎

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "حدثنا عبید اللّٰہ بن معاذ قال نا أبی قال نا عاصم وهو ابن محمد بن زید بن عبد اللّٰہ بن عمر عن ابیه رضی اللّٰہ عنه قال قال عبد اللّٰہ قال رسول اللّٰہ ﷺ: بنی الاسلام علی خمس شهادة أن لا اله الا اللّٰہ وأن محمّدا عبده ورسوله واقام الصلوة وایتاء الزکوة وحج البیت وصوم رمضان " ۹۸۸؎

۹۸۱؎ مکتوبات امام ربّانی: دفتر اوّل، مکتوب ۲۵۲

۹۸۲؎ مسند احمد بنحنبل، جلد اوّل، صفحة ۱۶۶، (مسند الزبیر بن العوّام)

۹۸۳؎ الجامع الصغیر، جلد اوّل، صفحه ۱۲۷، حرف الباء

۹۸۴؎ سنن أبی داؤد، جلد ۲، صفحه ۸۲، کتاب الخراج والفئی، باب احیاء الموات

۹۸۵؎ المعجم الکبیر، جلد ۱۸، صفحه ۳۱۸، بیان، مکحول عن فضالة بن عبید، حدیث ۸۲۳

۹۸۶؎ الجامع الصغیر، جلد اوّل، صفحه ۱۲۱، حرف الألف، فصل فی المحلی بآل من هذا

۹۸۷؎ صحیح البخاری، جلد اوّل، صفحه ۶، جزء اوّل، کتب الإیمان، باب: قول النبی ﷺ: بنی الاسلام علی خمس.

۹۸۸؎ صحیح مسلم، جلد اوّل صفحه ۳۲، کتاب الایمان، باب، ارکان الاسلام و دعائمه العظام

Marfat.com

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”حدثنا ابن أبی عمر نا سفیان بن عیینه عن سعید بن الخمیس التمیمی عن حبیب بن أبی ثابت عن ابن عمر رضی اللّٰہ عنه قال قال رسول اللّٰہ ﷺ : بُنی الاسلام علی خمسٍ شهادة أن لا اله الّا اللّٰہ وأن محمّدًا رسوُل اللّٰہ واقام الصلوٰة ایتاء الزکوٰة وصوم رمضان وحج البیت “ ۹۸۹ ۔

اور بعدازاں امام ترمذی فرماتے ہیں: ”وفی الباب عن جریر بن عبد اللّٰہ هذا حدیث حسن صحیح وقدروی من غیر وجهه عن ابن عمر عن النّبی ﷺ نحو هذا وسعد بن الخمیس ثقةٌ عند اهل الحدیث “ ۹۹۰ ۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”أخبرنا محمد بن عبد اللّٰہ بن عمار قال ثنا المعافی یعنی ابن عمران عن حنظلة بن أبی سفیان عن عکرمه بن خالد عن ابن عمر رضی اللّٰہ عنه أنّ رجلًا قال له ألّا نغذ وا قال سمعت رسول اللّٰہ ﷺ یقول : بنی الاسلام علی خمسٍ شهادة ان لا اله الا اللّٰہ و اقام الصلوٰة وایتاء الزکوٰة والحج وصیام رمضان“ ۹۹۱ ۔

اور امام ابو یعلیٰ موصلی رحمۃ اللہ علیہ اپنی ”مسند“ میں فرماتے ہیں: ”حدثنا أبو خیثمة حدثنا هاشم بن القاسم حدثنا عاصم عن ابیه عن ابن عمر رضی اللّٰہ عنه عن النّبی ﷺ قال : بنی الاسلام علی خمس شهادة ان لا اله الا اللّٰہ وان محمدًا رسول اللّٰہ و اقام الصلوٰة وایتاء الزکوٰة وحج البیت وصوم رمضان “ ۹۹۲ ۔

علامہ خطیب تبریزی رحمۃ اللہ علیہ نے ”مشکوٰۃ المصابیح“ میں حضرت ابن عمر ﷺ سے مرفوعاً روایت کیا۔ اور فرمایا: ”متفق علیہ“ ۹۹۳ ۔
(یہ حدیث متفق علیہ ہے)

(۱۶۷) ” الصلوٰة معراج المؤمن “ (دفتر اوّل مکتوب ۲۶۰)

حضرت مجدد علیہ الرحمہ نے اسے یہاں بغیر تصریح حدیث یا قول فقط بلفظ: شنیدہ باشی (تم نے سنا ہوگا) نقل کیا۔ لیکن اسی دفتر کے مکتوب ۲۶۱ میں بحیثیت قول رسول اکرم ﷺ ذکر کیا۔ یہ حدیث کتب صوفیاء میں مذکور ہے۔ اسے شیخ نجم الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ: ”مرصاد العباد“ بکری رحمۃ اللہ علیہ ”تاریخ الخمیس“ اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے ”مدارج النبوۃ“ میں بلفظہ روایت کیا۔ ۹۹۴ ۔

(۱۶۸) ” اقرب ما یکون العبد من الرّب فی الصلوٰة “

حضرت مجدد علیہ الرحمہ نے اسے یہاں بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا۔ البتہ اسی (دفتر اوّل) کے مکتوب ۲۶۱ میں بحیثیت قول محمد مصطفےٰ ﷺ بیان کیا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے صاحبزادے خواجہ محمد معصوم رحمۃ اللہ علیہ نے اسے اپنے مکتوبات میں بلفظہ ذکر کیا اور اسے حدیث ہونے کی صراحت کی لیکن حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کی طرح مخرج بیان نہیں کیا۔ ۹۹۵ ۔

راقم الحروف کہتا ہے کہ اسے امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ”صحیح“ ابوداوٗد ”نسائی“ نے ”سنن“ جبکہ ابو یعلیٰ اور احمد بن حنبل نے ”مسند“ میں

---

۹۸۹ ۔ حامع ترمذی ، جلد ۲ ، صفحه ۸۸ ، أبواب الایمان ، باب ما جاء ، بُنی الاسلام علی خمس
۹۹۰ ۔ أیضا
۹۹۱ ۔ سنن نسائی ، جلد ۲ ، صفحه ۲۶۷ ، ۲۶۸ ، کتاب الایمان وشرائعه ، باب علی کم بنی الاسلام
۹۹۲ ۔ مسند ابی یعلی موصلی ، جلد ۱۰ ، صفحه ۱۶۴ ، مسند ابن عمر رضی اللّٰه عنه حدیث ۳۷۴
۹۹۳ ۔ مشکوٰة المصابیح ، صفحه ۱۲ ، کتاب الایمان ، فصل اول
۹۹۴ ۔ مرصاد العباد ، صفحه ۹۵ ، باب سوم + تاریخ الخمیس ، جز اوّل ، صفحه ۳۱۲ ، ذکر قصه معراج + مدارج النبوة ، جلد اوّل ، صفحه ۲۰۵ ، باب دهم ، در انواع عبادات ، نوع دوم ، در نماز آنحضرت ﷺ
۹۹۵ ۔ مکتوبات معصومیه ، دفتر سوم ، ۳ ، مکتوب ۱۶

Marfat.com

حضرت ابوھریرۃ ﷺ سے مرفوعاً بلفظ: (اقرب ما یکون العبد من ربه وھو ساجدٌ فاکثروا الدعا) روایت کیا۔

چنانچہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: ''حدثنا ھارون بن معروف وعمرو بن سوّاد قالا نا عبد اللّٰہ بن وھب عن عمرو بن الحارث عن عماره بن غزیة عن سمّی مولی أبی بکر انه سمع أبا صالح ذکوان یحدث عن أبی ھریرة رضی اللّٰہ عنه ان رسول اللّٰہ ﷺ قال: اقرب ما یکون العبد من ربه وھو ساجدٌ فاکثروا الدعا'' ۹۹۶۔

امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''حدثنا احمد بن صالح وا حمد بن عمرو بن السّرح ومحمد بن سلمة قالو أنا ابن وھب أنا عمرو یعنی ابن الحارث عن عمارة بن غزیة عن سمّی مولی أبی بکر انه سمع ابا صالح ذکوان یحدث عن أبی ھریرة رضی اللّٰہ عنه أنّ رسول اللّٰہ ﷺ: قال: أقرب ما یکون العبد من ربّه عزّوجلّ وھو ساجدٌ فاکثروا الدعا'' ۹۹۷۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''أخبرنا محمد بن سلمة قال حدثنا ابن وھب عن عمرو یعنی ابن الحارث عن عمارة بن غزیة عن سمّی انّه سمع أبا صالح عن أبی ھریرة رضی اللّٰہ عنه انّ رسول اللّٰہ ﷺ قال: أقرب ما یکون العبد من ربه عزّوجل وھو ساجدٌ فاکثرو الدعا'' ۹۹۸۔

امام ابویعلی موصلی رحمۃ اللہ علیہ ''مسند'' میں رقمطراز ہیں: ''حدثنا احمد بن عیسی المصری حدثنا بن وھب أخبرنی عمرو بن الحارث عن عمارة بن غزیة عن سمّی أبا صالح عن ابی ھریرة رضی اللّٰہ عنه ان رسول اللّٰہ ﷺ قال: انّ اقرب ما یکون العبد من ربّه وھو ساجد فاکثرو الدعا'' ۹۹۹۔

اور امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ ''مسند'' میں فرماتے ہیں: ''ثنا ھارون قال عبد اللّٰہ و سمعته أنا من ھارون قال ثنا ابن وھب عن عمرو وعن عمارة بن غزیمة عن سمّی مولی أبی بکرانه سمع أبا صالح ذکوان یحدث عن أبی ھریرة رضی اللّٰہ عنه ان رسول اللّٰہ ﷺ قال: أقرب ما یکون العبد من ربّه وھو ساجدٌفاکثروالدعا'' ۱۰۰۰۔

پس حدیث بلفظ مجدد کا معنی صحیح ہے کیونکہ سجدہ کا صلوٰۃ (یعنی نماز) سے خصوص عموم کا تعلق ہے اور سجدہ ارکانِ نماز میں سے ہے۔

(۱۶۹) ''لی مع اللّٰہ وقت'' (دفتر اوّل مکتوب ۲۶۰)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے بحیثیت حدیث رسول ﷺ ذکر کیا۔ البتہ یہ ایک ''مشہور حدیث'' کا اقتباس ہے (دیکھئے تخریج حدیث ۹۱)

(۱۷۰) میفرماید (ﷺ) ''ارحنی یا بلال'' (دفتر اوّل مکتوب ۲۶۰)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کے صاحبزادے خواجہ محمد معصوم رحمۃ اللہ علیہ نے اسے اپنے مکتوبات میں بلفظ نقل کیا لیکن مثل مجدد رحمۃ اللہ علیہ مخرج بیان نہیں کیا۔ ۱۰۰۱

راقم الحروف کہتا ہے کہ اسے علامہ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ''تاریخ بغداد'' میں حضرت محمد بن الحنفیۃ سے مرفوعاً بلفظ

۹۹۶۔ صحیح مسلم، جلد اوّل، صفحہ ۱۹۱، کتاب الصلوٰۃ، باب ما یقال فی الرکوع والسّجود

۹۹۷۔ سنن أبی داؤد، جلد اوّل، صفحہ ۱۲۷، کتاب الصلوة، باب الدّعا فی الرّکوع والسّجود

۹۹۸۔ سنن نسائی، جلد اوّل، صفحہ ۱۷۰، کتاب الافتتاح، بیان: اقرب ما یکون العبد من اللّٰہ عزوجل

۹۹۹۔ مسند ابی یعلی موصلی، جلد ۱۲، صفحہ ۱۲، (مسند أبی ھریرة رضی اللّٰہ عنه) حدیث ۸۱۸

۱۰۰۰۔ مسند احمد بن حنبل جلد ۲، صفحہ ۴۲۱ (مسند أبی ھریرة رضی اللّٰہ عنه)

۱۰۰۱۔ مکتوبات معصومیه، دفتر سوم، صفحہ ۲۹۵، مکتوب ۲۵۵

Marfat.com

(ارحنا یا بلال) روایت کیا۔ چنانچہ آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:" والمحفوظ عنه ما اخبرنا البرقانی أخبرنا علی بن عمر الحافظ أخبرنا ابن مبشّر حدثنا احمد بن سنان حدثنا عبد الرحمٰن عن سفیان عن عثمان بن المغیرة عن سالم بن أبی الجعد عن محمد بن الحنفیّة أن النّبی ﷺ قال : أرحنا یا بلال "۱۰۰۲۔

البتہ امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے بلفظ دیگر روایت کیا چنانچہ فرمایا:" حدثنا مسدد نا عیسی بن یونس نا مسعر بن کدام عن عمرو بن مرّة عن سالم بن أبی الجعد قال قال رجلٌ قال مسعر اراه من لیلتنی صلیت فاسترحت فکانهم عابو ذالك علیه فقال سمعت رسول اللہ ﷺ یقول : یا بلال اقم الصلوة ارحنابها" ۱۰۰۳۔

